UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224776

UNIVERSAL
LIBRARY

DAMAGE BOOK

ہندوستانی

مخزن المحاورات

جس میں

ہندی اور اُردو کے ہر قسم کے محاورے اور اصطلاحیں دس ہزار کے قریب بڑی تلاش اور جستجو کسے جمع کر کے درج کی گئی ہیں اُنکے ثبوت میں ناظمانِ بیمثال و ناثرانِ باکمال کا کلام اور روزمرہ کے معنی خیز فقرے اور ضرب الامثال پیش کی گئی ہیں۔ اکثر محاوروں اور اصطلاحوں کی وجہ تسمیہ اور شانِ نزول بھی حتی الوسع بڑی تحقیق اور تدقیق کے ساتھ لکھی گئی ہے

مؤلفہ

منشی چرنجی لال صاحب دہلوی

مؤلف اُردو زبان کی تاریخ اور رسالہ ہندوستانی فلولوجی

(علم اللسان) و سابق اسسٹنٹ ڈاکٹر فیلن صاحب بہادر مرحوم

مؤلف ہندوستانی انگریزی ڈکشنریات

بذریعہ رجسٹری تمام حقوق محفوظ ہیں

۱۸۸۶ء

مطبع محب ہند فیض بانا رہلی میں لالہ چرنجی لال

مالک مطبع کے اہتمام سے چھپا

قیمت حنابی کاغذ پیغاں ۔ میر اسپوری عمدہ ۔ ۔ ۔

تنقیح

اشتہار

کتب نو تالیف و تعلیف مطبع محب ہند دہلی واقعہ دریا گنج برابر نہر

(قیمت کتب مع محصول ڈاک)

(۱) جغرافیہ طبعی مؤلفہ ایے کدارناتھ صاحب ایم اے ۰ر۵ (۲) مراۃ جغرافیہ جہان کا مختصر جغرافیہ مڈل اور انٹرنس کلاس کے لئے ۱ر (۳) جغرافیہ ہند حصہ اول۔ صرف لوریکول کی تیسری جماعت کے لئے ۲ر (۴) اردو زبان کی ماہیت۔ اردو زبان کی پیدائش سے اسکی آج تک کی مفصل اور مشرح کیفیت ۸ر (۵) اردو کی پہلی اور دوسری کتاب کی فرہنگ ۱ر (۶) اردو کی تیسری اور چوتھی کتاب کی فرہنگ ۱۰ر (۷) حضرت امیر خسرو طوطی ہند وغیرہ کی پہیلیاں۔ کہہ مکرنیاں۔ مخمے دوسخنے وغیرہ تقریباً ایک ہزار ۲ر (۸) سنگھاسن بتیسی خورد تو نگی زبان میں انہیں کی تعلیم کے لئے ۴ر (۹) مخزن المضامین۔ اسمیں لالہ پیارے لال صاحب انسپکٹر مدارس حلقۂ انبالہ و لالہ کنہیا لال صاحب اسسٹنٹ انسپکٹر حلقۂ انبالہ وغیرہ مستند لوگوں کی علمی اخلاقی اور ملکی مضامین۔ ۲ر (۱۰) تذکرہ کوئین وکٹوریہ قیصرہ جسمیں حضور ملکہ معظمہ کی پیدائش سے لیکر آج تک کے کل واقعات درج ہیں ۲ر۳ر (۱۱) سیر الاولیا۔ اسمیں حضرت محمد صلعم سے لیکر حضرت سلطان نظام الدین اولیا قادس سرہ تک بزرگان دین کے حالات و کشف و کرامات ہر ایک کی پیدائش سے وفات تک مفصل اور مشرح مندرج ہے۔ عمدہ۔ سے ر محصول ڈاک درجسٹری ۶ر (۱۲) رسالہ سوال و جواب شہزادہ دارا شکوہ و بابا لال داس بیراگی عین تصوف میں ۲ر (۱۳) ہندوستانی مخزن المحاورات۔ جسمیں اردو اور ہندی کے عام محاورے اور اصطلاحیں تقریباً دس ہزار دیگئی ہیں۔ حنائی کاغذ عمدہ۔ سرپرامپوری سے ر۔ دلایتی للعہ ر۔ محصول ڈاک ورجسٹری ۶ر (۱۴) رسالہ ہندوستانی فاہ لوجی۔ اسمیں علم زبان کی رو سے الفاظ کے تغیر تبدل کے عام اسباب اور اُنکے حروف علت اور حروف صحیح کے بڑھنے گھٹنے بدلنے اور گرنے کے عام قاعدے مع مثال درج ہیں۔ ۴ر۳ر

کتب دیگر

مزعوشریف حضرت کلیم اللہ جہان آبادی۔ ۴ر۔ جواہر خمسہ حضرت محمد غوث گوالیاری ۶ر۔ رقعات کلیمی شیخ کلیم اللہ جہان آبادی ۶ر۔ ریاض جہانگیر یعنی رسالہ علم طبعی بطور سوال و جواب ہر دو حصہ فی ۴ر۔ مراۃ الطبیعات ۶ر۔ مخزن الترکیب ۴ر۔ فرہنگ و شرح گنجینہ خرد ۹ر ترجمہ و ترکیب منتخب گلستان ۹ شرح بوستان منشی ٹیکچند بہار ۱۱ر۔ ترجمہ گلدستہ دانش ۵ر۔ ذخیرہ کافی ۶ر۔ نصاب الصبیان ۳ر۔ رسالہ ورزش ۳ر۔ رسالہ کرکٹ ۲ر۔ تذکرۃ النساء ساڑھے تین سو شاعرہ عورتوں کا تذکرہ ۱۲ر۔ قصہ مہتاب بیگم ایک انگریزی ناویل کا ترجمہ ۱۰ر۔ دیوان وصل یار ۲ر۔ شرح محمدی جلد اول سوانحیات قانون ۱۱ر۔ شرح قانون معاہدہ مکمل ۱۰ر۔ انگلش پرائمر کا ترجمہ ۴ر۔ فرہنگ انگلش پرائمر ۳ر۔ شرح دیوان نشاط ۴ر۔ نکات الحساب ۶ر۔

Checked 1969.

دیباچہ

چونکہ یہہ ہماری ہندوستانی زبان عدالتی زبان قرار پا جانے کی وجہ سے قریب قریب سارے ہندوستان میں پھیلتی جاتی ہے۔ سرکاری مدرسوں میں بھی اور زبانوں کی طرح پڑھائی جاتی ہے۔ اخبارات بھی زیادہ تر اسی زبان میں نکلتے ہیں۔ قانون کی بھی یہی زبان ہے +

پس ایسی حالت میں ہندوستان کے اُن باشندوں کے لئے جنکی یہہ مادری زبان نہیں ہے اِس زبان کے سیکھنے کے ذریعہ موجود ہونے بہت ہی ضرور ہیں۔ اور وہ کیا ہیں؟ ایک قواعد۔ دوسرے لغت و محاورات۔ قواعد کی کتابیں تو کچھ بن بھی گئی ہیں مگر لغت اور محاورات کی ابتک کوئی بھی جامع اور کامل کتاب نہ تھی اور جو کچھ بنی ہوئی موجود ہیں وہ یا تو ہندوستانی سے فارسی میں ہیں یا انگریزی میں۔ نظر براں ۱۸۸۴ء میں یہہ کام شروع کیا اور اب جون ۱۸۸۶ء میں کئی اسسٹنٹوں کی قابل تعریف معاونت سے ایک صرف کثیر کے بعد اختتام کو پہنچایا۔

اسمیں ہر قسم کی ہندوستانی اصطلاحیں اور محاورے بلحاظ شہر و دیہات عورت و مرد رذیل و شریف اور پیشہ ور ایسے جمع کئے گئے ہیں جو عام ہو گئے ہیں اور ہوتے چلے جاتے ہیں۔ اور جنکا جاننا ہماری ترجمانی کے لئے نہایت ضروری ہے۔

اسمیں وہ محاورے اور اصطلاحیں بھی دی گئی ہیں جو ابھی تک ہمارے علم ادب کی کتابوں میں نہیں پائے جاتے اور لوگوں کی زبانوں پر ہیں۔ اس کتاب کی تکمیل کے لئے مجکو جو جو کچھ صرف اور محنت کتابوں کے بہم پہنچانے اور اُن سے انتخاب کرنے اور کرانے میں اُٹھانی پڑی ہے اور اپنا وقت اور دماغ کھپا کر اس مخزن کو زیور ہستی پہنایا ہے اگر پبلک نے اُسکو جانچ کر میری سرپرستی کی تو تین چار سو صفحے جو نکات زبان کے باب میں لکھے پڑے ہیں اور کئی کتابیں لغت ہیں جنکے کچھ کچھ مسودے تیار ہیں نظر ثانی کر کے پبلک کے پیشکش کرونگا۔

میں اب اپنے اُن محسنوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنکے سبب آج مجھے اپنا یہہ تحفہ پبلک میں پیش کرنیکا موقع ملا۔

سب سے پہلے میں اپنے ولی نعمت محقق زبان مفتی لسان فیلسوف زمانہ جناب ایس ڈبلیو ڈاکٹر فیلن صاحب بہادر مرحوم سابق انسپکٹر مدارس حلقہ بہار کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے پٹنہ عظیم آباد سے دہلی میں آکر اپنی ہندوستانی انگریزی ڈکشنیری بنانی شروع کی اور مجکو اپریل ۱۸۷۵ء میں دہلی کالج کی فرسٹ ایر کلاس میں سے بلوا کر اپنے محکمہ لغات میں اپنا اسسٹنٹ مقرر فرمایا۔ صاحب ممدوح زبان کی تحقیقات کے لئے اکثر دورہ فرماتے رہتے تھے چنانچہ پورب میں پٹنہ تک پنجاب میں لاہور تک راجپوتانہ میں اجمیر تک تمام مشہور مشہور امصار و اشہار قصبہ و دیار اور کوہ منصوری وغیرہ کی سیر کرائی۔ ان مقامات کے اکثر خاص و عام گویئے بلوا کر اُنکی چیزیں سنوائیں مختلف زبانوں کی ڈکشنیریاں۔ گریمریں اور فلولوجی کے رسالے میرے سپرد کئے شمالی ہندوستان کے مختلف حصوں کی بولیوں کی ہندی الفاظ سے ملتے ہوے لفظوں کی فہرستیں جو صاحب ممدوح کے معاون بھیجا کرتے تھے اپنی ڈکشنیری میں

ملہ جو اپریل ۱۸۷۵ء میں لندن باغراض چند در چند تھوڑے عرصہ کے لئے تشریف لے گئے تھے اور وہیں ۳۰ اکتوبر ۱۸۷۵ء کو دار فنا کیلئے اُنکے بعد ہندوستان میں اُنکے اُنکی انگریزی ہندوستانی ڈکشنیری بن رہی تھی راہی ملک عدم ہوئے +

منتخب کرکے داخل کرنیکے لئے حوالے کیں۔ ہندی الفاظ کی اصل سنسکرت سے تحقیق کرنے کی خدمت علاوہ ڈکشنیری میں الفاظ و محاورات زیادہ کرنے اور انکا انگریزی میں ترجمہ کرنے کے مقرر فرمائی۔ الغرض اپریل ۱۸۷۵ء سے ۱۸۸۲ء تک صاحب ممدوح کے دفتر میں لغت ہی کا کام کرتا رہا۔ جسکے سبب سے میری سابقہ واقفیت اور تجربوں میں بہت بڑی ترقی ہوئی۔

جناب والا القاب فاضل اجل بیدار مغز دیوان سر بیرام صاحب ایم اے وزیر اعظم ریاست الور کا مصنف بہت شکر گزار ہے جنہوں نے بنظر قدردانی اس کتاب کے کچھ نسخے خرید فرمانے کا وعدہ فرمایا ہے جس سے امید ہے کہ مصنف کو بڑی مدد ملے +

میں اپنے ستر عالی دماغ فاضل اجل رائے کدار ناتھ صاحب ایم اے واکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مظفر گڈھ کا بدل شکر گزار ہوں کہ جنہوں نے اس کتاب کے بعض ضروری مقاصد میں امداد فرمائی ہے +

جناب منشی درگا پرشاد صاحب نادر سابق ہیڈ مصحح مطبع شرکۃ تعلیم پنجاب لاہور پینشن یاب وحال تاجر کتب بازار دریبہ دہلی کا بہت شکریہ ادا کیا جاتا ہے کہ جنہوں نے اس کل کتاب کے غلط نامہ بنانے میں مصنف کو بڑی مدد دیکر عام کو فائدہ پہنچایا +

اس دیباچہ کو میں جناب منشی محمد ذکاء اللہ صاحب پروفیسر رنی کیولر لٹریچر اینڈ سائنس میسور کالج الہ آباد و کامل کنندہ اردو ریاضی اور اپنے دوست لالہ فقیر چند صاحب دہلوی مؤلف قصہ مہتاب بیگم و تذکرہ کوئین وکٹوریہ قیصر ہند کے شکریہ پر ختم کرتا ہوں جنہوں نے اپنے عالی خیال ریویوؤں سے اس کتاب کو مزین فرمایا +

چرنجی لال - بمقام دریا گنج - دہلی - مورخہ ۲۲ - جون ۱۸۸۲ء

مقدمہ

زبان ایک مضغۂ گوشت ہے جو مُنہ کے اندر رہتی ہے۔ سب تلفظی مخارج اِس بن بیکار ہیں۔ اِسواسطے یہہ اِن سب مخرجوں کی سردار ہے۔ اور اِسی کے سر تمام ظاہری و باطنی خیالات کے اظہار کا سہرا بندھا ہوا ہے۔ اسیواسطے اسی کے نام پر انسانی اظہار مطلب کا نام زبان رکھا گیا ہے۔ پس زبان گویا اندرونی اور بیرونی خیالات کے اظہار کا ذریعہ یا مجموعہ ہے +

عربی میں لفظ کے لغوی معنی پھینکنے کے ہیں۔ اور ہر خیال جو اپنے محاصرات کا اثر ہے۔ اظہار اثر کے لئے دل میں سے پھینکا جاتا ہے۔ پس ہر خیال اظہار شدہ لفظ ہے اور جس لفظ کے معنی سمجھ میں آسکیں وہ موضوع ورنہ مہمل ہے۔ موضوع ہی کو کلمہ کہتے ہیں اور کلمہ ہی لغت ہے۔ پس لغت وہ ایک بامعنی لفظ ہے جو انسان کے مُنہ سے کسی اظہار مطلب کے لئے نکالا جاتا ہے +

کسی لفظ کا تحریر میں لانا کیا ہے گویا کسی ظاہری یا باطنی خیال کے تلفظ کو احاطہ تحریر میں لاکر اُس سے نزدیک و دور اب یا کچھ عرصے بعد کام لینا ہے +

اصل میں ہر لفظ کسی ایک خیال کے اظہار کے لئے موضوع کیا جاتا ہے گویا ہر لفظ کے اول ہی اول ایک معنی ہوتے ہیں۔ بعد میں وہ اور ملتے معنی یا خیال کا بھی لباس بن جاتا ہے اور ان ملتے ہوئے معنی میں جسقدر نسبت قریبہ رہتی ہے

اُسی قدر معنی فہمی کے لئے سہولت قائم رہتی ہے اور جوں جوں اُن معنی میں نسبت بعید ہوتی جاتی ہے وہ معنی سمجھنے دشوار بلکہ محال ہوتے جاتے ہیں اور آخر کو اُس قسم کے معنی کا نام مجازی یا اصطلاحی ہوجاتا ہے اور اسی مشکل کے حل کرنے کے لئے پھر مصطلحات کی ضرورت پڑتی ہے۔ مثلاً ہندی لفظ آنکھ زبان پالی کے لفظ اکھی سے بنا ہے جسکو مگھادیش میں ابتک آکھی اور پنجاب میں اکھاں بولتے ہیں۔ اور یہ پالی لفظ سنسکرت شبد (لفظ) अक्षि اکشی سے بگڑا ہے۔ اور اکشی کا مادہ اش بمعنی گھسنا ہے اور واقع میں نظر ہر چیز میں گھس جاتی ہے۔ پس اسکا مادہ واقعات کی رو سے صحیح ہے۔ اب آنکھ کے اول معنی ہیں نگاہ یا نظر رہنے کی جگہ۔ دوسرے معنی بینائی۔ جوت۔ (۳) نگاہ نظر + (۴) جانچنے کی نگاہ۔ جانچ۔ تمیز۔ پہچان (اگرچہ یہہ چوتھے معنی تیسرے معنی سے نسبت قریبہ رکھتے ہیں مگر اول معنی سے نسبت بعیدہ رکھنے لگے) (۵) اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی + چونکہ آنکھ بڑی کام کی اور پیاری چیز ہے اسواسطے تشبیہ آنکھ کے معنی اولاد کے ہوگئے چنانچہ عورتیں کہا کرتی ہیں کہ جسکے بیٹا اور بیٹی دونو چیزیں ہیں اُسکی دونو آنکھیں سلامت ہیں۔ اب دیکھنا چاہیئے کہ آنکھ کے پہلے معنی نگاہ کی جگہ کے ہیں اور پانچویں معنی اولاد کے ہیں پس انمیں کس قدر نسبت بعیدہ ہوگئی۔ (۶) آس۔ امید۔ توقع۔ انتظار جب کوئی شخص کہیں جاکر آنیکو ہوتا ہے تو اُسکے آنے کیطرف آنکھیں لگی رہتی ہیں اسی سبب سے انتظار اور آس کے معنی ہوگئے (۷) گھٹنے کی چپنی کے اِدھر اُدھر کا گڑھا گنے کی گرہ کے پاس کا گڑھا جسمیں سے پتے پھوٹتے ہیں۔ یہہ معنی آنکھ کے اول معنی سے بہت ملتے ہوے ہیں چونکہ آنکھ بجائے خود ایک جگہ یا گڑھا ہے پس گڑھے کی مشابہت سے گھٹنے اور گنے کے گڑھے کا نام بھی آنکھ رکھدیا گیا ہے۔

پس اس سے ثابت ہوا کہ ایک لفظ کے کئی معنی مشابہت یا میل۔ نسبت قریبہ یا بعیدہ وغیرہ کئی سبب سے ہوجاتے ہیں۔ پس اُن مشابہت۔ مناسبت اور تعلق وغیرہ کا معلوم کرنا ہی اُس لفظ کے مختلف معنی کا حل کرنا ہے۔ اور ایسے معنی کا حل لغات یا مصطلحات ہی میں پایا جاتا ہے +

اصطلاح اور محاورے کا فرق

اصطلاح کا مادہ صلح سے ہے۔ اور اُسکے لغوی معنی باہم صلاح کرنے کے ہیں۔ اور اسکے اصطلاحی معنی ہیں کسی قوم کا باہم اتفاق کرنا کسی لفظ کے نئے معنی علاوہ اُسکے اصلی معنی کے قائم رکھنے کے لئے۔ پس اصطلاح وہ ایک نئے معنی ہیں جو ایک لفظ یا چند الفاظ کو متعدد آدمی باہم اپنے کسی خاص اظہار مطلب کے لئے پہناتے ہیں اور وہی لوگ بولتے یا سمجھتے ہیں یہہ بات مسلم ہے کہ کسی لفظ کے لغوی اور اصطلاحی معنی میں کسی نہ کسی طرح کی نسبت ضرور پائی جاتی ہے۔ گو وہ نسبت نسبت بعیدہ ہونے کے سبب سمجھ میں آسانی سے نہ آئے اور اسی سبب سے بعض وقت ایک لفظ کے دو معنی مختلف معلوم ہونے لگتے ہیں اور اُنکے علیحدہ علیحدہ مادہ تلاش کرنے کی طرف طبیعت راغب ہو جاتی ہے۔

محاورے کا مادہ حور ہے جسکے معنی پھرنا یا گردش کرنا۔ جب کوئی اصطلاح جسکو چند آدمی اپنے کسی خاص اظہار مطلب کے لئے مقرر کرتے ہیں زیادہ عام ہو جاتی اور بہت سے آدمیوں میں پھیل جاتی ہے اور اپنے پہلے معنی سے کسی قدر ملتے ہوئے دوسرے معنی پہن لیتی ہے تو اُسکو محاورہ کہنے لگتے ہیں مثلاً نائیوں کی اصطلاح میں مونڈنے کے معنی "کسی کے سر کے بال اُسترے سے کاٹنا" ہیں چونکہ مونڈنے میں حجامت بنوانے والے کے بال لئے جاتے ہی ہیں۔ اسی سبب سے اسکے معنی محاورے میں "ٹھگنا یا دھوکا دیکر کسی کا مال لے لینا" ہو گئے۔ اسی طرح درزیوں کی اصطلاح میں کترنا بیونت کے معنی "کسی کے نئے کپڑے کی قطع و برید یا کاٹ چھانٹ" ہیں۔ اس قطع و برید میں درزی اکثر کپڑا بچا بھی لیا کرتے ہیں اس وجہ سے اسکے معنی محاورے میں "چالاکی عیاری یا دھوکا بازی" ہو گئے +

پس اس سے ثابت ہوا کہ اصطلاح وہ ہے جسکو چند آدمی بولیں اور سمجھیں اور محاورہ وہ ہے جسکو بہت سے آدمی بولیں اور سمجھیں یا یوں کہو کہ کسی لفظ یا فقرے کا خاص کے گھروں میں رہنے تک اصطلاح نام ہے اور عام کی گودیوں میں کھیلنے کی صورت میں محاورہ +

بعض وقت کسی فقرے میں سے کوئی لفظ گر کر وہ مختصر فقرہ بھی محاورہ قرار پاجاتا ہے مثلاً آنکھ دُکھنے آتا میں سے دُکھنے کا لفظ گر کر آنکھ آنا یعنی آنکھ دُکھنے آنا محاورہ ہو گیا ہے +

چونکہ کسی جگہ کی زبان کا اہل زبان صرف اُس شخص کو کہتے ہیں جو اُس زبان کے لفظوں کے معنی کے باریک فرقوں۔ اصطلاحوں اور محاوروں سے کامل واقفیت رکھے اور یہہ بات بغیر وہاں پیدا ہوے اور مُدت تک اُسکو اپنا وطن بنائے اور ساتھ ہی وہاں کے مادری زبان لکھے پڑھے اور اُسکے علوم و فنون حاصل کئے بغیر کسی طرح نصیب نہیں ہوسکتی۔ گو وہاں کا ہر آدمی اپنے تئیں اہل زبان خیال کرتا ہے۔

پس اس سے ثابت ہوا کہ ایک ملک کا آدمی دوسرے ملک کی زبان کا اہل زبان نہیں ہوسکتا گو اُس زبان کا عالم و فاضل کیوں نہ ہو جائے۔ چنانچہ اسی وقت کے آسان کرنے کے لئے لغت۔ اصطلاح اور محاورے وغیرہ کا قلمبند کرنا اختیار کیا گیا ہے تاکہ اسکے ذریعہ سے ایک مقام کا آدمی دوسرے مقام کی زبان حاصل کرسکے کیونکہ ہر زبان کے حصول کے دو بڑے ذریعوں میں سے لغت اور محاورات بھی ایک ذریعہ ہے +

اسی نظر سے اس کتاب میں ہندی اور اُردو کی ہر قسم کی اصطلاحیں اور محاورے جمع کئے گئے ہیں۔ جس اصطلاح یا محاورہ کے جتنے معنی جس جس پہلو سے آتے ہیں اُنکے لکھنے کے علاوہ پہلے اُسکی وجہ تسمیہ جس سے وہ معنی مستنبط ہوتے ہیں بڑی کوشش اور دماغ کھپانے کے بعد درج کی ہے اور اُنکے ثبوت میں اکثر اُنہیں لوگوں کے کلام کی نظیریں دی ہیں جنکی وہ اصطلاحیں یا محاورے ہیں اور سب سے زیادہ شعراے ذیل کے کلام سے سند لی ہے اِن ناموں کی ترتیب میں نہ زمانہ کا لحاظ ہے نہ درجہ کا خیال ہے صرف جس طرح سے اصل کتاب میں آئے ہیں اُسی طرح سے یہاں نقل کئے گئے ہیں۔ میر حسن۔ نظیر۔ کبیر۔ تاسی داس۔ سودا ذوق۔ قصوق۔ ظفر۔ انشا۔ نسیم۔ یار علی جانصاحب۔ نصیر۔ میر تقی میر۔ داغ۔ مومن

مغفور۔ آزردہ۔ جعفر۔ مصحفی۔ خواجہ وزیر صبا۔ جرأت۔ رنگین۔ آغاق۔ مسکین۔ مخیر صغیر۔ راحت۔ سوہن لال۔ ناسخ۔ معروف۔ مضطر۔ حالی۔ سحر۔ مرزا برق۔ امیر۔ امیر لکھنوی۔ محشر۔ آشفتہ۔ نسیم لکھنوی۔ حارث۔ نکہت۔ آتش۔ خفی۔ شہیدی۔ امداد علی بحر۔ سالک۔ قیس۔ الفت۔ ہدایت۔ فدوی۔ رند۔ شیفتہ۔ غالب۔ امام۔ قاسم۔ نازنین۔ ولی۔ ضامن۔ سورداس۔ جلال۔ گردھر کبرائے۔ سجاد۔ محسن۔ توقیر۔ شوکت۔ منشی۔ صہبا۔ بقا۔ میر درد۔ تپش۔ مرزا۔ غنی مرزا پوری۔ سرور۔ یکرنگ۔ مضموں۔ آبرو۔ ناجی۔ نظام۔ حاتم۔ شیدا لکھنوی۔ ضمیر۔ فغاں۔ ارشد۔ آرزو۔ سید۔ احسان۔ مطلب رئیس اجمیر۔ جانی۔ صفدر (نواب زادہ رامپور) جانباز۔ نثار۔ احسن۔ عابد۔ رشک۔ میرزا والاجاہ۔ تاباں۔ میر سوز۔ والی رامپور متخلص بہ نواب۔ شہر لکھنوی۔ کیف۔

انمیں سے سب سے زیادہ۔ میر۔ سودا۔ ذوق۔ جرأت۔ داغ۔ آتش۔ ناسخ۔ بحر۔ شوق۔ یار علی جانصاحب وغیرہ شاعروں کا کلام آیا ہے۔

ان شاعروں کے کلام کے علاوہ مثلیں۔ روزمرہ کے فقرے۔ دوہے پہیلیاں۔ ٹھمریاں۔ ہولیاں۔ بھجن۔ کھرملو گیت۔ چوبولے۔ فقیروں کی صدائیں۔ دلی کے ترکاری والوں کی میٹھی میٹھی آوازیں۔ اور بھجن وغیرہ چیزیں نظیراً دی ہیں۔ الغرض جو کلام بامحاورہ اور مستند پایا وہی مثالاً پیش کیا ہے۔

اسمیں خاص فرقوں یا پیشہ ورنی وہ اصطلاحیں لکھی ہیں جو اکثر عام ہوگئی ہیں یا ہوتی جاتی ہیں ورنہ ہر فرقہ یا پیشہ ور کی اصطلاحوں کی ایک جدا کتاب بن جاتی۔

ایسا ہی کچھ ہندو اور مسلمان عورتوں کے محاوروں میں اکثر تعمیم کا لحاظ رکھا ہے۔ اسمیں کسی طرح کا شک نہیں کہ عورتیں جیسی آپ پیاری پیاری صورت موہنی مورت اور خوش وضع ہوتی ہیں ویسے ہی اُنکے پیارے دلربا اور معنی خیز محاورے ہوتے ہیں مثلاً بیاہ کے رچائے جانے کے لئے مسلمان عورتیں۔ "پھول کھلنا"، "اور ہندو عورتیں پھول کھنڈنا" (دیکھو مخزن صفحہ ۲۸۱۔ کولم ۱۔ سطر ۱۲) بولتے ہیں۔ گو یہہ خیال ہر ایک نے ایک جدا پہلو سے لیا ہے مگر

شادی کے رچائے جانے کو پھول کھلنا یا گھنڈنا سے تشبیہ دینا کیسا کچھ گہرا اور پاکیزہ خیال ہے اور اسی طرح حیض آنے کو "پھول آنا" (دیکھو مخزن صفحہ ۲۸۰ کولم ۱ - سطر ۵) - چونکہ درختوں میں پھل آنے سے پہلے پھول کھلا کرتے ہیں تو گویا یہہ پھل لگنے کا پیش خیمہ ہے پس ذرا دیکھنے اور سوچنے کی بات ہے کہ یہہ عورتیں جنکو ہمارے ہاں سے عام ناقص العقلی کا خطاب ملا ہوا ہے اپنی ایک کیسی پردے کی بات کو کیسی خوبصورتی اور لیاقت سے اس قدرتی بات کے ساتھ تشبیہ دیکر علانیہ بولتی ہیں - دھوبن کو اُجلی کا خطاب انہیں کے حضور سے ملا ہے - سانپ کو رسّی سے مخاطب انہوں ہی نے کیا ہے - حلال خوری کو باہر والی اور پیل کو اوپر والی وہی پکارتی ہیں - نہیں کو برکت یا بہت ہی بہت ہے وہ ہی کہتی ہیں - الغرض اس طرح کے ہزار پانسو سے کم محاورے نہیں ہیں جو اس مخزن میں نہ دے گئے ہوں - ایسا ہی حال انکی شعر گوئی کا ہے جسکی مفصل کیفیت تذکرۃ النساء مؤلفہ منشی درگا پرشاد صاحب نادر تاجر کتب بازار دریبہ دہلی کے دیکھنے سے بخوبی ظاہر و باہر ہے - اُسمیں سے خفی کا ایک شعر مثالاً لکھتا ہوں اور خیال کرتا ہوں کہ اکثر مردوں کے کلام سے بہتر اور پر معنی ہے ؎

اے خفی! اپنے اشک بے تاثیر ۔ مفت میں جگ ہنسائی کرتے ہیں ۔

اسکے علاوہ کہاوتوں کے بنانے اور برمحل کہنے، پہیلیوں کے گھڑنے اور گھریلو گیتوں کے جوڑنے میں جیسی کچھ ہوشیار اور اُستاد ہیں اِسکو سب جانتے ہیں - گیتوں میں وہ کیفیت باندھتی ہیں جسکے سُننے اور سوچنے سے نہایت خوشی حاصل ہوتی ہے ۔ چنانچہ دہلی میں ایک بڈھے مہاجن نے ایک نوعمر لڑکی سے شادی کی تھی اُسکا گیت بھی ایک بڑے مزے سے جوڑا ہے اور بڈھے صاحب کو ایسی شرم دلائی کہ انسان اور حیوان چھوڑ بیجانوں کو اُنپر ہنسوایا ہے - بیجانوں کو ہنسوانا کتنا زوردار اور عمیق خیال ہے - اُسکا ایک ٹکڑا یہہ ہے ؎ تکیے بھی ہنستے تو شک بھی ہنستی اور ہنستا پلنگ بچارا ۔

گو ہماری زبان میں بازاری محاورے بھی کچھ کم نہیں ہیں مگر غور سے دیکھا جاتا ہے تو بڑے ہی پر معنی اور زوردار ہیں اسی سبب سے انمیں سے اکثروں کو

مہذب آدمی بھی بعض وقت استعمال کر بیٹھتے ہیں اچھی سوسائٹی کے نزدیک تہذیب یہی ہے کہ اُنسے احتراز کیا جاوے +

ہندی وہ زبان ہے جسمیں خالص سنسکرت یا سنسکرت سے براہ راست بگڑے ہوے اور پراکرت سے بنے ہوے الفاظ داخل ہیں اور جسکو ہندوستان شمالی کے ایک بڑے حصے میں ۷ کروڑ آدمی بولتے ہیں +

اُردو وہ زبان ہے جسمیں سب سے زیادہ ہندی دوم درجے فارسی۔ سوم درجہ عربی۔ کچھ ترکی اور کچھ اب انگریزی وغیرہ الفاظ شامل ہیں اور جسکو دہلی لکھنؤ اور اُنکے مضافات وغیرہ کے علاوہ جہاں کی وہ مادری زبان ہے ہندوستانی شمالی کے ہر شہر و قصبے کے پڑھے لکھے بولتے ہیں اور آج کل تقریباً کل ہندوستانیوں بوجہ عدالتی اور اخباری زبان ہو جانے کے پھیلتی جاتی ہے۔ چونکہ "اُردو کا کوئی فقرہ ایسا نہیں ہوسکتا جسمیں کم از کم ہندی کا ایک لفظ بھی نہ پایا جاوے پس اُردو کی ہستی ہندی کے بغیر ناممکن ہے یا یوں کہو کہ ہندی اُردو کی جان ہے" اب ہم تخمیناً دس ہزار محاوروں میں سے جو اس کتاب میں درج کئے گئے ہیں کچھ ہندی اور فارسی عربی الفاظ کے محاوروں کی تعداد شمار کراکے اُردو اور ہندی کے محاوروں میں نسبت ثابت کرتے ہیں +

ہندی لفظوں کے محاورے یا ہندی محاورے۔				فارسی عربی آمیز لفظوں کے محاورے یا یا اُردو محاورے۔			
تعداد الفاظ	تعداد محاورہ فی لفظ	تعداد کل محاورہ		تعداد الفاظ	تعداد محاورہ	تعداد کل محاورہ	
۵۰	× ۵	= ۲۵۰		۲۱	× ۵	= ۱۰۵	
۳۶	× ۶	= ۲۱۶		۱۹	× ۶	= ۱۱۴	
۲۸	× ۷	= ۱۹۶		۱۴	× ۷	= ۹۸	
۱۴	× ۸	= ۱۱۲		۱۲	× ۸	= ۹۶	
۱۲۸		۷۷۴		۶۶		۴۱۳	

تعداد الفاظ		تعداد محاورہ فی لفظ		تعداد کل محاورہ
میزان صفحہ سابقہ				۱۲۸
۱۹	×	۹	=	۱۷۱
۱۳	×	۱۰	=	۱۳۰
۳	×	۱۱	=	۳۳
۴	×	۱۲	=	۴۸
۶	×	۱۳	=	۷۸
۵	×	۱۴	=	۷۰
۴	×	۱۵	=	۶۰
۱	×	۱۶	=	۱۶
۱	×	۱۷	=	۱۷
۴	×	۱۸	=	۷۲
۱	×	۱۹	=	۱۹
۲	×	۲۰	=	۴۰
۲	×	۲۱	=	۴۲
۳	×	۲۲	=	۶۶
۱	×	۲۳	=	۲۳
×	×		=	×
۳	×	۲۵	=	۷۵
۱	×	۲۶	=	۲۶
۲	×	۲۸	=	۵۶
×	×		=	×
۲۰۳				۱۸۱۰۶

تعداد الفاظ		تعداد محاورہ فی لفظ		تعداد کل محاورہ
میزان صفحہ سابقہ				۴۱۳
۵۰	×	۹	=	۴۵
۲	×	۱۰	=	۲۰
×		×	=	×
۳	×	۱۲	=	۳۶
۳	×	۱۳	=	۳۹
۲	×	۱۴	=	۲۸
۵	×	۱۵	=	۷۵
×		×		×
۱	×	۱۷	=	۱۷
۲	×	۱۸	=	۳۶
۲	×	۱۹	=	۳۸
۲	×	۲۰	=	۴۰
×		×		
۲	×	۲۲	=	۴۴
×		×	=	×
عقل کے محاورے				۲۴
×	×		=	×
خدا کے			=	۲۶
×		×	=	×
نظر				۲۷
۹۸				۹۰۸

تعداد الفاظ	تعداد محاورہ فی لفظ	تعداد کل
میزان صفحہ سابقہ		
۲۰۳ ×	= ×	۱۸۱۲
گلے کے محاورے		۳۰
چھاتی کے		۳۱
دانت کے		۳۲
× ×	= ×	
× ×	= ×	
آگا کے		۴۰
ایک کے		۴۱
کان کے	=	۴۴
پانی ×	۴۷ =	۴۷
کلیجہ ×	۴ =	۴۸
گھر ×	۵۰ =	۵۰
آگ ×	۵۳ =	۵۳
جی ۱۰ ×	۷۲ ×	۷۲
آپ ×		۷۷
سر ×		۷۸
پاؤں		۹۰
پیٹ		۹۳
بات		۹۶
ہاتھ		۱۲۳
منہ		۱۳۷
آنکھ		۲۷۵
۲۲۲		۳۲۴۳

تعداد الفاظ	تعداد محاورہ فی لفظ	تعداد الفاظ
میزان صفحہ سابقہ		۹۰۸
تقدیر کے		۲۹
× ×	=	×
× ×	=	×
× ×		
آب۔ ہوا	فی ۳۴ =	۶۸
زبان کے		۳۷
جان کے		۴۰
آسمان۔ دم	فی ۴۴ =	۸۸
× ×		
× ×		
× ×		
× ×		
× ×		
× ×		
دل کے		۱۰۶
۱۰۶		۱۲۷۶

اُوپر کے بیان اور تفصیل سے ثابت ہے کہ ہندی ۲۲۲ لفظوں کے ۳۲۴۳ محاورے

ہیں اور فارسی عربی ۱۰۶ لفظوں کے ۱۲۲۶ اُردو محاورے ہیں گویا ہندی محاورے تقریباً اُردو محاوروں سے تگنے ہیں اور یہہ بات صرف اُن الفاظ کے شمار کرنے سے معلوم ہوئی ہے جنکے فی لفظ کم از کم پانچ محاورے ہیں اگر اُن ہندی اور فارسی عربی الفاظ میں بھی مقابلہ کیا جاوے جنکے دو دو تین تین محاورے ہیں تو ہندی محاورے اُردو کی نسبت چوگنے ثابت ہونگے اور ہمنے ہندی اور اُردو محاوروں کا فرق حتی الوسع ہ اور ا لکھنے سے ظاہر کر دیا ہے جسکے ذریعہ سے صرف ایک تقسیم تک حساب جاننے والا بچہ بھی ہمارے ثبوت کی تصدیق کر سکتا ہے۔ ان محاوروں کی تعداد کے قطع نظر اگر ہندی اور فارسی عربی الفاظ کے معنی کا مقابلہ کیا جائے تو بھی ہندی الفاظ کے معنی فارسی عربی الفاظ کے معنی سے بہت زیادہ پائے جاتے ہیں مثلاً ایک ہندی لفظ بات ہی ہے جسکے معنی اس مخزن میں ۳۷ دیئے ہیں۔ فارسی عربی کا اُردو میں ایک بھی لفظ ایسا نہیں ہے جسکے پچاس معنی بھی آتے ہوں +

اگرچہ ان محاوروں کے ثبوت میں جو شعر و شعار لکھے ہیں حتی الوسع وہ ایسے منتخب کئے گئے ہیں کہ جن سے ہماری آیندہ نسل کی عادات و اخلاق پر کسی طرح کا بُرا اثر نہ پیدا ہو مگر جب ہماری ساری کی ساری نظم عشقیہ مضامین سے پُر ہو تو غور کرنے کا مقام ہے کہ ایسی نظم کے انتخاب میں منتخب کو کیسی کچھ دقت پیش آئے گی! اور اُس صورت میں وہ اور بھی مجبور ہو گا جبکہ ان اشعار بغیر وہ محاورے ٹکسال باہر سمجھے جائیں +

چونکہ اِس اُردو نظم میں فارسی عربی کے الفاظ شکل۔ بوسہ۔ رخسار۔ زلف۔ ساق۔ وصل۔ ہجر وغیرہ۔ ایسے بندھے ہوئے ہیں جو عام بول چال میں نہیں برتے جاتے اس وجہ سے ان الفاظ کی تجدید نے اُنکے عام ہو جانے کی بُرائی سے اُنہیں بچا رکھا ہے اگر انکی جگہ یہی عام فہم الفاظ۔ بیبی۔ گال۔ لٹیں۔ رانیں۔ صحتداری۔ جدائی یا بجوگ باندھ دیئے جائیں تو ابھی یہہ نظم کیسی فحش معلوم ہونے لگے اور سب کی نظروں میں اپنی نظم کی بُرائی جچ جائے۔ چنانچہ اسی پردے کے سبب ہمارے مہذب اور خاندانی سے خاندانی آدمی اِس عشقیہ اردو نظم کو علانیہ اپنے گھروں اور جلسوں میں پڑھتے پڑھاتے ہیں

ہماری زبان میں پانچ سات ہزار سے کم ضرب الامثال نہیں ہیں جنمیں سے ہر ایک بجائے خود ایک بڑے واقعہ۔ معاملہ۔ واردات یا کسی قصے کا خلاصہ ہے گویا یہہ کہاوتیں ملک کی ایک بڑی تاریخ ہین۔ چونکہ بہت سی ضرب المثالیں بطور محاورہ بھی بولی جاتی ہیں گو اس وجہ سے محاوروں میں دیجاتیں تو کچھ بیجا بھی نہ تھا مگر خالص محاورے اور مثل میں فرق قائم رکھنے اور ضخامت بڑھ جانے کے اندیشہ سے اُنکو صرف مثالاً دیا ہے۔ کہیں کوئی مثل محاورے میں داخل ہوگئی ہے ورنہ ہزار دو ہزار جو اس مخزن میں آئی ہیں وہ سب بطور مثال درج کی گئی ہیں +

چرنجی لال ۔ مقام دریا گنج دہلی ۔ ۲۰۔ جون ۱۸۸۶ ع ۔

ریویو جناب منشی محمد ذکا اللہ صاحب پروفیسر نے کیولیر لٹریچر اینڈ سائنس

میور کالج الہ آباد

مخزن المحاورات

اس کتاب کو منشی چرنجی لال صاحب نے نہایت مشقت شاقہ اُٹھا کر سات آٹھ سو صفحوں میں تصنیف کیا ہے اور اسکو عمدہ کاغذ پر نہایت صاف و صحیح چھپوایا ہے۔ منشی صاحب انورنل اسکول ہلی کے اعلیٰ درجہ کے سند یافتہ ہیں اور کلکتہ یونی ورسٹی میں انٹرنس کا امتحان پاس کیا ہے اور اُسمیں امتحان میں مشرقی زبان انہوں نے سنسکرت لی تھی ڈاکٹر فالن کی ڈکشنریوں کی تالیف و تصنیف میں وہ ابتدا سے انتہا تک مصنف کے محمد و معاون رہے ہیں۔ غرض یہہ تمام صوبتیں منشی صاحب کے لئے ایسی جمع ہوئی تھیں جو اس قسم کی تصنیف کے لئے مصنف کے واسطے ضروری ہیں کہ وہ انگریزی فارسی سنسکرت وغیرہ سے ماہر ہو اور اسکو اس قسم کی تصنیف کی مشق بھی ہو چکی ہو۔ اسلئے یہہ کتاب انکی ایسی تصنیف ہو گئی ہے کہ وہ اس قسم کی ساری کتابوں پر سبقت لے گئی ہے۔ نہ کوئی اور کتاب ایسی مبسوط ہے کہ جسمیں اُردو اور ہندی کے تمام محاورے اور اصطلاحیں تقریباً دس ہزار کے مندرج ہوں اور نہ کسی اور کتاب میں یہہ خوبیاں ہیں کہ محاوروں کے معنی کے ساتھ سند میں مستند شاعروں کی شعروں و سخنوروں کی نظم و نثر سے انتخاب کر کے لکھی گئی ہوں اور ہر محاورے کے معنے جتنے پہلوؤں سے عبارت میں بیٹھ سکتے ہوں وہ سب بیان کئے گئے ہوں۔ اور انکی اصل جس سے کہ وہ معنی مستنبط ہوتے ہوں مفصل تحریر ہوں۔ پھر ان محاوروں میں تعمیم ایسی ہو کہ کسی خاص قوم و فرقہ و قطعہ ہند کی تخصیص نہ ہو۔ جہاں ہندوستانی زبان بولی جاتی ہے وہاں کے محاورے اُسمیں موجود ہیں۔ پھر حروف تہجی کے موافق ترتیب ایسی عمدہ رکھی ہے کہ محاوروں کے دیکھنے میں تکلف نہیں کرنا پڑتا۔ خلاصہ یہہ ہے کہ اس کتاب میں وہ ساری خوبیاں پائی جاتی ہیں جو ابتدای انگریزی ڈکشنریوں میں پائی جاتی ہیں۔ وہ اس قابل ہے کہ تمام ہندوستانی زبان کے مدارس کے کتب خانوں میں اور اُنکے طالب علموں کے جزو دانوں میں ضرور ہونی چاہئے۔ حقیقت میں مصنف نے اسمیں اپنا جوہر لیاقت دکھایا ہے کتاب کے استعمال سے معلوم ہوگا کہ وہ کس رتبہ اور شان کی کتاب ہے فقط ۲۲ مئی ۱۸۸۲ء

محمد ذکا اللہ پروفیسر میور کالج الہ آباد

ریویو لالہ فقیر چند صاحب دہلوی ہیڈ اسسٹنٹ ڈاکٹر فیلن صاحب بہادر مؤلف دکشنبریات

مخزن المحاورات کے مینے صفحہ ۲۰۰ طیار بہت خوش خط چھپے ہوے دیکھے کتاب نادر اور نئی عمومًا بے عیب اور بہت صحیح۔ مختلف محاورات کے متعدد معنوں کی تشریح میں جو مولف نے مستند نظیریں پیش کی ہیں وہ سب برمحل اور طرز بیان بہت سہل ہے اشتقاق و افتراق بھی جابجا موجود ہے اُسمیں خُردہ گیری کرنا سراسر بیسود ہے ہر زبان کی توسیع و تکمیل کیواسطے اُسکے لغات اور قواعد لاہد ہیں۔ مگر ہندوستانی زبان کی ابھی تک اس قسم کی کوئی کتاب نہ تھی اور جو کوئی تھی بھی تو وہ ایسی غیر مکمل اور کم مایہ کہ جسکا عدم وجود برابر تھا۔ اس سبب سے اس کتاب کی بہت ضرورت تھی علی الخصوص طلباء مدارس جب سے کہ ہندوستانی زباندانی کے سوالات امتحان میں آنے لگے تھے ایسی کتاب کے بہت محتاج معلوم ہوتے تھے اور اس کام کیواسطے میرے خیال میں مؤلف سے بہتر اور کوئی شخص نہیں ہے۔

گو بعض اشخاص کو تاہ نظر تنگ میں جو زباندانی کا دعوی کرتے ہیں اور اہل زبان ہونے کا دم بھرتے ہیں وہ در پردہ خود نمائی کو کام فرما کر مؤلف کی محنت شاقہ کی کماحقہ داد ندیں اور اُسکی عرقریزی کے شکر گزار نہوں مگر اس حجم کی کتاب کا انصرام کرنا اور ہر طرح کے مشکلات پر غالب آکر اُسکو کامیابی کے ساتھ اختتام کو پہنچانا کچھ آسان کام نہیں ہے۔

اِس کتاب میں ہندوستانی روزمرہ کے قریبًا تمام محاورے اور اُنکے مختلف معنی بہت وضاحت کے ساتھ دیے گئے ہیں۔ اعضائے بدن مثل آنکھ ناک مُنہ کان اور عناصر مثل مٹی آگ پانی اور قدرتی اشیا مثل تارہ چاند آسمان وغیرہ کے محاورے اور الفاظ کے نسبت بہت زیادہ ہیں اور یہہ خاصہ زبان ہے۔

اہل فکر کے واسطے قابل غور ایک یہہ بڑا عجیب امر ہے کہ لفظ آنکھ کے محاورے مُنہ کی نسبت جو بہت مجموعی آنکھ ناک وغیرہ اعضا پر حاوی ہے دوگنے ہیں۔

اہل رائے کے خیال میں اسکی وجہ یہہ ہے کہ جسم انسان میں آنکھیں مثل دو آئینوں کے ہیں جنسے دل و دماغ کی تمام کیفیتیں خود بخود ظاہر ہوتی ہیں۔ دل کے تمام جذبے مثل محبت عداوت خواہش نفرت خوشی رنج استقلال و اضطراب رحم و غضب وغیرہ اور اسی طرح دماغ کی حالتیں مثل غور فکر تامل یاد نسیان وغیرہ ان دونوں آئینوں سے ہر وقت ظاہر ہوتے رہتے ہیں۔ بخلاف اسکے منہ اظہار کوائف دل و دماغ کا ایک غیر صاف اور ناکامل آلہ ہے۔ چہرہ بذریعہ رگ و خون کے مثل تار برقی کے دل کی خبر دیتا ہے۔ اور آنکھیں مثل آئینہ محرر دہیں کے اسکی حالت ہو بہو دکھاتی ہیں۔ اسواسطے آنکھ کی محاورے منہ کی نسبت زیادہ ہونی ضرور ہیں + فقیر چند ۔ ۵۔ جون ۱۸۸۶ء

چونکہ یہہ تقریظیں میرے پاس دیباچہ چھپ چکنے کے بعد پہنچیں اس سبب سے انکا ذکر خیر شکریہ کے ساتھ اسمیں نہیں کیا گیا۔ میں ان تقریظوں کا جو محض تقریظیں ہی نہیں ہیں بلکہ بڑے پایہ کے ریویو ہیں دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں +

تقریظ از قلم انصاف رقم مولوی امو جان صاحب دہلوی متخلص بہ ولی شاگرد رشید اسد اللہ خان غالب مدرس اول فارسی ضلع سکول دہلی

مینے ہندوستانی مخزن المحاورات کو جا بجا سے کئی دن دیکھا۔ حقیقت میں منشی چرنجی لال صاحب مؤلف کی ہندوستانی زباندانی کی تحسین تحقیقات معانی کی آفریں ہندوستان کے خاص و عام لوگوں پر لازم ہے۔ اس کتاب میں دس ہزار کے قریب محاورات ہیں۔ اور وہ سب اردو زبان ہی کے نہیں ہیں کہ دہلوی لکھنوی ناظم ناثر انکا مزا اٹھا کر واہ واکریں۔ بلکہ ہندوستان کے قصبات دیہات کے محاورے ہندو مسلمان مرد عورت کی بول چال کے بھی اسمیں درج ہیں۔ ہندوستانیوں اکثر علاقوں کے پڑھے لکھے لوگ جب اس کتاب کو پڑھیں گے یا سنینگے۔ تو بے شک سے داد دینگے۔ کتاب پر غور کرنے سے یہہ بات معلوم ہوتی ہے۔ کہ ہندوستان کے مختلف مقامات کے زباندانوں نے جمع ہو کر یہہ کتاب لکھی ہوگی یا کسی حاکم وقت

نے فصحائے اُردو اور علمائے بھاشا کے گروہ سے لکھوائی ہوگی۔ ابتدا میں تالیف محاورات ہندوستانی کا نیا کام ایکیلے مؤلف نے ایسے فکر اور جستجو سے کیا ہے۔ کہ بہت سے ہندوستانی زباندانوں کے اجتماع سے ہوسکتا تھا۔ اور آیندہ کو بھی ایسا سہل رستہ بتا دیا ہے۔ کہ اور مؤلفوں کو ایسی کتاب کی ترتیب میں دشواریاں پیدا نہوں میں اپنے یقین سے یہ بات ظاہر کرتا ہوں کہ کوئی دہلی لکھنو کا شاعر یا عالم یا فصیح اُردو سے معلّی کا جاننے والا ایسے محاورات جمع نہیں کرسکتا تھا اور نہ اسطرح سے اکثر محاوروں کی وجہ تسمیہ اور اُنکے ایجاد کے سبب بتا سکتا تھا۔ ہاں یہ قدرتی حصہ مؤلف کا ہے کہ ابتدا سے اُنکے لئے یہ سامان جمع ہوے۔ ہندو قوم کا ہونا۔ مسلمانوں کا زیادہ ہمنشین رہنا۔ سنسکرت کو جاننا۔ بہت سے محاوروں کی اصل سے واقفیت مضمون نگاری پر طبیعت کی جودت۔ دہلی کی متصلہ شریف مسلمانوں کی بستی درگاہ حضرت نظام الدین اولیا کی سکونت اور زباندانی کے لئے خاص دہلی میں رہ کر فصحا اور علما سے صحبت۔ مشاہیر عمائد دہلی کے ہمجنسوں سے رغبت قومی رسوم میں عام ہندوستانیوں سے ملنساری۔ سب سے بڑھ کر ڈاکٹر فالن صاحب کے ساتھ انگریزی ڈکشنری کی تیاری میں مددگاری۔ ان سب باتوں کا یہی نتیجہ تھا۔ کہ ہندوستانی محاورات میں ایسی تحفہ کتاب لکھیں۔ کتاب کے نام سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ مضمون کتاب کے لئے نہایت مناسب ہے۔ کتاب کے دیکھنے سے بعض فصحا کو شاید تعجب ہوگا۔ کہ بعض محاورات سے ہمارے کان آشنا نہیں یا بعض محاورات میں کچھ کمی بیشی کا دخل ہے۔ یا نظیر اور سند کے اشعار کسی محاورے کے لئے ہیں اور کسی کے لئے نہیں۔ لیکن جب بڑی غور سے دیکھیں گے تو اُنکے دل میں یہ خیال پیدا ہوجائیگا۔ کہ یہ ہندوستان کے محاورات ہیں خاص دہلی لکھنو کے نہیں۔ کہ فصیح لوگ ہی اُنکی خوبی اور اصلیت جانتے ہوں۔ اور عام ہندوستانی نہ بولتے ہوں اور ہر محاورے کے لئے خاص الفاظ ہی مقرر ہوں۔ یا ہر محاورے کی سند میں شعرا کے اشعار ضروری ہوں۔ ہر حالت میں اس عجیب تالیف کی ستائش اور داد کے لئے میرے دل میں میری زبان میں میری قلم میں وہ الفاظ نہیں۔ کہ مؤلف صاحب کی واقعی ستائش ہوسکے۔ ہاں فصحائے دہلی اور ہندوستان کے متفرق باشندوں کی زبان بن کر سبحان اللہ ماشا اللہ کہکر سب بند کرتا ہوں

اموجان۔ ولی۔ دہلوی۔ خوشہ چین خرمن اسد اللہ خان غالب مدرس اول فارسی ضلع سکول دہلی۔

۳۔ جولائی ۱۸۸۶ء

تقریظ از کلاب جواہر سلک مولوی محمد سعید صاحب دہلوی مدرس ریاضی ڈسٹرکٹ سکول دہلی

ہمارے ملک میں اُردو زبان نے یہانتک رواج پایا ہے اور اُسکی ترقی روزافزوں اس حد کو پہنچ گئی ہے کہ اب اُسکو ہندوستان کی عام زبان تسلیم کرنے میں کسی کو کچھ تامل نہوگا۔ اس زبان کی ترویج اور ترقی میں ملک کے جو خیرخواہ اپنی تالیفات سے اور نیز اخباروں کے ذریعہ سے مدد پہنچا رہے ہیں اُسی نامی گرامی گروہ میں میرے قدیمی دوست لالہ چرنجی لال صاحب ہیں جنہوں نے نعت نگاری کے میدان میں ہل من مبارز کہکر اس آمادگی اور استعداد کے ساتھ بے باکانہ قدم رکھا کہ محنت شبانہ روزی کے بعد تھوڑے ہی عرصہ میں اتنی بڑی حجم کی کتاب تیار کرلی اور اپنی واقفیت اور زبانداني اور لیاقت معاصرین کو دکھادی۔ اس کتاب میں کل محاورات تخمیناً دس ہزار ہیں لیکن سب ہی نہیں ہیں جو دہلی میں بولے جاتے ہیں اور ٹھیٹ اُردو زبان سے مخصوص ہیں بلکہ بہت سے محاورات ایسی بھی ہیں جو دیہات اور قصبات کے زمرہ بول چال میں داخل ہیں اور انکا درج کرنا بھی مولف نے خالی از فائدہ نہیں خیال کیا۔ محاورات کی تحقیق میں جہانتک دسترس ہوئی اُنکے متعدد محل استعمال بیان کئے ہیں اور تمثیلاً اساتذہ کے اشعار بھی لکھے ہیں۔ ہر ایک لفظ سے متعلق اتنے اتنے محاورات لکھے کہ اُنکا خیال میں آنا اور اُنکو فراہم کرنا آسان کام نہیں ہے چنانچہ لفظ آنکھ کے ۲۷۵ محاورات ہیں اور لفظ منہ کے ۱۳۷ اور لفظ ہاتھ کے ۱۲۳ + میں اس کتاب کا بہت مشتاق تھا چنانچہ جب سے یہ کتاب تیار ہوکر میرے پاس پہنچی ہے میں اسکو زیر مطالعہ رکھتا ہوں اور مدارس کے طلبہ کو نصیحت کرتا ہوں کہ امتحان اردو میں کامیاب ہونے کے لئے یہہ کتاب نہایت مفید اور بکار آمد ہے۔

قطعہ تاریخ

واہ والا چرنجی لال جی	کام کیا تم نے کیا ہی انصرام	کر فراہم اصطلاحات زباں	اپنی ہم چشموں میں پایا خوب نام
گو کریں اسمیں معاصر فخر آہ	پہنچیں خوبی میں اسکی کچھ کلام	کام جو تم نے اکیلے کر لیا	درحقیقت تھا جماعت کا یہ کام
جو کرنے کا تھا اگر نہیں	تم نے اسکو کر دیا جلد اختتام	دو برس کے اندر اندر رہہ کتاب	جو سعی اور کوشش سے تمام
کا تھا وقت آغاز کتاب	ملہم غیبی نے اک طرفہ پیام	سال تالیف اسکا گر پوچھے کوئی	کہئے دُہرا کر مفید خاص و عام
		۱۸۶۴ = ۲۷×۶۴	

اقل عباد اللہ مجید محمد سعید مدرس ریاضی ڈسٹرکٹ سکول دہلی

۲۔ جولائی سنہ ۱۸۶۷ء

علامات

ا = اُردو	عوام = بازاریوں کا محاورہ
(اصطلاحی) = اصطلاحی معنی	ف = فارسی
(انپڑھ) = انپڑھ یا بے علم آدمی بولتے ہیں۔	ف ع = فارسی عربی
(بازاری) = بازاری یا عوام بولتے ہیں۔	ف ل = فعل لازم
پ = پراکرت۔	ف م = فعل متعدی
(پنجابی) = اہل پنجاب کا محاورہ۔	قصائی = قصائیوں کی اصطلاح
(پورب) = اہل پورب کا محاورہ	(کم)۔کم۔ = کم بولا جاتا ہے۔
ت = ترکی	کہار = کہاروں کی اصطلاح
(جواری) = جواریوں کی اصطلاح	گ = گنواری
(چاپکسوار) = چاپکسواروں کی اصطلاح	(گاڑیبان) = گاڑیبانوں کی اصطلاح
(حلوائی) = حلوائیوں کی اصطلاح	(لغوی) = لغوی معنی
خواص = خاص آدمی بولتے ہیں	(مرادی) = مرادی معنی
(دلال) = دلالوں کی اصطلاح	(مرغباز) = مرغبازوں کی اصطلاح
(دوکاندار) = دوکانداروں کا محاورہ	(م عو) = مسلمان عورتوں کا محاورہ
(دیہات) = دیہات والے بولتے ہیں	(مسلمان) = مسلمانوں کا محاورہ
(رنڈی) = رنڈیوں کی اصطلاح	م ف = متعلق فعل
(زمیندار) = زمیندار لوگ بولتے ہیں	(نظم) = نظم میں آتا ہے۔
س = سنسکرت	ہ = ہندی
(طنزاً) = طنزاً بولتے ہیں	(ہ عو) = ہندو عورتوں کا محاورہ
ع = عربی	(ہندو) = ہندوؤں کا محاورہ
ع ف = عربی فارسی	(ج) = شبہ کی نشانی
عو۔ (عو) = عورتوں کا محاورہ	

باب الالف

اب ۔ ہ ۔ م ف ۔ س **आद्य** پ **आद्य** گ ۔ اب (۱) اِس گھڑی ۔ اِس دم ۔ فی الحال ۔ (۲) اِسی وقت ۔ ابھی ۔ تُرت (۳) اِندنوں ۔ دِنیولا ۔ (۴) پھر ۔ پھر کبھی ۔ آیندہ ۔ اب ایسا مت کرنا

آب ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ ثرند ۔ آب ۔ س **आप** (۱) جل ۔ پانی ۔ نیر ۔ سیال چیز (۲) نچوڑ ۔ عرق ۔ فشردہ (۳) (اسم مؤنث) جِلا ۔ صیقل (۴) چمک ۔ رنگ رُوپ ۔ صفائی ۔ عزت موتی کی سی آب ہے ۔ مثل (۵) عزت ۔ ساکھ ۔ اعتبار ۔ پت

گھڑی بھر میں آب بگڑ جائیگی ۔

آبا ۔ و ۔ اسم مذکر ۔ ثرند ۔ آبو (۱) باپ ۔ پدر (۲) حرام زادہ ۔ اُستاد ۔ چلتا پُرزہ ۔ گرو ۔

یہ تو اُنکے بھی آبا ہیں ۔

اب اب کرکے ۔ م ف ۔ تھوڑے دنوں سے حال ہیں ۔ چند روز سے ۔

اب اب کرنا ۔ ف م ۔ آج کل کرنا ۔ ٹالنا ۔ ٹالے بالے بتانا ۔ حیلہ وحوالہ کرنا ۔ وعدہ وعید کرنا ۔ آرے بلے کرنا ۔

اب تب کرنا ۔

آب آب ہونا ۔ و ۔ ف ل ۔ خواص ۔ (۱) پسینے پسینے ہونا ۔ (۲) شرمندہ ہونا ۔ لجانا ۔ خجل ہونا ۔

آباد ۔ صفت ۔ ثرند ۔ آواد ۔ س **आवास** (۱) بسا ہوا بھرا ہوا ۔ آدمیوں یا مکانوں سے پُر ۔ رُکا ہوا ۔ خالی نہیں (۲) تردد کی ہوئی یا جُتی ہوئی (دھرتی) (۳) (مرکب میں) شہر ۔ پورہ ۔ جیسے فریدآباد (۴) سرسبز ۔ خوش ۔ ہرا بھرا

آباد کرنا ۔ ف م (۱) کسی جگہ یا مکان کو رہنے کے لایق کرنا ۔ بسانا (۲) مکان میں کرایہ دار رکھنا (۳) زمین جوتنا ۔ بنجر توڑنا ۔ (۴) مکانات بنانا ۔ درخت لگانا ۔ گاؤں بسانا ۔

اُبال ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ س **उत् + वल्** (۱)

اُپھان جوش۔ (۲) جذبہ۔ غصّہ۔ جھونجل۔

اُبالاسُبالا صفت۔ بن گھی اور مرچ کا۔ بیماروں کا سا (کھانا)۔ بے مزہ۔ بدذائقہ۔

آب بگڑنا اُترنا یا جانا۔ ف ل۔ (۱) جِلا جاتی رہنا۔ دھار جاتی رہنا۔ تیزی کم ہو جانا (۲) عزّت میں فرق آنا۔ ساکھ یا آبرو میں بٹا لگنا۔

اب تب ہونا۔ ف ل۔ (پورب)۔ مرنے کو ہونا۔ قریب المرگ ہونا۔ جاں بلب ہونا۔ گھڑی ساعت کا ہونا۔ یوں توں ہونا۔

ابتر۔ صفت (۱) آوارہ۔ بدچلن۔ بداطوار۔ خراب (۲) ملا دینے کے قابل۔ کھیلنے کے قابل نہیں۔ بے سیر بازی ابتر

ابتر کرنا۔ ف م (۱) اُلٹ پلٹ کرنا۔ گڈمڈ کرنا۔ گنجفہ کو ملانا۔ (۲) خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ آوارہ کرنا عادت بگاڑنا۔

اَبجد خواں۔ ع ف۔ اِسم مذکر۔ الف بے تے پڑھنے والا۔ حرف شناس۔ سیکھتر۔ مبتدی۔

آب چڑھانا۔ ف م۔ صیقل یا جِلا کرنا۔ سان دھرنا۔ تیز کرنا۔ پَینانا۔

آبِ حرام۔ ف ع۔ (خواص) وہ پانی یا سیال چیز جسکا پینا منع ہے۔ شراب۔ مدھرا۔

آبِ حیات۔ ف ع۔ (خواص)۔ (۱) آب بقا۔ اِمرت۔ امی۔ سُدھا۔ (۲) بادشاہوں یا امیروں کے پینے کا پانی۔

انجرے دماغ کو چڑھ جانا بخارات کے ذریعہ سے گرمی کا دماغ میں اثر کر جانا۔ بے ہوش ہو جانا۔ دیوانہ بن جانا۔ سودائی ہو جانا۔ پاگل یا باولا ہو جانا

آبخورے بھرنا۔ ف م۔ (م عو)۔ شربت یا دودھ کے مسکینوں پر خدا کی نیاز دلوانا۔ (ایک منت ہے) الٰہی میرا بچہ اچھا ہو جائے تو تیرے آبخورے بھروں

آب دار۔ ف (۱) (اسم) وہ نوکر جسکے ذمہ پانی یا شراب کی خدمت ہو (۲) (صفت) چمکیلا۔ جلادار۔ رُوپدار (۳) تیز۔ پَینا

آب دست کرنا یا لینا۔ ف ل۔ پیخانہ جانے کے بعد ہاتھ وغیرہ دھونا۔ طہارت کرنا۔ ہاتھ پانی لینا۔

آب دیدہ ہونا۔ ف ل۔ آنسو بھر لانا۔ رونے کے قریب ہو جانا۔ رُوانسا ہو جانا۔ آنکھیں ڈبڈبا لانا۔

اُبرا سُبرا۔ صفت (پورب) بچا کچا۔ بُرا بھلا۔ جھوٹ گوٹ۔ پس خوردہ۔

ابر چھانا۔ ف ل۔ بادل کا گھر آنا۔ گھٹا کا آسمان پر پھیل جانا۔ گھٹا ہو جانا۔

آبرو بگاڑنا یا اُتارنا۔ ف م۔ بے عزّتی کرنا۔ **آبرو ریزی کرنا**۔ حُرمت یا عزّت لینا۔ گالیاں دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔

ابر کھلنا یا پھٹنا ۔ف ل ۔ بادلوں کا پھٹ جانا یا ہٹ جانا ۔ آسمان کا صاف ہو جانا ۔ مطلع صاف ہونا

آبرو بنانا یا پیدا کرنا ۔ف م ۔ رسوخ پیدا کرنا ۔ نام حاصل کرنا ۔ شہرت پیدا کرنا ۔

آبرو پر پانی پھیرنا ۔ آبرو خاک میں ملانا ۔ آبرو کھونا ۔ آبرو میں بٹا لگانا ف م ۔ عزت بگاڑنا ۔ پت اُتارنا ۔ ساکھ میں بٹا لگانا ۔ رسوا و بدنام کرنا ۔

آبرو رکھنا ۔ف م ۔ عزت یا نام قایم رکھنا ۔ نیک نامی میں فرق نہ آنے دینا ۔ نام بنائے رکھنا ۔ ٹیک رکھنا ۔

آبرو کا لاگو ہونا ۔ آبرو کے پیچھے پڑنا یا درپے ہونا ۔ ف م ۔ کسیکی عزت و حرمت بگاڑنے کے فکر میں ہونا ۔ بدنام کرنیکے درپے ہونا ۔

آبرو لینا یا اُتارنا ۔ف م ۔ (۱) بے عزت کرنا ۔ (۲) (عو) زنا کرنا ۔ حرام کرنا ۔ بُرا کام کرنا ۔ کالا منھ کرنا (جانصاحب) لی سکے سامنے سیری دریا پہ آبرو ۔

آبِ زلال ۔ فع ۔ اسم مذکر ۔ (۱) صاف اور شفاف پانی ۔ ٹھہرا ہوا پانی ۔ (۲) کسی بھیگی ہوئی دوا کا نتراپانی ۔ نسوت پانی ۔

آب شورہ ۔ ف ۔ اسم مذکر (۱) شورے کا پانی (۲) شورے میں ٹھنڈا کیا ہوا پانی (۳) نیبو کا عرق ۔ کھانڈ اور پانی تینوں چیزوں کا بن پکا ہوا شربت

اب کے م ف ۔ (۱) اِس ۔ نیہہ ۔ اِس دفعہ (۲) دوبارہ ۔ مکرّر ۔ پھر (۳) آیندہ ۔ پھر ۔ آگے کو

ابلاپری ۔ ابلارانی ۔ اسم مؤنث ۔ نازک اور خوبصورت عورت ۔ نازنین ۔ نازک اندام ۔

اُبل آنا ۔ ف ل ۔ سوجنا ۔ آشوب ہونا ۔ گرمی کے مارے آنکھیں اُبل آئیں

اُبل پڑنا ۔ ف ل ۔ زیادتی ہونا ۔ افراط یا بہتات ہونا اُسکے ہاں تو پیسہ اُبل پڑا

اُبلتا آنا ۔ ف ل ۔ نکھر آنا ۔ صاف ہوتا جانا ۔ چہرہ آب و تاب آنا ۔ چہرہ پر رونق معلوم ہونا ۔ اب تو سوت کا رنگ ان بن اُبلتا آتا ہے

اُبل چلنا ۔ اُبلنا ۔ ف ل ۔ (۱) کسی سیال چیز کا حرارت کی زیادتی کے سبب سے برتن سے اُبل کر نکلنا (۲) زیادتی پر ہونا (۳) اِترانا ۔ گھمنڈ کرنا ۔ خود بین ہونا ۔ مقدور سے بڑھکر کرنا ۔ سیر کی ہانڈی میں سوا سیر پڑا اور اُبلا ۔ مثل

ابلیس کا پیشاب ۔ اسم مذکر (خواص) ۔ شیطان کا جنا ۔ خبیث ۔ خنّاس ۔ کمینہ ۔ پاجی ۔

آبنوس کا کُندا ۔ صفت ۔ آبنوس کے رنگ کا کالا کلوٹا ۔ بھونڈی شکل کا ۔ تیل توا ۔ کالا کوئلہ

اب نہ تب ۔ م ف ۔ (۱) زمانہ حال میں نہ آیندہ ۔ جیتے جی نہ مرے پر (۲) نس پھل ۔ اکارت ۔ بے سود بیسوکا دیا اب نہ تب مثل

آب وخور۔ آب وخورش] ف۔ اسم مذکر۔
آب ودانہ۔ آب دانہ] (۱) ان جل۔ دانہ پانی۔ کھانا پینا۔ (۲) قسمت کرم۔ پرالبدھ لہنا۔ (۳) سنجوگ۔ اتفاق

(میر حسن) کہاں ہم کہاں تم ہوا یہہ جو ساتھ
یہہ تھی بات سب آب ودانہ کے ہاتھ

(۴) رزق۔ آدھ سیر آٹا۔ روزگار۔ نوکری۔

کیوں کسی کے آب ودانہ میں بھانجی مارتے ہو؟

آب ودانہ اُٹھنا۔ ف ل۔ دانہ پانی یا رزق ہو چکنا۔ دانے نبٹ جانا۔ چلنے کا وقت آپہنچنا۔ مرنے کا سما آلگنا۔

آب ورنگ۔ ف۔ اسم مذکر۔ خواص۔ (۱) صفائی۔ خوبصورتی۔ رونق۔ (۲) دنیا کے مزے۔ سیر تماشا۔ کیفیت بہار۔

(نظیر) جسنے اس دنیا میں کر ایک دن بھی پی نہ بھنگ
اُسنے سچ پوچھو تو کیا دیکھا جہاں کا آب ورنگ

آب وگل۔ ف۔ اسم مؤنث۔ خواص۔ پانی مٹی۔ سرشت۔ خمیر۔ طینت۔ بنیاد۔

سہو انساں کی آب وگل میں پڑا ہوا ہے

آب ونمک۔ ف۔ اسم مذکر۔ (مسلمان) (۱) نمک وپانی یا مصالح کا ٹھیک اندازہ۔ نون پانی۔ نمک مرچ۔ (۲) ذائقہ۔ مزہ۔ سودا۔

آب وہوا۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) پون پانی۔ پانی اور ہوا کا اثر (۲) رُت۔ موسم۔ نہر ونگے سبب سے دستان کی آب وہوا خراب ہوتی جاتی ہے

آب وہوا راس یا راست آنا۔ ف ل۔ ہوا اور پانی یا موسم کا مزاج کے موافق آنا۔

آب وہوا موافق آنا۔

آب وہوا کا بگاڑ۔ ہوا اور پانی کا مزاج کے خلاف ہونا۔ پانی اور ہوا کی بے اعتدالی۔ موسم یا رُت کا بگاڑ۔

اُبھار لینا۔ ف ل۔ (۱) ڈوبتے ڈوبتے پانی پر آجانا (۲) سنبھالا لینا۔ بہتر حالت میں ہو جانا۔ (۳) کسی بیماری کا جاکر پھر ہو جانا۔ بیماری کا عود کر آنا

اُبھار دینا۔ ف م۔ (۱) کسی چیز کو اسکی جگہ سے اونچا اٹھانا اونچا کرنا۔ ہاتھ لگانا۔ اٹھا دینا۔ سہارا لگانا (۲) آنکھ بچا کر چرا لینا۔ تیر کر دینا (۳) ورغلانا بہکا دینا۔ اُکسا دینا۔ برانگیختہ کرنا۔ بھڑکا دینا۔

اُبھار لانا۔ ف م۔ (۱) آنکھ بچا کر کسی چیز یا عورت کو نکال لانا۔ بہکا لانا (۲) اُچک لانا۔ دم جھانسا دیکر لے آنا حکمت عملی سے کوئی چیز حاصل کر لینا۔

اُبھار لیجانا۔
اُبھار لے چلنا۔ ف م (۱) چھپا کر لیجانا چرا لیجانا۔ (۲) دم دیکے لیجانا۔ بہکا لیجانا۔ بھگا لیجانا۔ ورغلا لینا۔

رندو! چلو اُبھار کے زاہد کو سے چلیں
نور وز ہے وہ کھیل رہے ہیں گلی میں رنگ

اُبھر جانا - ف ل - (۱) چور کی طرح بھاگ جانا - چلدینا - چمپت ہو جانا - رفو چکر ہونا (۲) سنبھالا لینا - کچھ آسودہ ہو جانا -

اُبھر چلنا - ف ل - (۱) اُونچے ہو کر چلنا - اینٹھکر چلنا - اترانا - گھمنڈ کرنا (۲) آسودہ ہو جانا سنبھل جانا

اُبھرنا - ف ل - س उद्भू + उत (۱) اُوپر آنا - اُونچا ہونا - (۲) بڑھنا - بڑا ہونا - اُٹھنا - پھیلنا - (۳) جوانی پر آنا - شباب پر آنا - قد نکالنا (۴) اپنی اصلی حالت پر پہنچنا - مرفہ حال ہونا - آسودہ ہونا

غدر میں ایسے بگڑے کہ آجتک نہیں اُبھرے

(۵) اترانا - غرور کرنا - مغرور ہونا -

ہوا میں بھکے لو! کہ طرف بھی کتنا اُبھرتے ہیں

(۶) ظاہر ہونا - آشکارا ہونا - پردہ ہٹ ہونا - کھلنا -

پاپ اُبھرے پر اُبھرے -

اپنے تئیں کرنا - ف م - تُو تکار سے بولنا - ایسے ترے کرنا - بدتہذیبی سے کلام کرنا - تُو تُوئیں مَیں کرنا -

اپنے لونڈے جانے لونڈے کرنا - ف ل - م ع (۱) لڑکے کو بار بار بھیجنا - پھیرے کروانا (۲) وقت گزاری کرنا - ٹالے بالوں میں دن گنوانا - بیٹھے حکم چلانا -

آپ - ہ - اسم ضمیر س आत्मन् प्राकृत अप्पाणो - (۱) تعظیماً مخاطب اور غائب کے واسطے آتا ہے - اور کبھی متکلم کے لئے - جناب - حضور (۲) خود بخود - خود - اپنے آپ

اُسے غرض ہوگی تو آپ چلا آئے گا

(۳) ایشور - خدا - مایا - قدرت - (دوہا)

سانچ برابر تپ نہیں اور جھوٹ برابر پاپ

جاکے من میں سانچ ہے واکے من میں آپ

آپا بسرانا - ف ل - کام کرودھ لوبھ موہ کو تیاگنا - خواہشوں کو مارنا - دنیا کے تعلقات سے کنارہ کرنا - اپنے تئیں مٹانا - مَیں یا اہنکار کو دُور کرنا -

برہم گیان ہیئے دھرو بولتے کا کھوج کرو

(کبیر) مایا اگیان ہرو - آپا بسرا ورے

آپ آپ کرنا - ف م - (۱) حضور حضور کہنا - عزت و توقیر سے بولنا - آدر ستکار سے بات کرنا (۲) چاپلوسی کرنا - خوشامد کرنا -

آپ آپ کو م ف - الگ الگ - جُدا جُدا علیحدہ علیحدہ - فرداً فرداً -

آپا تجنا - ف ل - (۱) اپنے تئیں مٹانا - خاک میں ملانا - من مارنا - نفس کُشی کرنا - (۲) قطع تعلق کرنا سنسار کے جھگڑوں سے رہت ہونا (۳) جاں بحق ہونا - مرجانا - چولا چھوڑنا - (۴) اپنے تئیں مار ڈالنا - خودکشی کرنا - آتم گھات کرنا -

آپا دھاپی پڑنا - ف ل - اپنے دھاپنے یا پیٹ

بھرتے کے فکر میں ہونا۔ اپنے ہی فائدے کی سوچنا۔ اپنا ہی فکر کرنا۔ اپنی اپنی پڑنا۔ نفسا نفسی ہونا۔ اِکل کُھرا پن کرنا۔

آپا سنبھالنا۔ ف ل۔ (عو)۔ (۱) اپنے تن کی خبر رکھنا۔ اپنے بدن کو قابو میں رکھنا۔ (۲) اپنی زیبایش کرنا۔ اپنے تئیں سنوارنا یا آراستہ کرنا (۳) ہوشیار ہونا۔ چیتنا۔ خبردار ہونا۔

آپ بیتی۔ اپ بیتی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ اپنے اُوپر گزری ہوئی۔ اپنی کہانی۔ رام کہانی۔ اپنی سرگذشت۔

آپ بیتی کہوں یا جگ بیتی مثل

اُپج لینا۔ اُپج کی لینا۔ ف ل۔ کوئی نئی بات کرکے دکھانا۔ گانے میں کوئی نیا انداز دکھانا طبیعت کی تیزی دکھانا۔

آپ خورا دی آپ مُرادی۔ آپ خورا دا آپ مردا۔ (۱) (عورتیں اُس لڑکی یا لڑکے کی نسبت کہتی ہیں جو اپنے ماباپوں کا کہنا نہ مانے اور اپنے جی میں آئے وہ کھائے پیئے دوسرے کے کھانے پینے سے کچھ غرض نہ رکھے) تن پرور۔ اکل کُھرا (۲) خود غرض آپ سوارتھی (۳) بے پروا۔ آزاد۔ نگوڑا نٹھا۔

اپرادھ ہرنا۔ پاپ دُور کرنا۔ گناہ بخشنا نجات دینا تُلسی سنگت سادھ کی ہرے کوٹ اپرادھ

آپ رُوپ۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) جو کسی سے نہ پیدا ہوا ہو۔ ایشور۔ پرمیشر۔ خدا (۲) خود بدولت۔ حضور اقدس (۳) (طنزاً) ولی اللہ۔ ذات شریف۔ بزرگ۔ گرو گھنٹال۔ اوتار۔

اُپڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ س **پد** (۱) نشان پڑجانا نقش ہوجانا۔ بدّھیاں پڑنا (۲) پڑھنے میں آنا۔ نکلنا۔ اُٹھنا۔ جیسے حرف اُپڑنا

آپس میں رہنا۔ ف ل۔ (۱) باہم سلوک یا اتفاق سے رہنا۔ میل جول سے رہنا (۲) جورو خصم کی طرح رہنا۔ ہم بستر ہونا۔ ساتھ سونا (۳) رشتہ دار عورتوں کے ساتھ فعل ناجایز کرنا۔ خانہ بازی کرنا (۴) عورتوں کا باخود یا مَردوں سے کام لینا۔ طبق بازی کرنا۔ چٹنی کھیلنا۔

آپ سوارتھی۔ ہ۔ صفت۔ اپنے مطلب کا۔ خود غرض۔ خود مطلبیا۔ گوں گیرا۔

آپ سوارتھی سدا دُکھی پُرسوارتھی سدا سُکھی۔ مثل

آپ سے آپ۔ م ف۔ اپنے آپ۔ خود بخود۔ بن بُلائے۔ اپنی خوشی سے۔

آپ سے باہر ہونا / آپے سے باہر ہونا۔ غُصّہ یا خوشی کے مارے بے قابو ہوجانا۔ بدحواس ہوجانا۔ از حد خوش ہونا۔

آپ کو۔ ہ ضمیر۔ (۱) (عو۔ آپے کو) اپنے تئیں اپنے کو۔ ہمیں۔ ہمکو۔ آپے کو کیا کہیں بھاؤ (عو)

(۲) تمہیں۔ تمکو۔ جناب کو (۳)۔ م ف۔ الگ۔ جدا۔ ۱

(۱) وہ آپکو چلا گیا میں آپکو چلا آیا۔

(۲) دال ایسی پکاتی ہے کہ دال آپکو ہے اور پانی آپکو۔

آپکو دُور کھینچنا۔ آپکو کھینچنا۔ اپنے تئیں کھینچنا ۔ ف ل۔ علیحدہ رہنا۔ اپنے تئیں علیحدہ رکھنا کسی کی صحبت سے نفرت کرنا۔ تنفر کرنا۔ اِترانا۔ گھمنڈیا غرور کرنا۔

آپکو یا اپنے تئیں شاخ زعفران سمجھتے ہیں۔ اپنے تئیں جہان سے نرالا سمجھتے ہیں۔ اپنے تئیں عقا صفت خیال کرتے ہیں۔ بہت مغرور اور متمدغ ہیں۔

آپکو آسمان پر کھینچنا۔ آپکو یا اپنے تئیں دُور جاننا۔ اپنے تئیں کچھ سمجھنا ۔ ف ل۔ (۱) اپنے آپکو نہایت لایق وہوشیار سمجھنا۔ اپنے تئیں بڑا عقلمند اور چالاک گِنّا۔ اپنے تئیں کامل۔ سِدھا یا پہنچا ہوا خیال کرنا (۲) نخوت کرنا حقیر جاننا۔ اِترانا۔ گھمنڈ کرنا۔

اپنا اپنا صفت۔ (۱) ہر ایک کا۔ ذاتی۔ خاص (۲) الگ الگ۔ علیحدہ علیحدہ (۳) نرالا۔ نیا۔ انوکھا

اپنا اُلّو سیدھا کرنا۔ اپنا اُلّو سمجھانا ۔ ف م۔ (بازاری) (۱) کسی کو بیوقوف بنا کر اپنا کام نکالنا۔ اپنا مطلب بنا لینا۔ اپنے فائدہ کو نہ جانے دینا (۲) (دوکاندار) اپنا ٹکا سیدھا

کر لینا۔ اپنا ٹکا کما لینا۔

اپنا اُلّو کہیں نہیں گیا ۔ (عوام) ہمارا مطلب ہر طرح سے حاصل ہے۔ ہمارا کسی طرح نقصان نہیں ہے۔ ہمارا اُلّو کہیں نہیں گیا۔

اپنا ٹھکانا کرنا ۔ ف ل۔ اپنے رہنے اور رکھنے کی صورت نکالنا۔ اپنے گزارے کی تدبیر کرنا۔ اپنا سُوجتا کرنا۔

اپنا سا مُنہ لیکر رہجانا ۔ ف ل۔ دعوی کے پورا نہونے سے خجالت اُٹھانا۔ شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا۔ سرنگوں ہونا۔ بات کا جواب نہ دے سکنا چپ ہوجانا

اپنا سُوجتا کرنا ۔ ف ل۔ اپنا بندوبست کرنا اپنا فکر کرنا۔ عاقبت اندیشی کرنا۔ اپنا ٹھکانا کرنا

اپنا کام کرو۔ تمہیں ان جھگڑوں سے کیا پڑی تم اپنا کام دیکھو۔ اپنے کام سے لگو۔ اپنا رستہ لو۔ لمبے ہو!

اپنا کرنا۔ اپنا کر لینا۔ اپنانا ۔ ف ل۔ (۱) اپنا بنا لینا۔ اپنے قبضہ میں کر لینا۔ گھسیر لینا۔ (۲) مال مارنا۔ غصب کرنا۔ اپنی جیب کرنا۔ الگ کر دینا۔ اُبھار دینا۔ (۳) دوست بنا لینا۔ (دو ہا) کاگا کاکو دھن ہرے اور کوئل کاکو دیں یا جیسا کے کارنے جگ اپنا کر لیں (۴) موہنا۔ فریفتہ کرنا۔ عاشق بنا لینا۔

اپنا کیا پانا ۔ ف ل۔ اپنی کرنی کا پھل پانا۔

اپنے کئے کی سزا پانا۔ کیفر کردار کو پہنچنا۔

اپنی اپنی پڑنا۔ ف ل۔ ہر ایک کو اپنا اپنا فکر ہونا دیکھو آپا دھاپی پڑنا

اپنے اُوپر لینا۔ ف ل۔ اپنے تئیں ذمہ دار بنانا آپ سہنا۔ جوابدہ بننا

اپنی اور نہارو۔ اپنی طرف خیال کرو (جب کوئی اعلیٰ کسی ادنیٰ پر غلطی ظاہر کرتا ہے تو اُسکے غصہ کو یہ فقرہ کہکر فرو کیا کرتے ہیں) اپنی بزرگی کی طرف خیال کرو اسکے کہنے پر کیا جاتے ہو۔

اپنی ایڑی دیکھو (عو) (جب کوئی عورت کسی کو ٹوکتی یا ہوشیار کرتی ہے تو دوسری عورت اُس ٹوکنے والی سے یہہ کلمہ اُسکی نظر کا بُرا اثر دور کرنیکے خیال سے کہتی ہے) نظر نہ لگاؤ۔ ہونسو مت بٹو کو نہیں۔

اپنی بات پر آنا۔ ف ل۔ اپنی اڑیا ضد پر آنا۔ اپنی والیوں پر آنا۔ اپنے قول کی پچ کرنا۔ جو کچھ کہنا۔ سو کر دکھانا۔

اپنی بات کا ایک۔ اپنے قول کا ایک راسخ الاقرار۔ بانکا پکّا۔ زبان کا پورا قول کا سچّا۔

اپنے بھاویں کچھ ہی ہو۔ اپنے حساب کچھ ہی ہوا کرو ہمیں کیا غرض۔ ہماری طرف سے تم کچھ ہی کرو ہمیں کیا کام۔

اپنے پاؤں میں آپ کلہاڑی مارنا۔ اپنے ہاتھوں اپنے کلہاڑی مارنا۔ اپنے واسطے بُرا چاہنا۔ اپنا نقصان آپ کرنا۔ اپنے لئے آپ کنواں کھودنا۔ اپنا بُرا آپ چاہنا

اپنے پرائے کی ٹھوکریں کھانا (عو) اپنے خاوند کے رشتہ داروں اور غیروں کے طعن تشنیع سُننا۔ خاوند کے رشتہ داروں کی بُری بھلی یا کڑوی میٹھی باتیں سُننا۔

اپنی پڑ جانا۔ ف ل۔ اپنا فکر پڑ جانا۔ اپنے کام کے درپے ہونا۔

اپنی رادھا کو یاد کرو (رادھا کنہیا جی کی استری کا نام ہے جنہوں نے بہت فریفتہ تھے۔ اور سکھی کنہیا جی سے کہتی ہے کہ اگر تم مجھ سے خوش نہیں ہو تو اپنی رادھا کو یاد کرو یعنی بلا لو) اپنا رستہ لو۔ خوش رہو۔ کچھہ پرواہ نہیں۔

اپنی سی بہت کرنا۔ اپنی سی سب کچھ کرنا اپنی بساط کے موافق جدوجہد کرنا۔ کوشش میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نکرنا۔ اپنے مقدور کے موافق خوب کوشش کرنا۔

اپنے قدح کی خیر منانا۔ اپنی بہتری چاہنا اپنا فائدہ سوچنا۔ اپنی خیر مانگنا۔

اپنی کر کے مرنا۔ اپنے مال کی حفاظت نکرنا۔ ہر ایک کو وقف کر دینا (۲) (بازاری) ہر ایک سے فعل ناجایز کرانے پر راضی ہو جانا

اپنے کو ماننا۔ ف ل۔ اپنے تئیں بڑا جاننا

مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔ خود بیں ہونا۔

اپنی کھال میں مست ہونا۔ ف ل۔ اپنے حال میں خوش رہنا مفلسی میں خوش رہنا غیبی کو ہنستے کھیلتے ٹالنا۔ کنگالی میں مگن رہنا

اپنی گانا۔ اپنی ہی گانا۔ ف ل۔ (۱) اپنی تعریف آپ کرنا۔ اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا اپنے آپکو سراہنا۔ (۲) اپنے ہی مطلب سے کام رکھنا۔ اپنی رام کہانی کہنا۔

اپنی گرہ کا کیا جاتا ہے اپنی یا ہماری گرہ کا کیا کھلتا ہے۔ ہمارا کیا خرچ ہوتا ہے تمہارا کیا نقصان ہے تمہارا جی چاہے سو کرو

اپنے گریبان میں مُنہ ڈالو ذرا گریبان میں مُنہ ڈال کر دیکھو اپنے فعلوں یا عیبوں سے شرماؤ۔ اپنے کئے پر نادم ہو

اپنی گڑیا سنوار دینا فم (م ع) اپنی بساط کے موافق شادی کر دینا۔ غریبانہ بیاہ کر دینا۔ ہاتھ پیلے کر دینا۔

خیر بیاہ تو اور بات ہے مگر اسنے اپنی گڑیا سنوار دی ہے

اپنی گوں کا یار صفت۔ خود غرض۔ خود مطلبی گوں گیرا۔ آپ سوارتھی۔

اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا۔ ف ل۔ اپنی تعریف اپنے مُنہ سے کرنا۔ اپنے تئیں آپ سراہنا۔ اپنی آپ تعریف کرنا۔

اپنے نام کا ایک ہے بحاورہ۔ ضدی ہٹیلا۔ ہٹی۔ اپنی بات کی پچ کرنیوالا۔

اپنے نصیبوں کو رونا۔ ف ل۔ اپنی بدنصیبی کی شکایت کرنا۔ اپنے دنوں کو رونا۔

اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا ف ل۔ جب جی چاہے سونا۔ جب جی چاہے کھانا۔ بے فکری سے بسر کرنا۔ چین سے عمر کاٹنا۔

اپنی والیوں یا والی پر آنا اپنیوں پر آنا۔ ف ل۔ (عو) ہٹ یا ضد کرنا۔ اپنی اصلیت پر آنا۔ اپنے قول کا پابند ہونا۔

اپنے ہاتھوں قبر یا کنواں کھودنا۔ فم۔ ایسا کوئی کام کرنا جس سے اپنے تئیں نقصان پہنچے (دیکھو اپنے پاؤں میں آپ کلہاڑی مارنا)

اپھر جانا۔ ف ل۔ (۱) ہوا بھر جانا۔ پھول جانا۔ اپھارا ہو جانا۔ پیٹ پھول جانا نفخ ہو جانا۔ (۲) بہت موٹا ہو جانا۔ پھٹ پڑنا۔ فربہ ہونا۔ (۳) مست جانا۔ مست ہو جانا۔ (۴) مغرور ہونا۔ تکبر ہونا۔ اترانا۔ اینٹھ کر چلنا۔

اپھر چلنا۔ ف ل۔ (لغوی) ہوا بھر جانا مغرور ہونا گھمنڈ کرنا۔ اترانا۔ فخر کرنا۔ بڑھ چلنا۔

نکلا پڑے ہے جامہ سے کچھ اپنے تن رقیب
تھوڑے سے دم دلاسے میں کتنا اپھر چلا (سودا)

اُپھر جانا۔ ف ل۔ (ہندو) جھاگوں کا اوپر آجانا۔

اُبل جانا۔ نکل جانا۔ جوش میں آجانا۔ (۲) حرارت کی زیادتی سے کسی تر چیز کا خراب ہو جانا۔ اُبس جانا۔ مثلاً۔ گرمی سے دہی اُپھن گیا (۳) طبیعت میں جوش آجانا۔ خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔

یہہ لڑکا ذرا سی بات میں ہنڈیا کی طرح اُپھن جاتا ہے

اُپھنچنا ۔ہ۔ ف ل۔ پاس۔ نزدیک یا قریب آجانا۔ داخل ہو جانا۔ آلگنا۔ آن پکڑنا۔

آپ ہی آپ ۔م ف۔ (۱) اپنے آپ۔ آپ سے آپ (۲) اپنے جی سے آپ۔ خواہ مخواہ۔ (۳) خود بخود۔ بذاتِ خاص۔ بنفسہ (۴) خود رو۔ رانا (۵) وہی وہ۔ اللہ ہی اللہ۔ بزنگار۔ جوتی سروپ

آپ ہی آپ باتیں کرنا۔ ف ل۔ اپنے جی سے آپ باتیں کرنا۔ سودائیوں کی طرح دل سے باتیں کرنا۔ بڑبڑانا۔ دیوانہ ہو جانا۔ جی چل جانا

آپے سے باہر ہو جانا۔ ف ل۔ مارے غصّہ کے جامہ سے باہر ہو جانا۔ اپنے قابو میں نہ رہنا۔ نہایت خفا ہونا۔ (بازاری) پیجامہ سے باہر ہونا۔ دھوتی سے نکلے پڑنا۔

آپے میں آنا
آپ میں آنا ف ل۔ ہوش میں آنا۔ ہوش ٹھکانے آنا۔ چیتنا۔ سنبھلنا ہوشیار ہونا۔

آپے میں نہ رہنا۔ ف ل۔ ہوش میں نہ رہنا آپے سے باہر ہو جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔

آتا ۔ہ۔ اسم مذکر۔ قرضہ۔ اُدھار۔ دینا۔

کچھ مجھے تمہارا آتا دینا ہے۔

اِت اُت کرنا۔ ف م۔ (گنواری) اِدھر اُدھر کر دینا۔ چھپا دینا۔ اَلوپ کر دینا۔ اُبھار دینا۔ الگ کر دینا۔

آتا جاتا ۔ہ۔ اسم مذکر۔ آیندہ روندہ۔ مسافر۔ مسافر پیشہ آدمی

اُتار۔ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) اُترائی چڑھاؤ کی ضد۔ ڈھلان۔ نشیب (۲) زوال۔ کمی۔ گھٹاؤ۔ تنقیضِ عروج۔ (۳) لڑکا اور جھگڑا عورت۔

بیٹھی لڑے، دیٹھے سے چلتی سو رہے
(راحت)
مُنہہ چڑھے نوج بولوں میں ہیسی اُتار سے

(۴) مارگ۔ دافع۔ دفعیہ۔

بھنگ کا اُتار کیا ہے؟

اُتار چڑھاؤ۔ اسم مذکر۔ (۱) راستہ کی اُنچائی نیچائی۔ اُونچ نیچ۔ نشیب و فراز (۲) سُروں کا گھٹاؤ بڑھاؤ۔ دھیمے اور اُونچے سُر (۳) نرخ کی کمی بیشی۔ بھاؤ کا گھٹاؤ بڑھاؤ۔ (۴) بُرائی بھلائی۔ اُونچ نیچ (۵) تدبیر۔ اُپائے۔ سازش۔ حکمت عملی (۶) دھوکا۔ دم جھانسا۔ بتّا

اُتار چڑھاؤ بتانا یا دینا۔ ف م۔ فریب دینا۔ دم جھانسا دینا۔ دم دینا۔

اُتارنا۔ہ۔ ف م۔ (۱) اُوپر یا اُونچے سے کسی چیز کو

نیچے لانا۔ نیچے لانا۔ بوجھ یا کنکوا اُتارنا۔
(۲) گرانا۔ ڈھانا۔ دیوار یا چھت اُتارنا۔
(۳) پار لگانا۔ پار کرنا۔ ناؤ اُتارنا۔
(۴) مکان دینا۔ ٹھیرانا۔ ٹکانا۔
کہو صاحب! اُنہیں کہاں اُتارا ہے
(۵) پیدا کرنا۔ مقرر کرنا۔ رزق اُتارنا
(۶) سنسار میں لانا۔ پیدا کرنا۔ نازل کرنا
ایشور نے پیدا اُتارا ہے
(۷) کاٹنا۔ تراشنا۔ الگ کرنا۔ جُدا کرنا جلیحدہ کرنا
پھانک یا سر اُتارنا
(۸) جدا کرنا۔ پوشاک بدلنا۔ کپڑے اُتارنا
(۹) بے جگہ کرنا۔ بیجوڑ کرنا ہاتھ اُتارنا
(۹) بیکار کرنا۔ نکما کرنا۔ ناپاک کرنا۔ گندہ کرنا۔
(۱) منکا اُتار دیا۔ (۲) رسوئی اُتار دی۔
(۱۱) بے عزت کرنا۔ آبرو ریزی کرنا۔
جسنے اپنی اُتارلی اُسکو پرائی اُتارتے کیا دیر
(۱۲) موقوف کرنا۔ برطرف کرنا۔
اُسے نوکری سے اُتار دیا
(۱۳) دُور کرنا۔ ہٹانا۔ بُرا اثر دُور کرنا۔
بھوت یا پریت اُتارنا
(۱۴) پھاڑنا۔ کترنا۔ کپڑا اُتارنا
(۱۵) لکھنا۔ ٹپنا۔ کھینچنا۔
خط اُتارنا۔ نقشہ اُتارنا۔ حساب اُتارنا

(۱۶) ادا کرنا۔ دینا۔ چکانا۔ قرضہ اُتارنا
(۱۷) بن زبان اور دانت لگاکے حلق کے
نیچے پہنچانا۔ نگلنا۔ گولی یا دوا اُتارنا
(۱۸) تیار کرنا۔ بنانا۔ پکانا۔ تکمیل کرنا۔
خراد۔ آوا۔ چوریاں یا تھان اُتارنا۔
(۱۹) پانی کا راستہ بنانا۔ بنانا۔ پرنالا اُتارنا
(اگرچہ اُتارنا کے اور بھی بہت سے معنی ہو سکتے ہیں
مگر وہ سب خاص خاص الفاظ کے ساتھ آتے
رہتے ہیں اسواسطے اُنکو اپنی اپنی جگہہ پر دینا
مناسب معلوم ہوا۔

اُترنا-ہ-ف ل-س उत + रना اُونچے
یا بلندی سے نیچے یا گڑھے میں آنا۔ نیچے کو آنا
گڑھے یا اکھاڑے یا قبر میں اُترنا
(۲) نیچے آنا۔ باہر نکلنا۔ آنا۔
(۱) پیشاب اُترنا (۲) دُودھ اُترنا
(۳) گرنا۔ ڈھینا۔ دیوار اُترنا
(۴) فروکش ہونا۔ ٹھیرنا۔
سرائے میں گھر میں یا مکان میں اُترنا
(۵) اندر جانا۔ گھسنا۔ نیچے جانا۔ بیٹھنا۔
(۱) نوالہ یا مکھڑا اُترنا (۲) پچ اُترنا
(۶) دُنیا میں آنا۔ پیدا ہونا۔ جنم لینا۔ نازل ہونا
(۱) جتنی لیکر اُترا تھا اُتنا ہی جیا۔ (۲) کتاب اُترنا۔
(۷) (بازاری) عورت کے اُوپر ایک کا دو سیر کے

بعد سواری کسکر نیچے آنا۔ ایک عورت کے ساتھ ایک مجمع کا فعلِ ناجایز کرنا۔

(۸) کم ہو جانا۔ گھٹنا۔ نذر وال پانا۔ نشہ۔ غصّہ۔ رنگ یا دیا اُترنا۔

(۹) مُوبمیں فرق آ جانا۔ بدذائقہ ہو جانا۔ پانی کا اچار جلدی اُتر جاتا ہے

(۱۰) رجوع ہونا۔ توجہ کرنا۔ دینا۔ گالیوں پر اُترنا۔ مارنے پر اُترنا

(۱۱) بیکار ہو جانا۔ کام کا نہ رہنا۔ ناپاک ہو جانا ایلور سوئی اُتر گئے!

(۱۲) عضو کا اپنی جگہہ سے ہٹ جانا۔ بے جوڑ ہونا۔ ڈگنا۔ ٹلنا۔ ہاتھ یا پاؤں اُترا

(۱۳) بے عزّتی ہونا۔ عزّت میں بٹّا لگنا۔ اُتر گئی لُگھوئی تو کیا کرے گا کوئی شل

(۱۴) مرنا۔ انتقال کرنا۔ فوت ہونا۔ بالک۔ بچّہ یا لڑکا اُترنا

(اُترنا اِس معنی میں صرف بچّوں ہی کے واسطے آتا ہے)

(۱۵) ادا ہونا۔ چکنا۔ پورا ہونا۔ وفا ہونا۔ بیباق ہونا۔ قرضہ یا دین اُترنا۔ قسم اُترنا

(۱۶) بنّا۔ تیّار ہونا۔ پکنا۔ پچاوا اُترنا۔ کُھلا اُترنا۔ روٹیاں اُترنا

(۱۷) تُلنا۔ بیٹھنا۔ جچنا۔ اندازہ ہونا۔ من کا اُنتالیس سیر اُترتا ہے

اُترن پُترن۔ ہ۔ اسم مؤنث بہت دِنوں کے پہنے ہوئے کپڑے۔ اُترے ہوئے کپڑے۔ پُرانے دُھرانے کپڑے۔

آتش زبان۔ ف صفت جسکا کلام پُراثر ہو عمدہ اور پُراثر مضمون لکھنے والا۔ طرّار۔ سیف زبان

آتش کا پرکالہ۔ صفت (۱) فتنہ انگیز۔ شر اُٹھانے والا۔ مفسد۔ فتنہ پرداز (۲) تُند خو غُصیل۔ جُھلا۔ مغلوب الغضب (۳) ہوشیار چالاک۔ عقل کا پُتلا۔ (۴) شریر۔ شوخ۔ طرّار۔ چنچل۔ اچپل۔ معشُوق۔ محبُوب۔

آتش مزاج۔ ف۔ صفت (۱) جسکے دل پر گرمی کا زیادہ اثر ہو۔ گرم مزاج والا۔ (۲) اگیا ہا اگیا ہرا۔ تُند خو غُصیل۔

اِتّفاق بنّا۔ ف ل۔ موقع کا موافق آنا۔ موقع ہاتھ لگنا۔ سنجوگ بنّا۔ وقت مِلنا۔ موقع لگنا۔ اِتّفاق بنا تو میں بھی آؤں گا

ات گت۔ ہ م ف۔ نہایت۔ حد سے زیادہ۔ بہت۔ اَدھک (۲) موقع بے موقع۔ بے فایدہ۔ نامعقُول۔ اندازے سے باہر۔

آتم پرش۔ س۔ اسم مذکر۔ اچھا نیک آدمی (۲) (قواعد میں) متکلم۔ کلام کرنیوالا۔ بولا۔

آتما۔ س۔ اسم مونث۔ روح (۲) دل۔ جی۔ آنتا کرن (۳) پیٹ شکم۔

آتما میں پڑے تو پرماتما کی سوجھے مثل

اتما ٹھنڈی کرنا۔ ف م۔ کسی کے دل کو کسی طرح کی خوشی پہنچانا۔ کسی کا جی خوش کرنا۔ آرام یا راحت پہنچانا۔

اتما ٹھنڈی ہونا۔ ف ل۔ (۱) جی خوش ہونا طبیعت کو فرحت ہونا۔ ٹھنڈک پہنچنا۔ (۲) سیری ہونا۔ میں یا جی بھرنا (۳) پیٹ بھرنا چھکنا۔ سیر ہونا۔

اتما ستانا یا کلپانا۔ ف م۔ کسی کا دل یا جی دکھانا جی مسوسنا۔ تکلیف پہنچانا۔ ستانا۔

اتما کلپنا یا کوسنا۔ ف ل۔ کسی صدمہ کے عوض میں جی سے بددعا یا کوسنا نکلنا۔

اتنا سا منہ نکل آنا۔ ف ل۔ فکر یا کسی بیماری کے سبب دبلا ہو جانا۔

اتنے اتنے لیئے نہیں جاتے محاورہ (عو) عورتیں اپنے بچوں سے جب وہ کوئی بیوقوفی کا کام کرتے ہیں تو یہ فقرہ کہتی ہیں یعنی تیری عمر والے بچے کسی سے نہیں دبتے اور ایسی ہوشیاری اور چالاکی سے کام کرتے ہیں کہ کوئی انکو دھوکا نہیں دے سکتا۔ او تو ایسا بیوقوف پیدا ہوا ہے کہ کوئی کام ہوشیاری کا نہیں کر سکتا۔

اتو کرنا۔ ف م۔ (۱) ایک آہنی آلہ کے ذریعہ سے کپڑوں پر نقش و نگار یا بیل بوٹے وغیرہ ڈالنا۔ لکیریں کرنا اتو کا کام بنانا (۲) ایسا مارنا کہ قمچی یا سنٹی کے نشان کمر پر پڑ جائیں خوب مارنا پیٹنا۔ اُدھیڑ دینا (۳) لنگڑوں کی طرح چلنا۔ اچھلتے چلنا۔

چلتا کیا ہے گویا اتو کرتا ہے

(۴) (بازاری) بے ہوش کر دینا۔ حواس باختہ کر دینا۔ عقل کھو دینا۔

(۱) بھنگ نے اتو کر دیا (۲) مار نے تلوار کے اتو کر دیا۔

اتھل پتھل کرنا۔ ف م۔ (۱) اوپر نیچے کر دینا۔ گڈمڈ کر دینا۔ بے ترتیب کرنا۔ ملا دینا۔ الٹ پلٹ کر دینا۔ (۲) جی کا مالش کرنا۔ متلانا قے کی خواہش کرنا۔

اتھل پتھل ہونا ف ل۔ (۱) اوپر نیچے ہونا۔ الٹ پلٹ ہونا۔ مل جانا۔ گڈمڈ ہونا (۲) جی کا اوپر نیچے ہونا۔ مالش کرنا متلانا۔

باسی منہ سول کھائی تھی جی اتھل پتھل ہونے لگا

آٹا کرنا۔ ف م۔ کسی چیز کو آٹا سا پیسنا۔ بکنی کرنا بہت باریک پیسنا۔ سفوف کرنا۔

آٹا گیلا ہونا۔ ف ل۔ (۱) آٹے کا بھیگ جانا۔ (۲) مصیبت آنا۔ بلا میں پھنسنا۔

مفلسی میں آٹا گیلا۔ مثل

آٹا مٹی ہونا۔ ف ل۔ خراب ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔

برباد ہونا - تباہ ہونا -

آٹا ہو جانا - ف ل - ریزہ ریزہ ہو جانا - بُور بُور ہو جانا - گل جانا - بوسیدہ ہو جانا - گھن جانا - دوشالہ دھرا دھرا آٹا ہو گیا -

اٹ پٹ بولنا - ف ل بیہودہ بکنا - جو منہ میں آئے وہ کہہ دینا -

لٹ پٹ پگ دھرتی دھرے اٹ پٹ بولت ہین سبھا بلاس

اٹ سٹ - ہ - اسم مؤنث - (۱) گٹھوٹ - سازش (۲) جوڑ توڑ - کتر بیونت - (۳) آشنائی - ناجایز دوستی - یارانہ - لگن -

اٹ سٹ لڑنا یا ہونا - ف ل - (۱) گٹھوٹ یا سازش ہو جانا - (۲) آشنائی ہونا - دوستی ہو جانا - آنکھ لڑ جانا - اسکی اسکی اٹ سٹ لڑ گئی ہے

اٹک - ہ - اسم مونث - (س) रुक نہیں حرکت کرنا) (۱) روک - مزاحمت - (۲) جھجک - ڈر - دہشت - شبہ - اندیشہ -

اٹکانا - ہ ف م - (۱) روکنا - مزاحم ہونا - سد راہ ہونا - ٹھیرانا - تھامنا - ملتوی کرنا - (۲) باندھنا - پھانسنا (۳) اُلجھانا - لگانا - ٹانکنا - سانٹنا - (۴) پہنانا - گلے میں ڈالنا -

اٹکاؤ - ہ - اسم مذکر - (۱) روک - آڑ - اٹک - بندھن (۲) بندوبست - پرہیز - (۳) ترک - تیاگ - آکھڑی

اٹکل باز - اسم صفت - بڑا تاڑنے والا - تاڑو یا - ٹھیک اندازہ کرنے والا - جانچو -

اٹکل پچو - ہ م ف - بے سوچے سمجھے محض خیالی

اٹکلیس آوٹ پٹانگ - باد ہوائی - بیہودہ - بے معنی -

اٹکنا ہ - ف ل - رکنا - بند ہونا - ٹھیر جانا - تھم جانا - (۲) پھنسنا - اڑنا - حلق میں نہ اترنا - (۳) جھجکنا - مذبذب میں ہونا - ہچکنا - شبہ کرنا - سننے سے کرنا - (۴) صاف نہ کہہ سکنا - صاف نہ پڑھ سکنا - رک رک کر پڑھنا - (۵) مبتلا ہونا پھنسنا - اُلجھنا - آنکھ لگنا - اٹ سٹ ہونا - (۶) جھگڑنا - اُلجھنا - اڑنا - تکرار کرنا - (۷) لگنا مصروف ہونا - متوجہ ہونا - لو لین ہونا -

اٹکھیلی چال - ہ - اسم مؤنث - شوخ فتار مستانہ چال - شوخ چال - معشوقانہ چال ناز کے ساتھ خرام - ہنس گمن ہستی چال -

اٹکھیلیوں سے چلنا - ف ل - بڑے ناز و انداز کے ساتھ چلنا - اتراتے چلنا - مچلاتے چلنا -

اٹکھیلیاں کرنا - ف ل - کلول کرنا - کھیلنا کودنا - شوخیاں کرنا - ناز و نخرہ کرنا - اترانے کی باتیں کرنا -

اٹنا - ہ - ف ل - (۱) بھرنا - پر ہونا - بند ہونا - گنوں اٹ گیا (۲) - آلودہ ہونا - بھرنا - سننا - مثلاً خاک میں اٹنا

(۳) سمانا۔ آنا
مٹھی میں اٹے اور کوٹھی میں نہ اٹے پہیلی جواب چھتری

اٹوائی کھٹوائی ہ۔ اسم مونث (۱) کھاٹ کھٹولا (۲) اختر بختر۔ ستہ بستر۔ بدھنا بوریا۔ کھاٹ پیڑی۔ ہنڈیا ڈولیا۔

اٹوائی کھٹوائی لیکر پڑنا ف ل۔ غصے یا رنج کے مارے الگ سو رہنا۔ شوک بھون میں سو رہنا۔ تنہائی اختیار کرنا۔

اُٹھا بیٹھی ہ۔ اسم مونث (۱) بار بار اُٹھنا بیٹھنا۔ کبھی اُٹھنا کبھی بیٹھنا (۲) بے چینی۔ بیکلی۔ بوالہوسی۔ گھبراہٹ۔

آٹھ اٹھارہ کر دینا ف م۔ آٹھ کے اٹھارہ کر دینا۔ یعنی پریشان کر دینا۔ پھیلا دینا۔ تتر بتر کر دینا۔ تتیں تیرہ کر دینا۔

آٹھ آٹھ آنسو رُلانا ف م۔ بہت رُلوانا۔ پٹوانا۔ نہایت تکلیف دینا۔ نچوانا۔

آٹھ آٹھ آنسو رونا ف ل۔ از حد رونا۔ دھاڑیں یا دھاڑیں مار کر رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ زار و قطار رونا۔

اُٹھا دینا ف م۔ (۱) کسی چیز کو نیچے سے اُٹھا کر دینا یا اُٹھوا دینا۔ یا اونچا باندھ دینا۔ سر پر رکھوا دینا۔ ہاتھ لگانا۔ (۲) مسجا یا محفل سے نکال دینا۔ نکالپنا باہر کر دینا۔ دھتکار دینا۔

(۳) خرچ کر ڈالنا۔ صرف میں لانا۔ (۴) کام یا کارخانہ بند کر دینا۔ چھوڑ دینا۔ موقوف کر دینا۔ دُور کر دینا (۵) مکان خالی کرا لینا۔ کرایہ دار اُٹھا دینا۔ (۶) جگا دینا۔ بیدار کر دینا۔

اُٹھا مارنا ف م۔ (۱) سر سے اونچا کر کے دے مارنا (۲) دق کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا

اُٹھان ہ۔ اسم مونث (۱) اُبھار۔ بڑھوتری بالیدگی۔ قوتِ نمو (۲) انگلیٹ۔ اعضا کی ساخت۔ (۳) ابتدا۔ تمہید۔ آغاز۔ شروع (۴) ابتدائی تعلیم یا تربیت۔

اُٹھانا ہ۔ ف ل۔ س उत्थ (۱) اونچا کرنا۔ بلند کرنا۔ ہاتھ لگانا۔ سہارا دینا۔ بوجھ اُٹھانا (۱) اُڑانا۔ کبوتر اُٹھانا۔ (۳) شروع کرنا چھیڑنا بول لینا۔

اُٹھ ڈ۔ میں بھی گاتی ہوں

(۴) بنانا۔ چننا۔ تعمیر کرنا۔ دیوار اُٹھانا (۵) تیار کرنا۔ سینا۔ بنانا۔ کھڑا کرنا۔

وہ چار گھڑی میں کرتہ اُٹھاتی ہے

(۶) بیننا۔ چگنا۔ چننا۔ دانہ اُٹھانا

(۷) سہارنا۔ سہنا۔ برداشت کرنا۔ جھیلنا۔

دُکھ با سکھ اُٹھانا

(۸) حاصل کرنا۔ پانا۔ لینا۔ مزہ اُٹھانا۔

(۹) اعتبار پر دینا یا لینا۔ اُدھار لینا یا دینا

کہاں سے اُچاپت اُٹھاتے ہو؟

(۱۰) جذب کرنا - پینا - سوکھنا

آدھ سیر پیٹ کے بادشاہی گھی بہت اُٹھاتے ہیں۔

(۱۱) تعلیم و ترتیب کرنا - سدھانا -

جیسا بچے کو اُٹھاؤ گے ویسا اُٹھیگا

(۱۲) پڑھنا - حرف نکالنا -

ابتو حرف اُٹھانے لگا ہے

(۱۳) خرچ یا صرف میں لانا - لگانا - برباد کرنا - اُڑانا -

(۱۴) لیجانا - نکالنا - ارتھی یا تعزیہ اُٹھانا

(۱۵) جدا کرنا - الگ رکھدینا - نذر کرنا -

ماتا کا اُٹھا ہُوا ناتہ اُٹھا اچھا ہو جائیگا

(۱۶) کھولنا - اُکھاڑنا - اُدیچا کرنا - پردہ اُٹھانا

(۱۷) جگانا - بیدار کرنا (۱۸) مچانا - کرنا - برپا کرنا

فساد اُٹھانا -

(۱۹) ٹھیکہ یا اجارہ دینا - دھرتی اُٹھانا

اُٹھا وُچھوٹا ہ - اسم مذکر - (۱) وہ چھوٹا جو زمین پر بچھا ہوا نہو (۲) وہ آدمی جو ایک جگہ جمکر نہ رہے - خانہ بدوش - ہرجائی -

اُٹھ بیٹھ - اُٹھک بیٹھک ہ - اسم مؤنث (۱) ایک قسم کی سزا ہے جو دستکار اور ملّاح اپنے شاگردوں کو دیا کرتے ہیں (۲) ایک قسم کی ورزش جسمیں کھڑے اُٹھتے اور کھڑے بیٹھتے ہیں (۳) بے کلی - بے چینی -

اُٹھ بیٹھنا ہ - ف ل - اُٹھنا - بیدار ہو جانا - (۲) اچھا ہو جانا - تندرست ہو جانا - آرام پا لینا

ایکے پیلے تو اُٹھ بیٹھا آگے کی رام جانے!

آٹھ پہر ہ - ف ل - آٹھوں پہر - رات دن - چونسٹھ گھڑی (۲) ہر گھڑی - ہر دم - ہر وقت (۳) سدا بات - ہمیشہ -

آٹھ پہر سولی ہے - محاورہ (ع) گویا ہر وقت سولی سامنے کھڑی دکھائی دیتی ہے - نہایت تکلیف ہے - بہت ہی دکھ ہے -

آٹھ پہری (۱) وہ شخص جو ہر وقت اپنے کام پر تیار رہے - کھیتوں کا نگہبان - رکھوالا - (۲) بخار جو آٹھوں پہر چڑھا رہے -

اُٹھتے بیٹھتے ہ - م ف - (۱) اُٹھکر اور بیٹھکر - ٹھیر ٹھیر کر - سہارا لے لے کر - سیج سے - (۲) ہر وقت - ہر گھڑی -

اُٹھتی جوانی ہ - اسم مؤنث - آغاز جوانی - عالم شباب - آغاز عمر -

اُٹھتی کونپل - ہ - اسم مونث - نوخیز - نوعمر

اُٹھ جانا ہ - ف ل - (۱) چلدینا - چلا جانا - رخصت ہو جانا (۲) فوت ہونا - انتقال کرنا - مر جانا - (۳) صرف میں آجانا - خرچ ہو جانا (۴) موقوف ہو جانا - بدل جانا -

جاتا رہنا۔

اٹھ کونسل ۔ا۔ اسم مؤنث۔ (۱) مجلس جلسہ بسبھا۔ (۲) صلاح مصلحت مشورہ گشتی (۳) کانا پھوسی۔ کھسر پھسر۔ سرگوشی۔

اٹھ کھڑا ہونا ۔ف ل۔ (۱) چل پڑنا۔ روانہ ہو جانا (۲) ارادہ کر لینا۔ مستعد یا آمادہ ہو جانا (۳) پھیلجانا۔ برپا ہو جانا۔ مچ جانا۔

یہہ کیا جھگڑا اٹھ کھڑا ہوا!

اٹھ کے بیٹھنا ۔ف ل۔ بیہوشی یا غفلت کم ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ افاقہ ہونا

ایسا بخار چڑھا کہ تین دن میں آج اٹھ کے بیٹھا ہے

اٹھلانا ۔ہ۔ف لہ (۱) ناز و نخرے سے چلنا۔ انداز سے چلنا مٹکتے چلنا (۲) نخرہ کرنا۔ اترانا (۳) مگرانی کرنا۔ مچلائی دینا۔

اٹھ مانسا
اٹھوانسا ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) گربھ کا آٹھواں مہینا ۔انگنا مہینا۔ آٹھ مہینے کا حمل۔ آٹھ مہینے کا بالک (۲) وہ زمین جو آٹھ مہینے تک گنے کے لئے جوتی جاتی ہے۔

اٹھنا ۔ہ۔ ف ل۔ (اٹھانا کا فعل لازم) (۱) نشو و نما پانا۔ پھبکنا (۲) ستانا۔ جوانی پر آنا۔ النگ پر آنا۔ (۳) تیار ہونا۔ آچار کا ترشی پر آنا۔ (۴) اچھا ہونا۔ تندرست ہونا (۵) پیدا یا ظاہر ہونا۔ درد اٹھنا ہے (باقی معنی اٹھانا میں دیکھو)

اٹھوں گانٹھ کمیت ۔ا۔ صفت (گھوڑے کی مضبوطی چاروں ٹخنوں اور چاروں گھٹنوں سے خیال کی جاتی ہے اور کمیت گھوڑا یوں بھی تگڑا اور جاندار ہوتا ہے اسوجہ سے اسکے معنی نہایت مضبوط اور چالاک کے ہوگئے ہیں وہ کمیت گھوڑا جسکے آٹھوں جوڑ مضبوط ہوں) (۱) سرد و گرم دیکھے ہوئے تجربہ کار اور ہوشیار۔ خرانٹ۔ پرانا گھاگ۔ سب گنوں پورا (۲) چال باز دغا باز۔ حرام زادہ۔ چلتا پرزہ۔ پنچ عیب شرعی۔

اٹیرن پھیرنا ۔ہ۔ ف م۔ گھوڑے کو ایک خاص وضع سے کاوہ دینا۔

اٹیرن کر دینا ۔ہ۔ ف م۔ (۱) کشتی میں پتلا حال کر دینا۔ پلیتھن نکال دینا۔ (۲) چوس لینا۔ سکھا دینا۔ تنکا سا کر دینا۔ ہڈیاں نکال دینا۔ رنڈی نے مار کے اٹیرن کر دیا۔

اٹیرن ہونا ۔ہ ف ل۔ سوکھ کر لاغر ہو جانا۔ نہایت دبلا ہو جانا۔ ہڈیاں ہڈیاں نکل آنا۔

آٹے کی آپا ۔اسم مؤنث (م ع) مٹی کی مورت۔ بھولی بھالی اور احمق عورت۔

آٹے کے ساتھ گھن پس جانا
چنے کے ساتھ گھن پس جانا ۔ف ل کسی بڑے آدمی کے ساتھ چھوٹے کا ناحق پھنس جانا۔ بڑے کے ساتھ چھوٹے پر مصیبت آجانا۔

آٹے میں نمک یا نون - تھوڑا سا - قدرے قلیل - جُزوی - مُوافقِ مِزکا - واجبی - اِتنا نفع کھاؤ جتنا آٹے میں نون - مثل

آج برس کے پھر نہ برسوں - جب مینہہ خوب برسا کرتا ہے تو اُسکی طرف سے یہہ فقرہ کہکر کثرتِ بارش کا اظہار کیا کرتے ہیں کہ گویا مینہہ یہہ کہتا ہے کہ سب دِنوں کی کسر آج ہی نکال دُوں اور پھر برسنے کی حاجت نہ رکھوں -

آجتک پڑے ہیں گنگ بگتے ہیں - ابھی تک دست چلے آتے ہیں - ابھی تک پتلا حال ہے - ہنوز چرک دھانس چلی جاتی ہے -

اُجڑا - ہ - صفت (۱) برباد - ویران - (۲) لُٹا ہوا - خراب (۳) (م عو) خانہ خراب - نگھرا - مُوا - نگوڑا - اُجڑے کی شامت آئی ہے - (م عو)

آج کدھر کا چاند ہے - آج کدھر کا چاند نکلا - آج کدھر سے چاند نکلا - کسی دوست کے بعد مدت اتفاقاً ملنے پر یہہ فقرہ بولتے ہیں - یعنی آج کدھر سے بھول کر آ گئے - خلاف معمول کیونکر قدم رنجہ فرمایا -

آج کسکا مُنہہ دیکھا ہے - جب دِن بھر نقصان ہوتا رہے یا کچھہ فائدہ نہ ہو تو یہہ فقرہ کہتے ہیں اور اُس سے مُراد یہہ ہوتی ہے کہ آج کس منحوس اور کم بخت کا مُنہہ دیکھ لیا ہے جسکی وجہ سے فائدہ نہیں ہوا - (ایک وہم ہے)

آج کل کرنا - ہ - ف ل - ٹالنا - ٹالے بالے بتانا - اب اب کرنا -

آج کو - ہ - م ف - آج کے روز - اِن دِنوں میں - اب - اِس وقت - ایسے موقع پر -
آج کو میرا والی وارث ہوتا تو یوں کاہے کو کوئی کہتا - (عو)

آج کیا جاتی دنیا دیکھی - جب کسی دوست سے مدت کے بعد ملنا ہوتا ہے تو وہ یہہ فقرہ کہتا ہے - کہ کیا دنیا کو اب عنقریب گزرنے کے سمجھا جو ملنے کی خواہش جی میں پیدا ہوئی -

اُجلا مُنہہ ہونا - ہ - ف ل - عو - (۱) مُظفر و منصور ہونا - عزت بچنا - تہمت یا اِلزام سے بری ہونا -

اُجلی - ہ - اسم مونث - فجر کو یا رات کے وقت عورتیں دھوبن کہنا برا سمجھتی ہیں اِس لئے اِس لفظ سے خطاب کرتی ہیں -

اُجلی سمجھ - اُجلی طبیعت - ہ - اسم مُونث - فہم رسا - اُجلّی بُدھ - تیز طبیعت

اُجلی کا آزار - عورتوں کے مقام نہانی سے سفید کرنے کا مرض -

اُجلی گزران - ا - اِسم مؤنث - سفید کپڑوں کا پہننا اور عمدہ غذا کا کھانا - خوش پوشاکی و

خوش خوراکی - خوش گزران -

اجیرن ہونا - ہ - ف ل - کٹھن ہونا - دوبھر ہونا - بھاری ہونا - پہاڑ ہونا - ناگوار ہونا - (۲) مُضر ہونا - تکلیف دہ ہونا - دُکھ دائمی ہونا (۳) سوئے ہضمی ہونا - بدہضمی ہونا - اپچ ہونا - ہیضہ ہونا -

اچاپت اُٹھانا - ہ - ف م - کسی کی دُکان سے سودا سُلف اُدھار لینا - خوردنی اشیاء کا کسی کی دُکان سے اعتبار پر خریدنا

اچار ڈالنا - ہ - ف م - (۱) کسی پھل مثل آم یا نیبو وغیرہ کو مصالح کے ساتھ کسی عرق یا رس میں ڈالنا - (۲) طنزاً گلانا - سڑانا (۳) سینت رکھنا - ڈال رکھنا - کسی چیز کو بہت عرصہ تک ڈالے رکھنا - کام کا سمجھنا -

اچار کرنا یا نکالنا - ہ ف م - عوام - خُوب مارنا - بُھرکس نکالنا - کچومر کرنا - گت بنانا -

اُچٹانا ہ - ف م - (۱) چھٹانا - (۲) جُدا کرنا - الگ کرنا - (۳) بیزار کرنا - دل توڑنا - (۴) بہکانا - اُکھیڑنا - نشانے پر نہ لگنے دینا - (۵) چوکنا کرنا - بدکانا - بھڑکانا (۶) اُڑانا - بھگانا - میری مِنّت اُچٹا دی -

اچرا کہنا ہ - ف م - (۱) دامن یا پلہ پکڑنا (۲) (عو) سرِ راہ روکنا - ہاتھ پکڑ لینا - تلوی روکنا - (مرادی) سنگی لیسکائی کی کاہل رسم -

بے عزتی کرنا - حرمت لینا - باٹ پلت مورا اچرا گہے

اُچک جانا - ہ - ف ل - (۱) پھلانگ جانا - کُود جانا - (۲) (بازاری) فعلِ ناجائز کرنا - ہم بستر ہونا - اُچھل جانا -

اُچنگ لگنا ہ - ف ل - جی میں یکایک خواہش یا شوق کا پیدا ہو جانا - جوش یا شوق کے کسی کام کے جلد ہو جانے کی خواہش کرنا - اُمنگ لگنا - اِتراہٹ لگنا -

اِچھّا - ہ - اسم مؤنث س इच्छा چاہنا - (۱) خواہش - چاہنا - لاگ (۲) مرضی - خوشی (۳) حاجت - ضرورت (۴) مطلب - پروجن - منشا - مدنظر - ارادہ -

اچھّا ہ - صفت - س अच्छ - (۱) بھلا - عمدہ - نیک - خوب - اچھّا کام کیا - (۲) بیچ کی راس - اوسط درجہ کا - خاصہ - (۳) تندرست - بہتر - (۴) خوش - لُبھاؤ - رُپہلا - اچھی آواز (۵) بے کھوٹ - صاف - چوکھا کھرا - بن ملاؤ کا - خالص - اصل -

اچھّا دُودھ سونا - گوٹا یا مال

(۶) خلیق - سیل سُبھاؤ - خوش مزاج - اچھّے سبھاؤ کا - (۷) خوش وضع - خوبصورت - ملوک سہاؤنا (۸) سُبحنہ - نیک - سعید - مبارک

اچھا دن دیکھکر روپیہ بھیج دینا

(۹) تازہ - بے داغ - عمدہ - اچھی ترکاری لیا کرو (۱۰) مزیدار - سواد - خوش ذائقہ - اچھا کھانا بناؤ (۱۱) آسودہ - الدار - مرفہ حال - اچھے گھر کا لڑکا ہے - (۱۲) ٹھیک - عین - مناسب - اچھے وقت پر آئے - (۱۳) صحت بخش - عمدہ - موافق - آج اچھی ہوا چل رہی ہے - (۱۴) واجبی - ٹھیک - معقول - درست - (ایسے الفاظ بہت سے مختلف معنی میں برتے جاتے ہیں اور برتے جا سکتے ہیں اور معنے ان الفاظ کو مختلف اسموں کے ساتھ لگانے سے حاصل ہو سکتے ہیں)

اچھا - ہ - م ف - (۱) بہت خوب - بہت ٹھیک - درست - بیجا (۲) بیشک - ہاں - بھلا - آرے - بلے - (۳) خوش (خط) صحیح - درست - وہ اچھا لکھتا ہے (۴) (طنزاً) خوب - نہیں - آپ تو اچھے آئے -

اچھا - ہ - ندا و مذبہ - خیر! کچھ مضایقہ نہیں - کچھ پروا نہیں - سمجھا جائیگا - اچھا! دیکھا جائیگا!

اچھا بھلا - صفت - بھلا چنگا - تندرست

اچھا خاصا - صحیح سالم -

اچھا بھوجن ہ - اسم مذکر - وہ چیز جسکے کھانے کو جی چاہے - من مانتا بھوجن - مرضی موافق کھانا -

اچھا کرنا - ہ - ف م - (۱) نیکی کرنا - بھلائی کرنا (۲) تندرست کر دینا - چنگا کرنا - آرام کرنا (۳) خوب کرنا - مناسب کرنا - مرضی کے موافق کرنا -

اچھال چھکا - ہ - اسم مونث - بدکار عورت - چھنال - فاحشہ - زناکار -

اچھا لگنا - ہ - ف ل - (۱) بھلا معلوم ہونا - پسند آنا - جی کو بھانا - اچھا دکھائی دینا - (۲) زیب دینا - کھلنا - (۳) سواد لگنا - مزہ دینا (۴) ہم بستری میں ہنر یا کمال رکھنا

اچھا ہونا - ہ - ف ل - تندرست ہونا - آرام پانا - شفا پانا -

اچھل پڑنا / **اچھل جانا** - ہ - ف ل - کسی جوش کے سبب اپنے جگہ سے اونچا اٹھ جانا - خوشی یا غصہ کے مارے ناچنے لگنا - ناچ اٹھنا - مرچیں لگجانا - تر بھر ہونا - ناگوار معلوم ہونا - برا لگنا - (بازاری) کسی عورت سے فعل ناجایز کرنا - سواری کشنا - اچک جانا -

اچھوتا / **اچھوتی** - ہ - صفت - (۱) بن چھوا ہوا - نذر نیاز یا چڑھاوے کی (چیز) - (۲) وہ لڑکا یا لڑکی جو ہم بستر نہیں ہوے ہیں -

اچھوتی کوک - ہ - اسم مونث - وہ عورت

جسکا کوئی بچہ نہ مرا ہو۔

اچھے اچھوں۔ اچھے اچھے۔ اچھوں۔ (۱) بڑے بڑے آدمی - نامی گرامی - ذی مرتبہ - بہادر آدمی - دانا لوگ

جاؤ اچھے اچھوں کو دیکھ لیا ہے تم بچارے کیا ہو؟

احتلام ہونا۔ ا۔ ف ل۔ خواب میں نہانے کی حاجت ہونا - خواب میں ناپاک ہونا۔

احدی ع۔ اسم مذکر۔ سست - کاہل - آلسی - آلکسی - مجہول۔

احسان اُٹھانا یا لینا ا۔ ف ل۔ ممنون ہونا - شکر گزار ہونا - گُن ماننا

احسان رکھنا و۔ ف م۔ شکر گزار یا ممنون بنانا۔ اپنے احسان کا شکریہ چاہنا۔

احسان فراموش ع ف۔ صفت۔ (۱) کسی کی مہربانیوں اور بھلائیوں کو بھول جانے والا - نگنا - بے احسانا - کافر نعمت - ناشکرہ (۲) بے مروت - بے وفا۔

احسان ماننا ہ ف ل۔ گُن ماننا شکر گزار ہونا۔

احمق بنانا ا۔ ف م۔ (۱) بے وقوف بنانا - اُلو بنانا ہنسی اُڑانا - کھلی اُڑانا۔ (۲) دھوکا دینا - آنکھوں میں خاک ڈالنا - سر مونڈنا - تجھ کو احمق بنا کر اپنی ہنڈیا گرم کر لیتا ہے

اختر بختر ا۔ اسم مذکر۔ مال و اسباب - بدھنا بوریا - برتن بھانڈا - مال و متاع - انگر مکھنگر

اختیار ع۔ اسم مذکر۔ (۱) قبولیت - پسند بھاؤنا - (۲) مرضی - خوشی - آزادی - تمہیں اختیار ہے - (۳) قبضہ - قابو - بس - ہمکو اُنپر کچھ اختیار نہیں ہے - (۴) حق - استحقاق ادھکار - بیگانے مال پر ہمکو کیا اختیار ہے (۱) مداخلت - حکومت - ادھکار (۲) فرض - کام - خدمت - اُسکو نہر جمن کا اختیار ملا ہے۔

اختیاری ع۔ صفت۔ جسکے کرنے نہ کرنیکا اختیار ہو بخلاف مجبوری - اختیاری مضمون وہ مضمون جسکا پڑھنا نہ پڑھنا۔ طالب علم کی مرضی پر چھوڑا جائے

آخر ہونا ا۔ ف ل۔ (۱) ختم ہونا - نبڑ جانا - پورا ہو جانا - تمام ہونا (۲) جاں بحق ہونا - مرنا - دم نکلنا۔

آخر۔ اخیر ع۔ اسم مذکر۔ (۱) انت - انجام - انتہا - چھور - حد (۲) نتیجہ - پھل - ثمرہ اسکا اخیر اچھا نہیں ہے۔

آخر۔ اخیر۔ آخری ع۔ صفت (۱) پچھلا - انت کا - دوسرے سرے کا - (۲) پاس کا قریب کا پچھلا - اُنکی آخری بات کیا تھی (۳) ناطق - کامل - فیصل - آخر حکم اخیر کیا ہوا - ج

آخر، آخرالامر، آخرکو، آخرکار، آخرش م ف - (۱) انجام کار، انت کو، قصہ کوتاہ۔ آخر کیا ہوا بیان تو کرو (۲) ناچار، مجبوراً، ہار کر، ہار جھک مار کر۔ آخر منظور کرنا ہی پڑا۔

آخرت سنوارنا ف م - ایسی کرنی کرنا جس سے زبان یا مکتی ہو جاے، نجات کے کام کرنا۔ جو ماباپ کی خدمت کرتا ہے اپنی آخرت سنوارتا ہے

آخری بہار ا - اسم مؤنث - (۱) فصل یا رت کے میووں کا اختتام - (۲) زوال کا وقت - ڈھلتی بہار عمر کا اُتار، حُسن کا زوال۔

آخری زمانہ، آخری وقت ا - اسم مذکر - (۱) وقت کا اخیر دورہ - کلجگ - گھٹتی کا پہرا - (۲) قُربِ قیامت - پرلو کا سما - (۳) بڑھاپا - پیری - وقتِ مرگ - دم واپسیں - مرن بیلا۔

اِخلاص جوڑنا ا - ف م - دوستی یا ربط پیدا کرنا - یاری جوڑنا - دوستانہ کرنا - بہنا پا جوڑنا۔

اِخلاص میں آنا ا - ف ل - کسیکی دوستی پر کُود نا یا نازاں ہونا - چاؤ میں آنا - لاڈ کرنا - نخرہ کرنا - اِترانا۔

بہت خلاص میں نہ آنا - میں ایسا یارانہ کم پالتا ہوں

آخور ف - اسم مؤنث - (۱) چارپایوں کی گھاس کھانیکی جگہہ - کھور - (۲) طویلہ - اصطبل میر آخور = داروغہ اصطبل (۳) نکمی اور ناکارہ چیز - واہیات شے - علت الا بلا۔

آخور کی بھرتی ا - اسم مؤنث (۱) کُوڑا کرکٹ (دیکھو آخور ۲) (۲) ناشائستہ اور بے تمیز آدمیوں کا گروہ۔

آدابِ مجلس ع - اسم مذکر - سبھا یا محفل میں اُٹھنے بیٹھنے کے ڈھنگ یا بات چیت کے طریقہ نشست و برخاست۔

ادا کرنا ا - ف م - (۱) دیدینا - چُکانا - بے باق کرنا (۲) پُورا کرنا - کاٹنا - گزرنا (۳) قرأت کے ساتھہ پڑھنا - (۴) بیان کرنا - بتانا - نذر کرنا۔

اُداسا کسنا ف م - (فقیر) سفر کا سامان باندھنا - بدھنا بوریا سنبھال کر لمبا بننا - چلتے پھرتے نظر آنا۔

اذبدا کر ف م (۱) کثرت سے - افراط سے - بالضرور (۲) ضد - ہٹ یا شرارت سے۔

اڈبدا کر کرنا ف م - منع کئے ہوے کام کو ضرور کرنا۔

اڈبلولا ہ صفت - اڈینا - اُدھورا - ناکمل

اِدرار ہونا۔ا۔ف ل۔(طبیب)۔کھل کر یا اچھی طرح سے پیشاب کا آنا۔

اُداسی برسنا یا چھانا۔ ہ۔ف ل۔منہ پر پریشانی معلوم ہونا۔منہ پر ہوائیاں اڑنا۔چہرہ پر بے رونقی دکھائی دینا۔

اُدل بیچان۔ ہ۔صفت جسکے پہچاننے میں کچھ دقت نہ ہو۔فوراً پہچانی جائے۔

اُدما دلگنا ہ۔ف ل۔س उन्माद (ع) (۱) خواہش نفسانی کا زور کرنا۔کام دیو کا کرپا کرنا۔مستانا۔شیطان لگنا (۲) بڑھکر چلنا۔اترانا۔نمود کرنا۔

آدمی۔ف۔اسم مذکر۔(۱) منش۔بشر۔انسان۔(۲) سیانا۔بڑا۔جوان۔بالغ۔(۳) تمیزدار یا سمجھدار شخص۔عقلمند۔دیانت دار شخص ایماندار۔(۴) خدمتگار۔نوکر چیرا۔ملازم۔(۵) یار۔دوست۔آشنا۔پشتی (۶) گھر والا۔خصم۔خاوند۔

آدمی بننا۔ا۔ف ل۔انسانیت کا جامہ پہننا۔لایق ہونا۔مہذب بننا۔تمیز سیکھنا۔

آدمی بنانا۔ا۔ف م۔آدمیت یا تہذیب سکھانا۔تمیزدار بنانا۔

آدمی بیچیے۔ا۔م ف۔فی نفر۔فی کس۔ہر ایک کو۔ایک ایک کو۔

آدمیت اُٹھ جانا۔ا۔ف ل۔انسانیت جاتی رہنا۔انسانیت سے باہر باتیں کرنا۔بدتہذیب ہو جانا۔تمیز نہ رہنا (۲) ہوش و حواس جاتے رہنا۔عقل ٹھکانے نہ رہنا۔دیوانہ ہو جانا۔

آدمیت پکڑنا۔ا۔ف ل۔عقل۔شعور حاصل کرنا۔تمیز سیکھنا۔شایستہ بننا۔اچھے ڈھنگ سیکھنا۔

آدمی کا بن یا جنگل۔ ہ۔مقام جہاں کثرت سے آدمی رہتے ہوں۔

آدھا ہونا۔ ہ۔ف ل۔(۱) نصف ہونا۔(۲) (ع) دُبلا ہونا۔لاغر ہونا۔

بچہ (وہی دن کے بخار میں آدھا ہو گیا

آدھا آدھا ہونا۔ ہ۔ف ل۔(ع) (۱) کڑھنا۔افسوس کرنا۔تھوڑا تھوڑا ہونا۔(۲) جی شرمانا۔محجوب ہونا۔

آدھا تیتر آدھا یا آدھی بٹیر۔ محاورہ۔آدھا کچھ اور آدھا کچھ۔جو چیز یکساں نہو۔بے جوڑ۔بے میل۔ناقص۔

اُدھار کھائے بیٹھا ہے۔یعنی پہلے سے اسنے برائی کا ارادہ کر لیا ہے۔پہلے سے برا چیت رکھا ہے۔بدخواہ ہو گیا ہے۔جانی دشمن بن گیا ہے۔

وہ تو میرے اُوپر اُدھار کھائے بیٹھا ہے

اُدھر چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ پنجوں کے بل چلنا۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا۔ غرور کرنا۔ اترانا۔

اِدھر سے اُدھر کر دینا۔ ہ۔ ف م۔ کسی چیز کو ایک طرف سے دوسری طرف رکھدینا۔ چھپا دینا۔ الوپ کر دینا۔ (۲) چرا لینا۔ تیر کر دینا۔ تلپٹ کر دینا۔ اُبھار دینا۔ (۳) بے ترتیب کر دینا۔ گڈمڈ کر دینا۔ بلا دینا

اِدھر کاٹے اُدھر اُلٹ جائے۔ آپ ہی کاٹتا ہے اور آپ ہی پلٹ جاتا ہے۔ آپ ہی ستاتا ہے اور آپ ہی ٹکر جاتا ہے یا کانوں پر ہاتھ دھر جاتا ہے۔

اِدھر کی دُنیا اُدھر ہو جانا۔ ف ل۔ زمانہ کا پھر جانا یا پلٹ جانا۔ ایک عالم کا دشمن ہو جانا۔

یہہ کس سہ کی ترچھی نظر ہو گئی
اِدھر کی جو دُنیا اُدھر ہو گئی

اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے۔ محاورہ ہمتو دنیا کے کام کے رہے نہ دین کے محض بیکار ہو گئے۔ کسی کام کے نہیں رہے۔

نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم
نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے

اِدھر ہو جائے یا اُدھر ہو جائے۔ مدت کے بیمار کی نسبت اُسکے تیماردار تنگ آکر یہہ کلمہ کہا کرتے ہیں یعنی یہہ بیمار اچھا ہو جائے یا مر جائے جیتا ہے نہ مرتا ہے عجب مخمصہ میں اِسنے پھنسا رکھا ہے۔

اُدھڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ س ج پھاڑنا (۱) سیون۔ یا ٹانکے کھل جانا۔ (۲) جُدا ہونا۔ الگ ہونا۔ الفط ہونا۔ ٹوٹنا۔ (۳) پٹنا۔ کھال اُڑنا۔ مار کھانا۔ (۴) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ دیوالہ نکلنا۔ مُفلس ہونا۔

دھی بیٹی کے خرچ سے اُدھڑ گئی!

اُدھیڑ آٹا۔ گزر اوقات کی صورت۔ گزارہ۔ نوکری۔ ٹکڑا۔

کہیں میرا بھی آدھ سیر آٹا لگا دیجے تو بڑی پرورش ہو۔

اُدھلی پڑنا۔ اُدھلی جانا۔ اُدھل جانا۔ عورت کا خواہش نفسانی سے مجبور ہو کر بدکار ہونیکی علامتیں ظاہر کرنا۔ بدکار اور فاحشہ ہو جانا۔

اُدھم میں چھوڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کام کو اُدھورا یا ادبنا چھوڑنا۔ بیچ میں چھوڑنا۔ دغا دینا۔ (بعض آدمی غلطی سے اسکی جگہہ ادھیر میں چھوڑنا بولتے ہیں)

اَدھوڑی تانناہ - ف م - (بازاری) - اِتنا کھانا کہ پیٹ خوب تن جاے اور سانس لینے کو جگہ نرہے - خوب پیٹ بھر کے کھانا - خوب ڈٹ کے کھانا - شکم پُری کرنا -

آدھوں آدھ یا آدھوں اُودھ کرنا ہ - ف م - برابر کے دو حصّے کرنا - پُورے دو بھاگ کرنا - نِصفا نِصفی کرنا

آدھی بات نہ پوچھنا - ہ - ف م - کِسی کی ذراسی بات بھی نہ پُوچھنا - کسی کی ذرا بھی خاطر تواضع نکرنا - متوجہ نہونا - بیقدری یا نادر کرنا -

آدھی بات نہ کہنا - ف ل - کسی سے کچھ نہ کہنا - ہونٹھ تک نہ ہلانا - کسی سے ذرا بات نکرنا -

آدھی رات اِدھر آدھی رات اُدھر محاورہ نیم شب - ٹھیک آدھی رات - نکھنڈ آدھی رات -

آدھی کو چھوڑ کر ساری کو دھانا یا دَوڑنا ہ - ف م - تھوڑے سے لگے روزگار یا اپنی تھوڑی سی بندھی آمدنی کو چھوڑ کر زیادہ کی ہوس کرنا آدھی کو چھوڑ کر ساری کو دھلائے (یہ دوڑے) بھوکی رہے نہ ساری پائے - مثل

اُدھیڑبُن - ہ اِسم مؤنث (۱) کسی کام کے کرنے کا اِرادہ کرنا اور پھر موقوف کرنا - تنہائی میں طرح طرح کے خیالات کا آنا جانا - فکر و اندیشہ - چنتا - تردّد - سوچ بچار - (۲) کتر بیونت - پس وپیش - تدبیر اُپائے - تجویز - (۳) طبیعت کی بیچینی - بیکلی بیقراری سانسا - پریشانی - حیرانی - (۴) دِقت - دشواری - مُصیبت -

اپنی اُدھیڑبُن نہ گئی بعدِ مرگ بھی
ہم قبر میں بھی تارِ کفن سانٹتے رہے

اُدھیڑنا - (۱) ٹانکا یا سیون جُدا کرنا - سلائی کو کھولنا (۲) کھولنا - الگ کرنا - بل اُدھیڑنا - (۳) - الگ الگ کرنا - اُوپر کا حصّہ الگ کرنا - اُتارنا - اُکھاڑنا مثلاً روٹی اُدھیڑنا - چھت اُدھیڑنا (۴) مارنا - پیٹنا - نِشان ڈالنا - کھال اُڑانا - مارتے مارتے کُدھیڑ دیا (۵) تباہ کرنا - برباد کرنا - مُفلس بنانا - بیاہ کے خرچ نے تو اُدھیڑ دیا (۶) کاٹنا - ڈنک مارنا سُجانا - دَور سے ڈالنا

کھٹملوں نے تو ساری پیٹھ اُدھیڑ دی!

(۷) (بازاری) کھانا - توڑنا - ہاتھ مارنا - چٹ کرنا - ڈکرنا -

آج تو خوب روٹیاں اُدھیڑی ہونگی!

اَدھین ہونا ہ - ف ل - (۱) مطیع ہونا -

فرماں بردار ہونا (۲) پر آسرے ہونا محتاج ہونا (۳) نوکر و ملازم ہونا۔

آراستہ۔ ف۔ صفت (۱) بنا سنورا سجا ہوا۔ مُرتّب۔ باقرینہ (۳) تیار لیس کیل کانٹے سے درست

آرلگانا۔ مارنا یا گھسیڑنا۔ ہ۔ ف م۔ انکس مارنا۔ جگانا۔ مستعد کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ ایڑ لگانا۔

آرام پانا۔ ہ۔ ف ل۔ چین مِلنا۔ سُکھ پانا۔ تندرست ہونا۔ شِفا پانا۔ اچھا ہونا۔ صحت ہونا

اڈّا۔ اسم مذکر۔ س **مہال** (۱) جانوروں کے بیٹھنے کی ایک لکڑی۔ بُلبلوں کا اڈّا۔ (۲) جالی وغیرہ کاڑھنے کا ایک چوکھٹا۔ (۳) ایک مُقرری اندازہ۔ پیمانہ۔

اکثر گوٹے کا اڈّا چالیس گز کا ہوتا ہے

(۴) وہ جگہہ یا مقام جہاں ہم پیشہ آدمی مثل مزدور۔ گاڑیبان۔ کہار۔ جواری۔ اور نشہ باز وغیرہ جمع رہتے ہیں۔ اور جی بہلاتے ہیں۔ اڈّہ

(۵) رنڈیوں کے رہنے کی جگہہ۔ کوٹھی۔ چکلہ کسبی خانہ۔ (۶) (اڈّا) اسٹیشن۔ تھانہ۔ تھان پولس اسٹیشن۔ (۷) ہندوستانی جوتی کا پچھلا ایک حصہ۔

آرام پائی۔ و۔ اسم مونث۔ جوتی کی ایک قسم ہے۔ پاپوش۔

آرام جاں۔ ف۔ اسم مذکر۔ (نظم) معشوق محبوب۔ پریتم۔ من موہن۔

آرام طلب۔ ف۔ صفت۔ (۱) آرام ڈھونڈنے والا (۲) سُست۔ آلسی۔ آلکسی۔ احمق۔ کاہل۔ مجہول۔

آرام کرنا۔ و۔ ف ل (۱) سستانا۔ دم لینا (۲) لیٹنا۔ ایڈنا۔ سُستی اُتارنا۔ (۳) سونا۔ استراحت فرمانا۔ ہم گھر کے تہ خانہ میں آرام کریں گے (۴) ف م۔ اچھا کرنا۔ تندرست کرنا۔

آرام گاہ۔ ف۔ اسم مونث (۱) رہنے یا سونے کی جگہہ۔ سونے کا کمرہ۔ خوابگاہ (۲) مقبرہ۔

آرام میں ہیں۔ لیٹے ہوے ہیں۔ سوتے ہیں۔ استراحت فرماتے ہیں۔

آرام والی۔ اسم مونث۔ جورو۔ بیوی۔ گھر والی۔ آرام تو آرام والی کے ساتھ گیا اب پڑ رہنا ہے

اربابِ سخن۔ ف۔ اسم مذکر۔ فصیح آدمی۔ فصحا۔ شاعر۔ کوی۔

اربابِ نشاط۔ ف۔ اسم مذکر۔ گانے بجانے والے۔ ناچنے گانے والے۔ ڈوم ڈھاری مُغنّی۔ گویّے۔ مطرب۔ قوال۔

آرپن کرنا۔ ایشوریت کوئی چیز دینا۔ وقف کرنا۔ خیرات دینا۔

ارتھ بچارنا یا نکالنا۔ ہ۔ ف ل۔ معنی نکالنا۔ معنی پیدا کرنا یا سمجھنا۔

ارتھی نکلے۔ تیری ارتھی ہی نکلے (ہ عو) ایک کوسنا ہے۔ تو مرجاے۔ تیری لاش نکلے۔ درگور۔

اردلی میں رہنا۔ اردلی میں چلنا ا۔ ف ل۔ سواری کے ساتھ رہنا یا چلنا۔ ساتھ ساتھ رہنا یا چلنا۔ ہمرکاب چلنا۔

ازدلی اترنا ا۔ ف ل۔ (بازاری) ایک عورت کے ساتھ کئی شخصوں کا پے در پے ایک دوسرے کے بعد جماع کرنا۔

اردوے معلی ت ع۔ اسم مونث (۱) درباری زبان (۲) خاص دہلی کی زبان۔

اردو بازار ت ف۔ اسم مذکر۔ چھاؤنی کا بازار۔ صدر بازار۔

ازرق چشم ع ف۔ صفت (۱) کرنجا۔ گربہ چشم کبیرا۔ نیلی پتلی والا (۲) بے مروت۔ بے دید۔

ازروکرنا ا۔ ف ل۔ (۱) چاہنا۔ مانگنا۔ خواہش کرنا۔ (۲) التجا کرنا۔ منت کرنا۔ خوشامد کرنا۔

ازروا ٹھانا ا۔ ف ل۔ (عوام) التجا کرنا احسان لینا۔ خوشامد کرنا۔

ارکانِ دولت ف۔ اسم مذکر۔ وزرا۔ امرا اہالی موالی۔ بادشاہ یا راجہ کا عملہ۔

ارگھ چڑھانا یا دینا ہ۔ ف م۔ (ہندو) چاندیا سورج کو جل دینا۔ کسی دیوتا پر کوئی چیز چڑھانا

ارمان بھری ت ہ۔ صفت (عو) حسرت والی۔ شوق میں چور۔ خواہشوں سے پر

ارمان رہجانا ت۔ ہ۔ ف ل۔ دل کی ہوس دل میں رہجانا۔ حسرت نہ نکلنا جی کی جی میں رہنا۔

ارمان نکالنا ا۔ ف م۔ اپنے دل کی اُمنگ نکالنا۔ آرزو پوری کرنا۔ حسرت نکالنا۔ شوق پورا کرنا۔

ارنڈ کی جڑ ہ۔ صفت۔ نہایت ناپائدار اور بے ثبات چیز۔ اسکو اکثر نوکری کی نسبت زیادہ بولتے ہیں۔ نوکری ارنڈ کی جڑ ہے۔

ارواح بھٹکنا ا۔ ف ل۔ (م عو) (۱) روح کا ڈانوا ڈول ہونا۔ مردہ کی روح کا اپنے عزیز و اقربا کی تلاش و یاد میں آوارہ پھرنا۔ (۲) ہر ایک بات کو دل چاہنا۔ دلی خواہش کا پورا نہونا۔ کسی چیز کے واسطے جی بیکل ہونا

ارواح بھر جانا ا۔ ف ل۔ (م عو) اتنا کھانا کہ جی پھر جاے۔ طبیعت سیر ہوجانا۔ جی بھر جانا۔ نیت بھر جانا۔

ارواح پھر جانا ا۔ ف ل۔ (م عو) کسی چیز کے کھانے سے یہانتک سیر ہونا کہ جی اُس سے ہٹ جائے۔ جی اُکتا جانا۔ جی

بھر جانا۔

اڑے ترے کرنا ہ۔ف م۔ ٹوٹکار کرنا۔ اڑے تبے کرنا سخت کلامی کرنا۔

اُڑیب کی باتیں / **اُڑیبواں باتیں** ا۔ اسم مؤنث۔ لپیٹواں باتیں۔ پیچیدہ گفتگو۔ دھوکے کی گفتگو۔ چھل بٹے کی باتیں۔ اور رنگ زیبی باتیں۔

اُڑیب کی چال ا۔ اسم مؤنث۔ دھوکے کی چال۔ دغا و فریب کی بات۔

اڑے بلے کرنا ۔ا۔ ف م۔ آجکل کرنا۔ ٹالنا۔ لیت ولعل کرنا۔

اڑے چلنا۔ / اڑے چلنا۔ ا۔ ف ل۔ سخت مُصیبت یا تکلیف اٹھانا۔

اُڑ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) ہٹ۔ ضد۔ (۲) پیچ۔ تعصّب۔ پاسِ سخن (۳) دست کا کھلکر نہ آنا۔ قبض۔

آڑ۔ ہ اسم مؤنث (۱) روک۔ اوٹ۔ مٹّی۔ پردہ۔ (۲) بچاؤ۔ پناہ۔ سہارا۔ (۳) کفالت۔ کفیل۔ بندھک۔ ضامن بچولیا (۴) ٹیکن۔ سہارا۔ اُڑھیکن۔

اڑا کر لینا۔ ہ۔ف م۔ زبردستی یا مجبور کرکے کوئی چیز وصول کرنا۔ دھتّیا دھرنا دیکر لینا۔ فوراً لے لینا۔

اُڑا لینا۔ ہ۔ف م۔ (۱) غائب کر لینا۔ چُرا لینا اُبھار لینا۔ (۲) طبیعت کی تیزی سے کوئی چیز دیکھکر سیکھ لینا۔

اڑانا / اڑا دینا ہ۔ف م۔ س आलि - (۱) ٹھیرانا۔ اٹکانا۔ روکنا۔ اُلجھانا۔ پھنسانا (۲) دخل دینا۔ حارج بننا۔ روک بننا (۳) زبردستی شامل یا داخل کرنا۔ گھسیڑنا۔ (۴) بھرنا۔ لگانا۔ کرنا۔ مثلاً ڈاٹ اڑانا۔ (۵) (بازاری) گھسیڑنا۔ چُھونا۔ دخول کرنا۔ (۶) مجبور کرنا۔ دبانا۔ ناچار کرنا۔

اُڑانا۔ / اُڑا دینا ہ۔ف م۔ س उत् + डी - (۱) کسی چیز کو ہوا میں بہانا۔ طیران یا پرواز میں لانا۔ (۲) دُور کر دینا۔ سکھا دینا پچھوا نے دھرتی کی ساری آل اُڑا دی (زمیندار) (۳) تیز دوڑانا۔ خوب بھگانا۔ پکانا۔ کیا گھوڑا اُڑائے جاتا ہے!

(۴) ہنکانا۔ ہٹانا۔ دُور کرنا۔ مارنا: جانور اُڑانا (۵) کاٹنا۔ تراشنا۔ الگ کرنا۔ جدا کرنا۔

ایک ہاتھ میں سر اُڑا دیا

(۶) سُنی اَن سُنی کرنا۔ توجہ نہ دینا۔ ٹالنا

اِس کان سُنی اُس کان اُڑا دی

(۷) مرقوف کر دینا۔ نکالنا۔ چھڑا دینا۔

اُڑانا - (۸) مال یا دولت برباد کرنا - اُٹھا دینا - ضایع کرنا (۹) بھگا لیجانا - چھپا دینا - غایب کر دینا ڈہٹ بدی کرنا (۱۰) دور کرنا - چھیلنا - حک کرنا حرف اُڑانا (۱۱) چھیکنا - قلم پھیرنا - کاٹنا + یہہ رقم اُڑا دو (۱۲) پریشان کرنا - اُچھٹانا - کھونا + ہوش اُڑانا (۱۳) اُچھالنا پھینکنا + خاک اُڑانا (۱۴) کھولنا - پھیلانا - لگانا + پال یا جھنڈا اُڑانا (۱۵) مشہور کرنا - عام کرنا - پھیلانا - (۱۶) الزام لگانا - بدنام کرنا رُسوا کرنا - (۱۷) بیجا تعریف کرنا - احمق بنانا - مسخرا بنانا - (۱۸) سیکھ لینا - اختیار کر لینا + ڈھنگ - وضع یا طرز اُڑانا (۱۹) تپیٹ کر دینا - اُبھار دینا - الگ کر دینا - چُرانا - مارنا - غضب کرنا - (۲۰) پینا - نوش کرنا + حقہ یا شراب اُڑانا (۲۱) چٹ کرنا - کھا کہو صاحب! آج تو بڑے مال اڑائے ہونگے (۲۲) پانا - حاصل کرنا + مزہ اُڑانا (۲۳) (بازاری) - جماع کرنا - کام یا ڈولا بنانا (۲۴) مارنا - ٹکرانا + نشانہ اُڑانا (۲۵) لگانا - سہی کرنا - کا لگانا - مارنا + چانٹے اُڑانا (۲۶) جلدی یا تیزی کے ساتھ گانا + ٹھمری یا تان اُڑانا - (۲۷) - سے مارنا - پٹخ دینا چڑھ + ڈھڑ پہ اُڑانا (۲۸) کھیلنا - آج کے بازاں اُڑائیں؟

اُڑان کھائی بتانا - ہ - فم - (۱) کوڑی کو اُڑا کر (یعنی چھپا کر) اُنگلی کی گھائی میں رکھ لینا - جیسا کہ جواری کرتے ہیں (۲) فریب دینا - دھوکا دینا - دم دینا (۳) ٹالنا حیلہ و حوالہ کرنا - ٹال مٹول کرنا -

اُڑاؤ کھاؤ - ہ - صفت - بہت سا روپیہ اپنے کھانے اور دوسروں کے کھلانے میں خرچ کرنیوالا - فضول خرچ - کھاؤ لٹاؤ -

اُڑپکڑنا - اُڑتا پکڑنا ہ - ف ل - کسی کو اپنی آڑ یا روک بنانا - کسی کا سہارا لینا - پناہ میں آنا - دامن پکڑنا - (۲) حیلہ کرنا - بہانہ کر دینا -

اُڑتی چڑیا کو پہچاننا - اُڑتی چڑیا پہچان لینا - ہ - فم - (کسی پرند کو اُڑتی ہوئی حالت میں جان لینا کہ فلاں قسم کا پرندہ ہے) بڑی نظر بازی کی کام کرنا - دُور کی اور گہری بات سمجھ لینا - دلی ارادہ سمجھ جانا - دِل کی بات جان لینا - قیافہ سے مافی الضمیر دریافت کر لینا -

اُڑتی سی خبر - اُڑتی پڑتی خبر - ا - اسم مونث - وہ بات جو ابھی تک ہوا میں اُڑ رہی ہو - یعنی جلد جلد اس مُنہہ سے اُس مُنہہ میں پہونچتی ہو - اور ابھی تک اُسکو جماؤ نصیب نہوا ہو - بے تحقیق اور بازاری بات - غیر معتبر

اُڑچ

خبر۔ گپ۔ افواہ۔

اُڑ چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) اپنی حد یا مقدور سے بڑھکر کوئی کام کرنا یا کچھ کہنا۔ (۲) بدراہ یا بدکار ہو جانا۔ چال وچلن خراب ہو جانا۔ گھمنڈ کرنا۔ اِترانا۔ ہوا سے باتیں کرنا۔

اُڑد پرسفیدی۔ ہ صفت۔ بہت ہی تھوڑا۔ نہایت کم۔ مقدار قلیل۔ اقل مقدار۔ بدچلن لڑکے ماباپوں کا اتنا بھی کہنا نہیں مانتے جتنی اُڑد پر سفیدی۔

اُڑد پڑھکر مارنا۔ ہ۔ ف م۔ سپیرے یا جادوگر اکثر اُڑدوں پر کچھ منتر پڑھکر اُن کو سانپ پر مارتے ہیں یا آسمان کی طرف پھینکدیتے ہیں جس سے سانپ یا کوئی دشمن مطیع ہو جاتا ہے۔ جادو کرنا۔

اُڑد (یا ماش) کے آٹے کیطرح اینٹھتا ہے یا اینٹھے جاتا ہے۔ چونکہ اُڑد کا آٹا گوندھتے وقت اپنے لیس کے سبب سے اینٹھتا ہے اِسی سبب سے بہت اینٹھنے یا اکڑنے والے آدمی کو اُڑد کے آٹے کی اینٹھن سے تشبیہ دیا کرتے ہیں۔ جوں جوں سمجھاتے ہیں اُڑد کے آٹے کیطرح اینٹھے جاتا ہے

اُڑن

اُڑکر کہاں جاؤگے۔ ہم سے اُڑکر کہاں جاؤگے۔ محاورہ۔ بھاگ کر کہاں جا سکتے ہو۔ نکل کر کہاں جاؤگے۔ ہم سے کسی طرح دور نہیں ہو سکتے۔

اُڑکھڑا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ رک بنکر کھڑا ہو جانا روک ہو جانا۔ سدراہ ہونا مخل ہونا۔

اُڑکے بیٹھنا۔ اُڑ بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ دھرنا دیکر بیٹھ جانا۔ ضد کرکے جم جانا۔ ڈھٹی دیدینا۔ کسی چیز کو لیکر ٹلنا۔

اُڑکے منہ میں کھیل نہیں گئی۔ محاورہ۔ جب کوئی بیمار کچھ نہیں کھاتا تو عورتیں اُسکی نسبت یہہ فقرہ بولتی ہیں یعنی اِسنے کھیل سے ہلکی چیز جو ہوا سے اِدھر اُدھر اُڑ سکتی ہے اور جسکے اُٹھانے اور کھانے میں کچھ دقت نہیں ہے اِسنے وہ بھی نہیں کھائی ہے مراد مطلق کچھ نہیں کھایا ہے۔ جب سے بخار چڑھا ہے اُڑکر منہ میں کھیل نہیں گئی

اُڑنا۔ اُڑجانا۔ ہ۔ ف ل۔ س (اُڑانا کا فعل لازم ہے۔ یہاں صرف وہ معنی دئے جاتے ہیں جو زیادہ تر لازمی حالت میں آتے ہیں) (۱) جاتا رہنا۔ کم ہو جانا۔ پھیکا پڑنا۔ مدھم ہونا۔ رنگ اُڑگیا۔ (۲) پھلانگنا۔ کودنا۔ کھائی اُڑجاتی ہے۔ (۳) مٹنا۔ ناپیدا ہونا۔

گم ہونا - فنا ہونا - جاتا رہنا - (۲) حد سے زیادہ کرنا - اِترانا - گھمنڈ کرنا - اُڑ کر چلنا اچھا نہیں ہوتا - (۵) دھوکا دینا - دم دینا چال چلنا - ہمارا جانا اور ہمیں سے اُڑے

اڑنا - ہ - ف ل - (یہاں صرف وہی معنی دئے جاتے ہیں جو نہایت درلازمی حالت میں آتے ہیں - باقی معنی اڑانا میں دیکھو) (۱) جم جانا - حرکت نکرنا - نہ سرکنا - (۲) ہٹ کرنا - مچلنا - ضد کرنا - (۳) پیچ کرنا - پاس سخن کرنا - (۴) اُلجھنا - تکرار کرنا - جھگڑنا - (۵) (اڑ دینا) دھونا - رکھنا - لگانا - بڑا جگرے والا ہے سو سو روپیہ ایک داؤں پر اڑ دیتا ہے (۶) بیچ میں بولنا - دخل دینا - مداخلت کرنا

اُڑن چھو ہونا / **اُڑان چھو ہونا** - ہ - ف ل - (قاعدہ ہے کہ جھاڑنے والے یا تعویذ گنڈا کرنیوالے لوگ جہاں کچھ پڑھکر مریض پر چھو کرتے ہیں تو مرض کا بھوت پریت یا جن چھو کے سات اُڑ جاتا ہے اسی سے یہ محاورہ بنا ہے) دُور ہو جانا بھاگنا - رفو چکر ہونا - چل دینا - غایب ہو جانا

اُڑن کھٹولا - ہ - اسم مذکر - (۱) تختِ رواں غبارہ جیسے سواری - پریوں کا تخت (۲) بچوں کا پنگورا یا گہوارہ (۳) بوان - ارتھی جنازہ -

اڑنگا لگانا - ہ - ف م - (۱) روک لگا دینا بھانجی مارنا - سندراہ ہونا (۲) ٹھوتی یا ٹیکن لگانا - سہارا لگانا -

اڑنگ بڑنگ ہانکنا - ف ل - (۱) واہی تباہی باتیں بکنا - بادہوائی باتیں کرنا مہمل و بے سر و پا گفتگو کرنا (۲) دُون کی لینا - شیخی کرنا - شیخی بگھارنا -

اڑنگ بڑنگ ہونا - ہ - ف ل - بے جگہ ہو جانا - ٹل جانا - جگہ سے ہٹ جانا ناف نلے اڑنگ بنگ ہو گئے

اڑنگے پر چڑھانا - ہ - ف م - داؤں پر چڑھانا قابو میں لانا - دم جھانسا دیکر بس میں آنا

اڑنگے پر مارنا - ہ - ف م - (۱) دشمن کو داؤں کے ذریعہ سے دے پٹخنا - (۲) کسیکو دھوکے سے نقصان پہنچانا - دھوکا دینا فریب دینا -

اڑنی بیماری - و - اسم مونث - وہ بیماری جو دوسرے آدمی کو اُڑ کر لگجاتی ہے جیسے کھجلی وغیرہ - مرض متعدی -

اُڑی اُڑی طاق پر بیٹھی - محاورہ - ہوے ہوے پھیل گئی - رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی -

آڑے آنا - ہ - ف ل - (۱) روک بننا بیچ میں حائل ہونا - (۲) مصیبت کے

وقت کسیکی مدد کرنا - کام آنا - سپر بننا - پناہ بننا
ٹل گئی غیر کے سر پر میرے سر کی آفت
میرے آڑے بخدا میری وفائیں آئیں

آڑے بھڑے میں کام آنا
آڑے بھڑے میں یا آڑے ٹھڑے میں کام آنا ہ - ف ل - کسی کی حاجت ضرورت - دقت یا مصیبت میں اُسکی مدد کرنا - کسی کے وقت پر کام آنا -

آڑے ٹھڑے پر یا میں - ہ - م ف - کسی کے وقت کسی میں - ضرورت میں - وقت پر -

آڑے کام سنوارنا - ف م - کسیکی مشکل حل کرنا - کسیکی دقتوں کو رفع کرنا -

آڑیل ٹٹو - ہ - اسم مذکر - وہ ٹٹو جو جگہہ جگہہ اڑتا چلے - ہٹی اور ضدی آدمی - خود رایا - سرکش آدمی -

آڑی مار - ہ - صفت (آڑ = پناہ - یا آڑی = دوست - یعنی یار کا مارنیوالا) یار مار چال باز - دغا باز - ستمگر - ظالم -

آڑیوا - ہ - اسم مذکر - (ہندو) جمع - مالیت - پونجی - سرمایہ + کہو جی! کتنا ایک آڑیوا کر لیا ہے

آڑے ہاتھ لینا
آڑے ہاتھوں لینا ف م - (۱) کسیکو آڑے ہاتھ کر کے گولی میں لے لینا - کھپچی بھرنا - گھسینٹ لینا - (۲) (نظم میں) نوچنا - کھسوٹنا (۳) برا بھلا کہنا - دھتکارنا - جھڑکنا - سخت و سست کہنا - سرزنش کرنا - لعنت ملامت کرنا -

آستیں سے نہ کھلا ساعدِ رنگیں اُسکا -
آڑے ہاتھوں تجھے اے پنجۂ مرجاں لیتا

(۴) کھڑکھڑانا - لتاڑنا - جھڑجھڑانا - ٹھیک بنانا - خبر لینا - (۵) شرمندہ کرنا - شرم دلانا - لجانا - ذلیل کرنا - غیرت دلانا -

آزاد کا سونٹا - ا - اسم مذکر - (۱) وہ آدمی جسکو کسی کا لحاظ نہ ہو اور جو منہ میں آئے وہ کہدے - نڈر - صاف - دبیاک آدمی - فقیر کا سونٹا - جو ہر جگہ اور ہر موقع پر کام دیتا ہے - (۲) وہ شخص جو کہیں نہ چوکے - گنوار کا لٹھ - (۳) بے شرم - بے حیا - نلجا -

ازار بند کا رشتہ
ازار بندی رشتہ ا - اسم مذکر - جورو کی طرف کا رشتہ گھگریانا تہ - (حقارتاً) ادنیٰ رشتہ (طنزاً) زبردست رشتہ -

ازار بند کی ڈھیلی
ازار بند کا ڈھیلا ہر وقت بدکاری کے واسطے مستعد - نفس پرست - بدکار - چھنال - فاحشہ -

ازار بند نہ کھلنا - ف ل - (بازاری) کسی سے ہم بستر ہونا - چیرہ بند ہونا - باکرہ

ہونا۔ کلی نہ ٹوٹنا۔

ازار میں پہن لیا۔ تو نی تو محاورہ۔ (م عو)
ازار میں ڈالکر پہن لیا تو تو ہمیں
خاطر میں ہی نہیں لاتی۔ تجھے تو ہمارا ڈر ہی نہیں
رہا۔ تو تو ذرا خوف نہیں کرتی۔

ازالہ بکر کرنا۔ فعم کو اپنے یا کوا رچھت
اُتارنا یا چیرہ توڑنا +

ازالۂ حیثیت عرفی۔ اسم مؤنث کسی کی عزت
میں خلل اندازی۔ ہتک عزت۔ آبرو ریزی۔

ازبر ۔ ف م ف۔ نوک زبان۔ حفظ۔
کنٹھ۔ برزبان۔

ازبس ۔ ف۔ صفت۔ نہایت۔ بہت ہی
ازحد ۔ ات گت۔ بیحی۔

ازخود۔ م ف۔ (۱) آپ سے آپ۔ خود بخود
۔ (۲) ارادۃً۔ قصداً۔ عمداً۔ جانکر۔

ازخود رفتہ۔ ف۔ صفت (۱) آپے سے
باہر۔ بیخود۔ بے ہوش۔ مدہوش۔ (۲)
سڑی۔ پاگل۔ دیوانہ۔ باؤلا۔

ازسرتاپا ۔ ف م ف۔ سر سے لیکر پاؤں
ازسرنو ۔ تک۔ ایڑی سے چوٹی تک۔
آدے انت تک۔ اوّل سے آخر تک۔ کل
۔ تمام۔ سارا۔ نئے سرے سے۔ شروع سے
آخیر تک۔ دوبارہ۔ سرے سے۔

ازغیبی دھکا ۔ ا۔ اسم مذکر۔ آفت آسمانی
ازغیبی گولا آسمانی بلا۔ آفت ناگہانی

ازمودہ لینا۔ ف م۔ (ان پڑھ) عندیہ
یا منشا دریافت کرنا۔ بھید لینا۔

آس ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) خواہش۔ چاہنا
(۲) اُمید۔ آرزو۔ توقع۔ (۳) بچہ ہونیکی
امید۔ امید حمل۔ پیٹ۔ (۴) اولاد۔
بال بچہ۔ لڑکا بالا۔ (۵) پناہ۔ سرن۔ اوٹ
۔ سہارا + مارگ تکیاں تیری آس۔ مثل
(۶) مدد۔ سہائتا۔ سہارا۔ ٹیک۔ ٹیکن۔

آسامی اسامی ع۔ اسم مؤنث۔ (۱) نام۔
اسم۔ سنگیا۔ (۲) آدمی۔ نفر۔ شخص۔ منش۔
(۳) اُدھار لینے والا۔ گاہک۔ خریدار۔
(۴) (قانون) رعیت۔ بوآ۔ جوتا۔ کسان
مزارعہ۔ ٹھیکہ دار۔ (۵) خدمت۔ عہدہ۔
نوکری۔ (۶) مدعی یا مدعا علیہ۔ گواہ۔ دین دار
قرضدار۔ (۷) رنڈی۔ کسبی۔ آشنا۔ یار
بیشنی۔ (۸) امیر آدمی۔ مالدار۔ موٹی چڑیا۔
(۹) وہ شخص جسکو اپنے مطلب کے لئے
احمق بنالیں۔

آسامی بنانا۔ ا۔ ف م۔ یار بنکر ٹھگنا۔
دوست بنکر لوٹنا۔ کسیکو احمق بناکر لوٹنا۔
(یہ محاورہ شاید ساہوکاروں سے لیا گیا ہے جو

کسانوں کو جو آسامیوں کے نام سے پکارے جاتے ہیں مال دیتے اور لیتے دونو وقت خوب مُونڈتے ہیں یا جواریوں سے بناے کہ اوّل میں وہ لوگ نئے کھلاڑی کے ہاتھ جان بُوجھ کر اپنا بہت کچھ روپیہ ہار جاتے ہیں اور پھر اُسکی ساری جمع پونجی دھروا لیتے ہیں)

آس اَولاد - اِسم مؤنث - بال بچے - بیٹا بیٹی - لڑکے بالے -

آس بندھنا - ف ل - (۱) اُمید ہونا - توقع ہونا -

اُستاد - ف - اسم مذکر - (۱) کسی علم فن یا ہُنر کا جاننے یا سکھانے والا - مُعلّم - ماسٹر - (۲) تجربہ کار - آزمودہ کار - ہوشیار - چالاک - (۳) چالاک - حرّاف - بیڈھب - چلتا پُرزہ - عیّار - (۴) (عوام) یار - دوست - آکا

اُستاں بوسی - خدمت گزاری - غلامی - نوکری -

آس تجنا - آس چھوڑنا - ف ل - کسی مطلب کے حاصل ہونے یا کسی کے جینے کی آس نہ رکھنا - اُمید قطع کرنا - ہاتھ دھونا - ہاتھ اُٹھانا -

اِستخارہ کرنا - ا - ف م - (لغوی) خیر چاہنا - کسی کام کے کرنے یا نکرنے میں ایک عمل کے ذریعہ سے اشارہ چاہنا - فال دیکھنا - سوچنا - فکر کرنا -

اُستخوان فروشی - ف - اِسم مؤنث - اپنے بزرگوں کی تعریف - اپنے باپ دادا کی بڑائی -

اُسترہ لینا - ا - ف م - موئے زہار یا کاے بالوں کا اُسترے سے مُونڈنا -

اِستری گامی - س - اِسم مذکّر - رنڈی باز - زنا کار - زانی -

اِستفراغ کرنا - ا - ف ل - قے کرنا یا اُلٹی کرنا -

آس تکنا - آنکھ اٹکنا - ف ل - (۱) آس لگانا - آس رکھنا - اُمید رکھنا - (۲) راہ دیکھنا - اِنتظار کرنا - باٹ دیکھنا - (۳) بھروسہ کرنا - مُنحصر ہونا - (۴) کاہل ہو جانا - احدی بن جانا - بیکار بیٹھا رہنا - ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھا رہنا -

اِستنجا لڑنا - ا - ف ل - (بازاری) از حد بے تکلفی ہونا - غایت درجہ کی دوستی ہونا - پرلے درجہ کا یارانہ ہونا - جی ملجانا -

اِستنجے کا ڈھیلا - ا - اِسم مذکّر - (۱) وہ مٹی کا ڈھیلا جسے استنجا کرکے پھینک دیتے ہیں (۲) نکما - ناکارہ - بیکار -

آستین کا سانپ ۔ ا۔ اِسم مذکر۔ ظاہری دوست ۔ دشمن دوست نما ۔ بغل کا گھونسا

آستین میں سانپ پالنا ۔ ا۔ ف م۔ اپنے دشمن کو آپ پرورش کرنا ۔ اپنے بدانديش کو اپنے پاس رکھنا۔

آستینیں چڑھانا ۔ ف ل ۔ (جب لڑنے کو تیار ہوتے ہیں تو اکثر پہلے آستینیں اوپر کو سرکا لیتے ہیں تاکہ وہ ہاتھوں میں اُلجھ نہ جائیں) لڑنیکو آمادہ ہونا ۔ مستعد بجنگ ہونا ۔ ساؤنٹ ہونا ۔ سامنا کرنا ۔

کبھی دامن جو چھو جاتا ہے اپنا اُنکے دامن سے
تو ہم پر آستینیں وہ سرِ محفل چڑھاتے ہیں

آس ٹوٹنا ۔ ف ل۔ آس نہ رہنا۔ اُمید منقطع ہو جانا ۔ مایوس ہونا ۔ نراس ہونا ۔

آس دینا ۔ ف م ۔ (۱) تھاوس دینا تسلی کرنا ۔ ڈھارس بندھانا ۔ اُمیدوار کرنا ۔ (۲) گانے بجانے میں گانے یا بجانے والے کی مدد دینا سہارا لگانا۔

آسرا ڈھونڈنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ پناہ یا سہارا ڈھونڈنا ۔ پوچھ بھروسہ تکنا۔

آس رکھنا ۔ ف ل ۔ (۱) اُمید رکھنا ۔ آرزو رکھنا ۔ (۲) بھروسہ رکھنا ۔ آسرا رکھنا ۔ (۳) صاحبِ اولاد ہونا ۔ اولاد والا ہونا

آس سے ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ پیٹ حمل یا آدھان سے ہونا ۔ اُمید یا گربھ سے ہونا

اِسقاط حمل کرنا ۔ بچہ کو کسی دوا سے زور سے نکالنا ۔ (بیوہ عورتیں ۔ جوان ۔ کواریاں یا خاوند سے دُور پڑی ہوئی عورتیں یہہ فعل اکثر کرتی ہیں اور اب آزادی کے سبب اِس فعل کی ہندوستان میں ترقی ہوتی جاتی ہے)

آس لگانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) اُمید یا توقع رکھنا ۔ (۲) مدد دینا ۔ سہارا لگانا ۔

اِس کا بڑا دیدہ ہے ۔ (عو) یہ بڑی بیباک ہے ۔ شوخ چشم اور نڈر ہے ۔ دل چلی ہے ۔

اِس کان سُنتا ہے اُس کان اُڑا دیتا ہے ۔ محاورہ ایک کان سے کوئی بات سنتا ہے اور دوسرے کان کے راستہ سے اُسکو باہر نکال دیتا ہے ۔ دل میں ہماری بات کو کچھ جگہ نہیں دیتا ہے ۔ کسی بات کو دھیان سے نہیں سنتا ہے ۔ سُنی اَن سُنی کرتا ہے ۔ کان دیکر نہیں سُنتا ہے

اِس کان سنو یا اُس کان سنو ۔ محاورہ جب

کوئی شخص کسی کام کے کرنے میں توجہ نہیں دیتی چاہتا اور دوسرا اُسکو اُس کام کے کرنے پر مجبور کرتا ہے تو وہ یہہ محاورہ بولا کرتا ہے کہ چاہے تم اِس کان سنو یا چاہے اُس کان سے یہہ کام تو تمکو کرنا پڑے گا۔

اِسلام لانا یا قبول کرنا۔ ف ل۔ اپنا پہلا مذہب چھوڑکر دین محمدی اختیار کرنا مسلمان ہونا۔

آسمان پر اُڑنا۔ ف ل۔ آسمان کو اپنے چلنے یا طیران کا مقام بنانا۔ اُڑکر چلنا۔ غرور کرنا۔ اِترانا۔ بڑھکر چلنا۔

آسمان پر تھوکنا۔ ف ل۔ (جب کوئی شخص کوئی چیز اُوپر کو پھینکتا ہے تو وہ نیچے ہی کو آتی ہے اِسی طرح جو کوئی آسمان پر تھوکتا ہے تو وہ تھوک بھی اُلٹا اُسی پر پڑتا ہے اسی سبب سے اِس کے معنی بیجا حرکت کرنے کے ہوئے) نامناسب کام کرنا۔ ایسا کام کرنا جس سے اُلٹا اپنے تئیں نقصان پہنچے۔

آسمان پر چڑھانا۔ ف م۔ (۱) عزت دینا ممتاز کرنا۔ سربلند کرنا (۲) کسی کی حد سے زیادہ تعریف کرنا۔ بہت تعریف یا بڑائی کرنا۔ فلک پر چڑھانا (۳) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ بنانا۔ بڑھاوا دینا۔

آسمان پر دماغ کھینچنا (کم) } ف ل۔ گھمنڈ
آسمان پر دماغ ہونا (زیادہ) } کرنا۔ غرور کرنا مغرور ہونا۔ خود بیں بننا۔ خود پسند ہونا۔ اپنے برابر کسی کو نہ سمجھنا۔

آسمان پر قدم رکھنا۔ ف ل۔ اِترانا۔ اُڑ چلنا۔ دماغ کرنا۔ نخوت کرنا۔

آسمان پر کھینچنا۔ ف ل۔ اپنے تئیں بڑا سمجھنا (دیکھو آپکو دُور کھینچنا)

آسمان پر ہونا۔ ف ل۔ (نظم) دماغدار ہونا۔ مغرور ہونا۔

آسمان پھاڑے تھیگلی لگائے محاورہ آسمان جیسی اُونچی چیز پر پہنچکر اُسکو پھاڑتی ہے اور پھر پیوند لگاتی ہے گویا بڑی عیار و چالاک ہے۔

آسمان ٹوٹ پڑنا۔ } ا۔ ف ل۔ آفت
آسمان پھٹ پڑنا۔ } آسمانی میں گرفتار
آسمان ٹوٹنا۔ } ہوجانا۔ غضب
آسمان سر پر ٹوٹ پڑنا۔ } الٰہی نازل ہونا۔
آسمانی غضب ٹوٹنا۔ } گھن بپتا پڑنا۔

خدا کے واسطے اتنا تو جھوٹ مت بولو
کہیں نہ ٹوٹ پڑے آسمان کوٹھے پر

آسمان زمین ایک ہونا۔ ا۔ ف ل۔ بڑا بھاری انقلاب ہونا۔ زمانہ کا اُلٹ پلٹ

ہو جانا۔ اِدھر کی دُنیا اُدھر ہو جانا۔

آسمان جھانکنا یا تاکنا۔ ا۔ ف ل۔ آسمان دیکھنا۔ اُڑنے کا ارادہ کرنا۔ (مرغبازی) مرغ کا مستانا۔ تیار ہونا۔ لڑنیکے قابل ہونا۔

آسمان زمین کا فرق (نظم) بڑا بھاری فرق۔ فرق عظیم۔ دیکھو زمین آسمان کا فرق

آسمان زمین کے قلابے ملانا۔ (نظم)۔ عیاری کرنا۔ چالاکی کرنا۔ دیکھو۔ **زمین آسمان کے قلابے ملانا**

آسمان سر پر اُٹھانا۔ ا۔ ف ل۔ نہایت غُل وشور مچانا۔ دُھوم مچانا۔ چیخم دھاڑ۔ ڈالنا۔ اُودھم مچانا۔

آسمان سے باتیں کرنا ا۔ ف ل۔ **آسمان سے ٹکر کھانا۔** بلندی میں آسمان کی برابری کرنا۔ آسمان کو چھونا نہایت بلند ہونا۔ بہت ہی اُونچا ہونا۔

آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔ محاورہ ایک جگہہ سے نکلا اور دوسری جگہہ پھنسا۔

آسمان سے گرنا۔ ا۔ ف ل۔ (نظم) نعمت غیر مترقبہ کا ہاتھ لگنا۔ یوں ہی آجانا۔ پڑا پانا۔ بے محنت مل جانا۔

آسمان کا تھوکا مُنہہ پر آتا ہے۔ محاورہ۔ جو کوئی آسمان پر تھوکتا ہے اُلٹا اُس پر گرتا ہے۔ اپنے سے بڑے کی بُرائی کرنیمیں آپ ہی مُلزم ٹھیرتا ہے۔

آسمان قدر۔ ف۔ صفت۔ ذی مرتبہ۔ عالیجاہ نہایت رُتبہ والا۔

آسمان کو ہلا دیتی ہے۔ محاورہ۔ آسمان بھی گو بڑا ظالم اور جفا کار ہے لرز جاتا ہے۔ غریب کی آہ آسمان کو ہلا دیتی ہے

آسمان کھوچنا۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) ایک قسم کا بہت بڑا حُقّہ جسکی نے زمین سے کوٹھے تک پہنچتی ہے (۲) نہایت اُونچی اور بلند چیز۔

آسمان کے تارے توڑنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ناممکن کام کرنا۔ نہایت مُشکل اور دشوار کام کرنا۔ (۲) عیاری کرنا۔ چالاکی کرنا۔

عرش کے توڑے ہیں تارے جائے مضمون بلند
آج بارے امتحان طبع عالی ہوگیا

آسمان میں تھیگلی یا پھگلی لگانا۔ آسمان مین چھید کرنا ۔ ا۔ ف م۔ آسمان میں جوڑ یا پیوند لگانا (۲) کمال عیاری کرنا۔ نہایت چالاکی کرنا۔ گُنتا پا کرنے میں بڑی دستگاہ رکھنا۔ (نہایت ہوشیار اور چالاک عورتوں کے حق میں یہہ محاورہ بولا جاتا ہے)

لائی ہے دُور دُور کی آہ رسا خبر
تھیگلی لگانے والی ہے یہہ آسمان میں

آسمان میں چھید ہوگیا ہے۔ آج تو آسمان میں چھید ہوگیا ہے - محاورہ برابر برسے جاتا ہے۔ اور ذرا نہیں تھمتا۔ لگاتار برس رہا ہے۔ کثرت سے بارش ہو رہی ہے آج کیا آسمان میں چھید ہوگیا ہے؟

آسمانی آفت۔ آسمانی بلا۔ آسمانی تھپیڑا۔ آسمانی دھکا۔ آسمانی غضب۔ آسمانی گولا۔ آسمانی مار۔ - ف۔ اسم مؤنث۔ اکاسی بپت۔ آفتِ سماوی۔ قہرِ الٰہی۔ غضبِ خدا۔ بھگوان کی مار۔

آسمانی پلانا۔ ف م۔ سبزی پلانا۔ بھنگ پلانا۔ نشہ پلانا۔ تاڑی پلانا۔ (یہ محاورہ بھنگڑوں کی حالت سے لیا گیا ہے کہ گھڑی وہ آسمان پر چڑھتے ہیں اور گھڑی اُترتے ہیں۔ چنانچہ فارسی میں بھی بھنگ کو فلک سیر کہتے ہیں)

آسمانی تیر۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ تیر جو آسمان کی طرف چھوڑا جائے۔ ہوائی تیر۔ (۲) فضول کام۔ بیفائدہ اور بے ٹھکانے کا۔

آسمانی رنگ۔ ف۔ اسم مذکر۔ آسمان کا سا رنگ۔ اکاسی رنگ: آبی رنگ۔ نیلا رنگ۔

آسمانی کتاب۔ کتابِ آسمانی۔ ف۔ اسم مونث۔ وہ کتاب جو آسمان سے پیغمبروں یا اوتاروں پر اُترے کتابِ الٰہی۔ کتابِ مقدس جیسے زبور۔ توریت۔ انجیل قرآن۔ بید۔

آسن اُکھڑنا۔ ف ل۔ سوار کی بیٹھک میں فرق آجانا۔ گھوڑے پر ران کا جمنا۔

آسن پاٹی لیکر پڑ رہنا۔ آسن پاٹی یا آسن پاٹی لیکر پڑ رہنا۔ ف ل۔ ہندو عورتوں کا رنج یا لڑائی کے سبب بغیر کھائے پیئے پڑ رہنا۔ خفا ہوکر تنہائی میں لیٹ رہنا۔ رنج یا صدمہ کے سبب شوک[1] گرہ میں جا لیٹنا۔ الٹوا پٹی کھٹوا پٹی لیکر پڑ رہنا۔

آسن تلے آنا۔ ہ۔ فل۔ رانوں کے بیچ میں آنا۔ قابو میں آنا۔ بس میں آنا

آسن جوڑنا۔ آسن سے آسن ملا کر بیٹھنا۔ ہ فل۔ ران سے ران مِلا کر بیٹھنا۔ جوگیوں کی طرح بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔ پلتی مارنا۔

[1] راجاؤں کے رنواس یعنی محل میں ایک کمرہ شوک گرہ یعنی رنج خانہ کہلاتا ہے جب کسی رانی کو اپنی خفگی کا اظہار منظور ہوتا ہے تو وہ اُسمیں جا بیٹھتی ہے۔

آسن ڈگنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بیٹھک میں فرق آنا ۔ نیت بد ہونا ۔ وضو ٹوٹنا ۔ من چلا ایمان ہونا ۔ پوجا پاٹ یا عبادت میں فرق آنا ۔

آسن لگانا ہ ۔ ف ل ۔ (۱) جوگیوں کا ہٹ کے ساتھ جم کر ایک جگہ بیٹھنا ۔ بستر اجمانا ۔ ضد کر کے کسی جگہ بیٹھ جانا ۔ (۲) اُتر پڑنا ۔ بسرام کرنا ۔ قیام کرنا ۔ ٹھیرنا ۔ آرام کرنا ۔

آسن لینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ ہم بستری کے لئے ٹانگیں اُٹھانا ۔ رانوں تلے دبانا ۔

آسن مارنا ۔ آسن مار کر بیٹھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ چار زانو بیٹھنا ۔ جوگیوں کا پوجا پاٹ کے کارن جم کر بیٹھنا ۔

آسیب کا خلل یا دخل ہونا ۔ ف ل ۔ کسی مکان میں یا انسان پر کسی جن یا بھوت کا اثر ہونا ۔

آسیب اُتارنا ۔ کسی منتر یا پڑھت کے زور سے جن دُور کرنا ۔

اُسیر کرنا ۔ ہ ف م ۔ (ہندو) (۱) یاد کرنا ۔ بار بار یاد کرنا ۔ جپنا ۔ یہ بچہ اپنی ماں کی بہت اُسیر کرتا ہے (۲) خفا ہو جانا ۔ جھنجلانا ۔ غصہ کرنا ۔ مجھے پتا کو جانا بلم کریگے اُسیر (لیت)

اسیر ہونا ۔ ف ل (۱) قیدی ہونا (۲) مبتلا ہونا ۔ عشق ہونا ۔ پھنسنا ۔

اشش اش کرنا ۔ و ف م ع ۔ اشاش بمعنی خوشی کرنا) ۔ سراہنا ۔ بڑائی کرنا ۔ تعریف کرنا ۔

آش پکانا ۔ و ف م ۔ خوب مارنا ۔ بھرکس نکالنا ۔ رائیتا بنانا ۔ بھرتا کرنا ۔

اِشتعال دینا ۔ و ف م ۔ (۱) بتّی اُکسانا ۔ بتّی سنوارنا ۔ سینکنا ۔ (۲) اُکسانا ۔ لڑوانا ۔

اِشتعالک دینا ۔ و ف م ۔ لہکانا ۔ بھڑکانا ۔ پُرچک دینا ۔ اُکسانا ۔ بہکانا ۔

اِشتہار دینا ۔ و ف م ۔ تشہیر کرنا ۔ مشتہر کرنا ۔ مشہور کرنا ۔ شہرت دینا ۔ چھاپنا ۔ گزٹ کرنا ۔

اشراف پرست ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ جو شخص شریف اور بھلے مانسوں کو دوست رکھے اور اُنکی عزت کرے ۔ شریف پرست

اُشغلا اُٹھانا ۔ اُشغلا چھوڑنا ۔ ا ف م ۔ کوئی نئی بات یا شگوفہ چھوڑنا ۔ کوئی بات بنا کر دو شخصوں میں لڑائی کرانا ۔ فتنہ برپا کرنا ۔ فساد کھڑا کرنا ۔

اُشلک لگانا ۔ ا ف م ۔ ت اُشلق ۔ بہتان لگانا ۔ متہم کرنا ۔ تہمت دھرنا ۔

اشنان دھیان کرنا ۔ نہا دھو کر پوجا پاٹ کرنا ۔ عبادت کرنا ۔

آشنا ۔ ف ۔ اسم مشترک (۱) یار ۔ دوست ۔

یتیم۔ بنت (۲) ملاقاتی۔ جان پہچان (۳) (دیہات) ناتہ دار۔ رشتہ دار۔ (۴) (اشناؤ) داماد۔ جنوائی۔ خویش۔ (دیہات ۵) رنڈی۔ بشنی۔ یار۔

آشنائی کرنا ۱۔ ف م۔ (۱) ناجایز طور پر دوستی کرنا۔ دوستی کرنا۔ یارانہ کرنا۔ ربط پیدا کرنا۔ بیجا ربط کرنا۔ (۲) (دیہات) رشتہ یا ناتہ کرنا۔ (۳) کسی عورت سے آنکھ لگانا۔ کسی رنڈی سے یارانہ کرنا۔

اِصطباغ دینا ۱۔ ف م۔ عیسائی یا کرشتان کرنا۔ بپٹسما دینا

اِصلاح بنانا ۱۔ ف م۔ حجامت بنانا۔ خط بنانا۔ بال بنانا۔ ٹھوڑی بنانا۔

اِصلاح دینا ۱۔ ف م۔ (۱) صحیح کرنا۔ درست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ بنانا۔ (۲) خراب حرفوں یا مسودہ کو درست کرنا (۳) بہتر بنانا۔ اصلاح کرنا۔ درستی کرنا۔ ترقی کرنا۔

اصل خیر سے ۱۔ م ف۔ بخیر و عافیت۔ صحیح سلامت صحیح سالم۔ خیر صلاح سے

اصیل ٹکو اسم مذکر (۱) غریب اور قوم دار ٹکو (۲) (مذاقاً) نیک اور غریب آدمی۔ نیک چلن

اضافہ کرنا ف م تنخواہ میں ترقی کرنا۔ تنخواہ بڑھانا۔

اُف تیرا کاٹا نہ جیئے۔ اُف رے تیرا کاٹا نہ جیئے محاورہ۔ یہ محاورہ ایسے چالاک اور فریبی آدمی کی تعریف میں طنزاً بولا جاتا ہے جسکے فریب سے کوئی نہ بچ سکے۔ اور یہہ خیال ایک ایسے زہریلے جانور سے لیا گیا ہے۔ جسکا کاٹا فوراً مر جاتا ہے۔

اُف رے۔ جب کسی چیز کی کثرت کا اظہار منظور ہوتا ہے۔ تو اُس چیز کے پہلے یہہ الفاظ لگا کر بولتے ہیں جیسے اُف رے گرمی۔

اُف کر دینا۔ اُف کرنا۔ ۱۔ ف م۔ جلا کر خاک کر دینا۔ خاک میں ملا دینا برباد کرنا۔ ناس کرنا۔ تباہ کرنا۔ (۲) اُڑا دینا۔ خرچ کر ڈالنا۔ برباد کر دینا۔

اُف نکرنا ۱۔ ف م۔ (۱) آہ نہ کرنا۔ بھاپ نہ نکالنا۔ زبان پر حرفِ شکایت نہ لانا۔ باوجود صدمہ کے منہ سے آہ نہ نکالنا۔ (۲) تکلیف اُٹھانا۔ جھیلنا۔ کچھ نہ بولنا۔ سہارنا۔ سہنا۔ (۳) افسوس نکرنا۔ بے پروائی ظاہر کرنا۔ سنگدلی دکھانا۔ ہمدردی نکرنا۔

اُف ہو جانا ۱۔ ف ل۔ (۱) آہ یا بھاپ بن جانا۔ (۲) حالت بدل جانا۔ مٹ جانا

فنا ہوجانا۔ برباد ہوجانا۔ خاک میں مِل جانا (۳) خرچ ہوجانا۔ صرف میں آجانا۔ اُٹھ جانا۔

اِفاقہ ہے ۔ محاورہ ۔ مرض میں تخفیف ہے ۔ تھوڑا آرام ہے ۔ آرام ہے ۔

آفت اُٹھانا ۔ ا۔ ف م ۔ (۱) دِقّت میں ڈالنا ۔ مُصیبت میں پھنسانا ۔ دُکھ سہنا ۔ مصیبت برداشت کرنا ۔ (۲) شور و شر پر پا کرنا ۔ خُل مچانا ۔ حشر برپا کرنا ۔ (۳) ستم ڈھانا۔ (میر حسن)

یہ کیا عشق آفت اُٹھانے لگا
میرے دل کو مجھ سے چھڑانے لگا

آفتاب بام ہے ۔ آفتاب لب بام ہے ۔ محاورہ ۔ قریب المرگ ہے ۔ چراغ سحری ہے ۔ تھوڑے دِنوں کا مہمان ہے ۔ برلبِ گور ہے ۔ جمنا کنارے بیٹھا ہے ۔

اُفتاد پڑنا ۔ ا۔ ف ل ۔ بنیاد یا نیو رکھی جانا ۔ شروع ہونا ۔ واقع ہونا ۔ پیش آنا ۔ حادث ہونا

آفت آنا ۔ پڑنا یا ٹوٹنا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) قہر یا غضب آلٰہی سے کسی بلا یا وبا وغیرہ میں مُبتلا ہونا ۔ مصیبت آنا ۔ بپتا پڑنا ۔ مری پڑنا ۔ (۲) جھگڑا یا فساد ہونا ۔ تکرار ہونا ۔

آفت توڑنا ۔ ا۔ ف م ۔ (م عو) ۔ غصّہ یا جُھنجُل اُتارنا ۔ نہایت خفا ہونا ۔ حشر برپا کرنا ۔ قیامت یا ستم توڑنا ۔

آفتِ جاں ۔ ع ف ۔ صفت ۔ بلائے جاں ۔ اشتعارۃً معشوق ۔ دلبر ۔ پیتم ۔

آفت ڈھانا آفت اٹھانا یا مچانا ۔ دُھوم ۔ غُل یا اُودھم مچانا ۔ شور و شر برپا کرنا ۔ غُل غپاڑا کرنا ۔

اِفترا پردازی کرنا ۔ ا۔ ف م ۔ بُہتان یا تُہمت لگانا ۔ تُہمت یا تُھدّا رکھنا ۔

آفت رسیدہ ۔ آفت زدہ ۔ آفت کا مارا ۔ (۱) دُکھیا ۔ ستم رسیدہ ۔ مُصیبت زدہ ۔ مُصیبت کا مارا ۔ (۲) بدنصیب ۔ کم بخت ۔

آفت کا پرکالہ ۔ آفت کا ٹکڑا ۔ ا۔ صفت ۔ (۱) ہمہ تن آفت ۔ شوخ شریر ۔ (۲) فتنہ پرداز عیار ۔ چالاک ۔ فتنہ انگیز (۳) زُود فہم ۔ ذکی ۔ ذہین ۔ بلا کا بنا ہوا ۔ آفت روزگار ۔

آفت کی چٹھی ۔ ا۔ اِسم مونث ۔ مُصیبت کا خط ۔ بُری خبر ۔ موت کا خط ۔

آفت میں پڑنا ۔ پھنسنا ۔ یا مُبتلا ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ دُکھ یا مُصیبت

جھیلنا۔ رنج یا غم اُٹھانا۔ عذاب میں پڑنا۔

آفت ہے۔ ا۔ صفت مبالغہ۔ (۱) نہایت چالاک ہے۔ عیار ہے۔ غضب کا بھرا ہوا ہے۔ قیامت ہے۔ (۲) بڑا زکی ہے۔ بڑا ذہین ہے۔ بلا کا بنا ہوا ہے (۳) پرلے درجہ کا شریر و مفسد ہے۔ نہایت فتنہ پرداز ہے۔

آفراتفری پڑنا یا ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (صحیح۔ افراط تفریط) (۱) کھلبلی پڑنا۔ ہلڑ مچنا۔ بلبلی ہونا۔ فتور برپا ہونا۔ (۲) بھگدڑ پڑنا۔ بھاگڑ پڑنا۔

افروختہ کرنا۔ ا۔ ف م۔ غصہ دلانا۔ بھڑکانا۔ غضب ناک کرنا۔ جھونجل دلوانا۔ آگ بگولا کرنا۔

افروختہ ہونا۔ ا۔ ف ل۔ بھڑکنا۔ خفا ہونا۔ غضب ناک ہونا۔

آفریں ہے۔ شاباش ہے۔ صد رحمت ہے۔ کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے!۔

افشاں چننا۔ ا۔ ف ل۔ پیشانی پر چمکتا ہوا سفوف ملنا۔ گلگونہ لگانا۔

افطار کرنا۔ (عوام) اختیار کرنا۔ ا۔ ف ل۔ بہ روزہ کھولنا۔ برت کھولنا۔

افعی ہے صفت نہایت چالاک اور تیز ہے۔

افلاطوں کا سالا (پچھم) / افلاطوں کا نانی (پورب) ۔ محاورہ۔ (عوام) بڑا مغرور اور متکبر آدمی۔ بڑا زور والا اور بڑا طاقت ور آدمی

افواہ اُڑانا۔ م (۱) جھوٹی خبر پھیلانا۔ جھوٹی بات مشہور کرنا۔ (۲) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

افیمی چڑا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ بہت افیم کھانے والا۔ بڑا افیمی۔

اکا دُکا۔ صفت۔ ایک دو۔ کوئی کوئی۔ ایک آدھ۔ خال خال۔ بعض بعض۔ بہت کم۔ چند۔

اکاس بانی۔ ہ۔ اسم مونث۔ آواز غیب۔ ندائے ہاتف۔ الہام۔

اکاس بھل۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) بچہ۔ لختِ جگر۔ عزیز۔ پیارا۔ (۲) حرامی بچہ۔ حرامی موت رام جنا۔

اکاسی برت (عوام) گزارہ کی صورت آسمان کے بھروسہ پر ہے۔ خدا پر گزارہ۔ غیر مقررہ روزینہ یا آمدنی۔ توکل۔

اکتا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی کام۔ بات۔ آدمی۔ چیز یا مکان وغیرہ سے بار بار کرنے۔ سننے۔ مدت تک پاس رہنے یا کثرت سے کھانے وغیرہ کے سبب گھبرا جانا۔

ٹھکجانا۔ (۱) سیر ہو جانا۔ منہ پھر جانا۔ نفرت ہونا۔ جی بھر جانا۔

اُکت سے کرنا۔ اپنی اُکت سے کرنا۔ ہ۔ ف م۔ بغیر کہے سُنے اپنی طبیعت کی تیزی سے کام کو کرنا۔ کوئی بات نکالنا ایجاد کرنا۔

اُکت لینا۔ ف ل۔ (۱) گاتے گاتے نئے انداز سے گانے لگنا اور پھر پہلی روش پر آجانا۔ (۲) بیجا حرکت کرنا۔

اُکڑ باز۔ اکڑ بچھوں۔ ہ۔ اسم مذکر۔ اکڑ کر چلنے والا آدمی۔ اینٹھو۔ اینٹھے خاں۔

اکڑ کے چلنا۔ (۱) اترا کر یا سینہ نکال کر چلنا۔ اینٹھتے چلنا۔ (۲) گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا

اُکسنے نہ دینا۔ ف م۔ (۱) ہلنے نہ دینا کہیں نہ جانے دینا۔ (۲) آسودہ یا بہتر حالت میں نہ ہونے دینا۔

اِکسیر ہے۔ نہایت مفید ہے۔ بہت ہی فائدہ مند ہے۔ گُن دایک ہے۔

اَک کی بُڑھیا۔ ہ۔ اسم مونث (۱) اک کے ڈوڈے کی روئی جو نہایت مُلایم اور سفید ہوتی ہے۔ (۲) نہایت ضعیفہ۔ نہایت بُڑھیا عورت۔

اِکل کھرا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) اکیلا کھانے والا خود غرض۔ خود مطلبی۔ آپ سوار تھی۔ (۲) رُوکھا۔ بے فیض۔ بے مُروّت خشک۔ (۳) وہ شخص جو کسی کی بہتری نہ دیکھ سکے جلاتن۔ حاسد۔ ایر کھاؤ۔

اِکل گھرا جگ سے بُرا۔ مثل

اُکھاڑ پچھاڑ۔ ہ۔ اسم مونث۔ (۱) تغیر و تبدل اُلٹ پلٹ (۲) تکرار۔ حجت۔ ردّ و قدح (۳) توڑ پھوڑ۔ بُرائی۔ پیچ کنی۔ خلیت لگائی بجھائی۔

اِکہرا بدن۔ اسم مذکر۔ بخلاف دوہرا بدن۔ وہ جسم جو کبھی موٹا نہو۔ دُبلا جسم۔ پتلا بدن چھریرا بدن۔

اُکھری اُٹھانا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہ عو) بہت ہی غل مچانا۔ آفت اُٹھانا۔ گھر کو سر پر اُٹھا لینا۔ بہت ہی دنگا مچانا۔ اُودھم چوتا یا مچانا۔

اُکھڑی اُکھڑی باتیں کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ اس طرح گفتگو کرنا جس سے رنجیدگی ظاہر ہو۔ رنجش آمیز باتیں کرنا۔ اُچٹی اُچٹی باتیں کرنا

اُکھڑی لینا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہنڈوی) عہد کرنا۔ نیم کرنا۔ تیاگنا۔ چھوڑ دینا۔

اُکھیڑ کی لینا۔ اُکھڑی کی لینا۔ اُکھیڑ تنانا۔ ہ۔ ف ل۔ بے پروائی کرنا۔ اُکھڑے اُکھڑے رہنا۔ متوجہ نہونا۔ توجہ نہ دینا

اِکّیس رہنا - ہ - ف ل - (ہیں و اِکّیس ہیں جو نسبت ہے اُتنا زیادہ رہنا) - سبقت لیجانا - بہتر رہنا - ور رہنا - ایکے کشتی میں وہ اکّیس رہا!

اِکی کرنا - یا جانا - ف ل - (پاٹ شالاؤں میں) پیشاب کرنے جانا - حاجت رفع کرنا - چھوٹا اِستنجا کرنا -

آگ - ہ - اِسم مؤنث - س अग्नि اگنی - پ अग्गि اگّی - (پورب) آگی - (۱) آنچ - آتش - بسندر - (۲) اگن - گرمی - تپش - حرارت - (۳) تیز دُھوپ - شدّت کی گرمی - آگ برس رہی ہے ننگے پاؤں نہ پھر - (۳) جلن - تیزی - سوزش - چرپراہٹ - (۴) دُوں بھڑک - اِس دوانے نوا ور آگ لگادی (۵) خواہش - چاہنا - جھانج - کھدیا - بھوک (۶) چُل - خواہش - جھل - شہوت - اِس لگائی میں بڑی آگ ہے (۷) لگن - پریت - محبت - عشق - مامتا - درد - خون کا جوش

پیٹ کی آگ بُری ہوتی ہے مثل (۸) گرمی کی بیماری - آتشک - گرمی - (۹) بپتا - بتھا - مصیبت - بلا - پرائی آگ میں کون پڑتا ہے ؟ (۱۰) جلن - حسد - ایرکھا - (۱۱) جھگڑا - لڑائی - فساد -

کیوں دبی آگ اُکھیڑتے ہو ؟

آگا بھاری ہونا - ہ - ف ل - (۱) حاملہ ہونا - پیٹ سے ہونا - پاؤں بھاری ہونا - (۲) (کہار) راہ میں گڑھے گڑولے ٹھوکر یا پتھر ہونا - (۳) راستہ کا خطرناک ہونا - راستہ میں خوف ہونا (چوروں کی اصطلاح)

آگا پیچھا - ہ - اِسم مذکّر - (۱) بدن کا اگلا پچھلا حصّہ - (۲) آنگر کھے یا کوٹ وغیرہ کا اگلا اور پچھلا حِصّہ - (۳) جسم کے ہر دو مقام مخصوص یا مقام نہانی - شرمگاہ - اعضائے تناسل -

آگا پیچھا دیکھنا - آگا پیچھا سوچنا - ہ - ف م - دُور اندیشی کرنا - عاقبت اندیشی کرنا - پس و پیش سوچنا -

آگا پیچھا کرنا - ہ - ف ل - (پورب) پس و پیش کرنا - دُبدھا میں پڑنا - سوچ بچار کرنا - ہیر پھیر کرنا - ہچکنا -

آگا تاگا لینا - ہ - ف م - (۱) آؤ بھگت کرنا مُدارات کرنا - خاطر تواضع کرنا (۲) تلاشی لینا - مُحاسبہ لینا - باز پُرس کرنا -

آگ اُٹھنا - ہ - ف ل (ذعو) لڑنے کو جی چاہنا

آگا روکنا - آگا لینا - ہ - ف م - سامنا روکنا

مقابلہ کرنا۔ سدّراہ ہونا۔ راستہ بند کرنا۔ مہرہ مارنا۔ سامنا مارنا۔

آگا سنبھالنا ۔ہ۔ ف م۔ (۱) آگے کا بندوبست کرنا۔ آئندہ کا تدارک کرنا۔ آگے بڑھکر غنیم کو روکنا۔ غنیم کی فوج کا سامنا روکنا۔

آگا مارنا۔ آگا ڑی مارنا۔ ۔ہ۔ ف م۔ (۱) غنیم کی فوج کے اگلے حصّہ پر حملہ کرنا۔ سامنے کی فوج پر حملہ کرنا (۲) شکست دینا

آگ بجھانا ۔ہ۔ ف م۔ (۱) آگ کو ٹھنڈا کرنا۔ آنچ پر پانی ڈالنا۔ (۲) پیاس بجھانا۔ خواہش نفسانی کو مٹانا ہوس نکالنا جھل مٹانا۔ خواہش پوری کرنا۔ پیٹ بھرنا۔ (۳) فساد مٹانا۔ جھگڑا چکانا۔

آگ بجھنا ۔ہ۔ ف ل۔ (۱) آگ کا ٹھنڈا ہونا۔ آتش کا فرو ہونا۔ (۲) خواہش نفسانی کا پورا ہونا۔ سیر ہونا۔ پیٹ بھرنا۔ پیاس بجھنا جھل مٹنا۔ (۳) شر و فساد کا رفع ہونا۔ جھگڑا اٹھنا۔ ٹنٹا چکنا۔

آگ برسانا ۔ہ۔ ف م۔ دشمن کی فوج پر گولہ اندازی کرنا۔ گولہ و بارود کا مینہ برسانا

آگ برسنا ۔ہ۔ ف ل۔ (۱) از حد گرمی پڑنا۔ تراقے کی دھوپ پڑنا۔ شدّت کی لُو چلنا (۲) گولہ اندازی ہونا۔ گولوں کی بوچھاڑ ہونا۔

آگ بگولا۔ یا بگولا۔ بننا۔ بنجانا۔ یا ہونا۔ آگ بگولا یا بگولا ہو جانا۔

۱۔ ف ل۔ غضبناک ہونا۔ افروختہ ہونا۔ غصّہ کے مارے لال پیلا ہونا۔ نہایت خفا ہونا۔ غصّہ میں بھر آنا۔

آگ بنانا ۔ہ۔ ف م۔ (۱) آگ تیار کرنا۔ آگ سلگانا (۲) (کم) غُصّہ دلانا۔ افروختہ کرنا۔ بھڑکانا۔

آگ بنجانا ۔ہ۔ ف ل۔ غُصّہ میں لال ہو جانا۔ مارے غصّہ کے سُرخ ہو جانا۔ جھلا جانا۔

آگ بھبھوکا بنّا یا ہونا ۔ہ۔ ف ل۔ آگ کیطرح بھبھکنا۔ مارے غُصّہ کے سُرخ ہو جانا غُصّہ کے مارے لال ہو جانا۔ شُعلہ بھبھوکا ہونا

آگ بھڑکانا ۔ہ۔ ف م۔ (۱) افروختہ کرنا۔ غُصّہ دلانا۔ (۲) لڑائی بڑھانا۔ جھگڑے کو ترقی دینا۔ (۳) عشق بڑھانا۔ شوق پیدا کرنا۔ اُلفت اور پیار پیدا کرنا۔

آگ بھڑکنا ۔ہ۔ ف ل۔ (۱) آگ دہکنا۔ شُعلہ اُٹھنا۔ (۲) ولولۂ عشق اُٹھنا۔ محبت کا جوش آنا۔ (۳) فساد پھیلنا۔ لڑائی پھیلنا۔

آگ پانی کا بیر - محاورہ - قدرتی دشمنی - **بجھاوک بیر** - ذاتی دشمنی - آگ پھونس کا بیر - دلی عداوت -

آگ پر لوٹنا] ه - ف ل - (۱) جلنا - **آگ پے لوٹنا**] بھننا - سوختہ ہونا - انگاروں پر لوٹنا (۲) بیچین ہونا - مضطرب ہونا - بیقرار ہونا - تڑپنا - (۳) حسد کرنا - جلنا - ایر کھا کرنا -

آگ پڑنا - ه - ف ل - (۱) بہت گرمی پڑنا - آگ برسنا - (۲) (عو) مہنگا ہونا - گراں ہونا - مہنگا بکنا -

آج کل تو ناج پر آگ پڑ رہی ہے

آگ پھانکنا] ه - ف م - (۱) از حد جھوٹ **آگ بھکنا**] بولنا - نہایت مبالغہ کرنا - بات بنانا - بات گھڑنا -

آگ پھکنا ه - ف ل - (۱) دل پر نہایت گرمی معلوم ہونا - گرمی ہو جانا - کلیجہ جلنا - (۲) نہایت غصہ آنا - جھلانا - غیظ و غضب میں آنا - تن بدن میں آگ لگ جانا -

آگ پھونکدینا] ه - ف م - (۱) جلن **آگ پھونکنا**] پیدا کر دینا - سوزش پیدا کر دینا - گرمی بڑھا دینا - دوں لگا دینا - بہت پیاس لگانا -

(۲) عشق پیدا کر دینا - الفت پیدا کر دینا (۳) - (عو) غیبت کر کے لڑائی کرا دینا - لگائی بجھائی کرنا - کسی کی برائی کرنا -

آگتے ہی جل جانا - ه - ف ل - کسی پودے پھوٹتے ہی مر جانا - پیدا ہوتے ہی مر جانا - سر منڈاتے ہی اولے پڑنا - اٹھتے ہی بیٹھ جانا -

آگ جاگنا - ه - ف ل - آنچ کا بل اٹھنا - آگ کا بھڑک جانا -

آگ جوڑنا - ه - ف م - آگ سلگانا - اپلوں کا انجھنا لگا کر آگ تیار کرنا - آگ بالنا - آگ کرنا -

آگ دھونا - ه - ف م - (حقہ کش) - انگاروں کی راکھ چھڑانا - انگاروں کو صاف کرنا -

آگ دینا - ه - ف م - (۱) آگ لگانا - جلانا

ه غم نے ہمارے خانۂ تن کو جو آگ دی
روشن برنگ خانۂ زنبور ہو گیا

(۲) مردہ کی چتا میں آگ رکھنا - مردہ کو جلانا -

اگر دھوں دھوں ه - اسم مذکر - بھاری بدن کا آدمی - فربہ اندام - مرمروں کا تھیلا - توندل - موٹا بھدس -

آگ سے پانی ہوجانا - ہ - ف ل غضب جی کی حالت سے گزر کر دھیما ہوجانا - نرم مزاجی اختیار کرنا - ڈھیلا ہوجانا - مند اپڑجانا - پانی ہوجانا -

آگ کا باغ - ا - اسم مذکر سنار و سنگا انگیٹھا

آگ کا پُتلا - ہ - صفت - (۱) آگ کا بنا ہوا گرم مزاج - (۲) آتش کا پرکالہ - مغلوب الغضب (۳) تیز فہم - زود رس -

آگ کرنا - ہ - ف م - (۱) آگ تیار کرنا - آگ بنانا - آگ بالنا (۲) نہایت گرم کرنا - بہت تپانا - لال کرنا - (۳) افروختہ کرنا - غضب ناک کرنا -

آگ کھائیگا انگارے اگلیگا - جیسا کریگا ویسا بھریگا - کئے کی پاداش پائیگا -

آگ کے مول ہے - (عو) نہایت مہنگا ہے - از حد گراں ہے - بہت تیز ہے

اُگل اُگل کے کھانا - ہ - ف م - بے من کھانا کھانا - جی نہ چاہنے کی حالت میں روٹی کھانا -

اُگل پڑنا - ہ - ف ل - میان سے تلوار کا باہر نکل پڑنا - نکل پڑنا -

اُگل دینا - ہ - ف م - جی کی بُرائی بھلائی ظاہر کردینا -

آگ لگا بانی کو دوڑیں - محاورہ - فساد کھڑا کرکے اُسکے رفع کرنے میں کوشش کرتے ہیں - زخم لگاکر مرہم لگاتے ہیں - لڑائی کراکے آپ ہی ملاتے ہیں -

آگ لگا تماشا دیکھیں - محاورہ - لڑائی کرا کر سیر دیکھتے ہیں -

آگ لگانا - ہ - ف م - (۱) کسی چیز میں آگ دینا - بالینا - جلانا - پھونکنا (۲) جھلسنا - جھلسا دینا - جلانا - (۳) گرمی پیدا کرنا سوزش کرنا - جلن پیدا کرنا - (۴) جوش پیدا کرنا - عشق بھڑکا دینا - (۵) لگائی بجھائی کرنا - لُترائپن کرنا - غیبت کرنا - بہکانا - سکھانا بہکانا -

ہوا ! یہہ ہمیشہ یوں ہی آگ لگایا کرتی ہیں
تیری مجھسے میری تجھسے -

(۶) بھڑکانا - افروختہ کرنا - جلانا - غصہ دلانا - جھونجل دلانا - جیسے -

میاں ! کیوں آگ لگاتے ہو بس جانے دو

(۷) فساد کھڑا کرنا - لڑائی کروانا - آفت اُٹھانا - جھگڑا کرانا -

بزم جاناں میں بندھی میری جو آہو نکی ہوا
جل گئے دیکھ کے سب آگ لگانے والے

(۸) (عو) خرچ کر ڈالنا - صرف میں لے آنا

اُٹھا دینا۔ کھاپی ڈالنا۔ (۹) (عو) برباد کرنا۔ تلف کرنا۔ تباہ کرنا۔ مکمیا میٹ کرنا۔ غارت کرنا۔ بیحساب خرچ کر ڈالنا۔ (۱۰) (عو) مہنگا خرید لانا۔ بازار کی قیمت سے زیادہ دام دے آنا (۱۱) (عو) بگاڑ دینا۔ خراب کرنا۔ بے ڈھنگا کر دینا۔

لڑکی! تو ہمیشہ یوں ہی کپڑوں میں آگ لگا کے رکھ دیا کرتی ہے

(۱۲) غبن کرنا۔ سر مونڈنا۔ زیادہ دام وصول کرنا۔ ماماعظمت تو ہر سودے میں یہی آگ لگاتی ہے۔ مراۃ العروس

(۱۳) کالا منہ کرنا۔ چھوڑ دینا ترک محبت کرنا۔ برطرف کرنا۔ چھوڑنا۔

ایسی نوکری کو آگ لگاؤ!

(۱۴) (عو۔ طنزاً) کچھ بڑھ کے کرنا۔ دھوم دھام کرنا۔ بڑے بڑے کا رج کرنا۔

سدا آگ ہی تو لگائی ہے! ماباپ مرگئے۔ اُن کے منہ کی راکھ تو نکالنی نصیب ہوئی ہی نہیں (ہندو عو)

آگ لگاؤ ۔ ہ صفت۔ (۱) آگ لگانے والا۔ دکھ دائی (۲) مفسدہ۔ فتنہ پرداز بجلی بسنت۔ لڑائی کرنے والا یا والی

آگ لگجانا ۔ ہ۔ ف ل۔ دل آگ بھڑک اُٹھنا۔ جل جانا۔ (۲) طبیعت کو ناگوار گزرنا۔ برا معلوم ہونا (۳) برا فروختہ ہونا۔ لال پیلا ہونا۔ غصہ آجانا۔ خشمناک ہونا۔ جلن پیدا ہونا۔ جل جانا اُس کی صورت دیکھتے ہی پھر آگ لگ گئی (۴) سوزش پیدا ہونا۔ جلن ہونا۔ (۵) منہ جھلس جانا۔ جھال معلوم ہونا۔ جل جانا۔ (۶) (عو) گم ہو جانا۔ کھویا جانا۔ جاتا رہنا۔ معدوم ہونا۔ ناپیدا ہونا۔ مٹ جانا (۷) (عو) مہنگا ہو جانا۔ گراں ہو جانا۔ قیمت چڑھ جانا۔

آگ لگنا ۔ ہ۔ ف ل (۱) آگ کا کسی شے میں اثر کرنا۔ بل اُٹھنا۔ جلنا۔ (۲) چراغوں کی روشنی کی کثرت سے ایسا معلوم ہونا کہ گویا آگ لگ رہی ہے۔ (۳) کثرت سے کسی مقام پر لال لال پھولوں کا کھلنا۔

۱؎ ہمیشہ بڑے بڑے ٹھنڈے اور بیاہ کئے ہیں تا تیرے ماں اور باپ دونوں مرگئے تجھکو اُن کے مرنے کی بھاجی (منہ کی راکھ نکالنے سے مراد ہے کسی کے مرنے کے بعد اُس کے مرنے کی رسمیں اچھی طرح ادا کرنا) تک تو کوئی نصیب ہوئی ہی نہیں۔

رنگتروں کا پکتا جس سے باغ لال ہی لال دکھائی دینے لگتا ہے۔ (۴) کثرت سے گرمی معلوم ہونا۔ بیچینی ہونا۔ بیکل ہونا۔ تلاطی لگنا۔ (۵) کسی خواہش مثل بھوک پیاس وغیرہ کی زیادتی معلوم ہونا۔ کڑاکے کی بھوک لگنا نہایت اشتہا معلوم ہونا۔ کھدیا لگنا۔

صبح ہوتے ہی تیرے پیٹ میں آگ لگتی ہے

(۶) عشق کا بھڑکنا۔ ولولہ شوق زیادہ ہونا (۷) برا معلوم ہونا۔ جلنا۔ حسد کرنا۔ ناگوار گزرنا۔ مجھے ہنستے دیکھا اور اس کے آگ لگی۔ (۸) غصہ آجانا۔ جھونجل آنا۔ طبیعت جل جانا

تیرے رونے سے میرے آگ لگتی ہے

(۹) سوزش ہونا۔ مرچیں لگنا۔ منہ جل جانا چرپراہٹ معلوم ہونا۔ (۱۰) (عو) گم ہونا۔ جاتا رہنا۔ غائب ہونا۔ کھو جانا۔ (۱۱) مٹ جانا۔ اڑ جانا۔ دفع ہو جانا۔ مرنا۔ مفقود ہونا۔ تیری اس الفت کو آگ لگے (۱۲) (عو) گراں ہونا۔ مہنگا ہونا۔

آج کل ہر ایک چیز پر آگ لگ رہی ہے

اگلے پچھلے ۰۔ اسم مذکر۔ باپ دادا۔ پرکھا۔ بڑے بوڑھے۔ آبا و اجداد۔ آل اولاد۔ سنتان

اگلے زمانے والے ۰۔ اسم مذکر (۱) پہلے وقتوں کے آدمی۔ پرانے لوگ (۲) پرکھا۔ آبا و اجداد۔ بزرگ۔ (۳) بھولے بھالے۔ سیدھے سادھے۔ بے ریا۔ نس کپٹ (۴) دیانت دار۔ متدین۔

آگ لگے پر پانی کا موت ڈھونڈنا ف م **آگ لگے پر کنواں کھودنا** ۔ خطرۂ عظیم میں ناممکن الحصول چیزوں کی تلاش کرنا۔ بیوقت کسی چیز کی تلاش کرنا۔ بے وقع تدارک کرنا۔ نقصان اٹھانے کے بعد اپنے گھر کا بندوبست کرنا۔ گھوڑا چوری جانے کے بعد اصطبل کا دروازہ بند کرنا۔ بیہودہ کام کرنا۔ بیوقوفی کا کام کرنا

آگ لینے آنا ۰۔ ف ل۔ کھڑے کھڑے آنا۔ پادر رکاب آنا۔ آکر جلدی سے چلے جانا

ذوق لیتے ہی دل جو عاشق دل سوز کا چلے۔ تم آگ لینے آئے تھے کیا آئے کیا چلے۔

آگ میں آگ لگانا ۰۔ ف م۔ لڑائی کو زیادہ چمکانا۔ آگ میں تیل ڈالنا۔ جھگڑے کو بڑھانا۔

آگ میں پانی ڈالنا ۰۔ ف م۔ (۱) لڑائی کو رفع کرنا۔ رفع شر کرنا۔ جھگڑا کم کروانا۔ غصہ کو فرو کرنا۔

آگ میں پڑنا۔ آگ میں گرنا۔ کسی آگ میں جلنا ۰۔ ف ل۔ کسی کی مصیبت میں گرفتار ہونا۔ کسی کی بلا اپنے

سر لینا۔ دُکھ میں کسی کا شریک ہونا۔ ہمدردی کرنا۔

آگ میں تیل ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ لڑائی کو زیادہ چمکانا۔ لڑائی کو جو مثل آگ کے ہوتی ہے اِشتعال دینا۔ آگ میں آگ لگانا۔

آگ میں مُوتنا ۔ ہ ف م۔ چونکہ ہندوؤں میں آگ ایک متبرّک چیز سمجھی جاتی ہے اِسواسطے اُسمیں مُوتنا بُرا خیال کیا جاتا ہے۔ مذہبی بے ادبی کرنا۔ ناجائز کام کرنا۔ بیجا حرکت کرنا۔

آگن باؤ ۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ گرمی کی بیماری۔ آتشک آبلۂ فرنگ۔

آگوانی کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ کسی کو آدر و سنکار کے ساتھ لینے جانا۔ پیشوائی کرنا۔ اِستقبال کرنا

آگ ہوجانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نہایت گرم ہوجانا۔ (۲) غضبناک ہوجانا۔ افروختہ ہونا۔ خفا ہونا۔ لال پیلا ہونا۔ جھلّا جانا۔

آگھاڑ دینا ۔ ہ۔ ف م۔ بھید کھولدینا۔ ظاہر کردینا۔ پردہ فاش کردینا۔ دبی بات اُگھاڑ دی۔

اگھوری پنچھی ۔ ہ اِسم مذکّر۔ (۱) اشو کا ماننے والا۔ **اگھوری** ۔ (۲) بلانوش۔ بلاچٹ اپوتر۔ گندہ۔ ناپاک۔ غلیظ۔

آگ ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ مارے غصّہ کے سُرخ ہوجانا۔ ازحد خفا ہونا۔

آگے آگے۔ آگو آگو۔ اگاڑی اگاڑی۔ اگاڑو اگاڑو۔ ہ م ف۔ پیچھے پیچھے کا نقیض۔ زمانہ مُستقبل میں۔ آئندہ۔ چندروز بعد۔ رفتہ رفتہ

اِبتدائے عشق ہے روتا ہے کیا
آگے آگے دیکھ تو ہوتا ہے کیا

آگے آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سامنے آنا۔ روبرو آنا۔ (۲) قریب آنا۔ پاس آنا۔ شکمہ آنا۔ مُقابل ہونا۔ مُقابلہ کرنا۔ (۳) پُشت پناہ ہونا۔ حِفاظت کرنا۔ کام آنا۔ آڑے آنا۔ (۴) واقع ہونا۔ گزرنا۔ پڑنا۔

جا کارن مُونڈ مُنڈایا وہی دُکھ آگے آیا۔ مثل

(۵) بھوگنا۔ پاداش کو پہنچنا۔ بھگتنا جیسا کرنا۔ ویسا پانا۔ (۶) ظاہر ہونا۔ آشکارا ہونا۔ کھُل جانا۔

(مثل)

نائی نائی بال کتنے اُسنے کہا ججمان آگے آئے جاتے ہیں۔

آگے پیچھے ۔ ہ م ف۔ (۱) موجودگی وعدم موجودگی میں۔ سامنے اور پیچھے (۲) ایک کے بعد ایک۔ پے در پے۔ علی التواتر۔ علی الاتصال (۳) آئندہ۔ پھر کبھی۔ آگے کو پھر (۴) اوّل یا بعد میں۔ اوپر سوپر۔

(۵) بے ترتیب۔ الٹ پلٹ۔ خلاف قاعدہ۔ کبھی سامنے کبھی پیچھے۔

آگے پیچھے نہ چل ساتھ ساتھ چل

آگے خدا کا نام ہے ۔ محاورہ۔ بس خاتمہ ہے۔ فقط۔ بس تمام ہے۔ کچھ نہیں ہے

مہرمہ سے کم نہیں تو حسن میں
اے صنم! آگے خدا کا نام ہے

آگے دھر لینا
آگا رُو رکھ لینا ۔ ف م۔ (۱) مُہرہ پر رکھ لینا۔ نذر پر رکھ لینا (۲) گرفتار کر لینا۔ نظر بند کر لینا۔ پکڑ کر لے جانا۔

اگّیا بیتال ۔ ہ اسم مذکر۔ (۱) اگنی دیوتا۔ (۲) نہایت چالاک اور تیز آدمی۔ ہوشیار۔ تُرنتریا۔ آتش کا پرکالہ۔

اگّیا پالنا ۔ ف ل۔ حکم بجالانا۔ اطاعت کرنا۔ کہنا ماننا۔ فرماں برداری کرنا۔

آگے دیکھ کے۔
آگا دیکھ کے۔ ہ م ف۔ (۱) سامنے دیکھکر۔ ٹھوکر کھاکر سے بچکر۔ (۲) ہوشیاری سے۔ دیکھ بھال کے۔ سوچ سمجھکر۔ آنکھیں کھولکر۔

آگے دیکھو۔ (فقیر کو یہ فقرہ کہکر ٹالتے ہیں) دوسرا گھر دیکھو۔ اور جگہ جاؤ۔

آگے دے کے۔ ہ م ف۔ (۱) سامنے کرکے۔ روبرو کرکے۔ (۲) زبردستی سے دھکّے دیدے کر۔ (۳) جان بوجھکر۔ دیدہ و دانستہ۔

آگے ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ دینا۔ سامنے رکھنا۔ بیوہ کی مدد کرنا۔ (ہندوؤں میں بدھوا کے آگے اُسکے آئندہ گزارہ کے نیال سے اُنکے خاوند کی اُٹھاونی یا تیرھویں کے دن اُسکے رشتہ دار اپنے اپنے حسب مقدور کچھ روپیہ ڈالتے ہیں)

آگے ڈولنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سامنے پھرنا روبرو کھیلنا (۲) صاحب اولاد ہونا۔ بال بچّے دار ہونا۔

آگے سے ہوتی آئی ہے ۔ محاورہ۔ پہلے سے یوں ہی ہوتی آئی ہے۔ ہمیشہ یوں ہی ہوتا رہا ہے

آگے قدم رکھنا ۔ ف ل۔ پیش قدمی کرنا۔ ترقی کرنا۔ پیش دستی کرنا۔ پہل کرنا

آگے کا اُٹھا کھانیوالا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) جھوٹ کوٹ کھانیوالا۔ اُلش خوار۔ ٹکڑ خور۔ کمبین۔ نوکر چاکر۔ (۲) چیڑ قنا تیا۔ خوشامدی۔ مفت خور طعام تلاش۔ ہر دیغی چمچہ۔ (۳) (بازاری) مابون۔

آگے کا قدم پیچھے پڑنا۔ یا ہٹنا ۔ ہ۔ ف ل

(۱) دہشت کے مارے۔ کھسرا جانا۔ رُعب چھا جانا۔ سٹپٹا جانا۔ جھجکنا یا ہچکچانا۔ (۲) اُلٹی ترقی کرنا۔ ترقی معکوس کرنا۔

آگے کو کان ہوئے ۔ محاورہ۔ آئندہ کو ہشیار ہوئے۔ آئندہ سمجھکر کام کرینگے سنبھل گئے۔ اب ایسا نہیں کرینگے۔ اب تو جو ہوا سو ہوا آگے کو کان ہوئے

آگے ناتھ نہ پیچھے پگا۔ سب سے بھلا کمہار کا گدھا + لاوارثا۔ بے سہارا۔ نگوڑا ناٹھا۔ (بعض جانوروں کی ناک میں ناتھ ڈالکر اُنکو قبضہ میں کرتے ہیں اور بعضوں کے پاؤں میں ایک رسّی جسکو پگا (پاد = پاؤں + کا متعلق) کہتے ہیں باندھکر اُنپر قابض ہوتے ہیں پس ناتھ اور پگا اِن دونو چیزوں سے کسی کی ملکیت معلوم ہوتی ہے۔ اور جب یہہ دونو نہوں تو وُہ جانو بالکل لاوارث سمجھا جاتا ہے اِسی سبب سے اِس مثل کو اُس آدمی کے حق میں بولتے ہیں جسکا کوئی رشتہ دار زندہ نہ رہے)

آگے نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ بے پڑھے سبق کو پلا مدد اُستاد کے اپنے آپ پڑھنا۔ مطالعہ کرنا۔

آگے نکل جانا۔ ہ۔ ف ل۔ آگے بڑھجانا۔ سبقت لیجانا۔ ترقی کرنا۔

آگے ہاتھ پیچھے پات ۔ (یہ محاورہ اُس آدمی کے حق میں بولتے ہیں جو ایسا غریب ہو کہ اُسکو کپڑوں کی جگہہ پتے بھی میسّر نہوں۔ جس سے وہ اپنی شرمگاہ کو توچھپائے۔) بہت ہی مفلس اور قلّاش۔ بڑا کنگال۔ نردھن۔

آگے ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مقابلہ کرنا۔ خم ٹھوک کر مقابل ہونا۔ سامنا کرنے پر آمادہ ہونا۔ (۲) پردہ نشین عورت کا اپنے رشتہ داروں کے سامنے نکلنا۔ پردہ نکرنا۔

آگے ہی۔ ہ۔ م ف۔ اوّل ہی سے۔ پہلے ہی۔ پیشتر ہی آگے ہی میں تو کہہ چکا تھا۔

آلا بالا بتانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) حیلہ و حوالہ کرنا۔ ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔ وعدہ وعید کرنا۔ ٹالے بالے بتانا۔ (۲) دم جھانسے دینا۔ دم دینا۔ دھوکا بازی کرنا۔ (گھروں میں عورتیں اکثر چیزیں آلوں یا طاقوں میں رکھا کرتی ہیں اور جب اُنکو کسی چیز کا دینا یا بتانا منظور نہیں ہوتا تو کہدیا کرتی ہیں کہ کہیں آلے والے میں پڑی ہوگی۔ پس آلا والا کا بقاعدۂ علم زبان آلا بالا ہوگیا)

آلا بلا۔ و۔ اسم مؤنث۔ خراب اور نکمّی چیز۔ سڑی بسی چیز۔ آخور کی بھرتی۔

الاراسی کارخانہ۔ الایسی کارخانہ۔ الآراسی کارخانہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ بے پروائی کا کام۔ بے توجہی کا کام۔

الاراسی مزاج۔ آلاراسی مزاج۔ وہ مزاج جسمیں سستی اور مساوات کی عادت ہو۔ لاؤبالی مزاج۔ اٹھڑپنے کی عادت

آلاگانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ایک قصہ یا داستان کا کر بیان کرنا۔ چکی جھونا اپنی کہے جانا۔ (۲) اپنا رونا۔ رونا۔ آپ بیتی کہنا۔

اُلاہنا دینا۔ ہ۔ ف م۔ گلہ کرنا۔ شکایت کرنا۔ الزام رکھنا۔

الائچی دانہ ف اسم مذکر (۱) الائچی کے بیج۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی ہے جو الائچی کے دانوں کو کھانڈ میں خلاف سے بنتی ہے۔ (۳) (بازاری) کم سن عورت یا لڑکا۔ نوعمر معشوق۔

اُلٹا توا۔ ہ صفت۔ نہایت کالا۔ کالا کوئلہ تمباکو کا بھنڈ۔ حبشی۔

اُلٹا دھرا باندھنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی شخص کو اُسی کی تقریر یا دلیل سے قائل کر دینا مقدمہ کو اُلٹ دینا۔ اُلٹی تہمت لگانا۔ معاملہ کو برعکس کر دینا۔

الٹا زمانہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ وہ زمانہ جسمیں سیدھی بات اُلٹی اور اُلٹی بات سیدھی سمجھی جائے۔

اُلٹا لیا جائے نہ سیدھا۔ محاورہ کسی طرح قائل نہیں ہوتا۔ کسی طرح مغلوب نہیں ہوتا۔

اُلٹ پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ اپنے پہلے ارادہ یا منشا کے خلاف کرنا۔ بگڑ جانا۔ مخالف ہو جانا۔ پلٹ کر لڑنے کو تیار ہو جانا۔

اُلٹ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پہلے رُخ کا بدل جانا۔ پہلی حالت سے بدل جانا۔ پلٹا کھا جانا۔ (۲) پچھلی طرف کو گر پڑنا۔ اوندھا جانا۔ لڑھک جانا۔ (۳) منحرف ہو جانا۔ پھر جانا۔ (۴) نیچے آ رہنا۔ گر پڑنا۔ (۵) مکر جانا۔ منکر ہو جانا۔ —— کانپے اور اُلٹ جائے (۶) کایا پلٹ جانا۔ موٹا تازہ ہو جانا۔ (۷) بیہوش ہو جانا۔ سرشار ہو جانا۔

دو پیالی پیتے ہی اُلٹ گیا

(۸) (بازاری) فعل بد کرنا۔ حرکت ناجائز کرنا۔ (۹) تباہ ہونا۔ برباد ہونا ناس ہو جانا —— دلی کا طبقہ اُلٹ گیا۔ (۱۰) پڑھ ڈالنا۔ ختم کر دینا۔

چار دن میں ساری کتاب اُلٹ گیا

اُلٹ دینا - ف م - (۱) رُخ بدل دینا پلٹنا - (۲) گرا دینا - اوندھانا (۳) رد کرنا نہ ماننا - (۴) بیہوش کر دینا - (۵) قے کرنا ڈالنا -

اُلٹ کر کروٹ نہ لی محاورہ - پھر کر یا کروٹ کر نہ آئے - خبر نہ لی -

اُلٹے بانس بریلی کو لادنا - ف م - جو چیز جہاں پیدا ہوتی ہے اُس کو وہیں تجارت کے لئے لے جانا - بیوقوفی کا کام کرنا نقصان کا کام کرنا -

اُلٹے پاؤں پھرنا - ف ل - جس قدم سے جانا اُنہیں قدموں واپس چلے آنا - جاتے ہی پھر آنا - جلد واپس آنا -

اُلٹی پٹی پڑھانا - ف م - (۱) غلط سبق پڑھانا - کسی بات کو اُلٹا جی میں بٹھانا - بہکانا - کان بھرنا - (۲) دل میں فرق ڈلوانا - بدظن کرنا -

اُلٹی چھاؤنی باندھنا - ف م (۱) پھیر کو اُلٹے دھنگ سے باندھنا (۲) کسی پر ناحق الزام لگانا -

اُلٹے سانس بھرنا - یا لینا - ف ل - جان کنی میں لمبے سانس لینا - اُوپر کے سانس لینا - قریب المرگ ہونا -

اُلٹی سمجھ یا مت - ف - اِسم مونث - اوندھی عقل - ناقص عقل - خیال خام -

اُلٹی سیدھی سُنانا - ف م - سخت سُست کہنا - بُرا بھلا کہنا - اوندھی سیدھی سُنانا - گالی گلوچ سے پیش آنا -

اُلٹی سیدھی پڑھنا - یا پھیرنا } ف م - بد دعا دینا - کوسنا دینا

اُلٹے کانٹے تولنا - ف م - (تولتے وقت جب ترازو کا کانٹا (یعنی سوئی) نیچے کیطرف جھکا رہتا تو کچھ کم تُلتا ہے) ذرا کم تولنا - اُڑتا ہوا تولنا - کم تولنا -

اُلٹی کرنا - ف ل - کھایا پیا ڈال دینا قے کرنا - رد کرنا - اِستفراغ کرنا - ڈالنا زمین - دھرتی یا بھوں دیکھنا - چھانڈنا

اُلٹی کھوپڑی کا - صفت اوندھی سمجھ کا کوڑھ مغز - کم عقل - کج فہم -

اُلٹی گنگا بہانا - ف م - مرجاد یا دستور کے خلاف کرنا -

اُلٹی گنگا بہنا - ف ل - خلاف دستور کوئی امر ہونا - مرجاد بپریت ہونا -

کہیں اُلٹی گنگا بھی بہی ہے ؟

اُلٹی مالا پھیرنا - ف م - کسی کی تباہی اور بربادی کے واسطے کچھ پڑھنت پڑھنا -

کسی کی تباہی کی کوشش کرنا۔ اُلٹی سیدھی پھرنا۔

اُلٹے مُلک کا ۔ ہ۔ صفت۔ نئی اور انوکھی ولایت کا۔ احمق۔ بیوقوف۔ طرفہ معجون

اُلٹے ہاتھ کا داؤں ۔ محاورہ۔ بہت آسان کام۔ ایک اذنی چال۔ بائیں ہاتھ کا داؤں (یہ محاورہ مجواریوں سے لیا گیا ہے۔ جو دعوے کے ساتھ یہ کہا کرتے ہیں اور اب نہایت چالاک آدمی کی تعریف میں بولا جاتا ہے اس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ اس کے نزدیک یہ کام یہاں تک سہل ہے کہ وہ اسکو بجائے دائیں ہاتھ کے صرف بائیں ہاتھ سے کرسکتا ہے کہ جس سے کام کا کرنا ذرا مشکل ہوتا ہے)

اُلجھیڑے میں پھنسنا ۔ ہ۔ ف ل۔ دقتوں اور مصیبتوں میں مبتلا ہونا۔ بلا میں گرفتار ہونا

اُلجھنا مانگنا ۔ ا۔ ف ل۔ پناہ مانگنا۔ بچنا۔ پرہیز کرنا۔

اُلش کرنا ۔ و۔ ف م۔ کسی بادشاہ۔ یا امیر کا ذرا سا کھانا کھالینا۔ کھانے کو جھوٹا کردینا جھٹالنا۔ مُنہ بٹالنا۔

اَلف اللہ ۔ صفت (۱) لفظ اللہ کے اَلف کی طرح کسی سے لگاؤ نہیں رکھتا۔ بے لاگ۔ اکیلا دم۔ دم نقد۔ تن تنہا۔ (۲) غریب۔ مُفلس۔ قلّاش۔

اُلفت کا بندہ ۔ ہ۔ محاورہ۔ جو شخص محبت کرتا ہے اُس کا غلام ہوں۔ محبّت کا بھوکا یا بندہ۔

اَلفتے ۔ اسم مذکّر (صحیح آلفتہ۔ مُتعجب) غیر۔ بیگانے۔ ایرے غیرے۔ باہر والے۔

الف کھینچنا ۔ ا۔ ف ل۔ گداگری اختیار کرنا۔ فقیری سادھنا (بے نوا فقیروں کا دستور ہے کہ ناک سے لیکر سر کے بالوں تک ایک سیدھا خط الف کے مانند کھینچے رہتے ہیں کیوں الف کھینچ کے انگشت نما ہوتا ہے)

الف ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر سیدھا کھڑا ہوجانا۔ چراغ پا ہوجانا۔

الف ہوکے گرا دیتا ہے گھوڑا بخت واژوں کا

اَلقط کرنا ۔ ا۔ ف م (۱) قطع کرنا۔ کاٹنا دور کرنا۔ (۲) تیاگنا۔ چھوڑنا۔ کٹی کرنا تجسا ایسی دوستی کو اَلقط کرتا ہوں!

(۳) موقوف کرنا۔ برطرف کرنا۔ آتار دینا۔ جواب دینا (۴) باقی چکانا۔ چکتانا بیباق کرنا۔ دیدینا۔

اَلکھ پُرش ۔ ہ۔ اسم مذکّر۔ جو دکھائی نہ دے

-الوپ - ایشور - نرنکار - خدا تعالےٰ
الکھ پرش کی مایا کہیں دھوپ کہیں چھایا - مثل
الکھ جگانا - ہ - فم - ایشور کا نام
لیکر بھیک مانگنا - اللہ کے نام مانگنا -
بھیک مانگنا - درویزہ گری کرنا -
گھر گھر الکھ جگائے کے جاؤں پیا کے دیس - گیت
الکھ جاگے ! - جوگیوں کے مانگنے
کی صدا ہے یعنی الوپ روپ ہر جگہ
موجود ہے - یا اپنے ایشور کو جگاؤ
اور چیتن ہو -
الگ الگ - ہ - ف م - ایک ایک
کو - جدا جدا -
الگ پڑنا - ہ - ف ل - میاں یا بیوی
سے الگ سونا - تنہا سونا -
الگ تھلگ - ہ - م ف - (۱) بالکل
جدا - اوپر ہی اوپر -
ظاہر تہا اس سے یہہ کہ گلے کے لیا لگوں
دن عید کے جو مجھسے رہا وہ الگ تھلگ
(۲) نازک - کاہو جھو -

الگ کرنا - یا کر دینا - ہ - ف م (۱) جدا کرنا
علیحدہ کرنا - نیارا کرنا
(۲) اتارنا - تراشنا - کاٹنا -
(۳) کھونٹنا - بے ترنجیر کرنا - جدا کرنا
سلجھانا - (۴) آزاد کرنا - رہا کرنا - چھٹی دینا
(۵) دور کرنا - الگ کاٹنا - طاق پر
رکھنا - چھپر پر رکھنا -
میں اب جھگڑا الگ کرتا ہوں
(۶) خارج کرنا - نکال دینا - برادری یا باہر
کرنا (۷) چھڑانا - چھانٹنا - پینا - جدا کرنا -
(۸) بیچ ڈالنا - دور کر دینا -
اب سواری الگ کر دی ہے
(۹) تمام کرنا - ختم کرنا - بیڑ دینا -
کمائی کے الگ کر لو -
(۱۰) جوڑ جوڑ جدا کرنا - ٹکڑے کرنا - جرد کرنا
(۱۱) چھپا دینا - نظروں سے غائب کر دینا
- پوشیدہ کر دینا - ہٹا دینا - (۱۲) ابھار
دینا - تبر کر دینا - چرا لینا -
آنکھوں کے سامنے سے چیز الگ کر دی
(۱۳) غصب کرنا - مال مارنا - بد دیانتی کرنا
پرایا مال الگ کرنا اچھا نہیں ہوتا
(۱۴) دور کرنا - بند کرنا - توڑ دینا -
کپڑے کا کارخانہ الگ کر دیا
(۱۵) چھوڑ دینا - موقوف کرنا - استعفا
دینا - دست بردار ہونا - ترک کرنا -
اسنے وہ کام الگ کیے -

انگنی پڑوا لینا - ہ - فم - ہوا دینا - سلگانا -

الگنی پر ٹکھا رکھو - محاورہ - جب کوئی شخص کسی اپنے بڑے رشتہ دار کو یا کسی اپنی پرانی چیز کو بہت عزیز سمجھتا ہے اور اُسکا مرنا یا صرف ہونا گوارا نہیں کرتا - تو اُسوقت مذاقاً اور لوگ یہ محاورہ بولتے ہیں

اللہ اکبر - خدا نہایت بڑا ہے - مسلمان اِس کلمہ کو اظہارِ تعجب عظمت حیرت اور کثرت کے موقع پر اور کسی جانور کے ذبح کرتے اور لڑائی پر چڑھتے وقت بولتے ہیں اسی کا نام تکبیر ہے اور نماز میں نیت باندھتے وقت اور ہر ایک رکن مثل رکوع وسجود وغیرہ پر اللہ اکبر کہتے ہیں -

اللہ اللہ! - (کلمہ حیرت - تعجب اور تعریف) واہ وا! - اہا اہا! - او ہو! - کیوں نہو! -

اللہ اللہ کرنا - ف م - (۱) خدا کا نام لینا - رام رام کرنا یا جپنا - عبادت کرنا - تسبیح یا سمرن پھیرنا - (۲) صبر و توکل کرنا - سنتوکھ کرنا -

اللہ اللہ کرو / **اللہ کا نام لو** - محاورہ (۱) - اِس خیال کو چھوڑ دو اور خدا کا نام لو - خدا خدا کرو - توبہ کرو - پرمیشر کا بھجن کرو - رام رام بھجو -

اللہ آمیں سے پالنا - ف م - (م عو) دُعائیں مانگ مانگ کر پرورش کرنا - بڑے ناز و نیاز سے پالنا - کمال محبت اور محنت سے پالنا - **شوق** ؎

اللہ آمیں سے اِسکو پالا ہے
سارے گھر کا یہی اُجالا ہے

اللہ آمیں کا بچہ - (م عو) ایسا بچہ جسکی ذرا سی علالت کے دفعیہ کے لیے اللہ اور پیروں سے دُعا مانگتے ہیں - اللہ پیر منائے کا بچہ - نازپروردہ -

اللہ بیلی - (صحیح اللہ والی) خدا حافظ! - (نیچابی)
اللہ نگہبان - (تاویلی) - خدا نگہبان
اللہ حافظ - (کلمہ دُعائیہ جو رخصت کے وقت مسلمان عورتیں آپسمیں ایک دوسرے کو کہتی ہیں)

اللہ توکلی (اشپڑھ) **التوکلی** - م ف - (۱) خدا کے بھروسے پر - رام بھروسہ - توکل بخدا - (۲) اچانچک - اتفاقیہ - سنجوگ سے -

اللہ رے! کلمہ تعجب وحیرت + واہ رے! - بلبے! - اہا! -

اللہ رے شورِ عشق تیری سربلندیاں!

اللہ رے میں! کلمہ تعجّب۔ میرا کیا کہنا ہے۔ واہ رے میں!

اللہ کا نام ہے۔ خدا کے نام کے سوائے اور کچھ نہیں ہے۔ کچھ نہیں ہے۔ کوئی نہیں ہے۔

اللہ کا نور۔ (۱) خدا کا نور۔ نورِ الٰہی۔ (۲) نہایت خوبصورت اور حسین (۳) فرشتہ صورت۔ متبرک شکل کا آدمی۔ (۴) ڈاڑھی۔ ریش (۵) ملنزاً۔ نہایت بھونڈی شکل کا آدمی۔ (۶) از حد شریر۔

اللہ کرے۔ کلمہ تمنّا۔ رام کرے۔ خدا کرے۔ کاش۔ کاشکے۔

اللہ کی جان۔ اللہ میاں کا جیو۔ ا۔ صفت (۱) جاندار۔ جیو۔ جیو جنتو۔ حیوانات۔ (۲) رام جی کا جیو۔ بھولا بھالا۔ سات پانچ کچھ نہیں جانتا ہے۔ مسکین۔ غریب۔ قابلِ رحم۔

اللہ کے گھر سے پھرا ہے۔ خدا کے گھر سے پھرا ہے۔ محاورہ۔ نئے جنم سے پیدا ہُوا ہے۔ مرکر کے بچا ہے۔ پھر کے سے جنم لیا ہے۔ گویا دوبارہ پیدا ہوا ہے۔ رام کے گھر سے پھرا ہے

اللہ کے لوگ۔ ا۔ صفت۔ (۱) معصوم صفت۔ بزرگ آدمی۔ فرشتہ خُو۔ جنّتی (۲) بے فکر بے پروا۔ (۳) بھولے بھالے سیدھے سادھے۔ سادہ لوح۔

یہ تو اللہ کے لوگ ہیں انکو کیا غرض ہے!

اللہ مارا۔ کلمہ تحقیر۔ (م عو) (۱) خدائی خوار۔ نگوڑا۔ مُوا۔ اُجڑا۔ موت لیا۔

اللہ والے۔ ا۔ اسم مذکّر۔ (۱) فقیر۔ درویش۔ (۲) منگتا۔ بھکاری۔ (۳) شُہدوں کا لقب۔

اللہ ہی اللہ ہے! محاورہ۔ (۱) خدا کے سوا اور کوئی نہیں ہے۔ اُسکے ذات کے سوا سب فانی ہے۔

(ظفر) یہ سب دھوکا ہے بس تیری قسم اللہ ہی اللہ ہے

(۲) کلمہ تحسین و تعریف۔ سبحان اللہ۔ کیا کہنا ہے۔

اُلّو بولنا۔ ف۔ ل۔ اُلّو اکثر ویرانوں میں بولا کرتا ہے۔ اس سبب سے اسکے معنی ویرانہ ہونیکے ہوگئے۔ آبادی نہ رہنا۔ اُجڑنا۔

اُلوا یا اُٹھانا۔ ف۔ م۔ (دنیات)۔ اُوپر اُوپر سے کسی گری ہوئی چیز کو اُٹھانا تاکہ اُسمیں خاک مٹی نہ مل جائے

نون کو اُلوا یا اُٹھالو ریت نہ مل جائے

اِلٰہی خرچ ۔ا۔ اسم مذکر۔ (۱) خدا کی راہ میں صرف ۔خیرخیرات۔

نہ فقیروں کی جان واہی خرچ
(انشا) اوسیاں! اُنکے ہیں الٰہی خرچ

(۲) شاہانہ خرچ ۔شاہی خرچ ۔عالمگیری خرچ ۔فضول خرچی۔

الٰہی رات ا۔ اسم مونث (م عو) رتجگا۔ شب بیداری۔ جاگرن۔

اِلٰہی مُہر ۔ا۔صفت ۔مُہر شاہی جب کسی کاغذ پر ہوتی ہے تو اُسکی تعمیل میں کسی طرح کا شُبہ نہیں رہتا ہے ۔مُصدقہ عدالت واجب التعمیل ۔لازمی ۔بے جوکھوں

تمہارے روپیہ الٰہی مہر ہیں = یعنی اُنکا دینا ایسا ہے جیسا فرمان کا بجالانا۔

آمد ف اسم مونث آنیکی خبر (۲) آمدنی ۔پیدا ۔حاصل یافت ۔ (۳) رسد یا مال کا باہر سے بازار میں آنا (۴) شروع ۔ابتدا ۔آد ۔ (۵) جوبات یا کلام خود بخود دل سے پیدا ہو۔ بناوٹ سے خالی ۔آورد کی ضد۔

جو خوبی آمد میں ہے وہ آورد میں کہاں!

آمد آمد ۔ف ۔اسم مونث ۔کسیکے آنے کی خبر ۔کسی بڑے آدمی کے تشریف لانیکی شہرت یا دھوم دھام۔

آمد برآمد کے دِن ۔محاورہ ۔رُت بدلنے کے دن ۔موسم پلٹنے کے دن۔

آمدسخن ۔ف ۔م ف۔ تذکرہ کے طور پر ۔مثلاً ۔برسبیل تذکرہ۔

آمدنی ۔ف ۔اسم مونث ۔ (۱) آمدنی ۔پیدا ۔حاصل ۔یافت ۔ (۲) رسد یا مال کا باہر سے بازار میں آنا ۔ (۳) بچت ۔اوت نفع ۔فائدہ ۔لابھ۔

امر ہونا یا ہوجانا ۔ہ ۔ف ل۔کسی شخص یا چیز کا زوال کے اندیشہ سے بری ہوجانا لازوال ہوجانا ۔اٹل ہوجانا ۔حیاتِ ابدی پانا۔

اِمرت بانی ۔ہ ۔اسم مونث ۔شیریں کلامی ۔میٹھی باتیں ۔خوش بیانی۔

اِلَّذِی نہ اُلَّذِی ۔محاورہ ۔ (صحیح ۔لَا اِلَی الَّذِیْنَ وَلَا اِلَی الَّذِیْنَ) اِدھر کا نہ اُدھر کا ۔ڈانواں ڈول ۔دُبدھا میں پڑا ہوا ۔گھر کا نہ گھاٹ کا۔ دین کا نہ دنیا کا۔ کسی کام کا نہیں۔

اَللّٰے تللّٰے کرنا یا اُڑانا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) راتدن عیش وعشرت کرنا ۔گلچھرّے اُڑانا۔ موجیں مارنا ۔چین کرنا۔ ناچ رنگ میں گزرنا۔

دن عیدرات شب برات منانا۔
(۲) فضول خرچی کرنا۔ روپیہ لٹانا۔ خوب اُڑانا (۳) نمود کرنا۔ ظاہری بھڑک خوب بنائے رکھنا۔
باہر میاں اللّے تللّے گھر میں چوہے پکیں۔ مثل

اَلَم غلم ۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) بُری بھلی چیز۔ کاچر کوچر۔ ساگ پات۔ (۲) آخور۔ ناکارہ چیز نکمّی اور خراب شے۔ آخور کی بھرتی۔ (۳) انٹ کی سنٹ۔ بادہوائی بات۔ لغواور پوچ گفتگو۔ مہمل بات (۴) غبن۔ خیانت غصب۔

الّم غلّم بکنا ۔ واہیات بکنا۔ اناپ شناپ کہدینا۔ بیہودہ گفتگو کرنا۔

الم غلم بھکنا یا کھانا ۔ ا۔ ف م۔ بُری بھلی چیز کھا جانا۔ اناپ شناپ کھالینا۔ نکمّی اور ناکارہ چیزوں کو چٹ کر جانا۔

الّم غلّم کرنا ۔ ا۔ ف م۔ حساب میں کم وبیش کرنا کمتی بڑھتی بتانا۔ غبن کرنا۔

الم نشرح ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ ظاہر ہونا۔ مشہور ہونا۔ طشت از بام ہونا۔ ڈونڈی پٹنا۔ گزٹ میں چھپ جانا۔ چھاپے میں چھپ جانا۔ (یہ محاورہ سورہ انشراح کی پہلی آیت سے لیا گیا ہے۔)

اَلنگ پر آنا یا ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ گھوڑی کا مستی پر آنا۔ عورت کا مستا جانا۔ مدھ پر آنا جوان ہو جانا۔ جوبن پر آنا۔

اُلّو بنّا یا ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) احمق بنّا۔ بیوقوفی کا کام کرنا۔ (۲) نشہ میں مدہوش ہو جانا۔

اُلّو بنانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) احمق بنانا بیوقوف بنانا۔ (۲) ٹھگنا۔ سر مونڈنا۔ گانٹھ کترلینا

اُلّو کا گوشت یا ماس کھلانا ۔ ا۔ ف ل۔ بیوقوف بنا دینا۔ احمق کر دینا۔ آسامی بنالینا لوگوں کا خیال ہے کہ اُلّو کا گوشت کھانے سے آدمی بیوقوف ہو جاتا ہے۔

اِلّے کے بلّے لگانا ۔ ا۔ ف م۔ جگہ بجگہ لگانا۔ بیجا خرچ کرنا

امی امی ہونا۔ ائیں آئیں ہونا (ہندی ۔ امی۔ س अमृत امرت بمعنی آب حیات) اسی سبب سے اس محاورہ کے معنی خوشی کے ہوگئے ہیں یعنی ایسی خوشی ہوئی گویا آب حیات مل گیا۔ خوشیاں منانا۔ مرادیں بر آنا۔ دل کی خواہش پوری ہونا۔
مینہ برسنے سے چاروں طرف آئیں آئیں ہو جاتی ہے

اُمید سے ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ (عو) حمل سے ہونا۔ دیکھو آس سے ہونا +

امیری کا زخانہ ہے محاورہ۔ امیروں کا سا

ڈھنگ۔ امیروں کے سے ٹھاٹ ہیں۔ بے پروائی ہے۔ فیاضانہ طریقہ ہے۔

امیری کرنا۔ و۔ ف ل۔ (۱) عیش و آرام سے گزارنا۔ امیرانہ ٹھاٹ سے رہنا۔ چین مارنا۔ (۲) فیاضانہ بسر کرنا۔ (۳) حکومت کرنا۔

اناپ سناپ۔ اناپ شناپ۔ ہ۔ م ف (اصل میں اناپ سناپ صحیح ہے کیونکہ آ = نہیں۔ ناپ = اندازہ ۔ = ساتھ۔ ناپ = اندازہ) (۲) بے اندازہ۔ بہت زیادہ۔ اندازہ سے باہر (۲) بے سوچے سمجھے۔ بے تامل (۳) بے تمیزی سے۔ واہی تباہی۔ اوت پٹانگ۔

انا ج کا دشمن۔ محاورہ۔ اناج بگاڑنیوالا۔ روٹی کھا کر کچھ کام نہ کرنے والا۔ عہدی سُست۔ کاہل آدمی۔

کام کا نہ کاج کا دشمن اناج کا۔ مثل

انار دانہ بنا ہوا ہے۔ محاورہ۔ نہایت سُرخ و سفید یا موٹا تازہ بنا ہوا ہے۔

آنا کانی دینا۔ و۔ ف ل (ہندی آنا۔ س. آن بمعنی نہیں۔ کانی = کان۔ یعنی کان نہیں دینا)۔ سُننے کی طرف رغبت نکرنا۔ متوجہ نہونا۔ بہرہ بن جانا۔ سُنی اَن سُنی کرنا۔ شنیدہ ناشنیدہ کرنا۔ طرح دینا۔ ٹال جانا۔ اِغماض کرنا۔

آن بان۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) سج دھج۔ شان شوکت۔ ٹھاٹ (۲) ہٹ اڑ۔ ضد۔ ؎ ارے ظالم! ابتو اپنی آن بان چھوڑ (۳) مڑک تمکنت۔ ٹھسّا۔ اکڑ۔

وہ تو اپنی آن بان میں ہی مری جاتی ہیں

(۴) سبھاؤ۔ بان۔ عادت۔ ڈھنگ اطوار۔ ہمیں تو اُسکی آن بان پسند نہیں

اُمکا ڈھمکا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ یہ اَوروہ۔ بڑا چھوٹا۔ ہر کوئی۔ فلاں فلاں۔ وغیرہ۔ اٹ بٹ۔ ایرا غیرا۔

امک ڈھمک۔ ہ۔ م ف۔ (۱) واہیات۔ بیہودہ۔ اچھی بُری۔ بُری بھلی۔

امک ڈھمک جو مُنہ میں آتا ہے بک دیتا ہے

(۲) نکمّی چیز۔ ناکارہ شے۔ اَخور

آم کے آم گٹھلیوں کے دام۔ محاورہ۔ آم کے آم چوستے ہو اور گٹھلیوں کو بیچکر اُنکے دام کرتے ہو۔ بڑے جزو رس ہو کسی چیز کا کوئی حصہ بیکار نہیں جانے دیتے

امل پانی کرنا۔ ہ۔ ف م۔ کوئی نشہ پینا۔ نشہ پانی کرنا۔ بھنگ پینا۔ افیم کھانا۔

آمنا و صدقنا۔ م ف۔ بہت درست ہے۔ ہمنے مانا۔ بجا ہے۔ ٹھیک ہے

ست بچن ہے

امن چین ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (م عو) ۔ زلزلہ بھونچال ۔ ہالن ڈولن ۔ بھوکمپ ۔

آن بان یا آن تان والی ۔ ہ ۔ صفت (عو) دماغدار ۔ غیرت والی ۔ مزاج چوٹی

آن بنّا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ آپھنسنا ۔ بپتا یا مصیبت پڑنا ۔

ان بن دھا موتی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ کواری لڑکی ۔ باکرہ عورت ۔

آن بن رہنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (ان = نہیں بن = بنی ہوئی ۔ بھنے میل ۔ بیٹنے میل نہ رہنا) تکرار رہنا ناا تفاقی رہنا ۔ کھٹا پٹی رہنا ۔

ان بولا رانی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (نہ بولنے والی رانی) (۱) جسے بولے بول نہ آئے ۔ بھولی بھالی (۲) ٹھسّے دار عورت ۔ دماغدار ۔

ان بھول ہے ۔ (اصل میں ان بول ہے یعنی جسے بولنا یا بات کرنا نہیں آتا) انجان ہے ۔ بھولا بھالا ہے ۔ سیدھا سادھا ہے

آن پہنچنا ۔ آپہنچنا ۔ ح ف ۔ ل (۱) پاس ۔ نزدیک ۔ یا نیڑے ۔ یا دھورے آجانا ۔ خاتمہ کے قریب آجانا ۔

انت آپہنچنا یا آلگنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ مرنے کے دن قریب آجانا ۔

آنت بھاری ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ پیٹ میں کچھ کسر ہونا ۔ آنت بھاری تو انت بھاری

انتر دوار ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ چور دروازہ ۔ چور ڈیوڑھی ۔

انتر دھیان ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) دھیان ہی دھیان میں غائب ہوجانا ۔ چھپ جانا ۔ الوپ ہوجانا ۔ نظر سے اوجھل ہوجانا ۔ (۲) دیوتا یا اوتار کا اس لوک (دنیا) سے پر لوک کو سدھار جانا ۔

آنتڑیاں چلنا } ہ ۔ ف ل ۔ بھوک کا
آنتیں ٹوٹنا } زور ہونا ۔ کھدّ یا لگنا ۔ نہایت بھوک لگنا ۔ دوں لگنا ۔

انتقال کرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) چیز یا مکان وغیرہ کا دوسرے کے قبضہ میں دیدینا (۲) بیع کرنا ۔ بیچ ڈالنا ۔ (۳) (ف ل) جگہ بدلنا ۔ مرنا ۔ گزرنا ۔

اِن تِلوں تیل نہیں ۔ محاورہ ۔ روکھے اور ریے مروت ہیں ۔

آن تُلے بوجھ تلے کھڑا ہوں ۔ کلمہ قسمیہ ۔ تُلے ہوئے بوجھ کے نیچے کھڑا ہوں جو جھوٹ بولتا ہوں تو یہ بوجھ مجھ پر آپڑے

انت لینا یا نہڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (ہ عو) سنتانا ۔ دق کرنا ۔ ناک میں دم کرنا ۔

مہ جب پیٹ میں کسر ہوتی ہے یعنے کھانا اچھی طرح ہضم نہیں ہوتا ہے تو سر میں درد رہتا ہے ۔

زندگی بتنگ کرنا۔ (زیادہ تر لڑکے بالوں کے
دق کرنیکی نسبت بولتے ہیں)
سنئے! کیوں تو میرا انت لے رہے اب مجھے کام کرنے دیجئے
آن توڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) عہد توڑنا۔ اقرار
کے خلاف کرنا۔ قسم توڑنا (۲) مرجادیا قدیم
دستور کے خلاف کرنا۔
آنتوں یا انتڑیوں کا بل کھولنا۔ ہ۔ ف م
۔ فاقہ کشی یا بھوکا مرنے کے بعد کچھ کھانا۔
آنتوں یا انتڑیوں میں بل پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔
پیٹ میں درد ہونے لگنا (اب پیٹ میں
بل پڑنا زیادہ بولتے ہیں)
مارے ہنسی کے آنتوں میں بل پڑ گئے۔
انتہا کا۔ ہ۔ صفت۔ بڑھ کا۔ چھٹا ہوا۔
پورا۔ کامل۔ بڑا۔ پرلے سرے کا۔
انتی سا رہ کر نکلنا۔ ہ۔ ف ل۔ دستوں
کی راہ نکلنا۔ کٹ کٹ کر نکلنا۔
رام جی کرے میری چیچ (چیز) جنے لی ہو اسکے
انتی سا رہ کر نکلے۔ (ہ ع)
آنتیں سمیٹنا یا مسوسنا۔ ہ۔ ف ل۔ م ع)
فاقہ سے گزارنا۔ کھانا نہ کھانا۔ بھوکا مرنا۔
آنتیں قل ہو اللہ پڑھنے لگیں۔ محاورہ
آنتیں ختم پڑھنے لگیں۔ بھوک کے مارے
خاتمہ ہونے لگا۔ مارے بھوک کے
مرنے لگے۔ آنتیں جلنے لگیں۔
آنتیں گلے میں آنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی بلا
میں گرفتار ہونا۔ مصیبت میں پھنسنا۔
آفت میں پڑنا۔
آنتیں مُنہ کو آنا۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت دق
ہونا۔ ناک میں دم آنا۔ بیزار ہونا۔ کلیجہ
مُنہ کو آنا۔
انٹا چت ہونا۔
انٹا غفیل یا غفیل ہونا۔
انٹا گڑ گڑ ہونا۔
ا۔ ف ل۔ ایسا نشہ چڑھنا کہ
کھیلتے کھیلتے ہاتھ سے انٹا (یعنی کوڑی
یا گولی) گر کر چت ہو جانا۔ نہایت نشہ
چڑھنا۔ مدہوش ہونا۔ بالکل ہوش نہ رہنا
۔ نشہ کے مارے سُدھ نہ رہنا۔
آنٹ پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ گرہ پڑنا۔ دلوں
میں فرق آنا۔ جی میں بل پڑنا۔ من بگڑنا
شکر رنجی ہونا۔ دشمنی ہونا۔ لاگ ہونا۔
آنٹ سانٹ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ سازش
۔ گٹھوت۔ ملی بھگت۔ گٹھی۔ گٹھت
انٹ کی سنٹ یکنا یا ہانکنا۔ ہ۔ ف ل
۔ واہی تباہی۔ یا بیہودہ بکنا۔
آنٹ لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) روک لگانا
سدِ راہ ہونا۔ حارج ہونا۔ (۲) چاندی

میں گھستا لگا کر آور اُسکو تپا کر اُسکا کھٹر اکھوٹا پن دیکھنا۔

آنٹ لگا لو اچھی ہو تو تمہاری بُری ہو تو میری

انٹی باز ۔ ا۔ اِسم مذکر (۱) وہ شخص جو کوڑی کو انگلیوں کی گھائی میں چھپالے۔ جُواری (۲) فریبی۔ دھوکہ باز۔ دغاباز۔

انٹی کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) اٹیرنا۔ لچھیانا۔ (۲) جُوئے کے وقت کوڑی کو گھائی میں چھپالینا۔ (۳) دم یا فریب سے کسی کا مال تیر کرنا۔

کسیکا مال انٹی کرو جو پُورا پڑے

انٹی مارنا ۔ ہ۔ ف م (جُواری)۔ (۱) جُوا کھیلتے وقت کوڑی کو انگلیوں کی گھائی میں چھپالینا (۲) چُرالینا۔ اُبھار دینا۔ تیر کر دینا اُڑا دینا۔

انجان بننا ۔ ہ۔ ف ل۔ جانکر انجان بننا تجاہل عارفانہ کرنا۔ نجاننے کا بہانہ کرنا۔

انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ ہر ایک جوڑ کا ٹھک جانا۔ بند بند ہل جانا۔ نہایت تھک جانا۔ مضمحل ہو جانا۔

انجل نکرنا ۔ ہ۔ ف ل (اصل میں اَن = اناج جل = پانی) نہ روٹی کھانا نہ پانی پینا۔ آب و دانہ کچھ نہ کھانا۔ نہ کھانا نہ پینا۔ بھوکا پیاسا رہنا۔

آنچ ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ س۔ अर्चि پالی آچی۔ (۱) آگ۔ آتش (۲) چمک۔ تیزی تلوار کی آنچ کے آگے کوئی برلا ہی ٹھیرتا ہے (۳) مانتا۔ جوش محبت (۴) خواہش نفسانی۔ جوش۔ آگ۔ گرمی۔

پیٹ کی آنچ سہی جاتی ہے کوک کی آنچ نہیں سہی جاتی مثل (۵) صدمہ۔ چوٹ۔ نقصان ضرر۔ سانچ کو آنچ کیا۔ مثل (۶) دقت۔ اڑی۔ ہٹ۔

آنچ آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ چوٹ لگنا۔ ضرب پہنچنا ایذا پہنچنا۔ نقصان ہونا (۲) ضرب آنا۔ بات آنا۔ (۳) آفت۔ مصیبت بلا یا بپتا آنا

آنچ دکھانا ۔ ہ۔ ف ل۔ یونہی سا گرم کرنا تپانا۔

آنچ کا کھیل ہے محاورہ (حلوائی یا رکابدار سے یہ محاورہ لیا گیا ہے) مشکل کام ہے بے قابو کام ہے (یعنی آنچ کی ہاتھ کھیل ہے)

آنچ کھا جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ زیادہ گرم ہو جانا زیادہ پکجانا۔ چرخ کھا جانا۔ تاؤ کھا جانا۔

آنچل پڑنا ۔ ہ۔ ف ل (ہندی) اوّل ہی وَل ہم بستر ہونا شب زفاف ہونا۔ گود بھر جانا۔

جی جی! آج پھلانی (فلانی) کے آنچل پڑینگے۔

آنچل دبانا یا دابنا - ہ - ف م - (ہ عو) بچّہ کا مُنہ میں چھاتی دابنا - دودھ پینا - چھاتی مُنہ میں لینا -

اجی[1] آج تم نے آنچل نہیں دابا کیا دیدوں ؟

آنچل دینا - ہ - ف م - (ہ عو) بچّہ کو دودھ پلانا - بچّہ کے مُنہ میں چھاتی دینا -

آنچل لینا - ہ - ف م - (ہ عو) تعظیماً مہمان عورت کے دوپٹّے کا کنارہ چھونا - پاؤں پڑنا - قدم لینا - آدر ستکار کرنا - قدمبوس ہونا -

آنچل میں بات باندھنا - ہ - ف م - (ا) کسی کی نصیحت کو یاد رکھنا - کسی کے قول پر عمل کرنا - بات کو پلّے باندھنا -

آنچ نہ آنا - ہ - ف ل - آسیب یا صدمہ نہ پہنچنا - نقصان نہ ہونا - بال بیکا نہ ہونا -

انچھر پڑھ کے مارنا - ہ - ف م - جادو کرنا - سحر کرنا -

اِنچے اِنچے رہنا - (ہ ف) دور دور رہنا - الگ الگ رہنا - کچھ خفا رہنا - کچھ ناراض رہنا - کشیدہ خاطر رہنا - کھچے کھچے رہنا -

ان داتا - (ہ ع) (جاڑوں میں راجاؤں اور بڑے آدمیوں کے واسطے کلمہ خطاب ہے) (۱) روزی رساں - رازق (۲) حاکم - مالک - خداوند نعمت - آقا - حضور - سرکار مہاراج -

اندازا اُڑانا - ہ م - دوسرے کی وضع اختیار کرنا - تقلید کرنا - کسی کی طرز سیکھ لینا -

اندا نپٹی - ا - اِسم مؤنث (م عو) (۱) وہ عورت جو ہر وقت اپنے اندازوں ہی کے بناؤ سنگار کے بکھیڑوں میں لگی رہے - (۲) نخرہ باز عورت - اپنے ناز و انداز پر اترانیوالی عورت - ناجو -

اِندر اسن آنا - ہ - ف ل - اِندر کے تخت یا راج کا مزہ آنا - نہایت عیش و آرام اور بے فکری سے گزرنا -

وہاں تو اندر اسن آرہا ہے !

اِندرائن کا پھل - ہ - اِسم مذکّر - (ا) یہ پھل دیکھنے میں بھلا لگتا ہے میں کڑوا ہوتا ہے اس سبب سے اسکے یہ معنی ہوگئے ہیں کہ ظاہر میں اچھا باطن میں خراب - صورت حرام (۲) تند مزاج - چڑچڑا - کڑوا آدمی -

اِندر جال - ہ - اِسم مذکّر - (راجہ اندر کا جال جسکو وہ اکثر لڑائی کے وقت دشمن کے دھوکا دینے کے واسطے کام میں لایا کرتے تھے اسی سبب سے اسکے معنی دھوکے کے ہوگئے ہیں) چھل - فریب - شعبدہ بازی - دھوکہ بازی -

اِندر کا اکھاڑا - ہ - اسم مذکر (ا) راجہ اندر کی سبھا جسمیں اپچھرا یعنی پریاں ناچتی ہیں -

[1] سنسکرت

(۲) پریوں اور خوبصورت عورتوں یا لڑکوں کا مجمع۔ پریوں کا جمگھٹا

اندر والا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (عو) سن۔ جی۔ دل۔ بولتا۔

جب اندر والا ہی خوش نہیں تو کہو جینے کا کیا مزہ۔!

اندری بس ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ حظ نفسانی کے تابع ہونا۔ لذایذ حیوانی میں مبتلا ہونا۔ شہوت کے تابع ہونا۔

اندری جلاب۔ ا۔ اسم مذکر۔ ہم بستری۔ تنقیۂ ہم بستری۔ شب باشی۔ تنقیہ بذریعہ جماع۔

اندھا بنانا۔ ہ۔ ف م۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ آنکھوں میں خاک ڈالنا۔ جُل دینا۔

اندھا دربار۔ ا۔ اسم مذکر۔ وہ دربار یا کچہری جسمیں انصاف نہوتا ہو۔ خراب حکومت برا راج۔

اندھا دُھند۔ ہ۔ م ف۔ (۱) بے سوچے سمجھے بے ٹھکانے۔ بیدھڑک (۲) بے احتیاطی سے۔ بے اندازہ۔ بے دیکھے بھالے۔ بے اعتدالی سے۔

اندھا دُھند مچ رہا ہے۔ محاورہ۔ اندھیر ہو رہا ہے۔ انیاؤ ہو رہا ہے۔ ظلم ہو رہا ہے۔

اندھا کُنواں۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ کنواں جسمیں پانی نہو۔ سوکھا اور اٹا ہوا کنواں اندھیر کُنواں۔

اندھا گھوڑا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ فقیروں کی اصطلاح۔ جوتا۔ پاپوش۔

اندھا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) جوانی کے جوش میں مست ہونا۔ آگا پیچھا کچھ نہ دکھائی دینا (۲) گمراہ ہونا۔

اندھکیل ہ۔ اسم مذکر۔ (اندھ کو اندھیر کرنیوالا)۔ مذاقاً۔ پانی۔ جل۔

اندھیرا گپ۔ یا گھپ۔ ہ۔ صفت (گپ بگاڑ ہے س کا = گُنواں) کنوئیں کا سا اندھیرا۔ نہایت اندھیرا۔ ایسا اندھیرا جسمیں ہاتھ کو ہاتھ نہ سوجھے۔

اندھیر کھاتا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (کھاتا = حساب۔ اندھیر = انیاؤ) بدمعاملگی۔ بے انصافی۔ بے ایمانی۔

اندھیر مچانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ظلم و ستم کرنا۔ انیاؤ کرنا۔ (۲) لوٹ مچانا۔

اندھیرے اُجالے۔ ہ۔ م ف۔ اویر تویر۔ موقع بے موقع۔ وقت بے وقت۔

اندھیری جھکنا یا چھانا۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت

زور شور سے کالی گھٹا کا آنا اور اُسکے سبب سے اندھیرا ہو جانا۔ رات کا بہت تاریک ہونا۔

اندھیری دینا یا ڈالنا۔ ہ۔ف م۔ (۱) گھوڑے کی آنکھوں پر پردہ ڈالنا۔ (۲) کسی شخص کو اُسکی آنکھیں بند کرکے خوب پیٹنا۔ مکمل اُڑھانا۔ (۳) دھوکا دینا۔ فریب دینا

اندھیری کوٹھری۔ ہ۔ اِسم مؤنث (۱) تاریک جگہ (۲) پیٹ۔ شکم۔ کوکھ بطنِ اِنسان۔

اندھیرے گھر کا اُجالا۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ (۱) گھر کی رونق۔ نہایت حسین۔ خوبصورت (۲) اِکلوتا بیٹا (۳) فخرِ خاندان۔ زینتِ خاندان۔

اندھی سرکار۔ ا۔ اسم مؤنث۔ خراب سلطنت۔ انتظامی راجہ۔ وہ سرکار جو نوکروں کی تنخواہ ہمیشہ باقی رکھتے +

آندھی کے آم۔ محاورہ۔ (۱) وہ آم جو آندھی کے باعث گر پڑے ہوں بہت سستی اور ارزاں چیز۔ سفت کی شے۔ (۲) اشیائے غیر مترقبہ۔ از غیبی نعمت۔ وہ قیمتی چیز یا موقع جو اتفاقیہ ہاتھ آجائے (۳) تھوڑے دن کی۔ چند روزہ۔

اندھے کی لاٹھی یا لکڑی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) وہ بچہ جو کئی بچوں کے مرنے کے بعد زندہ رہے (۲) سہارا۔ ذریعہ۔ وسیلہ

اندھے کے ہاتھ بٹیر لگی ہے یا لگ گئی ہے۔ محاورہ۔ یہ چیز اسکے حوصلہ سے بڑھکر ہاتھ لگ گئی ہے۔ جیسے کے ہاتھ ہلدی کی گرہ لگ گئی ہے۔

آندھی ہے!۔ محاورہ۔ یہ کام میں نہایت سرگرم ہے۔ کام کرنے میں خوب مستعد ہے۔ نہایت تیز و چالاک ہے۔

یہ عورت لڑنے میں آندھی ہے!

انڈا ڈھیلا ہونا۔ انٹا ڈھیلا ہونا۔ ہ۔ف ل (۱) تھک جانا۔ طبیعت کا بکھر جانا۔ مستعدی جاتی رہنا۔

وہ ہی دن کی بیماری میں انڈا ڈھیلا ہو گیا۔

(۲) گھبرا جانا۔ ناقابل برداشت ہو جانا۔ تنگ آجانا۔

آنڈو بکنا۔ (دیہات)۔ لغوی۔ بیل کا بغیر بدھیا کئے بکنا۔ (اصطلاحی) چیز کا بغیر درست کئے یا بن بنائے سنوارے فروخت ہونا

جسکا آنڈو بکے وہ بدھیا کیوں کرے؟ مثل

آنڈو بیل۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) سانڈ۔ بجار۔ (۲) سست کاہل۔ آلسی۔ آشکتی۔

انڈوں پر ہونا - ہ - ف ل - (۱) انڈے دینے کے قریب ہونا - (۲) انڈے سینا - انڈوں پر بیٹھنا -

انڈے اُڑانا - ہ - ف م - (پورب) بہت جھوٹ بولنا - حد سے زیادہ دروغ گوئی کرنا - مبالغہ کرنا -

انڈیانا - ہ - ف ل (۱) انڈے دینے کو ہونا - (۲) (مذاقاً) عورت کا جننے کے قریب ہونا

آنڈے یا انڈے کھانا - ہ - ف ل - اِدھر اُدھر پھرنا - واہی تباہی پھرنا - آوارہ پھرنا

انڈے بچے - ہ - اسم مذکر - وہ سفیدی جو چھوٹے لڑکوں کی سُپاری کے گرد حشفہ یا مگھونگٹ میں اُسکے صاف نہ رکھنے کے باعث ہو جاتی ہے -

انڈے سینا - ہ - ف ل - (۱) کسی پرند کا انڈوں پر بیٹھکر اُسمیں حرارت پہنچانا اور انڈوں کے مادے کو بچہ بن جانیکے قابل کرنا (۲) گھر سے باہر نہ نکلنا - خانہ نشین ہونا

گھر میں بیٹھے کیا انڈے سے رہے ہو جو

انڈے کا شہزادہ - ا - اسم مذکر - (۱) وہ شخص جسنے کبھی گھر سے باہر قدم نہ رکھا ہو - بسم اللہ کے گنبد میں رہنے والا (۲) ناتجربہ کار - بھولا بھالا - سیدھا سادہ - سادہ لوح

اناڑی -

انتھ کرنا - ہ - ف م - (۱) بیفائدہ کام کرنا - بُرا کرنا (۲) ظلم کرنا - ستانا - ایذا دینا (۳) پاپ کرنا - گناہ کرنا -

آن رہنا / **آر رہنا** - ہ - ف ل - (۱) گر پڑنا - آ پڑنا (۲) اکسنا - آباد ہو جانا -

انزال ہونا - ا - ف ل - کسی چیز کا اُترنا - منی کا اُترنا یا نکلنا - جھڑنا - مُنزل ہونا -

انسانیت برتنا / **انسانیت سے پیش آنا** - ا - ف ل - مروّت اور تہذیب کے ساتھ کسی سے برتاؤ کرنا - تہذیب کے ساتھ پیش آنا -

انس نکال لینا - ہ - ف م - ساری طاقت چوس لینا - کمزور کر دینا - ست نکال لینا ناتواں کر دینا - نڑبل کر دینا -

انسو بھر لانا - ہ ف ل - رونے کو ہو جانا - رنجیدہ ہونا -

آنسو پچھنا - ہ - ف ل - ڈھارس ہونا - تسکین ہونا - تشفی ہونا - آس بندھنا - موہوم توقع ہونا -

میرے رونے پر اُنکو رقت ہے -
کچھ تو آنسو پچھے غنیمت ہے +

آنسو پونچھنا - ہ - ف م - کسیکو دلاسا دینا

تشفی کرنا۔ آس بندھانا۔

آنسو پینا۔ یا پیجانا۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھوں سے آنسو نہ نکلنے دینا۔ صدمہ سہارنا دل ہی دل میں رونا۔ رونے کو ظاہر نہ ہونے دینا۔

آنسو ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ آنکھوں سے آنسو گرانا۔ رونا۔ کسی کے مرنے پر اُسکے واسطے رونا۔

آنسو ڈھال ۔ ایک بیماری کا نام ہے جو گھوڑوں کو ہو جایا کرتی ہے اسمیں ہر وقت آنکھوں سے پانی جاری رہتا ہے جسے ڈھلکے کی بیماری بھی کہتے ہیں۔

آنسو گرانا۔ ہ۔ ف م۔ آنکھوں سے آنسو ڈالنا۔ رونا (۲) کسی کا ماتم کرنا۔ پُرسہ دینا میاں! تمنے تو اُنکے ہاں جاکر دو آنسو بھی نہ گرائے

آنسو نکل پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی صدمہ یا خوشی یا ترس کے باعث آنکھوں سے آنسوؤں کا بے اختیار نکل پڑنا۔ بے اختیار رونے لگنا۔

آنسوؤں سے مُنہ دھونا۔ آنسوؤں مُنہ دھونا۔ ہ۔ ف ل اتنا رونا کہ آنسوؤں ہی سے مُنہ دھل جائے۔ ازحد رونا۔ کثرت سے رونا۔ زار زار رونا۔ آنسوؤں کا تار باندھدینا۔ آٹھ آٹھ آنسو رونا۔

آنسوؤں کا تار باندھدینا۔ ہ۔ ف ل۔ برابر روئے چلے جانا کہ جس سے آنسوؤں کا تار نہ ٹوٹے۔ ازحد رونا۔ بہت رونا۔

آنّ کا کیڑا۔ انّاج کا کیڑا۔ ہ۔ اِسم مذکر وہ جانور یا کیڑا جسکی زندگی صرف اناج پر ہو۔ آدمی انسان۔ منش۔

اِنشا پرداز۔ ف۔ اِسم مذکر۔ وہ شخص جسکی طرز تحریر میں چستی و متانت ہو چست اور شستہ عبارت لکھنے والا۔ عمدہ مضمون نگار

آنکنا۔ ہ۔ ف م (۱) آنک یا انک (ہندسہ یا رقم) کسی چیز پر بکری دام ظاہر کرنے کو ڈال دینا (۲) اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ دام لگانا۔ وزن کرنا۔ (۳) کسی سوجن یا درد پر کچھ آنک یعنے انچھ پڑھکر راکھ کا ہاتھ پھیر دینا۔ جھاڑنا۔ پھونکنا۔ دم کرنا۔

آنکھ۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ س۔ پ (۱) نین نیتر چشم۔ دیدہ (۲) بینائی۔ جوت۔ روشنی (۳) نگاہ۔ نظر درشٹی۔ (۴) پہچان۔ شناخت۔ آنک جانچ۔ تمیز۔ درک۔ دخل۔ (۵) اولاد

بیٹا بیٹی۔ سوس مرگئی آنکھ چھوڑ گئی۔ (۶) آس۔ امید۔ توقع۔ تمہاری اوڑ کو آنکھ لگی ہوئی تھی۔ مثال (۷) گھٹنے کی چپنی کا گڑھا۔ گنے کی گرہ کے پاس کا گڑھا جسمیں سے پتے پھوٹتے ہیں۔

آنکھ اٹکنا۔ آنکھ اٹکانا یا۔ آنکھ الجھ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ آشنائی ہونا۔ عشق ہونا۔ آنکھ لگجانا۔ محبت ہوجانا۔

آنکھ اُٹھا کر دیکھنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) اُونچی نگاہ کرکے دیکھنا۔ آنکھ بھر کے دیکھنا۔ (۲) التفات کی نظر سے دیکھنا لحاظ کرنا۔ متوجّہ ہونا۔

آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بے التفاتی کرنا۔ نہایت بے پروائی کرنا (۲) غرور کے باعث متوجہ نہ ہونا (۳) مارے شرم کے آنکھیں سامنے نکرنا۔ محجاب نکرنا

الحمد رے ناز کی کہ حیا بار ہوگئی۔
کل مجکو آنکھ اُٹھا کے بھی دیکھا نہ یار نے۔ (ارشد)

آنکھ اُٹھانا۔ (۱) آنکھ سامنے کرنا (۲) چھوڑنا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ ترک کرنا۔ باز رہنا۔ کنارہ کش ہونا۔ (مگر اب اس معنی میں زیادہ ہاتھ اُٹھانا آتا ہے۔)

جب آنکھ اُٹھائی ہستی سے تب یقین لگے مٹکانیکو۔ (نظیر)
سب کا چھکا چھٹے رہے جنے اُس رسیا چھیل چھبانیکو۔

آنکھ آنا۔ آنکھ آجانا۔ ہ۔ ف ل۔ (اسکی اصل آنکھ دکھنے آنا ہے) آنکھ کا لال ہوجانا اور کچھ سُوج جانا۔ آنکھ ٹوٹ آنا۔ گرمی سے آنکھ اکثر آجاتی ہے۔

آنکھ اُونچی نکرنا۔ ہ۔ ف ل۔ شرم کے مارے آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا۔ لحاظ کرنا۔ حجاب کرنا۔

آنکھ بچاجانا۔ ہ۔ ف ل۔ نگاہ بچاکر نکل جانا۔ آنکھ چُرا کر چلا جانا۔ ٹال جانا۔ اغماض کرنا

آنکھ بچاکر۔ آنکھ بچاکے۔ ہ۔ م ف۔ دوسرے کی نگاہ کو دیکھنے سے روک کر۔ چوری سے۔ دوسرے کے بغیر دیکھے۔ پردہ سے۔ پوشیدہ۔ چھپواں۔

آنکھ بچنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نگاہ کا اپنے فعل سے چُوکنا۔ نگاہ چُوکنا۔ نظر بچنا۔ دھیان ہٹنا۔ توجہ کم ہونا۔ آنکھ بچی مال دوستوں کا۔ مثل

آنکھ بدلنا۔ آنکھ بدل لینا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) آنکھ کا کسی کی طرف سے پھیر لینا۔ پہلی سی نظر نہ رہنا۔ بے رخ ہوجانا۔ بے مروّت بنجانا۔ (۲) دفعتہً افروختہ ہونا۔ خفا ہوجانا۔ ناراض ہوجانا۔

آنکھ برابر نہ ٹکر سکنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نگاہ سے نگاہ نہ ملا سکنا۔ آنکھ سامنے نکر سکنا

(۲) حیا کرنا۔ شرمانا۔ لحاظ کرنا۔ لجیانا۔

آنکھ بند کرکے ۔ ہ م ف ۔ آنکھ کو اُسکے فعل سے باز رکھکر۔ بے دیکھے بھالے۔ آنکھ مُوندکے۔ اندھا دُھند۔ بے پروائی سے ۔بغیر سوچے سمجھے ۔

آنکھ بند کرلینا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) آنکھ میچ لینا ۔سوجانا ۔ (۲) بیخبر ہوجانا ۔ غافل ہوجانا (۳) بے مروت ہوجانا ۔ بے وفا ہوجانا (۴) دنیا سے گزر جانا ۔ انتقال کرنا ۔مرجانا

آنکھ بند ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) آنکھ میچ جانا ۔ آنکھ مُند جانا ۔ سو جانا ۔ آنکھ لگ جانا ۔ (۲) انتقال کرنا ۔ مرجانا ۔ دنیا سے گزرنا ۔

جب اپنی آنکھ بند ہوگئی پیچھے کچھ ہی ہُوا کرے

آنکھ بنوانا ۔ آنکھیں بنوانا ۔ ہ ۔ م ۔ (۱) آنکھ میں جو جالا آجاتا ہے یا پانی اُتر آتا ہے اُسکا درست کرانا ۔ستئے سے آنکھ درست کرانا ۔ (۲) (طنزاً) کسی چیز کی شناخت میں تمیز بہم پہنچانا ۔ پرکھ پیدا کرنا

آنکھ بھر کر دیکھنا ۔ ہ م ۔ (۱) پوری نگاہ سے دیکھنا ۔ بغور دیکھنا ۔ گہری نظر سے دیکھنا ۔ ٹکٹکی باندھکر دیکھنا ۔ (۲) گھور کر دیکھنا ۔ کٹور کر دیکھنا ۔ بُری نگاہ سے دیکھنا ۔

جس کسی نے تیری طرف آنکھ بھر کر دیکھا ہوا سکی آنکھیں نکلوالوں ۔ (کہانی کا فقرہ)

آنکھ بھر کر نہ دیکھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) پُوری نگاہ سے نہ دیکھنا ۔ اچھی طرح نہ دیکھنا ۔ بغور نہ دیکھنا ۔ جی کھولکر نہ دیکھنا (۲) غرور کے مارے نہ دیکھنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ توجہ نکرنا ۔

آنکھ بھر لانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ آنکھ میں آنسو آجانا رونے کو ہو جانا ۔ رُنکھا ہو جانا ۔ آنسو بھر لانا ۔

آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) تیوری میں بل ڈالکر بُری نگاہ سے دیکھنا چین بجبیں ہونا ۔ تیوری بدلنا ۔ (۲) خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ بگڑنا (۳) نفرت کرنا ۔ ناپسند کرنا

کیا غضب ہے اُسنے کی بس آنکھ بھوں ٹیڑھی وہیں
کچھ اشاروں سے کہا جب یار سے اغیار نے

آنکھ بیٹھ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسی صدمہ سے آنکھ کے ڈھیلے کا اندر کو دھسجانا ۔ اندھا ہوجانا ۔

آنکھ پڑنا ۔ مف ل ۔ (۱) نظر پڑنا ۔ شوق کی نظر سے دیکھنا ۔ محبت کی نگاہ پڑنا ۔

جنے چھپ چھپ کے بارہا دیکھا
اُنکی ہم پر بھی آنکھ پڑتی ہے

(۲) الفاقیہ نظر پڑنا۔ بھول سے دیکھ لینا۔
جس پر اُسکی آنکھ پڑ گئی بس وہ آفت میں آ گیا
آنکھ پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا ۔ ف م۔ آنکھوں کو چیر کر بڑے غور سے دیکھنا۔ نہایت شوق اور آرزو سے دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔
آنکھ پھرنا یا پھر جانا۔ ف ل۔ (۱) نظر کا ایک سمت سے دوسری سمت کو ہونا۔ (۲) بے مروّت ہونا۔ بے رخ ہونا۔ ناراض ہونا۔ (۳) نگاہ چوکنا۔ آنکھ بچنا۔ نظر بچنا۔
آنکھ پھڑکنا ۔ ف ل۔ اپنے آپ آنکھ کے پپوٹے کا بار بار حرکت کرنا اور اس سے بُرائی بھلائی کا شگون لیتے ہیں۔ بُرا بھلا ظاہر ہونا۔
تقدیر شکل ہجر کی نکلتی ہے وصل میں
رہ رہ کے بائیں آنکھ پھڑکتی ہے مل میں
آنکھ پھوٹنا ۔ ف ل۔ (۱) آنکھ کا کسی مدّت سے جاتا رہنا۔ اندھا ہونا۔
آنکھ پھوٹی پیڑ گئی مثل
(۲) بچّہ کا مرنا۔
آنکھ پھوٹ گئی برادری ہوگئی (دعا)
آنکھ پھوڑ مینڈا ۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) ایک قسم کا پردار کیڑا۔ (۲) محسن کُش۔ نمک حرام۔ احسان فراموش۔ بیمروّت۔ روکھا۔
آنکھ پھوڑنا۔ آنکھیں پھوڑنا۔ ف م۔ (۱) آنکھوں کو کسی باریک کام کے کرنے یا مہین خط کے پڑھنے سے تکلیف پہنچانا۔ (۲) بیفائدہ انتظار کرنا۔ راہ یا بات دیکھنا
آنکھ ٹوٹ آنا ۔ ف ل۔ آنکھیں دُکھنے آنا۔ آنکھ کا یکایک سُرخ ہو جانا۔ آنکھ آجانا۔
آنکھ ٹھنڈی کرنا ۔ ف م۔ (۱) ہندوؤں میں دستور ہے کہ جب کسیکے گھر کا کوئی آدمی مرجاتا ہے تو اُسکی اٹھاونی کے دن اُس مرحوم کے کنبہ والے اُسکے وارث کے ساتھ اپنی آنکھوں کو پانی لگاتے ہیں گویا اُسکو تشفی دیتے ہیں (۲) تسلی دینا۔ ڈھارس دینا۔ تشفی کرنا۔ دھیر بندھانا۔
آنکھ ٹیڑھی کرنا ۔ ف ل (۱) تیور بدلنا۔ ترشرو ہونا۔ بے رُخ ہونا۔ بیمروت بننا۔
آنکھ جالڑنا ۔ ف ل۔ پیت لگنا۔ نیہا لگنا۔ نظر لڑ جانا۔ آشنائی ہو جانا۔ محبت ہو جانا۔
آنکھ جلنا ۔ ف ل۔ (نظم) مغلوب ہونا۔ دبنا۔ شرمانا۔
نگہ گرم سے اک آگ ٹپکتی ہے۔ کہ جس سے یہ آنکھ جلتی ہے
آنکھ جھپکانا ۔ ف م۔ (۱) آنکھ کو حرکت دینا

پلک مارنا۔ آنکھ مٹکانا۔ اشارہ کرنا۔ (۲) آنکھ نیچے کرنا۔ شرمانا۔ جھپنا۔ (۳) قیلولہ کرنا۔ لیٹ رہنا۔ پلک مار لینا۔ ذرا آرام کرنا

آنکھ جھپکنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چکاچوند لگنا۔ روشنی کے سامنے آنکھ نہ ٹھیرنا۔ آنکھ مچنا۔ (۲) شرم آنا۔ لحاظ آنا۔ شرمندہ ہونا۔ لجانا۔ کنیانا۔ (۳) سونا۔ آنکھ لگنا۔

آنکھ جھک آنا ۔ آنکھیں دکھنے آنا۔ آنکھیں ٹوٹ آنا۔ آنکھیں آنا۔

آنکھ جھکنا۔ آنکھ جھپنا۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھ نیچی ہونا۔ آنکھ جھپکنا۔ شرمانا۔ لجانا۔ خجل ہونا۔

آنکھ چار نکرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) آنکھ سے آنکھ نہ ملانا۔ شرمندہ ہونا۔ شرمانا۔ لحاظ کے باعث آنکھ سامنے نکرنا۔

آنکھ چرا کر دیکھنا ہ۔ ف ل۔ نظر بچا کر دیکھنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔ چوری چوری دیکھنا۔

آنکھ چرانا۔ آنکھ چرا جانا۔ آنکھیں چرانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) نظر بچانا۔ اغماض کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ کترانا۔ پہلو تہی کرنا۔ (۲) بے پروائی کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ توجہ نکرنا۔ بیمروتی کرنا۔ (۳) آنکھ سامنے نکرنا لحاظ کرنا۔ حیا کرنا۔

آنکھ چھپانا ۔ ہ۔ ف م۔ نظر بچانا۔ رخ پھیرنا ٹالنا۔ جانی واقفیت کو فراموش کرنا۔

آنکھ چیر چیر کر دیکھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ گھور کر دیکھنا۔

آنکھ دابکر یا دبا کر دیکھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ ایک آنکھ بند کر کے دیکھنا۔ بھینگے پنے سے دیکھنا۔ آنکھ کو ذرا بیچ کر دیکھنا۔

آنکھ دکھانا۔ آنکھ دکھلانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دیدے نکالنا۔ خفگی کی نظر سے دیکھنا۔ کٹورنا۔ گھورنا۔ (۲) دھمکانا۔ گھرکی دینا۔ ڈانٹنا۔ چشم نمائی کرنا گھرکنا۔ (۳) (نظم) سین یا آنکھ مارنا۔ چشمک زنی کرنا۔ اشارہ کرنا۔

منہ پھیر کے ایک مسکرائی
آنکھ ایک نے ایک کو دکھائی (نسیم)

(۴) بے رخی کرنا۔ بیمروتی کرنا۔ رکھائی کرنا۔ پہلے تو آتے جاتے رہتے تھے اب ایک ایک مہینے سے تو وہ آنکھ دکھائی ہے کہ خدا کی پناہ۔

آنکھ ڈالنا ۔ (۱) دیکھنا۔ نظر کرنا۔ (۲) چلتی نظر سے دیکھنا۔ سراسری دیکھنا۔ (۳) مائل ہونا۔ محبت یا بہت کرنا۔ نیہ لگانا (۴) بدارادہ سے دیکھنا۔ بری نگاہ

سے دیکھنا - تاکنا -

کیا بُرا زمانہ آیا ہے سُسرا ہو پہ آنکھ ڈالنے لگا

آنکھ ڈبڈبانا - ہ - ف ل - رونے کو ہونا - آنسو بھر لانا - آبدیدہ ہونا -

آنکھ رکھنا - ہ - ف م - (۱) پیار کی آنکھ سے دیکھنا - پریت رکھنا - (۲) ارادہ رکھنا - نیت رکھنا - (۳) آس کرنا - توقع رکھنا - امید رکھنا -

آنکھ روشن کرنا - ا - ف ل - ملنا - باغ باغ ہونا - ملاقات کرنا - خوش ہونا -

آنکھ سامنے نکرنا - ہ - ف ل - (۱) آنکھ نہ ملانا - آنکھ روبرو نکرنا - (۲) کسی چیز کے دیکھنے کی طاقت نہ ہونا - نہ دیکھ سکنا - متحمل ہونا - (۳) مارے شرم کے مقابل نہ ہونا - جھینپنا - شرمندہ ہونا - لجانا -

آنکھ سے آنکھ ملانا - ہ - ف م - (۱) نظر لڑانا - آنکھ سامنے کرنا (۲) مقابلہ کرنا - ہمسری کرنا

آنکھ سے گرنا - ہ - ف ل - بے اعتبار ہونا - حقیر و ذلیل ہونا - خفیف ہونا - سُبک ہونا - بے قدر ہو رہنا -

آنکھ سیدھی رکھنا - ہ - ف ل - ٹیڑھی آنکھ نکرنا - بے رخ نہ ہونا - پیار پریت نبی رکھنا -

آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پُورا - محاورہ - دولتمند اور ناتجربہ کار آدمی - مالدار بیوقوف - بھولا بھالا

آنکھ کا تارا - ہ اسم مذکر - (۱) مردمک چشم - آنکھ کا تِل (۲) آنکھ کی جوت - آنکھ کی روشنی - (۳) بیٹا - نہایت عزیز - بہت پیارا - آنکھ کی پُتلی + پڑی بھی سمجھتی تھی اُسے آنکھ کا تارا - (نظیر)

آنکھ کا کاجل چُرانا - ہ - ف م - اُس شخص کے ہاں سے چوری کرنا جسکا کام دیکھنا اور دوسروں کی حفاظت کرنا ہے

آنکھوں کا کاجل چُرانا -

آنکھوں میں سے کاجل چُرانا -

کمال عیاری و چالاکی کرنا - چوری کے فن میں نہایت چالاک ہونا - چوری میں یکتا ہونا

آنکھ کی بُرائی بھوں کے آگے - محاورہ - کسی شخص کی بُرائی اُسکے دوست یا قریبی رشتہ دار کے سامنے کرنی - بیجا یا بیہودہ کام -

آنکھ کھلنا - ہ - ف ل - (۱) بیدار ہونا - جاگنا (۲) دنیا میں آنا - پیدا ہونا - جنم لینا - (۳) ہوش پکڑنا - ہوش سنبھالنا - واقف ہونا - آگاہ ہونا - (۴) بہار پر آنا - کھلنا -

آنکھ کھلی گل کی تو موسم ہے خزاں کا

آنکھ کھولنا -

آنکھیں کھولنا -

ہ - ف م - (۱) جاگنا - اُٹھنا - بیدار ہونا - (۲) ہوش میں آنا - ہوش پکڑنا - چیتنا -

آنکھ کی پُتلی پھرنا - ہ - ف ل - آنکھ کی پُتلی کا اپنی

اصلی حالت پر نہ رہنا۔ موت کے آثار نمودار ہونا
مرنے کے آثار دکھائی دینا۔

آنکھ گاڑنا ۔ ف ل۔ نہایت غور سے دیکھنا
۔ نظر جما کر دیکھنا۔

آنکھ لجانا ۔ ف ل۔ شرمانا۔ لحاظ یا مروت
کرنا + منہ کھائے آنکھ لجائے۔ مثل

آنکھ لڑانا۔ آنکھیں لڑانا۔ ف م۔ آنکھ ملانا۔ نگاہ لڑانا
۔ اشارہ و کنایہ کرنا۔ دیدہ بازی
کرنا (۲) پریت جوڑنا۔ نیہا لگانا عشق کرنا
گھورا گھاری کرنا۔ تاکنا۔
لڑائی آنکھ جو اغیار سے سر محفل۔ (عاشق)
تو ٹکڑے ہو گیا دل رشک سے کتاں کی طرح

آنکھ لڑ جانا ۔ ف ل۔ آنکھیں دوچار ہو جانا
۔ عشق ہو جانا۔ اُلفت یا محبت ہو جانا۔

آنکھ لڑنا۔ آنکھ ملنا۔ ف ل۔ نیہا لگنا۔ عشق ہونا
۔ دوستی ہونا۔ گھورا گھاری کرنا
۔ رفیقہ ہونا۔

آنکھ لگا مردوا ۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جس
کے ساتھ آشنائی کے بعد نکاح ہوا ہو
۔ کیا ہوا مرد۔
گو آنکھ لگا مردوا تھا چھوٹی کا دیور۔
کُبے میرے جا کے بڑا نام کر آیا + (سانصاحب)

آنکھ لگانا ۔ ف م۔ نیہا لگانا۔ دوستی پیدا کرنا
۔ پریت جوڑنا۔ عشق کرنا محبت کرنا۔

آنکھ لگنا۔ آنکھ لگ جانا۔ ف ل۔ (۱) سونا۔ آنکھ مُندنا
نیند آجانا۔ (۲) دوستی ہونا۔
عشق ہونا۔ دل لگی ہو جانا۔ پریت ہونا۔
ایکے کچھ اور ڈھب سے آنکھ لگی۔
نہ لگی آنکھ جب سے آنکھ لگی +

آنکھ لگی ۔ ف۔ اسم مؤنث۔ وہ عورت جسکو آشنائی
کر کے گھر میں ڈال لیا ہو۔ آشنائی کی ہوئی عورت

آنکھ للچانا ۔ ف ل۔ (نظم) کسی چیز کو دیکھ
کر اُسکے واسطے جی چاہنا۔ گھورنے کو جی چاہنا
۔ رغبت ہونا۔ جی چلنا۔

آنکھ مارنا۔ آنکھ مچکانا ف م۔ (۱) اشارہ کرنا۔
آنکھ سے کچھ کہنا۔ سین کرنا۔
جتانا۔ عاشقانہ یا معشوقانہ طور سے دیکھنا
۔ (۲) منع کرنیکو آنکھ سے اشارہ کرنا۔ آنکھ
کے اشارہ سے روکنا۔ (۳) بہکانا۔
بہکا دینا۔ اشتعا لک دینا۔ (۴) حقارت
کی نظر سے دیکھنا۔ ہنسی اُڑانا۔
حلقہ بگوش آبرو جب ہو ہلال اُو سکا
اختر بے آنکھ مارے کیونکر نہ خال اُسکا (نصیر)

آنکھ مچکانا ۔ ف م۔ (۱) آنکھ کو بار بار کھولنا
اور موندنا۔ آنکھیں مٹکانا یا ملکانا پلکیں
مارنا۔ (۲) اشارہ کرنا۔

آنکھ مچنا۔ آنکھ مُندنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) آنکھ بند ہونا۔ (۲) سونا۔ نیند آنا۔ آنکھ لگنا۔ (۳) مرجانا۔ فوت ہونا۔ کوچ کرنا۔ گزرنا۔

آنکھ ملانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) آنکھ کے سامنے آنکھ کرنا۔ آنکھ لڑانا۔ اشارہ کرنا۔ (۲) سامنے ہونا۔ مقابلہ کرنا۔ روبرو ہونا۔ سمنکھ ہونا (۳) ملنا ملاقات کرنا۔

آنکھ میلی کرنا۔ ہ۔ ف م۔ تیوری پر بل ڈالنا رنجیدہ ہونا۔ بل بھرنا۔

آنکھ میں آنکھ یا آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا۔ آنکھ میں آنکھ یا آنکھ سے آنکھ ملانا۔ ہ۔ ف م۔ آنکھ کے سامنے آنکھ کرکے دیکھے جانا۔ گھور کر دیکھنا۔ ڈھٹائی سے دیکھے جانا۔ بیحیائی و بیباکی سے دیکھنا۔ شرم نکرنا۔

آنکھ میں بسنا۔ آنکھوں میں بسنا۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھوں میں گھر کرلینا۔ آنکھوں میں رہنا۔ نظر میں سمانا۔ نگاہ پر چڑھنا۔ آنکھوں میں کھبنا۔

آنکھ میں چبھنا۔ آنکھ میں یا آنکھوں میں کھبنا یا بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھ کو اچھا معلوم ہونا۔ کئی رنگ کا اُسکی تیزی و شوخی کے باعث آنکھوں کو بھلا لگنا۔ پسند آنا۔ (نہایت شوخ رنگ کی نسبت زیادہ بولتے ہیں)

آنکھ میں چوب آنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی چوٹ کے صدمہ سے آنکھوں کا نہایت سُرخ ہوجانا۔ آشوب چشم ہوجانا۔ (اس محاورہ میں چوب غالباً چوٹ کا بگاڑ ہے۔ کثرت استعمال سے ٹ کا ب بموجب قاعدۂ علم زبان ہوگیا)

آنکھ میں ذرا آنسو۔ پانی یا میل نہونا۔ ہ۔ ف (قاعدہ ہے کہ شرما لو یار حمدا آدمی کی آنکھ میں ذرا سے صدمہ سے آنسو بھر آتے ہیں۔) (۱) نہایت بیحیا ہونا۔ از حد بے شرم ہونا۔ (۲) نہایت سنگدل ہونا۔ کٹھور اور بے رحم ہونا (۳) بیمروت و بے دید ہونا۔

آنکھ میں سمانا۔ آنکھوں میں سمانا۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھوں میں کسی کا تصور بندھا رہنا۔ دیکھو آنکھ میں بسنا۔

آنکھ میں سیل نہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بے شرم و بیحیا ہونا۔ نلجا ہونا۔ (۲) کٹھور ہونا۔

آنکھ میں کھٹکنا۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھ میں کنکر کی طرح رڑکنا۔ آنکھوں کو بُرا معلوم ہونا آنکھ میں خار ہونا۔ ناگوار خاطر ہونا۔

آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا۔ ہ۔ ف م (آنکھوں میں نیل کی سلائی پھیرنے سے بینائی جاتی رہتی ہے) اندھا کردینا۔ آنکھ پھوڑ دینا۔

آنکھ ناک سے ڈرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) خدا سے ڈرنا کہ وہ کسی عضو رئیسہ کو بیکار نکر دے ۔ بلائے آسمانی سے خوف کرنا یا سزائے سنگین سے ڈرنا ۔ (اگلے راجہ یا بادشاہ مجرم کو آنکھ نکلوانے یا کان کٹوانے کی بھی سزا دیا کرتے تھے اسی سے اس محاورہ کے یہ معنی ہوئے کہ ایسا فعل مت کرو جسکی سزا میں آنکھ یا ناک جاتی رہے)

آنکھ نہ پڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) نگاہ نہ پڑنا (۲) میل نکرنا ۔ رغبت نکرنا ۔ متوجہ نہونا ۔ خیال نہونا ۔

اُٹھائے ہیں جہاں میں رنج ایسے خوبرویوں سے
پڑے گی آنکھ جنت میں نہ اپنی حور و غلماں پر (اسیر)

آنکھ نہ پسیجنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) آنکھ میں آنسو نہ آنا ۔ آنکھ نم نہونا (۲) رحم نہ آنا ۔ دل نہ کڑھنا ۔ (۳) بے رحم ہونا ۔ سنگدل ہونا ۔ (۴) بے شرم ہونا ۔ نلجا ہونا ۔

آنکھ نہ پھیرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بے دید نہونا ۔ بیمروت نہونا ۔ بے رخ نہونا ۔ دوستی میں فرق میں نہ آنا ۔

آنکھ نہ جھپکنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) پلک سے پلک نہ لگنا ۔ آنکھ نہ مچنا ۔ (۲) شب بیداری کرنا ۔ جاگتے رہنا ۔ بیدار رہنا ۔ (۳) نہ شرمانا نہ جھپنا ۔ شرمندہ نہونا ۔ کسیکا احسان نہ ماننا ۔

اے جنوں تجھ سے میری آنکھ جھپکنے کی نہیں
قید خانہ تو دکھایا مجھے صحرا دکھلا

(۴) آنکھ نیچے نہونا ۔ بیباک اور نڈر ہونا ۔

آنکھ نہ رکھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) نظر نہ رکھنا ۔ (۲) کسی کام میں دخل نہونا ۔ واقفیت نہ رکھنا

آنکھ نہ کھولنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) بیدار نہونا ۔ چشم وا نکرنا ۔ ہوشیار نہونا ۔ (۲) بے سُرت پڑے رہنا ۔ بیہوش پڑا رہنا ۔ غفلت ہونا ۔ (۳) جب مینہ کے ساتھ یہ محاورہ بولتے ہیں تو اسکے معنی ایک حالت میں قایم رہنا" ہو جاتے ہیں ۔ ایک حالت میں رہنا ۔ تار بندھا رہنا ۔ تار نہ ٹوٹنا ۔ فرصت نہ دینا ۔ آج دن بھر مینہ نے آنکھ نہیں کھولی ۔ یعنی برابر سارے دن برسے گیا ۔

آنکھ نہ لگنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) نیند اُچاٹ ہو جانا ۔ نیند نہ آنا ۔

ایسی گرمی پڑتی ہے کہ رات بھر آنکھ نہیں لگتی

(۲) مضطرب و بیقرار ہونا ۔ کل نہ پڑنا ۔ بیچین رہنا

آنکھ نہ ملا سکنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) آنکھ کو سامنے نکر سکنا ۔ مقابلہ نکر سکنا ۔ تاب نہ لا سکنا ۔ سامنا نکر سکنا ۔ (۲) جھجھکنا ۔ ڈرنا خوف کرنا ۔

آنکھ نہ ملانا - ہ - ف م - (۱) آنکھ سامنے نہ کرنا - چار آنکھیں نکرنا - نظر نہ ملانا - (۲) رُخ نکرنا - متوجہ نہونا - دل دیکر نہ بولنا - مخاطب نہونا - (۳) مقابل نہونا - شرمانا - جھینپنا -

آنکھ نیچی کرنا یا **نیچی ہونا** - ہ - ف ل - مُنفعل ہونا - شرمندہ ہونا - نظر سامنے نکرنا - لجیانا -

آنکھ والا - آنکھوں والا - ہ - اسم مذکر - وہ شخص جسکی آنکھ قایم ہو - سوا نکھا - مُبصّر - نظر باز -

آنکھ ہے - محاورہ - (نظم) - نظر ہے - نگاہ ہے - دانت ہے - ارادہ ہے -

آنکھوں آنکھوں میں یا **آنکھوں ہی آنکھوں میں** - ہ - م ف - اشاروں ہی اشاروں میں - سینا بینی میں - نگاہوں میں - چوری چوری - چھپواں -

آنکھوں پہ بٹھانا - ہ - ف م - نہایت تعظیم کرنا ادب کرنا - آدر ستکار کرنا - خاطر و مدارات کرنا - آؤ بھگت کرنا -

آنکھوں پر پٹی باندھنا - ہ - ف ل - (۱) آنکھوں پر کپڑا باندھنا - (۲) اندھا بنا - غافل ہونا - بیخبر ہونا - (۳) دیدہ و دانستہ اندھا بنا - جان بوجھکر انجان بنا -

آنکھوں پر پردہ پڑجانا - ہ - ف ل - غفلت کا پردہ چھا جانا - غافل ہو جانا - فریب میں آجانا - دھوکا کھا جانا -

آنکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا - محاورہ - اپنا بوجھ اپنے تئیں بھاری نہیں معلوم ہوتا ہے - اپنا ناتہ یا رشتہ دار گراں خاطر نہیں ہوتا ہے - مولی اپنے بتوں بھاری نہیں ہوتی ہے -

آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لینا یا **آنکھوں پر ہاتھ رکھ لینا** - ہ - ف ل - دیدہ دانستہ اندھا بنا - احسان فراموش ہونا - گن نہ ماننا - آنکھیں بدل لینا - بیمروت ہو جانا -

آنکھوں پر جگہ دینا - ہ - ف م - (نظم میں) نہایت تعظیم کرنا - توقیر کرنا - (دیکھو آنکھوں پر بٹھانا)

آنکھوں پر رکھنا - ہ - ف م - (۱) نہایت عزیز سمجھکر آنکھوں سے لگانا - تبرک سمجھنا - بزرگ جاننا - (۲) نہایت محبت سے رکھنا - پیار کرنا - اُلفت کرنا -

آنکھوں پر قدم لینا - ہ - ف م - (نظم میں) استقبال کرنا - تعظیم و تکریم سے لاکر بٹھانا - ہاتھوں ہاتھ لینا -

آنکھوں تلے پھرنا - ہ - ف ل - کسی چیز کا

بار بار خیال آنا۔ تصور میں بار رہنا۔ نظروں میں پھرنا۔

آنکھوں دیکھا۔ آنکھوں دیکھی ۔ ہ۔ م ف۔ اپنی آنکھوں سے دیکھا ہوا۔ چشمدیدہ۔ اپنا دیکھا۔

آنکھوں دیکھتے۔ آنکھوں دیکھتے دیکھتے۔] ہ۔ م ف۔ اپنی آنکھوں کے سامنے۔ دیکھتی آنکھوں۔ دیکھتے دیکھتے۔ اپنے ہوش میں۔ اپنے زمانہ میں۔ اپنی زندگی کے زمانہ میں۔

آنکھوں سے ۔ ہ م ف۔ بسر و چشم۔ بطیب خاطر۔ برضا و رغبت۔ دل سے۔ خوشی سے

کسے آنکی خبر آئی جو ایسا پیک اِشک
پیش قدمی کے لئے آنکھوں سے دوڑا جائے ہے

آنکھوں سے اُترنا۔ ہ۔ ف ل۔ (نظم میں) نظروں سے گر جانا۔ نظروں میں خفیف و سبک ہو جانا۔ دل سے اُتر جانا۔ حقیر و ذلیل ہو جانا۔

آنکھوں سے اُٹھانا۔ ہ۔ ف م۔ اعزاز و اکرام سے کسی چیز کو اُٹھانا۔ نہایت شوق سے اُٹھانا۔

آنکھوں سے گرانا۔ ہ۔ ف م۔ جی سے کسی چیز کو اُتار دینا۔ ذلیل و حقیر سمجھنا۔ مرتبہ گھٹانا۔

آنکھوں سے گرنا یا گر جانا۔ ہ۔ ف ل۔ نظروں یا نگاہوں میں ذلیل یا حقیر ہونا۔ دل سے اُتر جانا۔ رُتبہ سے گر جانا +

آنکھوں سے لگانا۔ ہ۔ ف م۔ قدر کرنا۔ عزت و توقیر کرنا۔ تبرک سمجھکر اعزاز کرنا۔

آنکھوں سے نیل ڈھلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (اصل میں نیر ہے بمعنی پانی) (۱) مرتے دم آنکھوں سے پانی بہنا۔ آنکھوں کا بے رونق ہو جانا۔ آنکھوں کا رُوپ جاتا رہنا۔ قریب المرگ ہونا۔ مرنے کی علامت ظاہر ہونا۔

آنکھوں سے نیند اُڑ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ ضطراب کے باعث نیند نہ آنا۔ نیند اُچٹ جانا۔

آنکھوں کا پانی ڈھلنا۔ ہ۔ ف ل۔ بے شرم ہونا۔ بد لحاظ ہونا۔ نلجا ہونا۔ بیحیا ہونا۔ شوخ دیدہ ہو جانا۔ (جب کسی آدمی کی آنکھ میں سخت و سست کہنے پر آنسو نہ آئیں تو گویا اُسکی آنکھوں کا پانی ڈھلگیا یعنے بہگیا پس یہہ علامت بیحیائی کی ہے)

آنکھوں کا تارا۔ آنکھوں کی پتلی۔] ہ۔ اسم مذکر۔ آنکھوں کی روشنی یا جوت۔ نہایت پیارا۔ بیٹا۔ آنکھوں کی ٹھنڈک (دیکھو۔ آنکھ کا تارا)

آنکھوں کا تیل نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ ایسا کام کرنا جس سے آنکھوں پر نہایت زور پڑے

پڑھنے لکھنے یا سینے پرونیکا کام کرنا۔ نگاہ پر زور ڈالنا۔

آنکھوں کو رو بیٹھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھوں سے محتاج ہو جانا۔ اندھا ہو جانا۔ آنکھیں کھو بیٹھنا۔

آنکھوں کے آگے ۔ ہ۔ م ف۔ آنکھوں کے سامنے یا روبرو۔

آنکھوں کے آگے آئے۔ آنکھوں کے آگے پائے۔ کلمۂ عائیہ رہو اپنے کئے کی سزا میں اندھا ہو جائے۔ اندھا ہو جائے دیدے پتھم ہو جائیں۔

آنکھوں کے آگے پلکوں کی بُرائی۔ آنکھوں کی بُرائی پلکوں کے آگے۔ محاورہ۔ کسی شخص کو اُس کے عزیز و یگانہ کے روبرو بُرا بھلا کہنا۔ غیر واجب کام۔ ناجایز بات۔ ایک دوست کی بُرائی اُسکے دوست کے روبرو۔ ماں کی بُرائی بیٹی کے سامنے۔

آنکھوں کے آگے تارے چھوٹنا۔ آنکھوں کے تارے چھٹنا۔ آنکھوں تلے تارے چھٹنا۔ ہ۔ ف۔ ل۔ بہت کمزوری یا صدمہ سے۔ آنکھوں کے سامنے ترمرے نظر آنا۔ آنکھوں کے آگے چاندنا سا ہو جانا۔ نہایت ضعف بصارت ہونا۔

آنکھوں کے آگے تلے یا نیچے پھر جانا۔ ۔ مف ل۔ کسی چیز کا پُورا پُورا نقشہ آنکھوں کے روبرو آجانا خیال میں کسی موقع کا ٹھیک ٹھیک سماں بندھ جانا۔ دکھائی دے جانا۔ سامنے آجانا۔

آنکھوں کے آگے جہان یا عالم تاریک ہے۔ محاورہ۔ غم کے مارے ساری دنیا میں اندھیرا ہی اندھیرا دکھائی دیتا ہے۔ ساری دنیا اندھیری معلوم ہوتی ہے۔ بہت ہی اداس ہے نہایت غمگین و افسردہ خاطر ہے۔

آنکھوں کے آگے چاننا یا چاندنا سا ہو جاتا ہے یا دکھائی دیتا ہے۔ محاورہ۔ آنکھوں کے سامنے صدمۂ دماغی کی وجہ سے چمکتے ذرّے دفعتہً آجاتے ہیں۔ آنکھ خیرہ ہو جاتی ہے آنکھیں ایکا ایکی تیورا جاتی ہیں۔ آنکھوں کے آگے تارے سے چھوٹنے لگتے ہیں۔

آنکھوں کے آگے ناک سوجھے کیا خاک! محاورہ۔ یہ اُس شخص کے حق میں طنزاً بولتے ہیں جو سامنے دھری ہوئی چیز کو نہ دیکھ سکے۔ اور ادھر اُدھر

ڈھونڈتا پھرے اندھا ہے۔ (مذاقاً اسکی یوں تشفی کرتے ہیں کہ تمکو جو سامنے کی چیز نہیں دکھائی دیتی ہے یہہ تمہاری ناک تمہیں نہیں دیکھنے دیتی ورنہ تمہارا کچھ قصور نہیں ہے)

آنکھوں کے آگے یا سامنے رکھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ نظروں کے سامنے رکھنا ۔ نہایت حفاظت سے رکھنا ۔

آنکھوں کے آگے یا سامنے اندھیرا آنا ۔ آنکھوں میں اندھیرا آنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بہت رنج یا کمزوری کے سبب آنکھوں کے سامنے اندھیرا آجانا ۔ غش آجانا ۔ بیہوش ہوجانا ۔

آنکھوں کے بل چلنا ۔ آنکھوں سے چلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ پاؤں کے بجائے آنکھوں سے چلنا ۔ نہایت شوق سے چلنا ۔

آنکھوں کی پتلی ۔ آنکھوں کے تارے ۔ ہ ۔ اسم ۔ آنکھوں کی روشنی ۔ نہایت عزیز ۔ آنکھوں کی ٹھنڈک ۔ بیٹا

آنکھوں کی ٹھنڈک ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ راحت چشم ۔ روشنی چشم ۔ نہایت عزیز اور پیارا ۔ کلیجہ کی کور ۔ قرۃ العین ۔ بیٹا ۔

آنکھوں کے ڈھورے ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ وہ پتلی اور لال لال رگیں جو نشہ کی کثرت سے آنکھوں میں دوڑی ہوئی نظر آتی ہیں ۔ سُرخی کی تحریر جو نشہ کے سبب آنکھوں میں معلوم ہونے لگتی ہے ۔ دُور سب دل کے وہ ملال ہوئے ۔ ڈورے آنکھوں میں لال لال ہوئے ۔ (شوق)

آنکھوں کی سوئیاں رہ گئی ہیں ۔ محاورہ ۔ بہت سی مصیبت کٹ گئی ہے اور تھوڑی سی مصیبت باقی رہی ہے ۔ بہت سا کام ہوچکا ہے اور تھوڑا سا باقی رہگیا ہے ۔ ہاتھی نکل گیا دُم باقی رہگئی ہے ۔ تھوڑی سی تکلیف رہ گئی ہے ۔ (یہہ محاورہ ایک قصہ کا خلاصہ ہے جسمیں ایک بیوی نے اپنے خاوند کے بدن میں سے ساری سوئیاں جو ایک جادُوگرنی کے سبب اُسکے بدن میں کھپ گئیں تھیں نکال ڈالیں تھیں اور صرف آنکھوں میں باقی رہگئی تھیں ۔ کہ اتنے میں یہہ عورت اپنی باندی کو یہہ کام سپرد کرکے کسی اپنی حاجت روائی کو چلی گئی ۔ یہاں میاں نے اُٹھکر باندی کو اپنی تکلیف دور کرنیکا باعث خیال کیا ۔)

آنکھوں کے ناخون لو ۔ محاورہ ۔ آنکھیں دُرست کراؤ ۔ شناخت پیدا کرو ۔ تمیز سیکھو اس محاورہ میں ناخون ناخنہ کا بگاڑ

معلوم ہوتا ہے جو آنکھ میں ایک قسم کی سفیدی پڑ جاتی ہے اور رفتہ رفتہ اندھا کر دیتی ہے)

آنکھوں کی مینک - ہ - اسم مؤنث -

(م محاورہ) آنکھوں کی روشنی - آنکھوں کی پتلی

آنکھوں میں - ہ - م ف - (۱) اشاروں میں

خفیہ - چپکے سے - (۲) سامنے روبرو -

آنکھوں میں آنا - ہ - ف ل - (۱) نشہ کی

کیفیت کا ظاہر ہونا - مخمور ہونا - سرور گھٹنا

- (۲) خیال میں آنا - جچنا - سمانا - قدر ہونا

نہیں آتے کسو کی آنکھوں میں

(میر)

ہو کے عاشق بہت حقیر ہوئے

آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا - ہ - ف م - آنکھوں

سے آنکھیں ملا کر دیکھنا - ڈھٹائی سے گھورنا

آنکھوں میں بسنا - ہ - ف ل - آنکھوں

میں رہنا - تصور میں جمنا - آنکھوں میں کھبنا

بھانا -

آنکھوں میں بھنگ گھٹنا - ہ - ف ل

(بھنگڑ) گہرا یا گہرا نشہ ہونا - خوب بھنگ

چڑھنا - نشہ میں سرشار ہونا -

آنکھوں میں بیٹھنا - ہ - ف ل - کسی رنگت

کی شوخی یا تیزی کا آنکھوں میں کھبجانا -

نظروں میں بھلا لگنا - پسند آنا - بھانا -

آنکھوں میں پالنا - ہ - ف م - آنکھوں سے

دور نہ ہونے دینا اور ہر وقت اپنے سامنے

ہی رکھنا - نہایت پیار اور لاڈ سے پالنا

- بڑی حفاظت سے پرورش کرنا -

آنکھوں میں پھر جانا - ہ - ف ل - کسی

چیز کا نقشہ یا صورت یاد آجانا - کسیکی صورت

یا شبیہ آنکھوں کے آگے پھر جانا -

سنتے جو حضرت زاہد سے وصف جنت کے

(داغ)

تو صاف پھر گئی آنکھوں میں اُس مکاں کی طرح

آنکھوں میں پھرنا - ہ - ف ل - ہر گھڑی

ذہن و تصور میں رہنا - بار بار یاد آنا -

دلمیں پھرنا - خیال لگا رہنا - تصور بندھا رہنا

پائے نگار آلودہ کہیں سانجھ کو میر نے دیکھے تھے

(میر)

صبح تک اب بھی آنکھوں میں اُسکی پاؤں تیر پھرتے ہیں

آنکھوں میں پھیکا لگنا - ہ - ف ل - آنکھوں

میں بُرا معلوم ہونا - اچھا نہ لگنا - پسند نہ آنا

- آنکھوں سے گرنا -

آنکھوں میں پی جانا - ہ - ف ل - کسی کی

طرف زیادہ دیر تک دیکھے جانا -

آنکھوں میں تنکے چبھونا - (عو) نہایت

تکلیف پہنچانا - حد سے زیادہ ایذا دینا -

(سابق میں بیگماتیں یا رانیاں اپنی لونڈی باندیوں

کی آنکھوں میں بطور سزا تنکے چبھوایا کرتی تھیں)

آنکھوں میں تُلنا - ہ - ف ل - (۱) جچنا -

تل جانا۔ اندازہ ہونا۔
تلگئی ہو وفا اے یار اپنی آنکھ میں۔
جب ترازو سینہ میں تیر نظر ہونے لگا۔
(۲) ناز پروردہ ہونا۔ لاڈلا بننا۔

آنکھوں میں ٹھیرنا۔ ہ۔ ف ل۔ نظروں میں جچنا۔ قدر ہونا۔

آنکھوں میں تیسو پھولنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ہر طرف زرد ہی زرد دکھائی دینا۔ جنگل میں آگ لگی معلوم ہونا۔ (۲) نہایت محظوظ ہونا۔ باغ باغ ہونا۔ خوش ہونا۔ (۳) نہایت مخمور ہونا۔ نشہ میں چور ہونا۔

آنکھوں میں جان جی یا دم آنا۔ ہ۔ ف ل (۱) روح کا سارے جسم میں سے کھنچکر آنکھوں میں آجانا۔ لبوں پر دم ہونا۔ جاں بلب ہونا۔ قریب المرگ ہونا۔ گھڑی ساعت کا ہونا۔ (۲) نہایت کمزور و ضعیف ہونا۔ بہت لاغر ہونا۔ (۳) آنکھوں میں طراوت آنا۔ آنکھوں میں خنکی اور ٹھنڈک معلوم ہونا۔

آنکھوں میں جچنا۔ ہ۔ ف ل (۱) آنکھوں میں ٹھیرنا یا تلنا۔ نظر پر چڑھنا۔ (۲) قیاس میں آنا۔ انکنا۔ سمجھ میں آنا۔ (۳) پسند آنا۔ بھلا لگنا۔

آنکھوں میں جھپتے پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) آنکھوں میں بلقے پڑنا۔ ناتواں ہونا۔ (۲) بینائی میں فرق آجانا۔ کچھ کا کچھ دکھائی دینا۔

آنکھوں میں سلکہ دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) توقیر کرنا۔ قدر کرنا۔ آنکھوں پر بٹھانا (۲) جی میں جگہ دینا۔ عزیز سمجھنا۔

آنکھوں میں جہان اندھیر تاریک یا سیاہ معلوم ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ غم یا صدمہ کے مارے دنیا کی کوئی چیز بھلی نہ لگنا۔ اداسی چھائی رہنا۔ غمگین رہنا۔

آنکھوں میں جی کھچ آنا۔ ہ۔ ف ل۔ جاں بلب ہونا۔ قریب المرگ ہونا۔
شوق سے دیدار کے بھی آنکھوں میں کھچ آیا جی
(میر) کس تمہیں ہیں دیکھنے ہمکو بہت آیا کرو۔

آنکھوں میں چرانا۔ ہ۔ ف م۔ آنکھوں کے روبرو دھوکا دینا۔ سب کے سامنے کسی چیز کو اڑا دینا۔ چوری میں نہایت صفائی کرنا۔

آنکھوں میں چربی چھانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) آنکھوں میں جھلی آجانا جس کے سبب سے کم دکھائی دینے لگتا ہے۔ (۲) مستی کے مارے اندھا ہو جانا۔ ماتا ہونا۔ مستا جانا (۳) جان بوجھکر اندھا بنجانا۔ تجاہل عارفانہ کرنا۔ (۴) نہایت مغرور ہونا۔ غرور کے مارے

کسیکو نہ دیکھنا - مارے گھمنڈ کے کسیکی طرف نگاہ نکرنا - (۵) آگا پیچھا نہ سوچنا - اپنی حالت کو نہ دیکھنا -

آنکھوں میں چڑھنا - ہ - ف ل - (۱) نظر کو بھا جانا - منظور نظر ہو جانا - پسند آنا - بھلا لگنا -

آنکھوں میں چلنا - ہ - ف ل - (ہ عو) آنکھوں کے اشاروں پر کام کرنا - صرف آنکھوں کے اشارے ماننا -

بھلے ماں باپ کے بیٹا بیٹی آنکھوں میں چلتے ہیں ایک تو ہے کہ کتنا ہی کہو ایک کان پر جوں نہیں چلتی -

آنکھوں میں حلقے پڑنا - ہ - ف ل - (بلاسبب) کے سبب آنکھوں کا اندر کو گڑ جانا - جسم میں آنکھوں کا ڈگر ڈگر کرنا -

پڑ گئے ہیں ناتوانی سے جو حلقے ان دنوں
سب کو میری چشم تر پر شبہ ہے گرداب کا

آنکھوں میں خار گزرنا یا ہونا - ہ - ف ل - آنکھوں میں کانٹے کیطرح چبھنا - برا لگنا - ناگوار گزرنا - آنکھوں میں کھٹکنا - گراں گزرنا - پھوٹے دیدوں نہ بھانا -

آنکھوں میں خاک! - محاورہ - چشم بد دور - نظر نہ لگے - حف نظر -

آنکھوں میں خاک جھونکنا - ہ - **آنکھوں میں خاک یا دھول ڈالنا** - فم (جب کسی کی آنکھوں میں خاک ڈال دیتے ہیں تو اُسکو کم دکھائی دینے لگتا ہے - بعض وقت لڑکے یا بدمعاش آدمی اوروں کو دھوکا دینے کے لیئے یا اُنکی چیز چُرانیکی نظر سے ایسا کیا کرتے ہیں) (۱) فریب دینا - دھوکا دینا - چال چلنا - چھل کرنا (۲) کسی چیز کو اُڑا دینا - تیر کر دینا - چُرا لینا - غائب کر دینا - (۳) بُری چیز کی تعریف کر کر کے خریدار کی نظر و نمیں اُسکو اچھا جچا دینا

آنکھوں میں خون برستا ہے / **آنکھوں سے خون برستا ہے** - محاورہ صورت سے جلاد پن اور خونخواری ظاہر ہوتی ہے بڑا جلاد ہے

آنکھوں میں خون یا لہو اُتر آتا ہے / **آنکھوں کے تلے لہو اُتر آتا ہے** - محاورہ مارے غصہ کے آنکھیں لال لال ہو جاتی ہیں بہت جھونجل آتی ہے - نہایت غصہ آتا ہے - اُسکے دیکھنے سے میری آنکھوں میں خون اُترتا ہے

آنکھوں میں دم آنا - ہ - ف ل - دیکھو (آنکھوں میں جی آنا) - دُلگی میں دم ہونا -

آنکھوں میں ڈر یا خوف رہنا - ہ - ف ل - (عو) جی میں ڈر ہونا - بڑوں کا خوف کرنا -

آنکھوں میں رات کاٹنا - ہ - ف م - (۱) ساری رات جاگ کر کاٹنا - ساری رات آنکھ بند نہ کرنا - جاگ کر کروٹوں میں صبح کر دینا (۲) انتظار میں رات بھر جاگنا - منتظر رہنا - رات بھر تارے گننا -

آنکھوں میں رات کٹنا - ہ - ف ل - (۱) جاگنے میں رات کٹنا - آنکھ نہ لگنا - پلک سے پلک نہ لگنا - تڑپ تڑپ کر رات گزرنا - ساری رات نہ سونا -

آنکھوں میں رکھنا - ہ - ف م - (۱) آنکھوں کے سامنے سے کہیں نہ جانے دینا - نظروں میں رکھنا - نہایت حفاظت میں رکھنا - ڈانٹ میں رکھنا -

اِس بچہ کو آنکھوں میں رکھنا میرے بعد کہیں یا بتر نہ ہو جائے

(۲) لاڈ اور پیار سے رکھنا - ناز اور لاڈ سے پالنا - قدر اور منزلت سے رکھنا - نہایت عزیز رکھنا -

میں نے جانا تھا کہ آنکھوں میں رکھیگا وہ مجھے
اُسنے آنکھوں ہی سے جوں اشک گرایا مجکو (ظفر)

آنکھوں میں رہنا - ہ - ف ل - (۱) نظروں میں بسنا - نگاہوں میں رہنا - تصور و خیال میں رہنا - از حد پیارا اور نہایت عزیز ہونا

آنکھوں میں سمانا - ہ - ف ل - کسی شخص یا چیز کا ہر وقت خیال رہنا - آنکھوں میں بسنا - جی میں پھرنا -

آنکھوں میں گھبنا یا گھب جانا - ہ - ف ل - کسی چیز کا آنکھوں میں اپنی خوبی کے باعث بھلا لگنا - پسند آنا - بھانا - اچھا معلوم ہونا -

آنکھوں میں کھٹکنا - ہ - ف ل - آنکھوں کو بُرا معلوم ہونا - آنکھوں میں خار گزرنا - بُرا معلوم ہونا - کسی کو دیکھکر جلنا -

یہہ ملاقاتیں کھٹکتی ہیں فلک کی آنکھ میں
دیکھنا بھی اُس پری کا مغتنم ہو جائے گا

آنکھوں میں کہنا - ہ - ف م - اشاروں سے آنکھوں میں حقیر ہونا - بیقدر ہونا - نظروں سے گرنا -

آنکھوں میں سرسوں پھولنا - ہ - ف ل - (۱) آنکھوں کے آگے زردی چھانا - ہر طرف زردہی زرد دکھائی دینا - (۲) خوب نشہ ہو جانا + واہ گرو جی خوب پلائی سرسوں پھولی آنکھوں میں - (۳) خوشی ہونا - آنند کے تار بجانا - خوشی حاصل ہونا -

سرسوں آنکھوں میں کیوں نہ پھولے اب -
زرد اور بڑھے وہ شال جاتا ہے - (میر حسن)

باتیں کرنا۔ آنکھوں کی حرکت سے دلی بات ظاہر کرنا۔ سیں مارنا۔ خفیہ اشارہ کرنا۔

آنکھوں میں گھر کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) آنکھوں میں سمانا۔ سوہ لینا۔ دل لے لینا۔ فریفتہ کر لینا + گھر آنکھوں میں کر گیا بے دید دل چھین لیا نظر ملا کے (مومن)

(۲) نہایت چالاکی سے کسی چیز کو اڑا دینا دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ دم دینا۔ آنکھوں میں خاک ڈالنا۔ (۳) جھٹلانا۔ مکرانا۔ چندرانا۔

ہیں تمار آلودہ آنکھیں پیتے ہو انگڑائیاں گھر رہے ہو غیر کے آنکھوں میں گھر کرتے ہو کیوں؟ (مغفور)

(۴) ڈھٹائی کرنا۔ ضد کرنا۔ اڑنا۔ ہٹ کرنا

جی دھڑکتا ہے ڈھٹائی سے بتوں کی واللہ دل تو لے لیتے ہیں پھر آنکھوں میں گھر کرتے ہیں (بیخود)

آنکھوں میں گھر ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھوں میں بسنا۔ عزیز و پیارا ہونا۔ متبرک ہونا۔

آنکھوں میں لیجانا۔ ہ۔ ف م۔ نظروں کے سامنے سے تیر کرنا۔ کسی چیز کو آنکھوں کے سامنے سے اڑا دینا۔ عیاری کرنا۔ فریب دیکر اپنا کام نکال لینا۔

محفل گلرخاں میں وہ عیار
لے گیا دل ہزار آنکھوں میں

آنکھوں میں موتی کوٹ کوٹ کر بھر دیئے ہیں محاورہ

نہایت خوبصورت چمکیلی اور رسیلی آنکھیں

آنکھوں میں نون دینا۔ ہ۔ ف م۔ (آنکھوں میں نون ڈالنے سے آنکھیں جاتی رہتی ہیں) اندھا کر دینا۔ آنکھیں پھوڑ ڈالنا۔

آنکھوں میں نون رائی۔ تیری آنکھ میں نون رائی۔ محاورہ۔ (خدا کرے دشمن کی آنکھوں میں جنہوں نے نظر لگائی ہے نون رائی کا اثر ہو جائے یعنی پھوٹ جائیں اور اسی خیال سے اکثر عورتیں بچوں کے اوپر سے نون رائی اتار کر چولھے میں ڈالا کرتی ہیں) چشم بد دور۔ حف تیری نظر۔

آنکھوں میں نہ آنا۔ ہ۔ ف ل۔ نظروں میں نہ جچنا۔ آنکھوں میں نہ سمانا۔ ادنی معلوم ہونا

آنکھوں ہی آنکھوں میں۔ ہ۔ م ف۔ (۱) اشاروں و کنایوں میں۔ اشاروں ہی اشاروں میں۔ چوری چوری چھپے چھپے۔ سینا بینی میں۔

سمجھ لے آنکھوں ہی آنکھوں میں گر سمجھنا ہے
(آزردہ) ہمارے منہ سے نہ کہوا کہ آرزو کیا ہے

(۲) سب کے روبرو۔ سامنے۔ دیکھتی آنکھوں۔

آنکھیں الٹ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھیں

سوج جانا۔ آنکھوں پر ورم آجانا۔

آنکھیں آنا۔ ہ۔ف ل۔ آنکھوں کا دُکھنے آنا۔ آنکھ کا بیمار ہونا۔ آشوب چشم ہونا۔ آنکھیں لال ہوجانا۔

(۱) آنکھیں تیری جو آئیں تو بیمار چشم کو
مرنے کے انتظار میں گھڑا لگا رہا

(جعفر) (۲) تُو تو آیا نہ پر یہ میری آئیں آنکھیں
انتظاری میں تیری راہ کو تکتے تکتے

آنکھیں بچھانا۔ ہ۔ف م۔ نہایت خاطر تواضع کرنا۔ بہت سی تعظیم و تکریم کرنا۔ آدر ستکار کرنا۔ محبت کرنا۔

(شوق) جو غم تمکو دیکھا ہنساتے رہے
سدا اپنی آنکھیں بچھاتے رہے

آنکھیں بدلنا۔ ہ۔ف ل (۱) تیوری بدلنا۔ بے رُخ ہونا۔ بیمروتی کرنا۔ (۲) خفا ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ غُصہ میں آنا۔

آنکھیں بند کرکے۔ ہ۔ف م۔ اندھا دھند۔ بے سوچے سمجھے۔ بلا تامل۔

آنکھیں بند کرنا یا مُوندنا۔ ہ۔ف م۔ (۱) کسی خوف یا صدمہ کے باعث آنکھیں مُوند لینا۔ (۲) سونا۔ آرام کرنا۔ (۳) بے خبر ہونا۔ بیہوش ہونا۔ (۴) مرنا۔ انتقال کرنا۔ قطع تعلق کرنا۔ (نظیر)

بس خوب تماشا دیکھ چکے اب آنکھیں اپنی بند کرو۔

آنکھیں بند ہونا۔ آنکھیں مُندنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) آنکھیں چھپنا یا جھپکنا۔ (۲) غنودگی آنا۔ نیند آنا۔ (۳) مرنا۔ جان نکل جانا۔

دیدۂ گلزار جہاں اور بھی کرے غافل
بند ہو جائیں گی ایک روز مقرر آنکھیں

آنکھیں بُنوانا۔ ہ۔ف م۔ آنکھوں کا جالا کٹوانا۔ آنکھیں درست کروانا۔ اندھاپن دور کروانا۔ دیکھنے کی قابلیت پیدا کرنا۔

آنکھیں بھر آنا۔ ہ۔ف ل۔ رونا ہو جانا۔ کسی بات کا خیال کرکے جی بھر آنا۔ آنکھوں میں آنسوؤں کا بھر آنا۔ رونے کے قریب ہو جانا۔

آنکھیں پتھرانا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) پتھر کی سی آنکھیں ہو جانا۔ آنکھوں کی حرکت کا جاتا رہنا۔ آنکھوں کا نور جاتا رہنا۔ ٹکٹکی کی لگی رہجانا۔ چکا چوند لگنا۔ حیرت میں ہونا

معلوم نہیں آپنے یا حضرت موسیٰ
کیا طور پر دیکھا ہے کہ پتھرا گئیں آنکھیں
راہ تکتے تکتے اپنی آنکھیں بھی پتھرا چلیں
یہ سنا نا تھا کہ سختی اسقدر دیکھیں گے ہم

(میر)

آنکھیں پُھٹ ہونا۔ ہ۔ف ل۔ آنکھوں کے

پٹ بند ہو جانا یا لگ جانا۔ مراداً آنکھوں کا بے بصر ہونا۔ دید سے چھوٹنا۔

یا الٰہی! جو جھوٹی قسمیں کھائیں دونوں آنکھیں ابھی یتیم ہو جائیں (شوق)

آنکھیں پلٹ جانا یا پلٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ اُلفت نہ رہنا۔ محبت میں فرق آ جانا۔ بے رخ ہو جانا۔ بیمروت ہو جانا۔

سیدھی آنکھوں سے کیوں نہیں ملتے (ظفر)
کس گناہ پر پلٹ گئیں آنکھیں

آنکھیں پونچھ ڈالو۔ کلمہ تشفی۔ آنکھوں کو صاف کر ڈالو۔ رونے کو موقوف کرو۔ بس رو چکے۔

آنکھیں پونچھنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی بچہ یا غمگین آدمی کی آنکھوں کے آنسو اپنے ہاتھ یا کپڑے سے پونچھنا مراداً اُسکو تشفی دینا۔ تسلّی دینا۔ ڈھارس بندھانا۔ دھیر بندھانا۔

آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) آنکھوں کو خوب چیر کر کسی چیز کی طرف دیکھنا۔ نہایت غور سے دیکھنا۔ گھور کر دیکھنا۔ کٹور کر دیکھنا۔ (۲) بیقراری سے دیکھنا۔ نہایت شوق سے دیکھنا۔

آنکھیں پھٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی تکلیف کے باعث آنکھوں کا نکلا پڑنا۔ مارے درد کے آنکھیں پھٹی جاتی ہیں۔ (۲) اچنبھے رہنا۔ ہکا بکا ہونا۔ تعجب میں ہونا۔ متحیر ہونا۔

اِتنی دولت دیکھکر اُسکی آنکھیں پھٹنے لگیں

(۳) حسد کرنا۔ ہونّسنا۔ رشک کرنا۔ جلنا۔ انگاروں پر لوٹنا۔ نظر لگانا۔

آنکھیں پھر جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) موت کی علامت کا ظاہر ہونا۔ پتلیوں کا اُوپر کو چڑھ جانا۔

رات گزری ہے مجھے نزع میں روتے روتے
آنکھیں پھر جائیں گی اب صبح کے ہوتے ہوتے (میر)

(۲) بیمروت ہو جانا۔ تیور بدلجانا۔ مخالف بن جانا۔

خدا سے پھر گئیں زاہد کی آنکھیں۔
نظر آیا کوئی کافر صنم کیا؟ (مصحفی)

آنکھیں پھوٹیں! کلمہ بد دعائیہ۔ عورتیں اس بد دعائیہ کلمہ کو قسم کے طور پر بولتی ہیں۔ جیسے میں جھوٹ بولتی ہوں تو آنکھیں پھوٹیں یعنی مجھے اپنی آنکھوں کی قسم ہے میں جھوٹ نہیں بولتی ہوں سچ کہتی ہوں۔

آنکھیں پھوڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) اندھا کرنا آنکھیں کھونا۔ (۲) کثرت سے رونا۔ زار زار رونا۔ اتنا رونا کہ آنکھیں جاتی رہیں

(۳) کوئی ایسا کام کرنا جسمیں آنکھوں سے زیادہ کام لیا جاوے یا اُنپر زیادہ زور پڑے جیسے سینا پرونا۔ پڑھنا لکھنا وغیرہ دیدہ ریزی کا کام کرنا۔ (۴) بیفائدہ انتظار کرنا۔ راہ تکنا۔ باٹ نہارنا یا چوہنا۔ رستہ تکنا یا دیکھنا۔

آنکھیں پھیر دینا ہ۔ف ل۔ علامت مرگ کا ظاہر ہونا۔ قریب المرگ ہو جانا۔ پُتلیوں کا اوپر کو پھر جانا۔

آنکھیں پھیر لینا ہ۔ف ل۔ نظر بدل لینا تیور بدلنا۔ بیرخ ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔ خفا ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ کوپ ہو جانا۔ روس ہونا + پھیر لیتا ہے دم میں وہ آنکھیں (وزیر) چشم بد دُور کیا ہی بدخُو ہے۔

سائیں انکھیاں پھیریاں تو بیری ملک جہان (دوہا) مَٹ ایک جھانکی مہر کی تو لکھاں کریں سلام

آنکھیں ترسنا ہ۔ف ل۔ کسیکے دیکھنے کو دل چاہنا۔ کسی کے ملنے کی ابلا کھا کرنا۔ ملاقات کا مشتاق ہونا۔

درشن بن انکھیاں ترس رہیں (ٹھمری) اُلجھ رہے پیا کہیں اور سکھی!

آنکھیں ٹمٹمانا ہ۔ف ل۔ آنکھوں کا ذرا ذرا کھولنا۔ دو تین مہینے کے بچّوں کی طرح تھوڑی تھوڑی آنکھیں کھولنا۔

آنکھیں ٹوٹ آنا ہ۔ف ل۔ آنکھیں دُکھنے آجانا۔ آنکھیں جھک آنا۔ آشوب چشم ہو جانا۔

آنکھیں ٹھنڈی کرنا ہ۔ف م۔ (۱) آنکھیں پھوڑنا۔ نابینا کرنا۔ اندھا کرنا۔ بے بصر کرنا۔ (ج) (۲) ہمدردی کرنا تشفی دتسلی کرنا (دیکھو آنکھ ٹھنڈی کرنا)

آنکھیں ٹھنڈی ہونا ہ۔ف ل۔ تسلی تشفی ہونا۔ اطمینان ہونا۔ ڈھارس بندھنا۔ کلیجہ ٹھنڈا ہونا۔

ایلو تمہارا بچا گیا ابتو انکھیں ٹھنڈی ہوئیں

آنکھیں جاتی رہنا ہ۔ف ل۔ آنکھوں کی روشنی جاتی رہنا۔ نابینا ہونا۔ اندھا ہونا۔ دیدے پٹم ہونا۔

آنکھیں جلنا ہ۔ف ل۔ آنکھوں میں سوزش ہونا۔ آنکھوں میں جلن پیدا ہونا۔

آنکھیں جُھک آنا ہ۔ف ل۔ آنکھیں دُکھنے آنا۔ آشوب چشم ہونا۔ آنکھیں ٹوٹ آنا۔

آنکھیں چار ہونا
چار آنکھیں ہونا
آنکھ چار ہونا ہ۔ف ل۔ (۱) دو آنکھوں سے دو آنکھوں کا لڑنا۔ چار نظر ہونا۔ آمنا سامنا ہونا۔ روبرو ہونا۔ دوچار ہونا۔ مُٹھ بھیڑ ہونا۔ ملاقات ہونا۔

یہ سب کہنے کی باتیں ہیں ہم اُن سے عہدہ کر بیٹھے
(شیدا) جب آنکھیں چار ہوتی ہیں محبت آہی جاتی ہے

واقفیت بڑھنا۔ تجربہ کار ہونا۔ فہم و فراست زیادہ ہونا۔ علم زیادہ ہونا۔

اب تو اُنکی بھی چار آنکھیں ہوتی جاتی ہیں۔

آنکھیں چرنے گئی ہیں۔ کیا تمہاری آنکھیں چرنے گئی ہیں؟ محاورہ۔ جب کوئی شخص اپنے سامنے کی چیز نہیں دیکھ سکتا اور اِدھر اُدھر دیکھنے یا ٹٹولنے لگتا ہے تو اُس وقت یہ کلمہ اُس سے کہتے ہیں۔ بے پروائی سے دیکھنے یا ڈھونڈتے ہو۔

آنکھیں چڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھوں میں نیند یا شراب کا خمار ہونا۔

آنکھیں جھپت سے لگجانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نہایت متفکر ہو کر چھت کی طرف ٹکنا شوق کی نگاہ سے کسی کی آمد کا انتظار کرنا۔ (۲) پتلیاں پھر جانا۔ علامت مرگ کا ظاہر ہونا۔ مرنیکے قریب ہو جانا۔

گرے یوں بستر غم پر کہ آنکھیں لگ گئیں چھت سے
نظر آیا تھا جو رات ہمکو جلوہ بام پر کسکا

آنکھیں دکھانا یا دِکھلانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) غضب و قہر کی نگاہ سے دیکھنا۔ آنکھیں نکالنا۔ دھمکانا۔ (دیکھو آنکھ دکھانا نمبر ۱-۲) (۲) ضرورت کے وقت اِنکار کر دینا۔ وقت پر جواب دینا۔ (۳) سامنے ہونا۔ مقابلہ کرنا۔ برابری کرنا۔

آنکھیں دوڑانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) اِدھر اُدھر نظر ڈالنا۔ چاروں طرف تاکنا۔ چوگرد دیکھنا (۲) نظر بازی کرنا۔ دیدہ بازی کرنا۔ مٹکو اور قحبہ کی طرح چاروں طرف نگاہ کرنا۔

آنکھیں دیکھنا۔ بڑے آدمیوں کی صحبت میں تعلیم پانا۔ تجربہ کار آدمیوں میں رہنا۔ تجربہ کار و زمانہ دیدہ ہونا۔ زمانہ کا سرد و گرم آزمانا۔ پر و اچھو اکھانا۔

اُنھوں نے بڑے بڑوں کی آنکھیں دیکھی ہیں تمہارے دھوئے میں کیونکر آجائیں گے۔

آنکھیں ڈبڈبانا۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھوں میں پانی بھر آنا۔ چشم نم کرنا۔ آبدیدہ ہونا۔

آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ ضعف و نقاہت کے باعث آنکھوں میں حلقے پڑنا۔ دُبلاپے کے سبب سارے جسم میں آنکھیں ہی آنکھیں حرکت کرتی دکھائی دینا۔ بہت ہی کمزور ہونا۔

آنکھیں ڈھونڈتی ہیں۔ محاورہ۔ دیکھنے پانے کو جی چاہتا ہے۔ ملنے کا آرزومند ہونا۔

دیکھنے کا نہایت مشتاق ہوں۔

آنکھیں رکھتا - ہ - ف ل - (۱) آنکھوں والا ہونا - (۲) صاحب تمیز ہونا - شناخت کرنیکا سلیقہ رکھنا - کسی کام میں دخل رکھنا

آنکھیں روشن ہونا - ہ - ف ل - آنکھوں میں نور ہو جانا - آنکھیں کھلنا - بینائی زیادہ ہو جانا -

آنکھیں زمین سے لگ گئیں - محاورہ - لاج کے مارے آنکھیں اوپر نہ کر سکا - زمین میں گڑ گیا - نہایت شرمندگی حاصل ہوئی - بڑی ندامت حاصل ہوئی -

آنکھیں سامنے کرنا - ہ - ف ل - آنکھیں ملانا - مقابلہ کرنا - سنمکھ ہونا - روبرو آنا - شرم و لحاظ نکرنا - حیا نکرنا -

مجھ سے تھا اقرار آنے کا گئے گھر غیر کے
(رنگین) پھر تم آنکھیں سامنے کرتے ہو شرماتے نہیں

آنکھیں سفید ہونا - ہ - ف ل - رونے کی کثرت اور نہایت انتظار سے آنکھوں کی سیاہی کا جس سے دیکھتے ہیں جاتا رہنا -

(۱) آنکھیں سفید ہو چلی ہیں راہ دیکھتے
(میر) یارب اُنھوں کا ہوگا اِدھر بھی گذر کبھو

(۲) دیکھوں گی میں تجھکو کب گسائیں سائیں
آنکھیں تو سفید ہونے آئیں سائیں

آنکھوں میں جالا یا سفیدی آجانا - آنکھوں میں پانی اُتر آنا - آنکھیں بٹم ہو جانا - اندھا ہونا -

آنکھیں ہی کھل گئیں - محاورہ - (۱) آنکھوں میں طراوت آگئی - آنکھیں تر و تازہ ہو گئیں جان میں جان آگئی - جان سی آگئی - (۲) حقیقت معلوم ہو گئی - حال کھل گیا - ہوش سا آگیا - غفلت کا سا پردہ جاتا رہا - عقل آگئی -

آنکھیں سیکنا - ہ - ف م - حسینوں کے دیکھنے سے آنکھوں کو آرام پہنچانا یعنی معشوقوں کو گھورنا - دل خوش کرنا - نظارہ بازی کرنا - دیدار بازی کرنا -

آنکھیں غبار لانا - ہ - ف ل - روشنی چشم کا زائل ہونا - آنکھیں سفید ہونا -

راہ اُسکی برسوں دیکھی آنکھیں غبار لائیں
(آفاق) نکلا نہ کام اپنا اس انتظار سے بھی

آنکھیں کڑوانا - ہ - ف ل - سونے کو جی چاہنا - نیند کے مارے آنکھیں کھلانا - نیند کا غلبہ ہونا - نیند کا زور ہونا -

آنکھیں کھلنا یا کھل جانا - ہ - ف ل - (۱) جاگ اُٹھنا - بیدار ہونا - (۲) غفلت کا پردہ اُٹھ جانا - خبردار ہو جانا - متنبہ ہو جانا

ہوشیار ہونا۔ چوکنا ہو جانا۔ چوکس ہو جانا۔ ہوش سنبھالنا۔ حواس ٹھکانے آنا۔

آنکھیں کھلی رہ جانا ۔ ہ۔ف ل۔ (۱) کسی صدمے کے باعث یا تعجب انگیز چیز سے حیرت میں ہو جانا۔ ہوش و حواس جاتے رہنا۔ بھچک رہ جانا۔ (۲) آنکھوں کی راہ دم نکل جانا۔ حسرت دیدار میں مرنا۔ گھورتے گھورتے یا تکتے تکتے مر جانا۔

آمد آمد کی خبر لائی ہے تو کس کی۔ صبا!
(آشفتہ) رہ گئیں آنکھیں کھلی گلشن میں نرگس کی صبا

آنکھیں کھونا ۔ ہ۔ف ل۔ اندھا ہونا۔ آنکھوں کو رو بیٹھنا۔

آنکھیں گڑ جانا ۔ ہ۔ف ل۔ آنکھوں کا اندر کو دھس جانا۔ آنکھوں میں حلقے پڑ جانا۔ (۲) کسی چیز کو برابر تکے جانا۔ تدید و ٹکی طرح کسی چیز کو دیکھے جانا۔

آنکھیں گلابی ہونا ۔ ہ۔ف ل۔ آنکھوں میں سرد یا نشہ کا ہو جانا۔

آنکھیں لڑانا ۔ ہ۔ف م۔ (۱) نظر سے نظر ملانا۔ دیدہ بازی کرنا۔ ٹکٹکی باندھکر دیر تک ایک دوسرے کی طرف نظر بازی کرنا (۲) اشاروں میں بات چیت کرنا۔ سینا تینی کرنا۔ تاک جھانک کرنا۔ (۳) عشق پیدا کرنا۔ پریت جوڑنا۔ نیہا لگانا۔ محبت پیدا کرنا۔

آنکھیں لگ رہی ہیں۔ محاورہ۔ انتظار میں بیٹھے ہیں۔ راہ دیکھ رہے ہیں۔ آنکھیں اُنکی راہ تک رہی ہیں۔ دھیان لگا ہوا ہے کسی کے آنے کے شوق میں منتظر بیٹھے ہیں

چاک قفس سے آنکھیں لگی کب تلک ہیں
(میر) اک برگ گل نسیم ہماری طرف بھی لاؤ

آنکھیں لگنا ۔ ہ۔ف ل۔ (۱) ٹکٹکی بندھنا۔ آنکھیں ایک سمت کو جمی رہنا۔ (۲) انتظار ہونا۔ باٹ تکنا۔ رستہ دیکھنا۔ مضطر بانہ انتظار کرنا۔ دھیان لگنا۔

لوٹتے ہیں خاک پر آنکھیں لگی ہیں سو کے بام
طالب معراج ہیں افتادگانِ کوئے دوست

(۳) محبت ہونا۔ نیہا لگنا۔ عشق پیدا ہونا۔ پریت جڑنا۔

آنکھیں مانگنا ۔ ہ۔ف م۔ آنکھوں میں جوت چاہنا۔ آنکھوں میں نور کا طالب ہونا۔ بصارت کا خواہاں ہونا۔ بینائی مانگنا۔

آنکھیں نکالنا یا کاڑھنا ۔ ہ۔ف م۔ (۱) کسی کی پتلیاں حلقوں میں سے نکلوانا۔ اندھا کرنا۔ نابینا کرنا۔

(۲) خفگی سے کسی کی طرف دیکھنا۔ گھورنا۔ لال پیلا ہونا۔ (۳) دھمکانا۔ ڈرانا۔ ڈانٹنا۔ گھڑکنا۔

آنکھیں نیلی پیلی کرنا۔ ہ۔ف ل۔ نہایت خفا ہونا۔ چیں بجبیں ہونا۔

روز آنکھیں نیلی پیلی کرتا ہے وہ شوخ
بزم میں تو چشم حسرت سے نہ دیکھا کریں

آنکھیں ہونا۔ ہ۔ف ل۔ سمجھ آنا۔ عقل آنا۔ ہوش آنا۔ بات حاصل ہونا۔

جب کھو کر آنکھیں ہوئیں تو کیا ہوئیں!

آن کی آن میں۔ ہ م ف۔ ذرا سی دیر میں۔ طرفۃ العین میں۔ پلک جھپکاتے میں آناً فاناً میں۔ بہت جلد۔

آنگ لگنا۔ ہ۔ف ل (۱) جسم سے ملنا۔ بغل گیر ہونا۔ (۲) غذا کا گوشت و پوست بننا۔ اچھی طرح ہضم ہونا۔ طاقت بخشنا۔ جزو بدن ہونا۔ جسم میں لگ جانا۔

جب کھایا پیا ہی آنگ نہ لگے تو طاقت کہاں سے ہووے

(۳) کام میں آجانا۔ برتاؤ میں آجانا۔ نیگ لگ جانا۔

آنگ لگو۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) جسم سے لپٹنے والا۔ پنڈ نچھوڑنیوالا۔ گودی سوار۔

کیسا آنگ لگو بالک ہے گھڑی بھر کی گود میں سے نہیں اترتا۔

(۲) تن لگو۔ ہمدرد۔ دردخواہ۔

آنگارا۔ ہ۔ صفت۔ نہایت سرخ۔ لال۔ لال انگارے کی شرط ہے! کنجڑوں کی آواز

انگارا بننا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) نہایت خفا ہونا۔ غصہ ہونا۔ طیش میں آنا۔ (۲) عمدہ و نفیس غذا کھانیکے باعث سرخ و سفید بن جانا۔ چقندر سا ہو جانا۔ رنگ نکل آنا۔

انگاروں پر لٹانا۔ ہ۔ف م۔ (۱) جلانا۔ تڑپانا۔ تکلیف دینا۔ رنج دینا۔ (۲) ترسانا۔ چڑانا۔

انگاروں پر لوٹنا۔ ہ۔ف ل۔ رشک و حسد میں جلنا۔ بیقرار رہنا۔ تڑپنا۔

بناؤں آہ سوزاں کھینچ کر تاروں کو میں اخگر
خدا چاہے تو انگاروں پہ لوٹے آسماں برسوں

انگارے برسنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) خدا کا غضب و قہر نازل ہونا۔ غضب الٰہی ٹوٹ پڑنا۔ (۲) آگ کا مینہ برسنا۔ نہایت گرمی پڑنا۔ بہت دھوپ پڑنا۔

بجائے ابر اس کھیتی پر انگارے برستے ہیں

انگڑائیاں توڑنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) کسی شخص کے برابر کھڑے ہو کر سستی اتارنا۔

(۲) ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہنا۔ بے شغلی وبیکاری میں بسر کرنا۔
بیٹھے انگڑائیاں توڑنے سے کام نہیں چلیگا کچھ ہاتھ پاؤں بھی ہلانے چاہئیں۔

اُنگشت نما ف۔ صفت (۱) بدنام۔ رسوا۔ مطعون (۲) مشہور۔ معروف (کم آتا ہے)

اِنگلس پانا ۔ ا۔ ف ل۔ پنشن پانا پنشن خوار ہونا۔ بیٹھی روٹی کھانا۔

اِنگلسی۔ اِنگلسیا صفت۔ (۱) پنشن خوار۔ وظیفہ خوار بیٹھے روٹی پانیوالا (۲) سُست۔ کاہل۔ آلکسی۔ آشکتی۔

اُنگلی پکڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ذرا سہارا لگانا۔ تھوڑی مدد دینا۔ (۲) سہارا لینا۔ مدد لینا +
تو جو میرے بیٹے کو کوسے ہے تو کیا میں تیری اُنگلی پکڑ کر چلونگی ج (عو)

اُنگلی پکڑتے پہنچا پکڑنا۔ / **اُنگلی پکڑتے پہنچا پکڑنا۔** ۔ انگلی کا سہارا پاکر کلائی پکڑنے کا ارادہ کرنا۔ ذرا سا سہارا دیکھ کر بہت سا سہارا ڈھونڈنا۔
لگے اُنگلی پکڑتے پہنچا پکڑنے مثل

اُنگلی دھرنا یا رکھنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) اُنگلی سے کسی چیز کو چھپانا۔ ڈھکنا۔ چھپانا۔ (۲) اُنگلی سے کسی بُرائی کو بتانا۔ حرف گیری یا عیب چینی کرنا۔ نقص نکالنا۔
ایسا کام کرو جو کوئی اُنگلی نہ رکھ سکے

اُنگلی کرنا یا توڑنا انگلانا ۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری) (۱) دق کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ (۲) اکسانا اُبھارنا۔ بھڑکانا۔ آر لگانا۔

اُنگلی لگانا ۔ ہ۔ ف م۔ کسی کے بدن پر اُنگلی چھوانا۔ ہلکا سا مارنا۔ پٹنا۔ ہاتھ لگانا۔
تمہیں کوئی انگلی تو لگالے!

اُنگلیاں اُٹھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ انگشت نما ہونا۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ مطعون ہونا۔ نکو بننا۔

اُنگلیاں چمکانا۔ / نچانا یا مٹکانا۔ ہ۔ ف ل عورتوں کا لڑتے وقت ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر اُنگلیاں نچانا۔ ہاتھ نچانا۔

اُنگلیوں پر نچانا ۔ ہ۔ ف م۔ (کسی کو اُنگلیوں پر نچانا۔ یہ محاورہ مداریوں سے لیا گیا ہے جو اکثر بچوں کو اپنی انگلی کے اُٹھ بیٹھ کے اشارے سے گھڑیوں اُٹھک بیٹھک کے چکر میں رکھتے ہیں)
(۱) کسی کی کھلی یا ہنسی اُڑانا ٹھٹھا کرنا۔ احمق بنانا
کیسی ہی دھوم دھام کی رنڈی ہو خوش جمال
(نظیر) جب مفلسی کا آن پڑے سر پر تو سکے جال

دیتے ہیں اُسکے ناچ کو ٹھمنے کے بیچ ڈال
ناچے ہے وہ تو فرش کے اوپر قدم سنبھال
اور اُسکو اُنگلیوں پہ نچاتی ہے مُفلسی

(۲) انگشت نما کرنا۔ مطعون کرنا۔ بدنام کرنا۔ (۳) ستانا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا

اپنا عاشق یہ جسکو پاتا ہے
(سودا) انگلیوں پر اُسے نچاتا ہے

اَن گِنا ۔ ہ۔ صفت (ع) بے گِنا ہُوا۔ (مراداً) آٹھواں (چونکہ اکثر آٹھواں بچہ بہت ہی کم جیتا ہے۔ اسواسطے عورتیں آٹھ کو منحوس خیال کرکے اَن گِنا کے نام سے پکارتی ہیں اور صرف مہینے یا برس ہی کے ساتھ لگاکر بولتی ہیں۔

(۱) رام جی رکھو میرا بہیرا اب آن گنے برس میں ہے (ہ ع)

(۲) میری جہادی کو اب رام رکھوان گِنا ہینا لگا ہے۔ (ہ ع)

انگوٹھا چُومنا ۔ ہ۔ ف م۔ خوشامد کرنا۔ پاؤں پڑنا۔ قدم لینا۔ چاپلوسی کرنا۔

انگوٹھا دِکھانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ٹھینگا دِکھانا۔ ٹھوسا دکھانا۔ چڑانا۔ چھیڑنا۔ (۲) (انگوٹھا چُمانا) حقارت کے ساتھ انکار کرنا۔ قدر نکرنا۔ خیال میں نہ لانا۔

انگور بندھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ زخم کا بھرنا ہوتا آنا۔ زخم کا اچھا ہونے پر آنا۔ زخم بھرنا۔

اَنگھڑ ۔ ہ۔ صفت۔ (امانا شایستہ۔ بیڈھنگا پنو۔ جاہل۔ گنوار۔ (۲) اناڑی۔ ناتجربہ کار اکھڑ (۳) اٹکل پچّو۔ اُوت پٹانگ۔ بے تکی۔ جہل۔

آن لگنا۔ آلگنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پاس آجانا۔ نزدیک یا نیڑے آجانا۔ (۲) تمام ہونے کو آنا۔ (۳) گھات میں بیٹھنا۔ موقع کی تاک میں رہنا۔ (۴) ٹکرانا۔ نشانہ پر لگنا۔

ظلم ہوئے ہیں کیا کیا ہم پر صبر کیا ہے کیا ہم
(میر) آن لگے ہیں گور کنارے اسکی گلی میں جاجا کے

آن لینا۔ آلینا ۔ ہ۔ ف م۔ آپکڑنا۔ دبالینا۔ مغلوب کرلینا۔ دبوچ لینا۔

آن مانَنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) شکست کھانا۔ ہارنا۔ مغلوب ہونا۔ (۲) بڑا ماننا اُستاد ماننا۔ سر جھکانا۔ لوہا ماننا۔ قائل ہونا۔ اطاعت کرنا۔

دیکھکر گُرتی گلے میں سبز دھانی آپکی +
(نظیر) دھان کے بھی کھیت نے ہے آن مانی آپکی

آن مول ۔ ہ صفت۔ گراں بہا۔ بیش قیمت۔ نہایت عمدہ۔

اننگ کے تار بجانا ۔ ہ۔ ف م۔ خوشی منانا

عیش وعشرت کرنا۔ چین سے گزارنا۔

آنند ہو؟ ۔ مزاج خوش ہیں؟۔ تندرست ہو؟ اچھے ہو؟۔

آنندی مُرش ۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ ہنسمکھ آدمی ۔خوش طبع خوش مزاج۔

ان ہوت ۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ مفلسی۔ افلاس ۔غریبی۔ دلدّر۔ کنگالی۔

آنی جانی ۔ ہ۔ صفت ۔ بے ثبات۔ فانی ۔ ناپائدار۔ دنیا آنی جانی ہے۔

اُنیس بیس جزوی فرق۔ ۔یوں ہی سا تفاوت۔ تھوڑا سا فرق۔

اُنیس بیس ہو جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ حرج مرج ہونا۔ حادثہ۔ پیش آنا۔ ایسی ویسی ہونا اُنیس بیس ہو جائیگی تو میں ذمہ دار نہیں

اُنیس ہونا۔ اُنیسی ہونا ۔ ہ۔ ف ل ہیٹی ہونا۔ بات میں فرق آنا

آواز بھرّانا / **بیٹھنا یا پڑنا** ۔ ا۔ ف ل۔ آواز بھاری ہونا۔ گلا بیٹھ جانا۔

آواز پر لگنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) آواز پہچاننے لگنا۔ بولی سمجھنے لگنا۔ (۲) ہل جانا۔ مانوس ہو جانا۔ سدھ جانا۔

آواز پھٹنا ۔ ا۔ ف ل۔ آواز جھرجھری ہونا۔ آواز بھرّا جانا۔

آواز دینا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) پکارنا۔ بلانا۔ (۲) ہیجنا۔ بولنا۔ سنسناہٹ نکلنا۔

آواز کھلنا ۔ ا۔ ف ل۔ آواز کا صاف ہو جانا ۔گلے کا کھلجانا۔

آواز لگانا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) پکارنا۔ بلانا۔ (۲) پکار کے بیچنا۔ (۳) گانا۔ الاپنا۔ تان اُڑانا۔

آواز میں پتّی لگ جانا ۔ ا۔ ف ل۔ (گویّے) بُری آواز ہو جانا۔ صاف نہ بول سکنا۔ نقش گل گائے تو پتّی لگ گئی آواز میں

آوازہ بلند ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ مشہور ہونا۔ دھوم مچنا۔ شہرت ہو جانا۔

آوازہ پھینکنا۔ کسنا۔ کرنا۔ یا مارنا۔ چھیڑ چھاڑ کرنا چھیڑنا۔ رموز پھینکنا۔ بولی مارنا۔ طعنہ دینا۔ طعن کرنا۔

آؤ بھگت کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ خاطر تواضع کرنا ۔ مدارات کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔

اُوپر اُوپر ۔ ہ م ف۔ (۱) بیرونی سطح پر۔ الگ الگ۔ (۲) بالا بالا۔ چپکے چپکے۔ پوشیدہ۔ چھپواں۔

اُوپرا اوپر جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ بے اثر رہنا۔ بیکار جانا۔ خالی جانا۔

دیکھو پس غیر سے تم گرمئے صحبت نہ دکھاؤ۔ اوپرا اوپر نہیں جانیکا جلانا

اُوپر اُوپر سے - ہ - ف ل - الگ الگ - الوٹا بغیر آمیزش -

اُوپر تلے کے - ہ - اِسم مذکّر - (۱) وہ دو بچے جو آگے پیچھے پیدا ہوئے ہوں اور اُنکے بیچمیں اور کوئی بچّہ نہیں پیدا ہُوا نہو - بہن بھائی - (۲) (بازاری) فاعل و مفعول -

اُوپر دڑے پکڑنا - **اُوپر دڑوں پکڑنا** - ہ - ف م - (اُوپر ہی اُوپر دوڑنا اور بھید پالینا) (۱) قیاس سے دریافت کرلینا - قرینہ سے کسی بات کو جان لینا - پیش بندی کرنا - (۲) تہمت یا الزام دھر یا لگانا -

اُوپر سے - م ف - (۱) اسکے علاوہ - ماسوا ایک تو چوری کرے اُوپر سے روکے ڈراتا ہے (۲) بالائی (آمدنی) مقررہ تنخواہ کے سوا اوپر کی (دریافت) کہو صاحب! اُوپر سے کیا پڑ رہتا ہے جو

اُوپر کا کام - ہ - اِسم مذکّر - بالائی کام معمولی کام سے زیادہ کام - متفرق اور فالتو کام چھوٹا کام -

اُوپر کے دم بھر رہا ہے یا لے رہا ہے - محاورہ اکھڑے یا لمبے سانس لے رہا ہے - قریب المرگ

اُوپر والا - ہ - اِسم مذکّر (عو) (۱) پرمیشر - خدا (۲) چاند - نیا چاند - (۳) اندر راجہ میگھ راجہ - (۴) نوکر - ہاتھ بچاؤ - (۵) غیر اجنبی - غیر اُلفتہ

اُوپر والے - ہ - اِسم مذکّر - (۱) منتظم - مہتمم - کارکن - (۲) غیر لوگ - الفتے - (۳) تماشائی - سیرانی -

اُوپر والیاں - (عو) (۱) پریاں - بھتنیاں (۲) چیلیں - (۳) ٹہلنیاں - خدمتگاریں نوکریں (۴) تیمارداری عورتیں -

اُوپر ہی اُوپر - ہ - م - ف - الگ ہی الگ - چھپواں - چوری چوری - بالا ہی بالا -

اُوپری پرای - ہ - اسم مؤنث (عو) بھوت چڑیل - آسیب - پریاں -

اُوت - اِسم مذکّر - س **अपुत्र** اپُتر (۱) لاولد - بے اولاد - نامُراد - نس سنتان (۲) دس بارہ برس کا لڑکا یا بڑا آدمی جو کوار امر جاتا ہے - (اسکی روح سے ہندو بوجہ اسکے نامراد جانے کے بہت ڈرتے رہتے ہیں - اور یا لوگ ذرا ذرا سی بیماریوں کا باعث اُوتوں کی ناراضگی قرار دیکے خوب ہاتھ رنگتے ہیں) (۳) مورکھ - بے وقوف - احمق

ہامن کا اُوت

اوت پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ فائدہ ہونا۔ کفایت پڑنا۔ بچت ہونا۔

اوت کسر ماری جانا۔ ہ۔ ف ل۔ فایدہ یا نقصان ہونا۔ ٹوٹا یا لابھ ہونا۔

اسمیں کونسی اوت کسر ماری جاتی ہے؟ یعنی اسمیں کچھ بڑا فائیدہ یا نقصان نہیں ہے۔

اوتار۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) ایشور دیہ دھاری ہوئے۔ وشن سروپ + کلجگ میں نس کلنک اوتار ہوگا۔ (۲) پارسا اور نیک آدمی۔ (۳) بڑھکا بدمعاش۔ جھگڑالو عورت۔ لڑکا۔ (۴) بڑا طاقتور بادشاہ

اوتاری۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (ہ عو) (۱) بیٹا۔ لڑکا + یہ کسکا اوتاری ہے (۲) شریر اور شوخ لڑکا۔ یہ بڑا اوتاری پیدا ہوا

اوت پٹانگ۔ اوٹ پٹانگ۔ ہ۔ م ف۔ (۱) واہی تباہی۔ خرافات۔ بیہودہ۔ واہیات۔ بے معنی۔ پوچ (۲) انگھڑ۔ واہی۔ یاوہ گو۔ فضول۔

اوٹل ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ نظر سے غائب ہو جانا۔ چھپ جانا۔ کھو جانا۔

اوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نیولوں کو روئی سے الگ کرنا + چرخی اوٹے کے پیٹ بھروں ہوں۔ (رگ عو) (۲) لپکنا۔ (۳) کسی چیز کے لینے کے لئے کوئی کپڑا پھیلانا۔ لوگیہوں کے لئے چدر اوٹو

(۴) اپنے ذمہ لینا۔ ذمہ دار ہونا۔ اینچنا۔ تم اوٹ لو میں انسے نہیں مانگنے گا؟

اوج کو پہنچنا۔ ا۔ ف ل۔ مرتبہ حاصل کرنا۔ رسوخ پانا۔ پھولنا پھلنا۔

میاں ہمیں ستا کے کونسے اوج کو پہنچوگے؟ یعنی کچھ فائدہ نہیں ہونیکا۔

اوجھ بھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ بڑی دقت اور مشکل سے گزارہ کرنا۔ پیٹ بھرنا۔

اوجھڑ کی آنا۔ ہ۔ ف م۔ لات مارنا۔ دھکا دینا۔ بے جگہ مار بیٹھنا۔

اوجھڑ لگانا یا مارنا۔ ہ۔ ف م۔ سپر پہ سپر کا کھودا دینا۔ سپر پر سپر مارنا۔

اوچھا۔ ہ۔ صفت (۱) کم گہرا۔ اتھلا۔ اوپری۔ (۲) تھوڑا کم۔ چھوٹا۔ ادنے۔ (۳) تنگ۔ کسا ہوا۔ کشادہ نہیں + اوچھا کپڑا۔ (۴) سکڑا۔ بھچا ہوا۔ (۵) پورا نہیں۔ ادھورا ناقص۔ (۶) ادنے۔ کمین۔ کمینہ۔ کمظرف۔ تنگ حوصلہ۔ تھڑدلا۔ (۷) بے شرم۔ بے حیا۔ بے عزت۔ (۸) بیہودہ۔ نازیبا اوچھت۔ چھوٹی۔ ذلیل + اوچھی بات

اوچھی سمجھ بتانا یا دینا۔ ہ۔ ف م۔ بری صلاح

دینا خراب مشورہ دینا۔

اوچھی کرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (ہندو) ہٹی کرنا۔ کمینوں کے سے کام کرنا۔ اپنی عزت خراب کرنا۔ تم جہاں گئے وہیں اوچھی کری

اوچھل رکھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (ہندو) کچھ فرق رکھکر کسی چیز کی قیمت بیان کرنا۔

اود بلاؤ۔ اوت بلاؤ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) ایک جنگلی جانور۔ (۲) بیوقوف اور احمق آدمی۔

اود بلاؤ کی ڈھیری۔ محاورہ۔ (۱) وہ جھگڑا جو کبھی نہ نپٹے۔ عقدۂ لاینحل۔ (۲) احمق آدمی۔ اوت۔ گدھا۔ بیوقوف۔ (اس محاورہ کی اصل یہ ہے کہ جب کئی اود بلاؤ شرکت میں مچھلیاں پکڑتے ہیں اور پھر حصہ بانٹتے ہیں تو کوئی اُن میں سے اپنے حصہ کو کم سمجھکر پھر ملا دیتا ہے گویا اسطرح جھگڑا ہوتا رہتا ہے۔)

اودھم اٹھانا مچانا۔ جوتنا یا مچانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) خل مچانا۔ گھر کو سر پر اٹھا لینا۔ آفت برپا کرنا۔ (۲) جھگڑا کرنا۔ فساد مچانا۔ تکرار کرنا۔

اور تو اور۔ ہ م ف۔ اسکے سوا۔ اسکے قطع نظر۔ اور جھگڑے کو جانے دو۔ اور تو اور میرا کہنا نہیں مانتا!

اورد۔ ف۔ صفت۔ ضد آمد۔ ساختہ۔ بناوٹی۔ گھڑی ہوئی بات۔

اوردہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو کسی کا نوکر رکھایا ہوا ہو۔ کسی کا سفارشی۔ سفارشی ٹٹو۔ سفارشی گھوڑی۔

اور سے اور ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ کچھ سے کچھ ہو جانا۔ بدل جانا۔ حالت میں تغیر ہو جانا۔

اور کیا!۔ ہ۔ ندا و ندبہ۔ شاباش! آفریں! کیا کہنے ہیں! بہت خوب! (۲) (م ف) درست۔ واقع میں۔ بیشک۔

اور کیا اسی طرح ہے

اور مارکرنا۔ ہ۔ ف م۔ (عوام)۔ خوب مارنا۔ پلیتھن نکالدینا۔ رائینا کردینا۔ بھرکس نکالدینا۔

اور نگ زیبی بات۔ ا۔ صفت (کالیستہ عو) اکڑ تکڑ کی بات۔ پیچیدہ بات۔ ایسی بات جسکا بھید معلوم نہو۔

اوڑا پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (عو) کمی ہونا۔ نایاب ہونا۔ قحط پڑنا۔ مٹنا۔

اوڑ اٹھنا۔ اوڑ کرنا۔ ہ۔ ف م۔ طرفداری کرنا۔ رُخ برتنا۔ پاسداری کرنا۔ حمایت کرنا۔

اوڑ نبھانا۔ ہ۔ ف م۔ انجام تک پہنچا دینا

حد کی پاسداری کرنا - بات کا پکّا رہنا۔

اوڑھنا اُتارنا - ہ - ف م (۱) عورت کی بے عزّتی کرنا - حرمت لینا - (۲) غیر عورت کے ساتھ فعل ناجایز کرنا۔

اوڑھنا اُڑھانا - ہ - ف م - (دیہات میں) - رانڈ یا بیوہ کے ساتھ شادی کرنا چوڑیاں پہنانا۔ (یہ رسم جاٹ* گوجروں میں برابر جاری ہے)

اوڑھنا گلے میں ڈالنا - ہ - ف م - (ہ عو) اپنی بے عزّتی کرکے دوسرے کی بے عزّتی کے درپے ہوجانا - سر ہونا - پلّہ پکڑنا۔ نپوتے کے گلے میں اوڑھنا ڈال دونگی - جو مجھسے بہت اُلجھیگی تو۔

اوڑھنا یا اوڑھنی بدلنا - ہ - ف م - (عو) پریت جوڑنا - بہنیلا کرنا - بہنا یا جوڑنا - (جس طرح مرد آپس میں ٹوپی بدلتے ہیں اور ٹوپی بدل یار کہلاتے ہیں اسی طرح عورتیں آپس میں اوڑھنا بدلکر بہنیلا جوڑتی ہیں)

اوسان اُڑنا خطا ہونا یا جاتے رہنا - ا - ف ل - حواس باختہ ہوجانا - گھبرا جانا - پریشان ہوجانا۔

اوس پڑجانا - ہ - ف ل - (لغوی) شبنم پڑنا (۱) کملانا - پژمردہ ہونا - ٹھٹھرنا - (۲) شرمندہ ہونا - خجل ہونا - لاجوں مرنا (۳) (عو) قیمت گھٹنا - دام کم ہوجانا - بھاؤ اُتر جانا - بازار مندا ہوجانا (۴) اُداسی برسنا - بے رونق ہوجانا۔

اوس سی پڑگئی - محاورہ - اُداسی سی برسنے لگی - بے رونقی سی چھاگئی۔

اوس کے موتی - ہ - صفت - فانی - مٹنے والا زائل - بےسنسار اوس کے موتی بلکہ جات ایک پچھن میں - (کبیر)

اوکھلی میں سر دیکے رونا - ہ - ف ل - چھپ کر رونا - (یہ محاورہ واقعات کے روسے محض غلط معلوم ہوتا ہے کیونکہ اوکھلی میں منہ چھپ نہیں سکتا - اصل میں یہ کوٹھی میں سر دیکے رونا کی خرابی ہے اور مثل میں بھی "چور کی ماں کوٹھی میں سر دیکے رووے" بولتے ہیں اسکے قطع نظر کوٹھی ایک ایسا کچا مٹی کا مستطیل اُٹھاؤ مکان سا ہے جسمیں دیہاتی ناج بھرتے ہیں اور سر ڈال کر اُسمیں سے ناج نکالتے ہیں)

اوکھلی میں سر دینا - ہ - ف ل - دیدہ و دانستہ خطرہ میں پڑنا - جان بوجھ کر جوکھوں میں پڑنا - اوکھلی میں سر دیا تو موسلوں سے کیا ڈرنا مثل

اُوکے چوکے - ہ - م ف - بھولے سے - بھولے بسرے - کبھی کبھی - گاہے گاہے

اُوکے چوکے تو آیا کرو

(*) ہندوستان کی اعلیٰ قوموں کی نسبت ان قوموں میں زیادہ ہمدردی اور ترس پایا جاتا ہے کیونکہ وہ قدرتی جوش کو سنسکار کا نام سمجھتی ہیں) سنسکار الوپ ہوجانا - مٹ جانا۔

اوگ یا اوک بہنا - ہ - ف ل - (ہ عو) اتنا میلا رہنا - کہ میل کے پسینے بہنے لگیں - گندہ رہنا - خلیظ رہنا -

اولا کرنا - اولا پردہ کرنا - ہ - ف ل (ہ عو) گھونگٹ کاڑھنا - پردہ کرنا چھپنا -

دیوروں سے کون کون اولا پردہ کرتے ہے

اولا ہونا - ہ - ف ل نہایت ٹھنڈا ہونا - برف سا ہونا - بہت سرد ہونا -

اولتیوں بھنگ چونا - ہ - ف ل - ایک گروہ کے گروہ کو نشہ ہو جانا - خوب نشہ ہو جانا - کنوئیں میں بھنگ پڑ جانا -

اول جلول - ہ - صفت - (۱) بیہودہ ہ - لغو - مہمل - (۲) مورکھ - بیوقوف - (۳) اناڑی - اٹکھڑ - پھوڑ - بدسلیقہ - اجڈ - اناڑی -

اوّل دن سے - ا - م ف - روز پیدائش سے - آدے سے - شروع سے -

اول فول - (ہ عو) الّ پھل - (۱) اسم مونث گالیاں - بیہودہ باتیں - خرافات -

اوّل منزل پہنچانا - ا - ف م - قبر میں رکھنا - دفنانا - گاڑنا - جلانا - پھونکنا - کفن کاٹھی کرنا -

اول میں دینا - ہ - ف م - آڑ یا ضمانت میں کسی آدمی کو دینا -

اولو لگنا آنا یا معلوم ہونا - اولو اولو لگنا - ہ - ف ل - کسی جگہ یا مکان کا نیا نیا یا اوپری اوپری معلوم ہونا - نئی جگہ میں جی نہ لگنا -

آولی آنا - ہ - ف ل - پتا یا مصیبت آنا - بلا آنا -

آولی ٹلنا - ہ - ف ل - مصیبت یا بلا کا بغیر صدمہ پہنچائے گزر جانا -

اونچا سُنا یا سُنائی دینا - ہ - ف ل - کم سُننا تھوڑا بہرا ہونا -

اے فلک تجھکو جو اونچا نہ سنائی دیتا نالۂ میرا نہ کبھی اتنا دُہائی دیتا (ذوق)

اونچا گھر یا گھرانہ - ہ - صفت - بڑا خاندان - اچھا گھرانہ - امیر گھر -

اونچا ہاتھ رہنا - ہ - ف ل - سبقت رکھنا بڑھکر ہونا - اعلیٰ ہونا -

تمہارا سدا اونچا ہاتھ رہتا ہے ہم منگتا ہی جو کہیے (یعنی کہلاتے ہیں) ہماری تمہاری کیا برابری !

اونچ نیچ - ہ - اسم مونث - نشیب و فراز - برائی بھلائی - ٹوٹا نفع - نفع نقصان - سرد و گرم - اتار چڑھاؤ - زمانہ کی دقتیں

اونچی دوکان - ا - صفت - نامی اور مشہور دوکان - نامی آدمی -

اُونچی دوکان اور پھیکا پکوان مثل

اُونچی ناک کرنا - ہ - ف م - (۱) آبرو یا عزت بخشنا - سر سے بیٹھا کر دینا - (۲) فخر کرنا - تکبّر کرنا - گھمنڈ کرنا -

اُونچی ناک ہونا - ہ - ف ل - اپنے اور بیگانے میں عزت بڑھنا - ہمسروں میں عزت پانا -

اُوندھا ہو جانا - ہ - ف ل - نشہ میں بیہوش ہو جانا - اَنٹا چت ہو جانا -

ایک ہی پیالہ میں ہو گیا اوندھا

اُوندھی پیشانی یا کھوپڑی - ا - اسم مونث (۱) نر بھاگی - بدنصیب - بدقسمت - (۲) کوڑھ مغز - اُلٹی سمجھ کا آدمی - بیوقوف - اُلٹی کھوپڑی -

اُوندھے مُنہ دُودھ پیتے ہو؟ } محاورہ -
اُوندھے مُنہ دُودھ پیتے ہیں؟ } (طنزاً)

کیا طفلِ شیر خوار ہیں - ؟ - ایسے ہی بچّے ہو! اَن سمجھ ہونا! ایسے ہی نادان ہو! -

اُوندھے مُنہ گرنا - ہ - ف ل - کسی بات کا دعویٰ کرنا اور اُسکے پُورا نکرنے کی وجہ سے لوگوں کی نظروں میں حقیر ہونا - اُلٹا ذلیل ہونا - مات کھانا - زک اُٹھانا - پچھڑنا -

اُونے پونے بیچ ڈالنا - ہ - ف م - کمتی بڑھتی چیز کو بیچ ڈالنا - تھوڑے نفع یا نقصان پر کسی چیز کو فروخت کر ڈالنا -

اہانی موالی - ع - اسم مذکر - نوکر چاکر عملہ و فعلہ - ملازم - ارکان دولت -

آہ بھر کے یا کر کے رہ گیا - محاورہ - صدمہ پر صبر کر کے چپ ہو رہا - کلیجہ تھام کے رہ گیا - دل مسوس کر رہ گیا -

آہ بھرنا کرنا یا مارنا - ہ - ف ل - بددُعا دینا - کوسنا - بُرا چاہنا -

آہ پڑنا - ہ - ف ل - کسیکی بددُعا کا اثر ہونا - صبر پڑنا - ظُلم کا عِوض مِلنا - مار پڑنا -

اہلُ اللہ - ع - اِسم مذکّر - بزرگ - خدا رسیدہ پہنچے ہوئے -

اہلِ بیت - ع - اِسم مذکّر - گھر کے لوگ کنبے والے - محمّد صاحب کے کنبے والے -

اہلِ حرفہ - ع - اِسم مذکّر - پیشہ ور - اہل پیشہ کاریگر -

اہلِ خانہ - ع ف - اِسم مذکّر - (۱) گھر کا مالک - صاحب خانہ - سرپرست - خاوند مالک - دھنی - (۲) جورو بچّے - گھر کے لوگ - بال بچّے قبیلہ -

اہلِ دَوَل - ع - اسم مذکّر - دھنوان -

دولتمند۔ مالدار۔

اہلِ روزگار۔ ع ف۔ اسم مذکر۔ وہ لوگ جنکا پیشہ نوکری ہو۔ نوکری پیشہ۔

اہلِ زباں۔ ع ف۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو اپنے ماباپ کی بولی جانتا اور بولتا ہو۔ مادری زبان جاننے والا۔ ماہر زباں۔ زباں داں۔

اہلِ سخن۔ ع ف۔ اسم مذکر۔ صاحب کلام۔ شاعر۔ صاحب دیوان۔

اہلِ سنّت۔ ع۔ اسم مذکر۔ پیغمبر کے چاروں یار و خلفا و رؤسائے صحابہ کا ماننے والا۔ قرآن حدیث۔ اور اجماع کا پیرو۔ سُنّی۔ اسلام کا سب سے پہلا اور سب سے بڑا فرقہ۔

اہلِ سیف۔ ع۔ اسم مذکر۔ صاحب تلوار وہ لوگ جنکا پیشہ سپاہگری ہو۔

اہلِ صنعت ع۔ اسم مذکر۔ باریک کام بنانے والے۔ دستکار کاریگر۔

اہلِ غرض۔ ع۔ اسم مذکر۔ گوں کا یار۔ مطلب کا یار۔ غرضمند۔

اہلِ قلم۔ ع۔ اسم مذکر۔ وہ لوگ جنکا پیشہ لکھنا پڑھنا ہو۔ خواندہ۔ منشی۔ مولوی۔ پنڈت وغیرہ۔

اہلِ کتاب۔ ع۔ اسم مذکر۔ وہ لوگ جنکے پیغمبروں یا اوتاروں پر آسمانی کتاب اُتری ہو۔ آسمانی کتاب کے پیروکار۔

آہ لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسیکی بددُعا کا اثر ہوجانا۔ صبر پڑنا۔ ظلم کا عوض بھگتنا۔

اہلِ نظر۔ ع۔ اسم مذکر (۱) وہ شخص جسکی نظر گہری ہو۔ بڑا پرکھنے والا۔ پرکھیا۔ تجربہ کار۔ باریک بیں۔ (۲) صاحب کرامت۔ کامل۔ (۳) عاشق مزاج۔ عاشق لوگ۔

اہل وعیال۔ ع۔ اسم مذکر۔ جورو بچے لڑکے بالے۔ کُنبہ۔ کُٹم قبیلہ۔

اہلِ ہنر۔ ع ف۔ اسم مذکر۔ کمال رکھنے والا۔ صاحب ہنر۔ ہنرمند۔

اہلیت۔ ع۔ اسم مونث (۱) بھلمنسات۔ اشرافت۔ انسانیت (۲) قابلیت۔ لیاقت۔

اہلے گہلے پھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ ایک مجمع کا خوش خوش اور ناز کرتے ہوئے چاروں طرف بے فکری کے ساتھ پھرنا۔ اِتراتے پھرنا۔ جسکے ہاتھوں سے نہ یہ بیر بھی دو کوڑی کے چاندنی چوک میں پھرتے ہیں وہ اہلے گہلے (آزاد)

آہ لینا۔ ہ۔ ف ل۔ کو سنے کھانا۔ کسیکی بددعا لینا

سراپ لینا۔

آہ نکرے ۔ف۔ ایسا کٹھور ہے کہ کسی کی تکلیف پر منہ سے آہ بھی نہ نکالے۔

آئی ۔ ہ۔ اسم مؤنث موت۔ کال۔ مرتو۔

بیچ ۔ کاش آجائے کسی کی کہیں آئی مجکو!

آیا گیا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ مسافر۔ بٹیؤ۔ وارد صادر ہونا۔ مہماں۔ (پوربی) گونتر ہا۔

گیہون کے میں بڑا سلطان (گیت بیسو)
میرا ہو پوری پکوان ؛
آئے گئے کا راکھوں مان ؛
تم سب لویہ جی سے مان

آیا گیا ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ضبط ہونا۔ (۲) برابر ہو جانا۔ باقی نہ رہنا۔ تصفیہ ہونا

آیام سے ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ کپڑے آنا۔ کپڑوں سے ہونا۔ میلے سر سے ہونا حیض سے ہونا۔ معمول سے ہونا۔ نہاتی ہونا سر سے نہانا۔

آئے تو جائے کہاں ۔ محاورہ جب غصہ آجاتا ہے تو بغیر اُسکے اظہار کئے اور خفا ہوئے نہیں رہ سکتا۔

ایچ پیچ نہ جاننا ۔ ہ۔ ف ل۔ مکر و فریب نہ جاننا۔ سات پانچ نہ جاننا۔ بھولا بھالا ہونا۔ سادہ ہونا۔

آئے دن ۔ ہ۔ م ف۔ ہر روز۔ نت۔ ہمیشہ۔ اکثر۔ آئے دن بیمار رہتا ہے!

ایرے غیرے ۔ ا۔ اسم مذکر۔ اجنبی۔ غیر۔ نا آشنا۔ الفتے۔ بیگانے۔

ایڑ کرنا ۔ ہ۔ (۱)۔ ف م۔ گھوڑے کو ایڑ لگانا۔ تیز کرنا۔ مہمیز لگانا۔ (۲) ۔ ف ل۔ چلدینا۔ چل بسنا۔ رخصت ہونا۔ کوچ کرنا۔

عمر رواں کا توسن چالاک اسلئے
تجھکو دیا کہ جلد کرے یاں سے ایڑ تو (ذوق)

ایڑ کرو ۔ ہ۔ ندا و ندبہ۔ (بازاری) ٹہلو! ہوا کھاؤ! چلتے پھرتے نظر آؤ! چمپت ہو!

ایڑ لگانا یا مارنا ۔ ہ۔ ف م۔ اکسانا۔ ترغیب دینا۔ اُبھارنا + دیکھو ایڑ کرنا

ایڑیاں رگڑنا یا گھسنا ۔ ف ل۔ (۱) جانے کو جی نہ چاہنا۔ مچلنا۔ ہٹ کرنا۔ ضد کرنا۔ (۲) جاں کنی کی حالت میں ہونا۔ پاؤں پٹنا۔ (۳) سخت مصیبت میں ہونا۔ نہایت تکلیف میں گرفتار ہونا۔

سنجی کریم پڑے ایڑیاں رگڑتے ہیں
بخیل موتیوں کو موسلوں سے چھڑتے ہیں (نظیر)

ایڑی چوٹی پر واروں قربان کروں یا نثار کروں] محاورہ۔ (م عو)

تجھکو یا اِس چیز کو اپنی ایڑی چوٹی پر سے اُتار کر صدقہ کروں - تجھکو اُتارے میں دھروں

نوج ایسے کا اعتبار کروں

ایڑی چوٹی پہ میں نثار کروں

ایڑی سے چوٹی تک - ہ - م ف - اوّل سے آخر تک - از ابتدا تا انتہا - سر سے پاؤں تک - بالکل - تمام - سارا - ایڑی سے چوٹی تک نزاکت میں بھری ہوئی تھی - (فقرۂ داستان)

ایسا تیسا - ہ - اِسم مذکّر - کلمہ حقارت - ایسا ویسا - سفلہ - کمینہ - ذلیل گھٹیل -

یہ تو جلدی سے کہیں یارب! اِسے
ایسا تیسا ہو جو بیاہ اب پھر کرے (سودا)

ایسا نہو - ہ - مذاہنہ - خدانخواستہ - خدا نکرے - مبادا -

ایسا ویسا - ایسی ویسی - ایسے ویسے - ہ - صفت - (۱) اوسط درجہ کا - خاصہ - بُرا باؤلا - بُرا بھلا - (۲) ادنیٰ - گھٹیل - چھوٹے باپ کا -

انکا کلام کوئی ایسا ویسا تھوڑا ہی ہے

(۳) بُرا - بیہودہ ہ - لغو - خراب - ناشائستہ - غلط - ایسی ویسی بات نہیں کہنی چاہئے -

ایسی تیسی کرنا - ف م - کلمہ حقارت - بے عزّتی کرنا - انادر کرنا - یُوں توں کرنا ہ

آہ رے دل یہ تو نے کیسی کی - ہت ترے دل کی ایسی تیسی کی! (مسکیں)

ایسی تیسی میں جائے یا جاؤ - محاورہ - ہماری طرف سے کہیں خراب پھرو اور کچھ ہی کرو ہمیں کچھ سروکار نہیں - بھٹی یا بھاڑ میں جاؤ - دوزخ میں جاؤ

بارہ گاؤں کا چودھری اور اسّی گاؤں کا راؤ
اپنے کام نہ آئے تو اپنی ایسی تیسی میں جاؤ مثل

ایسے میں - ہ - م ف - (۱) اب - اسوقت (۲) اتنے میں - اس عرصہ میں -

ایسی ویسی ہونا - (۱) مصیبت آنا - عذر ہونا - (۲) - عو - مرجانا - یوں توں ہونا -

ایسے ہی ہے - ہ - م ف - یُوں ہی ہے اسیطرح پر ہے -

ابکا ایکی - ہ - ف م - یکایک - دفعتہً - اچانک

ایکانت میں رہنا - ہ - ف ل - تن تنہا رہنا - گوشہ تجرّد اختیار کرنا - ایک کونے میں رہنا -

ایک آنکھ سب کو دیکھنا - ہ - ف م - سب کو ایک نگاہ دیکھنا - سب سے ایک ہی طرح پیش آنا - سب کو برابر سمجھنا -

ایک آنکھ نہیں بھاتا - محاورہ - اِتنا بھی گوارا نہیں کہ اُسکو ایک آنکھ تو دیکھ لیں

بالکل پسند نہیں۔ ذرا نہیں بھاتا۔

ایک ایک کرکے ۔ ہ۔ م ف۔ ایک ایک کو۔ وار وار سر۔ چُن چُن کر۔ چھانٹ چھانٹ کر۔

ایک ایک کے دو دو کرنا۔ ہ۔ فم۔ تضیع اوقات کرنا۔ بیفائدہ وقت کھونا۔ کام بڑھاتا۔

ایک اینٹ کے لئے مسجد ڈھانا۔ ہ۔ ف م۔ بہت کم فائدہ کے لئے بڑا نقصان کرنا۔

ایک بات۔ ہ۔ م ف۔ (۱) ادنیٰ۔ آسان۔ سہل۔ آجکل ریل کے سبب کلکتہ کا سفر ایک بات ہے۔ (۲) یکساں۔ برابر۔ یہ اور وہ ایک بات ہے

ایک بات۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) معاملۂ واحد۔ ہماری تمہاری ایک بات ہے (۲) ٹھیک ٹھیک قیمت۔ جچے دام۔ ایک بات کہو۔ (۳) مضبوط و پختہ بات۔

ایک بارگی۔ ا۔ م ف۔ دفعتہً۔ اچانک۔ یکایک۔

ایک بغل ہو جاؤ۔ محاورہ۔ کنارے ہو جاؤ۔ ایک طرف ہو جاؤ۔ ہٹ جاؤ۔

ایک پر ایک گرنا۔ ہ۔ ف ل۔ کثرت سے خریداری ہونا۔ کسی چیز کا ہاتھوں ہاتھ یا جلد بک جانا۔

ایک پل میں۔ ہ۔ م ف۔ طرفۃ العین میں۔ دم کے دم میں۔ ذرا سی دیر میں۔

ایک پیٹ کے۔ ہ۔ صفت حقیقی (بھائی بہن)۔ سگے۔ ایک ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے ہوئے۔ سہودر۔

ایک تو۔ ہ۔ م ف۔ پہلے تو۔ اول تو۔

ایک تول۔ ہ۔ صفت۔ برابر۔ یکساں

ایک ٹانگ۔ ہ۔ اسم مونث (دلال)۔ چار آنہ۔ روپیہ کا چوتھا حصہ۔ کسی رقم کا چوتھا حصہ۔

ایک ٹانگ پھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ ہر وقت آنے جانے کے کام میں لگا رہنا۔ برابر پھرے جانا۔ دم لینے تک کی فرصت نہ ہونا۔

ایک ٹانگ کھڑا رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ ہر وقت حکم بجا لانے کو مستعد رہنا۔

ایک جا کرنا۔ ہ۔ فم۔ کھٹا کرنا۔ جمع کرنا۔

ایک جان ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ بخوبی امیزش ہو جانا۔ کئی جزؤں کا ملکر ایک ہو جانا۔ ایک جگر ہونا۔ خوب مل جانا۔

ایک دم۔ ہ۔ م ف۔ (۱) ایک سانس۔ برابر۔ ایک دم بھاگا چلا گیا۔

(۲) فوراً۔ اُسیوقت۔ معاً۔
ایک دم ہزار روپے نکالکر دیدئے

ایک دوال روپیہ ۔ (دلّال) ایکہزار روپے

ایک ذات کا ۔ ۱۔ صفت۔ (۱) ایک قسم کا (۲) افراط سے۔ بہت۔ بکثرت۔

ایک رنگ۔ صفت (۱) ہمرنگ۔ ہم صحبت۔ ہم مشرب۔ (۲) خالص۔ صادق۔ کھرا۔ سچّا۔ یکساں۔ برابر۔
اوناج کا بھاؤ سب جگہ ایک رنگ ہے

ایک رنگ آنا۔ ایک رنگ جانا ۔ ۵۔ ف ل۔ خوف یا دہشت یا صدمہ کے باعث چہرہ کا رنگ متغیر ہونا۔ مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا۔ (۲) مرنے کی نوبت ہونا۔
دل جو صدمہ بڑا اُٹھاتا تھا
ایک رنگ آتا ایک جاتا تھا (ذوق)

ایک سرے سے سبکو ہلا دینا۔ ۵۔ م۔ دق کر مارنا۔ حیران کر دینا۔ پریشان کر ڈالنا۔ جواب نہ آنے دینا۔

ایک سے دِن نرہنا۔ ۵۔ ف ل۔ زمانہ کا ایک حال پر نرہنا۔ سدا کسی کی ایک حالت نرہنا۔

ایک طرح کا۔ ۱۔ صفت۔ (۱) ایک قسم کا۔ ایک جنس کا۔

ایک طرف کا بازار بند ہے۔ محاورہ
ایک لنگر یا پٹّی بند ہے۔ کانڑا ہے +
(مذاقاً یہ فقرہ آپس میں کانڑے آدمی کے چھیڑنے کے لئے بولتے ہیں۔ یعنی اُسکی ایک آنکھ بند ہے)

ایک عُمر۔ ۵۔ م ف۔ (۱) ساری عمر (۲) ایک مدّت۔ جُگ۔ قرن۔ بہت زمانہ

ایک قلم۔ ۱۔ م ف۔ یک لخت۔ بالکل برابر
ایک قلم پانسو آدمیوں کے نام کاٹ دیئے۔

آئی کرنا۔ ۵۔ م ف۔ (۱) مان لینا قبول کرنا۔ منظور کرنا۔ (۲) اپنے اوپر آپ مصیبت لانا۔

آئے کرنا۔ ۵۔ ف م۔ اوٹنا۔ اپنے ذمہ لینا۔ اینچنا۔ اِنکے روپے میں آئے کرتا ہوں۔

ایک کے پیچھے ایک۔ ۵۔ م ف۔ متواتر لگاتار۔ مُسلسل۔

ایک کی دس سُنانا۔ ۵۔ ف م۔ ایک بات کے عوض میں دس باتیں کہنا۔ ایک گالی کے بدلے دس گالیاں دینا۔ بڑا زبان دراز ہونا۔ کلہ دراز ہونا

ایک ماں باپ کے ہو جاؤ۔ محاورہ۔ بھائی بہنوں کا سا اتفاق کرلو۔ ایسے میں لڑو جھگڑو نہیں۔ خاموش ہو جاؤ۔ چُپ ہو جاؤ۔ (بھانڈوں کی اصطلاح)

ایک مشت ۔ ا۔ م ف ۔ ایک مٹھی ۔ اکٹھے ایک دفعہ ہی ۔

ایک مُنہ یا ایک زبان ۔ مُتفق الکلمۃ ہم زبان ۔ متفق اللفظ ۔ سب ملکر ۔ ایک مُنہ ہوکر ۔

ایک نٹ کھٹ ۔ ہ ۔ صفت ۔ بڑا ہٹی بڑا شریر ۔ بڑا شوخ ۔ بڑا ڈھیٹ ۔ میں سمجھتی ہوں جو ارادہ ہے ایک نٹ کھٹ حرامزادہ ہے (شوق)

ایک نظر ۔ ا م ف ۔ تھوڑی دیر کے لیئے ٹھک ۔ ایک نگاہ ۔ ذرا کی ذرا ۔

ایک نہ ایک ۔ ہ ۔ م ف ۔ کوئی نہ کوئی ۔

ایک ہو جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) مِل جانا ۔ اتفاق کر لینا ۔ (۲) سازش کر لینا ۔ گٹھ جانا ۔ سٹ جانا ۔ (۳) ایک جگہ یا جان ہو جانا ۔ خوب آمیز ہو جانا ۔

ایک سے ۔ ہ م ف ۔ (۱ عوام) (۱) مُل ۔ لیکن ۔ مگر ۔ پر ۔ تُم جاؤ گے تو سہی ایک ہے اُن سے مت ملنا (۲) ۔ صفت ۔ پختہ ۔ کامل ۔ بے نظیر ۔ اُستاد + اپنے کام کا ایک ہے ۔

ایمان بیچنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ بے ایمانی کرنا ۔ ہٹ دھرمی کرنا ۔ جھوٹی قسم کھانا ۔

ایمان ٹھکانے نہ ہونا / **یا نہ رہنا** ۔ ا ۔ ف ل ۔ ایمان یا دھرم پر قایم نہ رہنا ۔ نیت درست نہ رہنا ۔ بے ایمان ہو جانا

ایمان کا ۔ **ایمان کا آدمی ہوں** ۔ وصفت ۔ ایماندار ۔ دھرم والا ۔ سچّا ۔ نیک نیت ۔

ایمان کانپتا ہے ۔ محاورہ ۔ خُدا کا خوف آتا ہے ۔ رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں

ایمان کی کہنا ۔ / **ایمان سے کہنا** ۔ ا ۔ ف ل ۔ سچّی بات کہنا دھرم سے بیان کرنا ۔ خدا لگتی کہنا ۔ سچ سچ کہنا ۔

ایمان لانا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) مذہب اختیار کرنا ۔ اسلام قبول کرنا ۔ (۲) ماننا ۔ اعتقاد لانا ۔ (۳) بھروسہ کرنا ۔ اعتبار کرنا ۔

ایمان میں فرق آنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) بے ایمان ہونا ۔ بد اعتقاد ہونا ۔ پھرنا (۲) بدنیت ہونا ۔ بد دیانتی کرنا ۔ بے ایمانی کرنا ۔ خیانت کرنا ۔

آئیں بائیں یا آئیں بائیں شائیں کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) بیہودہ باتیں کرنا ۔ زٹل ہانکنا ۔ (۲) ٹالنا ۔ حیلہ و حوالہ کرنا ۔ بہانہ کرنا ۔

اینٹ سے اینٹ بجانا ۔ ہ ۔ ف م کسی مکان کو

بالکل گرادینا۔ مسمار کردینا۔ ویران کردینا۔ گدھے کے ہل چلوادینا۔

نادر شاہ جہاں گیا اینٹ سے اینٹ بجادی

اینٹ سے اینٹ بج جانا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی مکان کا نیو تک سے اکھڑ کر پھک جانا۔ مسمار ہوجانا۔ برباد ہوجانا۔

اینٹ کا گھر مٹی کردیا۔ محاورہ۔ لاکھوں روپے کی دولت خاک میں ملادی۔ سارا روپیہ برباد کردیا۔ حیثیت بگاڑ دی۔ کنگال ہوگیا۔ گھر تباہ کردیا۔

اینٹ کا گھر مٹی ہوگیا۔ محاورہ۔ بنا بنایا گھر خراب ہوگیا۔ گھر برباد ہوگیا۔ دولت جاتی رہی۔

اینٹھ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) اکڑ جانا۔ سخت ہوجانا۔ (۲) (جی) میں خفا ہوجانا۔ ناراض ہوجانا۔ بگڑ جانا۔

اینٹھ رکھنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بل رکھنا۔ کینہ رکھنا۔ (۲) کسی شے کو دبالینا۔ مارلینا۔ دبا رکھنا۔ مانگے کو لیجا کر نہ دینا۔ ہتیا لینا (۳) بدمعاشی کرنا۔ اُٹھائی گیرا پن کرنا۔ چوٹا پن کرنا۔

اینٹھ کر چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ اکڑ کر یا غرور کے ساتھ قدم رکھنا۔ اِترانا۔ گھمنڈ کرنا۔

اینٹھ لینا۔ ہ۔ ف م۔ دبالینا۔ مذینا۔ دیکھو اینٹھ رکھنا نمبر ۲۔

اینٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بل دینا۔ پیچ دینا کاتنا + تاگے اینٹھ لیے نا بیٹھی کیا کر رہی ہے؟ (ساس بہو سے کہتی ہے)۔

(۲) (اینٹھنا) گوشمالی کرنا۔ سزا دینا۔ مڑوڑنا۔ میاں! ذرا اسکے کان اینٹھ دینا!

(۳) کسنا۔ مڑوڑنا۔ تنگ کرنا۔ کھینچنا

(۴) چھینٹا۔ دبانا۔ ہتیانا۔ (۵) مارنا۔ غصب کرنا۔ تغلب کرنا۔

اینٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) اکڑنا۔ سخت ہونا۔ ٹھٹھرنا۔ سُکڑنا۔ جکڑنا۔ (۲) زور دکھانا۔ بل کرنا۔ اکڑنا۔ بل لانا۔ مجھسے ہی ذرا! نہ اینٹھنا نہیں تو چچاجی کو یہیں ٹھیک بنا دونگا!

(۳) خفا ہونا۔ رُوٹھنا۔ رُونسنا۔

اینٹھے خاں۔ اینٹھے سنگھ۔ اینٹھ باز۔ اینٹھو۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ہر وقت اینٹھنے یا اکڑنے والا آدمی۔ اکڑ باز۔ اکڑ پھوں۔

اینچاتانا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کا بھینگا۔ احول۔ سَو پہ پھلاہزار پہ کانا سوا لاکھ پر اینچا تانا (مثل)

اینچ تان کے ۔ ہ ۔ م ف ۔ بہزار دقت بمشکل تمام ۔ زبردستی ۔

اینچا تانی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) کشمکش گھسیٹا گھسائی ۔ لڑائی جھگڑا ۔ (۲) دقت ۔ مصیبت ۔

اینچ دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) جلدی سے لکھ دینا ۔ گھسیٹ دینا ۔ لکھ مارنا ۔ (۲) پھانسی دینا ۔

مشکلف نے عذر میں ہزاروں کو اینچ دیا ۔

اینچ کرنا ۔ ہ ۔ ف ل (۱) نکالنا کھینچنا ۔ باہر لانا ۔ یہ مرہم بڑی اینچ کرتا ہے (یعنی مواد کو خوب نکالتا ہے) (۲) کمی کرنا ۔ کشش کرنا ۔ مینہ نے بڑی اینچ کی ۔ (۳) بے التفاتی کرنا ۔ کم توجہی کرنا ۔

اینچ لینا ۔ ہ ۔ ف م (۱) میان سے تلوار باہر کرنا ۔ نکالنا ۔ (۲) چوس لینا ۔ نکال لینا ۔ کھینچ لینا ۔ (۳) بہت سا روپیہ کمانا ۔ خوب ہاتھ مارنا ۔ حکمت عملی کے ساتھ روپیہ حاصل کرنا ۔

انگریزوں نے ہندوستان کا سارا روپیہ اینچ لیا

(۴) دم لگانا ۔ پینا ۔

ذرا ٹھیرو دو دم اینچ لوں تو چلوں

(۵) ضامن ہونا ۔ کفیل ہونا ۔ ذمہ دار ہونا اوٹ لینا ۔

اینچ منوتی ۔ ہ ۔ اسم مونث ۔ ضمانت ۔ آڑ اوٹا آئی ۔ ذمہ وری ۔

میں اس اینچ منوتی کو نہیں جانتا ۔ روپیہ لاؤ!

آئندہ روندہ ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ آنے جانے والا ۔ وارد صادر ۔ مسافر ہیٹو

ایندھن ہو جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) جلانے جوگا ہونا ۔ جلانے کے قابل ہونا ۔ نکمی ہو جانا ۔ بیکار ہو جانا ۔ (۲) بازاری تھک جانا ۔ بہت بڈھا ہو جانا ۔ بڈھا پھوس ہو جانا ۔ ساری کڑیاں ایندھن ہو گئیں ! ابتو وہ بھی ایندھن ہو گئے !

ایںڈا ایںڈا پھرنا ۔ ایںڈا ایںڈا ڈولنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ اترانے پھرنا ۔ ناز کرتے پھرنا ۔ مست پھرنا ۔

ایںڈانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ سرسری طور پر کسی چیز کا دھڑا کرنا یا اٹھانا ۔ ٹھیک نہ جانچنا ۔

ارے ابتو ایںڈائے جانچ پھر لیجو ۔

(آڑتی اپنے تولا سے کہتا ہے)

ایںڈ کر دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ خراب کر دینا ۔ نکما کر دینا ۔ کام کا نہ رکھنا ۔ بیکار کر دینا ۔

ایںڈنا پڑا ایںڈنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) ادھر سے اُدھر کروٹیں لینا ۔ پڑا رہنا ۔

(۲) سستی کرنا۔ کاہلی کرتا۔ کچھ نکرنا۔

اینڈ ہونا ۔ ف ل ۔ (۱) بیکار ہوجانا۔ نکما ہوجانا۔ (۲) ٹوٹ جانا۔ بگڑ جانا (۳) پھنس جانا۔ اٹک جانا۔

میاں! ابتو رقم اینڈ ہوگئی آگے کی آگے دیکھی جائے گی۔

اینڈی بینڈی چال ۔ اِسم مؤنث۔ ستانہ چال۔ اٹکھیلی چال۔ خرام۔

اینڈی بینڈی سُنانا ۔ ف م۔ گالیاں دینا۔ اوندھی ترچھی سنانا۔ صلواتیں سُنانا

اِئینہ رو ۔ ف۔ اِسم مذکر۔ آئینہ سے مُنہ والا۔ ماہرو۔ پریچہرہ۔ معشوق۔

آئینہ دِکھانا ۔ ا۔ ف م (۱) سیشہ یا درپن دیکھنے کے لئے ہاتھ میں دینا۔ آئینہ داری کرنا۔ نائی بننا۔ (۲) مذاقاً بازاری۔ آئینہ کے بجائے کسی کو جوتا دکھانا۔ (۳) حقیقت ظاہر کرنا۔ قابلیت جتانا۔

نہ آنے کی جب میں سُنانے لگا
وہ آئینہ مجکو دکھانے لگا ؎ (جرات)

آئینہ کر دکھانا۔
آئینہ کر دینا۔
ا۔ ف م۔ کوئی امر پوشیدہ نہ رکھنا۔ کسی کام کو صاف کر دکھانا۔ خوب ظاہر کر دینا۔

آئینہ لیکے مُنہ تو دیکھو۔ محاورہ۔ جب کوئی شخص ایسی چیز مانگتا ہے جسکے وہ قابل نہین تو طنزاً اُس سے یہ فقرہ کہا کرتے ہیں یعنی (تیرے مُنہ کے جوہر دم رو برو آئینہ کو کہتا ہے (نظیر) ذرا آئینہ لیکے مُنہ تو دیکھے آفتاب اپنا) پہلے اپنی شکل تو دیکھو کہ اس بات کی وہ قابلیت رکھتی ہے یا نہیں پھر وہ چیز مانگنا۔ اوّل اِس لایق بنو پھر سوال کرو۔

آئینہ ہوجانا۔ ف ل۔ بالکل ظاہر ہوجانا۔ صاف کھل جانا۔

آئینہ ہے ۔ ا۔ م ف۔ (۱) روشن ہے صاف ظاہر ہے۔ یہ بات سب پر آئینہ ہے (۲) صاف اور شفاف ہے۔ نرمل ہے۔

آئے ہو تو گھر سے چلو۔ محاورہ۔ ٹھگوں کی اصطلاح میں مسافر یا راہ گیر کے مار ڈالنے کا اشارہ ہے۔

ب

باب - ع - اِسم مُذکّر - (۱) دروازہ - (۲) کِتاب کا حِصّہ - کانڈ - (۳) دربار - درگاہ + باب عالی - (۴) (قانون) محصول - ٹیکس + (۵) منشا - مُدّعا - مضمون + (۶) حق معاملہ - مقدمہ + بندہ کے باب میں آپ کیا فرماتے ہیں؟

بابا - ہ - ف - (۱) باپ - پدر - دادا - جد - بوڑھے آدمی کا تعظیمیہ خطاب - (۲) فقیروں کو دنیا دار اور دنیا داروں کو فقیر باہم اِس لفظ سے خطاب کرتے ہیں (۳) طنزاً - جناب - حضور + بس بابا ہم ہارے تو جیتا! (۴) انگریزوں کے چھوٹے بچّوں کا خطاب (انگریزی لفظ بے بی کا بگاڑ معلوم ہوتا ہے کیونکہ انگریزوں کے شاگرد پیشہ ہی اِس معنی میں بولتے ہیں) + دیکھو! بابا لوگ! ہمیں ماریگا تو ہم تمہارے پاپا سے کہدیگا -

بابُو - ہ - اِسم مُذکّر - (۱) تعظیمیہ کلمہ جیسے - جناب - حضور - حضرت - راج کنور - شہزادہ - مسٹر + (پورب میں یہ معنی بہت بولے جاتے ہیں) (۲) زبردست - زوردار - بلوان + مائیاں تو بہت ملی ہیں ابھی بابو کوئی نہیں ملا ہے - مثل (۳) ہر ایک ہندوستانی انگریزی داں کا خطاب جیسے منشی - مولوی - محرر - (۴) پیار سے بچّوں کا خطاب (۵) عموماً مانگنے والے فقیر دنیا دار مرد کو بابو اور عورت کو مائی پکارتے ہیں -

باپ - ہ - اِسم مُذکّر - س वप्र - گ بابُو - (۱) پدر - والد - ابّا - (۲) اُستاد - گرو - ولی خنگر - بڑا ملتو وتمہارے باپ کی بھی نہیں سُنتا!

باپ بنانا - ہ - ف ل - (بازاری) خوشامد یا تملّق کرنا + وقت پر گدھے کو باپ بنایا کرتے ہیں! مثل

باپ تک جانا یا پہنچنا - ہ - ف م - کسی کے باپ کو گالی دینا - یا بُرا بھلا کہنا +

باپ دادا سے - ہ - م ف - (۱) پُرکھاؤں سے - بزرگوں سے - بڑے بوڑھوں سے (۲) پشتینوں سے - پیڑھیوں سے -

باپ رے باپ! باپ باپ! ندا وندیہ - پورب والے تعجب اور خوف کے وقت یہ کلمہ بولا کرتے ہیں - بلبلے! خدا کی پناہ! - خدا بچائے! دوڑیو!

باپ کا ہو جانا - ہ - ف ل - (بازاری) باپ کی ملکیت ہو جانا - ورثہ میں آجانا + جو چیز لے گئے کہیں وہ اُنکے باپکی ہو گئی!

باپ مارے کا بَیر - ہ - اِسم مُذکّر - وہ عداوت جو بزرگوں سے چلی آتی ہو -

پُرانا بیر۔ قدیمی دشمنی۔ جانی دشمنی +

بات ۔ ہ ۔ اِسم مؤنث ۔ س **वार्त्ता** مگھا (تتیا) نظم (تتیاں)

(۱) بول ۔ بین ۔ کلمہ ۔ شَبد ۔ لفظ ۔

باتیں ہکی مصری کی ڈلیاں بول چھوارا لاگے ری!
للوا مینو (مجھکو) پیارا لاگے ری! (گنواری گیت)

(۲) کہا ۔ کہن ۔ کہنا ۔ قول ۔ مقولہ ۔

(۳) بات چیت ۔ مکالمہ ۔ گفتگو ۔ کلام ۔ قیل قال + اُنسے آج خوب باتیں ہوئیں ۔

(۴) کہاوت ۔ مثل ۔ کہانا ۔ کہوت ۔ ضرب المثل ۔

جلنے سے شوق دل کے سبب بچ گیا خلیل
وہ بات ہے کہ ساپنج کو ہرگز نہیں ہے آنچ (محفی)

(۵) کہانی ۔ حکایت ۔ قصّہ

کوئی بات ہی کہو کہ رات کٹے ۔

(۶) نکّی باتیں گپ شپ ۔ زٹل قافیہ ۔

(۱) سارا دن باتوں میں کھو دیا ۔

رحم کھا کر میرے احوال پہ جاری ۔ اَنّا!
(۲) رات باتوں میں یہاں تو نہ گنواری اَنّا! (رنگیں)

(۷) تجربہ ۔ رائے ۔ علم ۔ واقفیت ۔

تمہاری بات تو لکھ رکھنے کے لایق ہے

(۸) کیفیت ۔ حال ۔ احوال ۔ ماجرا ۔ برتانت + وہاں کی کچھ بات کہو ۔

(۹) تذکرہ ۔ ذکر ۔ بیاں ۔

کل کی بات ہے کہ وہ میرے آگے ناک پونچھتے پھرتے تھے آج جی چاہے سو کہیں ۔

(۱۰) عرض ۔ عرضداشت ۔ درخواست ۔ ارداس +

منظور جو ہے حیات میری
تو مان لے ایک بات میری (نسیم)

(۱۱) سگائی ۔ شادی کا پیغام ۔ منگنی ۔ نسبت ۔ ٹیکا ۔

کہو بوا لڑکی کی کہیں بات ٹھیرائی ۔

(۱۲) پرشن ۔ سوال ۔ مسئلہ ۔

جلتی سُتّی دیکھ کے **احمد** پوچھی بات
ناحق جیا رادیت ہو کیوں مُردے کے ساتھ

(۱۳) مسئلہ ۔ مسئلہ مسائل ۔ شرعی حکم

آجکل شرع کی بات کوئی نہیں مانتا

(۱۴) دلیل ۔ بُرہان ۔ وجہ ثبوت +

کون سی بات سے تم ہٹا سکتے ہو ؟

(۱۵) تکرار ۔ بحث ۔ جھگڑا ۔ قضیہ ۔ بباد ۔

ایک نہ ایک بات ایسی ہی نکالتے ہو جسمیں فساد ہو

(۱۶) مضمون ۔ مقدمہ ۔ امر بحث طلب +

ضد کی ہے اور بات مگر خو بُری نہیں
بھولے سے اُسنے سینکڑوں وعدے وفا کیے (غالب)

(۱۷) باریکی ۔ نکتہ ۔ حکمت ۔

(۱) عقلمندوں کی بات میں سے بات نکلتی ہے

جس کیلے کے پات میں پات پات میں پات

(۳) نس گیانی کی بات میں بات بات میں بات

(۱۸) بھید۔ راز۔ پوشیدہ امر۔

مجھسے اُنکی کوئی بات پوشیدہ نہیں ہے۔

(۱۹) پہیلی۔ معمّہ۔ درشٹ کوٹ۔

میں سکھی تجھ سے پوچھوں بات
اندرون اور باہر رات
پہیلی جواب کسیرو

(۲۰) قدرت کے بھید۔ خدائی معاملات

مایا۔ ؎ پڑے بھٹکتے ہیں لاکھوں دانا
کروڑوں پنڈت ہزاروں سیانے

(نظیر) جو خوب دیکھا تو یار آخر خدا کی باتیں خدا ہی جانے

(۲۱) حکم۔ اگیا۔ فرمان۔ کہنا۔

باپ اُستاد اور حاکم تینوں کی بات ماننی چاہئے

(۲۲) قانون۔ ایکٹ۔ حکم۔ احکام۔ قاعدہ ضابطہ۔ نئے نئے حاکم نئی نئی باتیں۔

(۲۳) اقرار۔ وعدہ۔ بچن۔ قول۔

وہ اپنی بات کا ایک ہے

(۲۴) بیفائدہ اور لغو کلمے۔ جھوٹی باتیں۔ بہلاوہ۔ پھسلاوا۔ دم دلاسا۔ ؎

مجھکو آرام ہو چکا ناصح
آپکی بات اور طبیب کی بات

(مجنّوں)

(۲۴) سیکھ۔ اُپدیش۔ سکھشا۔ نصیحت۔

جو سادھو کی مانے بات
رہوے وہ آنند و نرات

(۲۶) تعریف۔ کہنا۔ پرشنسا۔ آپکی کیا بات ہے

(۲۷) خوشامد۔ جھوٹی تعریف۔ چڑھاوا بڑھاوا

چار باتوں میں خوش ہو گئے۔

(۲۸) پت۔ عزّت۔ آبرو۔ ساکھ۔ اعتبار

(۱) دنیا میں بات ہی کا مول ہے۔

(۲) کیا بلا عرض مدعا کر سکے۔
بات بھی کھوئی التجا کر سکے

(۲۹) کمال۔ ہنر۔ فن۔ کام۔ بدیا

کوئی بات پیدا کرو جو عمر مزے سے کٹے۔

(۳۰) خطا۔ قصور۔ کھوٹ۔ غلطی ؎

سودا کسیکو وہ توستا دے نہ بے سبب
کیا جانئے کہ تجھ سے ہی کیا بات ہو گئی

(سودا)

(۳۱) اُپائے۔ علاج۔ تدبیر۔ تجویز۔

(۳۲) صلاح۔ مشورہ۔

کیوں صاحب کیا باتیں ہو رہی ہیں

(۳۳) حیلہ۔ بہانہ۔ بناوٹ۔ ساخت

ارے میاں کیوں بات بناتے ہو؟

(۳۴) لعنت۔ ملامت۔ سخت کلامی۔

لاتوں کا دیو باتوں سے نہیں مانتا مثل

(۳۴) طعنہ۔ تشنہ۔ طنز۔ بولی ٹھولی۔

مجھسے کسی کی بات نہیں سہی جاتی

(۳۵) غیبت - برائی -
نانی کے آگے ننھیال کی باتیں
(۳۶) اُلاہنا - شکوہ - شکایت - گلہ -
وقت نکل جاتا ہے بات رہجاتی ہے
(۳۷) تُھدّا - الزام - تہمت - حرف -
کیوں ہمارے سر بات رکھتے ہو
(۳۸) افواہ - جھوٹی خبر - اوائی - چرچا -
(۱) سُنی سُنائی بات کا کیا بھروسا
(۲) جتنے مُنہ اُتنی باتیں - مثل
(۳۹) بیورا - سندیسا - پیغام - خبر -
یہ بات سُنی برج نارن نے تو گھر گھر اُسکی دُھوم پڑی
(۴۰) اشارہ - کنایہ - رمز -
گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات - مثل
(۴۱) خیال - وہم - تصور - پچار - دھیان
(۱) ایسی کیا بات تیرے دلمیں سمائی ظالم
(۲) میرے جی میں یہ بات آئی تھی مگر کہ نہ سکا
(۴۲) مافی الضمیر - متھن -
اُنکے تیوہی سے میں اُنکی بات کو سمجھ گیا تھا
(۴۳) عندیہ - مطلب - منشا - مدعا -
ہوٹوں کا ہلنا دہاں بات کا پاجانا (ذوق)
(۴۴) حوصلہ - ارادہ - قصد - دعویٰ - دل
گردہ - جگرا (۱) بڑوں کی بڑی بات - مثل
(۲) چھوٹا مُنہ بڑی بات - مثل

(۴۵) کارن - باعث - وجہ -
لڑائی کی کیا بات ہے
(۴۶) نتیجہ - انجام - ثمرہ - پھل
تمنے جو اتنا سر مارا تو کیا بات نکلی
(۴۷) واردات - واقعہ - برتانت - حکایت
رات کی بات کہا کہوں سجنی عجب مرحکی گات بھئی -
(۴۸) رموز مملکت - معاملات ملکی - تدابیر
سلطنت - بادشاہوں کی باتیں بادشاہی جانیں
(۴۹) دشوار امر - مشکل کام -
اب بھی کچھ بات نہیں ہے - جاؤ اُنسے معاف کرالو -
(۵۰) لچھن - کوتک - کرتوت -
دیکھتی ہو بی اِس لڑکی کی باتیں!
(۵۱) معاملہ - مقدمہ - بکھیڑا -
تم پرائی بات میں کیوں پڑا کرتے ہو
(۵۲) سہل کام - ادنیٰ کام - کھیل -
جھڑکی تو مدتوں سے مساوات ہوگئی
میرے گالی کبھی نہ دی تھی سو ایک بات ہوگئی
(۵۳) انداز - آن - ادا -
اسمیں اب بھی ایک معشوقانہ بات پائی جاتی ہے
(۵۴) عیش و آرام - مزے - لطف - گلچھرے
یہ بات پھر نصیب نہیں ہونے کی
(۵۵) آرام کی چیزیں - عیش کے سامان
ضروری اشیا -

تمہارے لئے یہاں کس بات کی کمی ہے
(۵۶) اومر۔ سما۔ محل۔ موقع۔ وقت۔
رات گئی بات گئی۔ مثل
(۵۷) درشٹانت۔ کہاوت۔ نظیر۔ مثال
مجھے ایسی سیکڑوں باتیں یاد ہیں
(۵۸) رسم۔ ریت۔ دستور۔ مرجاد۔
ہمارے بڑوں سے تو یہی بات چلی آئی ہے۔
(۵۹) چیز۔ بستو۔ شے۔
سب بات کھوٹی اور سر سدال روٹی (مثل)
(۶۰) مول۔ دام۔ قیمت + ایک بات کہدو
(۶۱) حق۔ منہ۔ اختیار۔
منہ سے نکلی کچھ ایسی بات کہ اب
بات کرنے کی بھی نہ بات رہی (جرات)
(۶۲) آواز۔ صدا۔ بھنک
ایسا غل مچا رکھا ہے کہ کان پڑی بات نہیں سنائی دیتی
(۶۳) اخلاص۔ اختلاط۔ پیار۔
ایسی باتیں کسی اور سے کرنا
(۶۴) شغل۔ دھندا۔ کام۔ کاج۔
(۶۵) مضمون۔ مطلب۔
کیوں صاحب چٹھی میں کیا بات لکھی ہوئی تھی
(۶۶) ضد۔ ہٹ۔ اڑ +
پٹتا ہے اور اپنی بات سے نہیں ٹلتا
(۶۷) لطف۔ کیفیت۔ مزا۔
اُسکے پڑھنے میں کچھ اور ہی بات تھی
(۶۸) ابلاکھا۔ شوق۔ تمنا۔ آرزو +
جی کی جی ہی میں رہی بات لہونے پائی
(۶۹) ترنگ۔ اُمنگ۔ لہر۔ موج۔
(۷۰) ضرورت۔ حاجت۔ خواہش۔
میری رائے میں تو اب کچھ لکھا پڑھی کی بات نہیں ہے
(۷۱) جوابدہی۔ ذمہ داری۔ ذمہ۔
کام بگڑے گا تو تمہارے سر بات پڑیگی
(۷۲) خوبی۔ بھلائی۔ وصف۔ گن۔
(۱) اِسمیں وہ بات نہیں ہے جو اُسمیں تھی۔
ہزار گل کی کلی میں گرچہ ہے تنگی +
(۲) ولے ہے بات کہاں پکے دہن کی سی (جرات)
(۷۳) دانائی۔ ہوشیاری۔ عقلمندی۔ (مومن)
بات جب ہے کہ بات ٹالو تم

بات اُٹھانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سخت و سست سُننا۔ ناگوار بات جھیلنا۔ (۲) حکم بجالانا۔ تعمیل حکم کرنا۔ (۳) بات نہ ماننا۔ سوال پورا نکرنا۔

بات اُلٹنا یا اُلٹ دینا ۔ ہ۔ ف م۔ جواب دیدینا۔ ردِ کلام کرنا۔ انکار کرنا۔ کہنا نہ ماننا۔ تردید کرنا۔

بات آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) الزام یا حرف آنا۔ (۲) نسبت یا سگائی آنا۔

بات بات میں - ہ - م ف - ہر دفعہ ہر بار ذرا ذرا سی دیر میں + بات بات میں بگڑتے ہیں

بات باندھنا - ہ - ف م (پورب) - خلاف بیانی کرنا - مکرنا - جھوٹی دلیل لانا -

بات بدلنا - ہ - ف ل - زبان پھیرنا - کہکر مکرنا + بات بدلی ساکھ بدلی + مثل

بات بڑھانا - ہ - ف م - (۱) تکرار بڑھانا - اُلجھیڑا ڈالنا - فساد کھڑا کرنا - جھگڑا پھیلانا - (۲) تائید کلام کرنا - کسیکی بات کو فوق دینا -

بات بڑھنا - ہ - ف ل - جھگڑا یا تکرار پھیلنا - راڑ بڑھنا -

بات بڑی کرنا - ہ - ف م - (۱) کلام کی تائید کرنا - ہاں ہاں میں ملانا حامی کلام بننا - (۲) بات کاٹنا - قطع کلام کرنا - (۳)

بات بگاڑنا یا بگاڑ دینا - ہ - ف م - (۱) مطلب خبط کرنا - کام بگاڑنا - (۲) پت کھو دینا - ساکھ بگاڑنا - عزت خاک میں ملا دینا - (۳) دوالہ نکالدینا - برباد کردینا تباہ کردینا -

صاحب اُس مُنیم نے اُسے بگاڑ دیا نہیں وہ کیا بگڑتا

(۴) (عو) خاوند کا جو عورت کے لئے اصلی عزت ہے مرجانا - رانڈ کردینا - بیوہ کردینا + رام نے میری بات بگاڑی -

بات بننا - ہ - ف ل - (۱) بناوٹ ہونا - گھڑت ہونا - (۲) کامیابی ہونا - مراد حاصل ہونا + ساقی کے روبرو نہ بنی بات رات کو (شیفتہ) مطرب اگرچہ کام میں اپنے یگانہ تھا (۳) ساکھ بننا - عزت حاصل ہونا - (۴) موقع ملنا - ڈھب بننا -

بات بنانا / **بات بنالینا** - ہ - ف م - (۱) فضول گوئی کرنا - مبالغہ کرنا - زیادہ کہنا (۲) جھوٹ بولنا - بیجا عذر کرنا - بات گھڑنا بہانہ کرنا - (۳) شیخی کرنا - دُون کی لینا - ڈینگ مارنا - (۴) عزت پیدا کرنا - ساکھ قایم کرنا -

بات پانا - ہ - ف م - مغزِ سخن کو پہنچنا - پتہ لگ جانا - تہ کو پہنچ جانا - مطلب سمجھ لینا (۲) خوبی معلوم ہونا - عمدگی دیکھنا +

بات پر آنا - ہ - ف ل - بات کی پچ کرنا - پاسِ سخن کرنا - ہٹ کرنا - اپنی والی پر آنا -

بات پر بات یاد آتی ہے - محاورہ - ایک موقع سے دوسرا موقع یاد آتا ہے - مثل پر مثل یاد آتی ہے -

بات پر جانا - ہ - ف ل - (۱) کسی کی بات بُری لگنا - کسی کے کہنے کا خیال کرنا - کسی کے کہنے پر بگڑنا - (۲) کسی کے کہنے پر بھروسا

کرنا۔ بات کا اعتبار کرنا۔

بات پکڑنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی آدمی کو اُسی کی بات سے قائل کرنا۔ نقص نکالنا۔ عیب چینی کرنا۔ حرف گیری کرنا۔

بات پکی کرنا۔ ہ۔ ف م۔ عہد و پیمان یا قرار و مدار کو مضبوط کر لینا۔ معاملہ پختہ کر لینا بات پکا لینا۔

بات پلٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ کہکر مکر جانا۔ **بات موڑنا**۔ بات بدلنا۔

بات پوچھنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) حال دریافت کرنا۔ خبر گیری کرنا۔ خبر لینا۔ ساجن دکھیا کر گئے سکھ کو لیگئے سات۔ (دوہا) اب دکھیا دے نیارے بھئے میری بور نہ پوچھی بات (۲) خیر و عافیت دریافت کرنا۔ مزاج پرسی کرنا۔ (۳) کسی کے ساتھ عزت سے پیش آنا۔ آو بھگت کرنا۔ خاطر تواضع کرنا (۴) قدر کرنا۔ توقیر کرنا۔ آدر کرنا۔

خصم نہ پوچھے بات میرا دھنا سہاگن نام۔ مثل

بات پھوٹنا۔ **بات پھیلنا**۔ ہ۔ ف ل۔ افشائے راز ہونا۔ بھید کھلنا۔ بات کھلنا۔

بات پھیلانا۔ ہ۔ ف م (۱) مشہور کرنا۔ (۲) بات بڑھانا۔ جھگڑے کو ترقی دینا۔

بات پھینکنا۔ ہ۔ ف م۔ رموز پھینکنا۔ آوازہ کسنا۔ بولی ٹھولی مارنا +

بات کو پیچانا۔ **بات کو پینا**۔ ہ۔ ف ل۔ سُن کر چپ ہو رہنا۔ جواب نہ دینا۔ متحمل ہونا۔ ضبط کرنا۔ سُنی اَن سُنی کر جانا۔ درگزر کر جانا۔

تلخ بات اسکی بھلا سنکے نہ کیوں پی جاؤں
میرے نزدیک وہ ایک گھونٹ ہے شربت کا سا (معروف)

بات تو یہ ہے۔ ہ۔ م ف۔ حقیقت حال یہ ہے۔ خلاصہ یہ ہے۔ قصہ مختصر۔ الغرض۔ القصہ۔

بات ٹالنا۔ ہ ف م۔ بات کا جواب نہ دینا سُنی اَن سُنی کرنا۔

بات ٹھیرنا۔ **بات ٹھیر جانا**۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی امر کا مقرر ہونا۔ تجویز قرار پانا (۲) سگائی ہو جانا۔ نسبت قرار پانا۔ شربت پیا جانا۔ تتنی میں گانٹھ لگ جانا۔

بات جانا۔ ہ۔ ف ل۔ ساکھ بگڑنا۔ آبرو میں فرق آنا۔ عزت میں بٹا لگنا۔

بات جمانا۔ ف م۔ اپنی تدبیر یا اپنے خیال کو دوسرے کے ذہن نشین کرنا۔ بات ٹھیک بٹھا دینا۔

بات چیا جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسی امر کو کہتے کہتے رُک جانا ۔ کسی معاملہ کا ذکر کرتے کرتے خاص مدعا کو پلٹ دینا ۔ مُنہ کی مُنہ میں رہنے دینا ۔

بات چلانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ ذکر چھیڑنا ۔ کسی بات کو کہنے لگنا ۔ بات شروع کرنا ۔

بات چیت ۔ ہ ۔ اِسم مؤنث ۔ گفتگو ۔ بول چال ۔ بولا چالی ۔

بات دینی آنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ اپنی ذمہ جوابدہی پڑنا ۔ باز پُرس ہونا ۔

بات ڈالنا ۔ ہ ۔ ف م (۱) کسی امر کو قبول نکرنا ۔ بات رد کرنا ۔ کہا نہ ماننا ۔ (۲) کوئی امر یا تجویز پیش کرنا ۔

بات رکھ لینا / **بات رکھنا** ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کہے کو مان لینا ۔ (۲) عزت میں فرق نہ آنے دینا ۔ عزت بچا لینا ۔ بات نہ بگڑنے دینا ۔ (۳) عیب چھپا دینا ۔ پردہ پوشی کرنا ۔

بات رکھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ الزام رکھنا ۔ چھدّا رکھنا ۔ بُرا بنانا ۔ مُلزم کرنا ۔

نہ تھی حُضور نے کی اگر دل میں اپنے
تو کیوں بات رکھکر اُٹھے دوسرے پر

بات رہجانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) ساکھ رہجانا (۲) بدی یا نیکی باقی رہنا ۔ بُرائی یا بھلائی رہجانا ۔ (۳) یادگاری باقی رہنا ۔

بات رہنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ عزت رہنا ۔ ساکھ یا پت قایم رہنا ۔

بات رہی جات رہی مثل

بات کا بتنگڑ کرنا یا بنانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ چھوٹی سی بات کو بہت بڑا کر دینا ۔ ذرا سی بات کو بڑھا کر کہنا ۔ مبالغہ کرنا ۔ پر کا کاگ بنانا ۔ بال کا کُمیل بنانا ۔

بات کا بھید ۔ ہ ۔ اِسم مؤنث (۱) پتہ ۔ کھوج ۔ نشان ۔ (۲) فحوائے کلام ۔ مغز سخن ۔ تہ ۔

بات کا پکّا پورا سچّا ۔ ہ ۔ صفت ۔ قول کا سچّا ۔ قول کا پورا ۔ صادق القول ۔ باوفا ۔

بات کاٹنا / **بات بیچ میں توڑنا** ۔ ہ ۔ ف م ۔ بات میں بات کہنا ۔ قطع کلام کرنا ۔ بیچ میں بولنا ۔ دخل در معقولات کرنا ۔ مُخل ہونا ۔

بات کان پر دھرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسی بات کا سُنائی دینا ۔ گوش گزار ہونا ۔ کم توجہی سے کسی بات کو سُننا ۔

بات کا ہیٹا ۔ ہ ۔ صفت ۔ وہ آدمی

جو اپنے قول پر قایم نہ رہے۔ وہ شخص جسکی زبان کا کچھ ٹھیک نہو۔ قول کا کچا۔ بے اعتبار۔ زبان پلٹ

بات کرسی نشیں ہونا۔ ا۔ ف ل۔ بات کا ٹھیک بیٹھ جانا۔ کلام کا مقبول ہونا۔ کسی بات کا تسلیم کیا جانا۔

بات کرنا۔ بات چیت کرنا۔ بتیانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کلام کرنا۔ گفتگو کرنا۔ بولنا باتیں کرنا۔ ؎

نئی بندی سے تم نہ ریت کرو
پاس سے ہٹ کے بات چیت کرو (شوق)

(۲) خطاب کرنا۔ مخاطب ہونا + میں تم سے بات نہیں کرتا ہوں!

بات کرتے میں
بات کہتے میں
بات کی بات میں ہ۔ م ف۔ ذرا سی دیر میں۔ ابھی۔ لمحہ بھر میں۔ آناً فاناً میں۔ پل بھر میں۔ تھوڑی سی دیر میں +

بات کو آنچل میں باندھنا۔
بات گانٹھ باندھنا۔
بات پلے باندھنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کی نصیحت یا کہنا ماننا۔ کسی کی بات یاد رکھنا + سر کی چادر تلک نہ چھوڑے گا (جانصاحب) باندھ رکھ میری بات آنچل میں

بات کھلنا۔ ہ۔ ف ل۔ بھید چھوٹنا۔ بات چھوٹنا۔ مشہور ہو جانا۔

بات کہنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ذکر کرنا۔ تذکرہ کرنا۔ (۲) خبر سنانا۔ (۳) کہانی کہنا۔ قصہ بیان کرنا۔

بات کھونا یا کھو دینا۔ ہ۔ ف ل۔ عزت بگاڑ لینا۔ ساکھ میں بٹا لگا لینا۔

بات کی بات کو۔ ہ م ف۔ ذرا سی دیر کے واسطے۔ دم بھر کے لئے۔

بات کی پچ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ پاس سخن۔ اپنے کہنے کا پاس سخن پروری۔

بات کے پھول جھڑتے ہیں۔ محاورہ۔ اسکے منہ سے باتیں کیا نکلتی ہیں گویا پھول جھڑتے ہیں۔ یعنی پھولوں کی سی مہک اور خوشبو آتی ہے جسکے سننے سے جی نہایت خوش ہوتا ہے۔ بڑا خوش کلام اور شیریں گفتار ہے۔ نہایت فصاحت کے ساتھ گفتگو کرتا ہے۔

بات گرہ باندھنا۔
بات گرہ میں باندھنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی امر کو بخوبی یاد رکھنا۔ دیکھو (بات کو آنچل میں باندھنا) +

بات گھڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ جھوٹی بات بنانا۔ اپنے جی سے بات بنا لینا۔ سخن سازی کرنا

بات لانا۔ ہ ف ل۔ (۱) نسبت یا سگائی لانا۔ سگائی ٹھیرانا۔ (۲) لم لگانا۔ الزام رکھنا۔ حرف لانا۔ تھدّا رکھنا۔

بات لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بُرائی کرنا۔ نِندا کرنا۔ غیبت کرنا۔ کان بھرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ بدنام کرنا۔ (۲) دیکھو بات لانا۔

بات مارنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) جھٹلانا۔ بات دبانا۔ مُکرانا۔ (۲) طعنہ زنی کرنا۔ طعن کرنا۔ (۳) شیخی کرنا۔ ڈینگ کی لینا۔ شیخی مارنا یا بگھارنا ع

بہت بڑھ بڑھ کے بات مارتے تھے اب کچھ نہیں بر لتے

بات مُنہ پر رکھنا یا لانا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی بات کو جتانا۔ ذکر کرنا۔ احسان یاد دلانا

بات میں سے بات نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دوسرے کے کلام میں سے اپنے مطلب کی بات نکالنا۔ بات میں سے بات نکال کھڑی کرنا۔ (۲) باریکیاں نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ بُرائی یا بھلائی نکالنا۔

بات میں فی نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی امر میں نقص یا عیب نکالنا۔ عیب چینی کرنا۔ حرف گیری کرنا۔

بات نہ پُوچھنا۔ ہ۔ ف ل۔ متوجّہ نہونا۔ التفات نکرنا۔ آؤ بھگت یا خاطر تواضع نکرنا۔ مُنہ نہ لگانا۔

بات نکرنا۔ ہ۔ ف ل۔ کلام نکرنا۔ متوجّہ نہونا۔ گھمنڈ کرنا۔ خود بیں ہونا۔

باتوں کا جھاڑ باندھ دینا۔ ہ۔ ف ل۔ باتوں کی جھڑی لگا دینا۔ برابر بولے چلے جانا۔ زبان تالو سے نہ لگنے دینا۔ لگاتار کہے جانا۔

باتوں کا دھنی ہے۔ محاورہ۔ بڑا باتونی ہے۔ بڑا لسان ہے۔ باتیں بنانے میں اُستاد ہے۔

باتوں میں اُڑانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ہنسی میں اُڑانا۔ احمق بنانا۔ (۲) مغالطہ دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

باتوں میں آنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دھوکے میں آنا۔ پھلاسرے میں آنا۔ (۲) احمق بننا۔ دم میں آنا۔ کہنے میں آنا۔

باتوں میں بہلانا یا پھسلانا۔ ہ۔ ف م۔ باتیں بنا کر خوش کرنا۔ باتوں میں لگانا۔ دم دینا۔

باتوں میں دھر لینا۔ ہ۔ ف م۔ جواب نہ آنے دینا۔ قایل کر دینا۔ بند کر دینا۔ سخن سازی سے غالب آنا۔

باتوں میں لگانا - ہ - ف م - باتوں میں بہلانا - گفتگو میں مشغول کرنا -

باتونی - باتونیا - ہ - اسم مذکر - بہت باتیں بنانے والا - بڑا لسّان - بسیار گو - بکّی -

بات ہے ! - افترا سازی ہے - ڈھکوسلا اور پھسلاوا ہے - بناوٹ ہے - (۲) آسان ہے - بہت سہل کھیل ہے -

بات ہیٹی ہونا - ہ - ف ل - عزت میں فرق آنا - ساکھ بگڑنا - وقر گھٹنا - سبکی ہونا

باتیں بگھارنا - ہ - ف ل - باتیں گھڑنا لسّان پن کرنا - سخن سازی کرنا -

باتیں بنانا - ہ - ف ل - (۱) جھوٹ بولنا سخن سازی کرنا - فضول بکنا - (۲) چاپلوسی کرنا - تملق کرنا - خوشامد کرنا - بڑائی کرنا - (۳) بڑھ بڑھ کے بولنا - ڈینگ مارنا - باتیں بگھارنا -

باتیں چکنانا - ہ - ف ل - (پورب) خوشامد کرنا - تملق کرنا - للو چپو کرنا -

باتیں چھانٹنا - ہ - ف ل - ایسی باتیں کرنا جو دوسرے کو ناگوار گزریں - طعنے مہنے دینا - طنز کرنا - طعنے مارنا

باتیں سُنانا - ہ - ف م - سخت سُست کہنا - طعنے مارنا - گالیاں دینا - بُرا بھلا کہنا - بولی ٹھولی مارنا -

باتیں سُننا - ہ - ف ل - بُرا بھلا سُننا - کڑوی میٹھی باتیں سہارنا - صلواتیں سُننا - طعنے مہنے سہنا -

باتیں سُنوانا - ہ - ف م - بُرا بھلا کہلوانا گالیاں دِلوانا -

صغیر اُسنے رقیبوں سے باتیں سُنوائیں
یہ بات دل میں لگی تیرِ جاں ستاں کی طرح

باتیں ملانا - ہ - ف ل - (۱) ہاں میں ہاں ملانا - (۲) سخن سازی کرنا - باتیں گھڑنا -

باتیں ہیں - محاورہ (۱) دم جھانسے ہیں - ڈھکوسلے ہیں - (۲) فقط ڈراوا ہے صرف دھمکیاں ہیں -

باٹ دکھانا - ہ - ف م - انتظار میں رکھنا راہ دکھانا - انتظار کرانا -

باٹ دیکھنا یا جوہنا - ہ - ف م - راہ تکنا - انتظار کرنا - رستہ دیکھنا -

باجرا - ہ - اسم مذکر - (۱) ایک قسم کا ناج (۲) (تشبیہاً) ترشح - خفیف سی بارش بُندیاں -

باجرا برسنا - ہ - ف ل - ترشح ہونا - بُندیاں پڑنا - پھوار پڑنا -

باجرا سا بکھرنا - ہ - ف ل - (۱) بیکل اور

بیچیں ہونا۔ پریشان ہونا۔ متشر ہونا (۲) تھک کر چور ہو جانا۔

باچھ ڈالنا۔ ہ۔ ف ل۔ چندہ کرنا۔ پتی ڈالنا۔ اگاہی کرنا۔

باچھیں آنا۔ ہ۔ ف ل۔ ہونٹوں کے کونوں میں ننھی ننھی سی پھنسیاں نکل آنا۔ باچھیں پھٹ جانا۔

باچھیں ٹھوڑی تک آنا۔ ہ۔ ف ل۔ ہنسی میں اتنا منہ کھلنا کہ ٹھوڑی تک باچھیں کھل جائیں۔ بہت ہی ہنسنا۔ نہایت خوش ہونا۔

باچھیں کھلجانا۔ ہ۔ ف ل۔ خوشی کا باہر تک آجانا۔ ہنسی آجانا۔

باد۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) بحث۔ تکرار۔ (۲) جھگڑا۔ (۳) مقدمہ۔ (۴) اسم مؤنث۔ آمیزش۔ میل۔ کھوٹ۔ چھیج۔ کردہ۔ (۵) دلالی دستوری۔ حق السعی۔ (۶) فصل کی کمی کے باعث خراج وغیرہ میں تخفیف۔

بادامی۔ ف۔ اسم۔ (۱) بادام کا سا رنگ (۲) ایک قسم کی مخروطی ڈبیا۔ (۳) وہ آدمی جسکی مردی بادام کے برابر ہو۔

بادامی آنکھ۔ اسم مؤنث۔ بادام سی آنکھ۔ چھوٹی آنکھ۔

بادشاہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) حاکم وقت۔ مالک تخت و تاج۔ سلطان۔ راجہ۔ (۲) مالک۔ صاحب اختیار۔ مختار۔ اپنے اپنے گھر کا ہر ایک بادشاہ ہے۔ (۳) استاد۔ صاحب ہنر۔ کامل۔ (۴) آزاد۔ بے پروا۔

بادشاہی خرچ۔ ف۔ اسم مذکر۔ ایسا خرچ جو حیثیت سے زیادہ ہو۔ فضول خرچی۔

بادفروش۔ ف صفت۔ لسان۔ باتونی۔ خوشامدی۔ ڈینگیا۔ شیخی خورا۔

بادفروشی۔ ف اسم مؤنث۔ لسانیت۔ خوشامد۔ ڈینگ۔ شیخی۔ تعلّی۔

بادھا۔ اسم مذکر۔ بڑھوتری۔ رقم سود افزونی۔

بادہوائی۔ ف صفت۔ (۱) لغو بیہودہ۔ ہزل۔ ہیچ (۲) ناکارہ۔ نکما۔

بادی پھیلانا۔ ہ۔ ف ل۔ (بازاری) (۱) سستی اتارنا۔ انگڑائیاں توڑنا۔ (۲) فساد برپا کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔ خل مچانا۔

بادی چور۔ ہ اسم مذکر۔ پکا چور۔ دھاڑی چور۔ چوروں کا بادشاہ۔

بار بار - ف - ف م - گھڑی گھڑی - ہر دفعہ - ہمیشہ -

بار بردار - ف - اِسم مذکّر - (۱) بوجھے ڈھونیوالا سر بوجھو - مزدور - پلّہ دار - قلی (۲) لدّو - حمّال

بار برداری - ف - اِسم مؤنث (۱) سامان - اسباب - ڈیرہ - خیمہ وغیرہ - (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ اسباب لیجانیکا ذریعہ جیسے گاڑی چھکڑا - مختی - قلی - چوپے خچّر - گھوڑا وغیرہ - (۳) سواری (۴) کرایہ - بھاڑا - مزدوری اجورہ - اُجرت -

بار برداری ہی میں ہزاروں روپیہ اُٹھ گیا

بار دانہ - ف - اِسم مذکّر - (۱) سوداگری چیزوں کے لانیکا سامان - اسباب رکھنے کے برتن - (۲) باورچی خانہ کا سامان - (۳) لشکر کے کھانے پینے کا سامان - (۴) انگڑ کھنگڑ - برتن بھانڈے - (۵) ڈیرہ - خیمہ - پال تمبو بانس بلّی - رسّی میخیں وغیرہ چیزیں -

بارِ عام - ف ع - اِسم مذکّر - عام اجازت دربارِ عام

بارگیر - ف - اِسم مذکّر (۱) لدّو گھوڑا - اُونٹ - چوپایہ - (۲) ایسا سوار جسکا ذاتی گھوڑا نہو - (۳) سائیس

بارہ باٹ - صفت - لغوی - بارہ رستے (۱) جُدا جُدا - علیحدہ علیحدہ - متفرق - الگ الگ (۲) تین تیرہ - تتّر بتّر - پریشان منتشر - (۳) حیران - پریشان - اُداس - (۴) بیکار نکمّا - بے فائدہ اناڑی کا سودا بارہ باٹ مثل (۵) برباد - تباہ - اُجڑا ہوا - غارت شدہ -

بارہ باٹ کرنا - ہ - ف م (۱) بکھیرنا - کھنڈانا - تتّر بتّر کرنا - (۲) اُجاڑنا - تباہ کرنا - ویران کرنا -

بارہ باٹ ہونا - ف ل - (۱) تتّر بتّر ہونا - تین تیرہ ہونا - (۲) اُجڑنا - خراب ہونا - برباد ہونا - بگڑنا -

بارہ بانی کا - بارہ بانی - ہ - صفت - (۱) پُورا - کامل -

اُس بن مجھکو چین نہ آوے
وہ میری رس آن بجھاوے
ہے وہ سب گن بارہ بانی
اے سکھی! ساجن نا سکھی پانی

(۲) تندرست - صحیح وسالم - نِروگا - (۳) بے کھوٹ - کھرا - بے عیب -

انا ڑی کا سونا بارہ باتی مثل

بارہ بچّے والی - ہ - اِسم مؤنث - (۱) سوری - سؤرنی - (۲) بہت سے بچّوں والی عورت - کثیر الاولاد -

بارہ پتھر باہر کرنا - ہ - ف م - پڑاؤ یا چھاؤنی کی حد سے نکالدینا - شہر باہر کرنا - حدود شہر سے خارج کرنا -

بارہ پنی توپ - ا - اِسم مؤنث - (۱) بارہ پونڈ کا گولہ کھانے والی توپ - (۲) (مذاقاً) موٹا آدمی) -

بارہ ٹوپی - ہ - اِسم مؤنث - (۱) یورپ کی بارہ قومیں یا سلطنتیں جو مختلف قسم کی ٹوپیاں پہنتی ہیں (۲) بارہ عقلمند یا چالاک آدمیوں کی کونسل یا جماعت -

بارہ گنی لکھتی ہوں محاورہ (عو) بارہ گنی یعنی بارہ درجہ زیادہ سزا مجھکو دینا اگر میں ایسا نہ کرسکوں - شرط لگاتی ہوں - قول کرتی ہوں - شرط باندھتی ہوں -

بارہ مہینے - ہ - م ف - سال بھر - برس بھر - ہمیشہ - سدا - نت -

باریک بات - ا - اِسم مؤنث - نکتہ - باریکی - متین کلام - گہری بات -

باریک بین - ف - صفت - تیز فہم - رمز کو پہنچنے والا - دقیقہ شناس - مبصّر - واقف کار

باریک کام - ا - اِسم مذکّر - نازک مشکل یا دیدہ ریزی کا کام - جیسے نقاشی مصوری یا کشیدہ کشی وغیرہ -

باریکیاں چھانٹنا یا نکالنا - ا - ف م - باریک باریک عیب نکالنا - خردہ گیری کرنا - نکتہ چینی کرنا +

باڑ - ہ - اِسم مؤنث - (۱) دھار - دم شمشیر کاٹے باڑ نام تلوار کا ہو - مثل (۲) کانٹوں کی روک - احاطہ بندی - حد بندی - مثل جب باڑ ہی کھیت کو کھائے تو رکھوالی کون کرے (۳) اگا - سائنا - نشانہ - مار - مہرہ - زد + (۴) صف - قطار - پانتی - پنگتی - (۵) چند بندوقوں یا توپوں کا ایک بار چھوڑنا - ایک باڑ میں ہزاروں بھون دئے (۶) چڑھاؤ - طغیانی (۷) درازی قد (۸) ٹوپی کی پیندٹ - گول اونچا کنارہ - (۹) چاولوں کا آٹا شربت میں گندھا ہوا جسکی اندر سے کی گولیاں بنتی ہیں -

باڑا - ہ - اِسم مذکّر - (۱) احاطہ - گھیرا - اکھاڑا دنگل (۲) قبرستان - تکیہ -

(جانفشاں صاحب) کہاں لائی ہے واہ ری تقدیر سوا باڑے کا جسطرح سے فقیر

(۳) باکھل۔ بگڑ۔ حویلی۔ (۴) خیرات۔ ایک قسم کی بُور جو ہندوؤں کے ہاں شادی میں بٹتی ہے۔

باڑ اُڑانا جھاڑنا چھوڑنا یا مارنا۔ ہ۔ فم کئی ایک بندوقوں کو ایک ساتھ چھوڑنا۔ توپوں کو قطار باندھکر داغنا۔ فیر کرنا۔

باڑ باندھنا لگانا یا بنانا۔ ہ۔ ف م۔ کھیتوں یا کانٹوں سے احاطہ بندی کرنا۔ روک لگا دینا۔ روکنا۔ حد بندی کرنا۔

باڑ پر چڑھانا۔ ہ۔ فم۔ (۱) دھار تیز کرنا۔ پینانا۔ (۲) آر لگانا۔ دھونس پر چڑھانا (۳) اُکسانا + آمادہ کرنا۔ مستعد کرنا۔

باڑ پر رکھنا۔ ہ۔ فم۔ مہر سے یا نشانے پر رکھنا۔ مروا دینا۔ کٹوا دینا۔

باڑ چڑھانا یا رکھنا۔ ہ۔ فم۔ سان پر چڑھانا۔ دھار رکھنا۔ تیز کرنا۔ پینانا پتھری دکھانا۔

باڑ کا ڈورا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ خفیف سا نشان جو تلوار کی دھار سے پڑ جاوے۔ تلوار کا خط۔

بازار۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) ہاٹ۔ ہٹ۔ دوکانوں کے دو طرفہ ایک لمبی قطار۔ لین دین کی جگہ۔ پینٹھ۔ (۲) بکری۔ مانگ آج کل بازار مندا ہے۔ (۳) بھاؤ۔ نرخ + بازار اُترا ہوا ہے۔ (۴) ساکھ۔ پت۔ اعتبار + بازار اُسکا جو لیکر دے۔ مثل

بازار دکھانا۔ ل۔ ف م۔ (بازاری) کسی چیز کو بیچنے کے واسطے بازار میں لیجانا۔ کوڑے کرنا۔ چوک دکھانا۔

بازار کا روز۔ پینٹھ لگنے کا دن۔ سودا سلف خریدنے کا دن۔

بازار کے بھاؤ پٹنا۔ ل۔ ف ل۔ (بازاری) اس طرح بازار کے عام بھاؤ کا کچھ ٹھکانا نہیں ہوتا۔ بے ٹھکانے پٹنا۔ خوب پٹنا

بازار کی مٹھائی۔ ل۔ اسم مونث۔ (۱) وہ چیز جسکو ہر ایک شخص لے سکتا ہے۔ بے روک سودا۔ عام سودا۔ (۲) کسبی۔ رنڈی۔ کنچنی۔

بازار گرم ہونا۔ ل۔ ف ل۔ (۱) بازار کا رونق پر ہونا۔ لین دین کا ترقی پر ہونا (۲) کسی چیز کی کثرت یا ریل پیل ہونا غلبہ پر ہونا۔ زوروں پر ہونا + گرمی کا بازار گرم ہے

بازار لگانا۔ ل۔ ف م۔ (۱) دوکانیں

اسباب سے سجانا۔ دوکانیں لگانا۔ (۲) چیزوں کو پھیلا دینا۔ بے ترتیب کر دینا۔ تتر بتر کرنا۔ (۳) بھیڑ کرنا۔ جمع ہونا۔

میاں! یہاں کہاں کا بازار لگایا ہے؟

(۴) غل شور مچانا۔ غُل غبار اکرنا۔

بازار مندا ہونا۔ ا۔ ف ل۔ لین دین کم ہونا۔ بکری کم ہونا۔

بازار ناپنا یا ناپتے پھرنا۔ ا۔ ف ل۔ بیفائدہ بازار کا چکر لگانا۔ واہی تباہی پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔

بازارو۔ ا۔ صفت۔ (۱) وہ چیز جو جلد بک جاے۔ بازار کے مطلب کی۔ سستی۔ ہلکی۔ کم قیمت۔ (۲) بودی نکمّی۔ کاجُو بھوجُو۔

بازاری۔ ا۔ صفت۔ (۱) بازار کے متعلق۔ عام چیز۔ معمولی۔ (۲) بازار میں بیٹھنے والا عام۔ بے اعتبار۔ شہدے (۳) غیر معتبر۔ جھوٹی۔

بازاری بات گپ یا خبر۔ ا۔ اسم مونث۔ جھوٹی بات۔ اوائی۔ افواہ۔ غیر معتبر خبر۔

بازاری عورت۔ ا۔ اسم مونث۔ عام عورت۔ رنڈی۔ کسبی۔ پاتر پتر یا کنجری

بازآنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) چھوڑ دینا۔ دست بردار ہونا۔ استعفا دینا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ (۲) احتراز کرنا۔ توبہ کرنا۔ تیاگنا۔ ترک کرنا۔ (۳) پرہیز کرنا۔ بند بھیج کرنا۔

بازپُرس۔ ف۔ اسم مونث۔ محاسبہ تحقیقات۔ دریافت۔ پُوچھ گچھ۔

بازو۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) بھای۔ (۲) معاون۔ مددگار۔ سہایک۔

بازو دینا۔ ا۔ ف م۔ مدد دینا۔ مدد کرنا۔

بازی دینا یا کرنا۔ ا۔ ف م۔ مات دینا۔ ہرانا۔ جتینا۔ (۲) (بازی کرنا) نٹوں کا کلا کرنا۔ تماشا کرنا۔

بازی کھانا۔ ا۔ ف ل۔ مات کھانا۔ ہارنا۔ (۲) کبوتر کا گرہ کرنا۔

بازی لگانا یا بدنا۔ ا۔ ف م۔ شرط یا ہوڑ بدنا۔ شرط لگانا۔

بازی لیجانا۔ ا۔ ف ل۔ جیتنا۔ سبقت لے جانا۔ غالب رہنا۔

باسا کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ رات کی رات ٹھیرنا۔ بسرام کرنا۔ بسیرا کرنا۔

باشوق۔ ف ع۔ م ف۔ خوشی خوشی۔ شوق

کے ساتھ۔ بے روک ٹوک۔ خوشی بخوشی

باضابطہ آنا ۔ا۔ ف ل۔ عدالت میں حسب دستور رشوت لیکر آنا۔

باغ باڑی ۔ا۔ اسم مؤنث۔ (۱) پھلواڑی۔ آرائش (۲) آس اولاد۔ بال بچے

باغ باغ ہونا ۔ا۔ ف ل۔ بہت خوش ہونا۔ پھولا نہ سمانا۔ پھولے انگ نہ سمانا

باغ سبز دکھانا ۔ف م۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ دم دینا۔

باقاعدہ ۔ف ع۔ (۱) صفت۔ قرینہ کی۔ ترتیب وار۔ آراستہ۔ قاعدہ کے موافق۔ (۲) م ف حسب دستور۔ قرینہ سے۔ ترتیب سے۔

باقی ساقی ۔ف صفت۔ رہا سہا۔ بچا کھچا۔ بچا کھچا۔

باگ اٹھانا یا لینا ۔ہ۔ ف ل۔ گھوڑا دوڑانا۔ روانہ ہونا۔ چلدینا۔

باگ ڈھیلی چھوڑنا یا کرنا ۔ہ۔ ف م۔ گھوڑے کو اُسکی مرضی پر چھوڑ دینا۔ تاکہ خوب دوڑے (۲) کسی شخص پر تنبیہ نکرنا۔ مرضی پر چھوڑ دینا۔

باگ موڑنا ۔ہ۔ ف ل۔ (۱) گھوڑے کو اُلٹا پھیرنا۔ (۲) سیتلا کا اپنے گھر جانا چیچک کے دانوں کا مُرجھانا۔ ڈھلنا +

آج ماتا رانی نے باگ موڑی ہے۔

باگ ہاتھ سے چھوٹنا ۔ہ۔ ف ل۔ موقع کا ہاتھ سے نکل جانا۔ اختیار نہ رہنا۔

باگ ہاتھ سے چھوڑنا ۔ہ۔ ف م۔ تنبیہ نکرنا۔ دباغت نہ رکھنا۔

بالا بالا ۔ف م ف۔ الگ ہی الگ۔ چپکے ہی چپکے۔ بے اطلاع۔ بے کہے سُنے۔

بالا بالا ٹالنا یا دینا ۔ا۔ ف م (۱) آج کل کرنا۔ اوپر ہی اوپر ٹالنا۔ ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔ (۲) دم دینا۔ دم جھانسا دینا۔ بتّا دینا۔ دھوکا دینا۔

بالاتفاق ۔ف م ف۔ ایک زبان۔ ایک منہ۔ متفق ہوکر۔ ملکر +

بالا چاند ۔ہ۔ اسم مذکر۔ نیا چاند۔ ماہ نو۔ ہلال۔ دُوج کا چاند۔

بالادست ۔ف صفت۔ (۱) اعلےٰ۔ زبردست۔ بڑا۔ صدر۔ (۲) عمدہ نفیس۔ پاکیزہ۔ ستھرا +

بالائی مزے ۔ا۔ اسم مذکر۔ اوپری گلچھرے۔ چوری چھپے کے لطف۔

بالائی یافت یا پیدا ۔ف۔ اسم مؤنث۔

اُوپری آمدنی۔ رشوت۔ گھوس پچر +

بال اُترنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) اپنے آپ بالوں کا گر پڑنا یا جھڑ جانا (۲) مونڈن ہونا۔

بال آنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) بالوں کا نکلنا یا اُگنا ۔ (۲) (بال پڑنا) دراڑ آنا ۔ درز پڑنا۔

کہاں رہتی ہے وہ قیمت کہ جب چینی میں بال آیا

بال بال ۔ ہ ۔ م ف ۔ (۱) بال کی سٹائی کی برابر فرق ۔ جزوی فرق ۔ ادنیٰ سا تفاوت ۔ (۲) ہر ایک بال ۔ مُو بمُو ۔ ذرا ذرا ۔ بالکل ۔ سرتاپا ۔

بال بال گنہگار ہے

بال بال بچ گیا ۔ محاورہ ۔ مجھ میں اور آفت ناگہانی میں صرف بال کی سٹائی کے برابر فرق رہگیا تھا ۔ آفت کے قریب آکر بچا ہوں ۔ شیر کے مُنہ میں سے نکلا ہوں

بال بال دشمن ہوگیا ہے ۔ محاورہ ۔ ہر بیگانہ و بیگانہ دشمن بن گیا ہے ۔ ہر ایک بیر کرنے لگا ہے ۔

بال بال گج موتی پرونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ ہر ایک بال میں ہاتھی کی پیشانی کے نکلے ہوئے موتی جو بڑی دقت سے ہاتھ لگتے ہیں پرونا ۔ بھاری اور قیمتی سنگار کرنا ۔ ایڑی سے چوٹی تک اپنے تئیں سجانا ۔ خوب سنگرنا ۔

بال باندھا ۔ ہ ۔ صفت (۱) جسکے بال بندھے ہوئے ہوں ۔ بے قابو ۔ مطیع فرماں بردار ۔ اشارہ پر کام کرنیوالا +

بال باندھا غلام ہے

(۲) تیر بہدف ۔ حکمی ۔ قادر ۔ ٹھیک ۔ درست ۔

بال باندھا نشانہ لگاتا ہے

(۳) ہوشیار ۔ چالاک ۔ پورا ۔ کامل +

وہ بال باندھا چور ہے

بال باندھا ۔ ہ ۔ م ف ۔ فوراً ۔ اسیوقت ابھی ۔

وہ بال باندھا آتا ہے

بال باندھی کوڑی اُڑاتا ہے ۔ محاورہ تیر بہدف نشانہ لگاتا ہے ۔ ٹھیک نشانہ اُڑاتا ہے ۔ بڑا قادر انداز ہے ۔

بال بچّوں والی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) آس اولاد والی ۔ کنبہ دار ۔ (۲) (ہ عو) سیتلا ۔ چیچک ۔ ماتا ۔

بال بچّے ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ آس اولاد ۔ کنبہ ۔ قبیلہ ۔ جورو بچّے ۔

بال بدھ۔ اسم مونث۔ بچوں یا لڑکوں کی سی سمجھ۔ ناتجربہ کاری۔

بال برابر۔ ا۔ صفت (۱) ادنیٰ فرق۔ نہایت باریک (۲) ذرا سا۔ خفیف۔ تھوڑا سا + راحت ؎

بال بانڈھی ہوئی کہتی ہوں میں راحت سچ سچ
فرق باتوں میں میری بال برابر کیوں ہو؟

بال بنانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) چوٹی گوندھنا۔ سر کے بالوں کو خمدار بنانا۔ (۲) حجامت اصلاح یا سنوار بنانا۔

بال بیکا نہ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ بال بنکا یا بانکا نہ ہونا۔ بال ٹیڑھا نہ ہونا۔ ذرا سا بھی صدمہ نہ پہنچنا۔

چاکی چاکی سب کہیں مانی کہے نہ کوئے
(کبیر) جو مانی سے لگ رہا بال نہ بیکا ہوئے

بال پکنا۔ ہ۔ ف ل۔ بالوں کا سفید ہو جانا۔

بال چھتری۔ ہ۔ اسم مونث (۱) چندیا کے بال۔ (۲) شاہجہانی پگڑی۔

بال دینا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مردہ کا کریا کرم کرنے کے لئے سر کے بال اور مونچھیں بھویں وغیرہ کل بال منڈوانا۔ بھدرا کرانا (۲) (یورپ میں) مسلمان عورتوں کے بالوں کا تعزیہ کے سامنے ماتم کرتے وقت آگے پیچھے ہونا۔ ماتم کرنا۔ چھاتی پیٹنا۔

بال سفید ہونا۔ ا۔ ف ل۔ بڑھاپا آنا۔ ایام پیری کی نوبت پہنچنا۔

بال سے باریک۔ ا۔ صفت۔ (۱) بہت ہی مہین۔ بال سے پتلا۔ (۲) نہایت لاغر۔ بہت دبلا۔ پتلا۔

بال کا کنول بنانا / **بال کی بھیر بنانا** ہ۔ ف ل۔ چھوٹی سی بات کو بڑا سا کر کے دکھانا۔ بات کا بتکڑ کرنا۔ رائی کا پربت بنانا۔ سوئی کا پھاوڑا کرنا۔ پر کا کاگ بنانا۔ بہت جھوٹ بولنا۔ از حد مبالغہ کرنا۔

بال کی کھال کھینچنا یا نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) باریکیاں نکالنا۔ باریک باتیں نکالنا۔ موشگافی کرنا۔ (۲) حد درجہ کی چھان بین کرنا۔ نہایت تحقیق کرنا۔ (۳) جزو رسی کرنا۔ کوڑی بے جا حرف نہ ہونے دینا (۴) نہایت ہوشیاری کرنا

بال گوپال۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) لڑکے بالے۔ بال بچے۔ (۲) چیلے چانٹے مرید وغیرہ۔

بال لینا۔ ہ۔ ف م۔ مونڈنا۔ استرہ لینا

بال و پر نکالنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) اڑنے

کے قابل ہونا۔ پیر پیر سے نکالنا۔ (۲) حوصلہ پیدا کرنا۔ ہوش سنبھالنا۔ طاقتور ہونا۔ (۳) شریر ہونا۔ آفتِ روزگار بنا۔ چل نکلنا۔ نو دولتوں کے سے ڈھنگ اختیار کرنا۔ خراب عادتیں سیکھنا۔ (۵) بدمعاشی اختیار کرنا۔

بامن کی بیٹی کلمہ بھرے یا پڑھے محاورہ مسلمانیاں نہایت خوش ذائقہ اور سلونی چیز کی تعریف میں بولا کرتی ہیں یعنی یہ چیز ایسی عمدہ اور لذیذ پکی ہے کہ اگر برہمن کی بیٹی بھی کھائے تو اُسکے ذائقہ کے پیچھے اپنا دھرم چھوڑ دے۔

بامنی کھایا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ آدمی جسکی آنکھوں کی برنیاں ہمیشہ لال رہیں اور پلکیں گر گئی ہوں۔ صاحب سبل۔

بانا باندھنا۔ ہ۔ ف ل۔ مسلح ہونا۔ طیار و مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا۔ دعوٰی کرنا۔ شرط باندھنا۔

بانا باندھکر تو میں لڑتا ہوں

بانات کی حالت ۱۔ صفت۔ (بازاری) **بنات کی حالت** (۱) بانات کی مانند۔ لال۔ نہایت ہی سرخ۔ لال انگارا۔ لال رکت۔ بیہٹی۔ (۲) بہت موٹا۔ غفص۔ دبیز۔

بان پڑنا یا سیکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ عادت ہو جانا۔ عادی ہونا۔ ٹیو پڑنا۔

بانٹ چونٹ کر۔ ہ۔ م ف۔ دے دِلا کر۔ تقسیم کر کے۔

بانٹیلا بانٹیلے۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) حصّہ۔ بانٹ بٹ (۲) واسطہ۔ تعلق۔ علاقہ۔ (۳) کارن۔ سبب۔ حساب۔ وجہ +

لڑائی کا بانٹیلے کیا؟

باندھنا۔ ہ۔ فم۔ س ब (۱) اٹکانا۔ روکنا۔ پاؤں یا گلے میں رسّی ڈالنا۔ بند لگانا۔ کھینچنا۔ کسنا۔ گانٹھ یا گرہ لگانا۔ جکڑنا۔ کمر۔ پاؤں گٹھڑی یا گلا باندھنا

(۲) پابند کرنا۔ مقید کرنا۔ عقد نکاح کرنا شادی کر دینا +

اب اسکو باندھ دیا ہے اب کہیں نہیں جا سکتے

(۳) ڈھکنا۔ ڈھانپنا۔ کپڑا لگانا +

مرتبان کا منہ باندھکر رکھدو

(۴) چڑھانا۔ بٹھانا۔ جمانا۔ ملانا +

جوڑیا ہڈّی باندھنا

(۵) گوندھنا۔ سنوارنا۔ درست کرنا +

بال یا سر باندھنا

(۶) لگانا۔ دھرنا +

اسپرنیم کے پتے یا پلٹس باندھو
(۷) جوڑنا دست بستہ ہونا +
ہاتھ باندھے کھڑا ہے
(۸) لگانا - ترتیب دینا +
صف یا قطار باندھنا
(۹) بنانا - تعمیر کرنا - کھڑا کرنا - استادہ کرنا +
پُل باندھنا
(۱۰) بنانا - ڈول ڈالنا - شکل بنانا - وجود دینا + جیسے لڈو باندھنا
(۱۱) لگا دینا - جاری کر دینا +
روتے روتے آنسوؤں کا تار باندھ دیا
(۱۲) دکھا دینا - کھڑا کر دینا - پر گھٹ کر دینا ظاہر کر دینا +
ایسی نقل کرتا ہے کہ اُسکا سما باندھ دیتا ہے
(۱۳) لکھنا - لانا - بیان کرنا - نظم کرنا + سودا نے ٹک کو بہت جگہہ اپنے شعر نہیں باندھا ہے -
(۱۴) کھڑا کرنا - قایم کرنا - بنانا +
(میں آسماں ہے اُسی سے کھڑا یہ جل تھل ہے سب اُسکا باندھا ہوا (سودا)
(۱۵) سوچنا - جمانا - گھڑنا - بنانا +
کیا خیالات باندھ رہے ہو -
(۱۶) کرنا + ہمسے بیر باندھ کر کیا لوگے ؟
(۱۷) مقرر کرنا - ٹھیرانا +
کوئی وقت باندھ لو تو کام چلے +
(۱۸) لگانا - تجویز کرنا - مقرر کرنا +
محصول یا تنخواہ باندھنا
(۱۹) احاطہ کرنا - باڑ لگانا - گھیرنا - بنانا + مینڈ یا مورچہ باندھنا
(۲۰) جمانا - لگانا - آویزاں کرنا - لٹکانا + دھجا باندھنا
(۲۱) اُونچا اُٹھانا - کھولنا +
پردہ باندھ دو جو ہوا آئے
(۲۲) تاکنا - لگانا - بٹھانا - شست یا نشانہ باندھنا
(۲۳) کرنا - جی میں ٹھاننا - ٹھیرانا + نیت یا منصوبہ باندھنا
(۲۴) لگانا - اختیار کرنا +
جب معشیوں میں نوکری نہ ملی تو آخر چپراس باندھی -
(۲۵) بڈنا - لگانا - کرنا +
شرط باندھنا
(۲۶) منتر مارنا - ٹونا کرنا - اُڑ دیر پڑھکر مارنا - جادو کر دینا - اپنے بس میں کر لینا - بیکار کر دینا +
(۲۷) کڑھائی باندھنا

(۲) آگاس باندھیں پتال باندھیں گھر کی مٹی کھلی۔ مثل

(۲۷) تشبیہ دینا۔ نسبت دینا۔ مشابہ کرنا۔ اُوپچاں دینا۔

سب اُسکو سر و باندھے ہیں تو اُسکو تاڑ باندھ (انشاء) بوسہ کی گر ہوس ہے تو گرد اُسکے پاڑ باندھ

(۲۸) جانچنا۔ اُٹھانا۔ اینڈانا۔ برابر کرنا + دھڑا باندھنا

(۲۹) اپنے ذمہ لگانا۔ مقرر کرنا۔ لگانا + میاں اگھوڑے کا اب کیوں خرچ باندھتے ہو

(۳۰) لگانا۔ سجانا۔ آراستہ کرنا مسلح کرنا پانچوں ہتیار باندھ میدان میں آکھڑا ہوا

(۳۱) لگانا۔ دھرنا۔ ذمہ کرنا۔ تہمت یا بہتان باندھنا

(۳۲) گرفتار کرنا۔ مقید کرنا۔ پابجولاں کرنا۔ دھر لینا۔

یہ بڑے بدمعاش ہیں اِنکو بھی باندھ لو

(۳۳) سمیٹنا۔ اُٹھانا۔ جیب کرنا۔ لیجانا۔ یہاں نہیں کھایا جاتا تو باندھ لو گھر بال بچے کھائیں گے۔

باندھنو ہ۔ اِسم مذکر۔ (۱) ایک قسم کی بندش کہ کپڑا رنگنے کے وقت لگائی جاتی ہے۔ (۲) ایک قسم کا کپڑا جسمیں رچتیاں پڑی ہوئی ہوتی ہیں۔ (۳) بندش۔ سازش۔ افترا۔ بناوٹ۔ گھڑت (۴) تہمت۔ الزام۔ تھدا (۵) پیش بندی۔ خیالی بات۔ (۶) تدبیر۔ تجویز۔ منصوبہ

باندھنو باندھنا ہ۔ ف م۔ (۱) بندش باندھنا۔ سازش کرنا۔ گھڑت یا بناوٹ کرنا۔ (۲) منصوبہ باندھنا۔ خیال پکانا۔ پیش بندی کرنا۔ (۳) الزام لگانا۔ اتہام دھرنا۔

بان ڈالنا ہ۔ ف م۔ عادت ڈالنا۔ سدھانا۔ خوگر کرنا۔

بانڈی باز ہ۔ اسم مذکر۔ لٹھ باز۔ لڑاکا۔ شورہ پشت۔ فسادی۔

بانڈی چلنا ہ۔ ف ل۔ لکڑیوں سے لڑائی ہونا۔ لٹھ چلنا۔ مار پیٹ ہو جانا۔

بانسا پھر جانا ہ۔ ف ل۔ ناک کے بانسے کا ٹیڑھا ہو جانا۔ جو مرتے وقت ہو جایا کرتا ہے۔ مرنے کے آثار دکھائی دینے جانا

بانس پر چڑھانا ہ۔ ف م۔ (۱) نٹ گری سکھانا۔ نٹ بنانا۔ (۲) ایک عالم کو دکھانا اور سنانا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ نکو کرنا

بانس پر چڑھنا ہ۔ ف ل۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ برائی کے ساتھ مشہور ہونا۔

بانس ٹوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ بانسو نسے پٹنا۔ خوب پٹنا۔

بانسوں اُچھلنا۔ ہ۔ ف ل۔ بانس کی لمبائی کے برابر اُونچا اُچھلنا۔ مارے خوشی کے کودنے لگنا۔ نہایت مگن ہونا

بانکا۔ ہ صفت۔ س بانکا (پ) ونکم (۱) مڑا ہوا۔ جھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔ (۲) اکڑباز۔ اینٹھو۔ اینٹھے خاں۔ سرکش (۳) سرکش۔ متمرد۔ منحرف۔ پھرا ہوا + زباں شیریں ملک گیری۔ زباں ٹیڑھی ملک بانکا۔ مثل (۴) صورسیر۔ دل چلا۔ دل والا۔ ڈٹ کر دم والا۔ (۵) البیلا۔ رنگیلا۔ رسیلا + دلیا۔ چٹک چھبیلا۔ بانکا تروریا + موسے نین ملاوت بار بار + (ٹھمری) (۶) طرحدار۔ وضع دار۔ خوش وضع۔ (۷) چنچل۔ اچپل۔ شوخ۔ شریر۔ (۸) موہنی۔ فریفتہ کرنیوالا۔ معشوق۔ من موہن۔ (۹) بے باکانہ گفتگو کرنے والا۔ بیباک منڈ (۱۰) خودنما۔ نمودیا۔ (۱۱) شہدا۔ بدلگام۔ لچا۔

بانک بگڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (ع ص) بنا بنایا کام بگڑنا۔ بیوہ یا رانڈ ہو جانا۔

میرا بانک بگڑ گیا چاہے سو کہلے

بانک بنا۔ ہ۔ ف ل۔ موقع بنا۔ اتفاق لگنا۔ سنجوگ بنا۔ اوسر ملنا + (ع ص)

بانک بنا تو میں بھی آؤں گی

بانکپرو۔ ہ۔ صفت۔ (۱) بانکر جو اُونچی اور سخت زمین ہے اُسکا رہنے والا۔ (۲) اکھڑ۔ اُجڈ۔ احمق۔ بے تمیز۔ (۳) بدشکل۔ بھونڈی شکل کا۔

بانہ۔ س باہو۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) ہاتھ۔ بازو۔ آستین۔

ٹوٹی بانہ گلے پڑی + مثل (۲) مدد۔ سہارا۔ سہائتا۔ (۳) پرورش کرنیوالا۔ مربی۔ حمایتی۔ دستگیر۔ حامی

بانہ بل نہ زور بل مثل (۴) ذمہ دار۔ ضامن۔ کفیل۔ (۵) طاقت قوت۔ زور۔ بل۔

بانہ بل۔ محاورہ (۱) زور بازو۔ قوت بازو۔ (۲) معاون۔ مددگار۔ سہایک

بانہ بلند ہے۔ محاورہ۔ صاحب اختیار ہے۔ مختار ہے۔

سخی کی بانہ بلند ہے مثل

بانہ پکڑنا / **بانہ گہنا**۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مدد کرنا۔ دستگیر ہونا۔ مربی بنا۔

سرپرستی کرنا۔

بانہ ٹوٹ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ مُربّی یا سرپرست مرجانا۔ مددگار جاتا رہنا۔
برابر کی بانہ ٹوٹ گئی

بانہ دینا۔ ہ۔ ف م۔ مدد دینا۔ تقویت کرنا سہارا دینا۔

بانہ گہے کی لاج۔ محاورہ۔ دستگیری کی شرم آپ ہی کو ہے۔ دامن پکڑنے کا لحاظ تمہیں کو ہے۔

بانہیں چڑھانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) آستین سمیٹنا۔ (۲) لڑنیکو تیار ہونا۔ (دیکھو آستین چڑھانا) (۳) دھمکانا۔ ڈرانا۔

بانی۔ ہ۔ اِسم مونث۔ س۔ (۱) آواز۔ صدا۔ زبان۔ لب ولہجہ۔ گفتگو۔ کلام۔ (۲) اصول قاعدہ۔ (۳) شہرہ شاہی فقیروں کے مقرری فقرے دوہرے۔ (۴) سرستی۔ خدا کا علم۔ بدیا دیوی۔

بانی ع۔ اِسم مذکّر۔ (۱) بنانیوالا۔ ایجاد کنندہ۔ موجد۔ بُنیاد ڈالنے والا۔ کرتا (۲) نکاس۔ چشمہ۔ ذریعہ۔ منبع۔ مادّہ (۳) کارن۔ سبب۔

بانی فساد۔ ع۔ اِسم مذکّر۔ جھگڑا کروانیوالا۔ پس کی گانٹھ۔ فتنہ انگیز۔ جھگڑے کی جڑ۔ سرغنہ۔ سرگروہ۔ سرمنشا۔

بانی کار۔ ع ف۔ صفت۔ (۱) تیز دست چالاک۔ ہوشیار۔
جتنے نوکر ہیں اُسکے خدمتگار۔
فن مزدری میں سب ہیں بانی کار۔ (سودا)
(۲) حرامزادہ۔ شریر۔ دغاباز۔ لُنگا لڑا مُتقنّی۔

باوا۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ (۱) باپ۔ پدر۔ (۲) اُستاد۔ گرو۔ حرامزادہ۔ شریر۔
یہ اُنکا بھی باوا ہے

باوا آدم۔ ہ۔ ف۔ اِسم مذکّر۔ (۱) آدم علیہ السلام۔ مہادیو جی۔ (۲) سیر دھرا مربی۔ ولی خنگر۔
میاں! تمہارا تو باوا آدم ہی نرالا ہے

باؤ باندھنا۔ ہ۔ ف م (پورب) خوشامد کرکے اپنا مطلب نکالنا۔ بڑھاوے چڑھاوے دیکر کام نکالنا۔ دوسرے کو بناکر اپنا کام نکالنا۔ ہجو ملیح کے ساتھ کام نکالنا۔

باؤ بندی۔ ہ۔ اِسم مونث۔ من گھڑت خیالی پلاؤ۔ بے بنیاد بات۔ گھڑت۔ (۲) دھوکا۔ فریب۔ دم جھانسا۔

باؤ بھری کھال ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (نظم) آدمی جو ایک ناچیز اور حقیر شے ہے ۔ انسان

باؤ بھڑکنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) دیوانہ ہونا ۔ باولا بننا ۔ سودائی ہو جانا ۔ (۲) واہی تباہی بکنا ۔ بکواس لگنا ۔ (۳) لڑنے اور جھگڑنے کو آمادہ ہونا ۔ بات بات میں بگڑنا +

باؤ پر آجانا ۔ ہ ف ل دماغ میں ہوا بھر جانا دماغ جل جانا ۔ متکبر ہو جانا ۔ ؎ کیوں سلاطین زمانہ آگئے ہیں باؤ پر تخت باؤ تاؤ جب تخت سلیماں ہو گیا ۔ (ناسخ)

باؤ ٹاؤ اڑانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (بازاری) خوب پیٹنا ۔ ٹھیک بنانا ۔ پیس ڈالنا ۔ کچلا ڈالنا ۔ رائتا کرنا ۔ بھرکس نکالنا ۔ قیمہ کرنا ۔ کسی دن داؤں پر چڑھ گئے تو باؤ ٹاؤ اڑا دونگا ۔

باؤ جھک یا باؤ بھک ۔ اسم مؤنث ۔ ہرزہ گوئی ۔ بیہودہ گوئی ۔ بکواس ۔ سودا ۔

باؤ ڈنڈی پھرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (ہ ۔ عو) واہی تباہی بکنا ۔ ڈانواں ڈول پھرنا ۔ ٹاک پھاند تکتے یا چھانتے پھرنا ۔

باؤ سڑنا یا آنا ۔ باسی یا باؤ سڑنا ۔ ہ ف ل ۔ باد آنا ۔ گوز آنا ۔ ریح کا خارج ہونا

باؤ کے گھوڑے پر سوار ہونا ۔ ہ ۔ ف ل (۱) ہوا کی طرح تیز رفتار بننا (۲) متکبر اور مغرور ہونا ۔ خود بیں ہونا ۔ سرکش ہونا

باؤلی دینا ا ۔ ف م ۔ (۱) (صیاد) شکاری پرندے کو دوسرے جانور پر چھوڑ کر تیز کرنا ۔ سدھانا ۔ سکھانا ۔ (۲) بھڑی دینا ۔ بھڑکی دینا ۔ جرات دینا ۔ دلیر بنانا ۔ ہمت بڑھانا ۔

باون بیر باون گز کا ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ متقی ۔ خطرتی ۔ فتنہ پرداز آفت کا پرکالہ لنکا میں سے جو نکلے سو باون گز کا ۔ مثل

باہا پڑنا ۔ بانگڑ اپڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (ہ عو) واسطہ ہونا ۔ معاملہ پڑنا ۔ باٹ جلے جانئے یا باہا پڑے پہچانئے مثل

باہا ڈالنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ معاملہ کرانا ۔ متعلق کرنا ۔ ایسے کے سنگ تو پر مشیر باہا نہ ڈالے

باہر ۔ ہ ف ۔ س बहिर (۱) بیرون ۔ اندر کے خلاف (۲) علیحدہ ۔ جدا الگ ۔ خاطر جمع رکھو ہم کسی بات سے باہر نہیں ہیں (۳) غیر جگہ ۔ غیر ملک ۔ پردیس ۔ مسافر

باہر بھیتر جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (ہ عو) (۱) اندر باہر جانا ۔ (۲) ادھر اُدھر یا ملنے جلنے جانا ۔ ملاقات کو جانا ۔ سیر تماشے کو جانا

باہر جانا۔ ہ۔ ف ل (۱) سفر کو جانا۔ پردیس جانا۔ (۲) (دیہات) پیخانہ جانا۔ ٹٹی جانا۔ جنگل جانا۔ (چونکہ دیہات میں باہر یعنے جنگل میں ہی عورتیں پیخانہ جایا کرتی ہیں اسواسطے یہ محاورہ ہوگیا ہے) (۳) حد سے نکلنا۔ پردیس جانا۔ گھر سے یا سوانہ سے گزرنا۔

باہر کا۔ ہ۔ صفت (۱) اجنبی۔ غیر۔ اوپری باہر کے کھاویں گھر کے گاویں۔ مثل (۲) دیہاتی۔ دہقانی۔ اجڈ۔ گنوار۔

باہر کے۔ ہ۔ م ف۔ ماسوائے۔ علاوہ بریں۔ چھوڑ۔

باہر کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دھنکار نکالدینا۔ چٹخانا۔ (۲) شراکت یا ورثہ سے علیحدہ کردینا۔ (۳) ذات سے نکالنا۔ برادری سے خارج کردینا۔ (۴) طلاق دینا۔ تیاگنا۔ دھدم کرو بھئی دھرم کرو گھر کی جورو باہر کرو۔

باہر کی بُو۔ و۔ اسم مؤنث۔ گنوار پن۔ دہقانیت۔

باہر کی پھرنے والی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ اندر باہر کی جانے والی۔ بے پردہ عورت۔ گلی بازار میں پھرنے والی۔ نوکر۔ چاکر۔

باہر والا۔ باہر والی۔ ہ۔ اسم۔ (ہ عو) بھنگی۔ خاکروب۔ مہتر۔ چوہڑا۔ بھنگن۔ مہترانی۔

بایاں بولنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کہیں آتے جاتے وقت تیتر کے بائیں طرف بولنے کو کام بننے کی علامت خیال کرتے ہیں۔ اچھا شگون ہونا۔ (۲) فتح ہونا۔ جیتنا۔ کام بننا۔

بایاں پیر یا پاؤں پوجنا۔ ہ۔ ف ل۔ کمال کا قایل ہونا۔ بڑا جاننا۔ ماننا۔ (۲) کیمیا۔ عیاری۔ فیلسوفی۔ شرارت یا بدذاتی کا مقر ہونا۔

مجھکو پھنسوا کے خوب دیکھی سیر۔
(شوق) پوجے آپکا بھی بایاں پیر۔

(۳) ہار ماننا۔ شکست کھانا۔ قائل ہونا۔ لوہا ماننا۔

بائیسی ٹوٹنا۔ ہ۔ ف م۔ تمام فوج سے حملہ کرنا۔ اپنا تمام زور لگا دینا۔ (سلطنت مغلیہ کے زمانے میں شاہی جلوس کے ساتھ بائیس ۲۲ صوبوں کی فوج رہا کرتی تھی۔ اسکو بائیسی کہتے تھے۔ اسوقت سے بائیسی ٹوٹنے کے معنی کل فوج کے دھاوا مارنے کے ہوگئے ہیں)

بائیں بائیں کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بیہودہ بکنا۔ بکواس کرنا۔ کائیں کائیں کرنا۔ (۲) غل مچانا۔ چلانا۔ شور کرنا۔ (۳) پوچ

بھید کھولنا - ظاہر کرنا - اِفشا کرنا -

بباد اُٹھانا - ہ - ف م - فتنہ اُٹھانا - فساد برپا کرنا - مقدمہ کھڑا کرنا - جھگڑا اُٹھانا -

بیادی ہ - صفت - جھگڑالو - مفسد - فتنہ پرداز -

ببریاں چھوڑنا - ہ - ف ل - لٹیں بڑھانا - زُلفیں چھوڑنا - یار رکھنا -

ببول کے پیڑ بونا - ہ - ف م - ایسی بات کرنا جسکا نتیجہ بُرا ہو - بُری کرنی کرنا - کرنی کرے تو کیوں ڈرے اور کرکے کیوں پچھتائے (دوہا) بوئے پیڑ ببول کے تو آم کہاں سے کھائے

پٹنا پڑنا - ہ - ف ل - (۱) مصیبت آنا - بپتھا پڑنا - راہ چل پر پیتا پڑی جھوٹی مچھلی جل میں بڑی + مثل (۲) (ہ عو) خاوند مرجانا - رانڈ یا بیوہ ہو جانا -

بپھرنا - ہ - ف ل - س **विपरीत** (۱) پھر جانا - خلاف ورزی کرنا - باغی ہونا - سرکشی کرنا - نافرمانی کرنا - (۲) مچلنا - ضد کرنا - کھور ولانا - (۳) طیش میں آنا - غضب ناک ہونا - آگ بگولا ہونا - جھلانا (۴) لڑنیکو تیار ہونا - سر ہونا - (۵) جوش میں آجانا - ٹھنا جانا - قابو سے باہر ہونا - (۶) بدکنا - چمکنا - اُچھلنا -

بُت - ف - اِسم مذکر - (۱) مُورت - پرتما - (۲) صنم - معشوق - دلارام (۳) بیوقوف - احمق - (۴) (جواری) وہ تختہ جسکو اڈا رکھکر جواری کوڑیاں اور پانسہ پھینکتے ہیں (۵) گھونسا - مُکا - (۶) (صفت) گم صُم - بالکل چُپ چاپ - (۷) بیہوش - مدہوش

بِت - ہ - اِسم مؤنث - (۱) بساط - طاقت - بل - امکان - توفیق + دان بت سمان مثل (۲) پہنچ - اختیار - قابو - (۳) روپیہ - دولت - مال متاع -

بتّا دینا - بتولا دینا - ہ - ف م - (۱) فریب دینا - دھوکا دینا - (۲) ٹالنا - حیلہ حوالہ کرنا - بہانہ کرنا -

بتاسے کیطرح بیٹھ جانا یا گھل جانا ہ - ف ل **بتاسا سا گھلنا** - غم یا بیماری کے مارے دفعتہً دُبلا ہو جانا - یکایک بہت دُبلا ہو جانا -

بتانا - ہ - ف م - س **वद** کلام کرنا (۱) کہنا - بیان کرنا - (۲) نام لینا - موسوم کرنا - نام رکھنا - (۳) جتانا - آگاہ کرنا - واقف کر دینا - (۴) عیاں کرنا - ظاہر کرنا - عام کرنا - (۵) اِفشا کرنا

کھولنا۔ بھید کھولنا۔ (۶) سکھانا۔ پڑھانا۔ (۷) اشارہ کرنا۔ سیں کرنا۔ آنکھ مارنا۔ کنایہ کرنا (۸) دکھانا۔ سمجھانا۔ رہنمائی کرنا اندھے کو اندھا کیونکر رستہ بتائے۔ مثل (۹) کام پر لگانا۔ کام دینا۔ (۱۰) راگ کو ہاتھ یا آنکھ کے اشاروں سے ظاہر کرنا۔ نرت کرنا۔

کبھی ناچنا اور گانا کبھی
رجھانا کبھی اور بتانا کبھی (میر حسن)

(۱۱) ٹھیک بنانا۔ درست کرنا۔ پٹینا۔ گوشمالی دینا۔

نہیں مانتا تو آکر بتاؤں!

بت بنا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ دروغ گو۔ جھوٹی جھوٹی باتیں بنانے والا۔ باتونی۔ لسّان۔

بُت بنّا۔ بُت ہو جانا۔ ف ل۔ (۱) مورت کے موافق گم صم ہو جانا۔ چُپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔ (۲) بیہوش ہو جانا + نشہ میں بُت ہو گیا۔

بتّرانا۔ بدرانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) عیب نکالنا۔ بُرائی نکالنا۔ مو شگافی کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ خواہ مخواہ دوسرے کے کام کو ناک مارنا۔ (۲) جھوٹا بنانا۔

جھٹلانا۔

بتولے میں آنا۔ ف ل۔ دھوکا کھانا۔ جل میں پھنسنا۔

بتّھا۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) دلسوز و رقّت انگیز قصّہ۔ غمگین واقعہ۔ دُکھڑا۔ بپتا۔ ملاپ کی کھانی۔ (۲) آفت۔ مصیبت سختی۔ دُکھ۔

بتّی۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) فتیلہ۔ شتابہ۔ چراغ میں بتّی پڑی اور لاڈو میری سیج چڑھی۔ مثل (۲) شمع۔ (۳) سرکنڈوں کا مُٹھا (۴) قلم۔ زخم کے اندر رکھنے کی سلائی۔ شیافہ (۵) پگڑی کے اوپر کا بٹا ہوا پیچ۔ بند

بتّی چڑھانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) فانوس یا کنول وغیرہ میں چربی کی بتّی لگانا۔ (۲) دوا کی بتّی بنا کر زخم کے اندر رکھنا

بتّی دِکھانا۔ ف م۔ (۱) آگ دکھانا۔ داغنا۔ جلانا۔ پھونک دینا۔ (۲) روشنی دکھانا۔

بتّیس دانت کی بھاکا یا بھکیا۔ محاورہ کہنا۔ کوسنا۔ سراپ۔

بتّیس دانت کی بھکیا اُدھر سے نہیں جانے کی۔

بتّیس دھار ہو کر نکلنا۔ ہ۔ ف ل (دعائے بد) بتّیس زخم (یا) کی راہ سے نکلنا۔

پھوٹ پھوٹ کر نکلنا +
ہمارا کھلایا پلایا تیرے بتیس دھار ہو کر نکلے

بتی لگانا - ہ - ف م - (۱) شمع وغیرہ میں بتی چڑھانا (۲) آگ لگانا -

بتیسی بجنا - ہ - ف ل - سردی کے مارے دانتوں کا باہم لڑنا یا ٹکرانا - نہایت سردی لگنا -

بتیسی بند ہو جانا - ا - ف ل - دانتوں کا بھنچ جانا - منہ بند ہو جانا - دانتی لگ جانا - بول نہ سکنا -

بتیسی دکھانا - ہ - ف ل - دانت دکھانا - منہ پھاڑنا - دانت بادینا - واہی تباہی ہنسنا - بیہودہ طور سے ہنسنا -

بٹ - ہ - س - बट बाँटना (۱) قسمت - حصہ - بھاگ - (۲) پیچ - بل - پیٹ کی سلوٹیں - (۳) راہ - رستہ (۴) تولنے کے اوزان - وزنہ -

بٹا - ہ - اسم - مذکر - (۱) کمی - افزونی کے خلاف (۲) فرق - تفاوت - (۳) کھوٹ - چھیچ - (۴) دھبہ - الزام - بدنامی - داغ - کلنک کا ٹیکا + (۵) نقصان - گھاٹا - کٹوتی - کمی + (۶) مصالح وغیرہ پیسنے کا گول پتھر (۷) زر و زیور یا پان وغیرہ رکھنے کا صندوقچہ - ڈبا (۸) گول مول چھوٹا سا شیشہ (۹) بازی گر کی گول ڈبیا +

بٹا دینا - ف ل - (۱) گھاٹا اٹھانا - نقصان حاصل کرنا - (۲) کمی کو پورا کرنا

بٹا لگانا - ہ - ف م - (۱) کٹوتی کاٹنا - نقص یا کھوٹ یا بھاؤ کی کمی کا عوض لینا (۲) عیب لگانا - بدنام کرنا +

بٹا لگنا - ہ - ف ل - (۱) کٹوتی کٹنا نقص یا کھوٹ کا عوض دیا جانا - (۲) ساکھ بگڑنا - حرف آنا - کلنک لگنا +

بٹانا - ہ - ف م - بس बट (۱) بانٹنا - بانٹ لینا - تقسیم کر لینا - (۲) کھینچنا - پراگندہ کرنا - دور کرنا - ہٹانا +
کیوں دھیان بٹاتے ہو؟

بٹاؤ - ہ - اسم مذکر - (۱) (بٹیو) راہگیر مسافر - (۲) غیر - اجنبی - بیگانہ +
سیکھے گا تاؤ کا کٹے گا بٹاؤ کا مثل

بٹنا - ہ - ف ل - (۱) بل دینا - اینٹھنا - (۲) کمانا - حاصل کرنا -
(۳) بیچکر وصول کرنا - کھٹنا -
(۴) (بٹ جانا) تقسیم ہو جانا - حصہ میں آجانا -

(۵) پریشان ہو جانا۔ تتر بتر ہو جانا۔ اِدھر اُدھر ہو جانا۔ چلے جانا۔

خواصیں جو تھیں رو بر و ہٹ گئیں
بہانے سے ہر کام کے بٹ گئیں (میر حسن)

(۶) خیال کا ایک طرف سے دوسری طرف ہو جانا۔ بٹ جانا۔

جہاں دھیان بٹا پھر کچھ سمجھ میں نہیں آتا

بٹواسا ۔ ہ۔ صفت۔ (۱) چھوٹا۔ بونٹا سا۔ مٹکنا سا + بٹوا سا قد

(۲) گول اور چھوٹا۔ غنچہ سا +

بٹوا سا منہ

بٹھانا۔ بیٹھانا۔ بٹھلانا ۔ ہ۔ ف م ۔ س **उपविष्ट** (۱) دھرنا۔ رکھنا جمانا (۲) گرمی پہنچوانا۔ سیوانا +

انڈوں پر بٹھانا

(۳) (عو) بچے کو پاؤں پر بیٹھا کر پیخانہ پھروانا۔ سُسکارنا۔

چھورے کو بیٹھالے نا نہیں لہنگا بگاڑیگا
(ساس بہو سے کہتی ہے)

(۴) جگہہ دینا۔ بیٹھنے کو کہنا۔

(۵) اُتارنا۔ ٹھیرانا۔ ٹکانا۔ چوکسی کرانا

(۶) بسنے دینا۔ رہنے دینا۔ قایم رکھنا ٹھیرنے دینا +

یہ دو دل کو یکجا بٹھاتا نہیں
کسی کا اسے وصل بھاتا نہیں (میر حسن)

(۷) نگہبانی کرانا۔ پہرہ دار مقرر کرنا +

(۸) مقرر کرنا۔ لگانا۔ مامور کرنا معیر کرنا۔ کام پر لگانا۔

(۹) جڑنا۔ چسپاں کرنا۔ جمانا۔ بٹھانا۔

(۱۰) اُتارنا۔ داخل کرنا۔ لگانا +

پُرزہ بٹھانا

(۱۱) کسی مدرسہ مکتب یا کارخانہ میں کسی لڑکے کو داخل کرنا۔ کسی پیشہ والے کے ہاتھ تلے رکھنا۔ علم ہنر یا کوئی پیشہ سکھانا۔ شاگردی میں دینا۔

یہ جو خراب پھرتا ہے اس سے تو اسے کسی کی دوکان پر ہی بٹھا دو

(۱۲) محصول لگانا۔ مقرر کرنا۔ کر لگانا۔ تجویز کرنا۔

(۱۳) وصول کرنا۔ اِکٹھا کرنا۔ اُگاہنا۔ انبوہ بھی گاؤں میں سے بڑی جمع بٹھا دے ہے

(۱۴) تخت نشین کرنا۔ راج گدی دینا۔

(۱۵) دل نشین یا ذہن نشین کر دینا۔ دل پر نقش کر دینا۔ جما دینا۔

جانے کسی نے میری طرف سے اُسکے جی میں کیا بٹھا دیا ہے

(۱۶) کراؤ کر دینا۔ گھر میں ڈالدینا +
کہہ بھیا بھولے کیتگھے بیٹھا آیو
(۱۷) گوارا رکھنا۔ شادی نکرنا۔ شادی کے بعد سسرال نہ بھیجنا + (عو)
بی اپنی بچی کو بٹھا رکھنا مجھے منظور ہے پر ایسے عیاش کو تو کبھی نہیں دونگی (م عو)
(۱۸) فراہم کرنا۔ جمع کرنا۔ بٹلے کرنا۔ جوڑنا
یہیں پنچایت بیٹھا کر مٹا مچکالو کچہڑی کیا دودھ دیگی۔ چلو سود و سو کو نا ٹٹے ناہی + (زمیندار)
(۱۹) جما دینا۔ سخت کر دینا۔ گاڑھا کرنا۔
پارہ بٹھانا
(۲۰) گلتھی ہو جانا۔ چانو لونکا اچھی طرح سے نہ کھلنا +
میاں! کیا پکائے سارے چاول بٹھا دئے
(۲۱) شیرہ بنا دینا۔ پتلا کر دینا۔ ڈھیلا کر دینا۔ نرم کر دینا +
پروانے گڑ بٹھا دیا
(۲۲) ٹھوسنا۔ دبانا۔ داب داب کر بھرنا
(۲۳) گھٹانا۔ کم کرنا۔
(۲۴) یکساں کرنا۔ برابر کر دینا۔ چورس کر دینا۔

جتنے یہ روڑے پتھر نکلے ہوئے ہیں سبکو بٹھا دو
(۲۵) ڈھا دینا۔ غارت کرنا۔ مسمار کرنا
ڈھا[1] ڈنشاہ نے لاکھوں مکان بٹھا دئے
(۲۶) اندر کو کر دینا۔ دھا دینا +
ایک گھونسے میں ناک بٹھا دونگا
(۲۷) اُبھرنے نہ دینا۔ پنپنے نہ دینا +
کائیوں نے ہند کے اکثر تاجروں کو بٹھا دیا
(۲۸) گھلانا۔ دُبلا کرنا۔ توڑنا۔ مار دینا +
بھائی کے مرنے نے بٹھا دیا
(۲۹) چکرا دینا۔ بیہوش کر دینا +
ایک لاٹھی میں بٹھا دیا
(۳۰) جمانا۔ لگانا۔ صحیح کرنا۔ دینا۔ مارنا۔
ایک ایسا چپت بٹھایا کہ آنکھوں کے نیچے اندھیرا آگیا
(۳۱) ڈبانا۔ غرق کرنا +
طوفان نے جہاز بٹھا دیا
(۳۲) تباہ و برباد کر دینا۔ ناس کرنا۔
ہندوستان کو انگلستان کی صنعت نے بٹھا دیا
(۳۳) ترتیب سے کرنا۔ سریانا۔ لگانا۔
(۳۴) جگہ بسر کرنا۔ درست کرنا +

[1] جاٹ گوجروں وغیرہ اور دیگر چھوٹی ہمدرد قوموں میں دستور ہے کہ اپنے بیٹے کے مرنے کے بعد اُسکی بہو کا اگر اپنے ہاں کوئی کام میں لانے والا نہو تو اپنی قوم والے دوسرے آدمی کے ساتھ اپنا بھلا صرف لیکر کراؤ کر دیتے ہیں۔ ۳۔ بٹہ کا بڑا بھاری طوفان جو ۱۸۷۵ء میں ہندوستان کے اکثر حصوں میں آیا تھا جس نے لاکھوں مکان غارت کر دئے تھے۔

باموقع کرنا۔ لگانا۔
جوڑ بٹھانا
(۳۵) پھیلانا۔ نکالنا۔ لگانا۔ درست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔
میزان یا حساب بٹھانا
(۳۶) نتیجہ نکالنا۔ اُتارنا۔ تولنا۔
من کا اِکتالیس سیر بٹھاتا ہے
(۳۷) (جواری)۔ داؤں پر رکھنا۔ بدنا لگانا۔ اڑنا۔
داؤں آجائے تو میں تو گھر تک بٹھادوں
(۳۸) (جواری) گروی دھرنا۔ گرو رکھنا رہن کرنا۔ گہنے دھرنا۔
میاں! پتیلی کو بٹھا کر بتو چار گنڈے لاؤ!
(۳۹) (جواری)۔ ہارنا۔ کھونا
یاروں نے تو سب بٹھا دیا ایک گنڈا اور رہگیا ہے
(۴۰) (حلوائی) کھپانا۔ لگانا۔
فلانا سیر بھر آٹے میں سیر بھر گھی بٹھا دیتا ہے

بٹہ سے دیدے ۔ ا۔ اِسم۔ بڑی بڑی آنکھیں۔ گاؤ دیدہ۔

بٹیا ۔ ہ۔ صفت۔ اِسم مؤنث۔ (۱) چھوٹی سی راہ۔ پگ ڈنڈی۔ (۲) ناریل کی گری۔ (۳) پستاں۔ چوچی۔ چھاتی۔ (۴) چھوٹا سا گول سول پتھر کا ٹکڑا

بٹیے باز ۔ و۔ اِسم مذکر۔ (۱) بھانتی۔ بازی گر۔ مداری۔ شعبدہ باز (۲) مکار۔ فریبی۔ چھلیا۔ ٹھگ۔ پاکھنڈی

بٹیر کا بہ جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ دانہ نہ ملنے کے سبب بٹیر کا دُبلا ہو جانا۔ پتلا حال ہونا

بٹے کھاتے ۔ ہ۔ م ف۔ ناقابل وصول غیر وصولی۔ نہ بٹنے جوگ۔

بجا۔ ف م ف۔ (۱) ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔ سچ۔
بجا کہے جسے عالم اُسے بجا سمجھو (ذوق)
زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو+
(۲) مناسب۔ اُچت۔ شایاں۔ زیبا
(۳) طنزاً۔ درست۔ ٹھیک۔ ناواجب لغو۔ بیہودہ۔

بجار۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ (۱) سانڈ (۲) زور آور۔ زبردست۔ (۳) مست۔ مدماتا۔ سانڈ

بجالانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا (۲) تعمیل کرنا۔ عمل میں لانا۔

بجانا۔ ہ۔ ف م۔ س वद آواز کرنا+
(۱) کسی باجہ میں سے آواز نکالنا+
غرور حسن پر ناحق وہ ہم سے جھانج کرتا ہے
یہ نوبت چند روزہ ہے بجائے جسکا جی چاہے (کامل بیگم)
(۲) کسی چیز کو اُسکی آواز کے ذریعہ سے اچھا

بُرا جاننا - کھوٹا کھرا دریافت کرنا - پرکھنا - روپیہ کو ٹکٹکی چڑھانا +
دمڑی کی ہنڈیا لیتے ہیں تو ٹھوک بجا کر لیتے ہیں اور یہ تو آدمی کا سودا ہے مثل
(۴) کام میں لانا - عمل میں لانا - بنا ہنا +
گلے پڑے بجائے سدھ مثل
(۵) مارنا - لگانا - پٹینا +
(۶) (انیرٹھ) حکم چلانا - فرمانا +
بیٹھا حکم چلا وے ہے
(۷) (بازاری) عورت کو رکھنا - ہم بستر ہونا - دھنّا +
(۸) مارنا - لگانا - چھوڑنا - چلانا +
گولہ بجانا

بجد ہونا - ا - فل - (۱) اڑنا - ضد کرنا ہٹ کرنا - (۲) مجبور کرنا - دبانا - مُصر ہونا - سر ہونا +

بجّر - بجَر - ہ - اسم مذکر - س **वज्र** (۱) بڑا سخت پتھر - ہیرا - الماس - (۲) لوہا + چندن کی کوٹھری بجّر کے کواڑ + کھانی (۳) بجلی - برق - گاج +
پیو درس کی بھیک نہ پائی - بجّر پڑو یا دیس رے + ٹھمری مخیر

بجّر - ہ - صفت - (۱) سخت کڑا + (۲) بھاری وزنی سنگین - بوجھل + (۳) سست کاہل - مٹھا - مریل -
ہے اتنا چلنے میں بجّر یہ بدذات نہیں ہاتھی صعوبت کی ہے یہ رات سودا
(۴) مشکل کٹھن دشوار - دوبھر -

بجلی بسنت - ہ - اسم مؤنث - (۱) نہایت رُت کی بجلی جو اور موسموں کی نسبت زیادہ کڑکتی ہے (۲) چالاک گھوڑے سوار - تیز - بادرفتار + (۳) خوفناک - رُعب والا - ڈراؤنا + (۴) لڑائی کروانیوالا - آگ لگاؤ +
چھوٹی نند انگیا کا بند بڑی نند بجلی بسنت مثل

بجلی پڑے لوٹے یا گرے - ہ -
ندا و ندبہ - بددعا - چولھے میں پڑے - غارت ہو - آگ لگے +

بجلی کی تلوار - ہ - اسم مؤنث - بڑی کاٹ کرنیوالی تلوار - تیغ بُرّاں +

بجنا - یا جنا - ہ - فل - س **वद्** (۱) آواز نکلنا - آوازہ ہونا - ٹن ٹن ہونا - بولنا +
تھوتھا چنا باجے گھنا مثل
(۲) پٹنا - آواز نکلنا +
جتنی نہ ڈھول بجتا مثل

(۳) چلنا - چھوٹنا +
توپ بج گئی یا نہیں ؟
(۴) سردی کے مارے دانتوں کا باہم ٹکرانا +
ایسی سردی تھی کہ دانت سے دانت بجنے لگا +
(۵) پڑنا - چلنا - لگنا +
آج بڑا ٹھٹھ بجا !
(۶) (باجنا) - پکارا جانا - کہلانا - مشہور ہونا - موسوم ہونا +
فلانا اِس نام سے باجے ہے

بجوڑنا - ہ - ف م - خوب پیٹنا - مارنا - دُھننا + ٹھیک بنانا +
ایسا بجوڑا کہ یار جی یاد کرتے ہونگے

بجوگ پڑنا - ہ - ف ل - (۱) جدائی ہونا - بچھڑنا - بروگ ہونا + (۲) بپتا پڑنا - مُصیبت آنا - بپتا یا دُکھڑا پڑنا +

بُجھانا - ہ - ف م - س बुध = جاننا (۱) دل میں ڈالنا - ذہن نشین کرنا - سمجھانا + (۲) یقین دِلانا - تشفی کرانا - تسلی و تشفی کرنا +

بجھانا - ہ - ف م - س बुध (۱) (پُورب) پھنسانا - گرفتار کرنا - پکڑنا - جال میں لانا +
مچھلی بُجھانا
(۲) ترغیب دینا - رغبت دلانا +

آگ میں لال کرکے پانی میں ڈالکر اُسکی خارجی رطوبت جلانا یا جذب کرنا - بادی مارنا +
چاندی میں بُجھا کر پانی پلانا
(۳) بھوک یا پیاس مٹانا یا رفع کرنا +
(۵) گنجفہ کو جب کھیلتے کھیلتے تھوڑا سا رہجاتا ہے پھر ملا لینا - (۶) آب دینا - پانی پھیرنا +
تلوار بُجھانا
(۷) ہمت توڑنا - ارادہ کو پست کرنا - دِل توڑنا +
تمہاری باتوں نے تو جی بُجھا دیا
(۸) مدھم کرنا - ٹھنڈا کرنا - دھیما کرنا -
(۹) ملایم کرنا - نرم کرنا -

(۳) فریب دینا۔ پٹی پڑھانا۔ دھوکا دینا۔

بجھنا۔ پورب (بُتنا)۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) آگ کا ٹھنڈا ہونا۔ سرد ہو جانا۔ گُل ہو جانا۔ بڑھ جانا۔

(۲) دھات یا مٹی کی کسی چیز کو آگ میں لال کر کے پانی میں ٹھنڈا کرنا۔ رطوبت کا جل جانا +

بجھا پانی پلاؤ

(۳) بھوک پیاس یا کسی خواہش کا کم ہونا۔ سیری ہونا۔

(۴) (مرغباز) پست ہو جانا۔ ہمت ہارنا دل ٹوٹنا +

بہت لاتیں کھانے سے مرغ بجھ جاتا ہے

(۵) بیٹھا جانا۔ بکھرا جانا۔ پریشان ہونا۔ اُداس ہونا۔ ٹھرنا۔

شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے
دل ہوا ہے چراغ مُفلس کا (میر)

(۶) اُکتا جانا۔ سرد ہونا۔ مایوس ہونا۔

پانی طبیب دے ہے ہمیں کیا بجھا ہوا
ہے دل ہی زندگی سے ہمارا بجھا ہوا (ذوق)

(۷) خوب سِک جانا۔ اچھی طرح سے پک جانا

بے بجھے کچوریاں کرارى نہیں ہوتیں

(۸) نرم و ملایم ہو جانا۔ دھیما پڑنا۔

(۹) گنجفہ کا ملنا۔

(۱۰) بھرنا۔ آلودہ ہونا۔ آب چڑھنا۔ اس سے نہ بولنا یہ زہر کا بجھا ہوا ہے

بچا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بھاگ جانا۔ چھپ جانا۔ ٹال دینا۔

ہر دفعہ گولی بچا جاتے ہو!

(۲) اُڑا دینا۔ الگ کر دینا۔

بچارنا۔ ہ۔ ف ل۔ بس **विचार** (۱) خوض کرنا۔ توجہ دینا۔ دھیان لڑانا۔ (۲) سوچنا۔ فکر و تامل کرنا۔ خیال کرنا۔ اُدھیڑ بُن کرنا۔ (۳) قیاس کرنا۔ اٹکلنا۔ (۴) تمیز کرنا۔ امتیاز کرنا۔ فرق کرنا۔ جانچنا (۵) غور کرنا۔ چھان بین کرنا۔ (۶) آنکنا۔ کُوتنا۔ اندازہ کرنا۔ قیمت لگانا +

کہو صاحب! کتنے کا بچارا

(۷) شمار کرنا۔ گِننا۔ حساب لگانا۔

بمنا شگن بچار۔ ہاتھ کا دُونگی کا نگنا اور گل کا دُونگی ہار + ٹھمری

بچالانا۔ ہ۔ فم۔ مصیبت میں سے کیکو صاف نکال لانا۔

بچانا۔ ہ۔ فم۔ ہندی (بچ آنا) (۱)

حفاظت کرنا۔ محفوظ رکھنا۔ رکھوالی کرنا۔ رکھشا کرنا۔
آپ کو بچاتا ہے غریب کو پھنساتا ہے
(۲) سہائتا کرنا۔ سہارا لگانا۔ آڑے آنا۔ پرورش کرنا۔
دربنگا کے قحط میں سرکار انگریزی نے کروڑوں جانیں بچائیں۔
(۳) مدد کرنا۔ معاونت کرنا۔ سہارا دینا۔
اس لڑکے کو ذرا آفت ناگہانی سے بچاتے رہنا
(۴) چھڑانا۔ رہا کرانا۔ خلاصی دلوانا۔
میاں! جاؤ قید سے بچا دیا ہے!
(۵) ہٹانا۔ زد سے نکالنا۔
اپنے مہرہ کو بچاؤ
(۶) راستہ چھوڑنا۔ رستہ دینا۔ ہٹانا۔ کنارے کرنا +
ہمیشہ اپنے دائیں کو بچاؤ
(۷) جوڑنا۔ جمع کرنا۔ پس انداز کرنا +
کہو اسکے سال میں کتنا روپیہ بچایا؟
(۸) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا +
آنکھ بچا کر چلا گیا
(۹) غبن کرنا۔ مارنا۔ کھانا۔ الگ کرنا +
یہ صاف روپیہ میں چار آنہ بچاتا ہے

بچاؤ ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) پناہ۔ آڑ۔ روک حفاظت۔
(۲) چھٹکارا۔ رہائی۔ مخلصی۔ خلاصی۔
(۳) عذر۔ حیلہ۔ دلیل۔ وجہ۔
(۴) بہانہ۔ ساخت بناوٹ۔

بچکانا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) چھوٹی عمر کا لڑکا یا لڑکی۔ کم سن نوچی۔ کم سن زنانہ۔
(۲) لڑکے یا لڑکی کے پاؤں کا جوتا +
کو دھواں بچکانا چاہیئے؟

بچلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ س vi + चल
اِدھر اُدھر حرکت کرنا (۱) پھسلنا۔ سرکنا
(۲) دھوکا کھانا۔ بہکنا۔ چوکنا +
گاتے گاتے بچل گیا
(۳) گھومنا۔ آوارہ پھرنا۔ خراب وخستہ پھرنا۔
کٹھن مجھم کومل پد گامی۔ کون ہیت بن بچرو سوامی! رامائن
(۴) جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ الگ ہونا
(۵) راستہ بھولنا۔ بچھڑنا۔ کھویا جانا
جانے لڑکا کہاں بچل گیا!
(۶) پھرنا۔ ہٹنا۔ عہد توڑنا۔
کہکر بچلنا نہیں چاہیئے
(۷) بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا +
بچلا کام بڑی مشکل سے سمیٹ میں آتا ہے
(۸) دیوانہ ہونا۔ پاگل بن جانا۔ چل جانا

جی بچلا بُرا ہوتا ہے

(۹) مچلنا۔ ضِد کرنا۔ ہٹ کرنا۔

(۱۰) بدکنا۔ بھڑکنا۔ کُودنا اُچھلنا۔ اُڑنا

بچنا ۔ ہ۔ ف ل۔ س **बिज** جدا کرنا۔

(۱) باقی رہنا۔ رہنا +

اپنے ہی سے نہیں بچتا تمکو کہاں سے دیں

(۲) پس انداز ہونا۔ پیچھے کو رہنا + جمع ہونا +

ساری تنخواہ اُٹھ جاتی ہے ایک کوڑی نہیں بچتی

(۳) صحیح سلامت رہنا۔ تندرست رہنا۔ قایم رہنا۔ زندہ رہنا +

جان بچی لاکھوں پائے

(۴) شِفا حاصل ہونا۔ اچھا ہوجانا۔ تندرست ہونا +

بیماری تو بڑی سخت آئی تھی مگر بارے اسسے بچ گئے

(۵) کنارہ کرنا۔ دُور رہنا۔ پرہیز کرنا +

جہانتک بچا جائے بجلی والے سے بچنا چاہئے +

(۶) علیحدہ رہنا۔ الگ رہنا۔ جُدا رہنا

کہو صاحب! یہ کیا بھید ہے ہم سے بڑے بچے بچے رہتے ہو؟

(۷) ٹالنا۔ گریز کرنا +

اچھا بچّہ کب تک بچے رہوگے؟

(۸) رہائی پانا۔ خلاصی پانا۔ چھوٹنا +

ایسے تو قید سے بچ گئے پھر ایسا مت کرنا

بچن بند ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ عہد و پیمان کرلینا۔ قول و قرار کا پابند ہوجانا +

بچن پال ۔ ہ۔ صفت۔ سخن پرور۔ پاس سخن کرنیوالا۔ اپنی بات کی بچ کرنیوالا۔

بچن توڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ اقرار سے پھر جانا۔ عہد سے ہٹ جانا۔

بچن دینا ۔ ہ۔ ف م۔ عہد و پیمان کرنا زبان دینا +

بچن ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) سوال کرنا۔ درخواست کرنا۔

(۲) کسیکا کہنا نہ ماننا۔ بات نہ ماننا

بچن مارنا ۔ ف ل۔ عہد و پیمان کرنا۔ اقرار کرنا۔ شرط کرنا +

بچن نبھانا ۔ اپنے کئے کو پورا کرنا۔ ایفاء وعدہ کرنا۔ اپنی بات پر قایم رہنا

بچن ہارنا ۔ ہ۔ ف م (۱) قول دینا۔ اقرار کرلینا۔ زبان دیدینا +

میں تو انہیں کے سنگ بچن ہاری

(۲) اپنے قول سے پھرنا۔ بات سے ہٹنا

بچّوں کا کھیل ہ۔ اِسم مذکّر۔ آسان اور ادنیٰ کام۔ گھر کی بات۔ مُنہ کا نوالہ۔ نانی جی کا گھر۔

بچّہ ۔ ہ ف۔ اِسم مذکّر (۱) طفل۔ طفل

شیر خوار۔ چھوٹڑا۔ دودھ پیتا بالک۔ گودی کا بالک +
(۲) لڑکا۔ امرد۔ گبرو +
(۳) نوآموز۔ نادان۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی +
(۴) کسی چرند پرند یا درند کا بچّہ۔ جیسے مرغی بلی چڑیا کبوتر یا شیر کا بچّہ +
(۵) پودہ۔ چھوٹا درخت +

بچھا دینا ۔ ہ۔ فم بس विस्तर (۱) فرش کرنا۔ بچھونا کرنا +
(۲) پھیلا دینا۔ بکھیر دینا +
(۳) خوب مارنا۔ بچھونا کر دینا +

بچّہ بازی ۔ ا۔ اِسم مؤنث۔ اِغلام۔ نوٹنڈے بازی +

بچھڑا ۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ (۱) گائے کا بچہ +
(۲) (پیار سے) بچہ کا خطاب۔ پیارا لال
(۳) بیوقوف۔ جاہل +
(۴) نوجوان۔ نوخیز۔ نوعمر لڑکا +
سینگ کٹا بچھڑوں میں مل گئے مثل

بچّہ کش ف۔ صفت۔ جو بہت بچّے جنے۔ جلد جلد بچہ جننے والی۔ طنزاً سوزی +

بچھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بچھونا ہونا بستر ہونا
(۲) پھیلنا۔ بکھرنا۔ کھنڈنا +

(۳) نہایت عجز و انکسار کرنا۔ فروتنی کرنا۔ وہ بڑی آؤ بھگت کرتا ہے
(۴) تباہ ہونا۔ بگڑنا۔ برباد ہونا۔

بچھونا ۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ (۱) فرش۔ بستر (۲) وہ دری یا کپڑا جس پر ہندو عورتیں بیٹھکر ایک مقررہ عرصہ تک ماتم کرتی ہیں
(۳) ماتم کرنیکا مقررہ زمانہ۔
(۴) ماتم۔ سوگ۔ سانپا +
آج طرف اُنکے ہاں بچھونا ہے

بچھونا اُٹھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) فرش کا طے ہونا +
(۲) ماتم یا سوگ کے زمانہ کا تمام ہونا۔ سانپا اُٹھنا +

بچھونا کرنا ۔ ہ۔ فم۔ بستر لگانا۔ فرش بچھانا +
(۲) پھیلانا۔ چھتراؤ کرنا +
(۳) بچھوڑنا۔ پٹینا۔ خوب مارنا +

بچھیا کا باوا ۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ بیل۔ بیوقوف گدھا۔ احمق۔ نادان + (ہنسی)

بچھیری ۔

بچھیر اپلٹن ۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ نوعمر لڑکوں کی سپاہ۔ بچوں کی فوج +

بچّے نکلوانا ۔ فم۔ انڈے دنیوالے

جانوروں سے بچتے لینا۔
(۲) اولاد جنوانا۔ لڑکے جنوانا۔ (عوام)

بحال رکھنا۔ ا۔ ف م۔ قایم وبرقرار رکھنا۔ بدستور رکھنا۔

بحال کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) پہلے عہدہ یا جگہہ پر قایم کرنا۔
(۲) اچھا یا تندرست کردینا۔

بحال ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) پہلی جگہہ پھر مل جانا۔ اپنے پہلے عہدہ پر دوبارہ مقرر ہوجانا۔
(۲) تندرست یا اچھا ہوجانا۔
(۳) تازہ دم ہونا۔ خوش ہونا۔

بحث۔ ع۔ اِسم مؤنث (۱) دلیل تقریر مکالمہ۔ مناظرہ۔ بیاد۔
(۲) جھگڑا ٹنٹا۔ سوال وجواب حیص بیص۔ تکرار۔
(۳) سروکار۔ تعلق۔ مطلب۔

بحر اکھلنا۔ ا۔ ف ل۔ ذہن وحافظہ کھل جانا۔ ہیا کھل جانا۔

بخار۔ ع۔ اِسم مذکر۔ (۱) بھاپ۔ دھواں (۲) تپ۔ تاؤ۔ (۳) جوش دل (۴) جھنجھلاہٹ (۵) غصہ (۶) رنج غم۔ ملال۔ کدورت۔ غبار۔

بخار چڑھنا یا آنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) تپ آنا۔ حرارت ہونا۔
(۲) کسی سے خوف لگنا۔ ڈر لگنا۔ دہشت کے مارے کانپنا۔
اسکو تو اُس شخص کے نام سے بخار چڑھتا ہے

بخار دل مین رکھنا۔ ا۔ ف ل۔ بغض وکینہ رکھنا۔ عداوت رکھنا۔
(دل میں بخار رکھنا زیادہ بولتے ہیں)

بخار نکالنا۔ ا۔ ف ل۔ خوب لڑائی کرنا نزاع لفظی کرنا۔ رنج کا عوض لینا۔ دل کا جوش نکالنا۔ دل کا غبار نکالنا۔
خوب سامنے نکال اپنے لیا جی کا بخار۔ (گلکین)
ہوگئی آج میری اُسکی صفائی اچھی بات

بخت آزمائی کرنا۔ ا۔ ف ل۔ قسمت آزمانا۔ پرا لبدھ سے بھروسہ کوشش کرنا

بختاوری آئی ہے۔ محاورہ۔ شامت آئی ہے۔ کمبختی نے گھیرا ہے۔
کیا دھما چوکڑی مچائی ہے (شوق)
دیکھو بختاوری کچھ آئی ہے

بختوں چلی۔ ا۔ اِسم مؤنث۔ (م عو)
(۱) بدبخت۔ بدنصیب۔ کم بخت۔
(۲) بے آس اولاد والی۔ بے اولادی
نس سنتان۔

مجھ بختوں جلی کا کیا حال پوچھتی ہو دن پورے کرتی ہوں۔

بخشنا بخشدینا - ف م - (۱) دیدینا - عطا کرنا -

تمکو اختیار ہے تم چاہے اپنا گھر بخشدو

(۲) معاف کرنا - عفو کرنا -

(۳) جان بچانا - چھما کرنا

ہے ماتا رانی اپکے ہیلے تو اپنے گدھے کو بخش دے

بخشو مجھے بخشئے - ندا و ندبہ سلام ہے - ہم باز آئے - معاف فرمائے -

بخشو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا - مثل

بخشی کا دھگڑیا دھگڑا - ا - اسم مذکر - سپہ سالار کا داماد - زور آور کا یار - رستم کا سالا - زبردست

بخیہ - ف - اسم مذکر - (۱) ایک قسم کی ہاس پاس اور دوہری سیون - مضبوط سیون تاش پر صوزنی کا بخیہ مثل

(۲) (عوام) روپیہ - مال متاع - پونجی گھر میں کچھ بخیہ بھی ہے

(۳) طاقت - زور - بل -

(۴) حوصلہ - لیاقت - بساط -

بخیہ اُدھیڑنا - ا - ف م - ٹانکے اُدھیڑنا بھید کھولنا - راز فاش کرنا - حقیقت ظاہر کردینا - قلعی کھولنا -

ناخن ندے خدا تجھے اے پنجۂ جنوں
دیگا تمام عقل کا بخیہ اُدھیڑ تو + (ذوق)

بدا بدی - اسم مؤنث - بحثا - بحثی - ضد م ضدّا - باہمی تکرار -

بداؤں کے للا - اسم مذکر - بھولا بھالا سادہ لوح - مورکھ - موڈھو - نادان

بدا ہونا - ہ - ف ل - (۱) رخصت ہونا (۲) مرنا - انتقال کرنا - کوچ کرنا - چل بسنا -

سکل سجھا کو رام رام بدا ہوت ہیں گنگ

بدبر کرنا - و - ف م - بدگمان کرنا - بدظن کرنا -

بدبر ہونا - ا - ف ل - دل میں کھوٹ پڑنا - بدگمان ہونا - جی میں کپٹ رکھنا

بدبلا - ف - اسم مذکر - نہایت شریر - فتنہ پرداز - بجلی بسنت - آگ لگاؤ +

بڑی بہتی ہے ٹھنکاری ہی بہری جان کے پیچھے
مجھے جانے نہیں دیگی بہن ہے بدبلا تیری (رحمت)

بدپرہیزی - و - اسم مونث - (۱) بے احتیاطی بے اعتدالی - (۲) عیاشی (۳) فضول خرچی - اسراف -

بدجاتور - ا - اسم مذکر - (مسلمان) - سؤر -

+ اس بچہ سے مراد ہے جسکے سیتلا نکلی ہوئی ہے -

خنزیر۔ خوک +

بدچلن ۔ صفت ۔ وہ شخص جسکے افعال اچھے نہوں ۔ عیاش ۔ بداطوار ۔ بدافعال +

بدخواب ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) بُرا سپنا دیکھنا ۔ خواب میں ڈرنا ۔ (۲) سوتے میں نہانیکی حاجت ہو جانا ۔ احتلام ہونا (۳) نیند نہ آنا ۔ بے چین رہنا +

بددِل ۔ ا۔ صفت ۔ (۱) بدباطن ۔ بدگمان بدظن + (۲) ناخوش ۔ ناراض ۔ رنجیدہ

بددِماغ ۔ ا۔ صفت ۔ بات بات میں بگڑنے والا ۔ مغلوب الغضب ۔ چڑچڑا ۔ نک چڑھا +

بدذات ۔ ف صفت (۱) شوخ ۔ شریر ۔ مفسد ۔ لُچّا ۔ مُتفنّی + ایک بدذات نگوڑا ہے ۔ تجھسے جو کچھ نہو وہ تھوڑا ہے + (شوق) (۲) پاجی ۔ سفلہ ۔ کمینہ +

بدراہ ۔ ف ۔ صفت ۔ بدوضع ۔ کھوٹا ۔ بدچلن ۔ بداطوار ۔

بدرکاب ۔ ف ۔ صفت وہ گھوڑا جو رکاب میں پاؤں نہ رکھنے دے ۔ شریر دنگئی ۔ بد +

بدرنکالنا ۔ ا۔ ف م ۔ ذمّہ لکھنا ۔ کسی کے نام رقعہ لکھنا ۔ بقایا نکالنا ۔

بدزبان ۔ ف ۔ صفت ۔ زبان کا چھوٹا ۔ بدلگام ۔ گستاخ +

بدعت کرنا یا پھیلانا ۔ ا۔ ف م ۔ (۱) مذہب میں رخنہ ڈالنا + (۲) (عوام ۔ بدت کرنا) جھگڑنا ۔ لڑنا (۳) ظلم کرنا +

بدعتی ۔ ا۔ اِسم مذکّر ۔ (۱) مذہب میں خرابی ڈالنے والا + (۲) جھگڑالو ۔ لڑاکا ۔ (۳) ظالم ۔ بیدرد ۔ انیائی +

بدفعل ۔ **بدکار** ۔ ف ۔ اِسم مذکّر ۔ زانی زناکار ۔ عیاش ۔

بدکانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ س **भयचकित** (۱) بھڑکانا ۔ چوکنّا کرنا ۔ بھگا دینا ۔ ڈرا دینا + (۲) اُچٹانا ۔ بہکانا ۔

بدلحاظ ۔ ف ۔ صفت ۔ بے حیا ۔ بے شرم گستاخ +

بدلگام ف ۔ صفت وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے ۔ سرکش + (۲) گستاخ اور مُنہ پھٹ آدمی +

بدلنا ۔ بدل جانا ا۔ ف ل ۔ (۱) پلٹنا ۔ پھرنا ۔ (۲) تغیر و تبدل ہونا + ہیئت میں فرق آنا ۔ (۳) تبدیلی ہونا ۔

بدلی ہونا۔ (۴) خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا۔

بدلنا۔ بدل دینا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ پلٹنا۔ تبادلہ کرنا۔ ادل بدل کرنا۔ بدلہ کرنا +

(۲) تلبیس کرنا۔ بھیس بنانا۔ صورت پلٹ دینا +

(۳) ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیج دینا۔ تبدیلی کرنا۔ پلٹ دینا +

(۴) درہم برہم کرنا۔ گڈمڈ کرنا۔ ملا دینا +

بدمزاج۔ ف۔ صفت۔ جھلا۔ تر شرو غصیل

بدمزگی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ رنجش۔ بگاڑ۔ ناموافقت

بدمزہ۔ ا۔ صفت۔ (۱) بے سواد۔ بدذائقہ۔ سیٹھا خراب + (۲) بیمار۔ ناساز۔ علیل۔ اُنمنا + (۳) ناراض۔ خفا +

بدمست۔ ف۔ صفت۔ (۱) نہایت مخمور۔ وہ شخص جسکو از حد نشہ ہو گیا ہو (۲) عیاش پر شہوت۔ مدماتا +

بدمعاش۔ ف ع۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ آدمی جسکی گذر اوقات بُرے کاموں کی آمدنی پر ہو۔ بدچلن خراب + (۲) لچا۔ شہدا۔ لنگاڑا۔ لونگڑا (۳) حرامزادہ بشریر۔ فسادی۔ (۴) اُٹھائی گیرا۔ اُچکا +

بدمعاملہ۔ ف ع۔ صفت۔ وہ جو لین دین کا کھرا نہو۔ کھوٹا۔ بے ایمان۔ معاملہ کا خراب + لین دین کا اچھا نہیں +

بدن۔ ع۔ اسم مذکر۔ (۱) جسم۔ دیہہ (۲) (عو) اندام نہانی۔ شرمگاہ +

بدنا۔ ہ۔ ف م۔ س بولنا +

(۱) پہلے سے لکھ دینا۔ تقدیر یا پراالبدھ میں لکھنا ہوگا وہی جو قسمت میں بدا ہے

(۲) بنانا۔ مقرر کرنا + تو بھی گواہ بدلے +

(۳) (بُدنا) شرط یا ہوڑ لگانا۔ ہاتھ مارنا +

(۴) عہد و پیمان کرنا۔ قول قرار کرنا +

بدا بدی تھی رنگ محل کی ٹوٹی سنہڑ ھیا میں لگا اُتار

(۵) ماننا۔ تسلیم کرنا۔ بڑا جاننا +

(دوہا) بانہہ چھڑائے جات ہو نبل جان کے موہے
ہردے میں سے جائیگا تو م دبدوں گی تو سے

(۶) (عو) گننا۔ خیال میں لانا۔ شمار کرنا۔ سمجھنا + بیٹا تو مجھے بد تا ہی نہیں۔

بدنام۔ ف۔ صفت۔ رسوا۔ بنگو۔ دغیلا۔ دغی

بدا اچھا بدنام بُرا مثل

بدن بگڑ جانا۔ ا۔ ف ل۔ کوڑھ یا جذام ہو جانا۔ بدن گلنا +

بدن پھل جانا۔ ا۔ ف ل۔ پھوڑے پھنسی یا گرمی دانوں سے تمام جسم کا پھبد جانا +

بدن پھیکا ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (عو)۔

پنڈا گرم ہونا۔ بخار کی حرارت ہونا۔

بدن توڑنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) سستی پھیلانا۔ انگڑائیاں لینا+ (۲) خوب کسرت کرنا۔ نہایت ورزش کرنا

بدن ٹوٹنا۔ ا۔ ف ل۔ ہڑ بھوٹن ہونا جوڑ جوڑ میں درد ہونا۔ اعضا شکنی ہونا

بدن چرانا۔ ف م۔ مارے شرم کے اپنے جسم کو سکیڑنا یا چھپانا یا شرم سے سکڑنا+

سب حیا سے بدن چرائے ہوئے+ شوق

پائینچے ناز سے اٹھائے ہوئے

بدنظر دیکھنا۔ ا۔ ف ل۔ بری نگاہ سے دیکھنا۔ بدنیت ہونا۔ تاکنا۔ برا ارادہ کرنا

بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا۔ ا۔ ف ل۔ خوف یا سردی کے مارے رونگٹوں کا کھڑا ہو جانا۔ دہشت یا خوف کھانا۔

بدوضع بداطوار۔ ف۔ صفت۔ بدچلن۔ خراب۔ عیاش+

بدو کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (عو) بدنام کرنا۔ نکو بنانا۔ رسوا کرنا۔ انگشت نما کرنا۔

بدھائی دینا۔ ہ۔ ف م (۱) مبارکباد دینا یا کہنا۔ (۲) بدھائی گانے یا مبارکباد کہنے کا انعام دینا+

بدہضمی ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) کھانا نہ پچنا۔ اجیرن یا سوے ہضمی ہونا۔ گرانی ہونا

بدھ کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ (دوکاندار) حساب کا ٹھیک بیٹھنا۔ میزان کا ملنا۔ جوڑ بیٹھ جانا۔

(۲) کام بننا۔ میزان پٹنا۔ معاملہ بننا۔ (۳) حساب بیٹھنا۔ پرت پھیلنا۔ پرت پڑنا (۴) راے ملنا۔ متفق الراے ہونا+

بدھ ملانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دولھا دولہن کی جنم پتریاں یا زائچہ ملانا+ (۲) میزان بٹھانا+ (۳) پرت پھیلانا۔ (۴) پرتا لنا۔ مقابلہ کرنا۔

بدھو۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) بدھ والا عقلمند (۲) مورکھ۔ مودھو۔ بیوقوف۔

بدھیا بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چلتے بیل کا بیٹھ جانا۔ بیکار ہو جانا+ (۲) دوالہ نکلنا۔ ٹوٹا آنا۔ مفلس ہو جانا (عوام)

بدھیا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بیل کے خصیہ نکال ڈالنا۔ جوش جوانی کم کر دینا+ (۲) مذاقاً۔ نامرد کرنا۔ خصی کرنا۔ اختہ کرنا

بدھیاں پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ چیچک یا کوڑے کا نشان بدن پر پڑ جانا۔ اُبھر آنا۔

بدھیان ڈالنا - ہ - ف م - مارنا - اوھیڑ ڈالنا - کھال اُڑا دینا +

بدیا آرمبھ کرنا - ہ - ف م - پاٹ شالاؤں میں لڑکے کو پڑھنے بٹھانے کی رسم ادا کرنا - گنیش بچوانا - بسم اللہ کرنا -

بدی پر آنا - ا - ف ل - (۱) حرمزدگی پر اُترنا - بُرائی کرنے پر آمادہ ہونا - (۲) سرکشی کرنا - سرتابی کرنا - اُچھلنا - کُودنا -

گھوڑا بدی پر آیا ہوا ہے ذرا سنبھلے رہنا -

بدی چیتنا - ا - ف ل - کسیکا بُرا منانا - کسی کی بُرائی چاہنا -

بدی کرنا - ا - ف ل - (۱) دشمنی یا بیر کرنا - بیر سادھنا - (۲) تکلیف دینا - ایذا پہنچانا - ستانا - (۳) خیبت کرنا - بُرا کہنا - بُرائی کرنا -

کسی کی بدی تو نکر عیب ہے - میر حسن

کہ آسکا خدا عالم الغیب ہے -

بڈھا پھونس - ہ - اسم مذکر - نہایت بُڈھا پیر فرتوت - حریرا - پسی - لیہی +

بڈھا کرنا - ہ - ف م - (ہندو) کسی کے مرنے کے بعد اُسکی تجہیز و تکفین بڈھے آدمی کے موافق کرنا - مُردہ کو دُھوم دھام کے ساتھ اُٹھانا -

بڈھا لگنا - ہ - ف ل - (۱) کھدنا شروع ہونا - (۲) شروع ہونا - آغاز ہونا +

بڈھا لگنے لگنا - ہ - ف ل - بغیر بڈھا ہوئے بڈھا معلوم ہونے لگنا -

بر - ہ - اسم مذکر - س **वर** پسند کرنا بل +

(۱) خداداد طاقت - دیوتاؤں کا دیا ہوا اُسے دیبی کا بر ہے

(۲) خاوند - پُرش - منگیتر +

کنیا پیٹ میں "دھونڈتے پھریں بر مثل

بُرا - بُری - ہ - صفت - س **विरूप**

(۱) اچھا کے خلاف - بد +

(۲) خراب - بد - ناقص -

(۳) بے ہنگم - بھونڈا - بد -

کیا بری صورت ہے !

(۴) بدمزہ - بد ذائقہ - تلخ +

بُرا آم ہے -

(۵) مُضر - تکلیف دہ - دُکھ دائی -

یہ بُرا کھیل ہے

(۶) زہریلا - قاتل +

بُرا کیڑا ہے

(۷) شریر - شوخ - نٹ کھٹ - بد +

بُرے لڑکوں کے پاس مت بیٹھو

(۸) ناشائستہ۔ بداخلاق۔ خراب۔ رُوکھا +
(۹) بے شرم۔ نلجّا۔ بے حیا +
(۱۰) لالچی۔ طامع۔ لوبھی +
(۱۱) سخت۔ کڑا۔ سخت گیر +
(۱۲) نامنصف۔ بے انصاف۔ انیائی +
بُرا حاکم بُری قسمت مثل
(۱۳) بے رحم۔ کٹر۔ نردئی +
(۱۴) اوگھٹ۔ اُونچا نیچا۔ خوفناک۔ خطرناک +
بُرا بُرا رستہ ہے
(۱۵) نامسعود۔ نامبارک۔ کمبخت
منحوس۔ اسُبھ +
آج مت جاؤ آج بُرا دن ہے
(۱۶) چڑچڑا۔ بد۔ خراب۔
اِنکا بڑا بُرا مزاج ہے
(۱۷) نکمّا۔ ناکارہ۔ کسی کام کا نہیں۔
کوڑی کے کام کا نہیں +
(۱۸) گندہ۔ غبی +
کیا بُرا ذہن ہے
(۱۹) ڈراونا۔ بھیانک +
کیا بُرا مکان ہے اسمیں کوئی رہتا بھی نہیں
(۲۰) بے وفا۔ اپنے مطلب کا +
بُرا زمانہ آگیا ہے

برابر۔ (اُنپڑھ) برتبر۔ (گ) بروبر۔
ف۔ صفت۔ (۱) مساوی۔ کمتی نہ بڑھتی
مانند۔ مثل + بیمار کی رات پہاڑ کے برابر + مثل
(۲) مطابق۔ منطبق۔ ٹھیک۔
کیا ڈھکنا برابر آگیا ہے!
(۳) ٹھیک۔ ٹھیکم ٹھیک +
(۴) چورس۔ یکساں۔ ہموار +
(۵) متوازی۔ سیدھا +
(۶) یکساں۔ ایک قسم کا +
(۷) پُورا۔ وزن میں ٹھیک +
(۸) ہم عمر۔ جوڑکا۔ دائیں دار +
(۹) نصفا نصفی۔ آدھم اُودھ +
(۱۰) ترتیب وار۔ مسلسل۔ بلاناغہ۔
برابر۔ ف۔ (۱) ہمیشہ۔ مدام۔ نت۔ سدا
(۲) بلاتغیر وتبدل۔ وہی۔ ہُو بہُو۔ بجنسہ
(۳) ٹھیک ٹھیک۔ متناسب +
(۴) قریب۔ نزدیک +
(۵) ہم پہلو۔ پہلو بہ پہلو۔ ہمراہ۔
ایک ساتھ +
(۶) سیدھا۔ بخط مستقیم۔ بلاروک ٹوک۔
(۷) فوراً۔ اسیوقت۔ اِسی دم +
برابر چلے جاؤ
(۸) یکسان۔ بے کم وکاست +
ہمکو سب برابر ہے

(۹) بے اثر - بلا نتیجہ +

(۱۰) بیباق - چکتا +

ہم تم برابر ہوئے

برابر کا - ا - صفت - جوڑ کا - ہم عمر - دائیں دار - دائیں کا -

برابر کرنا - ا - ف م - (۱) چورس کر دینا یکساں کرنا +

(۲) مطابق کرنا - مقابلہ کرنا +

(۳) ہموزن کرنا - دھڑا اُٹھانا +

(۴) چکانا - ادا کر دینا - بیباق کرنا - حساب کرنا +

(۵) خرچ میں لے آنا - اُٹھا ڈالنا - صرف کر ڈالنا +

چار ہی دن میں سارا روپیہ برابر کر دیا +

(۶) غارت کرنا - ناس کر دینا - خاک میں ملانا - مسمار کرنا +

انگریزوں نے آدھی دلّی برابر کر دی +

(۷) بھلا دینا - برباد کرنا +

چار ہی دن میں لکھا پڑھا برابر کر دیا!

برابر کی ٹکر - ا - اسم مؤنث - (۱) برابر والا (۲) بھائی - معاون - مددگار - ساتھی -

برابر کی ٹکر چوٹ یا جوڑ - **برابر والا** - ا - اسم برابر کی دولت یا طاقت رکھنے والا - ہمسر - ہم پلّہ - ہمرتبہ - رقیب +

آدھے کا ساجھی برابر کی ٹکر مثل

برابر ہونا - ا - ف ل - (۱) مطابق ہونا - موافق ہونا +

(۲) یکساں ہونا +

سال بھر میں سخی سُوم برابر ہو جاتے ہیں مثل

(۳) بیباق ہونا - چکتا ہونا +

(۴) چورس ہونا - ہموار ہونا +

(۵) جوڑ ہونا - مقابل بننا +

اوڑھی چادر ہوئی برابر میں بھی شہ کی خلالہ مثل +

(۶) ساتھ ہو جانا +

(۷) جا پکڑنا - پہنچ جانا +

(۸) خرچ ہو جانا - اُٹھ جانا +

(۹) پُر ہو جانا - لبریز ہو جانا - بھر جانا - یکساں ہو جانا +

سب گڑھے برابر ہو گئے

(۱۰) مٹ جانا - اُڑ جانا +

برابری - (انپڑھ) **برّبری** - (گ) **بروبری** - ا - اسم مؤنث (۱) یکسانیت - مساوات (۲) موزونیت - مطابقت +

(۳) ہمسری - مقابلہ - رقابت +

(۴) گستاخی - بے ادبی +

(۵) بحث بحثی - تکرار +

(۶) حرص - ریس + برابری پر مرتا ہے!

برابری کرنا - ا - ف م - (۱) مقابلہ کرنا - سامنا کرنا + (۲) گستاخی یا بے ادبی کرنا + (۳) ہمسری یا رقابت کرنا +

بُرا بنانا - ہ - ف م - (۱) مخالف یا دشمن ٹھیرانا - بیر ڈلوانا + (۲) رسوا نگو یا بدنام کرنا + (۳) ذلیل حقیر یا ہلکا کرانا +

بُرا بھلا - بُری بھلی - ہ - صفت (۱) اچھا بُرا - نیک و بد + (۲) نکما سکما - بُرا بھلا + (۳) خاصہ بیچ کی راس + (۴) سخت و سست - کڑوی کسیلی - نازیبا +

بُرا بھلا کہنا - ہ - ف م - سخت سست کہنا - لعنت ملامت کرنا - گالیاں دینا +

براجمان ہونا - ہ - ف ل - (۱) قدم رنجہ فرمانا - تشریف رکھنا یا لانا - جلوس فرمانا - بیٹھنا - زینت بخشنا + (۲) سوار ہونا +

مہاراج نوبجے رتھ میں براجمان ہونگے

بُرا حال کرنا - بُرا درجہ کرنا - ا - ف م - (۱) خوب مارنا یا پیٹنا - گت بنانا - بھرکس نکالدینا - پتلا حال کرنا + (۲) بگاڑنا - ناس کردینا - بدروپ کرنا - بدرنگ کردینا +

بُرا حال ہونا - بُرا درجہ ہونا - ا - ف ل - (۱) پتلا حال ہونا - خستہ حال ہونا (۲) مفلس ہونا - مصیبت زدہ ہونا (۳) قریب المرگ ہونا - حال ابتر ہونا - جاں کنی میں ہونا - (۴) (عو) دوزخ نصیب ہونا - کیڑے پڑنا - سڑنا +

جو جھوٹ بولے اُسکا بُرا درجہ ہو!

برادری - ا - اسم مؤنث - (۱) ذات - قوم - گوت +

برادری میں امیر غریب سب برابر ہیں مثل

(۲) رشتہ - ناتا - یگانگت - قرابت - بھائی بندی - بھائی چارہ +

(۳) بھائی بند - قوم کے لوگ - رشتہ دار

برادری جو کردے مجھے مجبور (= منظور)

(۴) تاشہ اور مرفہ والوں کی منڈلی - سنگت +

برادری[1] تاشہ والوں کی ہوتی ہے

برادری سے خارج کرنا - **برادری باہر کرنا** - ا - ق م - ذات سے نکالنا - پنچایتی حقوق سے خارج کرنا

بُراق - ع - صفت - (۱) بہت سفید - بہت اُجلا - برف سلد دھوب سا +

(۲) چمکتا ہوا - دمکتا ہوا - روشن +

(۳) چالاک - تیز - ہوشیار - عقیل و فہیم

[1] جب ایک آدمی دوسرے کو اپنا برادری والا بناتا ہے تو دوسرا پہلے سے ملتا جلتا یہ فقرہ کہکر برادری کے لفظ کو دوسرے معنے میں استعمال کرتا ہے

(۴) تیز رو - باد رفتار +

(۵) مشاق - کامل - پیرا ہُوا +

بُرا کام - ہ - اِسم مذکر - فعل بد - ناجایز حرکت - ایسی حرکت جو دین دنیا کے خلاف ہو - جیسے حرام کاری - زنا - لونڈے بازی - شراب خواری - جھوٹ - چوری - جُوا - بدمعاشی وغیرہ -

بُرا کہنا - ہ - ف م - (۱) بدنام کرنا - رسوا کرنا - بُرائی دینا -

(۲) غیبت بُرای بدی یا شکایت کرنا -

بُرا لکھا - ہ - اِسم مذکر - (۱) بُرا حال - بُرا درجہ + (۲) بدقسمتی - بدنصیبی +

کیا بُرا لکھا ہے اپنا بھی کہ خط خاص میں (معروف)
جب نہ تب حرفِ عتاب آمیز لکھا آپ نے -

بُرا لکھا کرنا - ہ - ف م - بگاڑنا - خراب کرنا - ناس کرنا +

جانصاحب! رات کو پھوڑ پنے سے اوڑھکر (جانصاحب)
کیا بُرا لکھا کیا تم نے ہماری نسل کا

بُرا لگنا - ف ل - (۱) بدنما معلوم ہونا - نہ کھلنا - زیب نہ دینا -

(۲) ناگوار معلوم ہونا - بُرا معلوم ہونا - بھاری یا گراں گزرنا +

بُرا ماننا - ہ - ف ل - ناراض یا ناخوش ہونا - آزردہ خاطر یا رنجیدہ ہونا - خفا ہونا - بگڑ جانا -

برآمد کر دینا - ا - ف م - کھوج نکالدینا ظاہر کر دینا +

کہو جسکے ہاں سے مال[1] برآمد کر دیں

برآمد ہونا - ا - ف ل - (۱) نکلنا - باہر آنا - تشریف باہر لانا +

(۲) پایا جانا - نکلنا +

اُسکے ہاں سے چوری کا مال برآمد ہوا

برآنا - ا - ف ل - کامیاب ہونا - حاصل ہونا - پورا ہونا +

یا الٰہی! سب کی مُرادیں بر آئیں!

برانگیختہ کرنا - ا - ف م - (۱) آمادہ کرنا مستعد کرنا - (۲) اُکسانا - بھڑکانا +

(۳) بہکانا - اِغوا کرنا +

بُرا ہو بُرا ہو - ندا و ندبہ - (عو) خانہ خراب ہو - آفت آئے - مُصیبت آئے یا پڑے +

تیرا بُرا ہو!

برآورد - ف - اِسم مؤنث - تکدمہ - فرد حساب - بل - بجٹ - تنخواہ کا گوشوارہ +

بُرا وقت سما یا زمانہ - بُرے دن - بُری گھڑی - ا - اِسم - ایام نامساعد

[1] پولس کا آدمی اپنی چالاکی کی تعریف میں یہ فقرہ کہا کرتا ہے یعنے ہمکو وہ تدبیریں یاد ہیں کہ کہو جس آدمی کے گھر میں سے چوری کا مال نکالدیں اور اُسکو مُنہ نہ ٹھیرا دیں +

مُصیبت کا زمانہ۔ افلاس کے دن +

بُرائی ۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ (۱) بدی۔ بدذاتی ۔شرارت۔ فساد۔ شر +

بُرے کی بُرائی میں نہ بھلے کی بھلائی ہیں مثل

(۲) خباثت نجوست + (۳) بدگوئی ۔ غیبت ۔ہجو + (۴) نقص۔ عیب کھوٹ سُقم + (۵) قصور۔ کھوٹ۔ (۶) الزام +

بُرائی بھلائی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ نیکی بدی ۔ اچھا بُرا کام +

دنیا میں بُرائی بھلائی ہی رہ جاتی ہے

(۲) الزام ۔ رُسوائی ۔ تہمت +

(۳) جوابدہی ۔ ذمہ وری +

اِسکی بُرائی بھلائی تمہارے ذمہ ہے

برائے خُدا ۔ ف۔م ف۔ خدا کو مان کر ۔ خدا کے واسطے ۔ بھگوان کے لئے

برائے نام ۔ ف م ف (۱) نام چارکو ۔ نام کو۔ گنتی گنانے کو +

(۲) فرضی ۔ خیالی +

برباد کرنا ۔ ا۔ ف م ۔ (۱) ویران کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ اُجاڑنا ۔ ناس کرنا ۔ خراب کردینا +

(۲) ضایع کرنا۔ کھونا ۔ بے جا اُٹھانا +

برپا کرنا ۔ ا۔ ف م ۔ مچانا ۔ اُٹھانا پھیلانا کھڑا کرنا +

بیٹھے بیٹھے ایسے ہی فساد برپا کیا کرتے ہو!

برتاؤ ۔ برتاوا ۔ ہ ۔ اِسم مذکر ۔ (۱) چال چلن۔ ڈھنگ ۔ اطوار + (۲) ضابطہ ۔ قاعدہ ۔ دستور +

(۳) روزمرہ کا طریقہ ۔ ملاقات کا ڈھنگ ۔ ملنے کے طریقے +

برجستہ ف ۔م ف ۔ برمحل ۔ بے ساختہ بے بنائے ۔ ٹھیک ۔ باموقع +

برجنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ س **वर्जन** +

(۱) منع کرنا ۔ روکنا ۔ اجازت نہ دینا +

(۲) سمجھانا ۔ فہمایش کرنا ۔ (۳) پکارنا ۔ تھامنا ۔ روکنا ۔ باز رکھنا +

اپنا کُتا برجو ہم نے بھیک چھوڑی مثل

برجوگ ۔ ہ ۔ صفت ۔ بیاہنے جوگ ۔ بالغ ۔ سیانی +

برجہنم ۔ ف ۔م ف ۔ دوزخ میں جائے ۔ کچھ پروا نہیں +

برجہنم سو ہی دیکر جھگڑا کاٹو

برچھی لگنا یا جگر کے پار ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ نہایت صدمہ پہنچنا ۔ آفت آنا ۔ مُصیبت پڑنا +

جب نظر سے نظر دوچار ہوئی ایک برچھی جگر کے پار ہوئی (شوق)

برحق۔ ف۔ صفت۔ ٹھیک۔ درست۔ سچّا۔ بجا + جادو برحق ہے کرنیوالا کافر مثل

برخاست کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) دفتر یا مدرسہ وغیرہ معمولی وقت پر بند کرنا۔ کام اُٹھانا + (۲) موقوف کرنا۔ برطرف کرنا +

بُرد۔ ف۔ اِسم مؤنث۔ (۱) فایدہ۔ نفع۔ یافت + (۲) بالائی آمد۔ رشوت۔ گھونس + (۳) شرط ہوڑ + (۴) شطرنج بازوں میں مقابل کی بازی میں صرف بادشاہی بادشاہ کا رہجانا۔ آدھی مات

برداشت۔ ف اِسم مؤنث۔ (۱) سہار۔ تحمل (۲) اُچاپت۔ سود سے سُلف کا اُدھار لینا +

برداشتہ خاطر ہونا۔ ا۔ ف ل۔ جی اُکھڑنا جی نہ لگنا۔ گھبرانا۔ جی اُچاٹ ہونا +

بر دینا۔ ہ۔ ف م۔ دیوتاؤں کا کسی کو ہر ایک کام کے کرنیکی طاقت دیدینا۔ طاقت بخشنا۔ مُراد پوری کرنا +

برزخ۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ (۱) خیالی تصویر + پیر لی برزخ روز دیکھتا ہوں

(۲) انوکھی صُورت۔ عجیب شکل چیستا ہیئت دیکھو تو سہی کیا برزخ بنائی ہے!

برسا برس۔ ہ۔ م ف۔ تمام سال۔ سارا برس + برسا برس کی خیر! (فقیر یا کمین تہوار کے دن کہا کرتے ہیں)

برس پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مینہ کا یکایک برسنے لگنا۔ پانی پڑنا + (۲) سخت و سُست کہنا۔ بُرا بھلا کہنے لگنا۔ گالیوں کا تار باندھدینا

برس بیاؤڑ۔ ہ۔ اِسم مؤنث (۱) وہ جانور جو سال کے سال بچّہ دے + (۲) (مذاقاً) وہ عورت جو برسوں جو برسوں دن جنے +

برس کا برس دِن۔ برس کے برس دِن۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ سالانہ تہوار کا دن۔ جیسے ہولی۔ دوالی۔ عید۔ شب برات وغیرہ + برس کے برس دن تو نہ کوس (ساس اپنی بہو سے کہتی ہے)

برسنا۔ ف ل۔ (۱) بارش ہونا۔ پانی پڑنا + (۲) ناج کا صاف ہونا۔ (۳) ہوا دھکلنا۔ چھوٹنا + گاگن برس گئی (۴) افراط یا کثرت سے آنا + کچہری میں روپیہ برستا ہے + (۵) ظاہر ہونا۔ ٹپکنا + اُداسی برسنا + (۶) گالیاں دینا۔ سخت سست کہنا۔ غصہ اُتارنا + کہیں گرجیں کہیں برسیں مثل

برسوں جھولنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی اُمید میں مدتوں پڑے رہنا۔ مدتوں کوشش کرنا +

برسوں دِن۔ ہ۔ م ف۔ ہر برس۔ برس میں ایک بار +

برف پڑنا۔ برف گلنا۔ ا۔ ف ل۔ نہایت سردی پڑنا +

برف میں لگانا۔ ا۔ ف م۔ برف میں ٹھنڈا کرنا۔ نہایت سرد اور خنک کرنا +

برف ہونا۔ ا۔ ف ل۔ نہایت سرد و خنک ہونا۔ ٹھنڈا ہو لا ہونا +

برق ہے۔ محاورہ۔ بڑا ہوشیار اور تیز ہے۔ بجلی ہے۔ آتش کا پرکالہ ہے +

برکت اُٹھنا یا جانا۔ ا۔ ف ل۔ کسی چیز میں بڑھوتری نہ رہنا۔ شے سی چیز جاتی رہنا +

برکت دینا ا۔ ف م۔ ترقی کرنا۔ بڑھانا۔ بڑا کرنا +
(۱) خدا تمہاری عمر میں برکت دے
(۲) اللہ تمہاری تنخواہ میں برکت دے

برکت ہے۔ ندا و ندبہ۔ ہو چکی۔ صرف میں آگئی۔ بہت ہی بہت ہے۔ نہیں ہے +
سائیں اللہ برکت ہے +

برطرف کرنا۔ ا۔ ف م۔ دور کرنا۔ موقوف کرنا۔ نوکری یا عہدے سے اتارنا۔ ہٹا دینا +

برکی ڈالنا۔ برکی مارنا۔ ہ۔ ف م۔ خاک کی چٹکی پر جادو پڑھ کر مارنا۔ جادو کرنا +
(۲) فریفتہ کرنا۔ موہ لینا۔ عاشق بنا لینا +

برگشتہ بخت۔ ف۔ صفت۔ بدنصیب ابھاگی۔ بدقسمت +

برگشتہ ہونا۔ ا۔ ف ل۔ پھر جانا۔ مخالف ہونا۔ متمرد ہونا +

بر مانگنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) طاقت یا اختیار مانگنا + (۲) مراد چاہنا۔ خاوند کی خواہش کرنا۔ بیاہ چاہنا + آج کل بارہ برس کی کنیا اپنے مُنہ سے بر مانگتی ہے + مثل

برمحل۔ ف م ف۔ برجستہ۔ ٹھیک۔ موقع پر وقت پر +

برملا۔ ف۔ م ف۔ کھلے خزانے۔ مُنہ در مُنہ۔ روبرو۔ مُنہ پر۔ سامنے۔ علانیہ +

برملا سُنانا۔ ا۔ ف م۔ صاف صاف کہنا۔ جو مُنہ میں آئے سو کہنا۔ علانیہ گالیاں دینا +

برموہی۔ ہ۔ اِسم مؤنث (۱) بھونڈی صورت کی لگائی۔ (۲) (م عو) بلی۔ (ہ عو) نکٹی۔ (۳) صفت) غلیظ۔ ناپاک۔ گندی۔

برن۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ س वर्ण (۱) ذات مذہب (۲) پنتھ۔ فرقہ۔ کھاپ۔ (۳) بھانت قسم جنس۔

برن شنکر۔ ہ۔ اِسم مذکر (۱) دوغلا آدمی۔ (۲) لونڈی بچہ۔ باندی کا جام (۳) وہ شخص جو ہر ایک مذہب والے کے ساتھ کھا پی لے۔ سر بھنگی +

برن ہیں۔ ہ۔ صفت۔ ذات باہر برادری سے خارج +

برہم ہونا۔ا۔ف ل۔ گڈمڈ ہونا۔ رل مل جانا۔ بے ترتیب ہو جانا۔ (۲) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا (۳) ستیاناس تباہ یا برباد ہونا +

بُری بات ہے۔ محاورہ۔ بُرا کام ہے۔ خراب بات ہے۔ نکمّا کام ہے۔ نازیبا بات ہے

بُری بَلا۔ بُری چیز۔ اِسم مؤنث۔ سؤر کے برابر۔ نجاست کے برابر حرام چیز زیادہ نفع کھانا بُری بلا ہے (دو کاندار گاہک کی تشفی کے لئے کہتا ہے)

بُرے حالوں جینا۔ا۔ف ل۔ افلاس کی حالت میں زندگی کاٹنا۔ دن پُورے کرنا۔ بُری طرح جینا +

بُرے دن۔ اسم مذکر۔ منحوس دن کمبختی کے دن۔ (۲) بیماری کا زمانہ۔ آندھی بھونگے کے دن۔ خراب ایّام +

بُری سُنانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بُری خبر بیان کرنا۔ تلخی بات سُنانا۔ (۲) خلاف مرضی بات کہنا۔ بیڈھب سنانا +

آتے ہی گھر سے تو نے پھر جانکی سنائی
(ذوق) ہو جاؤں سُن نہ کیونکر یہ تو بُری سُنائی

بُرِیّا۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ (۱) فتنہ پرداز۔ آتش کا پرکالہ۔ فسادی۔ آگ لگاؤ +۔ (۲) غیبت یا بُرائی کرنیوالا۔ چغل خور۔ غمّاز +

(۳) اُچکا۔ چوٹّا۔ اُٹھائی گیرا۔ اس سیلے میں بریّا بہت آیا ہوا ہے

(۴) قصائی۔ قصاب۔ بوچڑ۔ بیہاری + تو ہے بُریئے کے دل (گاڑیبان جھنجلا کر اپنے بیلوں سے کہا کرتے ہیں)

(۵) (جواری)۔ ڈنڈے والا۔ کانسٹبل پولس کا سپاہی + ابے بریئے سے ہشیار رہیو!

بڑ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ بکواس۔ جھک۔ ہذیان بہکی باتیں۔ مجذوبوں کی سی باتیں +

بڑا۔ بڑی۔ (گ) بڈا۔ بڈی۔ ہ۔ صفت

س वड़ (۱) کلاں۔ بشال۔ طویل۔ لمبا۔ دراز۔ وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا چکلا۔ فراخ۔ عظیم۔ کبیر۔ بہت۔ نہایت +

(۲) بھاری۔ ضخیم + کیا بڑی کتاب ہے!

(۳) گران ڈیل۔ طویل۔ بہادر۔ شہزور + کیا بڑا پہلوان ہے!

(۴) اُونچا۔ بلند۔ عظیم الشان۔ آسمان سے باتیں کرتا ہے + کیا بڑا قلعہ ہے!

(۵) دل والا۔ فیاض۔ بلند حوصلہ + اولعزم + بونا پارٹ بڑا شخص گزرا ہے

(۶) لایق۔ قابل + (۷) سراہنے جوگ۔ قابلِ تحسین + بڑا کام کیا!

(۸) از حد۔ بہت۔ نہایت۔ کثرت سے +

اشد۔ سخت + بڑی گرمی پڑتی ہے!
بڑا جرم کیا اسنے!
(۹) معزز۔ عالیخاندان۔ ذی عزت۔ ساکھ والا + (۱۰) دولتمند۔ مالدار۔ دھنوان + بڑے آدمیوں کی سب ہی خوشامد کیا کرتے ہیں + (۱۱) سردار۔ افسر۔ اعلیٰ + (۱۲) بہتر۔ افضل۔ اُتم + (۱۳) عمر میں زیادہ۔ معمر۔ بزرگ + (۱۴) بھاری بھرکم۔ گمبھیر۔ سنجیدہ + (۱۵) ضروری۔ جلدی کا۔ اوشیئے +
مجھے آج بڑا کام ہے
بڑا ابّا۔ ا۔ اسم مذکر۔ (مسلمان)۔ (۱) تایا تاؤ + (۲) سُسرا۔ خُسر + (۳) (بازاری) شریر۔ فتنہ انگیز۔ گرو +
بڑا آدمی۔ ا۔ اسم مذکر۔ ذی عزت۔ دولتمند۔ ساکھ والا۔ دھنوان +
بڑا آزار۔ بڑا روگ۔ ا۔ اسم مذکر۔ (م ع) تپ دق۔ دق۔ چھے روگ +
بڑا اشتنجا کرنا۔ ا۔ ف م۔ پیخانہ پھرنا۔ (پاٹ شالاؤں میں) دُکی کرنا۔ پیخانہ پھرنے کے بعد ڈھیلوں سے طہارت کرنا۔ آبدست لینا +
بڑا بابا۔ ا۔ اسم مذکر۔ مُرّبی۔ سرپرست۔ پرکھا۔ بڑا بڈیرا +
بڑا بول۔ ا۔ اسم مذکر۔ کلمۂ نخوت۔ تکبّر۔ غرور۔ شیخی۔ ڈینگ +
بڑا جانور۔ ا۔ اسم مذکر۔ سُور۔ گائے بیل +
بڑا جلّہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ بڑا نہان جو ترچھ چالیسویں دن نہاتی ہے +
بڑا دن۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) مسیح کی پیدائش کا دن۔ کرسمس ڈے جو دسمبر کی ۲۵ تاریخ کو ہوتا ہے (۲) انگریزی بڑا تہوار۔ (۳) تہوار۔ خوشی کا دن +
بڑا دیدہ ہے۔ محاورہ۔ شوخ چشم ہے۔ بیباک ہے۔ نڈر ہے۔ دل چلا ہے۔ دیدہ دلیر ہے +
بڑا رستہ پکڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ دور کا سفر اختیار کرنا۔ انتقال کرنا۔ مرجانا +
بڑا شخص۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) نہایت تجربہ کار۔ (۲) ذہین عالی دماغ۔ (۳) فطرتی۔ حرامزادہ۔ (۴) مالدار۔ دولتمند +
بڑا صاحب۔ ا۔ اسم مذکر۔ حاکم اعلیٰ ڈپٹی کمشنر۔ کمشنر +
بڑا قاف۔ ا۔ اسم مذکر۔ (قرمساق کا پہلا حرف)۔ قرمساق۔ بھڑوا۔ بھکوا +
بڑا کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) بڑھانا۔ اُونچا کرنا۔

لمبا کرنا۔ کھینچنا۔ تاننا۔ (۲) پال پوس کر جوان کرنا۔ پروان چڑھانا + (۳) چراغ گل کرنا۔ ہاتھ دینا۔ بجھانا +

بڑا کوئی ہے ۔ محاورہ۔ بڑا بیڈھب ہے مرشد ہے۔ اُستاد ہے۔ حضرت ہے +

بڑا گھر ۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ (۱) وسیع مکان + (۲) بڑا گھرانا۔ عالیخاندان۔ امیر گھر + بڑے گھر جائیے اوپتھر ڈھو ڈھو کھائیے مثل (۳) خدا کا گھر۔ آسمان + (۴) (بازاری) قید خانہ۔ جیل خانہ + (۵) پیخانہ۔ بیت الخلا +

بڑا گھرانہ ۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ امیر گھر۔ عالی خاندان اُونچا گھر +

بڑا مزا ہو! ۔ محاورہ۔ مزے کا کام ہو۔ لطف آجائے۔ مزا آجائے۔ بڑا لطف ہو بڑی سیر ہو +

بڑا مزا ہو جو ہو جائے اے خدا کچھ دن
(مصطفٰی) ادھر یہاں کی طرح اور اُدھر وہاں کی طرح

بڑانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سوتے میں کچھ کہنا۔ بہکنا۔ ہذیان ہونا۔ بڑبڑ کرنا۔ (۲) بکنا۔ بڑ مارنا۔ (۳) خَبل مچانا +

بڑانا۔ بڑا جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی آفت یا تنگی کے باعث چلّا اُٹھنا۔ حواس باختہ ہونا۔ بولا جانا +

بڑا نام کرنا۔ بڑا نام حاصل کرنا ۔ ف ل۔ ناموری اور شہرت حاصل کرنا۔ عزّت پانا۔ چاروں طرف واہ واہ ہونا +

اس شادی میں اُنہوں نے بڑا نام کیا

بڑائی ۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ (۱) طوالت۔ لمبائی۔ درازی۔ (۲) جسامت۔ ضخامت۔ حجم + (۳) عظمت۔ بلندی۔ اُونچائی + (۴) درازی عمر۔ عمر میں زیادہ ہونا +

ان دونوں میں دو مہینے کی چھٹائی بڑائی ہے

(۵) بزرگی۔ بڑپّن +

ہلدی جردی (= زردی) نا تجے۔ کھٹ رس تجے نہ آم (دوہا) بڑے بڑائی نا تجیں اوگن تجے نہ گُلام (= غلام) +

(۶) درجہ۔ پدوی۔ مرتبہ + (۷) عزّت آبرو۔ پت۔ آدر۔ ادب۔ لحاظ۔

بڑے کی بڑائی نہ چھوٹے کی چھٹائی + مثل

(۸) خود نُمائی۔ شیخی۔ غرور۔ گھمنڈ +

(۹) تعریف۔ توصیف۔ مدح +

بڑائی دینا ۔ ف م۔ آدر کرنا۔ ادب کرنا۔ عزّت دینا +

بڑائی کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) تعریف توصیف کرنا۔ سراہنا۔ [illegible] +

بڑائی مارنا ۔ ہ۔ ف ل۔ ڈینگ مارنا۔

شیخی کرنا۔ ڈینگ کی لینا +

بڑبڑانا۔ ہ۔ ف ل۔ زیرلب کچھ کہنا۔ ہونٹوں ہی ہونٹوں میں بُرا بھلا کہنا +

بڑھاپس لگنا۔ ہ۔ ف ل (بڑھ = بڈھ = بڈھا پس = بھک = بھوگ بمعنی عیش وعشرت) (۱) بڑھاپے میں خواہش نفسانی کی کثرت ہونا۔ بڑھاپے میں جوانی کی سی حرکتیں کرنا۔ بوالہوسی ہو جانا +

(۲) عقل ماری جانا + بدمزاج ہو جانا +

بڑھانا۔ ہ۔ ف م۔ س ترقی کرنا (۱) زیادہ کرنا۔ بشیش یا ادھک کرنا۔ بہت کرنا + (۲) شامل کرنا۔ ملانا۔ جوڑنا + اس میں دو روپیہ اور بڑھا دو (۳) پھیلانا۔ چوڑانا۔ وسیع کرنا۔ (۴) لمبا یا دراز کرنا۔ (۵) تعریف کرنا۔ مبالغہ کرنا۔ بڑائی یا خوشامد کرنا + پھلا سرا یا دم دینا + (۶) ترقی کرنا۔ اضافہ کرنا + (۷) معزز و ممتاز کرنا۔ امیر بنانا + (۸) آگے کو چلانا۔ سرکانا (۹) بند کرنا۔ اُٹھانا۔ ہٹانا + (۱۰) عرصہ لگانا۔ دیر لگانا + (۱۱) (عو) اُتارنا جُدا کرنا۔ الگ کرنا + چوڑیاں بڑھالو۔ (۱۲) گل کرنا۔ بجھانا۔ (۱۳) اونچا اُٹھانا۔

ڈھیل دینا + مخمل بڑھاؤ + (۱۴) دکھنا جیسے بال بڑھانا

بڑھاوا دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ہمت بندھانا۔ حوصلہ دینا۔ (۲) ترغیب دینا۔ لالچ دینا۔ (۳) خوشامد کرنا۔ جھوٹی تعریف کرکے کام لینا + (۴)

بڑھاوے میں آنا۔ ہ۔ ف ل۔ لالچ یا دم میں آجانا۔ دھوکے میں آنا۔ خوشامد پر پھول جانا +

بڑھ بڑھ کے بولنا۔ ہ۔ ف ل۔ اپنی بُت سے باہر باتیں کرنا۔ اپنی حالت کو خیال نکر کے گفتگو کرنا۔ شیخی مارنا۔ فخر کرنا +

برھتی دولت رہے۔ محاورہ۔ دن رات دولت میں ترقی ہوتی رہے۔ مرادیں حاصل ہوتی رہیں + کلمہ دعائیہ۔

بڑھتی کا پہرا۔ محاورہ۔ بہتری کا زمانہ بہبودی کے دن +

بڑھتی لکھ لینا۔ ہ۔ ف ل۔ حساب میں زیادہ دام لگا لینا۔ بہت سا چارج کرنا +

بڑھ جانا۔ ف ل۔ (۱) اپنی حد اوسطا سے آگے نکل جانا۔ (۲) دولت اور

عزت میں ترقی کر لینا۔ بڑا آدمی ہو جانا۔ (۴) آگے چلا جانا۔ نکل جانا۔ سبقت لیجانا +

بڑھ چلنا۔ بڑھ کے چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ اپنی حد یا طاقت سے زیادہ کوئی کام کرنا۔ پاؤں نکالنا۔ اترانا۔ گھمنڈ کرنا غرور کرنا۔ اچھل چلنا +

بڑھکر بولنا۔ ہ۔ ف ل۔ شیخی مارنا۔ بڑا بول بولنا۔ اپنے مرتبہ یا حد سے گزر کر باتیں کرنا

بڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ س ~~بڑھ~~ ترقی کرنا +

دیکھو (بڑھانا۔ ف م) (۱) زیادہ بڑا ہونا۔ بالیدگی میں ترقی کرنا۔ حجم یا جسم میں زیادہ ہونا + (۲) اپنی حد یا طاقت سے زیادہ کام کرنا + (۳) ادھک یا بہت ہونا۔ (۴) ترقی کرنا + (۵) پھولنا۔ پھلنا۔ سرسبز یا دھنوان ہونا (۶) بچت ہونا۔ بچنا + (۷) لابھ یا فائدہ ہونا + (۸) آگے نکل جانا۔ (۹) سبقت لیجانا + (۱۰) طول کھینچنا۔ بڑھاپا ہونا

بڑے۔ اسم مذکر۔ (۱) بزرگ۔ آبا و اجداد بڑے بڑیرے۔ پُرکھا + (۲) مربی۔ سرپرست۔ والی وارث۔ سردھرا + جس گھر میں نہیں بڈے وہ گھر ڈگم ڈگے مثل

(۳) اعلیٰ درجہ کے لوگ۔ امیر +

بڑے باپ کا بیٹا۔ محاورہ۔ صاحب مقدور۔ تمالی خاندان۔ صاحب عزت بڑا آدمی + چلو تم ہی بڑے باپ کے بیٹے سہی

بڑی بات۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) ضروری امر۔ ضروری کام + (۲) مشکل کام + کچھ بڑی بات نہیں ہے (۳) شکر گزاری کی بات + بڑی بات ہے آپ آ تو گئے

بڑی بات نہیں۔ کچھ بڑی بات نہیں محاورہ۔ کچھ مشکل نہیں کچھ دشوار نہیں

بڑی بات ہوئی۔ محاورہ۔ خوب ہوا اچھا ہوا۔ (۲) خدا کا شکر ہے۔ ایشور کا دھن باد ہے +

بڑی بوڑھی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ بڑی عمر والی عورت۔ بزرگ عورت۔ نانی دادی تجربہ کار عورت +

بڑے بوڑھے۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) باپ دادا۔ پُرکھا + (۲) سردھرا۔ والی وارث

بڑی بہو۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) بڑے بیٹے کی بہو۔ (۲) لمبی اور بڑی عمر والی عورت + بڑی بہو بڑے بھاگ چھوٹی بہو چھوٹے بھاگ + مثل

(۳) (طنزاً) منتظم خانہ۔ سلیقہ مند۔ سگھڑ + بڑی بہو کو بلاؤ جو کھیر میں نون ڈالے

بڑی بی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ (مسلمان) بوڑھی عورت۔ ضعیفہ۔ تعظیماً ہر بڑھیا عورت کا خطاب ہے +

بڑے پاک ہو۔ محاورہ۔ بڑے بے غیرت ہو۔ بڑے بے شرم اور نلجے ہو۔ بڑے بیڈھب ہو +

بڑی چیز۔ بڑی روٹی۔ ا۔ اسم مؤنث (م عو)۔ قران شریف۔ مصحف عزیز کلام مجید +

میں نے لی ہو تو مجھے بڑی روٹی کی مار پڑے

بڑے کھایوں۔ ہ م ف بڑی دقت یا مشکل سے

بڑے میاں۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) تعظیماً بڑے عمر والے کو کہتے ہیں۔ (۲) مالک خانہ۔ سرپرست۔ مربی سردھرا +

بڑے گھر جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) خدا کے گھر جانا۔ مرجانا + (۲) قید میں جانا +

بُزاخفش۔ ف ع۔ اسم مذکر۔ لغوی اخفش بڑے صرف داں کا بکرا +

(کہتے ہیں کہ اخفش جس بکرے کو اپنا سبق سنایا کرتا تھا جبتک وہ گردن نہیں ہلاتا یا سنکر بول نہیں اُٹھتا یہ اپنا سبق اُسے سُنائے ہی جاتا اور جسوقت اُس بکرے کو ذبح کیا تھا تو معلوم ہوا کہ اُس کا سارا بھیجا خالی ہوگیا تھا) اسی سبب سے۔ خالی دماغ والے اور بے سمجھے سوچے ہاں کردینے والے کو بزاخفش کہتے ہیں +

بُزدِل۔ ف۔ بزدلا۔ ا۔ اسم مذکر۔ ڈرپوک۔ کایر۔ ہیتا۔ ہیز۔ خائف

بُزرگ۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) بڑا۔ کلاں بمثال + (۲) بڑی عمر کا آدمی۔ عمر رسیدہ۔ معمر۔ بوڑھا + (۳) بڑے بوڑھے۔ آبا و اجداد۔ باپ دادا۔ پُرکھا۔ مربّی۔ سردھرا۔ سرپرست + (۴) معزز۔ صاحب عزت + (۵) متقی۔ پارسا۔ نیک۔ سودھی۔ عابد۔ زاہد۔ رشی۔ منی۔ (۶) خدا رسیدہ۔ پہنچا ہوا۔ ولی۔ دیوتا + (۷) (طنزاً) حرامزادہ۔ شریر۔ متقی

بُزرگوں کا ٹھیکرا۔ بڑوں کا ٹھیکرا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ مکان جو باپ دادا سے ورثہ میں چلا آتا ہو۔ موروثی مکان +

بزن بولنا و ف ل قتل عام کا حکم دینا +
بزن کرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ قتل عام کرنا [اپنی قطا
بساط ع ۔ اسم مؤنث ۔ بچھونا ۔ شطرنج کا کپڑا + اسباب +
بس اگلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) بُرا کہنا ۔ اہانت کرنا ۔ توہین کرنا ۔ (۲) بغض و عداوت نکالنا ۔ بدلہ لینا ۔ بَیر سادھنا ۔ (۳) جو کچھ جی میں ہو وہ کہدینا ۔ دل صاف کرلینا زہر اُگلنا +
بساند ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ (۱) مچھلی کی سی بُو ۔ گوشت کی اصلی بُو + (۲) بُو ۔ باس ۔ بدبُو ۔ عفونت + (۳) ادنیٰ پن ۔ کمینہ پن ۔ اہل یا نسل کا اثر +
بس بس ۔ ندا و ندبہ ۔ بہت ہے ۔ کافی ہے ۔ اب کچھ حاجت نہیں +
بس بونا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسی شخص کے یا اپنے حق میں بُرائی کرنا ۔ اپنے حق میں کانٹے بونا ۔ بُرائی کا بیج بونا +
بستر الگانا یا جمانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ رات کے سونے کا سامان کرنا ۔ بچھونا بچھانا +
بستی ۔ اسم مؤنث ۔ س **वसति** از **वस** رہنا + (۱) آبادی ۔ بہت سے آباد گھروں کا مجمع ۔ گاؤں ۔ قصبہ + (۲) رونق ۔ چہل پہل ۔ خوشی ۔ سوبھا آبادی +
بس چلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ اختیار ہونا ۔ قابو چلنا +
بس دیکھ لیا ۔ محاورہ ۔ خوب امتحان کرلیا ۔ اچھی طرح جانچ لیا ۔ اب ازمائش کی حاجت نہیں رہی ۔ بڑے بے وفا نکلے +
بسرام کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) ٹھیرنا ۔ اُترنا رات کو رہنا + (۲) آرام کرنا ۔ سونا +
بسر کرنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ بھوگنا ۔ گزارنا ۔ بھرنا کاٹنا ۔ پورا کرنا ۔ نباہنا +
بسر و چشم ۔ ف م ف ۔ سر آنکھوں سے ۔ خوشی خوشی ۔ دل سے +
بس کرو ۔ محاورہ ۔ صبر کرو ۔ جانے دو ۔ چُپ رہو ۔ موقوف کرو ۔ ٹھیرو ۔ تمام کرو ختم کرو +
بس کی گانٹھ کھان پوٹ یا پڑیا ۔ ہ ۔ صفت ۔ (۱) زہر قاتل ۔ زہر ہلاہل ۔ (۲) متفنی ۔ مفسد ۔ شریر ۔ فسادی ۔ جھگڑالو +
میٹھی باتو تپہ نہ جا بس کی ہے وہ گانٹھ مُوا جانصاب
کیا کہوں اُس سے جو مرے مجھے گویا پھینچے
بسم اللہ کا گنبد ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ امن کا ٹھکانا ۔ پناہ کی جگہ ۔ سہارا ۔ تکیہ +
بسم اللہ کرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (مسلمان) (۱)

آغاز کرنا۔ ابتدا کرنا۔ آرمبھ کرنا + (۲) کھانا شروع کرنا۔ طعام متناول فرمانا۔ (ہندو) سدھ کرنا۔ پچھمی نارائن کرنا۔ بھوگ لگانا + (۳) مکتب میں بٹھانیکی رسم ادا کرنا۔ گنیش بچوانا۔ بدیا آرمبھ کرانا (۴) حلال یا ذبح کرنا +

بسم اللہ کے گنبد میں بیٹھنا یا رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) امن وامان میں رہنا۔ بچاؤ کی جگہ میں بیٹھنا + (۲) ناتجربہ کار رہنا۔ سرد وگرم زمانہ کا کچھ نہ دیکھنا +

بسم اللہ ہی غلط ہے۔ محاورہ۔ شروع ہی خراب ہے۔ پہل ہی بُری ہوئی ہے پہلے ہی غلطی ہوئی۔ سر مُنڈاتے ہی اولے پڑے +

بس ملانا۔ ہ۔ ف م۔ زہر کر دینا۔ نقصان کرنا۔ کھوٹ ملانا۔ بگاڑ دینا +

مینے کیا بس ملا دیا۔ میں بھی تو یہی کہتا تھا +

بس میں آنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پھندے میں پھنسنا۔ بیچ یا قابو میں آنا + (۲) کم زوری یا کم طاقتی ظاہر ہونا۔ تابع ہونا +

بس میں پڑنا یا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کے پھندے میں آجانا۔ قبضہ یا قابو میں ہونا۔ تابع یا مطیع ہونا +

بس میں رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ اختیار یا قابو میں رہنا۔ تابع یا مطیع رہنا۔ پیرا دھیں رہنا

بس میں کرنا یا لانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) تابع بنانا۔ دبانا۔ مغلوب کرنا۔ زیر کرنا۔ قابو میں لانا +

بسنت پھولنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سرسوں کھلنا۔ (۲) زردی چھانا۔ ہر طرف زرد ہی زرد دکھائی دینا +

بسنت کی خبر نہیں بسنت کی بھی خبر ہے؟ محاورہ۔ (ایسے بیخبروں کو جنہیں موسم بہار کے آنے تک کی خبر نہیں گویا زمانیکو ایک ہی حال پر سمجھے ہوئے ہیں)۔ زمانہ کے اُلٹ پھیر کی کچھ خبر نہیں۔ محض ناتجربہ کار ہیں +

بسم اللہ کے گنبد کے رہنے والے ہیں +

بسولے کی خاصیت ہے۔ محاورہ۔ جس طرح بسولا لکڑی چھیلتے وقت اپنی ہی طرف چھیٹیاں ڈالتا ہے اسی طرح ہر وقت اپنے ہی فائدہ کا دھیان ہے۔ خود غرضی۔ اِکل کھُرا پن +

بسیٹھ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) ہل چلانے یا کنواں جوتنے کے وقت جو جوا بیلو نپر رکھا جاتا ہے۔ جوہڑ + (۲) گماشتہ۔ کارکن۔ اجنٹ۔ ایلچی۔ قاصد۔

(۳) بچولیا۔ غماز۔ چغل خور۔ لگائی بجھائی کرنیوالا +

ساجن ساجن مِل گئے اور جھوٹے پڑے بسیٹھ مثل

بسیرا دینا۔ ہ۔ ف م۔ مُردہ کی ارتھی کو جمنا لیجاتے وقت وسط فاصلہ پر کندھوں پر سے اُتار کر رکھنا اور مردہ کو پنڈ دینا +

بسیرا بولنا۔ ہ۔ ف ل۔ خوش آواز پرندوں کا درختوں پر چہچہانا +

بسیرا لینا۔ ہ۔ ف ل۔ جانوروں کا درخت پر سونا۔ رات کو آرام کرنا +

بسیرے کا وقت۔ ا۔ اسم مذکر۔ سرِشام پرندوں کے آرام کا وقت۔ سونے کا سما +

بسیکھ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ س विवेक (۱) فرق۔ تمیز۔ اِمتیاز۔ (۲) خاصیت۔ عادت۔ سُبھاؤ +

ان فین کا یہی بسیکھ یہ بھی دیکھا وہ بھی دیکھ مثل

بشارت دینا۔ ا۔ ف م۔ (۱) خواب میں جتانا۔ (۲) خوشخبری سُنانا۔ اچھی خبر سُنانا +

بشنی۔ ہ۔ اسم مذکر۔ س विवि تعلق رکھنا (۱) کام دیو کا لقب۔ (۲) بشنے بھوگنے والا۔ عیاش۔ شہوت پرست (۳) خریدار۔ یار۔ عاشق۔ رنڈی باز +

بشیش کرکے۔ ہ۔ م ف۔ (۱) بہت کرکے۔ اِدھک (۲) خاص کرکے۔ خصوصاً +

بشنے کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) عیش وعشرت کرنا۔ مزے اُڑانا۔ (۲) زنا کرنا۔ بھوگ بلاس کرنا۔ عیاشی کرنا +

بطناً بعد بطنٍ۔ ع۔ م ف۔ (۱) نسلاً بعد نسلاً۔ پیڑھی در پیڑھی۔ پُشت در پُشت (۲) موروثی۔ پرکھاؤں سے۔ (۳) سدا سے۔ نت۔ ہمیشہ سے +

بعیدُ العقل ع۔ صفت۔ عقل سے دُور سمجھ سے باہر۔ بیہودہ۔ بے معنی +

بغبغا یا پھرنا۔ ا۔ ف ل۔ اُونٹ کی طرح سے مستا جانا۔ مست ہوجانا۔ بلبلایا پھرنا +

بغض للّٰہی۔ ا۔ اسم مذکر۔ ناحق کا بیر خدا واسطے کی دشمنی۔ بیفائدہ لی عداوت

بغل جانا۔ ایک بغل جانا۔ ف ل۔ سیدھ میں سے ہٹ کر چلنا۔ ایک طرف کو چلنا

بغل کا دشمن۔ بغلی گھونسا۔ ا۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو پاس رہکر دشمنی کرے۔ آستین کا سانپ +

بغل گرم کرنا۔ ا۔ ف م۔ معا[illegible]

پہلو میں لیکر سونا۔ معشوق کے ساتھ سونا +

بغل گیر ہونا ۔ا۔ ف ل۔ گلے لگنا یا ملنا۔ ملنا۔ ہم آغوش ہونا +

بغل لگانا ۔ا۔ ف م۔ (گاڑیبان) ہٹا کر کھڑا کرنا +

بغل میں ایمان دبا لینا ۔ا۔ ف ل ایمان نگل جانا۔ بد دیانتی کرنا۔ ایمان کو بالائے طاق رکھنا +

بغل میں مُنہ ڈالنا ۔ا۔ ف ل۔ سر نیچا کرنا۔ شرمندہ ہونا + دیکھو (گریبان میں مُنہ ڈالنا) +

بغلول ۔ا۔ اسم مذکر۔ بلغمی آدمی۔ جواب کے وقت بغلیں جھانکنے والا۔ مورکھ۔ سات پانچ نہ جاننے والا۔ سیدھا سادھا

بغلی ۱؎ اسم مؤنث (۱) سُوئی پیچک وغیرہ رکھنے کی تھیلی۔ خلیطی۔ تلے دانی + (۲) اُونٹوں میں ایک قسم کا عیب جس میں چلتے وقت ران پیٹ سے رگڑ کھائے + (۳) کُشتی میں ایک داؤں یا پیچ + (۴) ڈنڈے کھیلنے کا ایک ڈھنگ +

بغلی ڈوبنا ۔ا۔ ف م۔ حریف کی بغل میں سے نکلکر اُسے پکڑ لانا +

بغلیں بجانا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) کسی کی بُرائی سُنکر خوش ہونا۔ (۲) مارے خوشی کے اُچھلنا کودنا + چُوتڑ بجانا یا پیٹنا +

بغلیں جھانکنے لگنا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) ادھر اُدھر بھاگنے کا رستہ تاکنے لگنا۔ پناہ ڈھونڈنا۔ چوہے کا بل ڈھونڈنا۔ (۲) جواب نہ بن پڑنا۔ جواب نہ آنا۔ مُنہ تکتے رہجانا۔ (۳) محجوب ہونا۔ لجانا۔ شرمندہ ہونا +

بغلیں لینا ۔ا۔ ف م۔ بغلوں کے بال مُونڈنا +

بکرے کی اولاد ۔ا۔ اسم مذکر۔ حرامی بچہ۔ ولدالزنا +

بک بک کرنا۔ یا لگانا ۔ہ۔ ف ل۔ کسی بات کو بار بار کہنا۔ بڑ چھوٹنا۔ زِر لگنا۔ بکے جانا +

بکنا ۔ہ۔ ف ل۔ س च च کہنا۔ (۱) بکواس یا بکواد کرنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔ (۲) بُرا بُرا مُنہ ہی مُنہ میں بولنا۔ (۳) گالی گلوچ کرنا۔ واہیات کلمے مُنہ سے نکالنا +

بکنا ۔بک جانا۔ ہ۔ ف ل۔ س च च (۱) فروخت ہونا + (۲) مطیع ہوجانا۔ تابع بننا۔ نوکر بننا۔ آدھین ہونا

(۳) غلامی میں آنا۔ بردہ بننا +

بکھان کرنا۔ واکھیاں کرنا ۔ ہ ۔ ف م۔ س۔ व्याख्यान (۱) بیان کرنا۔ (۲) وعظ کہنا یا کرنا۔ کتھا بانچنا یا کہنا۔ (۳) مدح کرنا۔ تعریف کرنا + (۴) چاپلوسی و خوشامد کرنا +

بکھانتا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بیان یا برنن کرنا۔ (۲) (عو) بُرا بھلا کہنا۔ سخت و سست کہنا۔ پُنّا +

بکھرا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ گر اپڑنا۔ کھنڈا یا بیٹھا جانا + گرمی کے مارے جی بکھرا جاتا ہے (۲) خستگی کے باعث ٹوٹا جانا کھلا جانا + (۳) خفگی یا عشق کے سبب قابو سے باہر ہوا جانا۔ ہاتھوں سے نکلا جانا۔

بکھرنا۔ بکھر جانا۔ ہ۔ ف ل۔ س विकृ پریشان ہونا + (۱) کھنڈنا۔ گرنا۔ پھیلنا + (۲) ہاتھ سے کھنڈا کر بو یا جانا + (۳) الگ الگ یا جدا جدا ہو جانا۔ گرنا۔ تین تیرہ ہونا منتشر ہو جانا۔ پراگندہ ہو جانا + کوڑیاں یا لکڑیاں بکھر جانا (۴) پریشان ہونا۔ منتشر ہونا۔ کھنڈنا۔ بے ترتیب ہونا + بال بکھرنے سے کیا بُری صورت لگنے لگتی ہے + (۵) جزو جزو الگ الگ ہو جانا کھلا جانا۔ ٹوٹا جانا۔ خستہ ہونا + کیسے لڈو باندھے ہیں بکھرے جاتے ہیں!

(۶) ضایع ہونا۔ خراب ہونا۔ غارت ہونا۔ مٹی مین مل جانا + (۷) پھیلنا۔ لگنا۔ بے ترتیبی سے صرف ہونا + انبور روپیہ بکھر گیا ہے سمیٹنا کا جب بیٹھا جاویگا (۸) مچلنا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ بپھرنا + (اس معنی میں اب زیادہ تر بپھرنا بولنے لگے ہیں) (۹) غصہ ہونا۔ ناراض ہونا + بپھرنا۔ خفا ہونا۔ بگڑنا + (اب بپھرنا زیادہ بولتے ہیں) (۱۰) گھبرانا۔ حال ابتر ہونا بیٹھا جانا۔ پریشان ہونا + جی بکھرنا۔ ہوش بکھرنا (۱۱) حالت دگرگوں ہونا۔ حالت غیر ہونا قریب المرگ ہو جانا + دو اپیتے ہی بکھر گیا + (۱۲) باقی رہنا۔ بچنا + دانے بکھرے ہیں تو لوٹ پیٹ کر اچھا ہو ہی جائیگا +

بکھم۔ ہ۔ صفت۔ س विषम (۱) ایک جفت کا خلاف۔ طاق۔ (۲) کٹھن۔ مشکل ادق +

بکھیر۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (ہندو) وہ روپیہ پیسہ جو جاتے یا چلتے وقت بیاہ میں بیٹی والے کے ہاں دو طھایا دو طھا دو طھن دو نو کے اُوپر سے یا بڈھے کی آرتھی پر سے بطور

صدقہ کے بکھیرا یا نثار کیا جاتا ہے +
اُس نے بیٹے کے بیاہ میں بڑی بکھیر کی!

بکھیرنا - ہ - ف م - س **विकीर्ण** دیکھو (بکھرنا - ف ل) + (۱) کھنڈانا - گرانا پریشان کرنا - منتشر کرنا - پھیلانا - پراگندہ کرنا + (۲) ہاتھ سے کھنڈا کر بونا +

بکھیڑا - ہ - اسم مذکر - س **विकृ** پریشان ہونا (۱) اُلجھاؤ - اُلجھیڑا - پیچ - آل جنجال جھگڑا + (۲) دِقت - تکلیف مشکل - دشواری عذاب + میاں! تم بھی ایک نہ ایک بکھیڑا ایسا ہی لے آتے ہو + (۳) تردد - شش و پنج - تشویش - فکر - جھگڑا - انتشار - تذبذب اندیشہ مخمصہ + سب جیتے جی کا بکھیڑا ہے مثل (۴) مزاحمت - روک - آڑ - سدراہ + (۵) بگاڑ - نِفاق - نا اتفاقی - شکر رنجی رنجش + (۶) تکرار - قضیہ - لڑائی جھگڑا + انشا اللہ خاں کو صاحب! آپ نے چھیڑیں محفل میں (انشا) اِن باتوں میں بیٹھے بٹھائے لاکھ بکھیڑے پڑتے ہیں (۷) عُل شور - شور و شغب - بہلا + (۸) طریقہ - ڈھنگ - قاعدہ +
اِسے کمانے کے بیسیوں بکھیڑے یاد ہیں!
(۹) اسباب - اٹالا - اٹکل کھنگڑ +
میاں کیا بکھیڑا پھیلا رکھا ہے

(۱۰) کوڑا کرکٹ - خراب چیزیں - آخور +
(۱۱) کام - دھندا - کاروبار + ہوش سنبھالنے نہیں پایا کہ دنیا کے بکھیڑے میں پھنس گیا

بکھیڑا اچکانا - ہ - ف م - جھگڑا اچکانا یا مٹانا قضیہ فیصل کرنا - معاملہ طے کرنا +

بکھیڑا ڈالنا کرنا یا مچانا - ہ - ف م جھگڑا یا اُلجھیڑا ڈالنا - جھمیلا پھیلانا - کام بڑھانا +

بکھیڑیا - ہ - اسم مذکر - (۱) جھگڑالو - لڑاکا - (۲) اُلجھیڑی - جھمیلا - کام بڑھاؤ + (۳) مکّار - پاکھنڈی - جلّاز - (۴) پٹّے باز شعبدہ باز - بدمعاش + (۵) شرّی مفسد فتنہ پرداز - آگ لگاؤ - حرامزادہ +

بکھیڑے میں ڈالنا - ہ - ف م مخمصے اُلجھاؤ اُلجھن یا جھگڑے میں ڈالنا - دِقت یا عذاب میں پھنسانا - جھگڑا اچھے لگا دینا +

بکی - ہ - صفت - بہت بکنے والا - بکواسی - بیہودہ گو - جھکّی +

بگاڑ - ہ - س **विघट** توڑ دینا (۱) خرابی - بربادی - ابتری + (۲) زوال گھٹاؤ + مغلیہ سلطنت کا بگاڑ عالم گیر کے وقت سے گِنا جاتا ہے + (۳) دھمی برہمی اُلٹ پلٹ - پراگندگی + (۴) بدنظمی -

بدعملی۔ سکھان شاہی + (۵) تباہی۔ ابتری بربادی + (۶) نقصان۔ زیاں۔ ضرر + (۷) قصور۔ خطا۔ چوک۔ غلطی + (۸) برائی کھوٹ۔ نقص۔ کمی۔ خرابی +

تقدیر کے بگاڑ کی تدبیر کیا کریں (ظفر) بنتی نہیں ہے کوئی بھی تدبیر کیا کریں

(۹) بیماری۔ مرض۔ خلل۔ روگ +

پیٹ کے بگاڑ سے سارے بگاڑ ہیں مثل

(۱۰) اَن بَن۔ رنجش۔ دشمنی۔ آزردگی بیر

انشا جو اُس سے بگڑا تو کہنے لگا وہ شوخ۔ انشا اچھا جی اچھا جائیے ٹھیرا بگاڑ خوب!

(۱۱) نفاق۔ بغض۔ حسد۔ ایر کھا +

(۱۲) جھگڑا۔ لڑائی۔ تکرار + بچوں میں ذرا سی بات پر بگاڑ ہو جاتا ہے + (۱۳) سرکشی۔ بغاوت (۱۴) دھبّہ۔ داغ۔ کلنک۔ فرق +

اسکی اصل میں بگاڑ ہے +

(۱۵) ناپاکی۔ گندگی۔ اشدھتا + (۱۶) اشدھ روپ۔ غلط۔ یا بگڑی ہوئی حالت +

انجو لفظ نرنجن کا بگاڑ ہے

بگاڑ دینا۔ بگاڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) خراب یا تباہ کرنا۔ بگھن کرنا + (۲) ضایع برباد۔ یا ناس کرنا + خاک میں ملانا + (۳) اُڑانا لُٹانا۔ فضول خرچی کرنا + (۴) آزردہ ناراض یار بنجیدہ کرنا + (۵) بگاڑ یا رنجش پیدا کرنا + خفا ہو جانا۔ دشمنی پیدا کرنا + (۶) صورت سے بدصورت کرنا۔ خراب کرنا + (۷) عادت خراب کرنا۔ بدچلن کر دینا۔ ستیاناس کر دینا + (۸) عِفّت یا عصمت میں فرق لانا۔ آبرو لینا + (۹) نکمّا کر دینا۔ بیکار کر دینا + (۱۰) اشدھ کرنا۔ ناپاک یا گندہ کرنا + (۱۱) (ع) ہگ دینا۔ پنجا نہ پھیر دینا +

(۱۲) نقصان یا ضرر پہنچانا + (۱۳) دوالہ نکالنا یا پٹینا۔ ٹیٹ اُلٹ دینا + (۱۴) توڑنا پھوڑنا۔ کھودنا + عالمگیر نے سیکڑوں مندروں کو بگاڑ کر مسجدیں بنا دیں + (۱۵) غلط یا خراب کر دینا + گرو گرام کو بگاڑ کر گوڑ گانو وہ بولتے ہیں + (۱۶) مٹانا۔ صاف کرنا + پونچھنا + لکھ لکھ کے نام وصلی پہ میرا بگاڑا کیوں +

(۱۷) خراب کرنا۔ بٹہ لگانا۔ داغ لگانا +

اسے طفل اشک نام نہ اُن کا بگاڑنا

بگ ٹٹ یا بگ چھٹ دوڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ ایسا دوڑنا۔ جیسا باگ ٹوٹ جانے یا چھوٹ جانے کی حالت میں گھوڑا دوڑتا ہے۔ پوئیا یا سرپٹ دوڑنا۔ بے تحاشا دوڑنا +

بگڑ بیٹھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ناراض یا خفا

ہوجانا۔ لڑ پڑنا + (۲) پھر جانا۔ باغی یا متمرد ہوجانا + (۳) جھگڑنے یا فساد کرنے پر تیار یا آمادہ ہوجانا +

بگڑنا۔ بگڑجانا۔ ہ۔ فل۔ س विघटन از विघट ناس ہوجانا۔ (۱) خراب یا ستیاناس ہوجانا۔ برباد ہونا + (۲) نیکی عزت یا خوبصورتی وغیرہ کسی اچھی حالت میں فرق آنا یا اُسکا جاتا رہنا۔ بہتر حالت سے بتر حالت میں ہوجانا + (۳) تیزی کم ہوجانا۔ منشق جاتی رہنا۔ اُتر جانا۔ ربط چھوٹ جانا۔ خراب ہوجانا +

لڑکے سے جو نہیں لکھا تو ہاتھ بگڑ گیا +

(۴) بے سُرا یا بھاری ہوجانا۔ بیٹھ جانا۔ پڑ جانا + گاتے گاتے آواز بگڑ گئی +

(۵) بس جانا۔ سڑ جانا۔ بدمزہ یا بدذائقہ ہوجانا۔ اُترنا + گرمیوں میں رات کی دال ترکاری بگڑ ہی جاتی ہے +

(۶) ریہ لگنا۔ خاک ہونا۔ گلنا۔ بُور بُور یا ریزہ ریزہ ہوجانا +

سارا کپڑا دھرا دھرا بگڑ گیا +

(۷) نقصان ہونا۔ خراب یا ستیاناس ہونا

(۸) غیر حالت ہوجانا۔ مُردنی چھا جانا۔ قریب المرگ ہونا۔ حال ابتر ہوجانا +

گولی کھاتے ہی بگڑ گیا +

(۹) بدشکل ہوجانا۔ چہرہ بدنما معلوم ہونے لگنا۔ ہیئت میں فرق آنا۔

لگے مُنہ بھی چڑانے دیتے دیتے گالیاں صاحب
زباں بگڑ دی تو بگڑی تھی خبر لیجے دہن بگڑا

(۱۰) کام کا نہ رہنا۔ نکما یا بیکار ہوجانا +

(۱۱) مٹ جانا۔ داغ یا دھبہ لگ جانا۔ خراب ہوجانا۔ مخدوش ہونا +

روپیہ کا کاغذ ہے بگڑ جائیگا تو دام لیلوگا

(۱۲) ٹوٹ جانا۔ اُکھڑ جانا۔ خراب ہوجانا +

چھکڑوں سے جلدی سڑک بگڑ جاتی ہے

(۱۳) فرق آجانا۔ جاتا رہنا۔ پاگل یا دیوانہ ہوجانا + سنتے ہی ہوش بگڑ گئے +

(۱۴) بکھر جانا۔ نتر بتر ہوجانا۔ پریشان ہوجانا + (۱۵) لتھڑ یا بھر جانا۔ سن جانا۔ خراب ہوجانا + (۱۶) ناپاک یا غلیظ ہوجانا

موری کی چھینٹ سے کپڑے بگڑ گئے

(۱۷) جاتا رہنا۔ کم ہوجانا۔ فرق آجانا۔ آبرو ریزی ہونا + باپ کے مرتے ہی بات بگڑ گئی

(۱۸) ذائقہ یا سواد میں فرق آنا +

چار دن کے بخار میں مُنہ بگڑ جاتا ہے

(۱۹) درہم برہم ہونا۔ ابتر ہونا۔ خراب ہوجانا + جو سو مرگئی کھیل بگڑ گیا +

(۲۰) ضایع تلف یا برباد ہونا - (۲۱) جاتا رہنا تہس نہس ہو جانا - گم ہو جانا +
غدر میں خاندان کے خاندان بگڑ گئے!
(۲۲) بیجا اُٹھنا - اکارت جانا - صرف ہو جانا لگ جانا + (۲۳) دیوالہ نکلنا - غریب کنگال یا مفلس ہو جانا + (۲۱) کوٹھی یا بنک بگڑ گیا -
(۲) بنی کے سو سالے ہیں بگڑی کا ایک بہنوئی بھی نہیں + مثل
(۲۴) اچھا نہ ہندا اچھا نہ اُترنا - خراب ہو جانا فیل ہو جانا - گر جانا + امتحان میں بگڑ گیا +
(۲۵) بدی پر آنا - حرمزدگی کرنا - بدلگام یا سرکش ہو جانا + (۲۶) باغی ہونا - بغاوت یا سرکشی کرنا - پلٹ جانا - برگشتہ ہونا - پھر جانا + غدر میں فوج بگڑ گئی بات کرتے ہیں ملک ہاتھ سے جاتا رہا!
(۲۷) ڈھنگ یا عادت خراب ہو جانا - بدچلن ہو جانا - کہیں کا نہ رہنا + بگڑیگا تو امیر کا ہی بگڑیگا غریب کا کیا بگڑیگا +
(۲۸) فاحشہ یا چھنال ہو جانا - اُدھل جانا ست ڈگنا - عصمت یا پتی بھرتا پن جاتا رہنا - عیاش ہو جانا + اچھے اچھوں کی بگڑ جاتی ہیں اور یہ تو ایک غریب کی رانڈ ہے -
(۲۹) نقصان ہونا - ہرج ہونا - جانا - گرہ کا کھلنا + ہمارا کیا بگڑتا ہے بگڑیگا جس کا بگڑیگا ہمارا کام تو سمجھا دینا ہے + (۳۰) موافق نہ رہنا - خراب ہو جانا - زہریلی ہو جانا +
برسات میں کوڑے کرکٹ سے جیسی ہوا بگڑتی ہے ویسی کسی چیز سے نہیں بگڑتی! + (۳۱) نااتفاقی یا رنجش ہو جانا - اَن بَن ہونا - بغض و عداوت پڑ جانا +
باہم سلوک تھا تو اُٹھاتے تھے نرم و گرم - (میر)
کا ہے کو میر کوئی دے جب بگڑ گئی +
(۳۲) جھگڑا ہونا - لڑائی ہونا - تکرار ہو جانا - بیر پڑ جانا + جب راجاؤں میں بگڑ جاتی ہے تو پرجا ہی ماری جاتی ہے +
(۳۳) لال پیلا یا تیز ہونا - آنکھیں نکالنا خفا ناراض یا برہم ہو جانا +
بگڑیں نہ بات بات پہ کیوں جانتے ہیں وہ حال
ہم وہ نہیں کہ ہم کو منایا نہ جائیگا +
(۳۴) غلط بولا جانا - اشُدھ ہو جانا +
پیار میں بہت نام بگڑ جاتے ہیں!

بگڑے دل - ۱ - صفت (۱) دیوانہ - سودائی - دل چلا - وحشی - باؤلا + (۲) بے پروا - نڈر - آزاد - بے باک - اُجڈ - (۳) سرکش - باغی - بگڑا ہوا - پھرا ہوا + (۴) بڑا بہادر - شوربیر -

جودھا۔ دل والا۔ جوانمرد +

بگلا بھگت ۔ اِسم مذکّر۔ کپٹی۔ مکّار۔ گربہ مسکیں۔ دھوکے باز۔ گندم نما جَو فروش۔ باہر کچھ اور بھیتر کچھ +

بگنا ۔ ہ۔ ف ل۔ س ਜਾਣਾ جانا (۱) جاری ہونا۔ چلنا +

دن رات رستہ بگے ہے ڈر کا ہے کا ہے +

(۲) چلنا۔ حرکت کرنا۔ لکھا جانا +

کلم رتانی بگ گئی یا بدھ بندھی ہوں جال + (مچھلی کہتی ہے)

بگونا۔ بگوے پھرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (بدگوئی کرنے کا بگاڑ ہے) (۱) بدی بُرائی یا بدگوئی کرنا (۲) ہجو کرنا۔ بدنام کرنا +

بگوا کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (ہ عو) (۱) (بگوتی پھرنا) بُرائی یا غیبت کرنا۔ (۲) ہجو کرنا۔ رُسوا کرنا۔ بُرا بھلا کہنا + (۳) رنج کرنا۔ لڑائی کرنا۔ جھگڑا پھیلانا +

بگھار لگانا ۔ ف ل۔ (۱) چھونکنا۔ داغ دینا۔ داغنا + (۲) (بازاری) شراب پیکر حُقّہ کا دم لگانا +

بگھارنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مصالح کو گھی میں بھون کر کسی دال یا ترکاری میں ڈالنا۔ چھونکنا + (۲) بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔ بنانا۔ مارنا۔ کرنا + (۱) شیخی بگھارنا ہے بیجا جناب کا + (۲) کیوں باتیں بگھارتے ہو؟ + (۳) بولنا۔ ادا کرنا +

ہمیں سے انگریزی بگھارتے ہو؟ +

بگھن ڈالنا کرنا یا مچانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) قتل عام کرنا۔ بزن کرنا + (۲) مُزاحم ہونا۔ روک لگانا۔ خلل انداز یا سدّ راہ ہونا۔ (۳) مزہ مٹّی کرنا۔ خرابی پیدا کرنا +

بل۔ انگریزی۔ اِسم مذکّر۔ فرد حساب۔ حساب کی فرد + (۲) ہُنڈی۔ چک۔ دستاویز (۳) مسودۂ قانون +

بل۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ س वल्ल جانا + (۱) پیچ مروڑ تاب + رسی بل جاتی ہے پر بل نہیں جاتا + (۲) اینٹھن۔ اکڑ۔ اینٹھ + (۳) میڑھ۔ خم خمیدگی + (۴) سختی۔ کڑاپن۔ کرختگی (۵) شکن۔ بٹ۔ چین + (۱) مارے ہنسی کے پیٹ میں بل پڑ گئے + (۲) جب دیکھو جب تیوری میں بل ہی پڑے رہتے ہیں + (۶) بچھا۔ اُدچھل۔ بھید۔ اختلاف۔ فرق۔ تفاوت + ابتو کچھ ایسا بل نہیں رہا ہے ہمیں نبڑنا لو تو بہتر ہے + (۷) غلطی۔ ٹیڑھ۔ کجی۔ قصور + یہ سارا اُونکی سمجھ کا بل ہے +

(۸) شکر رنجی۔ رنجش۔ فرق۔ ان بن +
جب دلوں میں بل پڑجاتا ہے تو شکل سے جاتا ہے
(۹) طاقت۔ ست۔ زور۔ قوت +
بل تو اپنا بل نہیں جائے جل! مثل
(۱۰) سہارا۔ مدد۔ برتا۔ ذریعہ۔ بھروسہ +
بچھڑا کھونٹے ہی کے بل کودتا ہے + مثل
(۱۱) سرکشی۔ اینٹھ۔ خودمختاری۔ مروڑ +
(۱۲) گھمنڈ۔ غرور۔ نخوت۔ خودبینی +
(۱۳) البیلا پن۔ بانکپن۔ خودنمائی۔ تڑنگ +
(۱۴) پہلو۔ سمت۔ جانب۔ رخ۔ اوڑ۔
کروٹ + (۱۵) قربانی۔ بھیٹ۔ نذر۔
دیوتاؤں کا بھوگ + چھتریوں میں دسہرہ
کے دن بھینسے کا بل کرتے ہیں +

بلا ع۔ اسم مؤنث۔ (۱) آفت۔ مصیبت
دکھ۔ پتا + طویلہ کی بلا بندر کے سر + مثل
(۲) قہر۔ غضب۔ زحمت۔ کوپ +
(۳) لڑاکا عورت۔ کرکسانا۔ جھگڑالو۔
ڈاین + بڑی بلا ہے رات دن لڑنے ہی میں جاتا ہے
(۴) ڈاین۔ چڑیل۔ بھتنی۔ بھوت۔ پریت
آسیب + جانے اسکو کیا بلا چمٹ گئی!
(۵) تچھ بستو۔ ناچیز شے۔ حقیر چیز۔ ٹھوسا
جوتی۔ پیزار + (۱) جانے ہماری بلا کون
لے گیا + (۲) لوہا جانے لوہار جانے دھونکنی
دوہا
رگھوبر جب بن کو چلے۔ سیتا کیو بلاپ
سوہے چھاڑ مت جائیے چھاڑ دمائی باپ +

والے کی بلا جانے + مثل (۶) کوڑا کرکٹ
آخور۔ نکمی چیز۔ واہیات چیزیں +
(۷) مواد فاسد + اسکے پیٹ میں جنے
کیا بلا بھری ہوئی ہے کہ چار جلابوں میں بھی
صاف نہیں ہوئی +

بلا ع۔ صفت (۱) ڈراؤنا۔ بھیانک۔
دہشت ناک۔ مہیب + (۲) جھگڑالو۔
بڑی لڑنے والی۔ لڑاکا۔ کرک +
بڑی بلا ہے رات دن بچوں کے پیچھے پڑی رہتی ہے
(۳) غصیل۔ اگیا ہا۔ آتش کا پرکالہ +
(۴) تیز چالاک۔ آفت۔ قیامت +
(۱) اسکا ذہن بلا ہے + (۲) وہ چلنے میں بلا ہے +

بلا بدتر ع ف۔ صفت + بلا سے بھی
بدتر۔ نہایت خراب۔ نکھد۔ نکما +

بلا بوغما ا۔ اسم مذکر + (۱) نہایت خراب
چیز۔ دیکھو۔ (بلا نمبر ۲) + (۲) فربہ اندام
موٹی بھینس۔ بدہیت + (۳) پھوڑ۔
بدسلیقہ۔ خیلا +

بلا بھیجنا ہ۔ ف م + آدمی بھیجکر بلا لینا۔
طلب کرنا +

بلاپ کرنا ہ۔ ف ل + (۱) تڑپنا۔
یاد کرکے رونا۔ سناپ کرنا۔ رونا پیٹنا +

(۲) ماتم کرنا۔ نوحہ گری کرنا۔ کہرام مچانا +

بلا پیچھے لگانا ۔ا۔ ف ل۔ آفت یا مصیبت میں مبتلا کرنا یا ڈالنا۔ جھگڑے یا عذاب میں پھنسانا یا ڈالنا +

بلا تکلف ۔ ع۔ م ف ۔ (ا) بے روک ٹوک ۔ بے تکلف ۔ بلا وسواس + (۲) بیساختہ ۔ برجستہ ۔ فی البدیہہ +

بلا توقف ۔ ع ۔ م ف ۔ بغیر دیر کئے ۔ فوراً ۔ تُرت ۔ معاً ۔ بہت جلد +

بلا جانے ۔ محاورہ ۔ ہم نہیں جانتے ہمیں خبر نہیں ۔ جانے ہماری بلا!

بلا چٹ بلا نوش ۔ ا۔ صفت ۔ (ا) بلایا آسیب کی نذر یا حق کا کھا جانے والا ۔ صدقہ خور + (۲) انا پ شنا پ یا کچھ آگے آئے کھا جانے سے کام رکھنے والا + (۳) بڑا کھانیوالا ۔ بڑ پیٹو +

بلا سے ۔ ا۔ م ف ۔ کچھ پروا نہیں ۔ پیزار جوتی یا ٹھوسے سے +

بلا کا بنا ہوا ہے ۔ بلا کا پُتلا ہے ۔ محاورہ + نہایت تیز و چالاک ہے ۔ بڑا فطرتی ہے ۔ آتش کا پرکالہ ہے ۔ غضب کا بنا ہوا ہے ۔ آفت کا ٹکڑا ہے +

بلا کی طرح پیچھے پڑنا ۔ ا۔ ف ل ۔ چمٹ جانا ۔ بنکر لپٹنا ۔ جھٹنی ہو کر چمٹنا ۔ کسی کام کے سر ہو جانا ۔ چھچھڑ ہو کر لپٹنا +

بلا گرداں ۔ ف ۔ صفت ۔ تصدق ہونیوالا قربان ہونیوالا ۔ بلہاری جانے والا +

بلا لوں ۔ ندا و ندبہ (عو) (ا) ۔ بلہاری جاؤں ۔ صدقہ یا واری جاؤں ۔ قربان ہو جاؤں ۔ (۲) ائے ۔ صاحب! جانمن بلا لوں! میں جو کل وہاں گئی اور تمہیں نہیں پایا تو جی بڑا بیچین ہو گیا +

بلا لینا ۔ بلائیں لینا ۔ ا۔ ف ل ۔ (ا) تصدق ہونا بلہاری جانا ۔ نثار ہونا ۔ (۲) نہایت پیار کرنا ۔ بچوں کو گلے لگانا ۔ (اکثر بڑھیا عورتوں کا دستور ہے کہ جب مدت کے بعد اپنے کسی پیارے کو دیکھتی ہیں یا کسی بچے سے نہایت خوش ہوتی ہیں تو وہ اپنے دونوں ہاتھ اسکے سر پر پھیر کر اور پھر اپنی کنپٹیوں پر رکھکر اپنے ہاتھوں کی انگلیاں چٹخاتی ہیں اور اس سے اُنکی یہ مراد ہوتی ہے کہ اسکی ساری بلا ہمیں لگ جائے)

بلانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ س ق ۔ کہنا + (ا) پکارنا طلب کرنا ۔ ٹیرنا + (۲) آواز نکالنا ۔ بجوانا + ذرا حقہ بلا کر پانی ٹھیک کر لینا +

بِلّانا - ہ - ف ل + بِلاپ کرنا - تڑپنا + زار زار رونا +

بِلا نَاغہ - ع ت - م ف + بغیر ناغہ کئے - ہر روز - نِت - برابر - مُتواتر +

بِلا واسطہ - ع - م ف + (۱) بغیر وسیلہ - راہ راست - بخط مستقیم - سیدھا + (۲) بے وجہ - ناحق - یُونہیں - خواہ مخواہ +

بلا واسطہ آج اُنہوں نے سیکڑوں باتیں سُنائیں +

بُلبُلا - ہ - اِسم مذکّر - س بُدبُدہ (۱) ہوا بھری ہوئی پانی کی بوند - حباب + (۲) ناپائیدار یا فانی شے - اوس کے موتی + کیا بھروسا ہے زندگانی کا + آدمی بلبلا ہے پانی کا

بُلبُلانا - ہ - ف ل + تڑپنا - بے چین ہونا بیقرار ہونا - مضطر ہونا +

بَلبَلانا - ہ - ف ل + (ہ) بل = زور + (۱) اُونٹ کی طرح مستا کر بل بل کرنا یا بولنا - چلّانا + (۲) مستانا مستی لگنا - (۳) غصّہ میں لال پیلا ہونا - خفا ہونا - جھنجلانا +

بل بل جانا - بلہاری جانا - ہ - ف ل + نثار تصدّق یا قربان ہونا - واری واری جانا - بلائیں لینا + اپنے گھر کے بل بل جاؤں - سالا کھاتی آدھا کھاؤں +

تھوڑے دن پیہر رہ آؤں - تھوڑے دن بھاجی میں گنواؤں + (ساس سے جُدا ہو کر بہو کہتی ہے)

بل بل کرتا - بلبلاتا - ہ - م ف + کسی چیز کے بدلے میں اپنی جان قربان کرنیکا اظہار کرنا ہوا - نہایت شوق اور خوشی سے - بڑی سرگرمی اور جوش سے +

بل بنانا - ا - ف م - فرد حساب تیار کرنا حساب کا پرچہ اُتارنا +

بل بھرنا - ہ - ف ل (۱) - زور میں آجانا (۲) خواہ مخواہ کشیدہ خاطر ہونا - جی ہی جی میں اینٹھنا - ناراض یا خفا ہو بیٹھنا +

بل بھکوا - ہ اسم مذکّر - وہ شخص جو بڑھاپے میں جوانوں کی سی حرکتیں کرے + بوالہوس - بُوبک +

بل بے - ہ - ندا و نُدبہ + (۱) کیا زور ہے! (۲) کیا کہنے ہیں میرے شیر! - واہ! واہ! اوہو! شاباش! مرحبا! (۳) بہت بڑھکر! ات گت! بے ٹھکانے! از حد! بل بے! تیری سخاوت!

بل پاس کرنا - ا - ف ل + (۱) حساب کی فرد منظور کر لینا + (۲) مسودہ قانون کو قانون مان لینا یا منظور کر لینا +

بل پڑنا - ہ - ف ل + (۱) شکن - بٹ

یا چین پڑنا + (۱) اَن بَن ہونا۔ رُکاوٹ بگاڑ نفاق یا شکر رنجی ہونا + (۲) فرق آنا۔ کمی رہنا۔ بدھ نہ ملنا +

بل جاری کرنا۔ ا۔ ف ل + (۱) (بل کردینا) ہنڈی کرنا۔ چک یا چٹھی لکھدینا + (۲) فرد حساب یا حساب کا پرچہ قرضدار کے پاس بھیجنا +

بل جانا۔ ہ۔ ف ل + (۱) جل اُٹھنا۔ بھڑک جانا۔ مشتعل ہونا۔ (۲) قربان ہونا۔ دیکھو (بل بل جانا) + بل جائیے اُس راج کو جہاں موتی لاگے پیاج کو مثل

بلدنا۔ بلدھنا۔ ہ۔ ف ل + (ہ۔ بلد = بیل)۔ (۱) گاے کا گیا بھن ہونا + (۲) (مذاقاً) عورت کا حاملہ ہوجانا۔ پیٹ رہجانا +

بل دینا۔ ہ۔ ف م + (۱) بٹنا۔ مڑوڑی دینا۔ اینٹھنا۔ بھانٹنا + (۲) قربانی کرنا۔ بلدان کرنا۔ ذبح کرنا +

بل ڈھونڈنا۔ چوہے کا بل ڈھونڈنا۔ ہ۔ ف ل + (۱) جسطرح چوہا بلّی سے ڈر کر اپنا بل ڈھونڈتا پھرتا ہے اسی طرح کسی کے خوف کے مارے پناہ کی جگہ تلاش کرنا۔ پناہ یا امن چاہنا + (۲) چھپتے لگتے یا بھاگتے پھرنا +

بلسنا۔ ہ۔ ف ل + سکھ بھوگنا۔ عیش و آرام کرنا۔ زندگی مزے سے کاٹنا +

رام کرے تو اپنی جوانی سے نہ بلسے (ہ ف)

بلغمی۔ ع۔ صفت۔ (۱) بلغم یا کف پیدا کرنیوالی۔ مرطوب۔ بادی + (۲) بلغمی مزاج والا + (۳) موٹا۔ موٹا پھیپس + (۴) کاہل۔ سست + (۵) موٹی سمجھ کا +

بل کرنا یا لانا۔ بل کی لینا۔ ہ۔ ف ل + (۱) زور دکھانا + (۲) ٹیڑھا ہونا۔ پیچ و تاب کھانا۔ غصّہ ہونا۔ اکڑنا +

مژہ بھی کرتی ہے بل ابرو سے بتاں کی طرح
(امیر لکھنوی) ستم ہے تیر بھی کھنچنے لگے کمان کی طرح

(۳) غرور یا گھمنڈ کرنا۔ اِترانا +

بلکنا۔ ہ۔ ف ل + (۱) بچہ کا تڑپ تڑپ کر رونا پھڑکنا۔ بلبلانا + (۲) بے چین یا بے قرار ہونا +

بل کھانا۔ ہ۔ ف ل + (۱) ٹیڑھا ہونا۔ خم کھانا۔ کجی آجانا۔ ٹیڑھ پڑجانا +

بوجھ جو بہت تھا تو گڑیاں بل کھا گئیں +

(۲) آپ ہی آپ بل مارنا یا اینٹھنا۔ جز بز ہونا پیچ و تاب کھانا +

بل کھلنا۔ ہ۔ ف ل + (۱) مڑوڑی یا بٹ اُدھڑنا۔ پیچ کھلنا + (۲) سلجھنا۔ صاف

ہو جانا۔ رنجش جاتی رہنا +

بلکھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ س विलग्न = جدا۔ = دیکھنا + (۱) ندر کھائی دینا۔ (۲) مٹ جانا فنا ہو جانا + یہ نسبتاً اس کے سوتی بلکھجات ایک چھین بیر

بلمانا ۔ ہ۔ ف م س विलम्ब دیر کرنا + دیر لگانا۔ ٹکانا۔ روک رکھنا۔ ٹھیرا لینا + (۲) موہت کر لینا۔ موہ لینا۔ پھنسانا + کن سوتن نے سیّاں بلمائے کس کے پھندے میں پھنس گئے رام! سیّاں نہیں آئے (گیت بر)

بلنا ۔ ہ۔ ف م۔ بل = پیچ + (۱) بٹ یا بل دینا۔ بھاننا۔ بٹنا۔ (۲) کسی گہنے میں بٹکر سوت یا ریشم کا ڈورہ ڈالنا۔

بلنا ہ۔ ف ل۔ (۱) آنچ یا آگ جلنا گو یا شعلہ اٹھنا (۲) (عو) رنج یا تکلیف کی آگ میں جلنا۔ سلگنا۔ پھکنا +

بلند پرواز ۔ ف۔ صفت (۱) بہت اونچے اڑنے والا (۲) بلند خیال۔ عالی دماغ

بلند حوصلہ ۔ ف ع۔ صفت۔ (۱) بڑے حوصلہ یا پوٹے والا۔ دل چلا۔ (۲) فیاض۔ سخی +

بلند نظر ۔ ف ع۔ صفت۔ اونچی نظر والا۔ چھوٹی باتوں یا معاملوں پر خیال نکرنے والا۔ عالی حوصلہ۔ عالی ہمت +

بل نکالنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ٹیڑھ یا خمیدگی دور کرنا۔ سیدھا کر دینا + اچھی! جی جی! میرے تکوے کا بل نکالتی جا (ہ عو) (۲) ٹھیک بنانا۔ درست کرنا۔ شیخی نکال دینا۔ سزا دینا + مجھسے چکر لائے تو گھڑی بھر میں بل نکال دونگا +

بل نکلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ ٹیڑھ یا خمیدگی دور ہونا۔ سیدھا ہو جانا + (۲) درست یا ٹھیک ہو جانا۔ (۳) غرور ڈھیلا۔ گھمنڈ نکلنا۔ شیخی کر کری ہونا + (۴) فرق یا تفاوت نکل جانا۔ پار پھلنا۔ حساب صاف ہو جانا + (۵) جی من دل یا طبیعت کا فرق یا رنج دور ہونا۔ صفائی ہو جانا +

بلوان ۔ ہ۔ صفت۔ (۱) صاحب زور زور والا۔ طاقت ور + (۲) بہادر۔ سور بیر۔ جودھا۔ شیر دل۔ شیر مرد +

بلور کی مانند۔ بلور کا ٹکڑا۔ صفت + بلور سا اجلا۔ نہایت صاف او شفاف

بلونا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) رئی پھیر کر دودھ یا دہی میں سے مکھن یا لونی نکالنا متھنا۔ (۲) گھنگولنا۔ ٹٹولنا۔ ڈھونڈنا +

پایا نہ دل بہایا ہوا سیل اشک کا۔ میں پنجۂ مژہ سے سمندر بلو چکا + (میر)

(۳) تنگ کرنا - ستانا مارنا - ظلم کرنا +
تہانہ دار نے تو بلوا را +

بلوں بلُوں - ہ - اسم مؤنث + (۱) مانگ - چاہنا - ضرورت خواہش + (۲) تنگی - عسرت - کمی + (۳) کمیابی - (۴) واویلا پکار - ہائے ہائے +

بلوہ - ف - اسم مذکر - (۱) بہدا - دنگا - بغاوت - غدر - ہلڑ + (۳) غل وشور - غل غپاڑا - فتنہ وفساد + (۲) عدول حکمی - سرتابی - سرکشی + (۴) کھلبلی - ہل چل - بدنظمی - بدعملی + (۵) بھیڑ بھاڑ - ازدحام - مجمع بیجا - ہجوم +

بلوۂ عام کرنا - ا - ف ل - عام لوگوں کا اکھٹا ہو کر بہدا یا دنگا مچا دینا +

بلہاری یا بلہیاری جانا - ہ - ف ل + واری یا صدقے جانا - دیکھو (بل بل جانا)
گرگو بند دونو کھڑے - کسکے لاگوں پائے
(دوہا) بلہاری گرآپنے جس ست گردئے بتائے

بل بین - ہ - صفت (۱) کم زور - نربل کم طاقت + (۲) نامرد - ہیجڑا - کائر +

بلّی - ہ - اسم مؤنث - س - **विडाली** (۱) گربہ - بڑ مونہی - نکٹی + (۲) ایک قسم کی کاٹ کی کنڈی جو باہر سے بھی کھل سکتی ہے - کاٹ کا تالا - ایک قسم کی آنگل +

بلّی اُلانگ کر تو نہیں آئے - محاورہ - اُس راستے کو کاٹ کر تو نہیں آئے جس راستے کو بلّی گئی تھی جو آتے ہی لڑنے لگے (چونکہ ہمی آدمی بلّی کے کاٹے ہوئے راستے پر سے چلنے کو بُرا جانتے ہیں اس سبب سے جب کوئی شخص کسی کے ہاں آتے ہی تکرار کرنے لگتا ہے تو اُس تکرار کو اُس راستہ کاٹنے کا اثر خیال کر کے یہ محاورہ زبان پر لایا کرتے ہیں) +

بلینڈا - ہ - اسم مذکر - (۱) چھپر کے بیچ کا بڑا بانس یا بڑی لکڑی + (۲) بڑی لمبی تڑنگی عورت +

بم - ہ - اسم مؤنث - ع منبع - س **बम** نکلنا + (۱) (بمبا) - چشمہ - سوتا - منبع + (۲) اُونچی جگہ پر پانی پہنچانے کی ایک کل پانی کی بم + (۳) غل - شور - آدھم + (۴) مہادیو جی یا شیوجی کا ایک خطاب ہے جو پوجا کے وقت گال بجا کر ادا کرتے ہیں + بم بم بھولے! (۵) ایک قسم کی بندگی یا رام رام ہے جو شیو مہادیو کہکر ماہم کرتے ہیں + (۶) (انگریزی بمبو کا بگاڑ ہے) - بانس + (۷) انگریزی گاڑی کی وہ لکڑی جو جوتوں کے بیچ میں

رہتی ہے۔ ایک قسم کا بخارہ (= ہندستانی گاڑی کی بم) + (۸) ساڑھے تین ہاتھ کا ایک پیمانہ + (۹)۔ (ع بم)۔ راگ کا اونچا سُر + (۱۰) دھونسا۔ دمامہ۔ نقارہ +

کبھی تو کایر رن چڑھے اور کبھی نہ باجی بم + مثل

بمبو ا۔ اسم مذکر۔ (انگریزی BAMBOO) (۱) بانس + (۲) چنڈو پینے کی نلی +

بمبو بکیس محاورہ۔ جب گورے اور صاحب لوگوں کے پاس انعام دینے کو کچھ نہیں ہوتا ہے تو یہ فقرہ کہا کرتے ہیں اور اُس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ چلے جاؤ ورنہ ہم تمپر بانسوں کی بخشش کرنے لگیگا +

بم چھوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی جگہ سے پانی کا چھوٹ کر نکلنا۔ پرنالہ سا جاری ہو جانا +

بم پولس ا۔ اسم مذکر۔ وہ پیچانے جو چھاؤنیوں یا شہروں کے بازار یا گلی کوچوں میں عوام کے لئے بنوا دئے جاتے ہیں۔ عام پیخانے +

بم مچانا۔ بم رج مچانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) شور و غل مچانا۔ دُہائی دینا۔ اُودھم چوتنا یا مچانا + (۲) دنگا مچانا۔ فساد یا ہنگامہ برپا کرنا +

بن۔ ہ۔ اسم مذکر + س **بن** (۱) (بنی)۔ جنگل۔ رکھیا۔ مرغزار + (۲)۔ (پورب۔ بانگا) ۔ کپاس کا کھیت۔ باڑی۔

بنا یا بن جانا۔ ہ۔ ف ل۔ س۔ ق پ و ننو = رنگنا (۱) وجود میں آنا۔ رچا جانا + جسدن سے دنیا بنی ہے مرنے جینے میں تو فرق ہوا ہی نہیں +

(۲) تیار یا موجود ہونا۔ ہو جانا + اُنکے ہاں بھی سواری بن گئی ہے

(۳) ایجاد یا اختراع ہونا۔ نکلنا + امریکہ میں ہر سال کوئی نہ کوئی نئی چیز بنتی ہے۔

(۴) از سر نو بنا پڑنا۔ تعمیر ہونا۔ چُنا جانا + (۵) تالیف یا تصنیف ہونا۔ لکھا جانا۔ رچا جانا + آج کل رات دن کتابیں بنتی ہیں!

(۶) سانچے میں ڈھلنا۔ صورت پکڑنا (۱) + (۷) مرمت ہونا۔ پٹنا۔ ٹھیک ہونا + (سحر) بن گئے آکے کوئے یار میں ہم۔ نئے بگڑے تھے اِس بہار میں ہم +

(۸) (ہندو) پکنا۔ تیار ہونا + کہو بھئی روٹی بن گئی؟

(۹) تدارک بندوبست یا انتظام ہونا۔ ممکن ہونا۔ ہو سکنا +

بنے جس طور سے تم اُسکو لانا

(۱۰) ہونا۔ ٹھیرنا۔ ہو جانا + (۱) بیٹا بن کے سپوت کہایا ہے باپ بن کے کسی نے نہیں + مثل

(۲) بات کہکر ذلیل بننے +

(۱۱) سنورنا۔ درستی پر آنا +

(۱۳) چھلچھلا کر تیار ہونا۔ صاف ہونا +
ترکاری بن گئی ہے تو چڑھا دو
(۱۳) ختم ہونا۔ پورا ہونا +
(۱۴) درست صحیح یا ٹھیک ہونا۔ کسر کور نکلنا۔ سدھرنا۔ مرمت ہونا +
سڑک بننا۔ کاپی یا پروف بننا
(۱۵) کھل اُٹھنا۔ اچھا معلوم ہونے لگنا۔ بول اُٹھنا۔ بہتر ہو جانا +
اِس بیل سے ٹوپی بن گئی
(۱۶) آدمیت یا انسانیت آجانا۔ شایستہ ہو جانا۔ سیکھ جانا +
کوٹھی میں بٹھا دو۔ برس دن میں بن جائیگا +
(۱۷) آراستہ ہونا۔ سنگرنا۔ بناؤ کیا جانا +
بھائی سگا بھی آن کے پوچھے نہ بات کو۔ (نظیر)
بن پیسے۔ یاروں۔ دو لہا بنے آدھی رات کو
(۱۸) قافیہ اور بحر درست ہونا۔ چال ٹھیک ہونا + ٹھیک بیٹھنا۔ موزوں ہونا۔ یہ شعر تو بنتا نہیں!
(۱۹) مالدار یا امیر ہونا۔ لو دولت یا دھنوان ہو جانا + غدر میں ہزاروں بگڑ گئے اور ہزاروں بن گئے +
(۲۰) درجہ بڑھ جانا۔ رُتبہ حاصل ہونا +
دیکھتے رہو پیادہ کا اب فرزیں بنا!
(۲۱) سرسبز ہونا۔ خوش و خورم ہونا۔ دال روٹی سے خوش ہونا +
بنی کے سب ساتھی ہیں!
(۲۲) وضع نکلنا۔ بناٹھنا۔ تراش خراش کرنا + آج تو چار دمڑی کے بنے ہوئے ہو!
(۲۳) مدمغ ہونا۔ اکڑنا۔ اینٹھنا + ؟
میاں ایسے کیوں بن بن کے چلتے ہو؟
(۲۴) بھیس بدلنا یا بھرنا۔ وضع پلٹنا +
سوانگ بننا
(۲۵) کھنچ جانا۔ منقش ہو جانا +
تصویر بن گئی یا نہیں؟
(۲۶) موافقت ہونا۔ میل کھانا۔ ملاپ ہونا +
ہماری اُنکی نہیں بنتی
(۲۷) (جواری) حاصل ہونا۔ جیتنا +
کہو یار کتنے دام بن گئے؟
(۲۸) ذائقہ دار یا مزہ دار ہو جانا۔ سواد کا ہو جانا +
ہینگ سے اُڑد کی دال بنتی ہے!
(۲۹) ساکھ ہونا۔ عزت و آبرو ہونا۔ طوطی بولنا + آج کل اُنکی خوب بنی ہوئی ہے۔
(۳۰) موقع ملنا۔ اتفاق ہونا۔ فرصت ہاتھ لگنا۔ اَوسر ملنا + بنا تو شام کو آؤنگا
(۳۱) اَن بننا۔ واقع ہونا۔ سر پر آجانا۔ پڑنا۔ حادث ہونا +
(۱) نالڑنا لڑکا کام شیطان کا ہے۔ مثل
بنی پہ جو کے سو تخم حرام کا ہے +

(۲) بُری بنی ہے!
(۳۲) وقت پڑنا مصیبت آنا۔ آفت پڑنا + جیسی بنے گی ویسی جھیلیں گے
(۳۳) طِفلی اُڑنا بنّسی ہونا۔ احمق ہو جانا + جس طرح اُنکو بنایا بن گئے +
(۳۴) صاف ہونا۔ چُنا پھٹکا جانا۔ کوڑا کرکٹ جدا ہونا + پیسنی بن گئی ہو تو پسنہاری کو دو
(۳۵) روشنی کا درست ہو جانا۔ سنورجانا + روشنی بن گئی یا نہیں؟
(۳۶) لکھا جانا۔ تیار ہونا۔ انتخاب ہونا + سوالات بن تو گئے ہیں ابھی چھپے نہیں ہیں +
(۳۷) منڈنا۔ کترا جانا۔ اُسترہ پھر جانا + اُنکی اِصلاح بن گئی ہو تو میں آؤں
(۳۸) ٹھیک ٹھیک دام لگانا۔ واجبی دام لینا + بَن کے دو تو میں بھی لے لوں۔

بنّا۔ بنڑا ۔ ہ۔ اِسم مذکّر (۱) دولھا۔ نوشہ + تانبے اور بنی میں رہے اِخلاص ہم
گوند ھئے سورۂ اخلاص کو پڑھکر سہرا (ذوق)
(۲) پیارا۔ لاڈلا + بنّے کہاں گئے تھے؟
(۳) (بنڑا)۔ شادی کا گیت۔ شادیانہ۔ گھوڑی بنّے گا لو +

بِنا ع۔ اِسم مؤنث۔ (۱) بنیاد۔ نیو۔ نیم + (۲) جڑ۔ اصل۔ بکاس + (۳) کارن۔ وجہ سبب۔ دلیل۔ (۴) شروع۔ آد۔ آغاز +

بنا بنایا ۔ ہ۔ صفت۔ تیار۔ ریس۔ ٹھیک۔ درست۔ بنا سنورا۔ باقاعدہ۔ باترتیب +
(۱) بنا بنایا کام بگڑ گیا (۲) بنا بنایا مکان سستا ہی مِلا کرتا ہے +

بنا ٹھنا ۔ ہ۔ صفت (۱) اکپڑا لتّا اور گہنا پاتا پہنے ہوئے۔ آراستہ۔ مُزیّن۔ بنا سنورا۔ سنگرا ہوا۔ (۲) بانکا۔ چھیلا۔ چھیل چھبیلا +

بنا ڈالنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) نیو یا بُنیاد ڈالنا (۲) آغاز یا شروع کرنا۔ بڈھا لگانا +

بنارسی ٹھگ ۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ (۱) بنارس کا ٹھگ۔ مشہور ٹھگ۔ ثِقہ بدمعاش + (۲) دھاڑی چور۔ دُزد کامل +

بنا رہنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) زندہ و سلامت رہنا۔ جیتا رہنا + (۲) موجود یا حاضر رہنا۔ بیٹھا رہنا + آٹھوں پہر بنا رہتا ہے (۳) قایم و برقرار رہنا۔ جاری رہنا + مہاراجہ کا حکم بنا رہے۔
(۴) آباد و قایم رہنا۔ خوش و خرّم یا سرسبز رہنا + دا تا کرے تم بنے رہو (۵) آراستہ و پیراستہ رہنا۔ بنا ٹھنا رہنا +

بن آنا۔ بَن پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مطلب یا مُراد حاصل ہونا۔ قسمت یا بھاگ کھلجانا +

سنا ہمنے کہ اُسنے زلف وا کی
اگر سچ ہے تو بن آئی صبا کی + (مومن)

(۲) موقع ملنا یا ہاتھ لگنا + (۳) ممکن ہونا۔ ہوسکنا۔ امکان میں ہونا۔ بس چلنا +

(۱) بن آئے کی بات ہے +

(۲) جدھر کو جاؤ اُدھر غم جگر کو ہے کھانا
عجب خرابی ہے کچھ ہاے بن نہیں آتا (نظیر)

بنانا ۔ ہ۔ ف م۔ دیکھو (بنّا۔ ف ل) (۱) ایجاد کرنا۔ نکالنا۔ (۲) رونق دینا۔ آبداری دینا + (۳) آراستہ کرنا۔ سنگارنا + (۴) چھیلنا۔ صاف کرنا + (۵) پھٹکنا۔ سنوارنا۔ چُننا پھٹکنا۔ درست کرنا + (۶) (حواری) جننا۔ پیدا کرنا + (۷) امیر یا دولت مند کر دینا + (۸) ہنسی یا پھبتی اُڑانا۔ احمق بنانا تضحیک کرنا۔ ہجو ملیح کرنا +

قدرت اُسکی کہ بزم جاناں میں
ہم کو بگڑے ہوے بناتے ہیں

بناؤ ۔ اسم مذکر۔ (۱) (بناؤ سنگار) ٹیپ ٹاپ۔ سنگار۔ آراستگی۔ زیبایش۔ آرایش + (۲) (نظم) میل۔ ملاپ۔ دوستی۔ یاری۔ موافقت +

مثل نسیم ہوں چمن روزگار میں (آتش)
گل سے بناؤ ہی نہ مجھے خار سے بگاڑ +

(۳) اصلاح۔ درستی۔ مرمت + (۴) غلطیاں + اس پروف میں بناؤ بہت ہے

بناوٹ ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) گھڑت وضع۔ ساخت + (۲) دستکاری۔ کاریگری صنعت + (۳) شکل۔ ڈول۔ ترکیب وضع + (۴) دکھاوا۔ نمایش۔ نمود تکلف ظاہرداری + (۵) تصنع۔ ساخت گھڑت + (۶) فریب۔ جعلسازی + (۷) خلاف بیانی جھوٹا اظہار۔ دروغگوئی +

بناؤ کرنا۔ بناؤ سنگار کرنا ۔ ہ۔ (۱) (ف م) سجانا۔ درست کرنا سنوارنا۔ آراستہ کرنا۔ سنگار کرنا + (۲) (ف ل) سجنا۔ سنگرنا۔ سنورنا۔ آراستہ ہونا +

بن آئی مرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بے موت آئے مرنا۔ عمر طبعی سے پہلے گزر جانا۔ مرگ مفاجات میں مُبتلا ہونا + (۲) ناحق آفت آنا۔ کسی بلا میں بے سبب مبتلا ہو جانا۔ ناحق پھنس جانا۔ بیگناہ مارا جانا +

بن بن کر بگڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی کام کا بنکر یا درست ہوکر بگڑ جانا یا خراب ہو جانا + اے مصحفی میں روؤں کیا اگلی محبتوں کو۔
بن بن کے کھیل ایسے لاکھوں بگڑ گئے ہیں +

(۲) جان بوجھکر خفا ہونا۔ سنبھل سنبھل کر

بگڑنا یا ناراض ہونا +

بنتی کرنا - ہ - ف م - (۱) عاجزی منّت یا آدھنتی کرنا - پرارتھنا کرنا - پاؤں پڑنا + ٹھاڈی گھاٹ بنتی کروں - موری پار لگادے ناوریا + (گیت ٹھمری)

(۲) عذرخواہی یا معذرت کرنا +

بنجارے کی سی آگ چھوڑ جانا - ہ - ف ل - جب بنجارہ کسی منزل سے اپنا ٹانڈا لادتا ہے تو وہاں بے پروائی کے سبب اُس آگ کو چھوڑ جاتا ہے جس سے آرام پایا تھا اِسی سبب سے اُسکے معنے بے پروائی کرنے کے ہوگئے ہیں - لحاظ وخیال نکرنا - کچھ نہ سمجھنا - کُچھ نہ گِنّا - بے پروائی ظاہر کرنا + چھوڑ چلے بنجارے کی سی آگ + مثل

بن جانے - ہ - م ف - ناواقفیت میں انجانے - بے خبری میں - بھولے سے +

بنجنا - ہ - ف ل - (۱) بنج یا بیوار کرنا (۲) بیاہ سگائی کرنا - بیاہنا - بیاہ کرنا - شادی کرنا +

مجھے کیا بیٹا بنجنا رہگیا ہے ! (عو)

بنجی جانا - ہ - ف ل - گھر گھر پھر کر کوئی چیز بیچنا - سودا سلف پھیری پھر کر بیچنا - پھیری پھرنا +

بنجیرہ - ہ - اِسم مذکّر - (۱) بن کا پھرنے والا جنگلی آدمی یا جانور - (۲) بندر (۳) مہتمم جنگلات - بن رکشک +

بند - ف - اِسم مذکّر - از بستن - س **बन्ध** (۱) علامتِ فاعل جیسے نعلبند - کاربند - پابند + (۲) جوڑ - عضو - (۳) گانٹھ - گرہ + (۴) کپڑے کی پٹّی - دھجّی - بندھن - بندش + (۵) کپڑے کی گول سی سِلی ہوئی ایک پتلی ڈور یا فیتہ جس سے انگرکھا وغیرہ باندھتے ہیں - تنی + (۶) روک اٹک - بندھیج - روک تھام + (۷) پُشتہ - مینڈ - روکا - ڈاٹ +

ہر گھر میں اسطرح سے بھرآئی ہے مفلسی
پانی کا ٹوٹ جائے ہے جوں ایک بار بند (نظیر)

(۸) قید - حوالات +

بند کے جائے سدا بند میں نہیں رہتے + مثل

(۹) (نظم) ترکیب - کرتب - پھرتی - ڈھنگ +

وہ لوگ ایک کوڑی کے محتاج اب ہیں آہ!
کسبِ ہُنر کے یاد ہیں جن کو ہزار بند - (نظیر)

(۱۰) کشتی کا ایک داؤں - پیچ +

(۱۱) کاغذ کی ایک لمبی پٹی - پُرزہ - ٹکڑا +

یہانتک کہ اپنی چٹھی کے لکھنے کے واسطے
نظیر شہر آشوب
کاغذ کا مانگتا ہے ہر ایک سے اُدھار بند +
(۱۲) فہرست - فرد + (۱۳) ایک قسم
کی نظم - چوپائی - کرتا + جیسے مخمس کا بند
بند - ف - صفت - (۱) رُکا ہوا - مسدود +
(۲) مقفل - کنڈی لگی ہوئی - کواڑ بھڑے
ہوئے - تالا لگا ہوا - مُندا ہوا - بھڑا ہوا +
(۳) موقوف - خارج - باہر + (۴) کھڑا -
اِستادہ - بندھا - رُکا ہوا +
بند پانی خراب ہو ہی جاتا ہے
(۵) چُپ - خاموش + (۶) رُکا ہوا تھما
ہوا - مندا + سنگت سے سب کام بند ہیں
(۷) افسردہ - پژمردہ - سُست + (۸)
گھرا ہوا - گھٹا - تنگ و تاریک +
(۹) (چابک سوار) سُکڑی یا بھچی ہوئی
(ٹانگیں) + اس گھوڑے کی پچھلی ٹانگیں بند ہیں
بن داموں کا غلام - ا - اِسم مذکر -
وہ شخص جو بغیر اُجرت کے خدمت کرے
- مفت کا آدمی - مُفت کا غُلام +
بند باندھنا - ف ل - (۱) پُشتہ بنانا -
روک لگانا - مینڈ بنانا + (۲) روک دینا
بند کر دینا + (۳) تدبیر کرنا - بندوبست
باندھنا - انتظام انسداد ترکیب یا تدارک کرنا

اے دو دِ آہ رات نہ نبڑے وہ بند باندھ (انشا)
جا کر گلوے مُرغ سحر پر کمند باندھ +
بند بند جُدا کر دینا - ا - ف ل - جوڑ جوڑ
الگ کر دینا یا کاٹ ڈالنا - ٹکڑے ٹکڑے
کر ڈالنا - ہڈّی پسلی توڑ دینا +
بند بند جکڑ جانا یا پکڑا جانا - ا - ف
ل - جوڑ جوڑ میں درد ہو جانا - ہر ایک عضو کا
اَنٹھ جانا - گٹھیا ہو جانا +
بند بند رہنا - ا - ف ل - منقبض یا افسُردہ
خاطر رہنا - رُکا رُکا چپ چپ یا سُست
رہنا - بھچا رہنا +
بند بند ڈھیلے کر دینا - ف ل - (۱)
ہر ایک جوڑ کا ڈھیلا کر دینا - چولیں ہلا ڈالنا
سارا بدن توڑ دینا + (۲) تھکا مارنا -
کم زور کر دینا + (۳) خوب پیٹنا - گت بنانا
بند چھڑانا - ا - ف م - (۱) قید سے رہا
کرانا - مخلصی دِلوانا + (۲) مشکل آسان
کرنا - دقّت سے نکالنا - فکر سے چھڑانا +
بندر بھبکی دینا - ہ - ف ل - بندر کی طرح
ڈرانا - خوفناک شکل بنا کر دہشت دینا
ڈرانا - دھمکانا +
یہ بندر بھبکی کسی اور کو دینا +
بندر کا گھاؤ - ہ - صفت - چونکہ بندر اپنا

زخم کھجا لیا کرتا ہے اور اچھا نہیں ہونے دیتا اِس سبب سے اسکے معنی ہوگئے ہیں وہ زخم جو سدا ہرا رہے اور کبھی نہ اچھا ہو۔ وہ کام جو کبھی تمام نہو+

بندر کی آشنائی۔ ا۔ اِسم مؤنث۔ بے مروّت آدمی کی دوستی۔ رُوکھے شخص کا یارانہ +

بندر کی طرح نچانا۔ ا۔ ف م۔ نہایت تنگ کرنا۔ بہت ستانا۔ ناک میں دم کرنا دِق کرنا +

بندش۔ ف۔ اِسم مؤنث۔ (۱) بندھن۔ گانٹھ۔ گرہ (۲) ترتیب الفاظ۔ گٹھت + اِس شعر کی بندش اچھی نہیں ہے (۳) ترتیب عبارت۔ سُوقِ عبارت + (۴) بناوٹ۔ گھڑت۔ ساخت + (۵) خیال۔ فکر۔ بچار + (۶) سازش۔ گھٹوت گُتھی + (۷) تکلف۔ بناوت + (۸) اُٹھان تمہید۔ بیشبندی + (۹) تدبیر۔ اُپائے حفظ ماتقدم + (۱۰) باندھنو۔ بہتان۔ تُہمت۔ الزام +

بند کرنا۔ ا۔ ف م (۱) قید کر دینا۔ مکان میں موند دینا + اس لڑکے کو بند کر دو اُسے چھوڑ دو (مذاقاً بچوں کے ڈرانیکے واسطے کہا کرتے ہیں) (۲) تالا لگانا۔ مقفل کرنا۔ بھیڑنا۔ مُوندنا (۳) آڑ یا روک لگانا۔ روکنا + (۴) موقوف کرنا۔ باز رکھنا۔ روک دینا +

مدد بند کرو برسات آئی

(۵) باقی نکالنا۔ جیسے حساب بند کرنا + (۶) لاجواب کرنا۔ چُپ کر دینا۔ ہرانا۔ چال نہ آنے دینا۔ مات دینا + (۷) منع کرنا۔ روکنا۔ چُپ کرنا +

بندگی۔ ف۔ اِسم مؤنث۔ ف بند۔ س بندگی - (۱) پالاگن۔ پرنام۔ ڈنڈوت آدیش۔ آداب۔ تسلیمات۔ خدا حافظ۔ فی امان اللہ + (۲) اِنکسار۔ عجز۔ فروتنی آدھینتی۔ جھوک۔ بنتی + (۳) پرستش۔ عبادت۔ پُوجا۔ تپشیا۔ (۴) ملازمت۔ نوکری۔ خدمت۔ ٹہل۔ چاکری + بندگی بجا لانا + مثل (۵) غلامی۔ خدمت +

بندگی۔ ف۔ ندا و ندبہ (۱) سلام! آداب! تسلیم! (۲) شکر ہے! عنایت ہے! (۳) شاباش! مرحبا! واہ وا!

بندگی بجانا۔ ف م خدمت گزاری کرنا ٹہل کرنا +

بندمیں گانٹھ یا گرہ دے لو۔ محاورہ۔

یاد رکھنے کے لئے انگرکھے کے بند میں گرہ لگالو تاکہ بند کی گرہ آنکھ کے سامنے رہنے سے وہ کام یاد رہے۔ ضرور یاد رکھنا ہرگز مت بھولنا +

بندوڑہ - ہ - اِسم مؤنث - (عو) (۱) بہت ہی ادنی درجہ کی باندی - باندی سے بھی حقیر - لونڈی - چیری + دختر رز لگی ہے منہ و رنہ (ظفر) ہے یہ مردار سو بندوڑ کی ایک (۲) اعلی درجہ کی عورتیں تضحیک یا غصّہ کی حالت میں اپنی نوکروں کو کہا کرتی ہیں + (۳) گھر میں ڈالی ہوئی باندی یا لونڈی -

بندوق بھرنا - ا - ف ل - بندوق میں گولی بارود ڈالکر چھوڑنے کے لئے تیار کرنا +

بندوق چھتیانا - ا - ف ل - بندوق کو چھاتی پر رکھکر نشانہ باندھنا - بندوق چھوڑنے کو تیار ہونا +

بندوق لگانا یا چلانا - ا - ف م - بندوق چھوڑنا - مارنا - یا سر کرنا - فیر کرنا +

بندہ - ف - اِسم مذکّر - بندی - اِسم مؤنث - (۱) پابند - بندھا ہوا + (۲) غلام - بردہ - چیرا - داس + (۳) چاکر - خدمتگار - نوکر - تابع + (۴) (صیغہ متکلم) مَیں - نیازمند - عاجز - خاکسار - غلام - تابعدار + بندہ کو کچھ عذر نہیں ہے جس طرح فرمائیے موجود ہوں (۵) پُرش - مَنُش - انسان - بشر - آدمی + آیا بندہ آئی روزی گیا بندہ گئی روزی + مثل

بندھا ہوا خرچ - ا - اِسم مذکّر - معمولی یا مقرری خرچ یا اُٹھا +

بندھائی - بندھوائی - ہ - اِسم مؤنث (۱) کسی چیز کے باندھنے کی مزدوری + (۲) ریزگاری یا ٹکوں کے بدلے پیسہ دینے کی دستوری یا کمیشن - ہنڈاون +

بندہ پرور - بندہ نواز - ف - اسم مذکر - اعلیٰ درجہ والے کو اکثر اور برابر والے کو کمتر اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں - جناب - خداوند! ان داتا - حضرت - میاں - صاحب +

بندہ زادہ - ف اِسم مذکّر - بندہ زادی اِسم مؤنث - جب کسی بڑے آدمی سے اپنے بیٹے یا بیٹی کا ذکر کرتے ہیں تو اُسوقت اُنکو ان الفاظ سے خطاب کرتے ہیں - غلام زادہ یا زادی یعنی میرا بیٹا یا بیٹی یا آپکا غلام +

بندہ عاجز ہے۔ محاورہ۔ انسان بے بس ہے۔ خدا کے سامنے آدمی کی کچھ نہیں چل سکتی +

بندھن ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ رسی وغیرہ جس سے کوئی چیز بندھی ہوئی ہو۔ جُوَن۔ (۲) پٹی۔ بند۔ بندش + (۳) روک۔ اٹکاؤ۔ (۴) مُربّی۔ سرپرست چھتری۔ ڈھال۔ (۵) نیم۔ رد۔ دستور +

بندھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) گانٹھ یا گرہ لگنا + (۲) زبان دیدینا۔ پابندی ہونا + (۳) مضمون کا گٹھنا یا درست بیٹھنا + دیکھو (باندھنا نمبر ۱ سے ۴ + ۶ + ۸ سے ۱۲ + ۱۶ + سے ۲۱ + ۲۹ - ۳۲)

بندھنا ۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) وہ کپڑا یا ایسا جسمیں کوئی چیز باندھتے ہیں بیچھن۔ (۲) تکے دانی۔ خلیطی +

بندھنا۔ بندھجانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چھمنا۔ سوراخ ہونا + (۲) پردہ یا جانا + (۳) کاربراری ہونا۔ خریدلینا مطلب پورا ہوجانا +

بندھ گیا سو موتی رہگیا سو پتھر + مثل

(۴) قتل ہوجانا۔ مرجانا۔ فریفتہ ہوجانا + ڈگر تمھاری چھاڈو للا بندھ جاؤ گے نینن میں

ٹھہری (۵) (بھاڑنا) جذب ہونا۔ بیٹھنا گھسنا۔ پیوستہ ہونا + نمک بندھنا

بندھوا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) قیدی۔ اسیر + (۲) (عو) پابند۔ مقید۔ غلام۔ چیری داس۔ داسی (۳)۔ نظم۔ عاشق۔ اسیر۔ گرفتار +

بندھوانا ۔ فم (۱) قید کرانا۔ جیل خانہ بھجوانا + (۲) گرفتار کروانا (۳) گانٹھ لگوانا۔ کسوانا۔ کھچوانا + (۴) ادنی درجہ کے سکہ کو اعلیٰ درجہ میں تبدیل کرانا۔ بھنوانے کا برعکس۔

بند ہونا یا ہوجانا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) رُک جانا۔ موقوف ہوجانا۔ ملتوی ہونا اٹکنا۔ مسدود ہونا + (۲) اٹنا۔ پھر جانا + گڑھا بند ہوگیا

(۳) بھڑنا۔ مُقفّل ہوجانا۔ تالا لگجانا + بازار بند ہوگیا

(۴) ختم ہونا۔ پورا ہوجانا + ہیبا کب بند ہوگا +

(۵) ٹوٹ جانا۔ برخاست ہونا۔ موقوف ہوجانا + بندوبست کا محکمہ بند ہوگیا۔

(۶) ہوچکنا۔ تمام ہوجانا۔ نبڑجانا + (۷) مندا ہوجانا۔ چلتی نہونا۔ جاری نہونا + کچھ ایک دو کے کام کا رونا نہیں ہے یار +

چھتیس پیشہ والوں کا ہے کاروبار بند + (نظیر شہر آشوب)

(۸) ذات یا برادری سے خارج ہونا + اُنکا برادری میں آنا جانا بند ہوگیا ہے (۹) کُھنڈا ہونا - کُند ہوجانا - دھار اُترنا + کیا بات ایک بال کٹے یا تراشے کور یا نتک ہے اُسترے و نہرنی کی دھار بند (نظیر) (۱۰) جکڑ جانا - اینٹھ جانا + (۱۱) جواب آنا - چُپ ہوجانا - مات کھانا - چال نہ آنا +

بندھی بات - ه - اِسم مؤنث - معمولی بات معمولی کارروائی - مقرری رسم - دستور

بندھی بُہاری - ه - اِسم مؤنث - (عو) کنبے کا دلی میل جول یا اتفاق - سُلوک ایکا + اچھا ہے جب تک بندھی بُہاری رہے جہان بندھن کُھلا پھر کُھلا +

بندھیج - ه - اِسم مؤنث - (۱) روک - آڑ - ممانعت اِمتناع - بندوبست + (۲) پرہیز - روک اعتدال - (۳) رسم - رواج - ریت - مرجاد - دستور - برتاؤ + (۴) ٹھیراؤ - رُکاؤ - اِنجماد - قبض +

بندھیج کا گنڈا یا تعویذ - اِسم مذکر - ایسا گنڈا یا تعویذ جو اسقاط حمل کے انسداد کیواسطے سیانے یا دھجے وغیرہ دیا کرتے ہیں +

بندھیج کی دوا - اِسم مؤنث - دستوں کے روکنے کی دوا - اسقاط حمل روکنے یا خون بند کرنے کی دوا +

بندھی مُٹھی - ه - اِسم مؤنث - (۱) راز سربستہ - چُھپی بات + (۲) کنبہ کا اِتفاق سُلوک - ایکا - جتھا +

بندھی مُٹھی - ه - م ف - (۱) یکمشت - اِکھٹا + بندھی مُٹھی لاکھ برابر + مثل (۲) (نظم) بے خوف وخطر - چُپ چاپ بے کھٹکے - امن کے ساتھ +

زباں رکھ غنچہ ساں اپنے دہن میں - بندھی مُٹھی چلا جا اس چمن میں + (میر تقی)

بنسی - ه - اِسم مؤنث - (۱) بانسلی - مُرلی نے + (۲) مچھلی پکڑنے کا ڈور کا نٹا +

بنسی کھیلنا - ه - ف ل - ڈور کانٹے کے ذریعہ سے مچھلیاں پکڑنا - مچھلیوں کا شکار کرنا +

بنکارنا - ه - ف ل - س - बच बोलना (۱) شور کرنا - غُل مچانا - دہاڑنا - نشہ پیکر بم مچانا + (۲) بھوت پریت کا سر آنا کھیلنا + (۳) ڈینگ مارنا - شیخی بگھارنا تعلی کی لینا +

بنکر کھیل بگڑ گیا محاورہ - کام سنور کر خراب ہوگیا - کامیابی ہوتے ہوتے رہ گئی

بن کھاؤ - محاورہ - (۱) بُن چباؤ (۲) مذاقاً چارپائیاں بُنکر اپنے دن کاٹو +

بنگا ٹھوکنا - ہ - ف م (بازاری) - (۱) میخ ٹھوکنا - میخ مارنا - زک دینا - کسی کے ہوتے کام میں حارج ہونا یا بھانجی مارنا +

بن مارے شہید ہونا - ا - ف ل - (نظم) بغیر قتل کئے قتل ہوجانا - بن مارے مرجانا - عاشق یا گرویدہ ہوجانا +

بن مارے کی توبہ - ا - اسم مؤنث - قبل از مرگ واویلا - بیفائدہ کی فریاد - ناحق کا غُل وشور - شکایتِ بیجا +

بنوباس - ہ - اسم مذکر - (۱) جنگل یا بن کی ریاست - (۲) جلاوطنی - دیس نکالا +

بنّی بنی - بنّو - بنڑی - ہ - اسم مؤنث - (۱) دلہن - عروس +

نہا دھو کے اُس روز ایسی بنی -
کہ دو دِن کی سیج مُچ ہو جیسے بنی + مبحسن

(۲) پیاری - لاڈلی - لاڈو +

بنّو! تیرا آیا بنڑا تو کھول گھونگٹ - مُکھ دیکھ - گیت میرا

بنیا - ہ - اسم مذکر - گ - بنڑیاں - بانڑیاں + س **वणिक** (۱) بنج بہوار کرنیوالا - بَنک + (۱) بنج کر یگے بانڑ یگے اور کریگے بیس مثل گُڑ بھرا تھا جاٹ نے رہگئے سو کہتیں (۲) بنئے کی بڑی چھاتی ہے ہزاروں روپیہ اُٹھا دیتا ہے اور بات نہیں کرتا!

(۲) آٹا دال بیچنے والا - غلہ فروش - بقال + (۳) غریب - بیدھا - مسکین + (۴) ڈرپوک بُزدل - کم ہمت - بودا +

مجھے بھی کوئی بنیا جانا ہے!

(۵) چلن سے چلنے والا - کفایت شعار + (۶) کنجوس - بخیل +

بُنیاد ڈالنا - ف م - کام شروع کرنا - ابتدا کرنا - پہل کرنا - دیکھو (بنا ڈالنا)

بنیوں کا سا چلن ہے / **بنیوں کی سی چال چلتا ہے**] محاورہ بڑا کفایت شعار ہے - اوت سوت سے کام نکالتا ہے - بُرا چلن والا ہے -

بُو - بو - ف - اسم مؤنث - س **वास** خوشبو ناک کرنا (۱) باس - گند + (۲) سُگند - باسنا - مہک - خوشبو - شمیم + (۳) دُرگند - بدبُو - سڑاند - بساند - باس + کیسی بُو آتی ہے!

(۴) علامت - نشانی - پتا - چِنہ +

(۵) شبہ - شک + (۶) خبر - بھنک راز - بھید + (۷) عادت - سبھاؤ - طرز - ڈھنگ +

اِس لڑکے میں اسکے دادا کی سی بُو پائی جاتی ہے۔

بُوآ - ہ - اِسم مؤنث - (۱) چچی - جی - بہن - بھینا - ہمشیرہ - خواہر - (۲) کلمۂ خطابیہ جس سے برابر والی عورتیں آپسمیں مخاطب ہوتی ہیں (۳) (ہندو) باپ کی بہن پھپھی بھوآ - پھوپی - (۴) (پنجابی) دروازہ - کواڑ + (۱) بُوا کھولدے (۲) بُوا مار دے -

(*ہندوستانی یہ فقرے سُنکر بوجہ اپنے ہاں اس لفظ کے یہ معنی نہونیکے پنجابیوں سے مذاق کرتے ہیں)

بُوآنا - ا - ف ل - (۱) بدبُو یا دُرگند معلوم ہونا - سڑاند آنا + (۲) علامت پائی جانا + (۳) شُبہ پڑنا +

بُوانا - ہ - ف م - بیج ڈلوانا - کاشت کرانا - تخم ریزی کرانا (۲) بھینس کو گیابھن کرنے دانا بھینسا چھڑوانا -

چھورا! بھینس تو گئی ہے یا ہے بوا لا (زمیندار)

بُوائی پھٹنا - ہ - ف ل - (۱) سردی کے مارے ایڑی میں ایک شگاف آجانا - ایڑی کا چیر جانا - زخم ہونا + (۲) تکلیف یا دُکھ اُٹھانا یا سہنا بصیبت پڑنا + جسکی نہ پھٹی ہو بوائی وہ کیا جانے پیر پرائی + مثل

بُو باس - ہ - اِسم مؤنث - (۱) خوشبو - سُگندھ - مہک - بھنک + (۲) نشان علامت - چِنّہ - کھوج - پتا + (۳) طور طرز - ڈھنگ - انداز - روش +

بُو باس نکلتی ہے شعر میں کچھ انشا کے (انشا)
جامی کی نظامی کی سعدی کی سحابی کی

(۴) کچھ کچھ مشابہت - ملتا جلتا پن - اوپچھا + (۵) عادت - سُبھاؤ +

اس لڑکے کی بو باس نرالی ہے +

بُوبک - ہ - اِسم مذکّر - (پورب) بڑبک + (۱) بوڑھا - احمق - پیرنابالغ - کاودی + (۲) مسخرا - ٹھٹھول -

بُوبُو - ف - اِسم مؤنث - (۱) بہن - بوآ - (۲) اہل قلعہ اپنی ماں کی پرورش کرنیوالی ذمی عزّت لونڈی کو کہتی ہیں -

(۳) حرم - چیری +

بُو پھوٹنا - ا - ف ل - (۱) بو یا باس نکلنا یا پھیلنا + (۲) بھید کھلنا - کھل جانا - راز ظاہر ہو جانا + (۳) پھیلنا - مشہور ہونا + طشت از بام ہونا +

بُوتا - ہ - اِسم مذکّر - سں वित्त (عو) (۱) طاقت - زور - بل + (۲) قوت دماغی - دماغ - جیجا +

مجھ میں تو اتنا بوتا نہیں جو تجھ سے سر ماروں

بوتل والی - ا - اسم مؤنث (عو) شراب
مے - دارو +

بُوتہ - ف - اسم مذکر - (۱) اونٹ کا بچہ +
(۲) فربہ اندام - موٹا - پھپس - بدصورت
بھدا + (۳) رسنا را - گٹھالی +

بُوٹا ساقد - ا - صفت - ٹھنگنا - چھوٹا
یا پستہ قد - موزوں قد +

بُوٹا کاڑھنا - ہ - ف م - نقش و نگار
یا بیل بوٹا بنانا - بوٹیاں بنانا -

بُوٹی - بُوٹٹی - ہ - اسم مؤنث (۱) چھوٹا
سا پودا - اوکھد یا دوا کا پودا - اوکھد -
(۲) (۲) چھوٹا سا پھول (۳) سبزی - بھنگ - بھنگ پیسنا

بوٹی بوٹی پھڑکتی ہے یا تھرکتی ہے
محاور - (م عو) نہایت چنچل اور چلبلا ہے
نچلا نہیں بیٹھتا ہے - بڑا شریر ہے +

بوٹی بھرنا یا اُتار لینا - ہ - ف م (م عو)
(۱) انتوں سے بدن کا گوشت کاٹ لینا -
طبگا بھرنا +

بوٹی توڑ لینا - ہ - ف م - (م عو) زور سے
چٹکی بھر لینا - یا لے لینا +

بوٹی چڑھنا - ف ل - (م عو) موٹا ہونا
پنپنا - فربہ ہونا +

بوٹیاں اڑانا - ہ - ف م - (م عو) -
(۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - خوب مارنا
یا پیٹنا - کھال اُدھیڑنا + (۲) دھجی دھجی
کرنا + میری رضائی کی بوٹیاں اڑا ڈالیں (فقرہ)

بوٹیاں توڑنا یا نوچنا - ہ - ف ل -
(م عو) + چٹکیاں لینا - گودنا - طعنہ مہنہ
دینا - کھا کھا جانا +

بوٹیاں کاٹ کاٹ کھانا - ہ - ف
ل - نہایت غصہ ہونا - غضبناک ہونا -
بڑا لال پیلا ہونا +

بوٹیاں کھانا - ہ - ف م - صدمہ دینا -
فکر میں مبتلا کرنا - رنجانی صدمہ پہنچانا +
(کم) کواری کھائے روٹیاں بیاہی کھائے بوٹیاں (مثل)

بوجانا - ہ - ف ل - (دیہات) (۱)
بھینس کا گیا بھن ہونا + (۲) (مذاقاً)
عورت کا حاملہ ہو جانا +

بوجھہ اُتارنا - ہ - ف ل (۱) سبکدوش
ہونا - بری الذمہ ہونا - الاہنا اُتارنا + (۲)
تندہی سے کام نکرنا بیگار سی ٹالنا +

بوجھ اُٹھانا - ہ - ف ل - (۱) متحمل ہونا - برداشت
کرنا - سہارنا + (۲) خرچ کا بوجھ اُٹھا
سکنا - خرچ اپنے ذمہ لینا + (۳) کسی کا
خرچ اپنے ذمہ لینا +

بوجھ پڑنا۔ ف ل۔ (۱) دباؤ پڑنا + (۲) کھانے کمانے کا فکر پڑجانا + (۳) خرچ لگنا۔ گھر کا خرچ پیچھے لگ جانا +

بوجھ پکڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ اوچھے پن کو چھوڑنا گھر سے نہ نکلنا۔ پائینچہ بھاری کرنا۔ بھاری بھرکم بننا + مہ رونے بوجھ پکڑا مشکل ہوا ہے جینا (شرف الدین) اللہ خیر رکھے بھاری ہے یہ مہینا

بوجھ سر پر چڑھا ہوا ہے۔ محاورہ کسی کام کے پورا کرنے کا ہر وقت خیال رہنا ہے قرض دینے یا احسان اُتارنیکا ہر دم فکر لگا رہتا ہے +

بوجھوں مرنا۔ ہ۔ ف ل۔ بوجھ لادے دینا معقول جواب نہ دے سکنا۔ ٹھیک اور موزوں جواب نہ دینا +

بوچھار پڑنا یا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی چیز کا کثرت سے برسنا۔ چاروں طرف سے اعتراضوں کی بوچھاڑ ہونا۔ بہت سی گالیاں یا کوسنے پڑنا +

بوچھاڑ کرنا۔ ہ۔ ف م (۱) انگنت روپیہ لٹانا۔ روپیہ کنکری کر دینا + (۲) باتوں یا اعتراضوں کا مینھہ برسا دینا۔ کثرت سے اعتراض کرنا +

بودا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کام کے کرنیکا ارادہ توڑ دینا۔ کچا کر دینا۔ ہمت توڑ دینا

بودی بات۔ اسم مؤنث۔ اوچھی بات۔ اوچھی بات

بودی کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (دیہات)۔ کوئی کام اپنے درجہ سے کم کرنا ہیٹی کرنا

بُور بُور کرنا۔ ہ۔ ف م۔ ٹکڑے ٹکڑے یا ریزہ ریزہ کرنا۔ آٹا کر دینا +

بُور کے لڈو ہیں۔ محاورہ۔ (۱) ظاہری ٹیپ ٹاپ اور اصل میں کچھ نہیں۔ دھوکے کی ٹٹی ہے۔ اندر این کے پھل ہیں + (۲) ایسا کام ہے جسکا کرنا اور نکرنا یکساں ہے۔ بے فائدہ کام ہے۔ گناہ بے لذت ہے + ؎ (برق)

لذت فراق و وصل کی دونوں ہیں دلکو زہر
بوسے دہان یار کے لڈو ہیں بور کے +

بُوڑھا چوچلا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ بڑھاپے کا نخرہ + بوڑھا چوچلا جنازے کے ساتھ + مثل

بوڑھا چونڈا یا نخرہ ہلانا۔ (م ع)۔ بڑھاپے میں جوانوں کے سے ناز و انداز کرنا۔ پیرانہ سالی میں معشوقانہ انداز دکھانا یا نخرہ کرنا + (یہ محاورہ طنزاً بولا جاتا ہے)

بوڑھا خرانٹ یا گھاگ ہے۔ محاورہ بہت بوڑھا ہے۔ گرگ کہن ہے۔ جہاندیدہ ہے۔ زمانہ آزمودہ آدمی ہے۔ بڑا تجربہ کار ہے۔ بڑا گھاگ ہے +

بُوڑھا کھیّاٹ ۔ ہ۔ صفت ۔ نہایت بُڈّھا۔ بُڈھّا پھونس +

بُوڑھی جُروا ۔ ہ۔ اسم مؤنث ۔ (م عو) بڑی عمر کی عورت ۔ بڑھیا +

بُوڑھے طوطے ۔ اسم مذکر (طنزاً) بہت عمر کا آدمی ۔ بڈھّا ۔ عمر رسیدہ +

بوڑھے طوطے بھی کہیں پڑھتے دیکھے ہیں + مثل

بُوڑھے مُنہ مُنہاسے ۔ محاورہ ۔ (مُنہاسے اکثر جوانی کے جوش کے سبب جوانی کے عالم میں نکلا کرتے ہیں اور جب بڑھاپے میں نکل آئیں تو گویا پیرانہ سالی میں جوانی آگئی) پس بڑھاپے میں جوانوں کی سی باتیں یا شرارتیں کرنا + بوڑھے مُنہ مُنہاسے اور لوگ بچے تماشے + مثل

بُوسما جانا ۔ ف ل ۔ اترانا ۔ گھمنڈ کرنا غرور کرنا +

ایسی کب بُوسمائی گئی تمکو (داغ)
سچ ہے جو اسقدر دماغ ہوا

بوغرا یا بوگرا نکالنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (بازاری) پلیتھن نکالنا ۔ مارتے مارتے چلّا کر دینا بھرکس نکال دینا ۔

بول اُٹھنا ۔ ف ل ۔ (۱) چلّا پڑنا ۔ صبر نکر سکنا + (۲) چیں مان جانا ۔ ہار مان لینا ۔ لوہا ماننا +

بول بالا رہے ۔ محاورہ ۔ عزت بنی رہے اقبال بنا رہے ۔ بخت مددگار رہے ۔

بول بالا ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) ترقی جاہ و دولت ہونا ۔ بھلا یا بہتری ہونا + (۲) شہرت ہونا ۔ نام ہونا ۔ مشہور ہونا (۳) بن آنا ۔ گہرے ہونا ۔ بات بن جانا +

کان میں سرو قد کے بالا ہے (رنگیں)
آج رنگیں کا بول بالا ہے

بولتا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (۱) روح ۔ جیو ۔ آتما ۔ پران +

بولتا ہے جب تلک ہے بولتا ۔ مثل

(۲) جی ۔ من ۔ دل + (۳) (فقیر) حُقّہ + سفر میں بولتا ساتھ ہو تیسے بڑا آرام رہتا ہے ۔

بول جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) ہو چکنا ۔ نبڑ جانا ۔ (۲) مات ہو جانا ۔ ہار جانا ۔ چلّا اُٹھنا + بحث گفتگو میں ابر بول گیا (صبا)

دیدہ اشکبار! کیا کہنا! (۳) گھبرا جانا ۔ سٹ پٹا جانا ۔ دم بند ہو جانا دلا کہا نہ کیا کچھ بھی تیغ کے نیچے ۔
زبان بول گئی وقتِ امتحان دیکھا + (لاسیر)

(۴) کھِس جانا ۔ بوسیدہ ہو جانا + (۵) دوالہ نکلجانا ۔ گھاٹا آجانا ۔ بیٹھ جانا + (۶)

(ہند و بازاری) بولے سے آدمی کا مر جانا۔ نہل جانا۔ چل بسنا +

بولنے پر آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ بیباکانہ گفتگو کرنا۔ لحاظ اٹھا دینا +

میں اگر بولنے پر آؤنگی۔
لاکھوں کو بھرے ترے اڑا دونگی (شوق)

بولیاں بولنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چیچے کرنا خوش الحانی کرنا۔ زمزمہ سنجی کرنا +
یہ چمن یونہیں رہیگا اور ہزاروں جانور
اپنی اپنی بولیاں سب بولکر اڑ جائیں گے +
(۲) (بول مارنا) طعنے مارنا۔ آوازے کسنا + (۳) گالیاں دینا +

بولیاں سننا۔ بول سننا ۔ ہ۔ ف ل۔ طعنے مہنے سننا۔ طعن کی برداشت کرنا +

بولی ٹھولی مارنا ۔ ہ۔ ف ل۔ طعن تشنیع دینا + طعنہ مہنہ دینا۔ آوازہ کسنا

بوم خصلت ۔ صفت۔ منحوس ویرانہ پسند۔ اجاڑو +

بوندا باندی ۔ اسم مؤنث۔ ترشح۔ تھوڑی تھوڑی بارش۔

بوند بھر م ف۔ ایک قطرہ۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ قدر قلیل۔ بہت ہی کم تنک سا۔ ذرا سا۔

بوند چرانا ۔ ف ل۔ (بازاری) قطرہ یا لطفہ قبول کر لینا۔ حاملہ ہونا۔

بوند سا دن ۔ اسم مذکر۔ نہایت چھوٹا دن۔ ذرا سا دن +

تو بھی ہو چاشت ہجراں کہیں جلدی کوتاہ
بوند سا وصل کا دن جلدی ہی ڈھلجاتا ہے

بوند ہو جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت اونچا چڑھ جانا۔ بہت بلند ہو جانا۔ جیسے۔
تکل بوند ہو گئی

بہا بہا پھرنا۔ بہا بہا ڈولنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی سیال چیز کا کثرت سے بہتے پھرنا۔ کسی سیال چیز کی کثرت ہونا + (۲) کسی چیز کی کثرت یا زیادتی ہونا + (۳) واہی تباہی یا ڈانوا ڈول پھرنا۔ مارا مارا پھرنا +

بہا دینا ۔ فم۔ سستا بیچ ڈالنا مادے پونے دیڈالنا۔ ارزاں فروخت کرنا یونہیں مال کھانے

بہار پر آنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) رونق پر آنا۔ عالم شباب کا ترقی پر ہونا۔ سو پر آنا۔ جوبن پر آنا۔ کیفیت پر آنا +
(۲) مزے پر آنا۔ مزیدار ہو جانا +

بہار لوٹنا ۔ ہ۔ ف ل۔ گلچھرے اڑانا۔ عیش لوٹنا۔ لطف حاصل کرنا +

نوید وصل مٹاتی ہے دل کے داغوں کو
بہار لوٹتی ہے باغ کو خزاں کی طرح

بھاری بھرکم ۔ ص ۔ صفت ۔ (۱) بُردبار تحمل ۔ گمبھیر ۔ بڑ بہار والا ۔ سنجیدہ ۔ (۲) شریف ۔ بھلا مانس ۔

بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا ۔ ص ۔ فم ۔ مشکل اور کٹھن کام سمجھ کر چھوڑ دینا ۔ ناممکن کام خیال کر کے دست بردار ہو جانا ۔

اُس بت کو نہ چھوڑتے تھے چھوڑ دیا
اس پیار میں دیکھا جو ضرر چھوڑ دیا
ایک بوسہ پے سوال نہ اُٹھے ہمسے (رباعی)
بھاری پتھر تھا چوم کر چھوڑ دیا

بھاری لگنا ۔ ص ۔ ف ل ۔ ناگوار معلوم ہونا ۔ دُوبھر دکھائی دینا ۔ بار خاطر ہونا ۔

بھاری ہونا ۔ ص ۔ ف ل ۔ (۱) بوجھل یا وزن دار ہونا ۔ (۲) مشکل دشوار یا کٹھن ہونا ۔ سخت معلوم ہونا ۔

تین دن قبر میں بھی بھاری ہوتے ہیں ۔ مثل

(۳) غالب یا زبردست ہونا ۔

میرا مرنا اب بھی تیرے زندہ پر بھاری ہے ۔ مثل

(۴) منحوس یا نامبارک ہونا ۔ سُبھ نہ ہونا ۔ مُضر ہونا ۔ یہ ہمیشہ اُسپر بھاری ہے ۔ فقرہ

(۵) (عو) بھوت پریت کا دخل ہونا جن اور پری کا اثر ہونا ۔

یہ مکان بھاری ہے میں تو اِس مکان کو نہیں لینے دونگی ۔

بھاڑ جھونکنا ۔ ص ۔ ف ل ۔ (۱) ذلیل یا ادنیٰ پیشہ اختیار کرنا ۔ (۲) اوقات ضایع کرنا ۔ تضیع اوقات کرنا ۔ یونہیں عمر گنوانا ۔

بارہ برس دلی میں رہے اور بھاڑ ہی جھونکا ۔ مثل

بھاڑ کھانا ۔ ص ۔ ف ل ۔ عورتوں کا بھاڑ کھانا خرچی کھانا ۔ حرام کی کمائی کھانا ۔

بھاڑ میں پڑے یا جائے ۔ محاورہ ۔ (عو) چولھے میں جائے ۔ غارت ہو ۔ اُوڑا پڑ جائے ۔

بھاڑ میں جائے تیرا ایسا پیار ۔
چل پرے ہو تجھے خدا کی مار ۔ (شوق)

بھاڑیکا مٹو ۔ ص ۔ اسم مذکر ۔ (۱) کرایہ کا مٹو ۔ (۲) عادت کا غلام ۔ ضرورت کا تابعدار ۔ عادی ۔ علتی ۔ یہ تو بھاڑیکا مٹو ہے بے نشہ اس سے کام ہی نہیں ہو سکتا ۔

(۳) ناپائیدار یا کمزور شے ۔ بودی چیز ۔ مرّت طلب چیز ۔

بھانشا ۔ بھانشا ۔ محاورہ بنگالی آدمی (کیونکہ یہ لوگ بھاکا کو بھاشا زیادہ بولتے اور سین کی جگہ تین ہی بولتے ہیں اسواسطے یہ انکا نام ہو گیا ہے)

بھاگ بھرا۔ بھاگ بھری۔ ہ صفت (۱) اقبال مند۔ صاحب نصیب۔ بھاگوان۔ بختاور + (۲) خوش وخرم شکھی۔ سرسبز۔ پھلا پھولا + (۳) (طنزاً) بدبخت۔ بدنصیب۔ نربھاگی۔ ابھاگا۔ کمبخت + جس دن سے یہ بھاگ بھری میرے گھر میں آئی ہے بہاری پھر گئی + (ساس طنزاً اپنی بہو سے کہتی ہے)

بھاگ پھوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) (ہ عو) خاوند کا مرجانا۔ خاوند کا بُرا نکل آنا۔ اولاد کا بُرا اُٹھنا + (۲) بدنصیب یا بدقسمت ہونا۔ زمانہ کا پھر جانا +

بھاگتے کی لنگوٹی / بھاگتے بھوت کی لنگوٹی محاورہ۔ جب کوئی رقم ڈوبتی ہو اور اُسکا کوئی حصہ ملجائے تو اُسوقت یہ محاورہ بولتے ہیں۔ جاتی ہوئی چیز یا ڈوبتی رقم کا کوئی جزو جو ہاتھ آئے سو ہی سہی +

بھاگ جاگنا یا کھلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) قسمت کا یاور ہونا۔ اقبال کا رجوع ہونا۔ مُراد حاصل ہونا +

ساون بتیے۔ اے سکھی! بھادوں ملسا لاگ ہے
اجھوں نہ آئے پیو گھر جاگو نہ میرے بھاگ +

(۲) (عو) شادی یا بیاہ ہوجانا + خاوند اچھا ملنا۔ اولاد کا اچھا اُٹھنا +

بھاگ لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) (نظم) صاحب نصیب ہونا۔ بھاگ جاگنا۔ قسمت کھلنا + دل ہو خون اور حنا کو بھاگ لگے۔ ہت تیری منصفی کو آگ لگے + (میر)

(۲) گھمنڈ کرنا۔ اپنے تئیں کچھ سمجھنا۔ اترانا۔ مغرور ہونا۔ تمکنت کرنا +

آنکھ ہر ایک کی دوڑے ہے کلک پہ تیرے
پاؤں سے لگ کے تیرے ہندی کو کچھ بھاگ لگے (میر)

بھانپ لینا۔ ہ۔ ف ل۔ (بھاپ یعنی ایک ہوا جو بولنے سے پہلے مُنہ سے نکلتی ہے اُسی سے ارادہ کو جانچ لینا) جانچ لینا۔ سمجھ لینا۔ تاڑ لینا +

بھانجی مارنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کے کام میں خلل ڈالنا۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا۔ مخل یا حارج ہونا +

بھانڈ۔ ہ۔ س۔ भाण्ड (۱) نقال + (۲) پھکڑ باز۔ مسخرا + (۳) وہ شخص جو بات نہ پچا سکے۔ پیٹ کا ہلکا +

بھانڈا پھوٹ جانا۔ (اصل میں بھانڈا برتن کو کہتے ہیں جسکے پھوٹ جانے سے اُسکے اندر کی چیز ظاہر ہوجاتی ہے) اسی سبب سے۔

چھپی ہوئی بات کا ظاہر ہو جانا۔ بھید کھل جانا۔ افشائے راز ہو جانا +

بھانڈا پھوڑ ۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ بھید کو ظاہر کر دینے والا۔ پیٹ کا ہلکا +

بھانڈا پھوڑنا ۔ ف م۔ بات کو ظاہر کر دینا افشائے راز کرنا۔ بھید کھول دینا +

بھاؤ اُترنا ۔ ہ۔ ف ل۔ نرخ یا بھاؤ کا سستا ہونا۔ قیمت گھٹنا +

بھاؤ بتانا ۔ ہ۔ ف م۔ ناچتے میں ہاتھ یا بدن اور جوڑوں کے وسیلہ سے راگ کے بولوں کا روپ کھڑا کر دینا۔ راگ کا سما باندھ دینا۔ نرت کرنا۔ راگ کی تصویر کھینچنا +

بھاؤ تاؤ ۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ مول تول۔ دام نرخ +

بھاون کی چیزیں ۔ ا۔ اِسم مؤنث۔ وہ چیزیں جو کسی کو بھاتی ہوں۔ پسندیدہ چیزیں +

بھائی چارا ۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ بھائی جیسا آچرن یعنی برتاؤ۔ جدّی رشتہ۔ برادری۔ بھائی بندی۔ اپنایت۔ یگانگت +

بھائیں بھائیں کرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی جگہ اُسکی غیر آبادی کے باعث صرف بھائیں بھائیں جو ہوا کی آواز ہے سنائی دینا۔ ویرانہ برسنا۔ خوفناک معلوم ہونا +

بھبّڑ پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (دیہات) (۱) غل وشور مچنا + (۲) خوف یا دہشت پھیل جانا۔ جانوں کا خوف ہو جانا۔ (۳) بھاگڑ افراتفری یا بھگدڑ پڑنا +

بھبکی میں آجانا ۔ ہ۔ ف ل۔ دھمکی میں آجانا۔ ڈر جانا +

بھبوت رمالینا ۔ ہ۔ ف ل۔ جوگی یا فقیر ہو جانا۔ جوگ دھارنا یا سادھنا۔ بیراگ لینا +

بھبوکا بنّا یا ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ غضب یا غصّہ میں لال پیلا ہو جانا۔ نہایت افروختہ ہونا۔ بھڑک جانا +

یہ سنکر وہ شعلہ بھبوکا ہوئی۔ لگی کہنے ہئے ہئے بلا کیا ہوئی۔ (میر حسن)

بھبوکے اُٹھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (ع) غصّے یا غضب کے شعلہ نکلنا۔ تن بدن میں آگ لگ جانا۔ نہایت غصّہ آنا +

بھپارا دینا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی چیز کو جوش دیکر اُسکی بھاپ سے سینک پہنچانا (۲) دم جھانسا دینا۔ فریب یا دھوکا دینا (مبدم مفت کے جھوٹے یہ بھپارے دیکر کیوں کلیجے کو میرے آگ لگاتے ہو تم (انشا)

بھپارے میں آنا۔ ہ۔ ف ل۔ دم بھا دھوکے میں آنا۔ جل میں پھنسنا +

بھتّا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ لغوی اُبلے ہوئے چاول۔ سفر خرچ۔ الونس +

بہت اچھا۔ ہ۔ م ف۔ (۱) بہتر ہے جس طرح فرمائے۔ بہت مبارک۔ بہت خوب۔ (۲) طنزاً۔ کیا مضایقہ ہے۔ کیا ڈر ہے۔ کچھ پروا نہیں۔ سمجھونگا +

بہت دور ہو۔ محاورہ۔ بڑے حضرت ہو بڑے بیڈھب ہو۔ نہایت متقی ہو۔ بڑے چالاک ہو +

بہت کر کے۔ ہ م ف۔ عموماً۔ اکثر بارہا بکثرت +

بہت ہے۔ بہت ہی بہت۔ محاورہ (عو) برکت ہے۔ نہیں ہے (عورتیں نہیں کے لفظ کو منحوس خیال کر کے یہ محاورہ بولتی ہیں)

بھتّی پکاؤں۔ دعائے بد۔ (م عو) تو مرجائے تو تیرے بعد بھتّی یعنے ماتمی کھانا پکاؤں۔ تیرا ماتم کروں۔ تجھے روؤں +

بھتّی کھائے۔ محاورہ۔ ہمارا مرنا چاہے ہمارا ماتم کرے۔ ہمیں روئے + (سخت قسم دلانیکے موقع پر بولتے ہیں) کبھی کہتی ہماری بھتّی کھائے۔ (شوق) گر ہمیں بے طریق ہاتھ لگائے

بھٹّا سا اُڑا دینا۔ ف م۔ صفائی کے ساتھ ایک ہی چیز میں کسی چیز کے دو ٹکڑے کر ڈالنا۔ ایک ہی ہاتھ میں فیصلہ کر دینا +

بھٹیارخانہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) بھٹیارے کا گھر۔ سرائے۔ (۲) وہ جگہ جہاں ہر آدمی بغیر روک ٹوک کے آجا سکے۔ وہ جگہ جہاں بہت غل وشور مچتا رہے۔ ادنی مقام۔ مجمع عوام +

بھٹی دار۔ ا۔ اسم مذکر۔ کلال۔ شراب بیچا۔ بادہ فروش۔ مے فروش +

بھچا ڈنڈ۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) ڈنڈ خم۔ ڈنڈ اور بازو + (۲) طاقت ور۔ پہلوان +

ایسے ہی آپ بڑے بھچا ڈنڈ ہیں!

بھجن کرو۔ محاورہ۔ ایشور کا نام لو۔ توبہ کرو خدا کا نام لو۔ رام رام کرو +

بھچک رہجانا۔ ہ۔ ف ل۔ ششدر رہجانا متحیر ہوجانا۔ ہکا بکا ہوجانا۔ ہک دہک ہجانا

بھچنا۔ ہ۔ ف ل بس چھونا + (۱) دبنا + (۲) مجبور رہونا + (۳) شرمانا۔ لجانا +

بھچیڑ لانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) (بازاری) بھچکیڑ بے ایمانی کرنا۔ دھاندل کرنا۔ فیل لانا +

(۲) انکار کرنا - نہ دینا + (۳) ٹھہر دلاپن ظاہر کرنا - ہاتھ کھینچ لینا - دیتے دیتے رُک جانا +

بھدا کا دینا یا سُنانا - ہ - ف م - دے پٹخنا - گرا دینا - دے مارنا +

بھدّرا کرانا - ہ - ف م - مردہ کی کریا کرم کے واسطے یا کسی تیرتھ پر جا کر سر ڈاڑھی اور مُوچھوں کو منڈوانا - سر مُنڈی بھیڑ بننا - چار آبرو کا صفایا کرانا +

بھدّرا ہونا - ہ - ف ل - (۱) سر اور ڈاڑھی مُوچھوں کا مردہ کی کریا کرم کے لئے مُنڈنا (۲) بالکل لُٹ جانا - سُن جانا - مُنڈ جانا - حجامت بننا +

آج نیلام میں اُنکا بھدّرا ہو گیا

بہ* **وزنہ** - ہ - م ف - (م عو) + (بہی دہی کا بگاڑ ہے) + بہی وار - مفصل - سلسلہ وار - تفصیل وار + بہ در بہ حساب سنا دیا +

بھدرک - اسم مذکر - س भद्र بھلا + (۱) نیکی - بھلائی - خوبی - وقعت - لیاقت + کیا کہوں مرچ ہے نا ادرک ہے - (میر)

اِس مچھندر میں کچھ بھی بھدرک ہے +

(۲) استقلال - مضبوطی - پائیداری - استحکام - قیام +

رنگین) تیری زبان کے نیچے زبان ہے + مطلق تیری بات میں نہیں ہے بھدرک + (رنگین)

(۳) (عو) سلیقہ - سگھڑاپا - تمیز + اس کے کام میں ذرا بھدرک نہیں +

بھرا بھتولا - بھرا پُرا - بھری بھتولی - بھری پُری - ہ - صفت (عو) (۱) مالدار - آسودہ - کھاتا پیتا - رجا بجا + (۲) بال بچے دار - آس اولاد والا +

بھرا بھرا - ہ - صفت - (عو) اُجاڑ سا سنسان - خالی خالی +

اُس کے جانے سے گھر بھرا بھرا لگنے لگا +

بہرا بھنڈ - ہ - صفت - نہایت ہی بہرا - بالکل بہرا +

بھرّا جانا - ہ - ف ل - بیٹھ جانا - پڑ جانا - بھاری ہو جانا +

دو ہی جھڑکوں میں آواز بھرّا گئی +

بھرّا دینا - ہ - ف م - (۱) کبوتروں کو ایکدفعہ ہی اُڑا دینا - بھڑیاں دینا - بھڑکیاں دینا + (۲) دم جھانسا دینا - دم دینا - ترغیب دینا - بھڑ سے پر چڑھانا +

(*ٹھیٹ ہندی اور سنسکرت لفظوں کو مسلمانوں نے اسی طرح بگاڑ لیا ہے جس طرح ہندوؤں نے عربی فارسی لفظوں کو)

بھرانا - ہ - ف م - (۱) پرندوں کا اپنے بچوں کو دانہ کھلانا + (۲) گھوڑی کو گیا بھن کروانا +

بھرت - ہ - اِسم مذکّر - (۱) اسباب - بھرتے کی چیز - مال - بوجھ - بھار + (۲) جگہ - ٹھور - تھیلا - برتن + (۳) گاڑی چھکڑا - گھوڑا ٹٹو - اسباب لیجانے کی کوئی سواری

بھرتا کر دینا - ہ - ف ل - (۱) بھُلس دینا جلا دینا + (۲) (بازاری) پیٹ ڈالنا - کچلا کر دینا +

بھرت بھرنا - ہ - ف ل - (۱) (بھرتی بھرنا) سوداگری مال کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا - دساور کو لادنا + (۲) کمی کو پورا کرنا - پُورا پاڑ دینا یا ڈالدینا +

بھرتی کا شعر - ا - اِسم مذکّر - وہ بے مزہ شعر جو غزل کے پورا کرنے کو اُس میں داخل کر دیتے ہیں +

بھرتی کرنا - ہ - ف م - (۱) مال بھرنا - یا لادنا - (۲) نئے آدمیوں کو نوکر رکھنا - (۳) پُورا ڈالدینا +

بھر جانا - ف ل - (۱) پُر ہو جانا + (۲) سُن جانا - لتھڑ جانا + (۳) اینٹھ جانا + جکڑ جانا + (۴) کُتیا کا گیا بھن ہونا +

بھُرتس نکالنا - ہ - ف م - (۱) لغوی کس یعنے طاقت کو بُور بُور کر دینا + (۲) رائتا کر دینا - کچلا کر دینا - پتلا حال کر دینا - ہڈی پسلی توڑ ڈالنا - چُورا چُورا کر دینا - (۳) تباہ یا برباد کر دینا - مفلس بنا دینا +

بھر گرمی میں - ہ - م ف - گرمی کی کثرت یا شدّت میں - عین گرمی میں +

بھرم مار کرنا - ہ - ف م - کسی چیز کی ریل پیل کر دینا - کثرت سے دینا - یا لا ڈالنا - بہتات یا ریز کر دینا +

بھرم باندھنا - ہ - ف م - اعتبار یا ساکھ جمانا - ہوا باندھنا - عزّت بنانا +

بھرم کرنا - یا رکھنا - ہ - ف م - (۱) شک یا شُبہ کرنا - (۲) بدگمانی کرنا - کسی کے سر لگانا - تُہمت لگانا +

بھرم کھل جانا - ہ - ف ل - عوام - بھرم کھُل جانا - (۱) راز ظاہر ہو جانا - قلعی کھُل جانا (۲) ساکھ جاتی رہنا - اعتبار اُٹھ جانا +

بھرم گنوانا - ہ - ف م - آبرو اعتبار یا ساکھ یا پت کھونا + دونا

تلسی اپر گھر جائے سے دُکھ نہ کہیئے روئے
بھرم گنوا وے آپنا اور بانٹ نہ سکے کوئے

بھرنا بھرنا - ہ - ف م - (ع و) کسی کا قرضہ

چکانا کسی کے گھاٹے یا کمی کا اپنی طرف سے پورا ڈالنا۔ کسی کا خرچ اُٹھانا +
میں تو اس بیٹی کا سدا سے یونہیں بھرنا بھرتی ہوں۔ (ہ عو)

بھرن پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ مینہہ کا بڑے زور شور سے برسنا۔ بڑے زور کی بارش ہونا +

بھر نظر دیکھنا۔ ا۔ ف ل۔ پوری نظر سے دیکھنا۔ اچھی طرح دیکھنا +

بھر نیند سونا۔ ا۔ ف ل۔ پوری نیند سونا۔ سکھ نیند سونا۔ پاؤں پسار کر سونا۔ اچھی طرح سونا +

بہروپ بدلنا۔ ا۔ ف ل۔ (نظم) (ا) نیا نیا رُوپ دکھانا۔ رُوپ یا سانگ بھرنا۔ شعبدہ بازی کرنا +
کبھی ہے شام کبھی صبح سایہ ہے گہ دھوپ۔
کہ چرخ بوقلموں بدلے ہے نیا ہر روپ + (نکہت)

بھری برسات میں۔ ہ۔ م ف۔ عین موسم بارش میں برسات کی کثرت یا شدت میں۔ برسات کے تمتع پر۔ برستے میں +

بھری بھری رانیں۔ ا۔ اِسم مؤنث۔ گول گول اور گداز رانیں +

بھرے بیٹھے ہیں۔ محاورہ۔ غصہ میں بھرے ہیں۔ خفا بیٹھے ہیں۔ آزردہ خاطر ہیں۔ رنجیدہ ہو رہے ہیں۔ گلہ و شکوہ کو موجود ہیں +
دیکھا آخر نہ کہ پھوڑے کی طرح پھوٹ گئے
ہم بھرے بیٹھے تھے کیوں آپنے چھیڑا ہمکو (ذوق)

بھڑے پر چڑھانا۔ ہ۔ ف م۔ جھوٹی تعریف کر کے کسی بات پر آمادہ کر دینا۔ دم میں لے آنا +

بھری تھالی میں لات مارنا۔ بھری کھیر کی تھالی میں لات مارنا۔ ہ۔ ف م۔ اپنے آرام کو آپ چھوڑنا۔ لگی نوکری کو ترک کرنا۔ ناشکرا بننا +

بھرے کو بھرتا ہے۔ محاورہ۔ ایشور بھی امیر ہی کو زیادہ دولت دیتا ہے رجے ہی کو رجاتا ہے۔ دھنوان ہی کو اور دھن دیتا ہے + (غریب آدمی اپنی غریبی سے تنگ آکر کہا کرتا ہے) +

بھری مجلس یا سبھا میں۔ ا۔ م ف۔ برسرِ محفل۔ سب کے آگے روبرو یا سامنے۔ پنچوں کے آگے +

بھڑاس نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ دل کا غبار یا بخار نکالنا۔ دھو کر یا لڑ جھگڑ کر جی کا رنج دور کرنا +

بھڑاس نکلنا - ہ - ف ل - دل کا غبار یا بخار نکلنا - رونے سے دل کا رنج دور ہونا دل کے دو اشک سے نہ نکلی بھڑاس - اوسوں بجھتی نہیں ہے پیاس کہیں + (بہر)

بھڑ بھڑیا - ہ - صفت - (۱) جو بات کو نہ پچا سکے - پیٹ کا ہلکا + بھڑ بھڑیا اچھا پیٹ کا کپٹی بُرا + مثل (۲) وہ آدمی جسکو جلد غصہ آجائے اور پھر جلدی لمجائے مغلوب الغضب نیس کپٹ مُنک مزاج + (۳) صاف دل - سادہ +

بھڑ بھونجا - ہ - اسم مذکر - لغوی بھاڑ جھونکنے والا + (طنزاً) بدشکل اور سیہ فام آدمی - کالا کلوٹا +

بھڑ کا چھتا ہے - محاورہ - لغوی بھڑ کا گھر + مراد ہی ایسا آدمی جسے چھیڑ کر اپنا پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے +

بھڑ کے چھتے کو چھیڑنا - بھڑ کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا - ہ - ف م فسادی آدمی کو غصہ دلانا یا بھڑکانا - بدآدمی کو چھیڑ دینا +

بھڑی یا بھڑیاں دینا - ہ م - (۱) کبوتروں کو اُڑنا سکھانا - کبھی اُڑا دینا اور کبھی بُلا لینا + (۲) دق کرنا - تنگ کرنا ستانا +

بھُس اُڑانا - ف ل - (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - کھال اُڑانا - خوب مارنا + (۲) شیعوں کی طرح محرم میں بھُس اُڑانا - ماتم کرنا نوحہ کرنا - واویلا کرنا +

بھُس بھروانا - ہ - ف م - آدمی کی کھال بدن پر سے اُتروا کر اُسمیں بھُس بھروا دینا - سخت سزا دینا +

بھسکڑ بھسکو - ہ - صفت - اناج کے پھٹکنے لگا جانیوالا - کچّا اناج کھا جانیوالا بہت کھانے والا - بسیار خوار +

دولت اِ تیرے تین نام پرسا - پرسو پیرام یا ہی انگنا پھر گئی دھرا بھسکڑ نام +

بھُس کے مول ملیدہ ہے - محاورہ - ملیدے کے وہ دام ہیں جو بھُس کے ہیں - بہت سستا ہے - نہایت ارزاں ہے - کوڑیوں کے مول ہے +

بھسم پیری - ہ - اسم مؤنث - نشہ کی ایک چیز - گانجھا +

بھسم مکّا - ہ - اسم مذکر - جلا ہوا گوشت +

بھُس میں چنگی یا چنگاری ڈالنا - ہ - ف م - آگ لگا دینا - لڑائی کروا دینا + بھُس میں چنگی ڈال جمالو دور کھڑی + مثل

* جہالت کے زمانہ میں یہ ایک قسم کی سزا تھی -

بھسم ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) جلکر راکھ ہو جانا۔ (۲) ہضم ہو جانا۔ (۳) فنا ہو جانا۔ (۴) غصّہ میں آگ ہونا۔ (۵) (عو) حسد یا ایر کھا کی آگ میں جلنا۔ حسد کرنا۔ جلنا۔

بہشت کا جانور۔ ا۔ اسم مذکر۔ مور طاؤس۔

بہشت کا میوہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ انار۔ انجیر وغیرہ۔

بہشت کی قمری۔ ا۔ اسم مؤنث۔ (بازاری) رنڈی۔ کنچنی۔ ناچنے گانے والی عورت۔ منگا مکھی۔

بہشت کی ہوا۔ ا۔ اسم مؤنث۔ نہایت ٹھنڈی ہوا۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا جو گرمیوں میں چلتی ہے۔ نسیم سحری۔

بہشت میں لات مارنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ماباپوں کے ساتھ برائی کرنے سے بہشت کو جو اُنکے پاؤں تلے ہوتی ہے نہیں کھونا۔ نیکوں کے ساتھ برائی کرنا۔ ماپاب کو ستانا یا دق کرنا۔ اپنی عاقبت خراب کرنا۔ اپنے حق میں برائی کرنا۔ (۲) موجودہ آرام یا عمدہ اور معقول روزگار کو ترک کرنا۔

بہشتی۔ (عام) بھشتی۔ ف۔ اسم مذکر (۱) جنتی۔ سُرگ باسی۔ (۲) مسلمان پانی بھرنے والے کا خطاب۔ سقّا۔

بھشٹل۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) گندی اور غلیظ عورت۔ (۲) گھناؤنی۔ بدشکل (۳) بے تمیز۔ پھوہڑ۔ بے سلیقہ۔

بہکائے میں آنا۔ ہ۔ ف ل (ا)۔ دھوکے یا دم میں آنا۔ (۲) کسی کے بھروسہ پر کُود نا۔ حمایت پر پھولنا۔

بہکٹا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (دیہات)۔ وہ شخص جو جلد کسی کے بہکائے میں آجائے۔

بہک چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بہکائے میں آجانا۔ (۲) بہکنے لگنا۔ ہذیان ہونا باؤلا ہونا۔ (۳) مغز چلنا۔ اترا جانا۔ (۴) بڑھک چلنا۔ پاؤں نکالنا۔

بھک سے اُڑ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بارود کا (دفعتہً) اُڑ جانا۔ (۲) صاف کٹ جانا۔

بھک منگا۔ اسم مذکر۔ (۱) بھیک مانگنے والا۔ بھکشک۔ بھکاری۔ سائل فقیر۔ (۲) بھوکا۔ کنگال۔ غریب۔ (۳) مانگنے میں شرم نکرنیوالا۔ بے شرم۔ نلجّا۔

بھک مُوا۔ اسم مذکر۔ بھوک کا مارا۔ بہت بھوکا۔ روٹیوں کا مارا۔ فاقہ کش۔

بھگا لیجانا - بہکا لیجانا - ہ - ف ل کسی کی عورت یا لڑکے کو دم دیکر اُبھار لیجانا - مانس چوری کرنا +

بھگتا ڈالنا - ہ - ف م - (بازاری) - جان کا جو جھگڑا لگا ہوا تھا اُسکو چکا دینا - مار ڈالنا فیصلہ کر دینا - بکھیڑا پاک کر دینا +

بھگت باز - بھگتیا - ہ - اسم مذکر - سوانگ یا بھگت کھیلنے والا - لڑکوں کا تماشا کرنیوالا

بھگت بنانا - ہ - ف م - (۱) سوانگ بنانا - روپ بھرنا - (۲) ایسی وضع بنانا جسکے دیکھنے سے ہنسی آئے ہنسی اُڑانا مسخرہ بنانا + (لکھنو)

بھگت لینا - ہ - ف م - لڑنے مرنے کو ہر ایک کے سامنے کھڑا ہو جانا - سمجھ لینا سُلٹ لینا +

ان سے تو میں بھگت لونگا اُن سے تم سمجھ لو

بھگت ہونا - ہ - ف ل - خوب پٹنا یا ٹھکنا - مٹی پلید یا عزیز ہونا - بُری گت ہونا - گت بننا +

بھگل یا بھگر گانٹھنا یا بنانا - ہ - ف ل - (۱) پھٹے پُرانے کپڑے پہنکر اپنی غریبی ظاہر کرنا - بُری طرح گزران کرنا + (۲) دھوکا دینا - فریب کرنا - دم دینا - بناوٹ کرنا +

بھگو بھگو کے اگانا یا مارنا - ہ - ف م (لغوی) پانی میں بھگو بھگو کے جوتیاں مارنا تاکہ بہت چوٹ لگے - (مُرادی) خوب بُرا بھلا کہنا - بہت لعنت ملامت کرنا - نہایت ذلیل کرنا +

بھگی پڑنا - ہ - ف ل - خوف کے مارے بھاگ جانا - بھاگڑ مچنا - افراتفری پڑنا کھلبلی پڑنا +

بھلا جی - بھلا جی بھلا - بھلاری بھلا کلمۂ ندائیہ - کیا مضایقہ ہے - کیا ڈر ہے - دیکھ جائیگا - سمجھیں گے +

یہ سُن سُنکے وہ نازنیں مُسکرا
لگی کہنے اچھا! بھلاری بھلا! (میر حسن)

بھلا چنگا - ہ - صفت - اچھا بھلا - تندرست موٹا تازہ - صحیح وسالم +

بھلا کرنا - بھلی کرنا - ہ - ف م - (۱) اچھا کرنا - بہتری کرنا + بُرا کرانائی بامنا - بھلا کرا سیری کے بھاگ مثل (۲) نیکی کرنا - سُلوک کرنا - اچھے یا نیک کام کرنا + بھلا کر بھلا ہوگا سو دا کر نفع ہوگا مثل (۳) جزائے خیر دینا - اچھا نتیجہ دینا + (۱) داتا بھلا کرے + (فقیروں کی صدا)

(۲) چڑھ جا بیٹا سُولی پر رام بھلی کرینگے + مثل (طنزاً اُمید دلانے کے موقع پر بولتے ہیں) (۴) (طنزاً) بُرا کرنا۔ سزا دینا +

خیر بابا! داتا تیرا بھلا کرے

بھلا لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ اچھا معلوم ہونا۔ کھِلنا۔ زیب دینا۔ سوہنا۔ سُہاونا۔ دکھائی دینا۔ خوبصورت معلوم ہونا +

گر کہوں نام خدا لگتے ہو تم کیا ہی بھلے۔

تو یہ کہتا ہے: لاہوں تو بھلا تُجھ کو کیا + (جرأت)

بھلا ماننا۔ ہ۔ ف ل۔ احسان مند ہونا۔ ممنون ہونا۔ گُن ماننا +

بھلائی لینا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نیک نام مشہور ہونا۔ نیکنامی حاصل کرنا۔ نام پیدا کرنا۔ ثواب حاصل کرنا + (۲) اسیس یا دُعا لینا +

بھلے آئے۔ محاورہ۔ (طنزاً) خوب آئے بڑی دیر میں آئے۔ اچھی راہ دکھائی +

بھلے بُرے۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ (۱) اچھے بُرے نیک و بد + (۲) خراب آدمی۔ بدمعاش ٹھگ +

بھلے کا زمانہ ہی نہیں۔ محاورہ۔ ایسا اُلٹا زمانہ آگیا ہے کہ بھلائی کے بدلے بُرائی ملتی ہے۔ نیکی کا زمانہ نہیں رہا ہے +

بھلے کو۔ ہ۔ ندا و ندبہ۔ حفظِ ماتقدم یا کسی بُرے کام سے بچ جانے کے موقع پر یہ کلمہ استعمال کرتے ہیں۔ اور اُس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ خُوب ہوا! اچھا ہوا! خوب شد +

بیحُرم نہ تیغ ہی رکھتا تھا گلے کو۔
کچھ بات بُری مُنہ سے نکلی تھی بھلے کو +

بھلی کہی بھلی چلائی۔ ہ۔ ندا و ندبہ۔ قابل ذکر نہیں ہے۔ کہنے جوگ نہیں ہے۔ بے ضرورت ہے۔ بے فائدہ ہے +

بہ مانا کے اچھر۔ محاورہ۔ (ہ عو) کرم بھی قسمت کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر +

بھُمیا ہے۔ محاورہ۔ (دیہات) اصل میں بھمیا بہت پُرانے اور بالدار سانپ کو کہتے ہیں۔ اسی سے معنی ہو گئے ہیں۔ بہت قدیم باشندہ ہے۔ روڑا ہے +

بھُنڈ پیرا۔ بھُنڈ پیری۔ ہ۔ صفت جسکے آنے سے نحوست پھیل جائے سبز قدم۔ منحوس۔ کمبخت +

بھنڈ خراب ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ بگاڑ ہونا فضیحتی ہونا۔ کام بگڑ جانا۔ بربادی ہونا

بھنڈنا۔ ہ۔ ف م۔ (عو) گالیاں دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔ پُنتا۔ بھانتا +

بھنڈسے خانہ۔ا۔اسم مذکر۔وہ کوٹھڑی یا مکان جسمیں حقہ کا سامان مہیا رہتا ہے +

بھنک پڑنا۔ہ۔ف ل۔آواز کان پڑنا آواز آنا۔سنائی دینا +

بھنگتی صورت۔ا۔اسم مؤنث (عو) بگڑی یا بھناونی صورت۔بدشکل +

بھنگ کے بھاڑے میں جانا۔ہ۔ف ل۔رائیگاں جانا۔برباد ہونا۔مفت میں جانا +

بھنگیڑ خانہ۔ا۔اسم مذکر (۱) بھنگڑوں کے بھنگ گھوٹنے اور پینے کی جگہہ + (۲) عام لوگوں کے جمع ہونے کا مقام بھٹیار خانہ +

بھنگیڑ خانہ کی گپ۔محاورہ۔افواہ افواہی۔بے ٹھکانے بات۔جھوٹی خبر بازاری خبر۔گپ شپ +

بھنور جال۔ہ۔اسم مذکر۔دنیا۔دنیا کے جھگڑے یا بکھیڑے +

بہوبیٹیاں۔ہ۔اسم مؤنث۔شریف عورتیں۔خاندانی عورتیں۔کلوٹنی ہریاں (۱) بہوبیٹیاں ایسے کام نہیں کیا کرتیں + (۲) بہوبیٹیاں سب رکھتے ہیں + (بعد)

بھوت اترنا۔ہ۔ف ل۔غصہ جاتا رہنا۔آپے میں آجانا +

بھوت بننا۔ہ۔ف ل۔(۱) نشہ میں دھت یا چور ہونا۔مخمور ہونا۔سرشار ہونا (۲) غصہ کے مارے آپے میں نہ رہنا + (۳) ہمہ تن مصروف یا مشغول ہونا۔ ہر وقت لگا رہنا +

کھیل میں بھوت بنا رہتا ہے گھر کی کچھ خبر نہیں +

بھوت چڑھنا۔ہ۔ف ل۔(۱) سر پر جن کا چڑھنا + (۲) غصے کا آنا +

بھوت کا پکوان۔محاورہ۔مفت کی دولت جو آسانی سے ہاتھ لگ جائے اور بہت جلد اٹھ جائے +

بھوت ہو جانا۔ہ۔ف ل۔غصہ کی حالت میں بیخود ہو جانا۔آپے سے باہر ہو جانا۔مدہوش ہو جانا +

بھوت ہو کر چمٹنا۔ہ۔ف ل۔کسی چیز کے سر ہو جانا۔کسی بات کے پیچھے پڑ جانا کسی کام کے پیچھے لپٹ جانا +

بھور اڑانا۔ہ۔ف م۔(۱) خرچ کر دینا صرف کر دینا۔ضایع کر دینا۔برباد کرنا + (۲) مفلس کرنا۔غریب بنا دینا +

بہ نقرہ اس شخص سے کہا کرتے ہیں جو اوروں کی بہوبیٹیوں کو تاکتا ہے یعنی تم بھی رکھتے ہو اسی سے تمہاری بہوبیٹیوں کو دوسرے تاکیں گے +

بھور کر دینا۔ ہ۔ ف م۔ خوب زدوکوب کرنا۔ نہایت مارنا۔ بھرکس نکال دینا۔ بے حساب پیٹنا +

بھور ہونا۔ ف ل۔ (۱) صبح ہونا + (۲) کچھ نہ رہنا۔ بالکل ختم ہو جانا + (۳) صرف ہو جانا۔ اُٹھ جانا۔ نبڑ جانا + (۴) خوب پٹنا۔ از حد مار کھانا۔ بھرکس نکلنا +

بھوسی بتانا۔ ہ۔ ف م۔ انکار کرنا + ہر چند چاہتا ہوں کہ خواہش بیاں کروں لیکن ہے خوف اِتنا کہ بھوسی نہ بتاویں

بھوسی ہے۔ محاورہ۔ (مذاقاً اسکو انکار کی جگہ بولتے ہیں اور اُس سے مُراد یہ ہوتی ہے کہ شے مطلوبہ کے بدلے بھوسی جو ایک ادنیٰ چیز ہے لے لو) + کچھ نہیں ہے نہیں ہے

ایک بوسہ ہمیں نہ تمنے دیا
جب کہا یہ کہا کہ بھوسی ہے

بھوک بھاگتی ہے۔ دیکھے سے بھوک بھاگتی ہے۔ محاورہ۔ (جب کسی عمدہ اور لذیذ چیز یا خوب صورت آدمی کو دیکھتے ہیں تو اُسکی تعریف میں یہ محاورہ بولا کرتے ہیں اور اُس سے غرض یہ ہوتی ہے کہ بس اُسکے دیکھنے ہی سے بھوک جاتی رہی اور سیری ہو گئی اب کھانے پانے کی

کرنیکی ضرورت نہیں رہی یعنے یہ چیز نہایت ہی عمدہ ہے +) (۱) سیری ہو جاتی ہے۔ خواہش نہیں رہتی ہے۔ جی بھر جاتا ہے پروا نہیں رہتی + (۲) بہت ہی عمدہ ہے +

بھوک پیاس میں۔ ہ۔ م ف۔ ضرورت کے وقت۔ اانہوت میں۔ تنگی کے وقت

بھوک جاتی رہی یا مر گئی۔ محاورہ (سوداگروں کا) بھوک یا خواہش کم ہو گئی خریداری کی خواہش نہیں رہی۔ سیری ہو گئی +

بھوک ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (سوداگر)۔ خواہش ہونا۔ خریداری ہونا۔ خریدنے کی اچھا ہونا +

جسکو جتنے مال کی بھوک ہو گی اُتنا لیگا

بھوک بلاس کرنا۔ بھوگ بھوگنا ہ۔ ف ل۔ (۱) صحبت داری کرنا۔ ہم بستر ہونا + (۲) عیش و عشرت کرنا + رنگ رلیاں کرنا۔ مزے اُڑانا +

بھوگ پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (م عو) لعنت ملامت ہونا۔ گالیاں ملنا۔ سخت سست سننا

بھوگ سنانا یا دینا۔ ہ۔ ف م (م عو) گالیاں دینا۔ لعنت ملامت کرنا۔ بُرا بھلا کہنا +

کسی پیاروں بیٹی نے میرا نام لیا تو ہزاروں بھوگ سناؤں گی+ (م عو)

بھوگ کرنا۔ ف ل۔ ہم بستر ہونا۔ مجامعت کرنا۔ ساتھ سونا صحبتداری کرنا۔ (بولنا)

بھوگ لگانا۔ ہ۔ (۱) (ف ل) کھانا تناول فرمانا۔ طعام نوش کرنا۔ پرشاد پانا+ (۲)۔ ف م۔ دیوتاؤں کی مورتی کے آگے نانا پرکار کے بھوجن رکھ دینا+

بھول آنا۔ بھول کے آجانا۔ ہ۔ ف ل۔ بھول کر چلا آنا۔ بھولے سے آجانا۔ غلطی سے چلا آنا+

کہو صاحب! آج کدھر بھول آئے فقیر

بھول کے نکرنا۔ ہ۔ ف م بھول کر یا غلطی سے بھی نہ کرنا۔ بالکل نکرنا۔ ہرگز ہرگز نکرنا۔

بھولی بھولی باتیں کرتا ہے۔ محاورہ بھولوں کی سی باتیں بناتا ہے۔ بچوں کی سی باتیں کرتا ہے۔ کیا پیاری پیاری باتیں کرتا ہے+

بھولی بھولی صورت۔ محاورہ ایسی صورت جس سے بھولا پن برسے پیاری پیاری صورت+

بھولے سے بھی نام نہیں لیتا۔ محاورہ۔ بھولکر بھی نام لینا گوارا نہیں کرتا۔ نہایت نفرت ہے از حد عداوت ہے

بھولے سے نام لینا۔ ہ۔ ف ل۔ بھولکر کسی کا نام بیچا اٹھنا۔ انجان پنے میں اُسکا نام لے لینا جسکا نام نہیں لینا چاہیے بے ادبی کرنا+

اثر دیکھو زبان بخیہ کرکے ہوگئے ٹکڑے
لیا تھا نام بھولے سے میرے چاک گریباں کا (داغ)

بھوں بھوں کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا+

بھون بھون کھانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی چیز کو بھون کر کھا جانا۔ (۲) چٹ کر جانا۔ کچھ نہ گنتا۔ کچھ حقیقت نہ سمجھنا۔

تمنے صاحب اگر اڑائی ہیں۔
ہمنے بھی بھون بھون کھائی ہیں+ (شوق)

(۳) (عو) دق کرنا۔ ستانا۔ ناک میں دم کرنا۔ تنگ کرنا+

بھونڈو ہے۔ محاورہ۔ بھولا ہے۔ موڈھو ہے۔ بیوقوف ہے+

بھونڈو بھاؤ نہ جانے پیٹ بھرن سے کام (مثل)

بھونڈا نخرہ۔ و۔ اسم مذکر۔ نازیبا۔ شوخ غمزہ+

بھونڈی باتیں۔ ہ۔ اسم مؤنث۔

خراب اور نکمی باتیں۔ بیہودہ باتیں۔ بدتمیزی کی باتیں +

بھویں تاننا۔ ٹیڑھی کرنا یا چڑھانا۔ ہ۔ ف ل (۱) تیوری میں بل ڈالنا۔ خفگی ظاہر کرنا۔ تیوری چڑھانا + (۲) نخرہ یا ناز کرنا

بہیاں کی بہیاں یا بئیاں کی بئیاں۔ ہ۔ م ف۔ (ہ۔ دوکاندار) بہی وار۔ تفصیل وار۔ بہی در بہی۔ ٹھیک ٹھیک۔ صحیح صحیح +

بہی پر چڑھانا۔ ہ۔ ف م۔ بہی میں لکھ لینا رقم کر لینا +

بھیتری مار۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ اندرونی چوٹ۔ گپت مار۔ دلی صدمہ۔ باطنی تکلیف

بھیٹ بکرا۔ بھیٹ پوجا۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) منت کا بکرا۔ نذر نیاز۔ چڑھاوا + (۲) نذر بھیٹ۔ رقم مقررہ۔ رشوت +

بھیٹ لینا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نذر لینا۔ رشوت لینا +

مانپ کنیا اور پٹواری۔ بھیٹ لئے بن کریں نہ یاری + مثل

(۲) مار ڈالنا۔ جان لینا +

یہ ایک کمبخت کنواں ہے آئے سال ایک نہ ایک کو بھیٹ لیتا ہے +

بھیٹ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مل جانا + ملنا۔ ملاقات ہونا۔ مٹ بھیڑ ہونا + دیکھتے چوٹ کنونڈے بھیٹ مثل

(۲) نثار یا قربان ہونا۔ جان دیدینا۔ مر جانا + ریل کی بھیٹ بھی لاکھوں ہی آدمی ہو گئے ہونگے +

بھیجا پک جانا۔ ہ۔ ف ل۔ بک بک سننے سے دماغ پریشان ہو جانا۔ تنگ آ جانا۔ دردسر ہونے لگنا +

بھیجا کھانا۔ ہ۔ ف م۔ بک بک کر کے کسی کا دماغ پریشان کرنا۔ سمع خراشی کرنا۔ تنگ کرنا +

بھید بھاؤ کھلنا۔ ہ۔ ف ل۔ بھید ظاہر ہونا۔ دل کی بات کھلنا۔ منشا ظاہر ہونا +

بھید دیدینا۔ ہ۔ ف م۔ چھپی بات بتا دینا گھر کی بات کہدینا۔ راز ظاہر کر دینا۔ دل کی بات بتا دینا +

بھید لے لینا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کا راز عندیہ یا منشا دریافت کر لینا۔ چھپی بات معلوم کر لینا۔ بھید کھول لینا +

بھیروں ناچنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بھیروں ہی بھیروں نظر آنا۔ حالت پلٹ جانا۔ ویرانہ برسنا + (۲) دندنانا

لڑائی جھگڑا ہو جانا + (۳) (م - پیشہ ور) بالکل ناغہ پڑنا - مطلق کام نہ ہونا +

بھیرویں اُڑانا - ف ل - آنند کے تار بجانا - مزے اُڑانا - خوشیاں منانا

بھیڑ بھاڑ - بھیڑ بھڑکا - محاورہ - بہت سے آدمی - بہت سے نوکر چاکر - ایک خلقت - بڑی کروفر - دھوم دھڑکا دُھوم دھام +

بھیڑ پڑنا - ف ل - مصیبت آنا - بپتا پڑنا - دقت پیش آنا +

بھیڑ چھٹنا - ف ل - ہجوم کا کم ہونا آدمیوں کا کم ہو جانا +

بھیڑ کا بچہ چھوڑ دے - محاورہ - جسطرح سیتلا پر خاکروب بھیڑ کا بچہ بھیجا کرتے ہیں - اُسی طرح تو بھی کر - (مذاقاً) خاکروب معلوم ہوتا ہے +

بھیڑ کرنا - یا لگانا - ف ل - بہت سے آدمیوں کا جمع ہو جانا - ہجوم کرنا +

بھیڑیا چال - اسم مؤنث - (جسطرح ایک بھیڑ کے پیچھے اور بھیڑیں اندھا دھند چلنے لگتی ہیں اسی طرح اور لوگ دیکھا دیکھی بغیر سوچے سمجھے کوئی کام کرنا + دیکھا دیکھی - حرصا حرصی - عام رواج -

بھیڑیا دھان +

بھیڑیا دھان - اسم مذکر - (پُورب) (۱) بہت سے آدمیوں کا ایک ہی جگہہ بھچکر بیٹھنا - بھیڑوں کی طرح گھس گھس کر بیٹھنا + (۲) عام ریت یا چلن - بھیڑیا چال +

بھیک کا ٹکڑا - محاورہ - (۱) خیرات کا ٹکڑا - للہ فی اللہ کی روٹی + بھیک کے ٹکڑے اور بازار میں ڈکار مشل (۲) لقمہ حرام - بے تحقیق +

بھیک کا ٹھیکرا - اسم مذکر - (۱) مانگنے کا برتن + (۲) کمائی کا ذریعہ + (۳) (مذاقاً) نوچی - لونڈا - زنخہ +

بھیگی بلّی بنانا - ف م - (ایک آقا نے اپنے نوکر سے کہا کہ ارے میاں ! دیکھنا مینہ تو نہیں برس رہا - اُس بہانہ ساز نے وہیں بیٹھے بیٹھے کہا ہاں جناب برس رہا ہے آقا نے پوچھا تو نے کیونکر جانا - کہا ابھی بلّی باہر سے بھیگی ہوئی آئی تھی) - بہانہ کرنا - عذر نکالنا - حیلہ کرنا +

بھیگی مُرغی - ا - صفت - نہایت مسکین صورت - بڑا غریب - مصیبت کا مارا +

بھیمڑ اپسارنا - ف ل - ہیجڑے پنہ کا

بُری طرح سے منّہ بنا بنا کر رونا +

بھینی بھینی بُو - صفت - بُوے خوش جو دماغ کو تازہ کرے - میٹھی میٹھی خوشبو - سُگندھی - مہک - ہلکی اور لطیف خوشبو +

بے آپے ہونا - ہ - ف ل - آپے سے باہر ہونا - آپے میں نہ رہنا - بیہوش ہو جانا بدحواس ہونا - قابو سے باہر ہونا +

بے اِختیار - ا - م ف - (۱) نہایت - ازحد ازبس - بہت + (۲) خود بخود - اپنے آپ بے سوچے سمجھے - بلا ارادہ +

بے اِختیار رونا - ا - ف ل - ازحد رونا روئے چلا جانا - پھوٹ پھوٹ کر رونا - آٹھ آٹھ آنسو رونا +

بیاہ رچانا - ہ - ف م - (۱) شادی کی رسمیں شروع کرنا - بیاہ کے ٹہلے پھیلانا (۲) غل وشور یا دھوم دھام مچانا +

بے اِیمان - صفت - (۱) بے اعتقاد ادھرمی - بدنیت - بددیانت - دغاباز - جھوٹا +

بیباق کر دینا - ا - ف م - قرضہ یا دین ادا کر دینا یا چکا دینا - کوڑی کوڑی بھگتا دینا

بے بال وپر - ف - صفت (۱) بن پنزوا اور بن پر کا - بے سہایک - بے یار و مددگار - بے سروسامان - (۲) بیکس بھوکا - عاجز +

رنگ اُڑ چلا چمن میں گلوں کا تو کیا نسیم
ہمکو تو روزگار نے بے بال وپر کیا (میر)

بے بہرہ ہو جانا - ا - ف ل - (۱) آوارہ یا خراب ہو جانا کسی کا کہنا نہ ماننا - بگڑ جانا (۲) ناشائستہ یا بدتہذیب ہو جانا - بے ادب اور گستاخ ہو جانا +

بی بی جی - اِسم مؤنث - (ہ عو) - کلمہ خطاب جس سے خاوند کی بڑی بہن یا بڑی نند کو پکارتی ہیں +

بی بی زن - اِسم مؤنث (م عو) - پارسا عورت - پتی ورتا - سیتا ستی - بڑی نیکبخت - پاکدامن +

بے پر - ا - صفت بن پر کا - اُڑنے کی ناقابل - بے سروسامان - بیکس +

بے پر کے اُڑانا - ا - ف م - بے اصل بات مشہور کرنا - بادہوائی بکنا - غوغا یا گپ اُڑانا +

بے پیر بے پیرا - ا - صفت (۱) پیر نہ رکھنے والا - نکرا + (۲) ادھرمی - بدعقیدہ بے ایمان + (۳) کٹھور - سخت - کٹر - سنگدل - بے رحم + (۴) گونگیرا - خودغرض

اپنی گوں کا یار + (۵) نگنا - بے احسان - احسان فراموش +

بیت بازی کرنا - ا - ف ل - شعروں کی بحث کرنا + (ایک لڑکا کوئی شعر پڑھتا ہے اور دوسرے لڑکے سے اپنے پڑھے ہوئے شعر کے آخری حرف سے شروع ہونے والا شعر جواب میں طلب کرتا ہے نہ دینے کی حالت میں دوسرا مات ہو جاتا ہے)

بے تحاشا - ا - م - ف (ع تحاشی بمعنی ایک طرف - ف بے بمعنی بغیر) (۱) بے اوسان ہو کر - حواس باختہ - گھبرا کر - اندھا دھند + (۲) بے سوچے سمجھے - بے دھڑک + بے تحاشا مار بیٹھتا ہے +

(۳) از حد - نہایت - بہت - اناپ شناپ + بے تحاشا کھا جاتا ہے +

بے ترکیب - ا - م ف - (۱) بے اندازہ اناپ شناپ + نہ بے ترکیب کھاؤ نہ اوکتے پھرو + (۲) بے ڈول - بیوقوف - احمق +

بے تکلف - ا - م ف - (۱) بے بناوٹ بے ساختہ - (۲) آزادانہ - بے روک ٹوک - بیدھڑک + (۳) بے سوچے سمجھے - بے تامل - بلا خوف وخطر - بلا اندیشہ (۴) سیدھا سادھا - سادگی پسند + (۵) ہمرنگ - ہم مشرب - ہم خیال - ہمراز +

بیٹا بنانا - ہ - ف م - گود لینا متبنیٰ کرنا -

بیٹ کرنا - ہ - ف م - (۱) (عوام) دھبہ لگانا - خراب کر دینا + (۲) (بازاری) - چلتے پھرتے نظر آؤ - لمبے بنو + ہٹ کے بیٹ کرو +

بیٹھ جانا - ہ - ف ل - (۱) راج گدی لینا - جلوس کرنا - جلوس فرمانا - (۲) دھسجانا - ڈھجانا - پیچ جانا - اندر کو گڑ جانا - پچک جانا + آنکھ بیٹھ گئی + کنواں بیٹھ گیا - (۳) گر پڑنا - ڈھسجانا + ابکی برسات میں ہزاروں مکان بیٹھ گئے + (۴) پتلا ڈھیلا یا ملایم ہو جانا + گڑ یا شکر بیٹھ گئی + (۵) جم جانا - دھرنا دینا - سر ہو جانا + (۶) درست یا ٹھیک آنا + یہ نگینہ انگوٹھی میں خوب بیٹھا - (۷) غریب ہو جانا - دوالہ نکلنا + (۸) دل یا ہمت ٹوٹ جانا - جیتے جی مرجانا اولاد کے مرنے سے بیٹھ گیا - (۹) گلتھی ہو جانا + چانول بیٹھ گئے +

(۱۰) سوار ہونا۔ چڑھ جانا +
آؤ تم بھی گاڑی میں بیٹھ جاؤ +
(۱۱) عورت کا گھر میں پڑ جانا۔ چوڑیاں پہن لینا۔ رانڈ یا بیوہ کا بیاہ ہو جانا +
ہم سے تو جاٹ گوجر ہی اچھے۔ جنکے ہاں رانڈیں بیٹھ تو جائے ہیں + (ہ عو)
(۱۲) منجمد ہو جانا۔ جم جانا۔ بستہ ہو جانا +
لاگ سے پارہ بھی بیٹھ جاتا ہے
(۱۳) غیر متحرک ہو جانا۔ تھک جانا۔ ہار جانا +
بوجھ کے مارے چھکڑوں کے بیل اکثر بیٹھ جاتے ہیں
بیٹھ رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چھوڑ دینا۔ ترک کر دینا۔ ہاتھ اٹھانا + (۲) آس چھوڑ دینا۔ نراس ہو جانا۔ نا امید ہو جانا۔ (۳) ہمت ہار نا یا توڑ دینا۔ ہاتھ پاؤں نہ مارنا کوشش چھوڑنا۔ چپ ہو بیٹھنا۔ (۴) دیر لگانا۔ وہیں کے ہو جانا +
جہاں جاتے ہو وہیں بیٹھ رہتے ہو
(۵) ترک خدمت کرنا۔ نوکری چھوڑ دینا گھر میں بیٹھ جانا۔ خانہ نشینی اختیار کرنا۔
بے ٹھکانے۔ ا۔ (۱) آوارہ۔ بے نشان۔ بے پتے (۲) بے موقع۔ بے اصل۔ بے بنیاد +
بیٹھے بٹھائے۔ بیٹھے بیٹھے۔ ہ۔ م ف۔ (۱) خواہ مخواہ۔ بے سبب۔ لا حاصل + ناحق۔ بیفائدہ +
اول تو میرے کوچہ میں آنا شروع کیا بیٹھے بٹھائے دل کا جلانا شروع کیا
(۲) امن سے۔ چین سے۔ آسودگی سے آرام سے بیفکری میں +
چلا ہے کعبہ کو آشفتہ پارسا بنکر (آشفتہ)
خدا جو بیٹھے بٹھائے اسے خراب کرے
(۳) یکایک۔ اچانک۔ ناگہاں۔ دفعتہ +
یہ غضب بیٹھے بٹھائے تجھ پہ کیا نازل ہوا
اٹھ چلا دنیا سے کیوں تو مجھکو ای دل کیا ہوا
بیٹھی روٹی۔ محاورہ۔ پنشن۔ انگلس۔ وظیفہ۔ اِدرار +
بیٹھے رہو۔ محاورہ۔ (۱) چپکے بیٹھے رہو۔ بولو مت۔ چپ رہو + (۲) جاؤ اپنا کام کرو یا دیکھو۔ اس خیال کو چھوڑو اس سے باز آؤ +
تلوار کو جو کھینچ دکھاتے ہو بانکپن (محشر)
بیٹھے رہو میں ایسی اداؤں سے دبنگا
(۳) تمہیں کیا پڑی۔ تمہیں کیا غرض تم کون ہو +
بیٹی کا باپ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ بیٹیوں والا کمزور۔ بودا۔ نامرد۔ کم ہمت۔ غریب +

(جسکے بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوا کرتی ہیں اُسکو کمزور خیال کیا کرتے ہیں)

بیج بونا - ہ - ف ل - برائی کی بنیاد ڈالنا بانی فساد بننا - فساد پھیلانا +

یہ انہیں کا بیج بویا ہوا ہے

بیج جاتا رہنا - بیج مارا جانا - ہ - ف ل (۱) اولاد نرینہ - سنتان یا نسل نہ چلنا - قطع نسل ہو جانا + (۲) ستیاناس ہو جانا غارت ہونا - مٹ جانا +

بیج جمنا - ف ل - نطفہ کا ٹھیر جانا - پیٹ رہنا +

بیج ڈالنا - ہ - ف ل - پیٹ رکھوانا - حاملہ کر دینا +

بیج ناس کرنا - ہ - ف م - جڑ مول سے کھو دینا - نیست و نابود کرنا - بالکل غارت کر دینا - مٹا دینا +

بیچا بننا - ہ - ف ل - (۱) ایک ڈراونا کاغذی چہرہ اپنے چہرہ پر لگا کر ڈرانا (۲) بدصورت یا بدشکل بننا + (۳) مسخرہ یا احمق بننا +

بیچارہ - بچارا - ف صفت - بے بس - عاجز - بے کس - غریب +

بیچ بچاؤ کرانا - ہ - ف م - دو لڑتے ہوئے آدمیوں کے بیچ میں پڑ کر اُنکا فیصلہ کرانا - چھوٹ چھٹاؤ کرا دینا - رفع شر کرنا +

بے چراغ کرنا - ا - ف م - اُجاڑنا - تباہ ویران یا برباد کرنا +

دل میں داغوں سے خانۂ باغ کئے
گھر کے گھر اُسنے بے چراغ کئے (شوق)

بے چراغ ہونا - ا - ف ل - اُجڑ جانا - ویران ہو جانا +

آج راہی جہاں سے داغ ہوا
خانۂ عشق بے چراغ ہوا + (داغ)

بیچ کی راس - ہ - صفت - اوسط درجہ کا - نہ بُرا نہ بھلا - خاصہ +

بیچ کے گھڑے کی - محاورہ بہت ہی تیز اور خالص شراب +

ساقیا زریہ مٹھی بھر کے لے
پر مجھے بیچ کے گھڑے کی دے (رنگین)

بیچ میں بولنا - ہ - ف ل - دخل دینا - مداخلت کرنا - پاؤں اڑانا - دخل در معقولات کرنا - بیچ میں کود پڑنا +

بیچ میں پڑنا - ہ - ف ل ضامن کفیل یا ذمہ دار ہونا - آڑ بننا - ثالث بننا + گانٹھ کا دیدے پر بیچ میں نہ پڑے + مثل

بے حال - ا۔ صفت - (۱) غیر حال - تنگ حال - ابتر - خراب - خستہ + (۲) قریب المرگ - مرنے کو - مرنہار -

بے حجابانہ - ا۔ م ف (۱) بے تکلف - بے روک ٹوک + (۲) علانیہ کھلے خزانے - کھلے دہانے +

بے حُرمت کرنا - ا۔ ف م (۱) بے عزت کرنا - ذلیل کرنا + (۲) (عو) کسی کی عصمت میں فرق لانا - عزت یا آبرو لینا - زنا کرنا - بُرا کام کرنا +

بے حِس و حرکت رہگیا - محاورہ - حیران و ششدر رہگیا - ہک دھک رہگیا - حیران رہگیا +

بے حواس کرنا - ا۔ ف م - ہوش و حواس کھو دینا - دیوانہ بنا دینا +

کچھ نہیں سوجھتا ہمیں اُس بن
شوق نے ہمکو بے حواس کیا + (میر)

بے حیا بوٹی - محاورہ - (م عو) - نہایت بے شرم عورت - نلجی عورت

بے حیائی کا برقع مُنہ پر ڈال لیا ہے - محاورہ - بے حیائی کے برقع میں مُنہ کو چھپا لیا ہے - بے شرمی کی نقاب مُنہ پر ڈال لی ہے - از حد بے شرم ہو گیا ہے - بے حیائی اختیار کر لی ہے - لاج گنوا دی ہے -

بے حیائی کا جامہ پہن لیا ہے محاورہ - سر سے پاؤں تک بے حیائی کا لباس پہن لیا ہے - سرتاپا بے شرم بن گیا ہے - بالکل شرم کے پاس نہیں +

بے حیائی کا جامہ پہنا ہے
خیر ہے لکھنؤ میں رہنا ہے (شوق)

بے خار - ا۔ صفت - وہ لڑکا جسکے ڈاڑھی نہ نکلی ہو - نوجوان - نوخیز - امرد - نوعمر +

بے خبر - ا۔ صفت (۱) غافل - بیہوش - سُکھ نیند +

بے خبر ہم تو اپنے سوتے تھے
بولے ہم سب تمہیں کو روتے تھے (شوق)

(۲) اچانک - اچانک - یکایک - دفعتہ + (۳) ناعاقبت اندیش - غافل - آگا پیچھا نہ سوچنے والا +

بے خود ہو جانا - ا۔ ف ل - آپے سے باہر ہو جانا - خودی میں نہ رہنا - ہوش و حواس جاتے رہنا - مدہوش یا مخمور ہو جانا +

بیدار مغز - ا - صفت - بڑا عاقل - عالی دماغ - روشن دماغ - بڑا ہوشیار +

بے داغ - ا - صفت - (۱) صاف - پاک - بے دھبہ - بے عیب + (۲) بے کھوٹ - بے قصور - بے گناہ -

بے دال کا بوم - بودم بے دال محاورہ - اُلّو - مورکھ - موڈھو - بوم - گدھا +

بے دخل کر دینا - ا - ف م - کسی قبضہ یا دخل اُٹھا دینا - موروثی توڑ دینا - محروم الارث کرنا - عاق کرنا +

بے درد - ف - صفت - نردئی کٹھور کٹر - بے رحم - سنگدل - سخت +

بے دست و پا - ف - صفت - بے بال و پر - عاجز - بیکس - بے اختیار

بیراگ لینا - ف ل - دنیا کو چھوڑ دینا - تارک الدّنیا ہونا - بیراگی ہو جانا - فقیری اختیار کرنا +

بیر باندھنا - بیر باندھا کرنا - ۵ - ف م - ضد باندھنا - دشمنی کرنا - مخالفت اختیار کرنا - رنجش پیدا کرنا +

اچھا کیا جو آپ نے باندھا ہے ہمسے بیر جیتے رہے تو سمجھیں گے اور مر گئے تو خیر

بیر بٹھانا یا دوڑانا - ۵ - ف م - جادو کر دینا - مؤکل یا چوکی بٹھا دینا +

بے رُخ ہو جانا - ا - ف ل - بیروت ہو جانا - بگڑنا - طوطا چشم ہونا - لحاظ کو چھپر پر رکھنا - روکھا بننا +

بے رُخ تیرے واسطے ہو ئی میں (مصحفی)

بے رُخ تیرے واسطے ہو ئی میں

بیر گٹھلی سب ہضم - محاورہ - الم غلم یا الا بلا سب کھا جاتا ہے - مفید و غیر مفید چیز سب جایز ہے - بڑا بے تمیز ہے +

بیر لینا یا نکالنا - ۵ - ف م - بدلا لینا - عوض لینا +

بیرنگ آنا - ا - ف ل - بے نیل و مرام واپس آنا - خالی آنا - ناکام آنا +

بے رُوپ کر دینا - ۵ - ف م - بدنما کر دینا - بگاڑ دینا - خراب کرنا - بے آب کر دینا +

بیروں میں گٹھلیاں ملانا - ۵ - ف م (۱) اچھی بُری چیزوں کو ملا کر ایک کر دینا - گڈمڈ کر دینا - خراب کرنا - (۲) بنی بنائی بات بگاڑنا - فیصل ہوئے مقدمے کو خراب کر دینا +

بیڑا اُٹھانا - ۵ - ف ل - کسی مشکل کام کے پورا کرنے کے لئے کمر ہمت باندھنا -

مستعد ہونا۔ مصمم ارادہ کر لینا +

بیڑا باندھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (پورب)
(۱) بہت سارے آدمیوں کو اکٹھا کرنا۔ پنچایت جوڑنا۔ بھیڑ جمع کرنا + (۲) سفر اختیار کرنا۔ جیسے ۔ کہو تو کدھر کا بیڑا باندھا +

بیڑا پار کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ مشکل آسان کرنا۔ مصیبت دور کرنا۔ مدد کر دینا۔ امید پوری کرنا۔ اڑی نکالنا۔ اڑی پر کام آنا +

بیڑا پار ہونا ۔ ہ ف ل ۔ (۱) مشکل آسان ہونا۔ مصیبت سے رہائی پانا + (۲) ۔ مطلب حاصل ہونا۔ کام پورا ہو جانا + (۳) انجام بخیر ہونا +
بابا اسمٰعی کا بیڑا پار ہے +
(فقیروں کی صدا)

بیڑا چبانا ۔ یا کھلانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ پان چبانا۔ نسبت سگائی یا منگنی کرنا۔

بیڑا ڈالنا ۔ ف م ۔ مشکل کام کے پورا کرنیکا سوال کرنا +

بیڑی بڑھانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ منت کا ڈورا جو بچوں کے پاؤں میں پڑا رہتا ہے میعاد مقررہ کے بعد نیاز کر کے اتارنا۔ آج درگاہ میں ہنگامہ ہے دیوانوں کا بیڑی منت کی بڑھانے کو پیری زاد آیا

بیڑی پڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) پابجولاں ہونا۔ قید ہونا + (۲) پابند یا مقید ہونا + (۳) بیاہ کی بیڑی پاؤں میں پڑنا۔ بیاہ یا شادی ہو جانا۔ کاٹ میں پاؤں پھنسنا + (۴) بال بچوں میں گرفتار ہو جانا +

بیڑی پہنانا ۔ ف م ۔ (۱) پابزنجیر یا پابجولاں کرنا۔ قید کرنا + (۲) منت کی بیڑی ہاتھ یا پاؤں میں ڈالنا +

بیڑی کٹنا ۔ ف ل ۔ (۱) پاؤں سے زنجیر اتر نا۔ قید سے چھوٹنا + (۲) آزاد ہو جانا

بیسا سو برس کی عمر ہووے ۔ کلمۂ دعا۔ (عہ) ہزاروں برس جیو۔ بڑی عمر ہو۔ ہزاری عمر ہو۔

بیس بسوے ۔ بسوے بیس ۔ ہ ۔ م ۔ ف ۔ اخلب ۔ ضرور + غالباً دو ہا
چلنا ہے رہنا نہیں چلنا بسوے بیس ۔
ایسی سہج سہاگ پر کون گنڈھا کو کسیں

بے سرا ہونا ۔ ا ۔ ف ل ۔ بے مدار یا مالک کے ہونا۔ خود سر ہونا + آوارہ ہونا۔ خراب ہو جانا +

بے سروسامان ۔ ا۔ صفت مفلس کنگال ۔ غریب +

بیسوں بسوے ۔ سارا گاؤں ۔ تمام گاؤں +

بی شادی ۔ ا۔ اسم مؤنث ۔ ایک فرضی نام ہے جو عورتوں نے اپنے دنگئی بچوں کے ڈرانے کیواسطے رکھ چھوڑا ہے ۔ دال چپاتی ۔ دال بھات +

بیش از بیش ۔ ف ۔ صفت ۔ زیادہ سے زیادہ ۔ بہت زیادہ ۔ انتہا کا ۔

بے طرح ۔ صفت ۔ بہت ۔ ادھک نہایت ۔ ازبس ۔ ازحد +
اسکے وہ بے طرح پیچھے پڑا ہے ۔

بے عزتی کرنا ۔ ا۔ ف م ۔ (۱) عزت بگاڑنا ۔ ہتک کرنا + (۲) عو ۔ آبرو لینا ۔ زنا کرنا ۔ ہاتھ لگانا +

بے غل وغش ۔ ف م ف (۱) بے پروائی یا بیفکری سے + (۲) بے سوچے سمجھے ۔ اندھا دُھند ۔ اناپ شناپ +

بے غیرتی پر کمر باندھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بے حیا و بے شرم بنجانا +

بے کم وکاست ۔ ف ۔ صفت ۔ نہ کم نہ زیادہ ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ صحیح صحیح چوں کا توں ۔ جتنے کا اُتنا +

بیکنٹھ باشی ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ مرجانا راہی ملک بقا ہونا ۔ سُرگباشی ہونا ۔ کُوچ کرنا +

بیگار ٹالنا ۔ ف ل ۔ بے توجہی یا بیدلی سے کوئی کام کرنا ۔ بوجھ سا اُتارنا ۔ دفعہ الوقتی کرنا ۔ آفت ٹالنا بلا ٹالنا +

بیگار کا کام ۔ ا۔ اسم مذکر ۔ صفت کا کام بے اجرت کا کام +

بیلا بٹنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ سدا برت یا لنگر بٹنا ۔ خیرات تقسیم ہونا ۔ دان پُن ہونا
عجب برسات کا عالم ہے بیلا روز بٹتا ہے
ہمیشہ مینہ برستا ہے یہاں دینار و درہم کا

بے لاگ ۔ بے لاگ لپیٹ ۔ بغرض ۔ صاف ۔ کھرتل ۔ کھرا +

بیل بڑھنا ۔ ف ل ۔ (۱) قد بڑھنا + (۲) ترقی ہونا + (۳) نسل بڑھنا ۔ کنبہ زیادہ ہونا +

بیل پڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ ڈوم دھاڑیوں اور رنڈیوں وغیرہ کو نچھاور کا پیسہ دیا جانا ۔ ناچنے یا گانے والے کو انعام ملنا +

بے لحاظ ا صفت (۱) بے شرم - بیحیا - نلجا - (۲) بے ادب - گستاخ

بے لگام ا صفت - منہ زور - منہ پھٹ - بے روک - آزاد +

بے لگاؤ ہ - صفت - (۱) الگ - جدا - محفوظ + وہ مکان بے لگاؤ ہے + (۲) بے ربط - بے میل - بے جوڑ - اینڈ بینڈ + (۳) بغیر طرف داری کے - بے لاگ لپٹ +

بیل منڈھے چڑھنا ہ - ف ل - (۱) پروان چڑھنا - شادی یا بیاہ ہو جانا - لڑکی تیری بیل منڈھے چڑھنے والی ہے + بیل بھی تیری منڈھے چڑھنے نہ پائی اے بچہ + (۲) کام بن جانا + مراد حاصل ہونا - امید بر آنا - کامیابی ہونا +

بینڈی سنانا ہ - ف ل - اوندھا یا ٹیڑھا جواب دینا + دیکھو اینڈی بینڈی سنانا +

بینڈی کھوپری کا ہ - صفت - اُلٹی کھوپری یا اوندھی سمجھ کا - کج فہم - کج عقل

بے لفظ یا بے لاگ سنانا ا - ف م - بے نقط گالیاں دینا یا سنانا - مغلظات کا بیان دینا - صلواتیں سنانا +

کیا بے لفظ سناتا ہے تیرا دہان تنگ
گویا ہے میم کلمۂ دشنام ہو گیا

بے نماز ہونا ا - ف ل - (م محو) - ناپاک ہونا - میلے سر ایام یا کپڑوں سے ہونا +

بے نمک ا صفت (۱) بے مزہ - بُرا - ناگوار و (۲) غیر ملیح - وہ شخص جس میں کچھ ملاحت نہ ہو + (میر)

اظہار درد اگرچہ بہت بے نمک ہے پر
مُنہ بیٹھو تو دکھا دیں تمہیں چھالیوں کے گھاؤ

بے ننگ و ناموس ا - صفت - بے شرم - نلجا - بے حیا - بد چلن - آزاد - پھکڑ

بے نیازی ا - اسم مؤنث - بے پروائی - آزادی + ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے - (غالب) بے نیازی تیری عادت ہی سہی +

بے وحدت ہ صفت - بے ادب - اجڈ - بے شرم - بدلحاظ - بیہودہ +

دشت میں اپنے جرأ یا قیس وحشت نے کہا
چل بے بے وحدت پرے کیوں یہاں تو لایا بستر ا

بیورا کرنا یا دینا ہ - ف م - خبر کرنا - اطلاع دینا +

بیورے وار ا - م - ف - پتہ دار - مفصل تفصیل دار - واضح - مشرح +

بیونت پھیلنا یا کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ (دوکاندار) حساب ٹھیک بیٹھ جانا۔ حساب بیٹھنا۔ پڑت کھانا +

بیوہار کی بات۔ محاورہ۔ لین دین یا معاملہ کی بات۔ ٹھیک بات +

بیوی کا دانہ یا گونڈا۔ بیوی کی ٹھنک یا نیاز۔ ا۔ اسم مذکر۔ (م عو) حضرت فاطمہ کی فاتحہ یا نیاز +

بیوی کا دانہ کھانے والا۔ محاورہ (۱) وہ شخص جو کما کر نہ کھائے اور سسرال کے ٹکڑوں پر پڑا رہے یا بیوی کی محنت مزدوری پر گزارہ کرے + (۲) جورو کی کمائی کھانے والا۔ بھڑوا۔ دیوث +

بیوی کا غلام۔ محاورہ۔ عورت کا تابعدار۔ زن زن۔ جورو کا داس۔ نکھٹو +

پ

پابند ہونا۔ ا۔ ف ل + (۱) مقید ہونا۔ گرفتار ہونا + (۲) تابعدار ملازم یا نوکر ہونا + (۳) عادی یا خوگر ہونا + (۴) ذمہ دار ہونا۔ اپنے اوپر لینا + (۵)۔ ثابت قدم رہنا۔ مضبوط برقرار یا قائم رہنا +

پابوس ہونا۔ ا۔ ف ل + پاؤں چومنا قدم لینا۔ قدمبوس ہونا۔ پاؤں چھونا۔ بڑوں سے ملاقات کرنا +

پاپ اُدے ہونا یا اُگھڑنا۔ ہ۔ ف ل + (۱) پچھلے جنم کے پاپوں کا بدلا ملنا۔ کرنی کا پھل ملنا۔ کیا پانا۔ کئے کو بھگتنا۔ بدلا ملنا + (۲) مصیبت آجانا۔ آفت پڑنا۔ چوتھے چندرماں اُدے ہونا +

پاپ بسانا یا مول لینا۔ ہ۔ ف ل۔ پرائی بلا اپنے سر یا گلے لینا۔ جنجال میں پڑنا۔ عذاب مول لینا۔ دقت میں پھنسنا +

پاپ چڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ دوش لگنا۔ گناہ یا عذاب ہونا +

پاپڑ بیلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سخت محنت یا مشقت کرنا + (۲) تنگی سے اوقات بسر کرنا۔ مصیبت پیٹنا۔ دن کاٹنا۔ مصیبت کے دن بھرنا +

پاپڑ پیٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ مصیبت بھگتنا۔ (دیکھو پاپڑ بیلنا) +

پاپ کاٹنا - ہ - ف م - (۱) جھگڑا چکانا - تصفیہ فیصل کرنا - راڑ کاٹنا - قصہ طے کرنا + (۲) قرضہ ادا کرنا یا چکانا + (۳) نجات دینا - مصیبت سے چھڑانا +

پاپ کرنا - ہ - ف م (۱) گناہ کرنا - ہتیا کرنا + (۲) حرکت بیجا کرنا - زنا کرنا + فعل بد کرنا +

پاپ کمانا - ہ - ف ل - ہتیا یا ہنسا کرنا - گناہ کرنا + دو مصرم کام کرنا - بری بات کرنا +

پاپ کی پوٹ - محاورہ - گناہوں کی گٹھڑی - بہت سارے گناہ +

پاپ لگانا - ہ - ف م - دوش یا دوکھ لگانا - الزام لگانا - بدنام یا رسوا کرنا +

پاپ لگنا - ہ - ف ل - مصیبت میں پھنسنا - عذاب یا ہتیا پیچھے بندھنا - روگ لگنا - دقت بیٹھے آنا +

پاپوش بھی نہ ماروں - محاورہ - جوتی بھی نہ ماروں - کچھ بھی لحاظ نکروں ذرا بھی خاطر میں نہ لاؤں +

پاپوش پر مارنا - ہ - ف ل - جوتی پر مارنا - ٹھکرانا - ٹھوکر لگانا - پروا نکرنا - خاطر میں نہ لانا +

پاپوش سے یا پاپوش کی نوک سے - ا - م ف - جوتی سے - کچھ پروا نہیں - ہماری جانے بلا + دیکھو (بلا سے)

پاپوش کی برابر نہ سمجھنا - ہ - ف ل - جوتی کی برابر نہ گنا - کچھ قدر نہ کرنا - نہایت ذلیل جاننا +

پاتک لگنا - ہ - ف ل - (۱) مُردنی کے باعث گنبے والوں کا ناپاک ہو جانا + (۲) الزام یا عیب لگنا +

پات گھابرا - پادگھابڑا - ہ - صفت ذرا سی آواز یا کھٹکے میں گھبرا جانے والا ڈرپوک - بزدل - ہول دلا - بودا - کم ہمت +

پاتوں آلگنا - ہ - ف ل - (۱) زوال کے قریب پہنچنا - پت جھڑ کے نزدیک آ جانا + (۲) قریب المرگ ہو جانا - جمنا کنارے جا لگنا +

پاجی پرست - ف - صفت - وہ آدمی جو ادنیٰ آدمیوں کی خاطر کرے سفلہ پرور - کمینہ دوست +

پادبند ہونا - ا - ف ل - لغوی - ہوا بند ہونا + دہشت کے مارے ہوش جاتے رہنا - سٹ پٹا جانا - سٹی گم ہونا +

پارا بوجھنے - محاورہ - اس میں پارہ کا سا بوجھ ہے - بہت ہی وزنی یا بھاری

ہے (حالانکہ سونا وزن میں ۱۹ درجہ ہے اور پارہ ۱۳ درجہ مگر اب عام محاورہ میں پارہ ہی کے بوجھ سے سونے کو بھی تشبیہ دینے لگے) + سونا بڑا بارا بوجھ ہے!

پارا پلانا - ہ - ف م - لسی چیز میں پارا بھرنا وزنی یا بھاری کرنا - بوجھل کرنا +

پار اُتارنا یا لنگھانا - ہ - ف م - (۱) اس کنارہ سے اُس کنارہ پہنچانا - پرے پار کر دینا - دریا سے لنگھانا - عبور کرنا - (۲) تمام یا پورا کرنا - خاتمہ کرنا + (۳) نجات دینا - انجام بخیر کرنا + (۴) (بازاری) حرام کاری کروانا - زنا کروانا + (۵) (بازاری خو) کام تمام کرنا - مار ڈالنا - قضیہ یا بکھیڑا پاک کرنا +

پار اُترنا - ہ - ف ل - (۱) عبور کرنا - پرے پار جانا + (۲) کامیاب ہونا - پورا ہونا مطلب حاصل ہونا +

لارا لپی کا یا کبھی نہ اُترے پا + مثل

(۳) نجات پانا - بچ جانا - مکتی پانا + اپنی کرنی پار اُترنی + مثل

(۴) مر کر تمام ہونا - مر جانا - مر مٹنا +

پار بسانا - ہ - ف ل - بس چلنا - امکان میں ہونا - ممکن ہونا - قادر ہونا - قابو ہونا + جب تک پار بسائے جھوٹ نہ بولئے صحت +

پار پانا - ہ - ف م - انت کو پہنچنا - قدرت کو جان لینا + تہ کو پہنچنا + مغز سخن کو دریافت کر لینا +

پار پڑنا - ہ - ف ل - پار ہو جانا - تمام ہو جانا پورا ہونا - ہو چکنا +

آئی گئی بات پار پڑی + مثل

پار کرنا - ہ - ف م - (۱) دوسرے کنارے پہنچانا + (۲) اِدھر سے اُدھر چھید کرنا - بیندھنا چھیدنا - آر پار کرنا + (۳) گھسیٹ دینا - بارڈ دینا + (۴) انجام کو پہنچانا - پورا کرنا - تمام کرنا + (۵) فتح کرنا جیتنا + (۶) بسر کرنا - ٹیر کرنا - گزارنا - بتا دینا +

پارہ پارہ کرنا - ا - ف م - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پرزے اُڑانا +

پارہ پارہ ہونا - ا - ف ل - ٹکڑے ٹکڑے ہونا - دھجیاں اُڑنا +

دانت یوں چمکے ہنسی میں رات اُس پارہ کے
پینے جانا ماہ تاباں پارہ پارہ ہو گیا (ذوق)

پاسا پڑنا - ہ - ف ل - (۱) داؤں آنا یا بیٹھنا + پاسا پڑے سو ہو (۲) اور راجہ کرے سو نیاؤ + مثل

(۲) جیت کا پاسا پڑنا - مرضی کے موافق

داؤں آنا۔ اقبال مددگار ہونا۔ نصیبے کا موافق ہونا + پاسا پڑے اناڑی جیتے + مثل

پاسا پلٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) داؤں کا ٹھیک نہ آنا۔ داؤں کا مرضی کے خلاف پڑنا + (۲) ہارنا۔ ہار ہونا + (۳) زمانہ کا انقلاب یا دگرگوں ہونا۔ تدبیر کارآمد نہ آنا۔ تقدیر پلٹنا۔ نصیب پھوٹ جانا +

پاس آنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نزدیک یا قریب آنا + (۲) (عو) ہم بستر ہونا۔ بولنا۔ ساتھ سونا + (۳) لحاظ یا مروت آجانا +

پاس بٹھانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) تعلیم پانا۔ ہنر حاصل کرنا۔ سیکھنا + (۲) صحبت میں رہنا۔ مزا بھگتنا یا پانا۔ پھل پانا کیفر کردار کو پہنچنا + اپنے کسے کے پاس بٹھیگا! ہمارا کیا کریگا۔ (بزرگ اپنے خورد سے کہنا نہ ماننے کی حالت میں کہا کرتے ہیں) +

پاس بٹھنے والا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ہم نشیں ندیم۔ مصاحب۔ ہم جلیس۔ ساتھی۔ سنگتی۔ صحبتی +

پاس جانا یا رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی عورت سے ہم بستر ہونا۔ مجامعت کرنا +

پاس کرنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) رعایت کرنا رو رعایت کرنا۔ طرفداری یا لحاظ کرنا + عشق میں ہم ہوئے نہ دیوانے۔ قیس کی آبرو کا پاس کیا + (میر) (۲) ترقی کرنا۔ حد سے گزرنا۔ جماعت چڑھنا + (۳)۔ ف م۔ امتحان میں مقررہ نمبر دینا۔ حد سے گزارنا۔ ترقی دینا۔ جماعت چڑھانا +

پاسنگ بھی نہیں۔ محاورہ۔ جتنا اُس کے پاسنگ میں بوجھ ہے اِتنا بھی بوجھ نہیں۔ یہ اُس سے کچھ بھی نسبت نہیں رکھتا۔ کچھ حقیقت نہیں۔ ذرا بھی لگا نہیں کھاتا +

پاش پاش کرنا۔ ا۔ ف م۔ ٹکڑے ٹکڑے یا پرزے پرزے کرڈالنا + **پاشنہ کوب جانا**۔ ا۔ ف۔ ل۔ تعاقب کرنا۔ پیچھے لگا چلا جانا +

پاشو یہ کرنا۔ ا۔ ف م۔ طبیوں کی اصطلاح میں گرم پانی یا دواؤں کے جوش دئے پانی سے بیمار کی ٹانگوں کو دھونا +

پاک باز۔ ف۔ صفت۔ (۱) ایماندار + (۲) بیگناہ + (۳) صاف باطن لنگوٹ پٹ + (۴) پاک محبت رکھنے والا + نیک نظر +

اُس بُت پہ گر خدا بھی ہو عاشق تو اے ذوقؔ
ہرچند جانتا ہوں کہ وہ پاک باز ہے +

(۵) (بھنگڑ) بھنگ چھاننے کا کپڑا صافی شیر کے کان۔ ریشِ قاضی +

پاک کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) مذہبی شرائط یا دھرم شاستر کی ریت سے کسی چیز کو پاک یا شدھ کرنا + (۲) پھٹکنا۔ چُننا۔ بیننا۔ صاف کرنا۔ میل مٹی دُور کرنا۔ کوڑا کرکٹ نکالنا + (۳) ذبیحہ کی کھال یا آلائش دُور کرنا + (۴) مونڈنا +

پاک محبّت۔ ا۔ اسم مؤنث۔ وہ دوستی جو خواہش نفسانی سے نہو۔ بے غرضانہ محبّت +

پاکھنڈ پھیلانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دھرم کے معاملہ میں اپنی طرف سے کوئی بات نکالکر کھڑی کرنا۔ بدعت کرنا یا پھیلانا + (۲) دھوکا یا فریب دینا۔ بھگل گانٹھنا۔ مکر کرنا

پاک ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (بازاری) نجاست و غلاظت سے صاف ہونا۔ ایام حیض سے فارغ ہونا +

پاک ہے۔ محاورہ۔ پاک یا خالص شہد ہے۔ بڑا بیحیا ہے۔ آزاد کا سونٹا ہے +

پاکی لینا۔ ا۔ ف م۔ ناف کے نیچے کے بال مونڈنا + دیکھو (اُسترہ لینا)

پالا پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سابقہ یا واسطہ پڑنا معاملہ پڑنا۔ تعلّق ہونا + دبستگی جو ہے کسی زبردست کے ساتھ۔ پالا پڑا ہے مجھکو خدا کس بلا کے ساتھ + (مؤنس) (۲) پنجے یا پھندے میں پھنسنا۔ بس میں آنا۔ اختیار میں ہونا +

خدا جانے پڑوں گی کس کے پالے
پڑے جینے کے اپنے مجھکو لالے

(۳) سر پڑنا۔ پلّے بندھنا۔ بیاہ یا نکاح ہونا

پالا ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ تعلّق کرنا۔ قابو میں کرنا پھنسانا۔ اختیار میں دینا +

خدا ایسے سے کسی کا پالا نہ ڈالے

پالتی لگانا۔ ہ۔ ف م۔ پانی میں آلتی پالتی مار کر تیرنا۔ ایک قسم کی تیراکی تیرنا +

پالتی مار کر بیٹھنا۔ ہ۔ ف م۔ چارزانو بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔ فقیروں کی بیٹھک بیٹھنا +

پالتیوں کو نپوانا۔ ہ۔ ف م۔ (م عو) پالنے والیوں کو گالیاں دِلوانا۔ ماں باپوں کو بُرا بھلا سُنوانا +

پال ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ آموں وغیرہ کو پھونس میں دبا کر اُسکی حرارت سے پکانا۔ (اصل میں یہ پُوال (یعنے دھان کا پھونس) میں ڈالنا ہے کیونکہ پورب میں اکثر میوے

پُوال میں رکھکر پکائے جاتے ہیں)

پال کھانا - ہ - ف م - پرندوں کا جُفتی کرنا + (۲) (دیہات) گوالئے کی کمائی کھانا

پالکی نشین - ف - اسم مذکّر - پالکی میں بیٹھکر نکلنے والا - بڑے درجہ کا آدمی - امیر +

پانچواں پاؤں - ہ - اسم مذکّر - (بازاری) ذکر - عضوِ تناسُل - ہاتھی کا پانچواں پاؤں +

پانچوں اُنگلیاں برابر یا یکساں نہیں ہوتیں - محاورہ - سب آدمی سب چیزوں میں برابر نہیں ہوتے ہیں - سب آدمی یکساں نہیں ہیں - انسان مختلف الطبایع ہیں +

پانچوں اُنگلیاں گھی میں تر ہیں - محاورہ - روز دعوتیں مارتا اور ضیافتیں چٹ کرتا ہے - سب کھانا پینا اپنے ہی ہاتھ ہے - ہر طرح سے گھرے ہیں + مُختار کُل ہے + پانچوں اُنگلیاں گھی میں اور پھٹا سر کڑھائی میں + مثل

پانچویں سواروں میں ہونا یا نام لکھوانا - ا - ف م - ناموروں کی فہرست میں خواہ مخواہ اپنا نام بھی شامل کرنا - لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا + (کہتے ہیں کہ چار سوار دھن کو جاتے تھے اور پیچھے سے کوئی کُمھار بھی گدھے پر چڑھا ہوا اُدھر ہی کو چلا جاتا تھا کسی راہگیر نے اُس سے پُوچھا کہ یہ سوار کہاں جاتے ہیں - اُسنے اپنے تئیں بھی اُن میں گنکر کہا کہ ہم پانچوں سوار دھن کو جاتے ہیں)

پان چیرنا - ہ - ف ل - (طنزاً) ایسے کام میں مصروف ہونا جس سے کچھ نتیجہ نہ نکلے - بیفائدہ کام کرنا +

میاں! یہاں کیا بیٹھے پان چیر رہے ہو

پان دینا - ہ - ف م - پان کھلانا - پان کی تواضع کرنا + (۲) رخصت کے وقت بھی اکثر پان کھلایا کرتے ہیں - اِسی سبب سے رخصت کرنا - عطر و پان دینا +

پان کرنا - ہ - ف م (جولاہے) سُوت کو مانڈی دیکر تانی کرنا - سوت کو لسان میں پھیلانا (۲) پینا + جیسے مدھرا یا جل پان کرنا -

پان کھلانا - ہ - ف م - (۱) پان دینا - (۲) (م عو) سنگنی کی رسم ادا کرنا - (ہندو) بیڑا چبانا +

پان کھلائی - ہ - اسم مؤنث - (ہندو) وہ نیگ یا حق جو بھاوجوں کو پان کھلانے عوض کھڑ پٹھی کے وقت دیا جاتا ہے +

پانی اُتر آنا - ہ - ف ل - (۱) بارش آنا - مینہہ پڑنا + (۲) نزلہ یا بادی کے پانی کا آنکھوں یا فوطوں میں اُتر آنا - دُھنہ ہو جانا - فتق ہونا + (۳) پانی گھٹنا چڑھاؤ یا طغیانی کم ہونا + (۴) چھت میں سے پانی کا دیوار کے لگواں لگواں نیچے آنا - چھت ٹپکنا +

پانی اُتر جانا - ہ - ف ل - (۱) مینہہ کا برسنے کو ہو کر ٹل جانا + (۲) آبداری کم ہو جانا - آب جاتی رہنا +

اِس آئینہ کا پانی اُتر گیا

(۳) بے شرم و بے لحاظ ہو جانا +

اُس لڑکے کی آنکھوں کا پانی اُتر گیا -

پانی اُٹھانا - ہ - ف م - (۱) پانی کو بہت خرچ کرنا - پانی کھنڈانا + (۲) پانی جذب کرنا - پانی چوستا سوکنا یا پینا +

کپڑا آٹھ سے پانی نہیں اُٹھاتا -

پانی اُٹھنا - ہ - ف ل - (۱) پانی خرچ ہونا - پانی کام میں آنا +

گرمی میں بہت پانی اُٹھتا ہے +

(۲) (پورب میں) ابر آنا - گھٹا آنا - بادل اُٹھنا +

پانی آنا - ہ - ف ل - (۱) مینہہ آنا - مینہہ برسنے کا سامان دکھائی دینا + (۲) دریا میں طغیانی یا چڑھاؤ ہونا - نہر چھوٹنا + (۳) زخم اور ناک یا آنکھوں میں سے بادی یا نزلہ کے پانی کا نکلنا - رطوبت آنا +

پانی باندھنا - ہ - ف م - (۱) کھیتی کے لئے پانی روک رکھنا + (۲) اوڈ و یا ٹوٹنے کے ذریعہ سے چلتے یا برستے پانی کو روک دینا

پانی بجھانا - ہ - ف م - چاندی لوہے یا اینٹ وغیرہ کو خوب گرم کر کے پانی میں اُسکی خارجی رطوبت جلانے کی نظر سے ڈالنا - پانی کی رطوبت جلانا +

پانی برسنا یا پڑنا - ہ - ف ل - مینہہ برسنا - بارش ہونا +

پانی بلانا یا پٹانا - ہ - ف م - (زمیندار) کیاریوں کو پانی سے بھرنا - کھیتوں میں پانی دینا +

پانی بھرنا - ہ - ف م - (۱) کسی چیز میں پانی ڈالنا یا دینا + (۲) کنوئیں سے پانی کھینچنا کسی برتن میں سے پانی دوسرے برتن میں ڈالنا + (۳) پانی لانے کی خدمت کرنا - پنھیارا پن کرنا +

بہت سے بوہن آج کل پانی بھرتے ہیں

(۴) غلامی کرنا - خدمتگاری اختیار کرنا +

جھکنا۔ شرمانا۔ نیچا پڑنا۔ نادم ہونا +

(۱) میں ہوں ایسی چاتر گیانی مثل
چتر بھرے میرے آگے پانی

(۲) غلط ہے دیدۂ تر سے جو ہمچشمی کرے شبنم
مرا رونا اگر دیکھے تو پھر پانی بھرے شبنم

پانی پانی کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) پسینے پسینے کرنا۔ تھکا دینا +

جیسے ایک کاوے میں گھوڑے کو پانی پانی کر دیا

(۲) شرمندہ کرنا۔ نادم کرنا۔ غیرت دلانا +

پانی پانی ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پتلا ہونا۔ رقیق ہونا۔ بھجانا + (۲) نادم ہونا دیکھو (آب آب ہونا) +

وہ پانی پانی ہوا شرم سے تو محفل میں
بہا کے رشک ہوا کیا ہے انفعال مجھے

پانی پانا۔ ہ۔ ف ل۔ (پورب) (۱) حاملہ ہونا۔ پیٹ رہنا + (۲) جننا۔ بچہ دینا +

پانی پر بتیا دھونا۔ ا۔ ف ل۔ ناپائدار ہونا۔ کچا ہونا۔ بودا ہونا +

پانی پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مینھہ برسنا۔ بارش ہونا + (۲) سیتلا کے باگ موڑنے پر بچہ کو پانی کے چھینٹے دیئے جانا یا لہلہانا جانا + (۳) بالغ ہو جانا۔ سن بلوغ کو پہنچنا + (۴) (ہندو) سیتلا کے داتوں میں پیپ کا پیدا ہو جانا۔ (مسلمان) دودھ پڑنا +

پانی پھر جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی چیز پر سے پانی کا گزر جانا۔ ڈوب جانا +

سارے کھیت میں پانی پھر گیا

(۲) تباہ و برباد ہو جانا۔ خراب ہو جانا تہ و بالا ہو جانا۔ ستیاناس ہو جانا + (۳) نقصان ہونا۔ جاتا رہنا۔ اکارتھ جانا +

اُنکے تو سو روپے پر پانی پھر گیا +

(۴) رونق آجانا۔ رنگ نکل آنا۔ نکھر جانا

آج کل تو اُنکے چہرہ پر بھی پانی پھر گیا +

پانی چھوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) اپنے بہنے کی جگہ سے پانی کا نکل جانا۔ موری یا نالی توڑ کر پانی کا بہ نکلنا + (۲) (خدمتگار و خانساماں)۔ پانی میں خوب اُبال آجانا + پانی کا خوب جوش کھا جانا ادھن بن جانا +

پانی چھونکنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کچھ پڑھکر پانی پر پھونک مارنا۔ پانی پر دم کرنا + (۲) حقہ کا پانی ٹھیک کرنا +

پانی پھیر دینا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کے احسان یا اُسکی کارگزاری کو ملیامیٹ کر دینا۔ کسی کے کئے کرائے کام پر

خاک ڈالدینا۔ حق مٹا دینا +

پانی پھیرنا یا چڑھانا ۔ ہ۔ ف م۔ جلا کرنا۔ صیقل کرنا +

پانی پی پی کر دُعا دینا ۔ ا۔ ف م۔ بہت دعائیں یا اسیس دینا۔ ہر وقت دعا دینا +

ہمسے مستونکی کہاں ہوتی مخیر اگزران
پانی پی پی سے دُعا دیتے ہیں میخانہ کو

پانی پی پی کر کوسنا ۔ ہ۔ ف م۔ ہر وقت کوسنا سراپنا۔ سراپ دینا +

پانی پی پی کے تجھے کوسیگے اے سختئے جاں
تیغ قاتل میری گردن پہ اگر ٹوٹ گئی

پانی پی کر ذات پوچھتے ہو محاورہ ۔ پانی پی لینے کے بعد اُسکی ذات دریافت کرتے ہو جسکا پانی پی لیا ہے۔ بے وقت افسوس کرتے ہو۔ ایک کام کرکے ناحق پچھتاتے ہو +

پانی پینا ۔ ہ۔ ف ل۔ پانی سوکھنا یا اُٹھانا۔ پانی جذب کرنا +

پانی توڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) پانی گھٹانا یا کم کرنا۔ پانی کھینچ لینا + (۲) (ملاح) پانی گھسیٹنا یا کھینچنا + (۳) بند یا نہر میں سے پانی لے لینا۔ پانی کاٹنا +

پانی ٹوٹنا یا ٹوٹ جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ پانی کم ہونا یا گھٹنا۔ پانی کھچ جانا + اس کنوئیں کا پانی جلدی ٹوٹ جاتا ہے

پانی چُرانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی چیز یا زخم کا پانی پی لینا۔ زخم میں پانی کا اثر کر جانا (۲) (بازاری) حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا۔ بُوند چُرانا +

پانی چڑھانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بہت پانی پینا۔ ڈکوسنا + (۲) آئینہ پر جِلا کرنا۔ پانی پھیرنا +

پانی چھوڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) نہر یا کسی بند میں سے پانی دینا۔ پانی جاری کرنا (۲) کسی مرطوب ترکاری کا اپنے میں سے کٹتے وقت رطوبت کا جدا کرنا + (۳) ہم بستر ہوتے ہی عورت کا اپنے مقام نہانی سے ایک قسم کی رطوبت کا علحدہ کرنا (یہ ایک مرض ہے جو کمزوری کے سبب عورتوں کو اکثر ہو جایا کرتا ہے)

پانی دِکھانا ۔ ہ۔ ف م۔ جانوروں کے آگے پینے کے لئے پانی رکھنا۔ پانی پلانا +

پانی دینا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) درختوں یا کھیتوں میں پانی دینا۔ آبپاشی کرنا۔

سینچنا + (۲) (ہندو) پتروں کو جل یا پانی دینا۔ جل آنجلی دینا۔ ترپن کرنا + (۳) (مرغباز) مات دینا۔ ہرا دینا +

پانی دیوا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (ہندو) کسی کے مرنے کے بعد اُسکی روح کو اُسکا پانی دینے والا۔ کریا کرم کرنے والا۔ وارث۔ مالک جانشیں۔ بیٹا + نام لیوا نہ پانی دیوا مثل

پانی ڈھلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ رونق یا آب و تاب جاتی رہنا۔ ایام شباب کا گزر جانا +

پانی رکھنا یا دھرنا ۔ ہ۔ ف م۔ دیکھو (پانی پھیرنا)

پانی سے پتلا کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) آسان یا سہل کرنا + (۲) نہایت ذلیل یا رسوا کرنا۔ عزت اُتارنا۔ شرمندہ کرنا لجانا + لوں لجاں ناں سے میں کار سجاتو ہی
آبِ حیواں کو کروں پانی سے پتلا تو ہی

پانی سے پہلے پاڑ یا پُل باندھنا ۔ ہ۔ ف م۔ (طنزاً پیش بندی کی جگہ بولتے ہیں) کسی آنے والے خوف سے ڈر کر پیش بندی کرنا۔ کسی حادثہ کے ہونے سے پہلے اُسکے روکنے کا بندوبست کرنا۔ قبل از مرگ واویلا کرنا۔ پیشبندی کرنا +

پانی کا بتاسا یا بُلبلا ۔ ہ۔ صفت۔ جلد مٹنے والا۔ فانی ناپائیدار۔ حباب

پانی کاٹنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) نہر سے پانی لینا + (۲) تیرتے میں ہاتھوں سے پانی ہٹانا + (۳) کشتی چلاتے میں چپو سے پانی ہٹانا +

پانی کا ہگا مُنہ پر آتا ہے ۔ محاورہ (بازاری) اپنے کئے کا آپ پھل پانا ہے۔ اپنے حق میں آپ بُرا کرتا ہے آسمان کا تھوکا مُنہ پر آتا ہے +

پانی کر دینا یا کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) پتلا یا رقیق کر دینا + (۲) مُلایم کرنا۔ پگلانا۔ نرم کرنا +
عجب راگ کو بھی دیا ہے اثر۔ (میر حسن)
کہ کر دیوے پتھر کا پانی جگر

(۳) نہایت سہل یا آسان کر دینا۔ دشواری رفع کرنا + (۴) غصہ دھیما کر دینا۔ ٹھنڈا کرنا۔ راضی کرنا +

پانی کی پوٹ ۔ محاورہ۔ لغوی۔ پانی کی گٹھڑی بندھی ہوئی ہے + بہت مرطوب اور پنیلی چیزوں کے حق میں بولتے ہیں جیسے کھیرا ککڑی اور ساگ پات وغیرہ۔ بالکل یا نرا پانی پیلا پنیلا

پانی کے ریلے میں بہانا - ہ - ف م -
(۱) ضایع کرنا - برباد کرنا - مُفت کھونا +
(۲) سستا بیچ ڈالنا - نہایت ارزاں فروخت کر ڈالنا - مُفت دیدینا +

پانی کی لکیر - ہ - صفت - ناپائدار - بودی نقش بر آب - مٹنہار +
رذیلوں کی دوستی پانی کی لکیر - مثل شریفوں کی دوستی پتھر کی لکیر +

پانی کے مول ہے - محاورہ - پانی کی قیمت کے برابر اسکی قیمت ہے بہت سستا ہے - نہایت ارزاں ہے +

پانی گرنا - ہ - ف ل - (۱) پسینہ برسنا - تر شح ہونا - دیکھو (پانی پڑنا) + (۲) جھرنا +

پانی لگنا - ہ - ف ل - پانی کا ناموافق آنا پانی کا راس نہ آنا - پانی کا نقصان کرنا - بُرا معلوم ہونا - تکلیف دینا +
(۱) دانتوں کو پانی لگتا ہے -
(۲) پورب کا پانی پچھم والوں کو بہت لگتا ہے

پانی لینا - ہ - ف ل - (۱) آبدست کرنا - یا لینا - ہاتھ پانی لینا - طہارت کرنا - سوچنا
(۲) پینا +
ہر اسٹیشن پر ریل پانی لیتی ہے +

پانی مرنا - ہ - ف ل - (۱) پانی کا گڑھے دیوار یا چھت میں جذب ہونا - اندر ہی اندر پانی کا غائب ہو جانا + (۲) کسی طرح کا عیب ہونا - کھوٹ ہونا + مثل جہاں گڑھا ہوتا ہے وہیں پانی مرتا ہے

پانی میں آگ لگانا - ہ - ف م - محاورہ
(۱) ناممکن بات کرنا - انہونی بات کرنا +
(۲) شعبدہ بازی کرنا - آسمان میں تھگلی لگانا - انوکھی بات کرنا +
(۱) جنا مل مل کے ہاتھ نہیں جو دریا میں نہاتے ہو غضب کرتے ہو صاحب! آگ پانی میں لگاتے ہو
(۲) یہ دوتی را تم نپوتی گھر گھلی موسر لی
پانی میں آگ لگاوے ان دیکھی تا بتاوے
(دوتی کی تصویر لئے پھرنے والے فقیر یہ فقرے کہا کرتے ہیں) (۳) لڑائی کروانا - سوتی راڑ جگانا - تُو تُو مے جوڑنا +
لگایا کرے آگ پانی میں سوکن + (جانبا)
کبھی میری اُنکی لڑائی نہو گی -

پانی نہ مانگنا - ہ - ف ل - ایسی جلدی مرنا کہ پانی مانگنے کا موقع بھی نہ ملے - چٹ پٹ مرجانا - پھٹکا نہ کھانا پھٹکا نہ لگنا +

پانی ہارنا - ہ - ف م - (مُرغبازی) مرغ یا مٹیر کا کشتی میں ہارنا - شکست کھانا +

پانی ہونا یا ہو جانا - ہ - ف ل - (۱) کسی سخت چیز کا ملایم یا نرم ہو جانا - پگل جانا + (۲) پتلا یا رقیق ہو جانا - پانی جیسا ہو جانا کیا رنگ خوں بھی کاٹ دیا تیغ یار نے پانی ہوا ہے آج لہو ہر شہید کا (داغ) (۳) دشوار کام کا آسان یا سہل ہو جانا دقت رفع ہو جانا + (۴) غصہ جاتا رہنا - نرم پڑ جانا - ٹھنڈا ہو جانا + (۵) (مرغبازی) مرغوں کا باہم لڑ جانا - جھڑپ ہو جانا +

پاؤں اُترنا - ہ - ف ل - (۱) پاؤں کا کسی جگہ میں گھس جانا - یا - دھس جانا + (۲) پیر کا گئے کی حد سے ہٹ جانا +

پاؤں اُٹھا کے جانا یا چلنا - ہ - ف ل - بڑے بڑے قدم یا لمبی لمبی ڈگیں رکھنا جلدی جلدی جانا یا چلنا - پاؤں بڑھانا - تیز چلنا +

پاؤں اُٹھانا - ہ - ف ل - (۱) تیزی یا پھرتی کے ساتھ قدم رکھنا - جلد چلنا - ڈگیں بھرنا + (۲) کسی کام یا معاملہ سے علیحدہ ہونا - کسی جھگڑے سے پاؤں نکالنا + عشق اُس بُت سے ہے جسے سب سے جدا کیا یا ہمنے (منصف) سب سے ہر کام سے ہے پاؤں اُٹھایا ہمنے

پاؤں اُٹھ جانا - ہ - ف ل - لڑائی سے بھاگ نکلنا - پیر اُکھڑ جانا - بھاگ نکلنا + محفل سے اُٹھے جاتے ہیں اہل سخن کے پاؤں (اثر)

پاؤں اُڑانا - ہ - ف م - خواہ مخواہ کسی کی بات یا معاملہ میں دخل دینا - دخل در معقولات کرنا - کسی کام میں پڑنا - بیچ میں بولنا +

پاؤں اُڑانا - ہ - ف م - (پہلوان) - حریف یا مخالف کی ضرب یا صدمہ سے اپنا پاؤں بچانا - پاؤں خالی دینا +

پاؤں اُکھاڑ دینا یا اُکھاڑنا - ہ - ف م - (۱) کسی کے جمے ہوئے پیر کو علیحدہ کر دینا کسی شخص کو کسی جگہ سے بیدخل کرنا - موقوف کرانا + (۲) پیر نہ جمنے دینا - جما نر رہنے دینا - بھگا دینا - پس پا کر دینا شکست دینا + (۳) ارادہ توڑنا ہمت پست کر دینا +

پاؤں اُکھڑ جانا یا اُکھڑنا - ہ - ف ل - (۱) پاؤں کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا - پاؤں جما نر رہنا - ٹکاؤ یا ٹھیراؤ جاتا رہنا + (۲) بھاگ نکلنا - بھاگ جانا - پیٹھ دکھانا + آئی تو ہے پسند اُسے چال یار کی - (آتش) سُن لینا پاؤں کبک دری کا اُکھڑ گیا +

پاؤں باہر نکالنا - ہ - ف ل - (۱) بچہ کا دوڑ دوڑ کر باہر چلا جانا + (۲) اپنی حد یا حیثیت

سے بڑھکر کوئی بات یا کام کرنا۔ اِترانا۔ گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا +

پاؤں باہر نکلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) گھر میں ٹھیرنے کی عادت نہونا۔ باہر پھرنے کی عادت ہوجانا + (۱) بہو بیٹی کا پاؤں باہر نکلا اچھا نہیں ہوتا۔ (عو) (۲) کس کس کے سر پہ دیکھیں آتی ہے اب قبا سے نکلا ہے پاؤں باہر اُس فتنۂ زماں کا (۲) بدچلنی یا آوارگی ظاہر ہونا۔ خراب یا آوارہ ہوجانا +

پاؤں بچلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پاؤں پھسلنا یا رپٹنا۔ پیر ڈگمگانا + (۲) استقلال میں فرق آنا۔ ثابت قدم نہ رہنا۔ نیت ڈھلنا

پاؤں بھر رکھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) جلد جلد قدم رکھنا۔ لمبی لمبی ڈگیں رکھنا۔ پاؤں اُٹھا کر چلنا + (۲) آگے چلنا یا جانا + (۳) اپنی حد سے گزرنا۔ دخل یا قبضہ بڑھانا

پاؤں بھاری ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ جس عورت کو حمل ہوتا ہے تو چلتے میں نکا پاؤں آسانی سے نہیں اُٹھ سکتا ہے۔ اِسی سبب سے۔ پیٹ سے ہونا۔ حاملہ ہونا دوجیا ہونا +

پاؤں بھر جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پاؤں کا کسی چیز میں سن جانا۔ لتھڑ جانا + (۲) پاؤں سو جانا۔ پاؤں تھک جانا شل ہوجانا +

پاؤں بیچ میں ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ذمہ دار ہونا۔ ذمہ ہونا + (۲) شرکت یا ساجھا ہونا۔ حصہ یا پتی ہونا +

پاؤں پاؤں چلنا۔ پھرنا یا ڈولنا ۔ ہ۔ ف ل۔ بچہ کا اپنے پیروں سے چلنے لگنا۔ پیروں پیروں جانا۔ پاپیادہ جانا

پاؤں پر پاؤں رکھنا یا دھرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پاؤں پر پاؤں رکھکر بیٹھنا یا سونا + پاؤں پر پاؤں رکھکر مت بیٹھو منحوس ہو تم (عو) (۲) کسی کے قدم بقدم چلنا۔ کسی کے پیچھے چلنا۔ کنکھیوں پر چلنا۔ پیروی کرنا + (۳) (پورب) سخت تقاضا کرنا +

پاؤں پر سر رکھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کے پیروں پر سر دھرنا۔ کسی کے قدموں یا پاؤں میں سر دینا۔ پاؤں پر گرنا۔ عاجزی انکساری یا آدھینتی کرنا۔ خوشامد کرنا +

پاؤں پر گرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) قدموں پر گرنا۔ فروتنی کرنا + دیکھو (پاؤں پر سر رکھنا) (۲) قدم لینا۔ قدم بوسی کرنا۔ پاؤں چھونا

چرن لینا + (۳) پناہ یا سرن میں آنا آسرا لینا +

پاؤں پڑنا - ہ - ف ل - (۱) نہایت تعظیم سے پیش آنا - قدم لینا - پاؤں پوجنا - سجدہ کرنا - دنڈوت کرنا +

کھودے وہ میری قبر اگر کوے یار میں تابوت سے نکلے پڑوں گور کن کے پاؤں

(۲) لجاجت وخوشامد کرنا - دیکھو (پاؤں پر گرنا نمبر ۲) (۳) معافی چاہنا عفو کا خواستگار ہونا - کھوٹ چھما کرانا + (۴) (پورب) جن وپری کا سایہ ہوجانا - بھوت پریت کا اثر یا دخل ہوجانا + (۵) پیتلے آجانا +

پاؤں پسارنا - ہ - ف ل - (۱) پاؤں یا پیر پھیلانا یا لمبے کرنا + (۲) مرنا انتقال کرنا - آنکھیں بند کرنا - پاؤں پھیلا دینا (۳) ضد کرنا - مچلنا - اڑ بیٹھنا + (۴) لالچ میں آجانا - طمع میں پھنس جانا - لوبھ کرنا + (۵) چلن سے چلنا - کفایت شعاری کرنا + جتنی چادر دیکھو اتنے پاؤں پسارو مثل

پاؤں پکڑ لینا - ہ - ف ل - (۱) نہایت التجا کرنا - دیکھو (پاؤں پر گرنا) (۲) کسی کو عاجزی کرکے روکنا - نہ جانے دینا +

پاؤں پوجنا - ہ - ف ل - (۱) نہایت تعظیم وتکریم کرنا - قدم لینا - بڑا ماننا + (۲) بچنا - الگ رہنا - کنارہ کرنا +

بس تمہارا تو پاؤں ہی پوجے

پاؤں پھٹنا - ہ - ف ل - پیروں کا پھٹ جانا - پیروں میں بوائی نکل آنا +

پاؤں پھنسنا - ہ - ف ل - بکھیڑوں یا جھگڑوں میں گرفتار ہونا - دنیوی مخمصوں میں مبتلا ہونا +

کیا کریں یار ہمارا تو کنبے میں پاؤں پھنس رہا ہے

پاؤں پھول جانا - ہ - ف ل - (۱) کسی خوف یا اندیشہ سے پاؤں میں چلنے کی طاقت نہ رہنا - گھبرا جانا - سٹ پٹا جانا (۲) تھک جانا - تکان یا تھکن چڑھ جانا + جیسے گاڑی کو دیکھ کے لاڑی کے پاؤں پھولتے ہیں + مثل

پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا - ہ - ف ل - حزم واحتیاط سے کوئی کام کرنا - نہایت خوف کے ساتھ یا ڈر ڈر کے کچھ کام کرنا - احتیاط کرنا یا رکھنا میاں پاؤں پھونک پھونک کر رکھو زمانہ نازک ہے +

پاؤں پھیرنے جانا - ہ - ف ل - بچہ پیدا ہونے کے بعد زچہ کا چلہ نہا کر اپنے میکے یا کسی اور قریبی رشتہ دار کے ہاں جگہ

بدلنے اور ملنے جلنے کی نظر سے جانا اور اُس رشتہ دار سے کچھ نقدی وغیرہ حاصل کرکے اُلٹا چلا آنا +

پاؤں پھیلا کر یا پسار کر سونا - ہ - ف ل - (۱) کسی طرح کا خوف ہونے کی حالت میں آدمی اپنے پیروں کو خوب لمبا کرکے سوتا ہے - اسی سبب سے - آرام سے سونا - بیفکری کے ساتھ چین سے سونا - بے اندیشہ ہو جانا - بے کھٹکے ہو جانا + خفتگانِ خاک کی مجھکو فراغت پر ہے رشک (مُصحفی) سوتے ہیں کیا چین سے یہ پاؤں پھیلائے ہوئے (۲) مر جانا - آسودہ ہو جانا +

پاؤں پھیلانا - ہ - ف ل - (۱) دیکھو (پاؤں پسارنا نمبر ۱ سے ۴ تک) (۲) ضد کرنا - اڑنا - اصرار کرنا - ہٹ کرنا - مچلنا - ضد نا +

قیدِ ہستی سے نکل کر قبر میں گر جاؤں میں
حشر کو بھی پھر نہ اُٹھوں پاؤں یہ پھیلاؤں میں (معروف)

(۳) بہت لوبھ کرنا - زیادہ طلبی کرنا - طمع یا لالچ کرنا +

دلکو لوجی کو نہ مانگو صاحب ! رنگین
پاؤں بس اور پہ پھیلاؤ اجی +

پاؤں پیٹ پیٹ کر مرنا - ہ - ف ل - ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنا - نہایت مُصیبت اور بپتا اُٹھا کر جان دینا - دُکھ بھوگ کر مرنا +

پاؤں پٹخنا - ہ - ف ل - (۱) نہایت تکلیف اور اضطراب کے سبب پاؤں دے دے مارنا - تڑپنا - بڑی تکلیف اُٹھانا +

ذوق قطعہ

اس عاشق بیچارہ کا ہے آج بُرا حال
گریہ سے ہے آنکھوں میں ورم اور زیادہ
پیٹے سر بستر پہ پڑا پاؤں کہاں تک
بس پاؤں نہ پھیلا شبِ غم اور زیادہ

(۲) بُری طرح جینا - بُرے حالوں جینا + (۳) نہایت بے چینی میں ہونا جاں کنی یا حالت نزع میں ہونا - ختم ہونے کو ہونا - (۴) نہایت جدّوجہد کرنا - سعی یا کوشش کرنا - ہاتھ پاؤں مارنا +

بہتیرے پاؤں پیٹے پر کچھ بھی نہ ہوا

پاؤں تلے کی چیونٹی یا چیونٹی محاورہ نہایت عاجز - ادنےٰ سے ادنےٰ - عاجز سے عاجز - غریب سے غریب +

ہے رام ! ایسی بپتا تو تو پاؤں تلے کی چیونٹی پر بھی مت ڈال + (ع) (دُکھیا یا بیوہ عورتیں اپنی بپتا کی سختی دیکھ کر یہ اعداس مانگا کرتی ہیں)

پاؤں تلے کی زمین نکلی یا سرکی جاتی ہے پیر تلے کی دھرتی نکلی جائے ہے ۔ محاورہ ۔ ایسی سخت مصیبت ہے جسے سنکر زمین بھی کانپتی ہے (مصیبت کی زیادتی بیان کرنے کے وقت بولتے ہیں) +

پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا ۔ ہ ۔ ف ل ہوش اڑ جانا ۔ گھبرا جانا ۔ پریشان ہو جانا ۔ (۲) بک دھک یا ششدر رہ جانا +

پاؤں تلے ملنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ نہایت تکلیف دینا ۔ از حد ستانا ۔ بہت تنگ کرنا +

پاؤں توڑ کر بیٹھ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) نہایت کوشش کرنیکے بعد نا امید ہو جانا (۲) ہمت ہارنا ۔ دل توڑنا + (۳) توکل اختیار کرنا ۔ قناعت کر کے بیٹھ جانا +

پاؤں توڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) پیر دوڑی کرنا ۔ پھرنا ۔ حیران ہونا + (۲) نہایت کوشش کرنا + (۳) ۔ ف م ۔ نا امید کرنا نراس کرنا +

نہ آنے کی خبر اُسکی سنا کر
ہمارے نامہ بر نے پاؤں توڑے

(۴) دق کرنا ۔ دوڑانا ستانا ۔ حیران کرنا

پاؤں ٹکانا یا جمانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ پیر گاڑنا قدم جمانا ۔ کسی جگہ ٹھیرنا ۔ قیام کرنا +

پاؤں ٹوٹ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دوڑتے دوڑتے ہار جانا ۔ حیران ہو جانا ۔ تھک جانا +

پاؤں جمانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ پاؤں کا گڑنا + استقلال حاصل کرنا ۔ مستقل ہو جانا ۔ جم جانا

پاؤں چپی کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ مٹھیاں بھرنا ۔ پاؤں دبانا ۔ چپی کرنا ۔ دلاسا یا تسلی دینا +

پاؤں چھٹانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ رہائی دینا ۔ کسی مصیبت سے نکالنا +

ٹھگ دھوئی سے پڑا ہے کام
تو ہی پاؤں چھٹا میرے رام

پاؤں چھوٹنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ حیض کا کثرت سے جاری ہو جانا ۔ بیوقت حیض کا آجانا ۔ پیہم جاری ہونا + جانصاحب تو مٹہ کی پیک کا دے لکھ کے ایک جو تعویذ تو پاؤں چھوٹا ہو جسکا دہیں یہ جاوے تھم +

پاؤں چھوڑنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسی لاگ یا منتر کے وسیلے سے حیض کا جاری کر دینا +

پاؤں خاک ہونا ۔ پاؤں کی خاک ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ خاک کے برابر ہونا ۔ اپنے تئیں پاؤں تلے کی مٹی کی برابر سمجھنا ۔ آدھین ہونا ۔ عاجز ہونا +

پاؤں دابنا یا دبانا - ہ - ف م - مٹھیاں بھرنا - دیکھو (پاؤں چمپی کرنا) +

پاؤں دب جانا - ہ - ف ل - قابو میں ہو جانا - بے بس ہو جانا - پھنس جانا +

پاؤں دوڑی پیر دوڑی - ہ - اسم مؤنث - محنت و مشقت - سعی و کوشش + حقہ پاؤں دوڑی کا روٹی قسمت کی - مثل +

پاؤں دھرنا - ہ - ف ل - (۱) قدم رکھنا جانا - چلنا + (۲) دخل دینا - بیچ میں پڑنا + (۳) شروع کرنا +

پاؤں دھو دھو کر پینا - ہ - ف ل - (۱) بہت ہی چاہنا - عزیز رکھنا + (۲) عزت کرنا - تعظیم و تکریم کرنا - آؤ درستکار کرنا + (۳) خوشامد یا چاپلوسی کرنا +

پاؤں ڈالنا - ہ - ف ل - (۱) دخل دینا - پاؤں اڑانا + (۲) شروع کرنا - آغاز کرنا آرمبھ کرنا +

پاؤں ڈگمگا جانا - ہ - ف ل - (۱) پاؤں لڑکھڑا جانا - لغزش کرنا + (۲) بنیاد ہل جانا - بنیاد گرنے کو ہو جانا + (۳) ہمت ہار دینا - ثابت قدم نہ رہنا +

پاؤں رکھنا - ہ - ف ل - دیکھو (پاؤں دھرنا) +

پاؤں رگڑنا - ہ - ف ل - (۱) جانکنی کی حالت میں ہونا - پاؤں پیٹنا - سعی یا کوشش کرنا + (۲) (پورب) آوارہ پھرنا - مارا مارا پھرنا +

پاؤں رہجانا - ہ - ف ل - (۱) کسی بیماری کے سبب پاؤں کا اپنے کام سے جاتا رہنا + پاؤں میں سے چلنے کی طاقت جاتی رہنا - پاؤں بیکار ہو جانا + (۲) بہت ہی تھک کر چور ہو جانا - شل ہو جانا +

پاؤں زمین پر نہ رکھنا - پانہ ٹیکنا - ہ - ف ل - (۱) ادھر چلنا - اُبھروں چلنا - پنجوں کے بل چلنا - نہایت اترانا (۲) کمال خوش ہونا - خوشی کے مارے اتراتے یا اچھلتے کودتے پھرنا +

پاؤں سکیڑنا یا سمیٹنا - ہ - ف ل - (۱) پاؤں کھینچ لینا + (۲) مرنا - انتقال کرنا - جاں بحق ہونا + (۳) خلوت گزیں ہونا - علیحدگی یا گوشہ نشینی اختیار کرنا + (۴) کوچہ گردی سے باز آنا - ہرزہ گردی

پاؤں سُجھانا - ہ - ف ل - (۱) پاؤں کھپل جانا یا اکھڑ جانا + (۲) ہمت ٹوٹ جانا -

کو چھوڑنا - آوارگی کو ترک کرنا +

پاؤں سُن ہو جانا سو جانا - پاؤں جھنجھنانا ہ - ف ل - سردی یا کسی صدمہ کی وجہ سے پاؤں میں دوران خون کا ٹھیر جانا - پاؤں کا بے حس و حرکت ہو جانا - پاؤں بھر جانا +

پاؤں سے پاؤں باندھ کر بیٹھنا - ہ - ف م - (عو) اپنے پاس سے کہیں نہ جانے دینا - نہایت چوکسی رکھنا +

پاؤں سے پاؤں باندھنا - ہ - ف م - اپنے ساتھ دوسرے کو رکھنا - نہایت چوکسی اور نگہبانی میں رکھنا - حراست میں رکھنا +

پاؤں سے پاؤں بھڑانا - ہ - ف ل (پورب) نزدیک پاس یا قریب آنا +

پاؤں (ں) سے لگی سر میں بجھی - محاورہ - (عو) پاؤں کی طرف سے غصہ کی آگ لگی اور سر میں جا کر بجھی - تن بدن میں آگ لگ گئی - نہایت ہی غصہ آیا (جب کوئی بات نہایت ہی ناگوار معلوم ہوتی ہے تو افروختہ ہو کر یہ محاورہ بولا کرتے ہیں)

پاؤں کٹ جانا - ہ - ف ل - (تعزی) پاؤں جو چلنے کا آلہ ہے اسکا جسم سے جدا ہو جانا - (مرادی) آمد و رفت یا آرجا رہ بند ہونا - آنیکے قابل نہ رہنا - مر جانا - دنیا سے اٹھ جانا -

پاؤں کھینچکر بیٹھ رہنا - ہ - ف ل - کوچہ گردی سے باز آنا - آمد و رفت چھوڑ دینا - آنا جانا موقوف کرنا +

یہ نہ ہوگا کہ جوں نقش قدم بیٹھ رہیں
کھینچکر ہم سر کوئے بت بے پیر سے پاؤں

پاؤں کھینچنا - ہ - ف ل - (۱) چلنا پھرنا ترک کرنا - چلنے پھرنے سے ہاتھ اٹھانا + (۲) کسی معاملے یا بکھیڑے میں سے اپنا پاؤں نکال لینا +

پاؤں کی بیڑی - ہ - اسم مؤنث - روک قید - پابندی - ممانعت +

پاؤں کی جوتی ہ - اسم مؤنث - (پاؤں کی جوتی کے برابر درجہ ہے یعنی جب جوتی ٹوٹ جاتی یا کھو جاتی ہے تو اسی وقت دوسری جوتی پہن لیتے ہیں اسیطرح جب ایک عورت مر جاتی یا نکل جاتی ہے تو دوسری عورت بیاہ لیتے ہیں) اسی سبب سے (۱) (حقارتاً) جورو - بیوی - استری - زوجہ - لگائی (۲) نہایت عاجز - پاؤں خاک +

پاؤں کی جوتی سر کو لگنا - ہ - ف ل - چھوٹا ہو کر بڑے کا سامنا کرنا - ادنیٰ ہو کر اعلیٰ کی برابری کرنا - کمینہ کا مقابلہ پر آنا

سفلہ کا سر پر چڑھنا +

پاؤں کی مہندی نہ گھس جاتی۔

محاورہ۔ (خو) کسی شخص کے نہ آنے نہ ملنے یا کوئی کام نہ کرکے دینے پر طنزاً بولتے ہیں۔ یعنے اگر تم یہاں آجاتے یا یہ کام کر دیتے تو اس سے تمہارے پاؤں کی مہندی نہیں کم ہو جاتی +

توفیق یہاں تلک جو لاتی۔ (گلزار نسیم)

مہندی پاؤں کی گھس نہ جاتی +

پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی ایسی نہ ہوگی

محاورہ۔ ہم مٹی سے بھی گئے گذرے ہیں۔ ہم نہایت حقیر و خاکسار ہیں۔ ہم ادنیٰ سے ادنیٰ ہیں۔ نہایت ہی عاجز ہیں +

پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی نہ ہوگی ہمسی۔

کیا کہیں عمر کو کسطور بسر ہنے کیا۔

پاؤں گاڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ پاؤں جمانا۔ استقلال کے ساتھ کھڑا رہنا +

انتظار میں قد و قامت میں درختوں کی طرح میں کھڑا رہتا ہوں پہروں پاؤں اپنے گاڑ کر

پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں۔

محاورہ۔ (زیادہ تر بوڑھوں میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں" بولا جاتا ہے) + بہت ہی بڈھے اور ضعیف ہو گئے ہیں۔ مرنے کے قریب بیٹھے ہیں۔ جمنا کنارے بیٹھے ہیں قریب المرگ ہیں۔ چلنے کو تیار ہیں +

پاؤں گھسنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بہت آنے جانے کے سبب تھک جانا +

صندل گھسے تری ٹھوکر بھی یہ دل لگے یہ خوش گھستے تمہارے پاؤں ہیں چلتے مکان تک (نظیر)

(۲) بیفائدہ محنت و مشقت اٹھانا یا کرنا +

مُفت کی پاؤں گھسے کل نہیں ہو سکتی

پاؤں لڑکھڑانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پاؤں کا نہ جمنا تھمرانا یا ڈگمگانا + (۲) حالت بدلنا تغیر ہونا۔

جھوم جھوم ایسے بادل آنے لگے۔

پاؤں توبہ کے لڑکھڑانے لگے +

پاؤں لگانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) پاؤں سے کسی چیز کو چھو لینا۔ انا در یا ایمان کرنا۔ بے عزتی کرنا + (۲) (لکھنؤ) تیرنے میں پاؤں مارنا + (دہلی) لات لگانا +

پاؤں لگنا یا لاگنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (رہ نظم) پیاں لاگنا + (۱) کسی چیز کو پاؤں لگ جانا۔ چھوا جانا ٹھکرا جانا + (۲) پیروں پڑنا۔ گوڈے لگنا۔ پا لاگن کرنا۔ تسلیم کرنا۔ آداب بجا لانا۔ قدم لینا +

ساس جی سے کہیو۔ تیرے پیاں لاگوں۔ نند جی سے کہیو ری سلام + (گیت ملہار)

(۳) بنتی کرنا۔ پیروں میں سر دینا۔ منت وسماجت کرنا۔ عاجزی کرنا +

سئیاں تیرے پئیاں لاگوں بئیاں نہ مروڑ +

(ٹھمری) + (۴) ناگوار یا اولو اور نہ معلوم ہونا۔ چلنے پھرنے کی عادت یا ربط ہو جانا وہاں کی زمین تو میرے پاؤں لگ گئی ہے +

پاؤں مُرید۔ ز۔ صفت۔ بڑا ماننے والا۔ بڑا معتقد۔ نہایت مطیع اور فرمانبردار غلام +

پاؤں میں ہتھڑی پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) قید ہو جانا۔ پابجولاں ہونا + (۲) بیاہ ہو جانا۔ بال بچوں میں پھنس جانا۔ کنبے میں گرفتار ہونا + (۳) آزادی نہ رہنا۔

پاؤں میں چکر ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ ہمیشہ پھرتے رہنا۔ آوارہ پھرنا۔ ایک جگہ ٹھکانے سے نہ بیٹھنا +

پاؤں میں سر دینا۔ ہ۔ ف ل۔ پاؤں پر سر رکھنا۔ پاؤں پڑنا۔ خوشامد یا عاجزی کرنا

پاؤں میں کیا مہندی لگی ہے۔ محاورہ۔ (عو) جب کوئی آدمی کہیں آنے جانے میں بیجا عذر کیا کرتا ہے تو اُس وقت اُس سے یہ محاورہ طنزاً بولا کرتے ہیں یعنی کیا تمہارے پاؤں میں مہندی لگی ہوئی ہے جو آنے میں عذر کرتے ہو۔ بیجا عذر کرتے ہو۔ خواہ مخواہ حیلہ کرتے ہو +

پاؤں میں مہندی لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ چل نہ سکنا۔ چلنے کے قابل نہ ہونا +

پاؤں نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بڑھکر چلنا۔ چل نکلنا۔ دیکھو۔ (پاؤں باہر نکالنا) نام خدا نکالے کیا پاؤں رفتہ رفتہ۔ تلوار یں چلتیاں ہیں اُسکے تو اب چلتی + (۲) کسی کا کہنا نہ ماننا۔ خود سر یا سرکش ہونا + (۳) خراب عادتوں کو ظاہر کرنا بداطوار یا بدچلن ہونا + (۴) نہایت چالاک یا ہوشیار ہونا۔ پرپرزے نکالنا + (۵) کسی معاملہ میں سے اپنا تعلق اُٹھانا۔ اپنا قدم نکال لینا + (۶) (پاؤں ابھارنا) کسی پیچ یا فریب سے بچانا۔ رہائی دینا +

نکالا پاؤں ہے میرا خدا نے
عدو نے تو پھنسایا تھا بلا میں

پاؤں نکلنا۔ ہ۔ ف ل۔ بگڑ جانا۔ آوارہ ہو جانا۔ دیکھو (پاؤں نکالنا نمبر ۳) +

پاؤں بے طرح ہے اُس ترک پسر کا نکلا
شام گھر آنے لگا اب وہ سحر کا نکلا

پاؤں نہ دُھلوانا۔ ہ۔ ف م۔ (عو) اپنے

پاؤں دھونے کی خدمت کے لایق بھی نہ سمجھنا۔ ادنی حقیر یا کمتر جاننا۔ کچھ نہ گنّا حقارت سے دیکھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ کیونکہ دُھلوائے وہ مہوش فلک پیر سے پاؤں جسکا کھڑا ہو پری اور ہوں تصویر سے پاؤں

پائے تُراب یا پاتُراب کرنا۔ ا۔ ف ل (عام) پیتراب کرنا + نقل مکان یا پرستھان کرنا۔ چلنے کا شگون منا لینا۔ (دستور ہے کہ جب کہیں سفر کو جاتے ہیں تو اچھا دن اور ساعت دیکھ لیتے ہیں اگر اُس روز جانا نہیں ہوتا ہے تو سفر کے اسباب میں سے دو ایک چیزیں کسی اور جگہ سفر کرنے کا شگون سمجھ کر رکھ دیتے ہیں) +

پائجامہ سے باہر نکلنا یا نکلا پڑنا۔ ا۔ ف ل۔ (بازاری) آپے سے باہر ہونا۔ نہایت افروختہ ہونا۔ دھوتی سے نکلا پڑنا +

پائنچہ بھاری کرنا۔ ا۔ ف ل۔ (عو) ایک جگہ جم کر بیٹھنا۔ بھاری بھر کم ہونا۔ باہر نہ نکلنا +

پائنچہ بھاری کیا تھا تو یہ کی تھی سنکے درس
آج نو چندی میں بی راحت کا ڈولا پھر گیا

پائنچہ سے نکلی پڑتی ہے۔ محاورہ۔ (م عو) افروختگی کے باعث جامہ میں نہیں سماتی ہے۔ مارے غصّہ کے آپے سے باہر ہوئی جاتی ہے +

پپڑا جانا۔ پپڑی آنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پپڑی بندھنا یا جمنا + (۲) سُوکھ جانا۔ خشک ہو جانا + (۳) پھٹ جانا۔ شگاف یا درزیں پڑ جانا +

پتّا پانی ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ غصّہ مرنا۔ غریب بن جانا۔ متحمّل ہو جانا +

پت اُتارنا یا کھونا۔ ہ۔ ف م۔ عزت لے لینا۔ پت بھنگ کرنا۔ دُر دِشا کرنا۔ دیکھو (آبرو بگاڑنا)

پتّا توڑ کر بھاگنا۔ پتّا توڑ بھاگنا۔ پتّا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ جلدی سے بھاگنا۔ ہوا ہو جانا۔ بے تحاشا بھاگ جانا۔ کافور ہو جانا۔ رفو چکر ہونا +

پتّا کھڑکنا۔ ہ۔ ف ل۔ آہٹ ہونا۔ ذرا سی آواز ہونا +

تمہاری یاد میں یا تنک میرا سینہ دھڑکتا ہے
کھڑا ہوتا ہوں وحشت سے اگر پتّا کھڑکتا ہے

پتا لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پھلوں میں داغ لگنا + (۲) عیب لگنا +

پتّا مارنا۔ ہ۔ ف م۔ غصّہ کو ضبط کرنا۔

تیہا مارنا + (۲) دل مارنا۔ چوتر ٹجا کر بیٹھنا۔ واہیات سے اپنے تئیں بچانا +

پتّا مرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) تیزی یا غصہ کا جاتا رہنا۔ ملائم ہو جانا + چوتر کا خون مرنا۔ دل مرنا۔ طبیعت کا فضول باتو کی طرف سے ہٹ جانا +

پتّا نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ عوام۔ (۱) جان لینا خوب سزا دینا۔ خوب مارنا۔ سارا غصہ نکال دینا + (۲) تت یا جان نکال لینا +

پتّا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سوکھ کر پتا سا بن جانا۔ دُبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔ (۲) ہوا ہو جانا۔ غائب ہو جانا +

خط خاتم لیکے وہ ہوائی ۔ گلاز نسیم
پتّا ہوئی اور پتہ پہ آئی +

پت ڈالنا یا چھانڈنا۔ ہ۔ ف ل۔ قے میں پتوں یا صفرے کا نکلنا۔ زرد رنگ کی قے کرنا +

پتّر پانی آنا یا پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ پتّروں کو پانی پہنچنا۔ اسی سبب سے سیری ہونا ٹھنڈک پڑنا۔ مراد پوری ہونا + چاہا ہونا۔ من کا چیتا ہونا + (مترادف بولتے ہیں)

پتّرے کھولنا۔ ہ۔ ف م۔ (ہ عو) بھید ظاہر کرنا۔ عیب اُگھاڑنا۔ افشائے راز کرنا۔ قلعئی کھولنا +

پتلا بدھان کرنا۔ ہ۔ ف م۔ جب کوئی شخص پردیس میں مرجاتا ہے تو اُسکے گھر والے جو اُس سے دور ہوتے ہیں اپنے ہاں اُس کا پُتلا بنا کر جلایا کرتے ہیں پردیس میں مرے ہوئے آدمی کی کریا کرم کرنا +

پتلا حال کرنا۔ ا۔ ف م۔ خوب مارنا یا پیٹنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔ مٹی پلید کرنا

پتلا حال ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) خراب حالت میں ہونا + (۲) مرنیکو ہونا۔

غیر حال ہونا۔ حالت نزع میں ہونا +

پتل پر وسنا۔ ہ۔ ف ل۔ پتوں کی بنی ہوئی تھالی جیسی چیز میں کھانیکی چیزوں کو چُننا یا لگانا۔ پنگت کے سامنے کھانا رکھنا +

پتل پھاڑنا۔ ہ۔ ف م۔ اپنا کام کرلینا خود غرضی کرنا۔ پتل پھاڑی اور چلدے۔ مثل

پتلیاں پھر جانا۔ ہ۔ ف ل۔ مرنیکے آثار ظاہر ہونا۔ آنکھیں پھر جانا +

پتلی دال کا کھانیوالا۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) چونکہ دال کھانے سے طاقت کم پیدا ہوتی ہے اور کمزور رہتا ہے +

اور گوشت کھانے سے طاقت بہت پیدا ہوتی ہے اور خونخوار اور طاقتور بنجاتا ہے۔ اسی سبب سے پتلی دال کا کھانیوالا کمزور اور کم طاقت کو کہتے ہیں۔ بودا۔ کمزور۔ کم ہمت +

پتلی کمانا ۔ ا۔ ف م۔ اتنا پیارا جتنی آنکھوں کی پتلی۔ قرۃ العین۔ لخت جگر۔ بیٹا +

پتنگ بازی کرنا ۔ ا۔ ف م۔ کنکوے لڑانا +

پتنگ چھری ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ لڑائی کرادینے والی۔ لگائی بجھائی کرنیوالی۔ لگا لگتری۔ چغل بہت +

پتنگے لگ جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ آگ کی چنگاریاں سی لگ جانا۔ غصہ آجانا۔ آگ لگ جانا۔ مرچیں یا چیخنے لگنا۔ بڑا ناگوار گزرنا +

پتوں والی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (م عو) مولی۔ ترب۔ (چونکہ مولی سامان حاضری میں (جو مردے کا کھانا ہے) داخل ہے اس سبب سے عورتیں اسکو منحوس خیال کرکے صبح کے وقت اسکا نام نہیں لیتی ہیں)

پتھر اچھو تھ کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ پتھروں کی بوچھاڑ کرنا۔ بہت سے پتھر پھینکنا +

پتھر اؤ کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ پتھر برسانا۔ پتھروں کا مینہہ برسا دینا۔ خوب پتھر مارنا یا پھینکنا

پتھر برسنا ۔ ہ۔ ف ل۔ اولے پڑنا + وہ مقدر ہے جو مانگوں مینہہ برسنے کی دعا۔ برسیں پتھر ابر سے بالائے سر برسات میں +

پتھر بنجانا یا ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سخت دل ہوجانا۔ کٹھور بن جانا + (۲) بہرا ہوجانا۔ جان بوجھکر بہرا ہوجانا۔ بت بن جانا + گنگ ضم ہوجانا +

پتھر پانی ہوجانا یا بسینجنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کٹھور آدمی کو ترس آجانا۔ سخت دل کا رحم دل ہوجانا۔ بخیل یا کنجوس کا داتا یا فیاض ہوجانا +

ہماری آہ تیر دل نہ نرمائے تو یا قسمت
دگرنہ دیکھ آئینہ کو پتھر ہوگئے پانی

پتھر پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بلائے آسمانی کا سر پر ٹوٹ پڑنا خدا کا غضب نازل ہونا مصیبت یا تباہی آنا + (۲) غضب ہونا۔ آفت پڑنا۔ اندھیر ہونا۔ انوکھی بات ہونا +

حرم کو ہم گئے یا بت کدے کو
جہاں دیکھا وہاں پتھر پڑے ہیں +

(۲) (طنزاً) (عو) - کارنمایاں ہونا - تیر مارنا آگ لگنا - کوئی بڑا کام کرنا + کونسے دن پتھر پڑے تھے جو آج ہی کچھ ہوگا + (ہ عو)

پتھر پڑیں - دعاے بد - (عو) غارت ہو - تباہ ہو - خاک میں ملیں - ستیاناس جائے برباد ہو جائیں + مٹیں - اُجڑیں +

غیرت یہ بلبلوں کے پتھر پڑیں کہ نہ سنے - سو بار گل کو ہنستے باد صبا سے دیکھا + (صحفی)

(۲) تُف ہے - لعنت ہے +

اِس سمجھ پر پتھر پڑیں +

پتھر تلے دامن دبنا - ہ - فل - مصیبت اور تکلیف میں پھنسنا - بے قابو ہو جانا + قسمت سے مفر ہے اب نہ دامن - پتھر کے تلے دبا ہے دامن + (نسیم)

پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا - ہ - فل - کسی مصیبت یا دقت سے نجات پانا - مشکل کام سے رہائی حاصل کرنا - زبردست کے پنجہ سے نکلنا +

پتھر تلے کا ہاتھ - محاورہ - بے بسی مجبوری - ناچاری - بے اختیاری + دل میرا اُس سنگدل کے ساتھ ہے - کیا کروں پتھر تلے کا ہاتھ ہے + (ذوق)

پتھر تلے کا ہاتھ نکالنا - ہ - فم - دقت یا بلا سے بچنا - اپنے تئیں بچانا - تکلیف سے نجات پانا + فرہاد ہاتھ تیشہ پھینک رہ کے ڈالتا - پتھر تلے کا ہاتھ ہی اپنا نکالتا +

پتھر تلے ہاتھ آنا یا دبنا - پتھر کے تلے ہاتھ دبنا - ہ - فل - پتھر کے نیچے ہاتھ کا دب جانا - زبردست کے قابو میں آجانا + دقتوں میں مبتلا ہونا - مجبور و ناچار یا بے بس ہونا +

دست بردار ہوں کیونکہ بُت سنگیں دل سے
دب گیا ہاتھ میرا ابتو تلے پتھر کے (ذوق)

پتھر چٹانا - ہ - فم - کسی کاٹنے والے اوزار کو پتھر پر گھِس کر تیز کرنا - دھار تیز کرنا - پتھری لگانا +

چٹا لیتے نہیں خنجر کو پتھر اُف رے بیدردی
رگڑتے ہیں گلے کو خاک پتھر ذبح کرتے ہیں + (نجم)

پتھر چھاتی پر دھرنا - ہ - فل - کوئی سخت صدمہ سہارنا - غم کو ضبط کرنا + صبر کرنا - برداشت کرنا - چپ ہو رہنا +

پتھر ڈالنا - ہ - فم - (طنزاً) کچھ کام نہ کرنا - نکھٹو رہنا +

پتھر ڈھونا - ہ - فم - سخت محنت کرنا بڑی محنت کا کام کرنا + (۱) بڑے گھر جائیے اور پتھر ڈھو ڈھو کھائیے + (مثل) +

(۲) سنگدل بسکہ تیرے عشق میں ڈھوئے پتھر
چشم سے چشمۂ کہسار کے رونے پتھر +

ناحق محنت اُٹھانا۔ اوقات ضایع کرنا۔ بیفائدہ کام کرنا +

نہ فرہاد بیچارہ مقصد کو پہنچا۔
سدا عشق میں اُسنے پتھر ہی ڈھوئے + (مصحفی)

پتھر سا پھینک مارنا یا کھینچ مارنا۔ ہ۔ف ل۔ سخت یا کڑا جواب دینا۔ اُجڈپنے سے جواب دینا۔ بے سوچے سمجھے بول اُٹھنا۔ مُنہ میں آنا سو کہ بیٹھنا +

پتھر سے سر پھوڑنا یا مارنا۔ ہ۔ف م۔ بیوقوف اور ان سمجھ کے ساتھ سر مارنا یا سر پھونکنا۔ کُوڈھ مغز کو تعلیم دینا۔ بیوقوف کے پڑھانے میں سعی کرنا +

پتھر کا دل یا کلیجہ۔ ا۔صفت۔ سنگدل بیرحم۔ کٹھور۔ کٹر۔ نرموہی۔ نردئی +

کس کا پتھر کا ہے دل کس سے سُنا جاتا ہے
کون ایسا ہے کہ ہوس سے بیان دہلی (انشا)

پتھر کا ہونا۔ ہ۔ف ل۔ سخت دل یا سنگدل ہونا۔ کٹھور ہونا +

پتھر کی اگر کہو تو میں ہوں۔
فولاد جگر کہو تو میں ہوں + (نسیم لکھنوی)

پتھر کو جونک نہیں لگتی۔ کہیں پتھر میں بھی جونک لگی ہے۔ محاورہ (جسطرح جونک جاندار چیز کو چمٹتی اور بے جان چیز کو نہیں لپٹتی اسیطرح سے سنگدل اور کٹھور آدمی کو کسی کے کہنے یا نصیحت کرنے کا کچھ اثر نہیں ہوا کرتا) بخیل فیاضی پر آمادہ نہیں ہوتا۔ سخت دل کو رحم نہیں آتا + (۲) نالایق میں تعلیم کارگر نہیں ہوتی۔ بدوں کو نصیحت کا اثر نہیں ہوتا +

پتھر کی چھاتی۔ ہ۔صفت۔ سخت دل (دیکھو پتھر کا دل) +

داغ پر جو داغ تو کھاتا ہے قیس۔
کیا تیری پتھر کی چھاتی تو نہیں + (قیس)

پتھر کی چھاتی کرلینا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) سنگدل یا کٹھور ہو جانا + (۲) سخت صدموں کی سہار کرنا۔ صبر کرنا۔ متحمل بننا

پتھر کی لکیر۔ ہ۔صفت۔ (۱) نقش کالحجر۔ امٹ + (۲) مستحکم مستقل۔ مضبوط۔ دردھ سر دیجے راہ عشق میں پر نہ موڑیئے
پتھر کی سی لکیر ہے یہ کوہکن کی بات (اجرات)

پتھر مارنا۔ ہ۔ف م۔ (۱) دیوانوں کی سی حرکتیں کرنا۔ پاگل ہو جانا + (۲) روکھے پن سے جواب دینا۔ ایسا جواب دینا جو دوسرے کو ناگوار گذرے۔ درشت

روئی سے بتیں آنا +

پتھر مارے موت نہیں - محاورہ - یعنی اسکو کتنے ہی پتھر مارو مگر مرنیکا نہیں - سخت جان ہے - بڑا سخت جان اور بے حیا ہے +

پتھر پچھوڑنا - ہ - ف ل - (۱) سنگدل کو رحم دلانا - کٹھور کو ترس دلوانا - سخت کو نرم کرنا + رقت نہ آئی میرے حال پہ تجھکو سچ ہے (انشا) ہو جو پتھر کوئی کیا اُس کو پچھوڑے پتھر (۲) ناممکن کام کرنا - جیل کا موت ڈھونڈنا ریت بلونا - ریت کی دیوار کھڑی کرنا +

پتھر نہیں پگلتے - محاورہ - سخت دل کو رحم نہیں آتا - معشوق عاشقوں پر مہربان نہیں ہوتے - نرمو ہی کو ترس نہیں آتا - نرم کیونکر ہو خدایا وہ بت سنگیں دل - آجتک ہنسے نہیں دیکھے پگلتے پتھر +

پتھر ہو جانا - ہ - ف ل - (۱) جم کر سخت ہو جانا + (۲) بھاری دشوار یا مشکل ہو جانا (۳) نہایت بہرا ہو جانا - بت بن جانا (۴) کٹھور یا سخت ہو جانا - بیرحم بنجانا + (۵) اندھا ہو جانا + (۶) بیکار یا نکما ہو جانا

پتی اچھلنا - ہ - ف ل - پتی کے مرض کا بدن پر ظاہر ہونا - دو دو سے پڑکر کھجلی ہونے لگنا +

پتے کی سنانا یا کہنا - ہ - ف م - چھپنی ہوئی بات کو ظاہر کر دینا - بھید کی بات کہدینا بھید یا راز کھولنا + پردہ دری کرنا - کان تلے کی یا چھپتی ہوئی کہنا +

پتے لے ڈالنا - یا لے لینا - ہ - ف م - چونا کسی کا پتا یعنی صفرے کی تھیلی نکال لینے سے اُسکو از حد تکلیف پہنچتی ہے + اسی سبب سے - نہایت دق کرنا - ناک میں دم کر دینا - از حد ستانا یا تنگ کرنا - جان کو آجانا - دق کر مارنا +

پٹا اُتارنا - ہ - ف م - پٹی یا پیراس اُتروا لینا یا چھین لینا - سپاہی پنے سے موقوف کر دینا +

پٹا تڑانا - ہ - ف م - (بازاری) آزادی کا خواستگار ہونا - مخلصی چاہنا - بھاگنے کا ارادہ کرنا - مفرور ہونا - فرار ہونے کا قصد کرنا +

پٹاخ سے بولنا - پٹاپٹ بولنا - ہ - ف ل - (عو) جلدی یا طراری سے بولنا - کڑاکے یا تیزی سے بولنا - جو منہ میں آئے سو کہ اُٹھنا +

پٹاری کا خرچ - ا - اسم مذکر - (۱) وہ روپیہ جو پان کھانے کے واسطے امیر

عورتوں کو دیا جاتا ہے۔ پاندان کا خرچ +
(۲) (اوباش) زنا کی اُجرت۔ خرچی بھاڑا
پیٹ پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ اندھا پڑنا۔ کارگر نہونا۔ بیکار جانا +
تلوار تو پیٹ پڑی نیچہ کاٹ کر گیا + مثل
پیٹرا پھیر کرنا۔ پیٹا پھیر کرنا۔ ہ۔ ف م (ہندو) گونے کی رسم کا خرچ بیاہ میں ادا کر دینا۔ گونے کی حاجت نرکھنا۔ بندی کھول دینا۔ مکلادہ کر دینا۔
پیٹرا پھیرنا۔ یا۔ **پھیر دینا**۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کھیت کے ڈھیلوں کو توڑ کر ہموار کرنا۔ پیٹرا پھیرنا + (۲) دولت کو برباد کر دینا۔ بہت سا روپیہ لینا۔ لوٹ لینا۔ صفایا کر دینا +
پیٹرا کر دینا۔ ہ۔ ف م۔ ستیاناس تباہ یا برباد کر دینا + گھر کے خرچ نے مار کر پیٹرا کر دیا +
پیٹڑی جمانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) آسن یا رانیں جمانا + قابو میں کسکے تو سن ایام اسکا۔ اس پر کوئی سوار نہ پیٹڑی جما سکا
(۲) (باغبان) روش بندی کرنا +
پیٹ کھولنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دروازے کواڑ کھولنا۔ کواڑ کھولنا + (۲) گھونگٹ اٹھانا۔ چہرے پر سے نقاب اُٹھانا۔ یا ٹانا
پیٹکی پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) غضب الٰہی نازل ہونا۔ صدمہ پہنچنا۔ قہر یا آفت پڑنا +
اقرار صل کر کے پڑے دل کو نا قرار۔ (سفطور)
پیٹکی پڑے مدام کے انکار پہ تیرے +
(۲) مرنا۔ مٹنا۔ غارت ہونا۔ ناگہانی موت آنا۔
پیٹم ہو جانا۔ پیٹ ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ بند ہو جانا۔ بالکل اندھا ہو جانا +
تیرے پیسے کی تو پیٹم نہیں ہو گئیں۔
پیٹھوں میں بیٹھنا یا گھسنا۔ ہ۔ ف ل مواد کی مانند رگ و پے میں جگہ پکڑ لینا۔ ہمام ہو جانا۔ گاڑھی یا گہری دوستی کرنا دل میں گھر کرنا۔ دشمن کے جی میں جگہ یا گھر کرنا +
پیٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینا۔ ہ۔ ف م (یہ خیال شریر جانوروں مثل گھوڑے اور بیل وغیرہ سے لیا گیا ہے جو اپنے پیٹھے پر ہاتھ دھرا جانا گوارا نہیں کرتے ہیں اسی واسطے آدمی رنڈی دلونڈے یا بدمزاج آدمی کی نسبت بولتے ہیں)۔ پاس نہ آنے دینا۔ قریب یا پاس نہ پھٹکنے دینا +
پیٹیاں جمانا۔ ہ۔ ف م۔ مانگ پٹی سنوارنا بالوں کو درست کرنا +
پیٹی آنکھوں پر باندھنا۔ ہ۔ ف م۔ بے مروت ہونا۔ اغماض کرنا۔ دیکھ

(آنکھوں پر پٹی باندھنا) +

پٹی پڑھانا - ہ - ف م - (۱) سبق یا تعلیم دینا - (۲) بہکانا - سکھانا - ورغلانا - دم دینا +

پٹی دینا - ہ - ف م - (۱) بہکانا - دیکھو (پٹی پڑھانا) - (۲) (چابک سوار) گھوڑے کو لمبا دوڑانا +

پٹیوں میں آنا - ہ - ف ل - دم جھانسے میں آنا - فریب کھانا - بہک جانا +

پچا یا پھیلانا - ہ - ف م - (چونکہ ماتا کے پچا پے میں بہت سی چیزیں ہوتی ہیں) - اسی سبب سے - بے ترتیبی کے ساتھ چیزوں کو پھیلا دینا + بکھیڑا پھیلانا - دوکان سی لگانا +

پچارا پھیرنا - ہ - ف م - (۱) پوتا یا کوچی پھیرنا - سفیدی کرنا + (۲) ہلکا ابار کرنا - کپڑے سے رنگ کرنا یا پھیرنا + (۳) (لڑکے کو) ترغیب دینا - اکسانا - بہکانا +

پچارا دینا - ہ - ف م - (۱) دم دینا - دھوکا دینا - رنگ یا روغن پھیرنا + (۲) خوشامد کرنا - شیشے میں اتارنا - روغن قاز ملنا +

پچارے میں آنا - ہ - ف ل - دم یا دھوکے میں آنا - فریب کھا جانا +

پچکارا اڑانا - ٹھونکنا یا لگانا - ہ - ف م - (۱) لکڑی یا تختہ کی درز میں اسکو ملنے سے روکنے کے واسطے فاختہ ٹھونکنا + (۲) تعرض کرنا - مانع آنا - روڑا اٹکانا - روک دینا - بھانجی مارنا - مخل ہونا - کسی کے ہوتے ہوائے کام میں خلل انداز ہونا +

پچکر مارنا - ہ - ف م - چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا - رخنہ انداز ہونا - دیکھو (پچکر اڑانا)

پچ مرنا - ہ - ف ل - کوشش کرتے کرتے تھک جانا - محنت کرتے کرتے دق ہو جانا از حد جانفشانی کرنا +

پچھاڑ دینا - ہ - ف م - (۱) دے مارنا - پٹخنا دینا - کشتی مار لینا - مات کر دینا - چت کر دینا + (۲) ہرا دینا - شکست دینا - جیت لینا + (۳) گرا دینا - کمزور یا مضمحل کر دینا - بیمار ڈالدینا +

پچھاڑی مارنا - ہ - ف م - پچھلی ٹانگیں مارنا + (۲) دشمن کی فوج کے پچھلے حصہ پر دھاوا کرنا + عقب پر حملہ کرنا (۳) سب سے پیچھے سودا خریدنا + کنجڑن کی اگاڑی مارے اور قصائی کی پچھاڑی +

(یعنی ترکاری والے سے اوّل ترکاری خریدے کیونکہ پیچھے بُری رہجاتی ہے اور قصائی سے آخر میں گوشت لے کیونکہ اوّل ہی اوّل وہ سب سے بُرے کوٹتا ہے) +

پچھاڑیں کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ دریا غم کے مارے بار بار اپنے تئیں زمین پر دے دے مارنا۔ کھڑا گر پڑنا +

پچھلے پاؤں پھرنا یا ہٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ دیکھو (اُلٹے پاؤں پھرنا) (۲) پس پا ہونا شکست کھانا۔ ہار جانا +

پچھنے لگانا یا دینا۔ ہ۔ ف م (۱) چاقو یا اُسترے سے گودنا اور سینگی کے ذریعہ سے اُسکا خون کھینچنا۔ بھری سینگی لگانا خون نکالنا۔ یا لینا + (۲۔ دیہات) ٹیکا یا نشتر لگانا۔ فصد کھولنا + (۳۔ عو) طعنہ مہنہ دینا۔ طعن و تشنیع کرنا۔ گودنا۔ بھوننا۔ جلانا +

پچھوپے کا اچھا۔ محاورہ ہ۔ (دیہات) خاندان یا گھرانے کا اچھا +

پچی کاری کرنا۔ ا۔ ف م۔ اینٹ اور چونہ سے خوب مضبوط کام بنانا۔ دیوار یا فرش میں جڑاؤ کام کرنا۔ مُرصّع سازی کرنا +

پچی کرنا۔ ہ۔ ف م۔ ٹھوک پیٹ کر مضبوط کر دینا۔ پھنسا دینا۔ ملا دینا۔ وصل کر دینا +

پچی ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مضبوط یا مستحکم ہو جانا۔ پھنس جانا۔ اُڑ جانا + (۲۔ پورب) کسی سے پھنس جانا۔ لگ جانا۔ سٹ جانا اُلجھ جانا +

پخ پھیلانا۔ کرنا یا مچانا۔ ا۔ ف م۔ (بازاری مسلمان) جھگڑا کھڑا کرنا پخ مچانا۔ فساد پھیلانا۔ غل و شور مچانا۔ بم مچانا۔ واہیات بکنا +

پخ لگانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) خواہ مخواہ کسی کام میں کوئی روک پیدا کر دینا۔ عذاب لگا دینا + (۲) خُرافات یا واہیات بکنا۔ خواہ مخواہ تکرار کرنا بیجا اُلجھنا +

پخ لگنا۔ ا۔ ف ل۔ روگ لگ جانا۔ ٹیلس لگنا۔ جھگڑا یا عذاب پلّے بندھنا۔ جھگڑا پیچھے لگ جانا۔ عذاب سر پڑنا۔

پخ نکالنا۔ ا۔ ف م۔ دقت کھڑی کر دینا۔ شاخ نکالنا۔ عیب کھوٹ یا نقص نکالنا اعتراض کرنا +

پرا باندھنا یا جمانا۔ ہ۔ ف ل یا م۔ آدمیوں کو برابر برابر کھڑا کرنا۔ سپاہیوں کا ایک صف یا قطار میں کھڑا ہونا۔ مسلسل

کھڑا ہونا۔ پریٹ جما کر کھڑا کرنا +

پُرانا پڑ جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ بہت دنوں کا ہو جانا۔ برسوں کا ہو جانا۔ گل جانا +

پُرانا خرانٹ۔ پُرانا گھاگ ۔ ہ صفت بہت بڈھا۔ پیر فرتوت۔ پُرانا تجربہ کار۔ گرگ کہن۔ کار آزمودہ +

پُرانا دھرانا ۔ ہ صفت۔ مدتوں کا رکھا ہوا۔ پھٹا پُرانا۔ نکما۔ خراب جیتھڑا +

پران چھٹانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مار ڈالنا۔ (۲) جان بچانا پیچھا یا پنڈ چھڑانا جھگڑے یا بکھیڑے سے نکالنا +

پران چھوٹ جانا یا نکل جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مر جانا۔ جان نکل جانا +

رام نام کی لوٹ ہے لوٹی جائے سو لوٹ
انت کال پچتائے گا جب پران جائینگے چھوٹ (دوہا)

(۲) ہمت ہار جانا۔ تھک جانا۔ گھبرا جانا بدحواس ہو جانا +

پران چھوڑ دینا یا تج دینا ۔ ہ۔ ف م جان دیدینا۔ مر جانا +

جل تھوڑا نیہا گھنا لگے پریت کے بان
تو پی تو پی کر مرے یا بدھ تجے پران (دوہا)

(۲) ہمت ہار دینا۔ جی چھوڑ دینا۔

پران سے کھنیان ۔ ہ اسم مؤنث۔ بہت ہی کم کمی کی پوریاں +

پران لینا۔ ہشنا یا کھانا ۔ ہ۔ ف م۔ انس نکال لینا۔ جان لے لینا۔ (۲) دق کرنا۔ ستا مارنا۔ جان کھا جانا۔ جان کر بار بار پوچھنا۔ تنگ کر دینا +

پُرانی آنکھیں دیکھے ہوئے ہے محاورہ۔ بڑوں کو دیکھا ہے۔ جہاں دیدہ ہے۔ کار آزمودہ ہے۔ گرم و سرد آزمائے ہوئے ہے +

پُرانی کھوپڑی ۔ ہ صفت۔ بڑی عمر کا۔ تجربہ کار۔ بوڑھا آدمی۔ کہن سال جہاں دیدہ۔ زمانہ آزمودہ +

پُرانے لوگ ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) بڑی عمر کے آدمی۔ پُرکھا۔ بڑے بوڑھے آبا و اجداد + (۲) جہاں دیدہ۔ سرد و گرم آزمودہ۔ کار آزمودہ۔ ٹھوکر کھائے ہوئے

پُرانے مُردے اُکھیڑنا ۔ ا۔ ف م اگلے پچھلے جھگڑے چھیڑنا۔ مدتوں کی شکایتوں کو زبان پر لانا۔ گڑے کو گلے اکھیڑنا +

پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں ۔ محاورہ۔ پرایا اپنا نہیں ہو جاتا۔ بیگانہ اپنا نہیں بن جاتا۔ پرایا کھایا اپنے

پیٹ میں نہیں آجاتا۔ غیر شخص اپنے کام نہیں آتا +

چشم پوشی اُسنے کی یاں ہوگیا عالم سیاہ۔
راست کہنے آنکھیں پرائی اپنے کام آتی نہیں +

پرائے بردے آزاد کرتا ہے۔ محاورہ۔ (طنزاً) دوسرے ہی کے غلام کو آزاد کرتا ہے کبھی گھر کے غلام کو نہیں چھوڑ دیتا۔ ہمیشہ دوسرے کے مال پر فیاضی کرتا ہے۔ غیر کی ہی دولت لٹاتا ہے۔ پرائے مال پر گلچھرے اُڑاتا ہے +

پرائی تونڈ کا گھونسا۔ محاورہ۔ دوسرے کی تکلیف یا نقصان کو تکلیف نہ جاننا۔ پرایا سر نپیسری برابر سمجھنا +

پرائے شگون کے لئے اپنی ناک کیوں کٹواتا ہے۔ محاورہ۔ غیر کے واسطے بدنامی کیوں لیتا ہے۔ دوسرے کے کارن آپ بُرائی کسواسطے اُٹھاتا ہے۔ پرائے فائدے کے لئے اپنے تئیں کیوں عذاب میں پھنساتا ہے +

پرائے شگون کے لئے ناک نہیں کٹائی جاتی۔ محاورہ۔ دوسرے کی بہتری کے واسطے اپنے اُوپر تکلیف یا نقصان نہیں گوارا کیا جاتا ہے +

پرائے گھر کا کوڑا ہے۔ محاورہ۔ (چونکہ بیٹی ہمیشہ دوسرے کے ہاں بیاہی جاتی ہے اسواسطے اسکے حق میں یہ محاورہ بولتے ہیں) بیٹی۔ لڑکی۔ دختر +

پرائے گھر کا ہونا۔ محاورہ۔ غیر کا بن جانا۔ لڑکی کا بیاہ یا شادی ہوجانا۔ بیٹی کا گھربار کا ہوجانا۔ لڑکے کا گود ہوجانا +

پرائے مال پر ماحسین۔ محاورہ۔ اوروں کے مال کو حسین کے نام پر خیرات کرنا۔ دوسرے کے مال یا دولت پر شیخی بگھارنا۔ مفت کا اترانا۔ حلوائی کی دوکان دادا جی کی فاتحہ +

پر یا نڈھ دینا۔ ہ۔ ف م۔ بس کردینا عاجز کرنا۔ تنگ کرنا +

پر پرزوں سے درست ہونا۔ پر پرزے نکالنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) پر و بال نکالنا۔ پروں کو صاف کرنا (۲) ہوش سنبھالنا۔ بلوغت کو پہنچنا (۳) ساز و سامان سے درست ہونا +

پرتل کا ٹٹو۔ محاورہ۔ لدّو گھوڑا۔ مزدور آدمی +

پر جلتے ہیں۔ محاورہ۔ یہاں آنے

کی مجال نہیں ہے۔ یہاں اُنکا گذر یا دخل نہیں ہوسکتا ہے۔ باریابی کی نوبت نہیں پہنچ سکتی + جیسے۔

یہاں ہووے اِنسان کا کیسے گذر۔
پرندوں کے اس جا پہ جلتے ہیں پر + (امدسبحا)

پر جھاڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) پُرانے پروں کو گرانا۔ پروں کو صاف کرنا۔ تَریز کرنا +

ذکر پرواز تو کیا تنگ ہے ایسا چمن۔
جھاڑ بھی سکتے نہیں ہم کبھی شہ پر اپنا + (ناسخ)

(۲) اُڑنے کو مستعد ہونا۔ پرواز کرنے کو آمادہ ہونا + (۳) (طنزاً) کینچلی بدلنا۔ پوشاک بدلنا +

پر چا رہنا ۔ ہ۔ ف ل۔ دِل لگا یا بہلا رہنا مصروف یا مشغول رہنا +

اگر خط کتابت کا چرچا رہے گا۔
تو دل میرا پرچے سے پرچا رہے گا +

پر چانا۔ پر چالینا ۔ ہ۔ ف م۔ ہلا لینا۔ لاشہ پر لگا لینا۔ اپنے ڈھنگ پر کرلینا۔ موہ لینا۔ اپنی طرف مائل کرلینا۔ راضی کرلینا + نہ بھیجا تو نے لکھکر ایک پرچا۔
(ظفر) ہمارے دِل کو پرچا یا تو ہوتا +

پُرچک دینا ۔ ہ۔ ف م۔ ایسی بات کرنا جس سے بُرے کام کے کرنیکی جرأت ہو۔ شے دینا۔ اُکسانا۔ حمایت کرنا۔ اُبھارنا۔ بہکانا +

پُرچک لینا ۔ ہ۔ ف ل۔ حمایت لینا۔ طرفداری کرنا۔ اوڑ کرنا یا اُٹھنا +

پرچھا کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (پُورب) فیصلہ کرنا۔ معاملہ یا جھگڑا چکانا یا طے کرنا +

ہنسکے بولا یا رمیں مارے خوشی کے مرگیا۔
قصد طولانی تھا دو باتوں میں پرچھا کر دیا +

پرچھاواں پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کی صحبت کا اثر ہونا۔ کسی کی عادتوں کو اختیار کرلینا دوسرے کے ڈھنگوں پر چلنا۔ (۲) (غو) بچّہ کا کسی عورت یا بھوت پریت کے سایہ کے نیچے آجانا۔ بچّہ پر کسیکا دخل ہونا ارے کسی کا پرچھاواں پڑگیا ہے اِسکے اوپر سے چار پھول اُتار کے چولہے میں دھروا دے +

پرچھاویں سے بچنا یا دُور بھاگنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کے سایہ سے دُور بھاگنا کسی کا سایہ اپنے اوپر نہ پڑنے دینا صحبت سے نفرت کرنا۔ پاس بیٹھنا گوارا نہ کرنا

پرچھائیں سے ڈرتا یا بھاگتا ہے۔ محاورہ۔ نہایت مُتنفّر ہوتا ہے۔ ازحد نفرت کرتا ہے +

پرچہ لگنا یا گذرنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱)

(پردہ گذرنا) حاکم یا بادشاہ کو کسی خفیہ امر کی خبر بھیجنا۔ کسی خفیہ امر کی اطلاع ہونا + آتے ہیں بحر ص کچہری سے کچھ ملول۔ پردہ لگا کوئی جو مچلکا رقم ہوا + (بحر)

(۲) اخبار کا کوئی خریدار پیدا ہونا۔ اخبار کا پردہ بکنا یا فروخت ہونا +

پردہ اُٹھا دینا یا اُٹھا ڈالنا ۔ا۔فم (۱) گھونگٹ اُٹھا دینا یا کھولدینا + (۲) بے تکلّف ہوجانا۔ حجاب یا شرم کو دُور کردینا (۳) بات کو نہ چھپانا۔ بھید کھولدینا +

پردہ پڑ جانا ۔ا۔ف ل۔ اندھیرا ہوجانا آنکھ یا عقل کی روشنی جاتی رہنا۔ بیوقوف یا اندھا ہوجانا +

پردہ پوشی۔ پردہ داری ۔ف۔اِسم مؤنث برخلاف پردہ دری۔ عیب پوشی۔ راز داری + بولی وہ بکاؤلی کہ داری۔ محرم کا ہے کام پردہ داری + (امیر خسرو)

پردہ ڈھکنا یا ڈھک لینا ۔ا۔فم (۱) عیب چھپانا۔ اخفائے راز کرنا۔ پردہ پوشی کرنا + (۲) (عو) موت دینا دنیا سے اُٹھالینا +

اب تو رام جی پردہ ڈھک لے + (ہ عو)

پردہ ڈھکن ۔ا۔اِسم مذکر۔ (دیہات) خاوند۔ شوہر۔ گھر والا +

پردہ رکھنا ۔ا۔ف م ۔ (۱) کسی بات کو ظاہر نہ کرنا۔ اخفائے راز کرنا۔ (۲) چھپانا۔ پردہ کرنا۔ سامنے نہ ہونا۔ حجاب رکھنا + رکھے نہ ہم سے وہ کیونکر پردہ کہ ذات باری حجاب میں ہے +

پردہ رہجانا ۔ا۔ف ل۔ عزّت بچ جانا۔ بات رہ جانا +

ہلاک انداز وصل کرنا کہ پردہ رہجائے کچھ ہمارا۔ غم جدائی میں خیال کرکے کہیں عدو کی خوشی کا نہ (رنج)

پردہ فاش کرنا۔ اُٹھانا کھولنا یا اُکھاڑنا ۔ا۔فم۔ پردہ دری کرنا۔ بھید کھولنا۔ بھانڈا پھوڑنا۔ اِفشائے راز کرنا۔ عزّت میں بٹّا لگانا۔ قلعی کھولدینا۔ ساکھ بگاڑ دینا

پردہ کرنا ۔ا۔فم۔یا۔ل۔ (۱) اوٹ کرنا۔ کپڑا تاننا + (۲) چھپنا۔ سامنے نہ ہونا۔ چھپانا۔ سامنے نکرنا۔ پردہ میں ہونا۔ سرِ محفل مجھی سے تجھکو ظالم پردہ کرنا تھا۔ پھر اُس پر یہ مصیبت غیر کے دامن سے مُنہ ڈھانکنا + (داغ)

پردہ لگنا۔ پردے لگنا ۔ا۔ف ل۔ (طنزاً) پردہ نشین ہوجانا۔ پردہ میں بیٹھنا صاحب عصمت یا عفّت بن جانا +

پردہ نشین ۔ محاورہ۔ چھپنے والی عورتیں

گھر میں بیٹھی ہیں +

پردے بٹھانا - ا - ف م - باہر کی پھرنے والی لڑکی یا عورت کو پردے میں چھپانا یا پردہ نشین کرنا +

پردے پردے - ا م ف - چوری چوری بھیتر ہی بھیتر - اولٹ میں +

پردیس چھانا یا سہنا - ہ - ف ل - غیر ملک میں سکونت پذیر ہونا - وطن چھوڑنا ایک عرصہ تک اپنے عزیزوں سے جدا رہنا

پردے کی بوبو بی یا رانی - ا - اسم مؤنث - نہایت چھپنے والی - پردہ نشین - (۲) طنزاً - خراب عورت - بڑی پارسا - پردے میں زردہ لگانے والی +

پردے میں سوراخ کرنا گردہ یا زردہ لگانا - ا - ف م - گھر بیٹھے بیٹھے شکار کھیلنا - در پردہ فعل بد کرنا - پردہ میں غیروں سے آنکھ لڑانا - پردہ میں سینا بینی کرنا - پردہ ہی میں سے تانک جھانک کرنا - مٹی کی اوٹ میں شکار کھیلنا +

پرزے اڑانا یا کرنا - ا - ف م - کھال اڑانا - ٹکڑے کرنا - خوب پیٹنا - سخت سزا دینا +

پرسا دینا - ا - ف ل - (۱) (مسلمان) میت والوں کے ساتھ بیٹھ کر ماتم کرنا موت کی عذر خواہی کرنا - ماتم پرسی کرنا (۲) ہندو - موت کی خبر کرنا - نائی کا گھر گھر جا کر برادری والے کو مرنے والے کے نام سے آگاہ کرنا - نائی بولنا یا پکارنا +

پرسان حال - ف ع - صفت - دکھ سکھ سرگذشت یا بپتا سننے والا - فریاد رس - خبر گیراں - بات پوچھنے والا +

غریب کا کوئی پرسان حال نہیں

پرستان کا عالم ہے - محاورہ - اندر کا اکھاڑا اترا ہوا ہے - بڑی کیفیت آرہی ہے - بہشت کا سا لطف ہے +

پرسش کرنا - ا - ف م - پوچھ گچھ کرنا حال دریافت کرنا - مواخذہ کرنا - باز پرس کرنا +

پرستھان کرنا - ہ - ف ل - (ہندو) چالا کرنا - دیکھو (پائے تراب کرنا)

پرقینچ کرنا - ا - ف م - (کبوتر باز) (۱) پروں کو قینچی سے کترنا یا کاٹنا - اڑنے کے قابل نہ رکھنا - (۲) بے بس یا عاجز کرنا - ناچار کر دینا +

پر لگنا - ہ - ف ل - (۱) اُڑنے کے قابل ہونا بہت جلد پھیلجانا - شہرت پانا - تشہیر ہونا - (۲) اِترانا - غرور کرنا - پر پُرزے نکلنا - اُڑنے لگنا + (۳) از خود اُڑ جانا - غائب ہو جانا + (۴) جلد پہنچ جانا -

پرلے سرے کا - ہ - صفت - نہایت - بہت از حد + پرلے سرے کا بدمعاش ہے

پر لینا - ہ - ف م - پر کترنا یا کاٹنا - پر قینچ کرنا

پر مارنا - ا - ف ل - (۱) اُڑنا + (۲) دخل پانا - رسائی ہونا - پہنچنا - آنا +

پر نکالنا - ا - ف ل - (۱) نئے پر پیدا ہونا (۲) اِترانا - دُوں کی لینا + دیکھو (بڑھ چلنا)

پر نہ مارنا - ا - ف ل - اُڑ نہ سکنا - پاس نہ آسکنا - پاس نہ پھٹکنا - رسائی نہ ہونا - دخل نہ ہونا + یہاں پرندہ پر نہیں مار سکتا +

پرنالی پڑتی ہے - محاورہ - (چابکسوار) مُنہ پھیرنے کے باعث گھوڑے کے ٹھوڑی اور سر کے بیچ میں نالی پڑنے لگتی ہے اسی سبب سے گھوڑے کے خوب تیار اور تر و تازہ ہو جانے کو کہتے ہیں

پرندہ پر نہیں مار سکتا - محاورہ - ایسا بندوبست اور انتظام ہے کہ پرندہ بھی اُڑ کر نہیں آسکتا - از حد روک ہے کمال حفاظت ہے - نہایت بندی ہے

پروان چڑھنا - ہ - ف ل - (۱) بڑھنا ترقی کرنا + (۲) پرورش پاکر عمر طبعی کو پہنچنا - بڑا ہونا - مُراد کو پہنچنا - کامیابی حاصل کرنا - پھلنا - پھولنا - (۳) شادی ہونا - بیاہ ہونا - بیل منڈھے چڑھنا + نکلاں باپ کا نہ کچھ ارماں! (شوق) ہائے بیٹا! نہ تم چڑھے پروان!

پروانے کی نقل - ا - اِسم مذکر - (بازاری) جورو کا بھائی - سالا خسر پورہ +

پروانہ ہونا - ا - ف ل - پروانہ جو ایک قسم کا پردار کیڑا ہے ہمیشہ چراغ یا شمع پر اپنی جان دیتا ہے - اسی سبب سے عاشق ہونا - جان دینا - مرنا - فریفتہ ہونا - موہا جانا +

پروبال نکالنا - ا - ف ل - (۱) ہوش سنبھالنا - لیاقت بہم پہنچانا + (۲) زور پکڑنا - طاقت حاصل کرنا + (۳) فتنہ اُٹھانا جھگڑا کھڑا کرنا - فساد برپا کرنا + مطلوب کا سن سمجھ کے سب حال - چاہے کہ نکالے کچھ پروبال +

پُروف اُٹھانا - ا - ف م - (چھاپہ خانہ)

کاپی کو چھاپنے کے پتھر پر جما کر اُس کی دوسری نقل پتھر سے نئے کاغذ پر لینا +

پرہیزی کھانا - ا۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ غذا جسکی طبیب یا ڈاکٹر مریض کو اجازت دے (۲) بغیر گھی اور مصالح کا کھانا۔ بدمزہ کھانا

پرے بیٹھانا - ہ۔ ف م۔ اپنے پاس نہ آنے دینا۔ نظروں سے گرا دینا۔ لگا نہ کھانے دینا۔ حقیر کر دینا۔ مات کر دینا + بوا یہ لڑکی ایسا ستیتی ہے کہ درزی کو پرے بٹھاتی ہے +

پرے پرے - ہ۔ ندا و ندبہ۔ پرے ہٹ الگ الگ۔ دُور دُور۔ دُور پار +

پریشان کرنا - ا۔ ف م۔ (۱) دِق کرنا ستانا + (۲) اندیشہ یا فکر میں ڈالنا +

پری کا سایہ ہے - محاورہ۔ اُوپری خلل ہے۔ اُوپر والیوں کا دخل ہے۔ بھوت پریت کا اثر ہے +

پریکھا کرنا - ہ۔ ف ل۔ (عو) شکایت کرنا۔ گلہ یا شکوہ کرنا۔ اُلاہنا دینا پچھتاوا کرنا۔ ارمان یا خیال کرنا +

پرے کے پرے - ا۔ اسم مذکر۔ فوج کی فوج۔ دَل کے دَل۔ گروہ کے گروہ قطاروں کی قطاریں +

پرے کے پرے - ہ۔ م ف۔ الگ الگ۔ باہر باہر۔ کسی سے بغیر ملاقات کئے۔ بن ملے +

پریوں کا اُتارا یا اکھاڑا - ا۔ اسم مذکر۔ خوبصورت لڑکوں یا عورتوں کا مجمع پریوں کا جمگھٹا +

پڑا پانا - ہ۔ ف ل۔ رستہ چلتے میں کسی چیز کا پڑا ہوا ملجانا۔ مُفت یا بے محنت و مشقت ہاتھ لگ جانا +

پڑاقے کی گوٹ - ہ۔ اسم مؤنث۔ رنگ برنگ یا طرح بطرح کی گوٹ۔ چٹ پٹ کی گوٹ +

پڑا گرا رہتا ہے - محاورہ۔ ہمیشہ بیمار سا رہتا ہے۔ روگی سا بنا رہتا ہے +

پڑاؤ ڈالدینا - ہ۔ ف م۔ چھاؤنی چھانا قیام کرنا۔ رہ پڑنا۔ سکونت اختیار کر لینا۔ رہنے لگنا +

پڑاؤ مارنا - ہ۔ ف م۔ پڑاؤ کو لوٹ لینا۔ بنجارے یا قافلہ پر چھاپہ مارنا +

پڑتال پڑنا - ہ۔ ف ل۔ خوب جوتیاں لگنا۔ خوب گت بننا۔ کوبا کاری ہونا +

پڑت پھیلانا - ہ۔ ف م۔ حساب یا لاگت کا اندازہ کرنا۔ بیوپت یا اندازہ کرنا +

پڑیاں اُڑانا یا چھوڑنا - ہ۔ ف م +

چہل بی بی یا پریوں کے نام کی نیاز دلوا کر ابیرا ور سندور کی پڑیاں شام کے وقت بچوں کے اوپر سے اتار کر ہوا میں اڑانا۔ ایک طرح کا ٹوٹکا کرنا +

پس پا ہونا۔ ا۔ ف ل۔ شکست کھانا پیچھے ہٹ جانا۔ ہار جانا +

پشت ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) ٹوٹ جانا۔ فسخ ہونا۔ کم ہونا + (۲) ہارنا مغلوب ہونا۔ پیٹھ دکھانا +

پسپر حرانا۔ ہ۔ ف م۔ پچھلی رات کو ڈھونڈوں اور خاص کر بھینس کا جنگل میں لیجا کر چرانا

پسلی پھڑکنا۔ ہ۔ ف ل۔ خبر ہو جانا۔ معلوم ہو جانا۔ کسی بات کی اطلاع ہو جانا + جب غیر سے ہوا وہ کہیں رات ہمکنار۔ یاں درد دل سے اپنے بھی پسلی پھڑک گئی

پسلی کا آزار عارضہ یا دکھ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ (عو) مسان کی بیماری یا خلل۔ بچوں کی بیماری۔ ہنبا ڈبا +

پس و پیش سوچنا۔ ا۔ ف ل۔ اگا پیچھا یا برائی بھلائی سوچنا۔ اونچ نیچ کو خیال کرنا۔ نتیجہ نکالنا +

پس و پیش کرنا۔ ا۔ ف م۔ سوچ بچار کرنا۔ حجت و تکرار کرنا۔ حیلہ وحوالہ بتانا۔ ٹالنا +

پسینا ہرا ہونا۔ ہ۔ ف ل (پہلوان) پسینا خشک ہونا یا سوکھنا +

پسینوں میں ڈوبنا یا نہا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کثرت سے پسینے کا آنا۔ پسینوں میں شرابور ہو جانا + (۲) محنت یا مشقت کرنا۔ بڑی جانفشانی کرنا

پسینے پسینے ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ دیکھو (آب آب ہونا)۔ عرق عرق ہو جانا۔ بہت پسینہ آنا۔ پسینوں میں نہا جانا

پسینے کی جالہو بہانا یا گرانا۔ ہ۔ ف ل پسینا گرانے کے موقع پر اپنا خون گرانا خوب ساتھ دینا۔ گہری یا گاڑھی دوستی کا دم بھرنا یا اظہار کرنا۔ کسی کے واسطے اپنی جان دیدینا +

پشت بہ پشت۔ فم ف پیڑھیوں سے۔ پرکھاؤں سے نسلاً بعد نسلٍ۔ باپ دادا سے۔ آبا و اجداد سے +

پشت دکھانا۔ ا۔ ف م۔ لڑائی میں سے بھاگ جانا۔ شکست کھا کر بھاگنا۔ پیٹھ دکھانا +

پشتک مارنا یا پھینکنا۔ ا۔ ف م۔ گھوڑے گدھے۔ اونٹ وغیرہ کا

دُلتی مارنا +

پُشتی کرنا یا لینا - ا - فم - سہارا یا پُر چک دینا - حمایت لینا - ساتھ دینا مدد کرنا +

پشم پر مارنا - ا - ف م - (بازاری) کسی چیز کی اتنی بھی عزت نکرنا - کہ اسے ہاتھ سے پھینکیں بلکہ پشم پر رکھکر پھینکدینا بہت حقیر سمجھنا - کچھ پروا نکرنا - خاطر میں نہ لانا +

پشم کندہ نہونا - پشم نہ اُکھڑنا - ہ - ف ل - (بازاری) جھانٹیں ٹیڑھی نہونا - جھانٹ بھی نہو سکنا - کچھ نہو سکنا - بدلہ لینے میں بہت عاجز رہجانا

پشم نہ سمجھنا - ف ل - (بازاری) (۱) پشم کے برابر بھی کسی کا درجہ نہ گنتا - کچھ بھی نہ سمجھنا - نہایت حقیر جاننا - (۲) پشم کی تمیز کرنے یا پہچاننے کی بھی عقل نہونا - خاک نہ جاننا - خاک نہ سمجھنا - بیوقوف ہونا + شیخی اتنی کرتا ہے اور سمجھتا پشم بھی نہیں +

پکّا پان - ہ - صفت - (۱) بہت بڈھا - بہت ضعیف - پیر فرتوت - عمر رسیدہ (۲) جہاندیدہ - تجربہ کار +

پکّا پکایا - ہ - صفت - بالکل تیار - بنا بنایا - پختہ - لیس +

پکّا پھوڑا - ہ - صفت - غمگین - ستم رسیدہ غم آلودہ - آزردہ خاطر - آفات چشیدہ

قطعہ میر

وہ دل کہ شام و سحر پکّا پھوڑا تھا
وہ دل کہ جس سے ہمیشہ جگر فگار رہا
سو اُسکو ہمسے فراموش کاریوں لیگئے
کہ اُس سے قطرۂ خوں بھی نہ یادگار رہا

پکّا پیسا - پکّی پیسی - ہ - صفت - (۱) پکر پختہ ہوگیا ہے - پرلے درجہ کا ہوشیار نہایت تجربہ کار ہے - کارآزمودہ + (۲) چھٹیسا چھٹیسی - مکار +

پکّا چٹھا - ہ - اِسم مذکر - سالانہ حساب کا پختہ کاغذ +

پکّا رکے - ہ - م ف - علانیہ - ظاہرا کھلم کھلا - ڈنکے کی چوٹ +

پکّا کاغذ - ا - اِسم مذکر - (۱) کھتیا یا ہوا کاغذ - پختہ حساب + (۲) اشٹام کا کاغذ

پکّا کرنا - ہ - ف م - (۱) کسی کام کے لئے آمادہ یا مضبوط کرنا + (۲) ہمت مضبوط کرنا - ہمت بندھانا - (۳) بل دیکر مضبوط کرنا - اینٹھنا +

جیسے ناگے پکّے کرنا +

(۴) سبق کو خوب رواں کرنا۔ گھوٹنا۔ ذہن نشین کرنا +

پکّا ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی معاملہ کی خوب پُختہ پُز ہو جانا۔ معاملہ پک جانا۔ معاملہ طے ہو جانا۔ کام پختہ یا مضبوط ہونا +

پکڑا جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) گرفتار ہو جانا مقید ہو جانا + (۲) حال دریافت ہو جانا۔ گرفت میں آنا +

پکڑ دھکڑ ۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ مجرموں کی گرفتاری یا پکڑ +

پکھال پیٹا ۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ وہ شخص جسکا پیٹ پکھال کے برابر ہو۔ بڑپیٹو۔ بہت کھانیوالا +

پگڑی اُتارنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) پت کُپت کرنا۔ آبرو لینا۔ عزت بگاڑنا + (۲) دھوکا دینا۔ فریب دیکر چھین لینا۔ جُل دینا۔ ٹھگ لینا۔ لُوٹ لینا۔ زیادہ دام لے لینا۔ سر مُونڈ لینا +

پگڑی اُترنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بیعزتی ہونا۔ بیوقری ہونا۔ آبروریزی ہونا۔ کُپت ہونا + (۲) لُٹنا۔ ٹھگا جانا۔ سر مُونڈا جانا +

یہاں پوربی دھول پگڑی اُترتی ہے

پگڑی اٹکنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (پوربی) مقابلہ ہونا۔ مُٹ بھیڑ ہونا۔ برابری یا ہمسری ہونا + گدائی ہمسری کرتی ہے اپنی بادشاہی سے
یہاں کچکول کی اٹکی ہے پگڑی کجکلاہی سے

پگڑی اُچھالنا ۔ ہ۔ ف م۔ عزت بگاڑنا یا خراب کرنا۔ ذلیل و رسوا کرنا۔ پگڑی اُتارنا

پگڑی اُچھلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ شیخی کرکری ہونا۔ ذلت و رسوائی ہونا۔ بیعزتی ہونا شیخی و شیخت نہیں میخانہ میں چلتی
یہاں پگڑی اُچھلتی ہے خرابات مغاں میں

پگڑی باندھنا ۔ ہ۔ ف م (۱) کسی کو کسی کا قایم مقام بنانا۔ خلیفہ کر دینا۔ اُستاد کی جگہ دینا۔ اُستاد بنا دینا۔ گدّی نشین یا تخت نشین کرنا + (۲) عورت کا مردانہ لباس کرنا۔ مرد بن جانا +

پگڑی بدلنا ۔ ا۔ ف ل۔ پگڑی بدل دوستانہ یا یارانہ کرنا + پگڑی بدل بھائی بنّا +
عشق بُتاں میں دیکھا یہ لطف سب پہ طُرّہ
بدلی گئی ہے پگڑی شیخ اور برہمن میں +

پگڑی بندھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سرداری یا وراثت کی پگڑی سر پر دھری جانا۔ پنچوں یا حاکموں کی طرف سے وارث

بنایا جانا۔ گدّی نشین یا جانشین کیا جانا۔ کسی کا قایم مقام بنایا جانا + (۲) خلعت ملنا۔ عزّت یا آبرو ملنا۔ توقیر بڑھنا + (۳) اُستاد کی جگہ ملنا۔ اُستاد مانا جانا۔

پگڑی رکھنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) پگڑی پہننا مرد بننا۔ مردوں کے کام کرنا + (۲) عزّت یا آبرو کو بچانا۔ عزّت بنائے رکھنا + پگڑی رکھ اور گھی کھا + مثل (۳) پگڑی کو گروی رکھنا + (۴) منّت و خوشامد کرنا۔ بنتی کرنا۔ ہاتھ کھانا پیروں میں پڑنا +

پگڑی والا۔ ہ۔ اِسم مذکّر (م عوم) طبیب حکیم۔ ڈاکٹر۔ بیدر۔ چیرے والا۔ (چونکہ عورتیں رات کے وقت حکیم کا نام لینا منحوس سمجھتی ہیں اسی وجہ سے اُنکو اِس خطاب سے پکارتی ہیں) +

پلّا بھاری ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بہت فاصلہ یا دوری ہونا + (۲) بہت سے حمایتی یا مددگار ہونا۔ بہت سارے طرفدار ہونا + (۳) بہت سے گناہوں کا بوجھ سر پر ہونا + (۴) بہت سا کنبہ ہونا۔ اولاد کا کثرت سے ہونا + (۵) تعلّقات دُنیوی میں مُبتلا ہونا۔ سنسار کے جھگڑوں میں گھرا رہنا +

پلّا پکڑ لینا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سہارا آسرا یا سرن لینا۔ کسی کا ہو رہنا +

میں نے تو اب تمہارا پلّا پکڑ لیا ہے

(۲) بے عزّتی کرنا۔ عزّت اُتارنا + میرا روپیہ نہیں دوگے تو بازار میں پلّا پکڑ لونگا +

پلّا چھڑانا۔ ہ۔ ف م۔ رہائی حاصل کرنا۔ پیچھا چھڑانا +

پلّا کیچڑ میں پھنس رہا ہے۔ چاروں پلّے کیچڑ میں پھنس رہے ہیں۔ محاورہ دُنیا کے بکھیڑوں میں مُبتلا ہیں۔ سنسار کے دھندے میں پھنس رہے ہیں +

پلّا لینا۔ ہ۔ ف ل۔ منہ پھاڑ کر رونا میّت کے واسطے رونا۔ میّت پر رونا پیٹنا دینا +

پُل باندھنا یا باندھ دینا۔ ا۔ ف م۔ (۱) دریا کے عرض کو پاٹ کر راستہ بنانا (۲) ڈھیر لگا دینا۔ کسی چیز کی کثرت کرنا۔ ریز یا ریل پیل کر دینا +

پُل بندھنا۔ ا۔ ف ل۔ ڈھیر لگ جانا۔ اٹم ہو جانا۔ انبار لگنا +

دل و جان و جگر پر بے تائل + غم و درد و الم کا بندھ گیا پُل + (جرأت)

پُل بندی۔ ا۔ اِسم مؤنث۔ پُل کی تعمیر۔ پُل کی مرمت۔ (۲) پُل کا محصول +

پُل بھر میں۔ ہ م ف۔ چھن بھر میں۔ آناً فاناً میں۔ ذراسی یا تھوڑی سی دیر میں فوراً۔ تُرت +

پُل پڑنا۔ پُل جانا۔ ہ۔ ف ل۔ ایک دفعہ ہی بہت سے آدمیوں کا ملکر چڑھ جانا ملکر زور کرنا۔ چڑھائی کر دینا + (۲) جُھک پڑنا۔ متوجہ ہونا +

پلیلی ٹھیکری۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ (م عو) عورت کی شرمگاہ۔ اندام نہانی۔ بدن +

پُل ٹوٹ گیا یا ٹوٹ پڑا۔ محاورہ۔ جب پُل ٹوٹ جاتا ہے تو پانی بکثرت چاروں طرف پھیل جاتا ہے۔ اسی سبب سے۔ بندی کھل گئی۔ بہتات یا کثرت ہوگئی۔ ریل پیل ہوگئی۔ ڈھیر لگ گیا +

پلک اُٹھا اُٹھا کے راج کرنا۔ ہ۔ ف م ہر وقت حکومت کرنا۔ ہمیشہ راج کرنا +

پلک اُٹھا کے راج کرنا۔ ہ۔ ف م۔ پیدا ہوتے ہی امیری کرنا۔ پوتڑوں کا امیر ہونا۔ ہمیشہ سے راج کرنا + (عو) کپت ٹا۔ ہ۔ صفت۔ بار بار پلک کو مُوندنا جاوالا۔ روشنی کے آگے چندھیا جانے والا۔ سِل کی بیماری والا۔ چندھا شیر چشم + (م عو)

پلک جھپکانا + ہ۔ ف ل + تھوڑی سی دیر کو سو رہنا۔ قیلولہ کرنا۔ آرام فرمانا +

پلک جھپکنے میں یا جھپکانے میں۔ ہ۔ م ف + نہایت قلیل عرصہ میں۔ ذرا کی ذرا میں۔ فوراً۔ تُرت بہت جلد +

پلک دریا + ا۔ صفت + ایک پلک میں دریا کر دینے والا۔ اسی سبب سے + بڑا فیاض کریم۔ نہایت سخی۔ داتا + (عوام)

پلک لگ جانا یا جھپک جانا + ہ۔ ف ل + تھوڑی دیر کو سو جانا + آنکھ لگ جانا۔ ذرا نیند آجانا +

پلک مارتے۔ پلک مارتے میں۔ ہ م ف + تھوڑی سی دیر میں۔ دیکھو (پل بھر میں) +

پلک مارنا۔ ہ۔ ف ل (۱) آنکھ سے اِشارہ کرنا۔ دیکھو (آنکھ مارنا) + (۲) سونا +

پلک نواز + ا۔ صفت + ذراسی دیر میں بخش دینے والا۔ دم میں نہال کر دینے والا +

پلک نہ پسیجنا۔ ہ۔ ف ل + دیا یا ترس نہ آنا۔ دیکھو (آنکھ نہ پسیجنا) +

تو چشم کریہ اُس سے اے دو دِ آہ مت رکھ
کیا دخل ہے کہیں جو اُسکی پلک پسیجے

پلک نہ لگنا + ہ۔ ف ل + (۱) نیند نہ آنا جاگ کر رات کاٹنا۔ (دیکھو آنکھ نہ لگنا)

پلکوں سے زمین جھاڑنا + ا۔ ف م از حد اطاعت کرنا۔ بڑے درجہ کی خدمت گزاری کرنا +

ہم چشموں نے چنوں اُنکی تاڑی۔
پلکوں سے زمیں بن کی جھاڑی + (نسیم)

پلکوں سے نمک اُٹھانا یا چُننا + ا۔ ف م + ہاتھوں کا کام پلکوں سے لینا۔ ناممکن یا دشوار کام کرنا +

پل بھر میں۔ پل کے پل۔ پل مارتے پل مارتے میں۔ ہ م ف + چھن بھر میں۔ آناً فاناً میں۔ ذرا سی یا تھوڑی سی دیر میں۔ فوراً۔ تُرت۔ طرفۃ العین میں + ساتھ برساتھا مرے ابرِ مژہ کے ایک بار
(معروف) جھڑ گئی پل بھر میں شیخی ابر دریا بار کی

پلنگ توڑ۔ ا۔ اِسم مذکر + وہ آدمی جو پلنگ پر بیٹھا کھائے اور کچھ کام نکرے کاہل۔ آلسی۔ نکھٹو۔

پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہو جانا ا۔ ف ل + (عو) بچہ جن کر تندرستی کے ساتھ یا صحیح وسالم فارغ ہو جانا۔ جننے سے فراغت پانا + (۲) بیماری یا دُکھ سے نجات حاصل کرنا۔ سخت بیماری سے شفا پانا۔ بیماری سے کھڑا ہو جانا +

پلّول ملانا + ا۔ ف م + (لشکری) (انگریزی (PAROLE) کا بگاڑ ہے جسکے معنے مقررہ عبارت ہیں)۔ سازش کرنا۔ گانٹھ لینا گُشتی یا گٹھوت کرنا۔ ہمراز بنانا +

پلّول ملنا + ا۔ ف ل + مشورہ یا گٹھوت ہونا۔ موافقت ہو جانا۔ سازش ہو جانا

پلّے باندھنا + ہ۔ ف م۔ سنگوانا کسی چیز کی خوب حفاظت کرنا۔ سنبھالنا (۲) اوپر لینا۔ اپنے ذمہ یا اپنے سر لینا۔ (۳) بیاہنا۔ بیاہ دینا۔ عقد یا نکاح میں لانا + (۴) حرزِ جاں یا تعویز بنانا۔ یاد رکھنا۔ دل میں جگہ دینا +

پلّے بندھنا پڑنا یا لگنا + ہ۔ ف ل (۱) منسوب ہونا۔ بیاہا جانا۔ شادی ہونا۔ نکاح میں آنا + (۲) ذمہ سر یا گلے پڑنا۔ پیچھے لگنا +

پلّے پڑنا۔ پلّے لگنا۔ ہ۔ ف ل + ملنا۔ ہاتھ لگنا۔ بانٹے یا حصہ میں آنا۔ وصول ہونا + (۲) پنجہ میں پڑنا۔ بس یا قابو میں

آنا۔ قبضہ میں ہونا۔ پالے پڑنا + (۳) شادی ہونا۔ دیکھو (پتے بندھنا)

پلی پلی جوڑنا + ہ۔ ف م + تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ بڑی محنت یا جانفشانی سے کسی چیز کو جوڑنا + رحمان جوڑے پلی پلی شیطان لڑھائے کپے + مثل

پلیتہ چاٹ جانا + ہ۔ ف ل + (۱) (حلوائی) آنچ کا نہ جلنا یا نہ سلگنا + بھٹی پلیتہ چاٹ گئی + (۲) رنجک کا اڑ جانا۔ نہ چھٹنا نہ چلنا + توپ پلیتہ چاٹ گئی +

پلیتہ دینا یا لگانا + ہ۔ ف م + (۱) بھٹی میں آگ روشن کرنا۔ یا جلانا + (۲) توپ کو بتی دکھانا۔ توپ چھوڑنا + (۳) (طنزاً) جلانا۔ آگ لگانا۔ چولھے میں ڈالنا +

پلیتھن نکالنا۔ (پرانا محاورہ) پلیتھن پکانا ہ۔ ف م + خوب مارنا یا پیٹنا۔ بھرکس نکالنا گرد یا دھول جھاڑنا۔ ٹھیک بنانا۔ گت بنانا۔ کندی کرنا۔ دھن کٹی کرنا۔ پتلا حال کرنا + مکے مسرف سے گھر لگاؤں گا (سودا) اور پلیتھن تیرا پکاؤں گا +

پلیتھن نکلنا + ہ۔ ف ل + تباہ حال ہونا پتلا حال ہونا۔ کام تمام ہو جانا۔ مر مٹنا کچومر ہو جانا +

یاں پلیتھن نکل گیا واں غمیر
اپنے تئیں لگائے جاتے ہیں + (میر تقی)

پلے جھاڑ کھڑا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کام سے بالکل الگ ہو جانا۔ پیچھا چھڑانا نجات یا رہائی حاصل کرنا + کچھ تعلق نہ رکھنا + (۲) سب کچھ بانٹ دینا۔ بالکل صفایا کرنا +

پلے ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ گرہ یا گانٹھ میں ہونا۔ پاس ہونا۔ مالدار یا دولتمند ہونا + اب اُسکے پلے بہت روپیہ ہو گیا ہے

پناہ دینا۔ ف م۔ سہارا یا امن دینا سرن میں لینا۔ بچانا +

پناہ مانگنا۔ ف م۔ (۱) سرن یا سہارا چاہنا + (۲) توبہ کرنا۔ دور بھاگنا۔ تراہ تراہ کرنا +

پنبہ بگوش ہے۔ محاورہ۔ بہرا ہے۔ کانوں میں ٹھینٹھیاں ہیں۔ بہرا پتھر ہے بڑا بے خبر ہے۔ غافل ہے +

پنبہ دہن۔ ف۔ صفت۔ ان بولا۔ کم بولا۔ کم سخن۔ کم گو۔ منہ میں گھنگنیاں بھری ہیں۔ گم صم ہے +

پنتھ بڑھانا۔ ہ۔ ف م۔ (ہندو) (۱) اپنے پنتھ یا دین میں ملانا۔ جتھا بڑھانا

(۲) اپنا جیسا کرنا۔ ہم مشرب یا ہم خیال بنانا۔ اپنے ڈھنگوں پر لانا +

پنتھ ڈوبنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دین یا مذہب میں خلل آنا + (۲) کنبے یا خاندان کا بدچلن ہونا۔ آدے کا آوا بگڑ جانا +

پنتھی پوڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ چورس ہو کر بیٹھ جانا زانو پر زانو رکھکر بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر یا چار زانو بیٹھنا +

پنجروزہ۔ ف۔ صفت۔ پانچ دن کا۔ چند دنوں کا۔ تھوڑے عرصہ کا۔ کوئی دن کا۔ فانی۔ ناپائدار + یہ نوبت پنج روزہ ہے بجائے جسکا جی چاہے +

پنج عیب شرعی۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ شخص جس میں یہ پانچوں شرعی عیب ہوں۔ زنا کاری (جاری)۔ قمار بازی (جوا) شراب خواری۔ (مدھرا پان) دروغگوئی (جھوٹ)۔ چوری + (۲) بدمعاش پاجی۔ لچا۔ حرامزادہ۔ ازحد شریر۔ نہایت شہدا + (۳) (بدمعاشوں کی اصطلاح میں) پانچوں وقت کی نماز پڑھنے والا۔ قال اللہ قال الرسول۔ متقی۔ بڑا پرہیزگار پاک کرنیوالا +

پنجوں کے بل چلنا۔ ا۔ ف ل۔ ایڑی کو اونچا کرکے صرف پاؤں کی انگلیوں کو زمین پر ٹکا کر چلنا۔ اسی سبب سے زمین پر پاؤں نر رکھنا۔ گھمنڈ کرنا۔ اترا کر چلنا +

پنجہ پھیر دینا یا موڑ دینا۔ ا۔ ف م۔ (پہلوان) (۱) ہاتھ موڑ دینا یا پھیر دینا (۲) غالب آجانا۔ دبا لینا +

پنجہ کرنا۔ ا۔ ف م۔ انگلیوں کے وسیلے سے زور کرنا۔ کسی کے پنجے سے پنجہ لڑانا

پنج ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) (چابکسوار) گھوڑے کا سات برس کی عمر کو پہنچنا۔ گھوڑے کا جوانی پر آنا + (۲) نہایت شریر ہونا۔ ازحد دنگئی ہو جانا +

پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا۔ چمٹنا یا لپٹنا۔ ا۔ ف ل۔ ہاتھوں کو صاف کرکے کسی کام میں مصروف ہونا۔ سب تعلقات یا خیالات کو چھوڑ کر ایک کام میں ہمہ تن مشغول ہونا۔ نہایت مستعدی کے ساتھ کسی کام کے کرنے میں لگ جانا

لے گیا صحرا کی جانب، واں اُسے شوقِ شکار
شیرِ غم پنجے پڑا یاں کیا ہی پنجے جھاڑ کر

(۲) کسی شخص کو نہایت بُرا بھلا کہنا۔ کسی کو مستوا تر سخت و سست کہے جانا۔

سخت یا تنگ کرنا۔ درپے آزار ہو جانا
پیچھے پڑجانا +

پنجے گاڑنا یا جمانا ۔ ا۔ ف م۔ کسی جگہ قبضہ کرنا۔ قابض ہو جانا۔ جم کر بیٹھ جانا

پنجے میں لانا ۔ ا۔ ف ل۔ قبضہ قابو یا بس میں لانا۔ جال میں پھنسانا +

پنچایت جوڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) برادری کے آدمیوں کو کسی بات کی صلاح یا مشورہ کے لئے اکھٹا کرنا۔ مشورہ یا صلاح کرنا۔ کونسل کرنا + (۲) بہت سے آدمیوں کو اکھٹا کرنا۔ بھیڑ لگانا یا کرنا +

پنچوں کا پیالہ ۔ محاورہ۔ (عوام) چلم۔ حقہ +

پنڈا پھیکا یا گرم ہونا ۔ ہ۔ ف ل بخار کی حرارت ہونا۔ خفیف سی حرارت ہونا۔ جی اُمنڈنا ہونا۔
(۱) کچھ عجب حال میرے جی کا ہے۔
دیکھو پنڈا ابھی سے پھیکا ہے + (شوق)
(۲) آج بچّہ کا پنڈا گرم ہے +

پنڈا دھونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (عو) نہانا۔ پنڈے پر پانی ڈالنا۔ اشنان کرنا غسل کرنا +

پنڈ پانی پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ صبر آجانا دستو کھ ہونا۔ کلیجا ٹھنڈا ہونا۔ دل کا غبار مٹنا۔ پتّہ پانی پڑنا + (ہندو)

پنڈ پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (پورب) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ چمٹنا +

پنڈت خانہ ۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) قید خانہ (۲) قمار خانہ۔ جوئے خانہ۔ پھڑ +

پنڈ چھٹنا ۔ ہ۔ ف ل۔ پیچھا چھٹنا۔ جان بچنا۔ رہائی ہونا +

پنڈ چھڑانا یا چھٹانا ۔ ہ۔ ف م۔ یا۔ ل۔ پیچھا چھڑانا۔ نجات یا مخلصی دینا۔ چھٹکارا پانا +

پنڈ چھوڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ نجات دینا۔ عقب گزاری کرنا۔ بخشنا +

پنکھ پسارنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پروں کو اُڑنے کے لئے پھیلانا + اُڑنیکا ارادہ کرنا۔ پرواز کرنا + (۲) (عو) طنزاً ڈوپٹے یا چادر کے پلّے کو لٹکاتے چلنا (۳) مرنا۔ کوچ کرنا۔ سدھارنا +
جب ہنسا نے پنکھ پسارے۔
گٹھم کیلا رو رو ہارے + (بھجن)

پنکھی لگ جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (م عو) دل کا پنکھا ہلنے لگنا۔ بہت دھڑکن

ہونا۔ ہول دل ہو جانا +

پنیر جمانا۔ پنیری جمانا۔ ا۔ ف م۔ اپنا حق یا دعویٰ جمانا۔ کسی بات کی بنیاد ڈالنا۔ اپنی نیو جمانا۔ پنجے گاڑنا +

پنیر چٹانا۔ ا۔ ف م۔ پنیر کھلا کر یار بنانا لالچ پر لگانا۔ لالچ دینا۔ خوشامد یا چاپلوسی کرنا +

پو بارہ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) (پو بارہ پڑنا) جیت کا پاسا یا داؤں آنا جیت ہونا (۲) فائدہ یا نفع ہونا۔ گہرے ہونا۔ کام بننا + گل چھرّے اُڑنا۔ عید ہونا مال ہاتھ لگنا۔ پانچوں اُنگلیاں گھی میں ہونا

پو پھٹنا۔ ہ۔ ف ل صبح صادق ہو جانا بھور یا تڑکا ہو جانا +

پوت پورا کرنا یا ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی نہ کسی طرح کمی کو پورا کرنا۔ جوں توں کر کے کسی کام کا سرانجام کرنا۔ پورا ڈالنا +

پوت پورا ہونا۔ ہ۔ ف م۔ کمی کا پورا ہو جانا۔ بہ مشکل تمام پورا پڑ جانا۔ دقت سے کسی کام کا انجام پر پہنچنا +

پوتڑوں کا امیر۔ نواب یا رئیس۔ ا۔ اسم مذکر۔ روز پیدائش کا امیر۔ چھٹی کا رجہ۔ جنم کا امیر یا شکھیا۔ امیرزادہ خاندانی امیر۔ رئیس ابن الرئیس۔ سلطان ابن السلطان +

پوتڑوں کا دالدری۔ ہ۔ اسم مذکر۔ جنم کا غریب۔ سدا کا کنگال۔ بڑا مفلس +

پوتوں پھلنا۔ کلمہ دعائیہ۔ سنتان کی بڑھی ہونا۔ اولاد یا نسل کی ترقی ہونا۔ لڑکے بالے کثرت سے پیدا ہونا دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو +

پوتوں والا ہو کر مرنا۔ ہ۔ ف ل۔ بہت عمر والا ہو کر مرنا۔ صاحب نصیب یا بھاگوان ہو کر مرنا +

پوٹا تر ہونا۔ ا۔ ف ل۔ دھن یا دولت کی طرف سے بیفکری ہونا۔ روپیہ پلّے ہونا۔ دولت مند یا مالدار ہونا

پوٹ کی چادر۔ ا۔ اسم مؤنث۔ (مسلمان) کفن کے اوپر کی چادر جو مردے کے ساتھ ہی دفن کیجاتی ہے

پوچھا پاچھی یا پوچھا تاچھی کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سیانوں کو وہ تمباکو جو بیمار کے سرہانے رات کو دھرتے ہیں۔ پلا کر اسکی بیماری کا سبب دریافت کرنا + (۲) تحقیقات یا تجسس کرنا +

ڈھونڈ بھال کرنا۔ حال دریافت کرنا +

پوچھکا کھیلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ بازی بدکر چوسر کھیلنا۔ جوا کھیلنا۔ قمار بازی کرنا +

پوڈنا سا ۔ ہ۔ صفت۔ پودنا جو ایک چھوٹا سا پرندہ ہے اُسکے برابر۔ ادنیٰ سا۔ چھوٹا سا۔ ذرا سا۔ کمزور۔ بودا +

پورا اُترنا ۔ ہ۔ ف ل۔ وزن یا تول میں ٹھیک بیٹھنا۔ آزمایش یا امتحان میں کامل نکلنا۔ کسی کام کا ٹھیک ٹھیک انجام کو پہنچ جانا۔ کامیاب ہونا ٹھیک بیٹھنا +

پورا پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کفایت کرنا۔ بس ہونا۔ کافی ہونا۔ بخوبی گزران ہونا اچھی طرح سے گزرنا +

پورا ڈالنا۔ پوری ڈالنا ۔ ہ۔ ف م (عو) (۱) کمی کو پورا کرنا۔ دیکھو (پوت پورا کرنا) + (۲) نباہنا۔ گزارہ کرنا + دن کاٹنا +

پوری پڑنا + ہ۔ ف ل۔ کفایت کرنا گزر ہونا۔ گزارا ہونا +

(۱) تمکی کا ہو پورنے چوری جاسے کری موس ماس کے دھن لیو پوری ناہیں پڑی

ہرگز کسی کے سامنے مت ہاتھ کو پسارے

(۲) پوری تیری اُسی کے دئے سے پڑیگی یارا

پورے دنوں سے ہونا۔ پورے دنوں ہونا۔ پورے دن لگنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (عو) حمل کا نواں مہینا ختم ہو جانا۔ نو مہینے کا حمل ہو جانا۔ جننے یا وضع حمل کے دن قریب ہونا۔ جننے کو ہونا +

خدا رکھتو بچی اب پورے دنوں سے ہے + (م ع)

پونت کندہ کہدینا ۔ ا۔ ف م۔ علانیہ یا صاف صاف بیان کر دینا۔ کسی بات کو کھلم کھلا یا کھولکر بیان کرنا۔ بے لاگ بیان کر دینا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا +

پوشاک بڑھانا یا اُتارنا ۔ ا۔ ف م بدن کے کپڑے اُتارنا۔ لباس بدن سے جُدا کرنا +

پولے تلے گزران کرنا ۔ ا۔ ف ل جھونپڑی میں رہنا۔ بے سروسامانی کی حالت میں گذارہ کرنا۔ دن کاٹنا۔ غریبانہ حالت میں رہنا +

ہوا رایش دراز شیخ سے معلوم یہ ہمکو کہ یہ زاہد بھی ایک پولے تلے گزران کرتا ہے

پون بٹھانا ۔ ہ۔ ف م بیڑہ یا موکل بٹھانا

سفلی عمل کرنا۔ جادو کے زور سے کسی کو اپنا مطیع بنانا۔ جادو کر دینا۔ مانڈہ ڈالدینا +

پَون بول جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) جتنا دم یا سانس تھا سب نکل جانا + (۲) عاجز ہو جانا۔ ہار جانا۔ چیں بول جانا + (۳) دیوالہ نکل جانا۔ غریب یا کنگال ہو جانا +

پَون چلانا یا مارنا ۔ ہ۔ ف م۔ جادو کی مُوٹھ چلانا یا پھینکنا۔ بیر دوڑانا۔ جادو کرنا۔ بیمار ڈالدینا +

پَون کا پُوت ۔ محاورہ۔ (۱) ہنومانجی کا لقب + (۲) ناگ۔ سانپ۔ مار۔ اہی +

پَون کا پوت پتال کا راجہ + مثل +

پہاڑ ٹوٹنا یا ٹوٹ پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ سخت مصیبت آجانا۔ ناگہانی آفت پڑنا۔ آفت ناگہانی کا دفعتہً نازل ہو جانا بھاری بپتا پڑ جانا +

پہاڑوں پڑا ہے ۔ محاورہ۔ ابھی بہت دن باقی ہے +

پہاڑ سا دِن ۔ محاورہ۔ (۱) بہت بڑا دن۔ ایسا بڑا دن جسکا کاٹنا دشوار ہو جاتا ہے۔ گرمیونکا دِن + (۲) مصیبت کا دِن۔ بپتا کا دِن +

شبِ فراق تو جوں توں کٹی بنالہ و آہ ۔ یہ دن پہاڑ سا کیوں کر کٹے میرے اللہ + (ذوق)

پہاڑ سی راتیں ۔ محاورہ۔ (۱) بڑی راتیں۔ چودہ گھنٹے کی راتیں۔ جاڑے کی راتیں + (۲) مصیبت یا رنج و تکلیف کی راتیں۔ شب ہجر۔ جدائی و مفارقت کی راتیں۔ کس طرح کو کہن پہ گذرینگی (سجاد) ہجر کی یہ پہاڑ سی راتیں +

پہاڑ کاٹنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سخت مشکل یا دشوار کام کرنا۔ بڑی ہی مشقت کا کام کرنا + (۲) مصیبت ٹالنا۔ سختی کے دِن گزارنا +

پہاڑ کھا نیکو دوڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ غصّہ کے مارے درندوں کی سی حالت ہو جانا۔ کاٹ کھانیکو دوڑنا۔ بھبھک کے پیچھے پڑ جانا۔ نہایت جھلا اور بدمزاج ہونا۔ سیدھی طرح بات نکرنا۔ (رہبات) ٹیڑھا بتانا +

پہاڑ کے نیچے دُھونا ۔ ہ۔ ف ل۔ سخت محنت کرنا۔ نہایت تکلیف یا زحمت اُٹھانا۔ سختی یا مصیبت جھیلنا +

پہاڑ گزرنا ۔ ا۔ ف ل۔ دُوبھر دکھائی دینا۔ ناگوار گزرنا۔ اجیرن خراب یا بُرا معلوم ہونا + (نکہت)

ہر گھڑی تجھ سے ہے کیا اے سنگدل تجھ بن پہاڑ۔ آہ کے تیشہ سے بھی کٹتے نہیں یہ دن پہاڑ +

پہاڑوالی۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ کالکا مائی۔ دیبی جی۔ کالی مائی +

پہاڑ ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ دُوبھر دُشوار یا کٹھن ہو جانا۔ جی کو بن جانا +

پھاگ کھیلنا یا رچنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ایک دوسرے کے اوپر رنگ ڈالنا اور باہم گلال ملنا۔ ہولی کھیلنا۔ رنگ کھیلنا۔ رنگ پاشی کرنا +

جو جیوے سو کھیلے پھاگ + مثل +

(۲) عیش اُڑانا۔ خوشیاں منانا۔ دل کی اُمنگیں نکالنا۔ گلچھرّے اُڑانا +

جمع لگے سے کار کی اور مرزا کھیلیں پھاگ + مثل

پھانس چبھ جانا یا لگ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (چونکہ کسی لکڑی رشیہ یا بان کے کانٹے کے جسم میں لگ جانے سے بڑی بے چینی رہتی ہے) اسی سبب سے۔ کسی ایسے صدمہ کا پہنچنا جو ہر وقت کانٹے کی طرح کھٹکتا رہے۔ ہر وقت آزار دینے والی بات کا ہو جانا +

پھانس نکال دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کانٹا نکالنا + (۲) کسی آزار دہندہ کو درمیان سے نکال دینا۔ تکلیف رفع کر دینا۔ خلش دُور کرنا۔ کیل یا کانٹا نکالنا +

پھانس نکل جانا۔ ہ۔ ف ل۔ چبھی کا دفع ہو جانا۔ تکلیف کا نہ رہنا۔ دُکھ دُور ہو جانا۔ کھٹکا نہ رہنا +

اب اُس مژدہ کا دل سے خلش دُور ہو گیا۔

وہ پھانس جو جگر میں چبھتی تھی نکل گئی + (اند)

پھانس لانا یا لینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دھوکے یا فریب سے پکڑ لانا۔ پھندے میں پھنسا لانا۔ گرفتار کر لانا +

رشتہ سے دیو پھانس لایا۔

ابتک تو خدا نے ہے بچایا + (گلزار نسیم)

(۲) اُبھار لانا۔ نکال لانا۔ بھگا لانا +

(۳) موہت کر لینا۔ عاشق یا فریفتہ بنا لینا +

پھاوڑا بجانا۔ ہ۔ ف م۔ مکان کو پھاوڑوں سے ڈھا ڈالنا۔ مسمار کر دینا۔ گرا دینا +

پھاوڑا سے دانت۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ چوڑے چوڑے اور بدصورت دانت باہر کو نکلے ہوئے دانت +

پھاوڑے کے نام گل صفا نہیں جانتے۔ پھاوڑے کا نام گل صفا نہیں جانتا۔ محاورہ۔ فارسی میں اتنا بھی دخل نہیں ہے کہ پھاوڑے

کا فارسی نام گل صفا (مٹی صاف کرنیوالا) بھی جانے۔ بالکل کودن ہے۔ محض نابلد ہیں۔ الف کے نام بے بھی نہیں جانتا + (عوام اس محاورہ میں گل صفا کو گل صفا یا گل شفا بولتے ہیں) +

پھبتی کہنا یا اڑانا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی شخص کو ایسی بات کہنا جو اُسپر ٹھیک بیٹھ جائے طرافتاً تشبیہ دینا۔ ہنسی اُڑانا +

کہیں ہم رند پہ پھبتی کہ قسمت انکی روتی ہے۔
اگر پیشانی زاہد سے آب وضو ٹپکے +

پھپھڑ دلالے کرنا۔ پھپھڑے کرنا۔ ف۔ م۔ (اصل میں دلالہ (= گٹنی) کے سے پھپھڑے (= سکاری کی اور جھوٹی باتیں کرتا ہے (۱) جھوٹ مُوٹ کی مُحبّت کرنا۔ مُنہ دیکھی پریت کرنا مُفت کی محبت جتانا + (۲) ہاں میں ہاں ملانا خوشامد کرنا۔ تملّق کرنا + (۳) چوچلے پیٹنا۔ نخرے کرنا + (۴) فریب کی باتیں کرنا۔ مکّاری کرنا +

پھپھولے پھوٹنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چھالوں میں سے پانی نکل جانا + (۲) (طنزاً) دلی آرزو پوری ہو جانا۔ من کے چیتے ہونا۔ من مانتا ہونا۔ بکھی کے چراغ جلنا

چھپی ہوئی عداوت کا ظاہر ہونا۔ دُشمنی نکلنا +

پھپھولے پھوڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ دل کا غبار نکالنا۔ دل عداوت ظاہر کرنا۔ حسد نکالنا۔ غُصّہ نکالنا +

پھٹ پڑنا۔ پھٹا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بڑھ جانا۔ خوب سا موٹا ہو جانا۔ بدن کا گدگدا جانا۔ تن و توش نکالنا + (۲) نکلا پڑنا۔ زوروں پر ہونا +

تھا جوبن پیچ و تاب اُس گل کا۔ پھٹا پڑتا تھا جوبن اُس گل کا + (شوق)

پھٹ پھٹ کرنا۔ ہ۔ ف م۔ طعنے دینا۔ لعن طعن کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ نا ملائم باتیں کہنا۔ دُرد دُر کرنا +

پھٹکار اُٹھانا۔ ہ۔ ف ل۔ بے قدری کرانا۔ بے وقری ہونا۔ کسیکے طعنے جھنے سُننا۔

پھٹکار برسنا۔ ہ۔ ف ل۔ مُنہ کی رونق جاتی رہنا۔ اُداسی اور بے رونقی نمودار ہونا

پھٹکا نہ کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ آناً فاناً میں مر جانا۔ فُرت مر جانا۔ مرگ مفاجات سے جاں بحق ہونا۔ چٹ پٹ ہو جانا۔ دیکھو (پانی نہ مانگنا)

پھٹکنے نہ دینا۔ ہ۔ م۔ آنے نہ دینا۔ پھٹکنے

نہ دینا۔ خلل نہ ہونے دینا +

پھٹے سے مُنہ۔ پھٹے مُنہ۔ کلمہ تحقیر لعنت خدا کی۔ زوف ہے۔ تف ہے۔ (عو) تھوک ہے تیرے جنم میں +

پھٹے میں پاؤں دینا یا اڑانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی شخص کی حمایت لینا کسی کے کام میں مداخلت کرنا۔ ناحق کسی کی بلا اپنے ذمہ لینا + (۲) اثنائے کلام میں بولنا۔ دخل درمعقولات دینا بیچ میں بولنا +

پھریری آنا یا چھوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) خوف یا سردی کی وجہ سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جانا۔ خفیف سا لرزہ معلوم ہونا + (۲) غلیظ اور بدبودار چیز کے دیکھنے سے کراہیت ہونا۔ نفرت آنا

پھریری لینا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پر جھاڑنا یا پھڑ پھڑانا۔ جھرجھری لینا۔ کانپنا۔ ہلنا ایک پھریری جو تیر اخاک بسمل لیتا ہے۔ تھام جیر بیل امیں اپنا جگر لیتا ہے + (انشا)

(۲) متنبہ ہو جانا۔ چوکنا ہو جانا۔ ہوشیار ہونا۔ تازہ دم ہونا +

پہرے میں دیدینا۔ ہ۔ ف م۔ حراست میں دیدینا۔ حوالات میں ٹھوک دینا۔ بند کر دینا۔ قید کر دینا +

پھڑ پہ رکھنا یا لگانا۔ ہ۔ ف م (۱) بازی یا داؤں لگانا۔ داؤں پر دھرنا (۲) (دوکاندار) اناج کی ڈھیری دکان کے سر بر و چبوترہ پر لگانا +

پھر پھٹکنا۔ ہ۔ ف ل۔ (جواری) بہت سے آدمیوں کا ایک مکان پر جمع ہو کر جوا کھیلنا +

پھرک جانا۔ پھرک اٹھنا۔ ہ۔ ف ل (۱) عاشق یا فریفتہ ہو جانا۔ بیقرار ہو جانا۔ مرمٹا جانا + (۲) بے تاب ہو جانا۔ تڑپ جانا + (۳) ترس جانا۔ مارے مزے کے بیتاب ہو جانا۔ دل کا بے اختیار چاہنے لگنا۔ نہایت مشتاق ہونا +

پھڑکن کی اولاد۔ ا۔ اسم مؤنث۔ وہ اولاد جسکو نہایت آرزو اور تمنا کے ساتھ پرورش کیا ہو۔ ناز پروردہ +

پھس دیسی کہدینا۔ ہ۔ ف م (عو) آہستہ یا چپکے سے کہدینا۔ کان بھر دینا سکھا دینا + جو بات سنتی ہے پھس دیسی خاوند سے کہدیتی ہے +

پھسکڑا مار کر بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (عو) بے تمیزی سے زمین پر چار زانو ہو کر بیٹھنا

جانا۔ بیہودہ طور سے لہنگا یا پاجامہ پھیلا کر مٹیہ جانا +

پھلا سر سے میں آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ فریب یا دم میں آنا۔ دیکھو (باتوں میں آنا)۔ (۲) کسی کے برتے پر پھولنا۔ کسی کی حمایت پر نازاں ہونا +

پھلنا پھولنا ۔ ہ۔ ف ل۔ پھل پھول والا ہونا۔ پھلدار ہونا + (۲) صاحب دولت اور صاحب اولاد ہونا۔ دھن اور بھاگوان ہونا۔ بڑا نصیبہ ور یا اقبال مند ہونا +

پہلو بچانا ۔ ا۔ ف م۔ طرح دینا۔ کنارہ کرنا۔ بچنا۔ کسی مصیبت یا آفت سے دور رہنا +

پہلو بسانا ۔ ہ ف م۔ (عو) پاس آکر رہنا۔ پہلو میں دفن ہونا۔ پڑوس میں آکر رہنا۔

پہلو پہ ہے ۔ محاورہ۔ وہ اُسکے رخ پر ہے وہ اُسکے بل پر ہے۔ اُسکی حمایت میں ہے۔ گمک پر ہے +

پہلو ہی کرنا۔ پہلو دینا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) ٹالے بالے بتانا۔ ٹال دینا۔ انکار کرنا۔ اجتناب کرنا۔ پرہیز کرنا + (۲) بچنا۔ کنارہ کرنا۔ مُنہ چھپانا یا چُرانا

کنارہ کشی کرنا + (داغ)
لے تو جاتے ہیں حضرت دل تھیں بزم میں لیکن
ہمارے پہلو میں بیٹھ کر تم ہمیں سے پہلو تہی نکرنا +

پہلو دبانا ۔ ا۔ ف م۔ حریف کے پہلو پر زور ڈالنا۔ بازو دبانا۔ دشمن کی فوج کے کسی حصہ پر چڑھائی کر دینا۔ غالب آجانا
کروں گر نقش نام جاناں تمہیں دل پر پس اے سلیماں
تمام عالم ہو زیر فرمان دبا لوں پہلو تیرے نگیں کا

پہلو گرم کرنا ۔ ا۔ ف ل۔ کسی معشوق یا محبوب سے ہم آغوش ہم بغل ہونا۔ کسی محبوب سے ہم کنار ہونا +

پہلو نکالنا ۔ ا۔ ف م۔ مناسب وقت دیکھنا۔ مطلب براری کرنا۔ موقع وقت ڈھنگ یا صورت نکالنا +

پہلو نکلنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) صورت یا موقع نکلنا۔ ڈھب بننا + (۲) انداز یا طرز ظاہر ہونا۔ رمز نکلنا۔ بات نکلنا +
اُنہوں نے خط تو بھیجا پر سمجھ میں کچھ نہیں آتا۔ کہ سو سو طرح کا ہر بات میں پہلو نکلتا ہے +

پہلے گھر میں تو پیچھے مسجد میں ۔ محاورہ اپنے سے بچے تو دوسرے کو دیا جائے اوّل خویش بعدہٗ درویش۔ پہلے گھر کے تو پیچھے باہر کے +

پہلے مارے سو میری (عوام مثل) محاورہ - جو سب سے پہلے اور موقع کو دیکھکر کام کرتا ہے وہی اچھا رہتا ہے -

پہلی پھوڑنا - ہ - ف ل - کچھ کام کرنا کاہل وغیرہ -

پھن پیٹنا یا مارنا - ہ - ف ل - (۱) (پھن مارنا) ڈسنا - کاٹنا - چٹک لینا + (۲) سر دھننا - سر دے دے مارنا - بیفائدہ کوشش کرنا - ناحق ہاتھ پاؤں مارنا +

پہنچا ہوا ہے - محاورہ - (۱) خدا رسیدہ ہے - کامل ہے - مستجاب الدعوات ہے پورا سدھ ہے + (۲) زمانہ دیدہ و تجربہ کار ہے - ہوشیار ہے - سرد و گرم چشیدہ ہے

پھندا پڑنا - ہ - ف ل - (۱) اُلجھنا - گرہ پڑ جانا - سٹ جانا + (۲) پھندے یا جال میں پھنسنا + (۳) کسی چیز کا کھاتے پیتے وقت گلے میں اٹک کر اُترنا +

پھند کٹنا - ہ - ف ل - (۱) مصیبت سے نجات پانا - چھٹکارا پانا - پاپ کٹنا پیچھا چھُٹنا + (۲) قرضہ سے سبکدوش ہونا - بیباقی حاصل ہوجانا +

پھندے میں پڑنا یا پھنسنا - ہ - ف ل - (۱) بلا یا مصیبت میں گرفتار ہونا فریب یا جال میں آجانا - کسی کے بس یا قابو میں ہونا + (۲) عاشق ہونا - اُلجھ جانا - محبت کے حال میں گرفتار ہوجانا

پھندے میں پھنسانا - ہ - ف م - جال یا فریب میں لانا مصیبت میں ڈالنا +

پھوٹا پڑنا - ہ - ف ل - نکلا پڑنا - خود بخود ظاہر ہوجانا +

پھوٹ بہنا - ہ - ف ل - (۱) پانی کا موری وغیرہ کو توڑ کر نکل جانا + (۲) پھوڑے کا پھوٹ کر مواد نکل جانا + (۳) کینہ اور کپٹ کا ظاہر ہوجانا - دل کا غبار نکل جانا (۴) رو پڑنا - گریہ کو ضبط نکر سکنا - زار و قطار رونا +

ابر تر کے حضور پھوٹ بہا -
دیدۂ تر کو میرے رحمت ہے + (میر)

پھوٹ پڑنا یا ہونا - ہ - ف ل - (۱) دلوں میں فرق آجانا - نفاق ہونا - متفق الرّائے نہونا + (۲) اَن بَن ہونا - نا اتفاقی یا ناچاقی ہونا - بَیر - عداوت یا دشمنی ہونا +

پھوٹ پھٹک رہنا - ہ - ف ل - لکھنؤ جھگڑا یا تکرار رہنا - اَن بَن رہنا +

پھوٹ پھوٹ کر رونا - پھوٹ کر رونا - ہ - ف ل - جی کھولکر رونا ہچکیاں بندھجانا + دیکھو (آٹھ آٹھ آنسو رونا)

وہ آنکھیں جو روئیں بہت پھوٹ پھوٹ۔ کہے تو کہ موتی بھرے کوٹ کوٹ +

پھوٹ ڈالنا ۔ ف م ۔ دو شخصوں میں عداوت کرا دینا ۔ بیر ڈلوا دینا +

پھوٹ سا کھل جانا ۔ ف ل ۔ پاش پاش یا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا پھٹ جانا ۔ کھل جانا ۔ شق ہو جانا +

پھوٹ نکلنا ۔ ف ل ۔ (۱) مواد پھوٹ نکلنا + (۲) کسی سیال چیز کا اپنے رہنے یا بہنے کی جگہ کو توڑ کر نکل جانا ۔ بہ نکلنا ۔ رسنے یا ٹپکنے لگنا +

پھوٹ کر رو لی ہے ایسی کون چشم گریناک
پھوٹ نکلا ہے جو پانی ہر در و دیوار سے

(۳) نمودار ہو جانا ۔ ظاہر ہو جانا ۔ نکل آنا جیسے بیج پھوٹ نکلا +

(۴) بھید کھل جانا ۔ افشائے راز ہو جانا بات ظاہر ہو جانا +

پھوٹی آنکھ کا تارا ۔ پھوٹی آنکھ کا دیدہ محاورہ ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (عو) (۱) کئی بیٹوں کے مرنے کے بعد جو ایک بیٹا زندہ رہے ۔ نہایت عزیز ۔ لاڈلا بچہ ۔ اللہ آمیں کا بچہ + (۲) رانڈ یا بیوہ کا اکلوتا بیٹا +

پھوٹے مُنہ سے ۔ محاورہ ۔ (حقارتاً) خراب یا بُرے مُنہ سے ۔ بات نکرنے جوگے مُنہ سے +

ایک بوسہ ہنسے مانگا راہ مولا وہ جی۔
پھوٹے مُنہ پہ نہ نکلا لیتے جاؤ شاہ جی +

پھوٹی نظروں یا آنکھوں نہ بھانا ۔ پھوٹے دیدوں نہ بھانا ۔ محاورہ (م عو) بالکل پسند نہ آنا ۔ نفرت کرنا ۔ ذرا بھی اچھا نہ معلوم ہونا +

چھنکا رسّی لنجراوں کا سایہ لشکاؤں میں نوچ
پھوٹی نظروں ۔ چاند خان ابھاتا نہیں جھومر مجھے

پھوکٹ کا ۔ ہ ۔ صفت ۔ بن داموں کا مفت کا ۔ سینت سیت کا ۔ بے قیمت

پھوکٹ میں ۔ ہ م ف ۔ مفت میں ۔ بن داموں ۔ خالی خولی +

پھولا پھولا پھرنا ۔ پھولتا پھرنا ۔ ہ ف ل ۔ خوش خوش یا دلشاد پھرنا نہایت مگن یا خوش ہوتے ہوئے پھرنا ۔ بے فکروں کی طرح اینٹھتے ہوئے پھرنا +

پھول اٹھنا ۔ ہ ف ل ۔ (۱) مسلمان سوم یا تیجے کی فاتحہ کا ادا ہو جانا ۔ ماتم دُور ہو جانا ۔ (ہندو) اُٹھاونی ہونا +

(۲)- ہندو- مُردہ کی بھسمی یا ہڈیوں کا گنگا جی بھیجا جانا+

پھول آنا- ہ- ف ل- (۱) درختوں میں پھول کا لگنا- مول یا مور کا آنا+ (۲) کپڑوں سے ہونا- حیض آنا- ایام یا میلے سر سے ہونا+

پھول آئے ہیں تو پھل بھی آئے گا (عورتیں آپس میں دوسری بن اولاد والی عورت کی تسلی کے لئے کہا کرتی ہیں)

پھولا نہیں سماتا- پھولے انگ نہیں سماتا- محاورہ- نہایت خوش ہے- مارے خوشی کے آپے میں نہیں سماتا+

سُنا جب سے یہ دولت آدمی کو تو نے بخشی ہے-
نہیں پھولا سماتا خاطر غمگین میں غم میرا+ (ناسخ)

پھول بیٹھنا- پھولکر بیٹھنا- ہ- ف ل- (۱) اینٹھ جانا- ناراض ہو جانا- رُوٹھ جانا+ (۲) خوش ہو جانا- پھولے انگ نہ سمانا+

پھول پان- محاورہ- لغوی- پھول اور پان کی مانند نازک+ (۱) ہلکے پھلکے- سبسہ باسہ- نازک بدن- کومل نازک- دھان پان- چھوئی موئی+

بچے پھول پان ہوتے ہیں ذرا ایسی ویسی ہوا لگی اور کملا گئے+ (ہ ع)- (۲) تھوڑا سا جو کچھ موجود ہے- ماحضر+

پھول پڑنا- ہ- ف ل- (۱) آگ کا پتنگا پڑنا- آتش بازی میں سے شرارے نکلنا (۲) آگ لگ جانا- جلنا+

بھول کر بھی جو کسی اور کے گھر پھول پڑے-
تو ابھی کرے گوئیاں تیرے گھر پھول پڑے+

(۳) بدن پر سفید سفید دھبے ہو جانا- کچّا کوڑھ ہو جانا+

پھول پھول کر بیٹھنا- ہ- ف ل- خوش ہو ہو کر بیٹھنا- اپھرنا- اترانا گھمنڈ کرنا+

کبھی ہجر سے ہونا اُسکے ملول-
کبھی وصل میں بیٹھنا پھول پھول+ (امیر حسن)

پھول جھڑنا- ہ- ف ل- (۱) درختوں سے پھولوں کا سُوکھ کر گرنا+ (۲) خوش کلامی اور فصاحت سے گفتگو کرنا- شیریں کلامی یا خوش بیانی کے ساتھ تقریر کرنا- میٹھی میٹھی باتیں کرنا+

(۱) چلتی تو زمیں میں سرو گڑ جائے-
باتیں کرتی تو پھول جھڑتے+

(۲) بات کیا کرتا ہے گویا پھول جھڑتے ہیں

(۲) چراغ یا آتشبازی میں سے پھول یا شرارے نکالنا +

پھول سا۔ ہلکا پھول ۔ ہ ۔ صفت ۔ جسمیں کچھ بھی بوجھ نہو ۔ بہت ہلکا ہلکا پھلکا +

پھول سونگھ کر رہنا ۔ ہ ف ل ۔ (عو طنزاً) پھولوں کی خوشبو پر گزارہ کرنا اور کچھ نہ کھانا ۔ بہت کم کھانا ۔ کچھ نہ کھانا

پھول کترنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) قینچی یا گلگیر سے چراغ کا گل کترنا + (۲) کوئی عجیب یا انوکھا کام کرنا ۔ گل کترنا +

پھول کھلنا (م عو) ۔ **پھول کھلنے کو ہونا** (ہ عو) ۔ ہ ۔ ف ل ۔ شادی یا بیاہ کا پھیلنا ۔ بیاہ ہونا ۔ بیاہ کا رچا جانا +

(۱) نوعروسامانِ بہاری سے مگر پھول کھلے نوبتیں فتحیے بجاتے ہیں چمن زاروں میں

(۲) پھول جسدل کھلنے کو ہونگے اسی دن کھلنے لگے + (ہ عو)

پھول کی جگہ پنکھڑی ۔ پھول نہیں پنکھڑی ہی سہی ۔ محاورہ ۔ پھول کے بدلے اسکی ایک ذرا سی پتی ہی سہی ۔ بہت سے کی جگہ تھوڑا سا ہی سہی ۔ بہت نہیں تھوڑا ہی سہی +

پھول کی چھڑی بھی نہیں لگائی محاورہ ۔ یعنی کبھی ہلکی سے ہلکی مار بھی نہیں ماری ۔ ہاتھ بھی نہیں لگایا ۔ نرے ناز و نعم میں پالا ہے +

پھولنا پھلنا ۔ ہ ف ل ۔ صاحب اولاد ہونا ۔ (دیکھو (پھلنا پھولنا)

پھولوں کا گہنا ۔ ہ ۔ (اسم مذکر) لغوی پھولوں کا بنا ہوا گہنا ۔ (۱) نازک چیز کومل بستو ۔ کاجو بھوجو + (۲) (ہزارہ) ماتا سیتلا ۔ چیچک +

پھولوں کی چھڑی ۔ محاورہ ۔ لغوی پھولوں کے ہاروں سے گندھی ہوئی سنٹی + (۱) کومل یا نازک ہاتھ کی ضرب یا مار ۔ معشوق کے ہاتھ کی مار ۔ (۲) نازک چیز +

پھولوں کی سیج ۔ محاورہ ۔ لغوی پھولوں کی بنی ہوئی سیج + گدگدا یا ملائم بچھونا + کومل بستر ۔ بستر گل +

پھولوں میں تلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ ہر وقت اپنے تئیں پھولوں میں پڑا رہنا ۔ عیش و عشرت میں دن گذارنا ۔ عیش منانا ۔ رنگ رلیاں کرنا ۔ بھوگ بلاس کرنا ۔ دن عید اور رات شب برات ہونا

شب و روز پھولونمیں جو تُلیں۔ (ظفر)
کیوں نہ خارِ غم سے اب وہ گھلیں +

پھول وہی جو مہیش چڑھے ۔ محاورہ ۔ پھول وہی اچھا اور عمدہ ہے جو مہیش یعنی مہادیو جی کی نذر کیا جاوے ۔ چیز وہی اچھی ہے جسے اچھے پسند کریں ۔ وہ شے جو امیروں کے قابل ہو +

کب شعر ہنے یار کے آگے پڑھے نہیں ۔
کس دن ہمارے پھول مہیش چڑھے نہیں + (بحر)

پھول ہونا ۔ ہ ۔ فل ۔ (مسلمان) سوم کی فاتحہ کا ادا کیا جانا ۔ اُٹھاؤنی کا ہونا +

کہنا اُس شوخ پری سے نرکھے کان میں پھول
آج ہیں تیری دوانے کئے بیاباں میں پھول

پھولی پھولی کھانا ۔ ہ ۔ فل ۔ پھولی پھولی روٹیاں کھانا ۔ بیفکری کے ساتھ گزارنا ۔ بے بھاؤ کی کھانا +

پھوں پھوں کرنا پھوں ہی پھوں کرنا ہ ۔ فل ۔ سانپ کے سے پھنکارے مارنا نہایت خفا ہونا ۔ غضبناک ہونا ۔ از حد خفگی و طیش کی حالت میں آنا +

خدا خیر کرے آج پھوں پھوں کرتا گھر میں گھسا ہے

پھونس کا تاپنا ہے ۔ محاورہ ۔ (چونکہ پھونس جلدی جل جاتا ہے اور کچھ تاپا نہیں جاتا) اسی سبب سے ۔ بیفائدہ امید کرنی ہے چند روزہ خوشی ہے ۔ بے بُنیاد کام ہے +

پھونک پھونک کر پاؤں یا قدم رکھنا ۔ ہ ۔ فل ۔ سنبھل سنبھل کر چلنا ۔ دیکھو (پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا)

پھونک دینا ۔ پھونکنا ۔ ہ ۔ فم ۔ (۱) منتر وغیرہ پڑھکر دم کر دینا ۔ پھونک مار دینا + (۲) جلا دینا ۔ خاک یا راکھ کر دینا + (۳) (عو) دق کر دینا ۔ ستا مارنا ۔ رنج دینا ۔ جلا کر راکھ کر دینا +

اس آتش اُلفت نے یہ کیا آگ لگا دی
یہانتک مجھے پھونکا کہ میری جان جلا دی

(۴) ورغلانا ۔ دیکھو (پھونک مار دینا نمبر ۳) (۵) حُقّہ کا پانی ٹھیک کر دینا + (۶) مشہور کرنا ۔ پھیلا دینا +

اُس شخص نے یہ خبر سارے میں پھونک دی

پھونک مار دینا ۔ ہ ۔ فم ۔ (۱) گل کرنا ہاتھ دیدینا ۔ بُجھا دینا + جیسے چراغ کو پھونک مار دو (۲) دم کر دینا ۔ جادو یا ٹونا کر دینا + (۳) بہکا دینا ۔ کان بھر دینا ۔ پٹی پڑھا دینا +

پھونک نکلجانا ۔ ہ ۔ فل ۔ دم یا سانس نکلجانا ۔ پران چھوٹ جانا ۔ جاں بحق ہونا ۔ مرجانا +

پھوئیاں پھوئیاں یا پھوئی پھوئی کرکے تالاب بھرتا ہے۔ محاورہ۔ ذرا ذرا سی بوندوں کے جمع ہونے سے تالاب پُر ہو جاتا ہے۔ اندک اندک میشود بسیار۔ کوڑی کوڑی جوڑنے سے خزانہ ہو جاتا ہے۔ تھوڑا تھوڑا کرکے بہت ہو جاتا ہے +

پھیپڑا جلانا۔ ہ۔ ف م۔ (م عو) کسی کی بھلائی چاہنا۔ سگھڑ بھلائی جتانا۔ خیر خواہی یا بہتری کرنا +

پھیپڑی بندھجانا۔ ہ۔ ف ل۔ ہونٹوں کا سوکھ جانا یا پپڑا جانا۔ ہونٹوں پر نہایت خشکی آجانا اور مشکل سے بات نکلنا +

ایک دفعہ بیکانیر کے رستہ میں جو کوسوں پانی نہیں ملا تو پیاس کے مارے پھیپڑی بندھ گئی +

پھیرا کرنا یا لگانا۔ ہ۔ ف ل۔ چوکیدار کا گھر گھر جاکر جگانا۔ گشت لگانا۔ دورہ کرنا +

پھیرا باندھدینا یا ڈال دینا۔ ہ۔ ف م۔ تار یا دور باندھدینا۔ سلسلہ ڈالدینا۔ گھان ڈالدینا۔ لگاتار کئے جانا +

پھیر میں آجانا۔ ہ۔ ف ل۔ بکھیڑے یا دقت میں پھنس جانا۔ مصیبت کے بھنور مین آجانا + چکر یا گردش میں آجانا +

پھیرے پڑجانا۔ پھیروں میں پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہندو) غریبا مئو بیاہ یا نکاح ہو جانا۔ بھانوریں پڑنا۔ ہاتھ پیلے ہو جانا +

پھیرے ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ غریبا مئو بیاہ یا نکاح کردینا۔ ہاتھ پیلے کردینا +

پھیکا پڑجانا۔ ہ۔ ف ل۔ (ا) ہلکا یا مدھم ہو جانا۔ بے آب و تاب یا مائند ہو جانا۔ پہلی رونق میں فرق آجانا + (۲) شرمندہ ہو جانا۔ اوس پڑ جانا۔ خجل یا منفعل ہو جانا

پھیکا پنڈا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ بخار کی سی حرارت ہونا + دیکھو (پنڈا پھیکا ہونا)

پھیل پھیل کر سونا۔ ہ۔ ف ل۔ آرام سے سونا۔ دیکھو (پاؤں پھیلا کے سونا نمبر)

پیار کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (ا) چمکارنا۔ پچکارنا۔ ہاتھ پھیرنا + (۲) بوسہ یا مٹھی لینا۔ چومنا چاٹنا + (۳) چاہنا۔ نیہا لگانا۔ عشق یا محبت کرنا +

پیار نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ جی کا ارمان یا چاؤ نکالنا۔ حسرت مٹانا +

میں جو لپٹا تو خفا ہو کے لگی کہنے وہ۔
واروں ہاتھوں کو تیرے آج ہی پیار نکال

پیارو پیٹی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (عورتوں کا

کوسنا) اپنے پیاروں کو رونیوالی۔
بھائیوں کھائی۔ نکموڑی ناٹھی +

پیاری پیاری باتیں کرنا۔ ہ۔ف ل
بچوں کی سی میٹھی میٹھی یا بھولی بھولی
باتیں کرنا۔ سہیلی یا خوشامد کی باتیں کرنا +

پیاس بجھانا۔ ہ۔ف م۔ تعوی پانی پلانا
امید یا آرزو پوری کرنا۔ امید بستہ کا
بر لانا +

پیاس مارنا۔ ہ۔ف م۔ پانی پینے کی
خواہش کو روکنا۔ پیاس کو روکنا۔
تشنگی کو ضبط کرنا +

پیالا بھر جانا۔ ا۔ف ل۔ جام عمر کا
لبریز ہو جانا۔ دن پورے ہو جانا۔
عمر تمام ہو جانا +

پیالہ بہنا۔ ا۔ف ل۔ (بازاری عو)
اسقاط حمل ہونا۔ گربھ پھلین ہونا + کچا
جانا۔ پیٹ گرنا +

پیالہ پینا۔ ہ۔ف ل۔ چیلا یا مرید ہونا۔
اعتقاد لانا۔ فقیروں یا آزاد لوگوں کی
صحبت اختیار کرنا +

پیالہ دینا۔ ہ ف م۔ (کایستھ) شراب
پلانا۔ شراب کی تواضع کرنا +

پیالہ لینا۔ ہ۔ف ل۔ (کایستھ) شراب
پینا۔ مے نوشی کرنا +

پیالہ ہونا۔ ا۔ف ل) فقیر (۱) مرنا۔ جاں
بحق تسلیم ہونا +
پیالہ مجھ آزاد کا بھر دے ساقی۔ (ناسخ)
نہیں میرا پیالہ ہوا چاہتا ہے +
(۲) فاتحہ سوم کی ضیافت ہونا۔ تیجا
ہونا۔ عرس ہونا +
(۱) ارے مے نوش تو بھی آپکو جلدی وہاں پہنچا
گدائے حسن کہتے ہیں تیرے آج پیالہ ہے
(۲) یہ جب بولتا، اپنا سو جائے گا۔
یہیں اپنا پیالہ بھی ہو جائے گا +

پیٹالا توڑنا۔ ہ۔ف ل۔ چپکے سے میان
سے تلوار نکال لینا یا کھینچ لینا +

پیتمرے یا پینترے بدلنا۔ ا۔ف
ل۔ (۱) کشتی یا پٹا کیوقت اُسکے قاعدہ
کے بموجب پاؤں کا آگے پیچھے رکھنا۔
ٹھاٹھ سے کھڑا ہونا +
یکسار، رہا نہ ٹھاٹھ کسی کا جہاں میں۔
کون آگے پینترے نہ یہاں پر بدل گیا + (صبا)
(۲) چالیں چلنا۔ داؤں یا گھات کرنا +

پیٹ اپھر جانا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) پیٹ
پھولنا۔ نفخ ہو جانا + (۲) (عو) ڈاہ یا
حسد کرنا۔ جلنا +

پیٹ آنا - ہ - ف ل - (پورب) پیٹ چلنا - دست یا اسہال آنا +

پیٹ باندھنا - ہ - ف ل - (پورب) (۱) بھوک سے کم کھانا - کھانا کم کھانا - روک کر کھانا + (۲) پیٹ پٹی باندھنا فاقہ کرنا +

پیٹ بجانا - ہ - ف ل - (اکثر خوشی کی حالت میں بچے اپنے پیٹ کو پیٹنے لگتے ہیں) - اسی سبب سے خوشیاں منانا - مارے خوشی کے اچھلنا کودنا +

پیٹ بڑھانا - ہ - ف م - (۱) اندازہ سے زیادہ کھانے کی عادت کرنا - بہت کھانے لگنا + (۲) (پورب) ہوس یا طمع کرنا - اوروں کے حصہ پر دانت رکھنا

پیٹ بڑھنا - پیٹ بڑا ہو جانا - ہ - ف ل - (۱) پیٹ کا بڑا ہونا - بھوک یا اشتہا کا ترقی پر ہونا - خوراک کا بڑھ جانا یا زیادہ ہو جانا +

پیٹ بولنا یا گڑگڑانا - ہ - ف ل - کچ کی کثرت کے سبب پیٹ میں سے آوازوں کا نکلنا + گڑگڑ یا قراقر ہونا +

پیٹ بھاری ہونا - ہ - ف ل - پیٹ میں بوجھ ہونا - آنتوں کا بھاری ہونا سوئے بھی ہونا +

پیٹ بھرا - محاورہ - (۱) دھایا ہوا - اگھایا + (۲) دولتمند - مالدار - دھنوان (۳) من موجی - بے پروا - بیفکرا + (۴) مغرور - مدمست - گھمنڈی +

پیٹ بھر جانا - ہ - ف ل - (۱) دھاپ جانا - سیر ہو جانا - جی بھر جانا + (۲) اُکتا جانا - گھبرا جانا + (۳) کچھ پلے یا پاس ہو جانا - مالدار ہو جانا + (۴) مغرور ہو جانا - چل نکلنا - اترانے لگنا +

پیٹ بھر کر - ہ - م ف - (۱) خواہش کے موافق - بخوبی - خاطر خواہ + پیٹ بھر کر تجھی کو روٹی ملتی ہے کیا؟ (طنزاً) بولتے ہیں (۲) بہت - ازحد - نہایت بڑا + (۱) ہر طرف ہیں تیرے دیدار کے بھوکے لاکھوں پیٹ بھر کر کوئی ایسا بھی طرحدار نہو + (انشا) (۲) یہ شخص پیٹ بھر کر جھوٹ بولتا ہے +

پیٹ بھرے کی باتیں یا گپ - محاورہ - (۱) بیہودہ گھمنڈ - بے پروائی کی باتیں - غرور کے کلمے - شیخی یا تکبر کی گفتگو + یہ ساری (یا پیٹ) بھرے کی باتیں ہیں +

پیٹ پاٹنا (لکھنؤ) **پیٹ بھرنا** (دہلی) ہ - ف ل - ساگ پات سے پیٹ کو بھرنا بھوک میں جو ملجائے سو کھا لینا - روکھا

سوکھا کھاکے گذران کرنا۔ (ہ۔عو) گرٹھا آنٹنا۔ اوجھ بھرنا +

پیٹ پالنا ۔ ہ۔ف ل۔ (۱) بمشکل گزران کرنا۔ اپنے گزارہ کے لایق کما لینا۔ دقت سے گزارہ کرنا + (۲) اپنے دلکو خوش رکھنا۔ اپنا قلب تازہ کرنا۔ نفس پرستی کرنا۔ آپ ہی آپ موجیں اڑانا +

یہ تو اپنا پیٹ پالنا جانتے ہیں بال بچّوں سے انکو کیا غرض +

پیٹ پانی ہونا ۔ ہ۔ف ل۔ (ہندو) (۱) پتلے یا پانی سے دست آنے لگنا۔ تخمہ ہونا۔ سوئے ہضمی ہو جانا + (۲) بوکھلا جانا۔ گھبرا جانا۔ مضطرب ہو جانا ہوش وحواس کا بجا نہ رہنا۔ سٹ پٹا جانا

پیٹ پٹی باندھنا ۔ ہ۔ف ل۔ (عو) پیٹ کو دھوکا دینا۔ بغیر خوراک کے رہنا۔ بھوکا رہنا۔ فاقہ کرنا +

پیٹ پٹی باندھونگی پر ٹھارا نہیں رکھنے کی (عو)

پیٹ پکار رہا ہے پیٹ کو لگی ہوئی ہے ۔ محاورہ۔ اشتہا غالب ہے۔ کڑاکے کی بھوک لگ رہی ہے زور کی بھوک لگ رہی ہے +

پیٹ پکڑے یا تھامے پھرنا یا دوڑنا ۔ ہ۔ف ل۔ بدحواس پھرنا۔ آپے میں نہ رہنا۔ پریشان یا مضطرب ہو جانا پریشانی اور اضطراب کی حالت میں ڈانوا ڈول پھرنا +

گورا گورا وہ بدن دیکھے جو مہتاب سا تو۔
پیٹ پکڑے ہوئے دوڑا پھرے بیتاب سا تو +

پیٹ پوچھن ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (ہ عو) وہ بچّہ جسکے پیچھے کوئی اور بچّہ پیدا نہ ہوا ہو سب میں پچھلا بچّہ۔ کورا پچھوا +

پیٹ پھاڑنا ۔ ہ۔ف ل۔ (۱) کسی کام کے ہونے یا کرنے میں جلدی کرنا۔ شتاب زدگی کرنا۔ تعجیل کرنا۔ بیقراری ظاہر کرنا + (۲) ہوکا کرنا۔ حرص کرنا۔ زیادہ کی خواہش کرنا + (۳) عو) دوسرے کو اچھی حالت میں دیکھکر جلنا۔ ڈاہ کرنا۔ حسد کی راہ سے ٹوکنا۔ نظر لگانا + (۴) دل کو چیر کر دکھانا۔ دلکا بھید ظاہر کرنا + تجھے تو یقین ہی نہیں آتا پیٹ پھاڑ کے سے تو رہی (عو)۔

پیٹ پھٹا جانا ۔ ہ۔ف ل۔ زیادہ کھانے کی وجہ سے پیٹ کا پھول جانا۔ پیٹ کا درد کے مارے شق ہو جانا +

پیٹ پھٹنا ۔ ہ۔ف ل۔ (۱۔ بازاری)

بچہ جننا۔ وضع حمل ہونا۔ بچہ پیدا ہونا + (۲) جاتا رہنا۔ دُور ہونا۔ ناپید ہونا + ایکے برکھا سے کال کا پیٹ پھٹ گیا۔

پیٹ پھلانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بے صبرا ہونا۔ ہوکا ہونا + (۲) ایر کھا کرنا۔ ڈاہ کرنا۔ رشک کرنا + (۳) جی جلانا۔ طمع کرنا۔ خواہش کرنا + (۴) حمل رکھوا لینا حاملہ ہو جانا +

پیٹ پھولنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) اپھر جانا پھٹا جانا + (۲) بیتاب ہونا۔ بے چین ہونا + ہنستے ہنستے پیٹ پھول گیا + (۳۔ بازاری) حمل یا گربھ سے ہونا +

پیٹ پیٹ کر ۔ ہ۔ م ف۔ جھینک جھینک کر۔ بہزار دقت۔ بڑی مشکل سے

پیٹ پیٹنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مارے بھوک کے بیتاب ہونا۔ شور مچانا۔ بھوک بھوک پکارنا۔ بھوکا بھوکا کرتے پھرنا + (۲) ہوکا کرنا۔ زیادہ چاہنے کی خواہش کرنا۔ (۳) نہایت بیقراری و اضطرابی ظاہر کرنا۔ بڑا بے چین ہونا پھڑپھڑانا + (۴) خوش ہونا۔ خوشی کی وجہ سے پیٹ بجانا۔ مگن پھرنا +

پیٹ پیٹھ ایک ہو جانا ۔ پیٹ پیٹھ سے لگ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ بھوکوں کے مارے پیٹ کا کمر سے لگ جانا۔ بہت دبلا ہو جانا۔ سوکھ کر تنکا یا لکڑی ہو جانا +

پیٹ ٹھنڈا رہنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (عو) آس اولاد کا زندہ رہنا۔ اپنے جائیوں کا سکھ دیکھنا۔ کوک ٹھنڈی رہنا۔ آس اولاد کا سکھ بھوگنا۔ بھری گود دل رہنا۔ صاحب اولاد رہنا +

تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا رہے (عو۔ اسیس)

پیٹ چپاتی سا ہو جانا ۔ ف ل۔ (۱) پیٹ کی سختی جاتی رہنا۔ اور نہایت ملائم ہو جانا + (۲) مارے بھوک کے پیٹ کا اندر کو دھس جانا +

پیٹ جاری ہونا چلنا چھوٹنا یا چھٹنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (عو) بار بار پتلے پتلے پانی سے دست آنا۔ پیٹ چھٹک دستو کا آنا۔ دست لگنا۔ سنگرینی ہونا (دیہات) ڈھانڈا چلنا۔ پیٹ میں گھوڑے کے پیشاب ہو جانا۔ اسہال کا عارضہ ہو جانا +

پیٹ جل رہا ہے ۔ محاورہ۔ (عو) بخار سا معلوم ہوتا ہے۔ حرارت ہے

پیٹ چوٹی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ وہ عورت

جسکا حمل جلدی نہ پہچانا جائے۔ وہ حامہ جسکا حمل بادی النظر میں نہ معلوم ہو۔

پیٹ دکھاتا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) بھوکا پن اور غریبی ظاہر کرنا۔ کھانے کے لئے دوسرے کی التجا کرنا۔ کسی کے آگے کھانے کی خاطر گڑگڑانا۔ (۲-عو) دائی سے حمل یا گربھ کی پہچان کرانا۔ (عو) دائی وغیرہ سے پیٹ ملوانا۔ (۳) حکیم سے اپنے پیٹ کی سختی کا حال دریافت کرنا۔

پیٹ ڈالنا۔ ہ۔ف ل۔ پیٹ یا حمل گرانا۔ کچا نکالنا۔ گربھ بات یا بچہ ضائع کرنا۔ اخراج جنین کرنا۔

پیٹ رکھانا یا رکھوا دینا۔ ہ۔ف م۔ بیج یا نطفہ ڈالنا۔ حاملہ کر دینا یا رور کرنا۔

پیٹ رہجانا۔ ہ۔ف ل۔ حمل یا گربھ سے ہو جانا۔ نطفہ کا ٹھیر جانا۔ حاملہ ہو جانا۔

پیٹ سے۔ ہ۔صفت۔ (عو) حاملہ۔ پیٹ والی۔ وہ پیٹ سے ہے۔

پیٹ سے باندھنا۔ ہ۔ف م۔ لنگوی کھانے کو پیٹ سے لٹکا لینا۔ بھوکا کرنا۔ بے صبر پن کرنا۔ پیٹ میں نہیں آتا تو پیٹ سے باندھ لے (جب کوئی شخص بھوک سے زیادہ کھائے چلا جائے تو طنزاً اُس سے یہ فقرہ کہا کرتے ہیں)

پیٹ سے پاؤں باہر نکالنا۔ پیٹ سے پاؤں نکالنا۔ ہ۔ف م۔ (۱) اپنیوں پر آنا۔ گرخ کھانا بدی پر آنا۔ دیکھو (پاؤں نکالنا نمبر ۱ سے نمبر ۴ تک)

ڈھنگ یہ آپکے نرالے ہیں۔
پیٹ سے پاؤں کچھ نکالے ہیں۔ (شوق)

(۲) اترانا۔ ناز کرنا۔ نخرہ کرنا۔

پیٹ سے پاؤں نکالے ہیں کچھ ابتو تمنے۔
چھولیا ہمنے جو انوٹ کو تو بچھو اکھنچی (بحر)

پیٹ سے پٹی اینٹ یا کاٹ کی روٹی باندھنا۔ پیٹ کو پٹی باندھنا۔ ہ۔ف م۔ دیکھو (پیٹ پٹی باندھنا)

پیٹ سے ہونا۔ ہ۔ف ل۔ حاملہ ہونا۔ پیر بھاری ہونا۔

پیٹ کا بچہ۔ محاورہ۔ (۱) وہ بچہ جو ابھی پیدا نہیں ہوا ہو۔ ہولڑ۔ (۲) اپنا بچہ۔ سگا یا حقیقی بچہ۔

پیٹ کا پانی نہ ہلنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) سواری کی تعریف میں کہتے ہیں

کہ اس سواری میں ایسے آرام سے بیٹھے چلے جاتے ہیں کہ پیٹ کا پانی تک بھی نہیں ہلتا ہے + بے تکان اور بڑے آرام سے جانا۔ مطلق جنبش یا تکلیف نہ ہونا +

پیٹ کاٹنا - ہ - ف ل یام - (۱) خوراک سے کم کھانا - اپنی یا دوسرے کی معمولی خوراک سے بچانا - فاقہ کرنا یا کرانا - اپنے اوپر سختی جھیلنا + (۲) حق تلفی کرنا +

پیٹ کا ٹوٹا - ہ صفت - فاقوں کا مارا - کال کا مارا - (دیکھو بھوکا مرا)

پیٹ کا دکھ دینا - ہ - ف م - بھوکا مارنا کھانے کو نہ دینا +

پیٹ کا دکھیا - ہ صفت - (۱) وہ شخص جو زیادہ کھانیکے سبب بدہضمی کی تکلیف اٹھائے - وہ آدمی جسکے پیٹ میں ہمیشہ کوئی نہ کوئی کھانیکی وجہ سے شکایت رہے وہ شخص جسکو ضعف معدہ ہو - (۲) بسیار خوار - بٹر پیٹو - پیٹل - پیٹھارتو بلانوش - (۳) نہایت مفلس - نہایت غریب - بھوکا - کنگال - (۴) وہ شخص جو پیٹ کی خاطر ہر ایک کام کرے - نفس پرستی کی وجہ سے دکھ سہنے والا تن پرور +

پیٹ کا دھندا - ہ - اسم مذکر - (۱) پیٹ بھرنے کی صورت - آٹے دال کا فکر - دال روٹی کی تجویز - اوڑ پورن کرنیکا اپاؤ + (۲) محنت مزدوری - کمائی - نوکری - روزگار +

پیٹ کا سورا - ہ - محاورہ - (۱) دیکھو (پیٹ کا کتا نمبر ۲) + (۲) بہت لالچی - بڑا لوبھی - نہایت طامع +

پیٹ کا کپٹی - ہ - صفت - پیٹ پاپی بے ایمان - منافق +

پیٹ کا کتا - ہ - محاورہ - (۱) خود پیٹ بھوک - اشتہا + (۲) کھانے پر جان دینے والا - بہت کھانے والا - شکم پرور - بٹر پیٹو - پیٹھارتو +

پیٹ کا ہلکا - ہ - صفت - (۱) منہ کا کچا - وہ شخص جسکے پیٹ میں بات نہ پچ سکے - راز افشا کرنیوالا + (۲) تنگ ظرف اوچھا - اتھلا برتن +

جو پیٹ کے ہلکے ہیں پچے بات کب انسے رکیں تو پھر جائے شکم اور زیادہ

پیٹک پیٹا ڈالنا - ہ - ف م - (۱) ہضم کرنا - سانپا ڈالنا - رونا پیٹنا ڈالنا + گھرام مچانا - خون خچر کرنا - (۲) جھگڑا

کھڑا کرنا۔ تکرار کرنا +

پیٹ کو دھوکا دینا - ہ - ف م - بھوکا رہجانا - دیکھو (پیٹ پیٹی باندھنا)

پیٹ کو لگنا - ہ - ف ل - کھدیا لگنا - بھوک لگنا - بھوجن کی اچھا ہونا +

پیٹ کی آگ یا آنچ - ہ - اسم مؤنث (۱) ماں کی ماننا - محبت مادری + (۲) بھوک - خواہش طعام - اشتہا - آتش جوع + (۳) آس - اولاد - بال بچے +

پیٹ کی آگ بجھانا - ہ - ف م - بھوکے کو کھانا کھلانا - فقیر کو روٹی دینا - غریب کا پیٹ بھرنا +

پیٹ کی بات - ہ - اسم مؤنث - دلکی بات - راز مخفی چھپی بات - بھید کی بات

پیٹ کے بال - ہ - اسم مذکر - وہ بال جو بچے کے سر اور تمام بدن پر ماں کے پیٹ میں ہی نکل آئیں - قدرتی بال +

پیٹ کے لئے دوڑنا - پیٹ کے کارن مارا مارا پھرنا - ہ - ف ل - روٹی کے فکر میں پھرتے پھرنا - پیٹ کے دھندے میں پھرنا - فکر معیشت میں ڈانوا دول پھرنا - پیٹ کی خاطر محنت مزدوری کرنا +

پیٹ کی مار دینا - ہ - ف م - (عو) پیٹ بھر کے کھانے کو نہ دینا - بھوکا مارنا

پیٹ کے واسطے یا کارن - م ف روزگار کے لئے - روٹیوں کی خاطر +

پیٹ کے واسطے پردیس سہتے ہیں - مثل

پیٹ گدرانا - ہ - ف ل - (دیہات) حمل کے آثار نمودار ہونا - گربھ سے ہونا +

پیٹ گرانا - ہ - ف م - اسقاط حمل کرنا - (دیکھو (پیٹ ڈالنا) +

پیٹ گرنا - ہ - ف ل - اسقاط حمل ہونا - گربھ پات یا چھین ہونا +

پیٹ لگجانا - ہ - ف ل - بھوک کے مارے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا - بھوکا مرنے لگنا

پیٹ مارنا - ہ - ف م - (۱) بھوک یا اشتہا سے کم کھانا - کھچا ہوا کھانا + (۲) خواہش نفس کو روکنا - نفس کشی کرنا + (۳) اپنی جان پر کھیل جانا - خودکشی کرنا +

پیٹ مسوسنا - پیٹ مسوا دینا - ہ - ف ل - عو - بھوکا رہنا + دیکھو (پیٹ کاٹنا) + من کی ماری کاسے کہوں پیٹ مسوا دے رہوں + مثل

پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت - ہ محاورہ - ایسا بڈھا ہے کہ نہ پیٹ میں

ہضم کرنے کے لئے آنتیں ہیں اور نہ منہ میں کھانا چبانے کے واسطے دانت ہیں بوڑھا پھونس۔ پیر فرتوت۔ بہت ہی بڈھا ہے +

پیٹ میں بل پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (ہنسی کے مارے) درد ہونے لگنا۔ پیٹ دکھنے لگنا + مارے ہنسی کے پیٹ میں بل پڑ گئے

پیٹ میں بات رکھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی سے اپنا بھید نہ کہنا۔ بھید چھپانا۔ راز مخفی رکھنا +

پیٹ میں بیٹھنا یا گھسنا ۔ ہ۔ ف ل۔ دل میں گھس کر بھید لے لینا۔ دوست بنکر مطلب نکالنا۔ اپنا مطلب نکالنے کے لئے یارانہ کرنا۔ دلمیں جگہ کرنا +

پیٹ میں پانی پڑنا یا ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ خوف کے مارے دست آنے لگنا دیکھو (پیٹ پانی ہوجانا) +

پیٹ میں پانی نہ پچنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کی بات کو کسی سے کہدینا۔ پیٹ کا ہلکا ہونا۔ بات کو پچا نہ سکنا + شیشے کی طرح پیٹ میں پچتا نہیں پانی۔ ہی ہے مئے غم راز چھپایا نہیں جاتا۔ (بحر)

پیٹ میں پاؤں پسارنا ۔ ہ۔ ف ل۔ ایک ماں کے پیٹ میں جنم لینا۔ سگا یا حقیقی بھائی یا بہن ہونا۔ سہودرا ہونا + تو نے بھی تو اسی پیٹ میں پاؤں پسارے ہیں کیوں کٹا مرے ہے (ہ عو) +

پیٹ میں پاؤں ہیں ۔ ہ۔ محاورہ یعنی ظاہر میں چلنے کے ناقابل معلوم ہوتا ہے مگر باطن میں چلنے کی بڑی قوت رکھتا ہے + سب گنوں پورا ہے اسکے پیٹ میں بڑے بڑے گن بھرے ہوئے ہیں۔ پورا کونکی ہے۔ بڑا مکار اور پُرفن ہے + (یہ محاورہ سانپ سے لیا گیا ہے کیونکہ اُسکے پاؤں دکھائی نہیں دیتے ہیں)

پیٹ میں پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱)۔ پیٹ میں جانا۔ یا داخل ہونا۔ حلق سے اُترنا + (۱) پیٹ میں پڑی جب دُور کی سوجھی بھوک لگی تندور کی سوجھی + مثل (۲) پیٹ میں پڑا چارہ تو کودنے لگا بیچارہ + مثل (م عو) لطفہ قرار پانا۔ بیچ پڑنا۔ حمل رہنا۔ جنم لینا +

پیٹ میں چوہے دوڑ رہے ہیں یا قلابازی کھا رہے ہیں۔ محاورہ۔ (۱) دہشت سے گھبرا جانا

نہایت تردد و تشویش میں ہونا۔ خوف کے مارے سٹ پٹا جانا۔ (۲) بھوک کے مارے جان نکلنے لگنا۔ بھوک کے مارے قل ہو جانا +

پیٹ میں چھوٹے کی گرہ ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ اسکے بھی پیٹ میں چھوٹی سی گرہ ہے اسی سبب سے کچھ نہیں کھاتا۔ پھول سونگ کر رہتا ہے۔ بہت ہی تھوڑا کھاتا ہے۔ نہایت ہی کم خوراک ہے + (اپنے تئیں نازک سمجھنے والے آدمی کی نسبت طنزاً بولتے ہیں)

پیٹ میں ڈاڑھی ہے۔ ہ۔ محاورہ بچپن میں بڈھوں کی سی باتیں کرتا ہے تھوڑی ہی عمر میں زمانہ دیدہ لوگوں کی سی گفتگو کرتا ہے۔ ہوشیاروں کی سی باتیں کرتا ہے۔ بچہ ہی سا بڑا عقلمند ہے

پیٹ میں ڈال لینا۔ ہ۔ ف ل (۱) بچبوری کھانے کو حلق سے نیچے اتارنا۔ زہر مار کرنا۔ ٹھونس لینا۔ بے رغبتی سے کھانا۔ زبردستی سے نگلنا + (۲) کارآمد چیز کا حاصل کرنا کسی قسم کا ہنر تحصیل کرنا +

پیٹ میں رکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ راز کو مخفی رکھنا دلمیں رکھنا۔ بھید چھپانا کسی سے نہ کہنا +

پیٹ میں سے پاؤں نکالنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نئی نئی باتیں سیکھنا۔ پر پرزے نکالنا۔ (۲) بدچلنی اختیار کرنا۔ بدراہی میں قدم رکھنا۔ اپنے چھپے گن ظاہر کرنا +

پیٹ میں گڑبڑ ہونا۔ پیٹ میں گھوڑے دوڑنا۔ پیٹ ہر بڑانا۔ ہ۔ ف ل۔ پیٹ میں قراقر ہونا۔ پیٹ میں ریح کا دوڑنا۔ پیٹ بولنا +

پیٹ میں گیدڑیاں دوڑ رہی ہیں۔ ہ۔ محاورہ۔ (دیہات) بھوک یا خوف کے مارے بے چین ہو رہا ہے دیکھو (پیٹ میں چوہے دوڑ رہے ہیں)

پیٹ والی۔ اسم مؤنث۔ حاملہ۔ دوجیا گربھ وتی +

پیٹھ پر کا۔ پیٹھ پر کی۔ صفت پیچھے کا بعد کا۔ وہ لڑکا یا لڑکی جو کسی ایک بچے کے بعد پیدا ہوا ہو +

پیٹھ پر کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ کمزوری کے باعث پٹتے ہوئے بھاگنا۔ شکست فاش کھانا۔ چوتڑوں پر کھانا۔ پیٹھ دکھانا

پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا۔ ہ۔ ف م (۱) پچکارنا پیار کرنا۔ شاباش دینا۔ پیٹھ ٹھونکنا +

(۲) حوصلہ بڑھانا۔ ہمت بندھانا +

پیٹھ پر ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ حمایت یا کمک پر ہونا ۔ مددگار ہونا ۔ پُشت پر ہونا سہارا دینا ۔ مدد دینا +

پیٹھ پھیرنا ۔ ہ۔ ف ل ۔ لغوی ۔ کسی کیطرف پیٹھ کرلینا (۱) پیٹھ موڑنا ۔ روانہ ہونا ۔ جانا ۔ سدھارنا + (۲) لڑائی سے بھاگنا پیٹھ یا پُشت دکھانا ۔ (۳) نفرت کرنا ۔ مُنہ موڑلینا +

پیٹھ پیچھے ۔ ہ۔م ف۔ مُنہ کے سامنے نہیں ۔ رُوبرُو نہیں ۔ بعد میں ۔ پیچھے ۔ غیر حاضری میں +

(۱) پیٹھ پیچھے بادشاہ کو گالیاں دیا کرتے ہیں۔ مثل

(۲) جب ہم ہی نہ رہے تو ہمارے پیٹھ پیچھے کچھ ہی ہوا کرو

پیٹھ پیچھے کہنا ۔ ہ۔ ف ل۔ عدم موجودگی میں کسیکو بُرا بھلا کہنا ۔ غیبت کرنا ۔ بدگوئی کرنا +

پیٹھ توڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کمر توڑنا ہمت توڑنا ۔ مایوس یا نراس کرنا + (۲) پیٹھ پر سواری کسکر تھکا دینا ۔ چڈھی توڑنا +

پیٹھ ٹھوکنا ۔ ہ۔ ف ل۔ جی یا حوصلہ بڑھانا ۔ شاباش دینا +

پیٹھ چارپائی سے لگ گئی ۔ محاورہ کھاٹ سے کمر لگ گئی ۔ بیماری اور کمزوری کے باعث اُٹھنے بیٹھنے کی بھی طاقت نہیں رہی ۔ صاحب فراش ہوگیا ۔ اُٹھا تک نہیں جاتا ۔ نہایت ضعف ونقاہت ہوگئی +

پیٹھ دکھانا ۔ دینا یا موڑنا ۔ ہ۔ ف م لغوی پیٹھ موڑنا + (۱) سدھارنا ۔ جانا روانہ ہونا ۔ رُخصت ہونا +

چلے جسطرح پیٹھ اپنی دکھا ۔ (میر حسن)
اُسیطرح دِکھلائیو مُنہ پھر آ +

(۲) پیچھا دکھانا ۔ پشت دکھانا ۔ بھاگنا ۔ شکست کھانا +

چھتری کا یہ دھرم نہیں بھاگ دکھاوے پیٹھ ۔ (کبیر)
یا مارے یا مر رہے لپٹ جائے جوں کیٹ +

(۳) بے رُخی کرنا ۔ بے مروتی برتنا ۔ بیوفائی کرنا ۔ دغا یا چال کرنا ۔ (۴) چھوڑ دینا ۔ تیاگ کر دینا ۔ (۵) چل بسنا مرجانا +

پیٹھ لگانا ۔ پیٹھ لگا دینا ۔ ہ۔ ف م۔ کسی سواری یا باربرداری کے جانور کی پیٹھ میں بے تمیزی سے کسنے یا سواری لینے کے سبب زخم ڈالدینا + (۲) پہلوان

پچھاڑ دینا۔ دے مارنا۔ چت کر دینا +

پیٹھ لگنا یا پیٹھ لگجانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سواری یا باربرداری کے جانور کی پیٹھ میں گھاؤ یا زخم پڑ جانا۔ پڑے پڑے بیمار کی پیٹھ کا گھائل ہو جانا۔ (۲) پچھڑ جانا۔ چت ہو جانا +

پیٹی اُتر جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ سپاہی یا کونسٹبل کا معطل یا موقوف ہو جانا +

پیٹی لڑانا ۔ ہ۔ ف م۔ (اوباش) صحبت کرنا۔ جماع کرنا۔ مباشرت کرنا +

پیجامہ سے باہر ہونا یا نکلا پڑنا ۔ ا۔ ف ل۔ نہایت خفا ہونا۔ بہت سا لال پیلا ہونا۔ دیکھو (پائجامہ سے باہر نکلنا) +

پیچ اُٹھنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) پیٹ میں مروڑ پیدا ہونا پیچش کا سا درد ہونا۔ (۲) لڑانے کے لئے کنکوؤں کا بڑھایا جانا +

پیچ باندھنا ۔ ا۔ ف م۔ کشتی کے داؤں کا توڑ کرنا یا جواب دینا۔ گرفت کرنا +

پیچ پڑنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) اُلجھ جانا + اُلجھیڑا پڑ جانا + (۲) سخت مشکل یا دقت ہو جانا + (۳) ایک کے پتنگ کی ڈور دوسرے کی پتنگ کی ڈور پر کاٹنے کی نظر سے پڑنا۔ پتنگوں کا لڑ جانا

پیچ پی ہزار نعمت کھائی ۔ محاورہ۔ (مع) رُوکھا سوکھا جو ملگیا اُسکو نعمت سمجھ کر کھایا + اور خدا کا شکر بجا لائے۔ جو کچھ کھانے کو مل گیا اُسی کو غنیمت سمجھا +

پیچ چل جانا ۔ ا۔ ف ل۔ دھوکا دیدینا۔ چال چل جانا۔ دغا یا فریب سے غالب آجانا +

پیچ در پیچ ۔ ف صفت + نہایت پیچیدہ اُلجھا ہوا۔ پیٹا ہوا۔ نہایت مشکل و دشوار بڑا کٹھن +

پیچ دینا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مڑوڑنا۔ اینٹھنا بل دینا۔ لپیٹنا + (۲) دم جھانسا دینا۔ فریب یا دھوکا دینا۔ جُل کرنا +

اُلفت گیسوئے جاناں نے بڑا پیچ دیا۔
دام میں آگئے ہم آپکے دانا ہو کر + (صبا)

پیچ ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دھوکے کی تدبیر کرنا۔ فریب کا جال بچھانا + (۲) دقت میں پھنسانا۔ مشکل میں ڈالنا + (۳) دوسرے کے کنکوے پر اپنے کنکوے کی ڈور اُسکو کاٹنے کی نظر سے ڈالنا۔ پتنگ لڑانا + (۴) (پہلوان) داؤں باندھنا

داؤں کرنا +

پیچ کرنا - ا - ف م - (۱ - پہلوان) کشتی میں داؤں کرنا + (۲) چال چلنا - گھات کرنا - دھوکا دینا +

جو اپنے ساتھ پیچ کرے اُس سے پیچ کرنا چاہئے + فقرہ

پیچ کھانا - ا - ف ل - جی ہی جی میں پیچ و تاب کھانا - دل ہی دل میں غصّہ ہونا - پیچ و تاب کھانا +

پیچ کھلنا - ا ف ل - (۱) بل یا لپیٹ اُدھڑ جانا + (۲) کسی مشکل بات کا حل ہونا - چھپی بات کا ظاہر ہونا - بھید کھلنا + (۳) بل یا فرق دُور ہونا +

پیچ کھیلنا - ا - ف م - داؤں گھات کرنا یا چلانا - چال چلنا - دھوکا دینا - دغا و فریب دینا +

پیچ میں آنا - ا ف ل - (۱) چال یا جُل میں آنا - جال یا پھندے میں پھنسنا دھوکا یا فریب کھانا + (۲) مُصیبت یا آفت میں پھنسنا - بلا میں مُبتلا ہونا - گردش یا پھیر میں آنا +

پیچ و تاب کھانا پیچ و تاب میں ہونا - ا - ف ل - جی ہی جی میں کھولنا - نہایت غُصّہ ہونا - آگ ہو جانا +

خط پڑھکے اور بھی وہ ہوا پیچ و تاب میں - کیا جانے لکھدیا اُسنے کیا اضطراب میں +

(۲) فکر و اندیشہ کرنا - سوچنا - غم میں ہونا + اُتنا ہی مجھکو اپنی حقیقت سے بُعد ہے - جتنا کہ وہم غیر سے ہوں پیچ و تاب میں +

پیچھا بھاری ہونا - ہ - ف ل - کسی کام کے انجام میں دقّت یا مُشکل ہونا - آخر مُشکل پیش آنا - بعد میں دقّت پڑنا + (۲) کسیکے بہت سے طرفدار یا حمایتی ہونا کسی کے رشتہ داروں یا حماتیوں کا معزز یا طاقتور ہونا +

پیچھا پکڑنا یا لینا - ہ - ف ل - کسی کام کو برابر کئے جانا - پیچھے پڑ جانا - کسی کام کے سر ہو جانا + (۲) کسی شخص کی صحبت اختیار کرنا - ساتھ لگے رہنا + (۳) درپے ہو جانا - لپٹ جانا - پنڈ نہ چھوڑنا

مُنجار نے اسکے اُسکا بڑا پیچھا لیا ہے

پیچھا چھڑانا - ہ - ف م - (۱) رہائی کی صورت نکالنا - چھٹکارا حاصل کرنا - جان بچانا - بریت چاہنا - (۲) ٹالنا - بہانہ کر دینا

پیچھا کرنا - ہ - ف م - (۱) کسی کے پیچھے حملہ کرنا یا دوڑنا - رگیدنے چلے جانا - تعاقب کرنا - درپے ہونا + (۲) ستانا

وِق کرنا +
میرا پیچھا بس اب نہ کیجے آپ -
میرے گھر بُجلو جانے دیجے آپ + (شوق)
(۳) بندوق یا توپ کا چھوٹتے وقت پیچھے کو ہو جانا یا چل جانا +
میاں! اس طرح نہ چھوڑنا کہیں پیچھا کر جائے
پیچھے پڑنا پیچھے پڑا رہنا - ہ - ف ل -
(۱) کسی کے درپے ہونا - سر ہونا لپٹنا - اڑے ہاتھ لینا +
بلاسی وہ دیکھ اُسکے پیچھے پڑی + (میر حسن)
(۲) وِق کرنا - ستانا - درپے آزار ہونا + (۳) درپے تضحیک ہونا - رسوائی چاہنا + بال چوٹی کے کرینگے بدنام - (حیا) یہ موئے پیچھے پڑے رہتے ہیں
(۴) بار بار مانگنا - مانگے جانا +
پیچھے پیچھے - ہ - م ف - (۱) ساتھ لگا ہوا - ساتھ ساتھ - ساتھ میں +
(۲) تھوڑی دیر میں - تھوڑی دیر بعد - ابھی +
پیچھے ڈالنا - ہ - ف م - (۱) کسی کے پیچھے جانا - تعاقب کرنا +
میں نے بھی گھوڑا پیچھے ڈالدیا
(۲) آگے بڑھ جانا - سبقت لیجانا +
(۳) پس انداز کرنا - تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا +
چار پیسے پیچھے ڈالو گے تو تمہارے کام آوینگے
پیر پھیرنے جانا - ہ - ف ل - دیکھو (پاؤں پھیرنے جانا)
پیر نکالنا - ہ - ف م - دیکھو (پاؤں نکالنا) +
پیر مُغاں - ف - اِسم مذکر + لغوی - آتش پرستوں کا پیشوا (۱) طنزاً گرو گھنٹال - پُرکھا - بزرگ - ذات شریف
کیا پیر مغاں بنکے بیٹھے ہیں!
(۲) شراب خانہ کا مالک - داروغہ ساقی + پلا آتش رشکِ پیر مغاں -
(میر حسن) کہ بُھولوں میں اب گرم و سرد جہاں +
پیر نابالغ - ا - اِسم مذکر - وہ شخص جو عمر رسیدہ ہو کر بچوں کی سی باتیں کرے - بوڑھا بیوقوف - بُڑبک -
پیروں پڑنا - ہ - ف ل - دیکھو - (پاؤں پڑنا نمبر ۱ سے ۳ تک)
پیروں میں مہندی لگنا - ہ - ف ل - بیجا عذر ہونا + دیکھو (پاؤں میں مہندی لگنا)
پیروں میں سر دینا - ا - ف ل -

کسی کے پیروں پر اپنا سر رکھنا خوشامد کرنا +

پیڑو کی آنچ - ہ - اسم مؤنث - عورت کی خواہش نفسانی + پیڑو کی آنچ سہنی ہر ایک عورت کا کام نہیں ہے +

پیڑھی در پیڑھی - ہ - مف - پشتینوں سے + دیکھو (پشت بہ پشت)

پیزار پر مارنا - ہ - ف ل - حقیر جاننا خاطر میں نہ لانا + دیکھو (پاپوش پر مارنا)

پیزار سے - ا - م ف - دیکھو - (پاپوش سے)

پیسا اٹھانا - ہ - ف ل - روپیہ صرف کرنا - بہت خرچ کرنا +

پیسا اڑانا - ہ - ف ل - فضول خرچی کرنا روپیہ برباد کرنا - روپیہ کو کنکری کرنا - روپیہ کو روپیہ نہ سمجھنا +

پیسا بھر کی بوٹی کٹوا ڈالو - ہ - محاورہ (م عو) - زبان بند کرو - اپنی للو کو بس میں کرو - چپ رہو +

پیسا ڈھونا - ہ - ف ل - پرایا مال مارنا کسی کے مال سے خوب ہاتھ رنگنا کسی کی دولت لوٹنا +

پیسا کھوٹا ہو جانا - ہ - ف ل - (ہندو) (۱) لڑکے بالے کا بدچلن ہو جانا + اپنا پیسہ کھوٹا ہونے پر رکھنے والے کا کیا دوش + مثل (۲) کسی بیمار کا بگڑ جانا - کسی آدمی کا مرنے کے قریب ہو جانا +

اب یہ پیسہ کھوٹا ہو گیا بچنے کی آس نہیں ہے +

پیس ڈالنا - پیس مارنا - ہ - ف م - (۱) نہایت تکلیف پہنچانا - برباد کر دینا - خاک میں ملا دینا +

تیرے ہاتھوں سے ہوا ہے اک زمانہ پائمال -
پیس ڈالوں جھکوا سے چرخ ستمگر زیر پا + + (ذوق)

(۲) - عو - طعنے مہنے دینا - بولی مارنا - ستانا جلانا - بھوننا +

پیس لوں تو پیٹوں - ہ - محاورہ یعنی پہلے پیٹ کے لئے آٹا پیس لوں تو پھر مردے کو روؤں - پیٹ کا فکر مردے کے ماتم سے پہلے ہے -

پیسنا پیسنا - ہ - ف ل - لغوی اناج پیسنا (۱) سخت محنت مشقت کرنا - نہایت تکلیف سے کمانا - پیسنا پیس کے پیٹ پالتی ہوں +

(۲) قصہ یا داستان بیان کرنا قصہ ناندنا + چکی جھونا +

میاں! کیا پیسنا پیس رہے ہو؟

پیسے برابر بوٹیاں کرنا۔ پیسے پر دھر کر بوٹیاں اُڑانا۔ ا۔ ف م۔ (م عو) خوب مارنا۔ کاٹنا۔ کھال اُڑانا یا اُدھیڑنا۔ پُرزے پُرزے اُڑانا + [زر پرست۔

پیسے کا میت۔ محاورہ۔ روپیہ والے کا یار

پیسے کے تین دھیلے بھنانا ہے۔ محاورہ۔ بڑی چالاکی کے ساتھ کفایت شعاری سے۔ بڑی کنجوسی اور بخیلی سے۔

پیسے والا۔ محاورہ۔ (عو) روپیہ والا۔ دھنوان۔ دولت مند۔ دھناڈ +

پیشاب بند ہونا۔ خطا ہونا یا نکلنا ا۔ ف ل۔ لغوی۔ کسی مرض یا دوا کے باعث موت کا آنے سے بند ہو جانا یا بہ جانا + کسی شخص سے اتنا ڈرنا کہ موت آتے آتے بند ہو جائے یا نہ آتا ہو تو نکل جائے۔ نہایت ڈرنا۔ مارے ڈر کے کانپنا۔ بہت خوف کرنا +

پیشاب کی راہ بہا دینا۔ ہ۔ ف م۔ (عوام)۔ کھانے پینے میں اُڑا دینا روپیہ کو روپیہ نہ سمجھنا۔ فضول خرچی کرنا۔ بدچلنی میں اُٹھا دینا +

پیشاب بھی نکرنا۔ پیشاب کی دھار پر مارنا۔ ہ۔ ف ل۔ اتنا حقیر اور ادنیٰ سمجھنا کہ اُسپر موتنا بھی گوارا نکرنا۔ بہت ہی ذلیل و حقیر سمجھنا۔ نفرت کرنا + دیکھو (پاپوش پر مارنا) + رہنا تو درکنار میں تو وہاں جا کر پیشاب بھی نکروں +

پیش آنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) وقوع یا ظہور میں آنا۔ سامنے یا آگے آنا + (۲) برا یا بھلا سلوک کرنا۔ اچھی یا بری طرح سے برتنا۔ برتاؤ کرنا +

پیش جانا یا چلنا۔ پیش رفت چلنا ہ۔ ف ل۔ اختیار ہونا۔ چلنا۔ قابو چلنا۔ پار پسانا۔ موت کے آگے کسی کی پیش نہیں چلتی

پیش دستی یا پیش قدمی کرنا۔ ا۔ ف م (۱) پہلے ہاتھ ڈالنا یا قدم رکھنا۔ پہلے حملہ یا چڑھائی کرنا + (۲) شروع کرنا۔ پہل کرنا۔ سبقت کرنا +

(دھول دھپہ اُس سراپا ناز کا شیوہ نہیں۔ ہمیں کر بیٹھے تھے غالب پیشدستی ایکدن + (غالب)

پیش کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی شخص کو کسی آدمی کے سامنے حاضر یا موجود کر دینا۔ ملوا دینا + (۲) مقدمہ کی مثل کو حاکم کے آگے رکھنا۔ مدعی یا گواہ کو حاکم کے روبرو کھڑا کر دینا + (۳) نذر دینا۔ بھیٹ کرنا۔ آگے رکھنا +

پیغام ڈالنا۔ ا۔ ف م۔ (م عو) نسبت

یا شادی کی درخواست کرنا +

پیغام سلام ہو رہا ہے یا بھیجا ہے۔ محاورہ۔ منگنی یا نسبت کے بارے میں بات چیت یا گفتگو ہو رہی ہے +

پیں بولنا۔ ہ۔ف ل۔ یلم۔ عاجز ہونا یا کر دینا۔ غرور ڈھنا یا ڈھا دینا۔ چیں بولنا چیں بول جانا +

پینڈی کا ہلکا۔ ہ۔ محاورہ۔ وہ شخص جسکی پینڈی یعنی جڑ مضبوط نہو۔ وہ شخص جسکی بات کو قیام نہو۔ بات کا کچا۔ اوچھا

پینڈی کے بل بیٹھ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (یہ خیال ناؤ سے لیا گیا ہے جو پینڈی میں سوراخ ہو جانے سے پانی بھر کر دریا میں ڈوب جاتی ہے) اسی سبب سے (۱) ڈوب جانا۔ غرق ہو جانا + (۲) (عوام) چوتڑوں کے بل بیٹھ جانا۔ سہارا نہ سکنا + (۳) گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ ہوش و حواس جاتے رہنا + (۴) دوالہ نکل جانا۔ کاروبار کا تھک جانا۔ (۵) تھک جانا۔ ہار جانا۔

پینڈ بھر جانا۔ ہ۔ف ل۔ (دیہات) کسی تیرتھ کی طرف قدم رکھنا گویا اُس تیرتھ کو وہیں قرار دے کر اُسکی طرف جانا ہی سمجھنا۔ اُس تیرتھ کی قسم کھانے کے ماننا۔ قسم کھانا + جو تو سچ کہتے ہے تو گنگا جی کی اوڑ چار پینڈ بھر جا + (زمیندار)

پینک میں آنا۔ ہ۔ ف ل۔ افیم کے نشہ میں آکر اونگھ جانا +

پیوست کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ملا دینا۔ ایک جان کر دینا۔ چپکا دینا + (۲) مضبوط کر دینا + (۳) جذب کرنا۔ پلا دینا۔ کھپا دینا +

پیوند لگانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) جوڑ میں جوڑ ملانا۔ تھگلی یا جوڑ لگانا۔ جوڑ دینا (۲) کسی ایک درخت میں دوسرے درخت کی شاخ لگانا +

پیوندی مُوچھیں۔ ہ۔ محاورہ۔ وہ مونچھیں جنہیں حلقے بنا کر بانکے آدمی اپنے گالوں پر چپکا لیتے ہیں +

ت

تابڑ توڑ۔ ہ۔م ف۔ (دیہات) آگے پیچھے ایک بعد ایک۔ علی التواتر۔ لگاتار۔ برابر + (۲) جلد۔ تیز۔ شتاب۔ شیگھر +

تاب لانا۔ ا۔ ف ل۔ گوارا کرنا۔ سہارنا متحمل ہونا۔ برداشت کرنا +

تاب نہ رہنا۔ تاب نہ لانا۔ ا۔ ف ل۔

برداشت نہ رہنا۔ جھیل نہ سکنا۔ گوارا نہ کر سکنا۔ گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ چھکے چھوٹ جانا +

تارا سی آنکھیں ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ آنکھوں کا بالکل کیچڑ اور میل کچیل وغیرہ سے صاف ہو جانا۔ آنکھوں پر سے آشوب کا ہٹ جانا۔ بٹا سی آنکھیں کھل جانا +

تارا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بہت اونچا یا نیچا ہو جانا۔ آکاس سے لگ جانا۔ تحت الثری کو پہنچ جانا + (۱) کنکوا تارا ہو گیا (۲) نام یوں پستی میں بالاتر ہمارا ہو گیا۔ جسطرح پانی کنوئیں کی تہ میں تارا ہو گیا +

تار باندھنا یا لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) لگاتار کسی کام کو کئے چلے جانا۔ سلسلہ باندھدینا۔ متواتر یا برابر کئے چلا جانا (۲) بار بار آنا جانا + (۳) برابر برتے چلے جانا۔ لگاتار کہے چلے جانا +

تار بتار ہونا۔ تار کتار ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) برا یا پتلا حال ہونا۔ مرنے کو ہو جانا۔ بے حال ہونا۔ غیر حالت ہونا (۲) معاملہ بگڑ جانا۔ بنا بنایا کام خراب ہو جانا +

تار بندھنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کام کا برابر یا لگاتار ہوئے جانا۔ سلسلہ یا دور بندھ جانا + ہچکیوں کا تار بندھ گیا +

تار تار کرنا یا کر ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا۔ دھجی دھجی کرنا۔ پھاڑ ڈالنا + لیر لیر یا چیر چیر کر ڈالنا +

وہ آوے تو آگے میرے نا کار۔
گریباں کو اُس کے کروں تار تار + (میر حسن)

تار ٹوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (چرخہ کاتتے وقت تار کے ٹوٹ جانے سے کتنے کا کام بند ہو جاتا ہے) اسی سبب سے۔ چلتے کام میں روک لگ جانا یا روڑا اٹک جانا۔ رخنہ یا خلل پڑنا۔ ہوتے ہواتے کام کا رک جانا۔ سلسلہ جاتا رہنا۔ ہرج واقع ہونا

تار دیکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (حلوائی) چاشنی کے پک جانیکا حال معلوم کرنا +

تار نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) سرا پانا یا نکالنا (۲) کپڑے میں سے کشیدہ کے لئے دھاگے نکالنا + (۳) پتا یا کھوج لگانا۔ سراغ چلانا + (۴) سفلی علم کے ذریعہ سے کسی مریض کی بیماری کی وجہ یا کسی کھوئی ہوئی چیز کے لینے والے کا نام بتانا +

تار تہ ٹوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کام کا برابر ہوئے جانا۔ سلسلہ نہ جاتا رہنا +

تاروں بھری رات - ہ - اِسم مؤنث - وہ رات جسمیں آسمان بالکل صاف ہو اور تارے خوب کھِل رہے ہوں - صاف رات + تاروں بھری رات آدھی اِدھر آدھی اُدھر

تاروں کی چھاؤں - ہ - م ف - سویرے ہی سویرے - نور کے تڑکے - علی الصباح بہت سویرے - قبل از طلوع آفتاب بہت سدوسی - گجر دم - راجا کرن کے پہرے +

تارے توڑنا - ہ - ف ل - (۱) انوکھا کام کرنا - ایسا کام کرنا جو اوروں سے نہو سکے - آسمان میں تھگلی لگانا (۲) چالاکی یا عیاری کرنا +

تارے چھٹکنا - ہ - ف ل - تاروں کا خوب کھل جانا یا نکل آنا - مطلع صاف ہونا

تارے دکھائی دے جانا - ہ - ف ل (۱) دماغ کی کمزوری کے سبب آنکھوں کے سامنے ترمرے نظر آجانا + (۲) مصیبت پڑ جانا - چھکے چھوٹ جانا +

تارے گننا - ہ - ف ل - پریشانی اور دکھ کے سبب جاگ کر رات کاٹنا - رات بھر جاگنا - اختر شماری کرنا - ہجر محبوب میں رات کاٹنا +

وہ ساری رات دریا کے کنارے - گنا کرتا غم ہجراں میں تارے + (امام)

تازہ دم ہونا - ا - ف ل - تکان اُتر جانا جان آجانا - جی ہرا ہو جانا - ہوشیار ہو جانا +

تازہ وارد - ا - صفت - حال کا یا ثُرت کا آیا ہوا - پردیسی - اجنبی - غیر وطن کا - تازہ ولایت - نو وارد +

تازہ ولایت - ا - صفت - (۱) دیکھو (تازہ وارد) + (۲) نوگرفتار - اَن سمجھ - ناواقف - اناڑی +

تازیانہ ہونا - ا - ف ل - کوڑا لگنا - تنبیہ ہونا + بہار عشق پہ طُرّہ ہوائے بہار - ہوا (صبا) سمند عشق پہ ایک اور تازیانہ ہوا

تاک باندھنا - ہ - ف ل - سیدھ - نشانہ یا شست باندھنا +

تاک جھانک کرنا - ہ - ف ل - برابر دیکھے جانا - گھورا گھاری کرنا - نظر بازی یا سینا بینی کرنا - دیکھا بھالی کرنا

تاک رکھنا - ہ - ف ل - پہلے سے پہچان رکھنا - جان لینا - کسی چیز کی گھات میں رہنا - جانچ لینا - تاڑ رکھنا +

تیسرے گو تو صہبا پیئیں کے خواہ ل اپنا
یہ ہنسے تاک رکھی ہے کئے انگور سینے میں

تاک کرمارنا - ہ - ف م - نشانہ یا سیدھ باندھکر چوٹ لگانا +
تفنگ و تیر تو ظاہر نہ تھا کچھ پاس قاتل کے
الٰہی پھر جو دلپر تاک کر مارا تو کیا مارا

تاک لگانا - ہ - ف م - کسی چیز پر دانوں لگانا - تلاش یا گھات میں رہنا - دانت رکھنا +

تاک میں رہنا - ہ - ف ل - (۱) تلاش یا جستجو میں رہنا + (۲) موقع تکنا - داؤ یا گھات لگانا یا بچانا - لاگے رہنا +

تاگے ڈالنا - ہ - ف م - رُوئیدار یا دوہرے کپڑے میں اُسکے ابرے استر کے ملے رہنے کے لئے ڈورے یا نگندے ڈالنا +

تالا پھڑ جانا - ہ - ف ل - (مکان کو قفل اُسوقت لگتا ہے جب اُسمیں سب آدمی چلے جاتے ہیں) - اسی سبب سے - مالک مکان یا وارث کا نرہنا - سارے کنبے کا دفعتہً مرجانا - گھر اُجڑ جانا - تباہ یا برباد ہوجانا + بیضہ میں ہزاروں کے تالے پھڑ جاتے ہیں +

تال بے تال ہوجانا - یا گانا - تال سے بے تال ہونا - ہ - ف ل - سم پر تال نہ دینا - بے سُرا ہوجانا - بے سُر بجانے یا گانے لگنا +
مُنہ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال مثل

تال دینا - ہ - ف م - گانے میں وزن اور سُر قایم رکھنے کے واسطے تالی بجانا - مدد یا سہارا دینا +

تال میل کھانا - ہ - ف ل - لغوی - تال یعنی تالی کا سُر کے ساتھ ملجانا + میل جول ہوجانا + باہم اتفاق ہونا - سنجوگ ہونا +

تالو سے جیب یا زبان نہ لگنا - ہ - ف ل - برابر بولے چلے جانا - لَلّو کا بند نرہنا - بکواس لگ جانا - خاموش نرہنا - (قاعدہ ہے کہ جب زبان تالو سے لگجاتی ہے تو پھر بولنا دشوار ہوجاتا ہے اور جب تک زبان تالو سے نہیں لگتی تو بولنے میں بڑی آسانی رہتی ہے) +

تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی - ایک ہاتھ تالی نہیں بجتی ہے
محاورہ - ایک ہاتھ کے بجانے سے تالی کی آواز نہیں نکلتی ہے - جب دونو ہاتھ ملتے ہیں تو تالی کی آواز پیدا ہوتی ہے اسی سبب سے - لڑائی یا محبت دونو طرف سے

ہوا کرتی ہے +

تالی بجانا یا پیٹنا۔ تالیاں بجانا یا پیٹنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ہنسی اُڑانا۔ تضحیک کرنا۔ لوگوں بنانا۔ فضیحتی کرنا۔ مذمت کرنا + (۲) شاباش یا آفرین دینا۔ مدح سرائی کرنا تعریف کرنا۔ (یہ معنی اس محاورے کو اب حال میں پہنائے گئے ہیں۔ کیونکہ انگریزی دستور کے موافق علمی جلسوں میں تعریف کی جگہ تالیاں بجائی جاتی ہیں) + (۳) خوشی ہونا۔ مسرور ہونا۔ مگن ہونا۔ باغ باغ ہونا +

تالیاں بجائے بنّو بیاہ (= بیاہ) ہوگا + (بچوں کو بہلاتے وقت کہا کرتے ہیں) (۴) ہیجڑوں یا زنخوں کے سے ڈھنگ اختیار کرنا + (۵) گانے میں ساتھ دینا

تالی بجنا یا پیٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) رسوائی یا بدنامی ہونا۔ تھپڑی پٹنا + (۲) دوالہ نکل جانا۔ ٹاٹ اُلٹ جانا +

تالی دونو ہاتھوں سے بجتی ہے۔ دونوں ہاتھوں سے تالی بجتی ہے محاورہ۔ لڑائی یا محبّت صرف ایک آدمی کی طرف سے نہیں ہو سکتی ہے دونوں طرف سے ہوا کرتی ہے +

تامڑا انگل آنا۔ ہ۔ ف ل۔ (بازاری) بال اُڑ کر کھوپری کا صاف ہو جانا۔ گنجا ہو جانا + ایسا پٹوگے کہ تامڑا انگل آئیگا

تانا بانا کرتے پھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (جولاہوں کو تانا بانا۔ پھیلانے میں گھڑی گھڑی ایک سرے سے دوسرے سرے تک جانا پڑتا ہے) اسی سبب سے۔ بار بار آنا جانا گھڑی آنا گھڑی جانا۔ بیفائدہ چکر لگانا +

تان اُڑانا یا اُڑا لینا۔ ہ۔ ف م کسی کے گانے کا ڈھنگ سیکھ لینا +

تان اُڑانا۔ تان کی لینا۔ ہ۔ ف ل گانا۔ الاپنا +

تانبا سا آسمان ہو جانا۔ آسمان تانبا سا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (آسمان پر لال لال اور پھٹے پھٹے ٹکڑے جو اکثر کال کے موسم میں ہو جایا کرتے ہیں۔ دکھائی دینے سے یہ محاورہ لیا گیا ہے) + مینہ کی ایک بوند نہ پڑنا۔ اور کال کے آثار دکھائی دے جانا + دیکھئے اُس کی کیا مرضی ہے آج کل (تو آسمان تانبا سا ہو گیا ہے)

تانبے تاثیر۔ محاورہ (لکھنؤ) کسی کی پنپی تلی خوراک۔ حسب ضرورت۔ گن پوئی

سنبھال کھائی۔ باسی بچے نہ کُتا کھائے

تانبے کا تار یا چھلا نہیں۔ محاورہ۔ (عو) (یہ حالت ہے کہ اُسکے پاس تانبے کا تار تک نہیں کہ جو اُسکی نتھ تو بنا کر پہن لے) اسی سبب سے۔ بہت ہی محتاج ہے۔ بہت ہی غریب ہے +

تانت باندھو۔ محاورہ۔ (بازاری) بہت سی فحش اور کھلی کھلی گالیاں دینے والا دوسرے کی سختی کے ساتھ روکنے پر اُسکے جواب میں یہ محاورہ بولا کرتا ہے۔ اور اُس سے یہ غرض ہوتی ہے کہ تم کوئی نشانی یا علامت باندھو تاکہ بھول نہ جاؤ۔ اور جو کچھ تم سے ہو سکے سو کر لینا +

تان نروز پھینکنا۔ ا۔ ف م۔ (نروز کی اصل ع تعزیر یعنی اشارہ معلوم ہوتی ہے) اشارہ کنایہ کرنا۔ آوازہ توازہ کسنا۔ طعنے مہنے دینا +

تانت سا تانتڑی سا۔ ہ صفت لاغر۔ منحنی سا۔ بہت دُبلا +

تان توڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) گاتے وقت گیت کو سم پر لا کر ختم کرنا + (۲۔عو) طعنہ دینا۔ آوازہ پھینکنا۔ طعن کرنا۔

تان کے۔ ہ۔ م ف۔ خوب زور سے کھینچ کر جما کر جمتوں +

جی چاہتا ہے شیخ کی پگڑی اُتار لے۔ اور تان کے چپاخ سے ایک دھول مار لے +

تان کی جان۔ ا۔ اِسم مؤنث۔ گانے یا تان اُڑانے کے نہایت مناسب یا قابل (آواز) عمدہ۔ سُریلی۔ رسیلی۔ گوش بے جان میں دم کیا دم کو۔ تان کی جان ہے تیری آواز + (نگہت)

تاؤ آجانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دھات کا گرمائی پا کر لال ہو جانا۔ لوہے چاندی وغیرہ کا تپ جانا + (۲) چاشنی وغیرہ کا پکنے پر آجانا + (۳) (دیہات) بخار آنا تپ چڑھنا + (۴) جھونجل یا غُصّہ آجانا۔

تاوا دینا یا کھلانا۔ ہ۔ ع م۔ (کبوتر باز) کبوتروں کو اُڑا کر ایک چکّر دینا +

تاؤ بھاؤ۔ ہ۔ صفت۔ بہت ذرا سا یونہی سا۔ کسی قدر +

تاؤ دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) گرم کرنا۔ تپانا آگ میں لال کرنا + (۲) تانا۔ پگلانا + (۳) مڑوڑی دینا۔ بٹ یا بل دینا۔ جیسے۔ مُوچھوں کو تاؤ دینا +

تاؤ کھانا یا کھا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱)

دیکھو (تاؤ آجانا نمبر ۱) + (۲) اندازے سے زیادہ آنچ یا حرارت پہنچ جانا + (۳) جوش یا جرح کھا جانا۔ کالا پڑ جانا + جل جانا + جیسے گرمی میں بہت پھرنے سے خون تاؤ کھا گیا + (۴) قوام یا چاشنی کا زیادہ پکجانا یا جلجانا + (۵) برافروختہ یا غضبناک ہونا۔ غصہ کھانا۔ آگ ہو جانا +

تایا جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) گرم کیا جانا۔ پگلایا جانا + (۲) جلایا جانا + (۳) آزمایش کیا جانا۔ آزمایا جانا +

آگ میں غم کی ہو کے گداز ان جسم ہوا سب پانی سا۔
یعنی بن ان شعلہ رخوں کے خوب ہی ہم بھی تائے گئے۔

تباہی کا مارا۔ تباہی زدہ ۔ ا۔ صفت مصیبت کا مارا۔ دکھیا۔ آفت رسیدہ کمبخت۔ بزبھاگی +

تبدیل ہیئت کرنا ۔ ا۔ ف ل۔ دھوکا دینے کے لئے صورت بدلنا۔ بھروپ بھرنا یا گانٹھنا۔ بھیس بدلنا +

تبرا بھیجنا ۔ ا۔ ف م۔ لعنت یا تین حرف بھیجنا۔ نفرین کرنا +

تپ موت جانا ۔ ا۔ ف ل۔ بخار کے جاتے وقت ہونٹ نیز زرد زرد پھنسیوں کا نکل آنا۔ بخار کے جانیکی علامت ظاہر ہونا

تتا تاؤلا ۔ ہ۔ صفت۔ جلد باز۔ تیز مزاج

تتا توا ۔ ہ۔ صفت۔ لغوی۔ گرم توا + بات بات پر لڑنے والا۔ لڑاکا۔ فسادی جھگڑالو +

تتا ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ لال پیلا ہونا۔ گرم ہونا۔ خشمناک ہونا۔ برافروختہ ہونا +

تتر بتر ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کھنڈنا۔ تین تیرہ ہونا۔ پراگندہ ہونا۔ بے ترتیب ہونا

تتیا مزاج ہے۔ بڑا تتیا ہے ۔ محاورہ لغوی تیز اور چرپری مرچ + نہایت زکی ہے۔ بڑا تیز فہم ہے۔ بڑا پھرتیلا اور چالاک ہے +

تجاہل عارفانہ کرنا ۔ ا۔ ف ل۔ جان بوجھکر انجان بننا +

تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے ۔ محاورہ (قسم یا عہد کے موقع پر بولتے ہیں) تیرے خلاف کروں تو گویا اپنے خدا کے خلاف کروں۔ تجھ سے بدعہد ہو تو کافر ہو +

کیا عہد ہے یہ اب دلربا تجھ سے + جو تجھ سے پھرے تو پھرے وہ خدا سے + (قاسم)

تجھ سے تو حاضر میں بھی پانی نہ منگواؤں۔ تجھ سے تو پیخانہ بھی

بھی لوٹا نہ رکھواؤں۔ محاورہ۔ (طنزاً حالت تنفر میں بولتے ہیں) تیری صورت دیکھکر اتنا بھی جی نہیں چاہتا کہ تجھسے پینچانیمیں پانی رکھوانے کی بھی خدمت لوں۔ تو نہایت بدصورت اور بھونڈی شکل کا آدمی ہے۔ چھوٹی آنکھوں نہیں سہاتا۔ بالکل ناپسند ہے +

تحس نحس کرنا کھونا یا برباد کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ ستیاناس کرنا۔ خراب کرنا۔ اوٹ مٹیلا کردینا۔ غارت یا برباد کرنا

تحفگی نکلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (عوام) طنزاً [illegible] لتے ہیں۔ فوقریت [illegible] حاں ہونا بھلائی ملنا۔ تعریف یا بڑائی ہونا + بدوی چڑھنا نام ہونا + اسمیں کونسی آپکی تحفگی نکلے گی +

تخت چڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (عو) (طنزاً) پلنگ پر قدم رکھنا۔ چارپائی پر سوار ہونا۔ سونیکی تیاری کرنا +

چراغ میں تھی پڑی لاڈو میری تخت چڑھی۔ مثل

تخت کا تختہ ہونا یا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (تخت جسپر بیٹھ کر سلطنت کرتے ہیں اُس کا ٹوٹ کر تختہ بن جانا۔) اسی سبب سے سلطنت کا برباد ہو جانا راج کا بگڑ جانا +

تخت کی رات۔ ا۔ اسم مؤنث۔ (عو) پہلے ہی پہل دُلھن کا اپنے خاوند کے پاس سونے کا وقت۔ سُہاگ رات۔ شب زفاف +

آئی جب کلموئی تخت کی رات۔
باجی ہمائی نے سکھائی بات + (یارعلی)

تختہ اُلٹنا یا تباہ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی شہر یا آباد جگہ کا اُجڑ جانا + (۲) تختہ تباہ ہونا۔ کھیت کے کسی حصّہ یا کیاری وغیرہ کا ستیاناس ہو جانا۔

تختہ گردن۔ ا۔ اسم مذکر [illegible] موٹی گردن والا ٹھوڑا جو لگام سے اشارہ کے ساتھ نہ مڑ سکے +

تختہ ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ زمین یا کسی سخت چیز مثلاً تخت وغیرہ پر رات کو سونے سے بدن کا اینٹھ جانا + اکڑ جانا۔ شل ہو جانا + سیر تو دیکھی مگر رات کو جو زمین پر پڑنا نصیب ہوا تو کمر تختہ ہو گئی +

تخم تاثیر صحبت کا اثر۔ محاورہ۔ لطفہ اور صحبت کا اثر ضرور رہتا ہے لطفہ اور صحبت اپنا اثر ظاہر کئے بغیر نہیں رہ سکتی +

ترا را مارنا۔ ا۔ ف ل۔ (دیہات) ڈینگ

مارنا۔ گپ ہانکنا۔ شیخی کرنا۔ تعلّی کی لینا۔

ترارے بھرنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) تیز دوڑنا چھلانگیں یا کُلانچیں بھرنا یا مارنا۔ سرپٹ جانا + (۲) فراٹے بھرنا۔ کسی کام میں نہایت مہارت یا ربط ہونا۔ پھرتی کے ساتھ کوئی کام کرنا۔ اُڑنا +

ترازو ہو جانا۔ لگنا۔ بیٹھنا۔ ا۔ ف ل (۱) آدھا تیر اِدھر اور آدھا تیر اُدھر نکل کر لٹکا رہنا۔ تیر کا آر پار ہو کر تُل جانا نشانہ پر بیٹھ جانا + (۲) دو لشکروں کا برابر ہٹ جانا یا تعداد میں برابر ہو جانا۔ تاکہ ایک دوسرے پر غالب نہ آ سکے (۱) اُسکے سینہ میں تیر ترازو ہو گیا۔ (۲) ہم پلّہ اپنا کون ہے اُس لشکر کے بیچ۔ کس کی ترازو یار کا تیر نگہ ہوا۔

تراش و خراش نکالنا۔ ا۔ ف م۔ نئے انداز اور ڈھنگ ایجاد کرنا۔ زیب و زینت یا آراستگی کے لئے طریقے نکالنا +

تراہ تراہ ہونا یا مچانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ہر شخص کی زبان پر آہ و فغاں ہونا کسی آفت یا صدمہ ناگہانی سے چلّا اُٹھنا۔ شور و فریاد مچانا۔ الامان الامان

ترت پھرت ہونا۔ ہ۔ ف ل چستی و چالاکی ہونا۔ بڑی تیزی ہونا + اُسکے مزاج میں بڑی ترت پھرت ہے +

ترت دان مہاپن۔ محاورہ۔ (۱) جلدی دان دینے سے بڑا پن ہوتا ہے + (۲) صاف جواب دیدینا + لگا لپٹی نہ رکھنا +

ترچھی نظر یا نگاہ سے دیکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) قہر یا غصہ کی نگاہ سے دیکھنا + (۲) ناز و انداز کی نظر سے دیکھنا۔ نگاہ ناز یا کن انکھیوں سے دیکھنا۔ محبت بھری نگاہ سے دیکھنا۔

ترسا ترسا کے دینا۔ ہ۔ ف م۔ تھوڑا تھوڑا دینا۔ شوق دلانا۔ اور پھر اُسکے موافق نہ دینا۔ خواہش سے کم دینا +

ترسا ترسا کے مارنا۔ ہ۔ ف م۔ (عو) (۱) کسی چیز کی خواہش پیدا کرنا اور پھر وہ نہ دینا۔ ڈھکانا۔ للچانا اور نہ دینا + (۲) پھڑکا پھڑکا کر مارنا۔ بڑی ہونا + (۲) کسی چیز کی کمی کے باعث اُسکی پکار مچنا۔ مانگ یا خواہش ہونا +

تر بھر ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ بگڑنا۔ خفا ہونا ناراض ہونا۔ کشیدہ خاطر ہونا +

تکلیف سے مارنا۔ نہایت رنج دینا +
میری بیٹی کو اسنے ترسا ترسا کے مارا ہے (۵و)

ترس کھانا۔ ترس کے مارے رونا۔ ہ۔ ف ل۔ دیا کرنا۔ رحم کھا کر کسی کے حال پر رونا۔ رحم کرنا +
میرے ترس کے مارے تو روتا ہے سب جہان
آفسوس نہ ایک آیا مگر چشم یار میں

ترشح ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) ننھی ننھی بوندوں کا برسنا۔ تقاطر ہونا + (۲) ظاہر ہونا۔ ٹپکنا۔ پایا جانا۔ برسنا +
اُنکی بات سے خفگی ترشح ہوتی ہے

ترکاری چڑھانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ترکاری کو بنا سنوار کر پکانے کے لئے چولھے پر رکھنا + (۲) (شہری ہندو) باپ کے ہاں سے بیٹی کے لئے معہ اُسکی سسرال والوں کے حمل سے ہونیکے ساتویں مہینے ترکاری مٹھائی اور نئے نئے جوڑوں وغیرہ کا بھیجا جانا۔ (دیہات) سادھ چڑھانا۔ (کایستھ) سدھوری بھیجنا +

ترکی بترکی جواب دینا۔ ا۔ ف م۔ کسی شخص کو اُسی کی زبان میں جواب دینا۔ جیسا کوئی کہے ویسا ہی جواب دینا۔ کسی شخص سے ٹکا بٹکا لڑنا۔ صاف صاف جواب دینا۔ کسی سے ذرا نہ دبنا +

ترکیب دینا۔ ا۔ ف م۔ (۱) بتانا۔ آمیز کرنا + (۲) بنانا۔ تیار کرنا۔ مرتب کرنا + (۳) شکل بنانا۔ سانچے میں ڈھالنا۔ صورت پیدا کرنا +

ترکیب سے چلنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) تدبیر کے ساتھ کوئی کام کرنا۔ جگت یا ڈھنگ سے چلنا + (۲) کفایت شعاری کرنا۔ چلن سے چلنا +

ترکیب کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) بندوبست یا انتظام کرنا۔ تدبیر کرنا + (۲) قواعد نحوی کی رُو سے کسی عبارت کے ہر ایک جزو کلام کو معہ اُسکے متعلقات کے علٰحدہ علٰحدہ بیان کرکے جملے بنانا

ترکی تمام ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) فوج سپاہ گری کا خاتمہ ہونا۔ زور نکل جانا اسے ترک تو بھی اب تکیگا کسیکو قتل۔
میں کیا تمام ہوں تیری ترکی تمام ہے +
(۲) غرور ڈھجانا۔ گھمنڈ نکل جانا تکبر جاتا رہنا + (۳) ہو چکنا۔ بالکل ختم ہو جانا + (۴) مر جانا۔ کام تمام ہونا +

ترے سامت میں آنا۔ ہ۔ ف ل۔ عورت

کی عقل پر کار بند ہونا۔ اِستری کی سمجھ پر چلنا۔ تریامت میں جو نرآوے۔ وہ تو ایک دن لاج گنواوے +

تُرئی کے سے پھول۔ ہ۔ محاورہ۔ (چونکہ تُرئی کے پھول نہایت زرد اور چمکدار ہوتے ہیں اور اپنے پتوں سے الگ رہتے ہیں اسواسطے انکو اول میں اشرفی سے تشبیہ دیتے تھے اب روپے سے دینے لگے اور اُس سے یہ غرض رکھتے ہیں کہ بڑے چمکدار اور چلکتے روپیہ ایک ایک کرکے دے ہیں) خالص چاندی کے تھے جنمیں ایک بھی کھوٹا نہ تھا۔ نقد۔ روکڑا +

(۱) دیکھو جی مینے اِسکو پانسو روپیہ تُرئی کے سے پھول دئے تھے اب دسمی دفعہ روتا ہے +

(۲) تُرئی کے سے پھول سو روپیہ اُٹھ گئے +

تڑا بھڑی پڑنا یا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بھیڑ بکریوں کی طرح سے جھٹ پٹ روگ میں آجانا۔ وبا یا ہیضہ کے باعث آدمیوں کا چٹ پٹ مرجانا موت کی گرم بازاری ہونا + مری پڑنا (۲) جلدی پڑنا۔ گھبراہٹ مچنا +

تڑ تڑ جواب دینا۔ ہ۔ ف م۔ چٹ چٹ جواب دینا۔ بہت بولنا۔ ذرا نہ لحاظ

تڑاقا پیٹنا۔ ا۔ ف ل۔ (عوام مسلمان) فاقہ گذرنا۔ بالکل کچھ نہ کھانا +

تڑاقا کھا جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) کسی لکڑی کا یکایک چٹخ جانا یا ٹوٹ جانا دیوار کا دفعتہً پھٹ جانا + (۲) کمی یا توڑا ہو جانا + (۳) کسی آدمی کا دفعتہً بیہوش ہو جانا۔ یکایک مرجانا +

تڑاق سے جواب دینا۔ ا۔ ف م۔ بغیر سوچے سمجھے جواب دے بیٹھنا۔ صاف انکار کر دینا۔ بغیر لحاظ و شرم کے انکار کر دینا +

تڑاقے بھرنا۔ ا۔ ف ل۔ عوام۔ کسی پرند کا زور شور سے اُڑنا +

تڑکاؤ دیوا۔ ہ۔ صفت۔ (دیہات) (۱) مرنیکے قابل۔ مرنہار۔ چراغ سحری + (۲) بے رونق۔ بے آب

تڑکا ہونا یا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سورج کا نکل آنا۔ پو پھٹنا۔ صبح یا بھور

* اصل میں تڑکا ہے مگر دہلی کے انیڑھ مسلمان اپنے تئیں پڑھا لکھا ظاہر کرنیکو تڑاقا بولتے ہیں اور اسی طرح اور بہت سے لفظوں میں کاف کے بجاے قاف تلفظ کرتے ہیں جیسے کبوتر کو قبوتر۔

ہونا + (۲) غرور یا گھمنڈ کا اندھیرا دور ہو جانا۔ خبر پڑنا۔ جاننا یا چاننا ہو جانا حقیقت معلوم ہو جانا۔ چوندھے کھل جانا (۳) ہوش و حواس جاتے رہنا۔ بے ہوش ہو جانا۔ غش آجانا + ایسے پٹے کہ تڑکا ہو گیا + (۴) مفلس یا کنگال ہو جانا۔ تباہ یا برباد ہو جانا۔ دیوالہ نکلنا +

تسمہ جمانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) تسمے سے مارنا (۲) حصہ لگانا۔ پتی لگانا + ذرا سی چیز ہے اور اسمیں وہ بھی تسمہ جماتے ہیں +

تسمہ لگا نر کھنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ذرا سا بھی چمڑا جڑا نر رہنے دینا۔ صاف دو ٹکڑے کر دینا۔ ایک ہاتھ میں کام تمام کر دینا + (۲) ذرا تعلق باقی نر کھنا۔ خوب دشمنی یا بیر ڈلوا دینا +

اگرچہ رہگئے تھے استخوان دپوست وے۔
لگائے ایسے کہ تسمہ بھی پھر لگا نر ہا +

تسمہ لنگوٹا باندھنا۔ ا۔ ف ل۔ فقیر کا مرید ہونا۔ جوگی کا چیلا بننا +

تشت از بام ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) پر گھٹ ہونا۔ ظاہر ہونا۔ کھل جانا + (۲) مشہور ہو جانا۔ بُرائی کے ساتھ شہرت پانا انگشت نما ہونا۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا +

تشریف ارزانی فرمانا یا لانا۔ ا۔ ف ل۔ کسی بزرگ یا امیر آدمی کا آنا۔ قدم رنجہ فرمانا۔ پدھارنا۔ کرپا کرنا +

تصویر بنجانا۔ یا ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) صورت بن جانا۔ بیحس و حرکت ہو جانا۔ گم صم ہو جانا +

تصویر کی حالت۔ ا۔ صفت۔ (عام) نہایت خوبصورت۔ بڑی حسین۔ قبول صورت۔ پری +

تعزیہ اٹھانا یا نکالنا۔ ا۔ ف م۔ تعزیہ کو آنکے آگے ماتم کرتے ہوئے اور مرثیہ گاتے ہوئے گشت پھرانے یا دفن کرنے کے لئے لیجانا +

تعزیہ بنانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) بانس کے ڈھانچ پر کاغذ و پنی وغیرہ منڈھنا اور اسمیں امام حسن اور حسین کی مزاریں بنا کر رکھنا + (۲۔ ہندو) بدنام یا رسوا کرنا۔ گڈا بنانا +

تعزیہ ٹھنڈا ہو جانا۔ ف ل۔ (۱) تعزیہ کا دفن ہو جانا + (۲) کسی کارخانہ یا دکان کا تباہ یا برباد ہو جانا۔ دیوالہ نکل جانا کوٹھی کا بیٹھ جانا + (۳) مشہور اور نامی آدمی کا مر جانا۔ گھی کا کیا کڑھ جانا +

تعزیہ داری کرنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) تعزیہ بنانا، اور اُسکا تمام صرف شربت اور فاتحہ وغیرہ کا اُٹھانا + تعزیہ داری کرنی آسان نہیں ہے اُسکو بھی ایک رقم چاہیئے + (۲) سوز اور مرثیہ وغیرہ کا پڑھا جانا۔ ماتم کرنا۔ بُھس اُڑانا +

تعلّی کی لینا۔ ا۔ ف ل۔ ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔ دُون کی لینا۔ گھمنڈ کرنا اِترانا۔ پنجوں کے بل چلنا۔ زمین پہ پاؤں نہ رکھنا +

یہ دودِ شمع دل راتوں کو لیتا ہے تعلّی کی۔
خجل کرتا ہے زلف حُور کو بھی پیچ و خم میرا (ع)

تغاپٹھانا۔ ا۔ ف م۔ (صحیح تمغا)۔ (عو) حکومت جتانا۔ رعب یا سکّہ بٹھانا۔ حکم چلانا +

تُف ہے تیری اوقات پر۔ محاورہ تھوک ہے تیرے جنم میں۔ لعنت ہے تیرے چال چلن پر +

تقدیر آزمانا۔ ف ل اپنے بھاگوں کو پرکھنا۔ بخت آزمائی کرنا۔ تقدیر کے بھروسے پر کچھ کام کرنا +

تقدیر اُلٹنا۔ بگڑنا۔ پلٹنا۔ پھر جانا پھوٹ جانا۔ یا۔ **لوٹ جانا**۔ ا۔ ف ل۔ قسمت کا پلٹا کھا جانا۔ بخت کا نا سا ہو جانا۔ ادبار آنا۔ بداقبالی ہونا۔ کرم پھوٹ جانا۔ نربھاگی ہو جانا +

تقدیر پھرنا۔ جاگنا۔ یا۔ **چمکنا۔ تقدیر سیدھی ہونا۔ تقدیر کا موافق ہونا**۔ ا۔ ف ل۔ اچھے دن آنا۔ دِن پھرنا۔ بھلے دِن آنا۔ بھاگ جاگنا۔ بخت کا یاور ہونا اقبال کا سامنے ہونا +

تقدیر کا بدا۔ یا۔ **لکھا یوں ہی تھا**۔ محاورہ۔ اسی طرح قسمت میں لکھا ہوا ہے نوشتہ ازلی یوں ہی تھا۔ کرم ریکھ یہی تھا +

تقدیر کا بل نکل جانا۔ ہ۔ ف ل۔ بدبختی کا دُور ہو جانا۔ بُرے دِن نکل جانا

تقدیر کا بناؤ۔ ا۔ اسم مذکّر۔ اقبال کی سازگاری یا موافقت۔ مساعدت روزگار +

تقدیر کا پلٹا کھانا۔ یا۔ **سو جانا**۔ ا۔ ف ل۔ قسمت کا پھوٹ جانا۔ بدبختی آجانا +

تقدیر کا دامن پکڑنا۔ ا۔ ف ل۔ تقدیر پر بھروسہ کرنا۔ سب کام تقدیر پر چھوڑ دینا +

اب نہیں تدبیر کرنیکے وصال یار کی۔
بیٹھ جاو بیخبر پکڑ کر دامن تقدیر کو +

تقدیر کا کھیل ہے ا۔محاورہ۔ تقدیر کے کرشمے ہیں۔ بھاگوں کی باتیں ہیں ساری بات قسمت کے ہاتھ ہے۔

تقدیر کا مُنہ پھیر لینا۔ ا۔ ف ل۔ مصیبت یا مفلسی میں گرفتار ہونا + بدبختی آجانا +

دیکھ مجھکو بُت بے پیر نے مُنہ پھیر لیا۔
آج مجھسے میری تقدیر نے مُنہ پھیر لیا + (ظفر)

تقدیر کا ہیٹا۔ کھوٹا یا نکما۔ ا۔ اِسم مذکر بدبھاگا۔ ابھاگی۔ کرم ہیں۔ بدنصیب کم بخت۔ بداقبال +

تقدیر کا کھوٹا کیوں نہ اُٹھاوے ٹوٹا مثل

تقدیر کے ہاتھ بات ہے ا محاورہ ساری بات قسمت پر منحصر ہے۔ سارا دارومدار نصیبوں پر ہے +

تقدیر لڑنا۔ لڑجانا یا جالڑنا۔ ا۔ ف ل۔ تقدیر کا موافق آجانا۔ قسمت کھل جانا۔ نصیبہ جاگ جانا +

تقویم پارینہ۔ محاورہ۔ لغوی پرانی جنتری + پرانی اور ناکارہ چیز۔ بیکار شے +

تکا بوٹی کر ڈالنا۔ ا۔ ف م۔ (اسلمان) (۱) ٹکڑے ٹکڑے یا دھجیاں دھجیاں کر ڈالنا + (۲) بانٹ لینا۔ تیا پانچا کر ڈالنا (۳) صرف میں لے آنا۔ اُٹھا ڈالنا +

تکا سا کھڑا رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ ہر وقت موجود یا تیار کھڑا رہنا۔ سر پر کھڑا رہنا +

تکا فضیحتی ہونا۔ تھکا فضیحتی ہونا (پورب)۔ ا۔ ف ل۔ (عو) تُو تُو میں میں ہونا۔ باہم تکرار ہونا۔ تُو تکار ہونا لڑائی جھگڑا رہنا +

تکان۔ یا تھکن اُتارنا۔ ا۔ ف ل۔ (۲) تھکن یا سُستی دور کرنا۔ تازہ دم ہونا + (۲۔ بازاری) جماع کرنا۔ ہم بستر ہونا +

تک بندی کرنا۔ تک جوڑنا۔ ا۔ ف ل۔ تک سے تک مِلانا۔ بیموقع قافیہ بندی کرنا +

تکلف کا کھانا۔ ا۔ اِسم مذکر۔ وہ عمدہ اور لذیذ کھانا جس میں بہت سے دام لگے ہوں۔ قیمتی اور مزیدار کھانا +

تکلف کا مکان۔ ا۔ اِسم مذکر۔ وہ مکان جو فرش فروش اور جھاڑ فانوس وغیرہ چیزوں سے خوب آراستہ و پیراستہ ہو۔ سجا سجایا مکان

مژدہ پہنچے سوئے باغ کنے لوگ رواں۔
صحنِ گلزار میں تھا ایک تکلف کا مکاں +

تکلف کرنا۔ا۔ف ل۔(۱) ٹیپ ٹاپ کرنا۔ بناؤ کرنا۔ آراستگی کرنا + (۲) شرما حجاب کرنا + (۳) شرم کے ساتھ انکار کرنا۔ بیجا عذر کرنا +

تکلے کا گھاؤ یا زخم۔ہ۔اسم مذکر خفیف سا صدمہ یا چوٹ۔ تھوڑا سا نقصان + مرغی کو تکلے کا گھاؤ مہنگا ہے۔ مثل +

تکلے کے سے بل نکال دینا۔ہ۔ف ل (جب تکلا ٹیڑھا ہو جاتا ہے تو عورتیں اُسکے بل کو دو پوروں کی ماریا جوتی یا لوڑھی سے سیدھا کیا کرتی ہیں) اسی سبب سے کسی شخص کو مار پیٹ کر ٹھیک کرنا۔ اینٹھ نکالنا۔ درست کرنا۔ ٹھیک بنانا + مجھسے بل لائے تو دم بھر میں تکلے کے سے بل نکال دونگا +

تک و دو لگی رہنا۔ا۔ف ل۔(۱) نہایت تلاش و جستجو رہنا۔ طبیعت کا کسی چیز کی طرف لگا رہنا + (۲) اُدھیڑ بُن رہنا۔ فکر و تشویش رہنا +

تکی لگانا۔ہ۔ف ل۔(پورب) دیر تک دیکھتے رہنا۔ دیکھے جانا۔ گھورے جانا۔

تکیے لگانا یا پکانا۔ا۔ف م۔(۱) کباب لگانا۔ یا پکانا + (۲)۔عو۔ جلانا بھوننا۔ ستانا +

تکیہ دینا۔ا۔ف م۔(پورب) اپنا گاؤ تکیہ آنے والے کو دیدینا۔ خاطر تواضع کرنا تعظیم کے ساتھ پیش آنا۔ مدارات کرنا۔ آؤ بھگت کرنا +

تکیہ کا کتا ہونا۔ا۔ف ل۔ ہر وقت تکیہ میں فقیروں کے ٹکڑوں پر پڑا رہنا۔ طفیلیا بننا +

تکیہ لگانا۔ا۔ف ل۔(۱) کسی دیوار یا چیز سے لگ کر بیٹھنا۔ (۲۔تکیہ کرنا) کسی پر بھروسہ یا اعتماد کرنا +

تلا گودن کرنا۔ہ۔ف م۔(عو) (تلا تلی کا بگاڑ ہے)۔ لغوی کسی کی تلی کو گودنا کڑوی کسیلی باتیں کہنا + طعنے مہنے دینا۔ ستانا دق کرنا۔ جلانا۔ بھوننا +

تلا ملی پڑنا یا لگنا۔ہ۔ف ل۔ بے چینی ہونا۔ بیقراری ہونا۔ جلدی پڑنا۔ گھبراہٹ یا بے کلی ہونا +

تلپٹ کر دینا۔ہ۔ف م۔(فا) (تل مخفف ہے تلے کا پٹ یعنی تختہ طبقہ یا سطح زمین یعنی زمین کے نیچے کر دینا) اسی سبب سے

(۱) کسی چیز کو چھپا دینا۔ الوپ کر دینا۔ گم یا غایب کر دینا + (۲) ستیانا س کرنا۔ اُجاڑنا۔ تہ و بالا کرنا۔ تباہ یا برباد کرنا

تل تل۔ تِل تِل بھر ۔ ہ۔ م۔ ف۔ تھوڑا تھوڑا۔ ذرا ذرا سا۔ پلی پلی۔ جو جو +

تل تل بھر دھن جوڑے سا سُو۔ ہوکے ٹھاوت (اُٹھاتے) جھڑے نہ آنسو + مثل +

تل چاولی ڈاڑھی ۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ (تل اکثر کالے ہوتے ہیں اور چاول ہمیشہ سفید اسی سے کالے سفید ملے ہوئے معنی لئے گئے ہیں) ایسی ڈاڑھی جس میں کچھ سفید اور کچھ کالے بال ہوں + کڑبڑی ڈاڑھی +

تلچھو یا تلچھو کرنا۔ تلچھو یا تلچھو کرتے پھرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (عو) بے تابانہ یا مضطربانہ پھرنا۔ گھبرائے ہوئے پھرنا۔ گھڑی آنا گھڑی جانا۔ نچلا نہ بیٹھنا۔ ناچتا پھرنا +

تل دھار موسل دھار برس رہا ہے محاورہ۔ بڑے زور شور سے بارش ہو رہی ہے۔ موسلا دھار برس رہا ہے چھاجوں مینہ پڑ رہا ہے +

تل دھرنے کی جگہ نہ ہونا۔ یا۔ نہ ہانا

تل دھرنیکو جگہ نہ رہنا ۔ ا۔ ف ل۔ اتنی بھی جگہ نہ رہنا۔ یا نہ ملنا کہ ایک تل تو دھر لیں۔ آدمیوں یا چیزوں کی کثرت کے سبب سے کسی جگہ کا خالی نہ رہنا۔ ساری جگہ کا رُک جانا۔ ذرا جگہ باقی نہ رہنا۔ جگہ کی تنگی ہونا۔ بالکل گنجایش نہ ہونا +

تلف ہو جانا ۔ ف ل۔ (۱) مُفت جاتا رہنا خراب ہونا۔ ضایع ہونا + (۲) بے موت مر جانا۔ فوت ہو جانا۔ مر جانا +

بے تابِ تواں یوں میں کا ہیکو تلف ہوتا۔ یا قوتی تیرے لب کی ملتی تو سنبھل جاتا۔ (انیس)

تلک کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) گدی دینا۔ گدی نشیں کرنا + (۲) سگائی نسبت یا منگنی کر دینا + (۳) ٹیکا کرنا۔ رخصت کرنا۔ یا کرنا + اُسنے دھیلی ناریل تلک کیا۔ (یعنی رخصت کرتے وقت ایک دھیلی اور ایک ناریل ہمراتی کو دیا) +

تل کی اوجھل پہاڑ ہے۔ تنکے کی اوجھل پہاڑ ہے + محاورہ۔ (جب تل پر کچھ پردہ پڑ جاتا ہے یا آنکھ کے آگے ایک تنکا جو ادنی سی چیز ہے آجاتا ہے تو پہاڑ جو بہت بڑی چیز ہے نہیں دکھائی دیتا اور چھپ جاتا ہے) اسی سبب سے

ذراسی اوٹ میں بڑی بات چھپی رہتی ہے۔ ذراسی اُلٹ پھیر میں مشکل مسئلہ پوشیدہ رہتا ہے

تلکی تلکی مچ رہی ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ (ہ عو) (ہندوؤں میں دستور ہے کہ جب کوئی شخص مرنے لگتا ہے تو اُسکو چارپائی پر سے تلے اُتار لیتے ہیں اسی سے معلوم ہوتا ہے کہ اس محاورے کی اصل "تلے تلے کو کی پکار مچنا" ہے) (۱) ہر شخص پکار رہا ہے کہ فلاں شخص مرنے کو ہے۔ ہر ایک کہہ رہا ہے کہ فلانا اب کے نہیں بچنے کا۔ لینے کے دینے پڑ رہے ہیں +

جی جی بچھورے کی تو تلکی تلکی مچ رہی ہے بھلوں ہی ہے جو اب کے ہیلے کھڑا ہو جائے (ہ عو)

(۲) کسی چیز کی بہت مانگ یا پکار ہو رہی ہے۔ اُوڑا پڑ رہا ہے۔ کال یا قحط پڑ رہا ہے +

تل کی دھرتی اُوپر کر دینا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہ۔ عو) نیچے کی زمین اوپر کر دینا۔ زمین کو اُلٹ مارنا۔ نہایت گھبرا دینا نہایت پریشان کر دینا + شتے! تُو تو جرا (ذرا) سی دیر میں تل کی دھرتی اُوپر کر دے ہے + (ہ عو)

تلملاتے پھرنا۔ تلملانا۔ تلملا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی چیز کی تلاش میں سرگرداں ہونا۔ بیقرار یا بے چین ہونا۔ مضطر یا پھرنا۔ تڑپنا۔ گھبرانا +

ابر تر آنسو بہانا کوئی ہم سے سیکھ جائے۔
برق مضطر تلملانا کوئی ہم سے سیکھ جائے + (ذوق)

تلملا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (دیہات) ذراسی دیر دکھائی دیکر چھپ جانا +

تل نظرا۔ ا۔ اسم مذکر۔ (عو) وہ شخص جو نیچی نگاہ کئے ہوئے تاکتا رہے۔ وہ شخص جو گفتگو کرتے وقت آنکھیں جھکائے چپکے چپکے گھورتا ہے +

تلوار برسنا۔ ہ۔ ف ل۔ خوب تلوار چلنا تلواریں پڑنا۔ شمشیر زنی ہونا +

برسے اگر تلوار سر و نیزہ مُنہ موڑیں زنہا نہیں +
سید بھی جانیوالے اُدھر کے کسکے پیر پھرتے ہیں +

تلوار جھاڑنا۔ ہ۔ ف م۔ تلوار کا وار کرنا تلوار چلانا +

تجھے تیروں سے اب میں مارتا ہوں
دیا تلوار تجھ پر جھاڑتا ہوں

تلوار چلانا۔ ہ۔ ف م۔ کسی پر تلوار کا وار کرنا۔ تلوار سے لڑنا۔ مردانگی کرنا بہادری دکھانا +

تلوار سونتنا یا کھینچنا۔ تلوار میان سے نکال لینا۔ ف ل۔ تلوار کو میان سے باہر نکال لینا۔ تلوار کا وار کرنے پر مستعد ہو جانا۔ کسی کے مارنیکا ارادہ کر لینا +

تلوار کا پانی۔ ہ۔ اسم مذکر۔ تلوار کی آبداری آب دم شمشیر +

سینکڑوں تشنۂ دیدار ہیں معلوم نہیں۔
کس کی قسمت کا ہے پانی تیری تلوار پہ آج +

تلوار کا پٹھا۔ ہ۔ اسم مذکر (لکھنوی) تلوار کی چوڑی دھار۔

ازل سے قاتلوں کو نقش خوبی سے ہے محرومی۔
کسی تلوار کے پٹھے پر آتو ہو نہیں سکتا +

تلوار کا دھنی۔ ہ۔ صفت۔ بڑا بہادر یا سورما آدمی۔ خوب تلوار چلانیوالا +

تلوار کا ڈورا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ دھار۔ باڑھ۔ دھار کا نشان جو خط کی شکل میں دکھائی دیتا ہے +

میرے زخموں میں اگر ٹانکے لگانے ہیں تجھے۔
پہلے لاجراح ڈورا یار کی تلوار کا +

تلوار کا کھیت۔ ہ۔ اسم مذکر۔ معرکہ جنگ و جدال۔ لڑائی کا میدان +

چاک پیراہن ہر رنگ گل بعینہ زخمے۔ (آتش)
کھیت ہے تلوار کا یارب کہ میدان بہار +

تلوار کا گھاٹ۔ ہ۔ اسم مذکر (لکھنو) تلوار کی گہرائی شمشیر کی کجی خم تیغ تلوار کی دھار +

قاتل عالم ہے دریائی میں عالم یار کا۔
گھاٹ اسکے تیرنے کا گھاٹ ہے تلوار کا +

تلوار کا ہاتھ دینا۔ ہ۔ ف م۔ شمشیر لگانا تلوار مارنا + ایک ایسا تلوار کا ہاتھ دیا کہ صاف دو ٹکڑے ہو گئے +

تلوار کرنا۔ جڑنا مارنا یا لگانا۔ ہ۔ ف م تلوار سے لڑنا۔ تیغ زنی کرنا۔ تلوار کا ہاتھ دینا +

علی نے کود کے بیراعلم میں کی تلوار
جو شاہ جن یہ نہ کہتا نہ چھوڑتے تلوار
علی امام منست، منم غلام علی
ہزار جان گرامی فدا سے نام علی

تلوار کسانا۔ ہ۔ ف ل۔ (لکھنو) شمشیر کا خمیدہ ہونا۔ تلوار کا جھکنا +

امتحاں پر تو اہلیوں کی نظر جھکتی ہے۔
وقت پر میری بھی تلوار کسائی ہوتی +

تلوار کو میان کرنا۔ ا۔ ف م۔ تلوار کو اسکے خلاف میں رکھنا۔ قتل کے ارادے سے باز آنا +

تلوار کی آبنچ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ تلوار کی

مار یا ضرب - تلوار کا ہاتھ +
تلوار کی آنچ سہار نی بڑے سُوماؤں کا کام ہے
تلوار گر جانا - ہ - ف ل - بہادری جاتی رہنا - نامرد ہو جانا - ہار جانا +
تلوار گری اور پر جا پھری + مثل
تلوار میان سے نکلی پڑنا - ا - ف ل (طنزاً) تلوار چلانیکے لئے بڑی مستعدی جتانا - تلوار سے لڑنیکے لئے بڑی آمادگی ظاہر کرنا - تلوریا بننا +
تلواروں کی چھاؤں میں - ہ - م ف - ننگی تلواروں کے پہرے میں - نہایت حفاظت کے ساتھ +
تلوں میں سے تیل نکلتا ہے - تلوں ہی میں سے تیل نکلتا ہے - ہ - محاورہ - فائدہ اور صرف دونو اصل چیز سے ہی حاصل کیا جاتا ہے - صرف اُس چیز کی بکری سے نکالا جاتا ہے جسپر وہ کیا جاتا ہے +
تلوں سے آگ لگنا - ہ - ف ل - غصّہ کے مارے آگ بگولا ہونا غیظ و غضب میں آنا - جھلا جانا - طیش میں آنا
(۱) بزمِ دشمن میں لگی یوں سر سے تلوؤں تلک آگ
فرشِ گل کو مینے سمجھا فرشِ زیرِ پا +

(۲) دیکھے جو حنائی ہاتھ بے لاگ -
تلوؤں سے پری کے لگ گئی آگ +
تلوؤں سے لگنا اور سر میں جا کے بجھنا - ہ - ف ل - پاؤں کی طرف سے آگ کا لگنا اور سر میں جا کر اُسکا تمام ہونا سارے تن بدن میں آگ لگجانا - نہایت ہی غصّہ آنا - بہت بھڑکنا +
تلوؤں سے لگنا - ہ - ف ل (جب آگ پر پاؤں پڑ جاتا ہے تو اُس کی بڑی جلن اور روا ہٹ رہتی ہے) - اسی سبب سے کسی بات کا نہایت خیال یا فکر ہونا - کوئی بات - ہر وقت ملحوظ خاطر رہنا کسی کام کے سر ہو جانا +
تلوؤں کی سی کہنا - ہ - ف ل - تلوؤں کے تلے جو رشوت کا روپیہ آگیا ہے اُسکی رعایت برتنا +
تلوؤں کی سی کہوں یا دل کی + مثل
تلوؤں کا کچّا - ہ - اسم مذکر - وہ شخص جو تھوڑی دُور چلکر تھک جائے +
تلوے چاٹنا - یا سہلانا - ہ - م ف - از حد چاپلوسی یا خوشامد کرنا - للّو پتّو کرنا - گڑگڑانا - ہا ہا کھانا +
تلوے سہلاتی ہیں پریاں خانۂ زنجیر میں
وقت کا اپنے سلیماں ہے تمہارا دیوانہ آج +

تلوے چھلنی ہو جانا یا کھس جانا۔ ہ۔ف ل۔ پھرتے پھرتے تلوؤں کا زخمی ہو جانا۔ بہت پھرنا۔ از حد پیر دوڑی کرنا +

تلوے دھو دھو کے پینا۔ ہ۔م (۱) از بس اطاعت یا فرماں برداری کرنا + (۲) آدھینی یا عاجزی کرنا۔ خوشامد کرنا + (۳) قدر کرنا۔ آنکھوں پر بٹھانا۔ سر پر رکھنا +

تلوے گھجانا یا کھجلانا۔ ہ۔ف ل۔ سفر کرنے یا سرگردان پھرنے کو جی چاہنا صحرانوردی کی علامت ظاہر ہونا۔ رخصت اے زندان جنوں زنجیر در کھڑکائے ہے (زوق) مژدہ خار دشت پھر تلوا میرا کھجلائے ہے

تلوے گرم کرنا۔ ہ۔ف ل۔ چپکے سے کسی عہدے دار کے تلوے تلے قاضی الحاجات کو سرکا دینا۔ مٹھی گرم کرنا۔ باضابطہ آنا۔ بھیٹ چڑھانا۔ کچہری پوجنا۔ گھونس پیچر دینا +

تلوے نہ ٹکنا یا نہ لگنا۔ تلوا نہ ٹکنا (ہ عو) ہ۔ف ل۔ ایک جگہ قرار نہ پکڑنا قیام نہ کرنا۔ ایک جگہ جمکر نہ بیٹھنا۔ پھرتے پھرنا۔ گھڑی آنا گھڑی جانا +

تلے پڑنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) زمین پر سونا (۲) (بازاری) بدفعلی کرانا۔ فعل ناجایز کرانا +

تلے کا سانس تلے اوپر کا سانس اوپر رہ گیا۔ محاورہ (جب اندر کا سانس باہر نہ آسکے اور باہر کا سانس اندر نہ جا سکے تو نہایت پریشانی بلکہ نزع کی حالت ہو جاتی ہے) اسی سبب سے۔ دم بخود یا ششدر رہ گیا۔ حیران و پریشان ہو گیا۔ سمجھ گم ہو گئی۔ کوئی تدبیر نہ سوجھی +

تلے کے دانت تلے اور اوپر کے دانت اوپر رہ گئے۔ محاورہ۔ یعنی اوپر اور تلے کے دانت ملے نہیں۔ منہ کھلے کا کھلا رہ گیا۔ نہایت پریشان اور حیران رہ گیا۔ ہکا بکا ہو گیا +

تلے کی زمین اوپر ہو گئی۔ محاورہ۔ بڑا بھاری انقلاب ہو گیا۔ بہت کچھ تغیر و تبدل ہو گیا +

تماشا بنانا یا کرنا۔ ا۔ف م۔ (۲) سوانگ بنانا۔ نقل کرنا + (۲) ٹھٹھی کرنا۔ ہنسی اڑانا۔ احمق بنانا +

تماشا دکھانا۔ ا۔ف م۔ (۱) عجائبات دکھانا۔ انوکھی بات کرنا +

کیا شان ایزدی نے تماشا دکھا دیا۔ (احمد)
انسان کا فرشتوں سے رتبہ بڑھا دیا +

(۲) سزا دینا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ مزہ چکھانا +

تماشے کی بات ہے۔ محاورہ تعجب مزے یا اچرج کی بات ہے۔ انوکھی یا نئی بات ہے +

تم سے خدا پناہ میں رکھے۔ تم سے خدا بچائے۔ محاورہ۔ تمہارے بُرے فعلوں کے اثر سے خُدا اپنی پناہ میں رکھے +

تم کاٹو میری ناک اور کان میں نہ چھوڑوں اپنی بان۔ محاورہ۔ (ہٹی لڑکے بالے اور ضدی عورت کی نسبت طنزاً بولتے ہیں) یعنی تم چاہو جتنی سزا دو یہانتک میری ناک اور کان دونو کاٹ لو مگر میں اپنی بُری بان یعنی عادت نہیں چھوڑونگی +

تم نے اُڑائیں ہمنے بھون بھون کھائیں۔ محاورہ۔ تمنے اُنکے کھونہیں چالاکی کی تو ہمنے اُنھیں کو پکڑا اور بھون کر کھالیا۔ یعنی ہم تمہارے بھی اُستاد ہیں۔ تمہاری چالاکی ہمارے ساتھ نہیں چل سکتی +

تمہارا کیا پوٹا۔ یا جوصلہ ہے۔ تمہاری کیا بساط ہے۔ تم کیا کر سکتے ہو۔ تم کیا ہو۔ تم ہو کس لایق۔ محاورہ۔ ہمارے مقابلہ میں تمہاری کچھ اصل نہیں ہے۔ تمہاری کیا اصل ہے۔ جو ہمارا مقابلہ کر سکو۔ ہم تمکو کچھ نہیں سمجھتے +

تمہارا کلیجہ۔ تمہارا ہگر۔ محاورہ۔ (جب کوئی شخص اپنی رائے کے خلاف کہتا ہے یا اُسکی بات کا اعتبار نہیں ہوتا یا رنجش کی حالت میں کوئی بات دریافت کرتا ہے تو اُسکے جواب میں یہ فقرہ بولا کرتے ہیں) (۱) کچھ نہیں۔ بُروں کا کلیجہ۔ کہو صاحب کیا کر رہے ہو ج کر رہے ہیں تمہارا سر (۲) پوچھتا ہوں جو اُنسے راز دہن ہنسکے فرماتے ہیں تمہارا ہگر (۲) بالکل غلط ہے۔ محض لغو ہے۔ بکتے ہو۔ جھوٹ ہے +

کہا سینے پہ دل ہے شیدا تمہارا
لگی ہنسکے کہنے کلیجہ تمہارا

تمہارا کیا مُنہ ہے جو بولو۔ محاورہ یعنی تم ہمارے سامنے مُنہ کر کے بات نہیں کر سکتے۔ تمکو ہمارے سامنے بولنے کی مجال نہیں ہے۔ تمہاری

کچھ عزت نہیں رہی۔ تم بڑے بے غیرت ہو۔

تمہارا مال سو ہمارا مال ہمارا مال سو ہمیں ہیں۔ا۔محاورہ۔ ایسے آدمی کے حق میں طنزاً بولا کرتے ہیں جو اور کا مال تو کھا جائے اور جب اپنا مال کھلانیکا وقت آئے تو ہنسکر ٹال دے۔ اجی وہ بڑا خود غرض ہے۔ بڑا گوں گیرا ہے۔ خود مطلبیا ہے +

تمہارے لڑکے بھی کبھی پاؤں یا گھٹنوں چلینگے۔محاورہ۔ تمہاری بنائی ہوئی بات بھی کبھی سچ نکلیگی۔ تمہارا کہنا بھی کبھی سچ ثابت ہوگا۔ تم بھی کبھی سچ بولوگے +

تمہارے منہ میں گھی شکر یا گھی کھانڈ۔محاورہ۔ خوشخبری سنانے والے کے جواب میں کہا کرتے ہیں یعنی اگر تمہارا کہنا سچ ہو تو تمہیں مٹھائی کھلائینگے خدا تمہارا کہنا راست لائے۔ خدا کرے یونہی ہو +

تنبول آنا۔ہ۔ف ل۔(چابکسوار) لگام کے صدمہ سے گھوڑے کے منہ میں خون نکل آنا +

تنبول یا تنتنا یا دینا۔ہ۔ف ل (دیہات ہندو) بھانجے یا بھانجی کی شادی میں بہن کے ہاں سے رخصت ہوتے وقت بھائی کا اپنی بہن کی سسرال کی تمام موجودہ رشتہ دار عورتوں کو اُنکے درجہ کے موافق کچھ نقدی بطور پان کھانے کے دینا +

تنبیا جانا۔ہ۔ف ل۔ کھانے میں تانبے کا اثر ہو جانا۔ کسی کھانے یا ترش چیز کا تانبے کے برتن میں زیادہ دیر تک رہنے کے باعث بگڑ جانا +

تن پرور۔ف۔صفت۔ وہ شخص جو صرف اپنے تن کی آسایش سے غرض رکھے اور اپنے متعلقان کا کچھ خیال نہ رکھے آپ سوار تھی۔ خود غرض +

تن پھین کرنا۔ہ۔ف ل۔ (لکھنؤ) خفگی کی حالت میں کسی سے ناملایم باتیں کہنا سخت و سست کہنا۔ پھوں پھاں کرنا

تنتنا توڑنا یا پیٹنا یا کرنا۔ا۔ف ل (۱) گھمنڈ کرنا۔ اترانا۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا۔ ناک مارنا + (۲) ناحق خفا ہونا غصہ اُتارنا +

تن توڑ لینا۔ہ۔ف م۔ (دیہات) کسی

کے کہنے والے کو اپنے سے ملا لینا۔ کسی کے رشتہ دار کو بہکا لینا +

تن ڈالنا۔ ہ۔ ف ل۔ (دیہات) (۱) موٹا ہونا۔ دبلی چھوڑنا + (۲) سست یا کاہل ہونا حرام خوری کرنا +

تنکا اتارے کا احسان ماننا۔ ا۔ ف ل کسی کی ذرا سی امداد کا بھی احسان مند ہونا۔ تھوڑے سے بھی سہارے کا گن ماننا +

تنکا بھی نہ توڑ سکنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نہایت ناتوان اور کمزور ہو جانا + (۲) حرام خور یا کاہل ہو جانا۔ پھلی بھی نہ پھوڑنا +

تنکا تک بھی نہیں رہا۔ تنکا تک پاس نہیں رہا۔ ہ۔ محاورہ۔ (ایسا حال ہو گیا کہ دانت کریدنے کو تنکا تک نہیں رہا یا ایسی حالت ہو گئی کہ ناک میں ڈالنے کے لئے تنکا تک پاس نہیں رہا) اسی سبب سے (۱) روپیہ بالکل خرچ ہو گیا صفایا ہو گیا۔ سب مال متاع کھا لٹا دیا۔ بالکل لٹ کھس گیا۔ روپیہ باقی یا پاس نہیں رہا + (۲) نہایت غریب اور محتاج ہو گیا۔ روٹیوں سے حیران ہو گیا +

تنکا توڑ دینا۔ ہ۔ ف م۔ کچھ تعلق یا رشتہ نہ رکھنا۔ بالکل علیحدہ یا الگ ہو جانا +

تنکا دانتوں یا منہ میں لینا۔ ہ۔ ف ل (کسی سختی سے بچنے یا رحم دلانے کے واسطے منہ میں تنکا لیکر کہا کرتے ہیں کہ میں تیری گائے ہوں یعنے تو مجھے اپنی گائے سمجھکر چھوڑ دے اور مجھپر رحم کر) اسی سبب سے جی کی امان مانگنا۔ نہایت فروتنی یا عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔ ہا ہا کھانا۔ جان بخشی چاہنا +

تنکا سر سے اتارنا۔ ہ۔ ف م۔ (لکھنو) کسی پر تھوڑا سا احسان کرنا۔ کسی کی مدد کرنا +

تنکا ہو جانا۔ سوکھکر تنکا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ تنکا سا بدن ہو جانا۔ ہڈیاں نکل آنا۔ نہایت کمزور اور لاغر ہو جانا +

تن کو لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ جی کو لگنا۔ دیکھو (تلووں سے لگنا) + جس کے تن کو لگی ہو جانے۔ یار ابیدد کی بلا جانے + مثل +

تن کی تپت بجھانا۔ ہ۔ ف م۔ (ہندو) کسی کی آتش معدہ کو فرو کرنا۔ کسی شخص کو بھوکھ میں کھانا کھلانا +

ایسا ہو کوئی پورن بابا تن کی تپت بجھاوے گا
پورن پیالہ پیو پریم رس پھیر نہیں یاد کو گا۔

تنکے چننا۔ تنکے چننے لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ (جب کسی شخص کو اپنے معشوق کے ملنے یا کسی

کھوئی ہوئی چیز کے پائے جانیکی نہایت آرزو ہوتی ہے تو وہ حواس باختہ ہو کر اسکو زمین میں بیٹھا ڈھونڈا کرتا ہے) اسی سبب سے (۱) پاگل اور خبطی ہو جانا۔ دیوانہ و سودائی بن جانا + باغ میں آتا نہیں گلگشت کو وہ شوخ گل (ناسخ) تنکے اب چننے لگا دیوانہ گلچیں ہو گیا (۲) مفتوں یا عاشق ہونا۔ موہا جانا۔ پروانہ ہونا۔ والہ و شیدا ہو جانا +

خوب رو لاکھ جہاں میں کوئی ہشیار سنے۔ پر تجھے دیکھے تو تنکے سر بازار چنے + (مومن)

تنکے چنوانا ۔ ہ۔ فم۔ (۱) دیوانہ یا پاگل کر دینا۔ باؤلا بنانا +

باعث وحشت ہوئی ہے بے اعتنائی آپکی۔ تنکے چنوانے لگی ہمسے جدائی آپکی +

(۲) عاشق یا مفتوں کرنا۔ آوارہ و سرگردان پھرانا۔

موئی نے قیس سے عاشق کو تنکے چنوائے۔ قربان کی تھی چھگانا وہ کلموئی لیلا + (نسیم)

تنکے کا احسان ماننا ۔ ا۔ فل۔ ذرا سے احسان کے بدلے بھی شکر گزار ہونا۔ ذرا سے احسان کو بہت ماننا +

تنکے کا سہارا ۔ محاورہ۔ تھوڑا سا آسرا تھوڑی سی مدد یا حمایت +

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت ہے + مثل

تنکے کو پہاڑ کر دکھانا ۔ ہ۔ فم۔ (۱) چھوٹی چیز کو بڑا کر دینا۔ ادنی کو اعلے کر دینا۔ شتر مرغوں کو سوئی کے ناکے میں سے نکال دینا۔ اپنی قدرت کا ملہ دکھانا۔ غالب کہ دیوے قوت دل اس نحیف کو۔ تنکے کو جو دکھائے ہے پل میں پہاڑ کر +

(۲) چھوٹی چیز کو بڑا کر کے دکھا دینا شعبدہ بازی کرنا + (۳) مبالغہ کرنا۔ پر کا کاگ بنانا۔ بال کا کمل بنانا +

تنکے کی اوٹ یا اوجھل پہاڑ ہونا ہ۔ فل۔ دیکھو (تل کی اوجھل پہاڑ) بعض شخص اُسکی اصل یوں بھی بیان کرتے ہیں کہ جب برسات میں تن یعنی گھاس پھوس پہاڑ پر بہت اُگ آتا ہے تو پہاڑ اُسمیں بالکل چھپ جاتا ہے تو گویا ادنی سی چیز کی اوٹ میں بڑی سی چیز چھپ جاتی ہے۔ اسی سبب سے (۱) کسی بڑی دقیق اور باریک بات کا ذرا سے اشارہ کے پردہ میں چھپا رہنا + (۲) مشکل بات کا ذرا سی تدبیر سے حل ہو جانا +

تن لگو ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (ہندو) دوسرے کی

خاطر اپنے اُوپر تکلیف اُٹھانیوالا۔ جاں نثار۔ دوست پرست +

تن من بھر جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی اپنے پیارے یا عزیز کو دیکھکر سیری ہو جانا۔ نہایت خوشی ہونا + آگ لگے کر بیری درشن ۔ پرست دیکھ بھرے سب تن من شیتل

تن من مارنا ۔ ہ۔ ف ل جسمانی اور نفسانی خواہشوں کو مارنا۔ اپنے تئیں خاک میں ملانا۔ آپا پسرانا۔ لوبھ اور موہ کو تیاگنا۔ حرص و ہوا کو چھوڑنا

تن من یار و آپنا سو دھو شکل سریر
پانچ اندری بس کرو ہو جاؤ آپ کبیر

تن من میں پھولے نہ سمانا ۔ ہ۔ ف ل۔ خوشیاں منانا۔ دیکھو (پھولے انگ نہ سمانا)

تن من وارنا ۔ ہ۔ ف ل۔ جسم و جان قربان کرنا۔ جی جان سے کسی کو چاہنا۔ دل و جان سے کسی کا عاشق ہونا +

تنگدستی سے گزارہ کرنا ۔ ا۔ ف ل (۱) مشکل سے اوقات بسر کرنا یا دن کاٹنا + (۲) نہایت غریب اور محتاج ہو جانا۔ مُفلس یا کنگال ہو جانا +

تنگ آنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) دُکھی یا عاجز ہو جانا۔ مجبور یا دق ہو جانا + (۲) پریشان خاطر ہونا۔ گھبرا جانا۔ سٹپٹا جانا +

تنگ آیا تو دیکھ قید خانہ سے (گلزار نسیم)
آساں نہیں کڑی اُٹھانا +

تنگ پکڑنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) گھوڑے کی لگام کو خوب کھینچے رہنا۔ راس کو تانے رہنا +

اوشہسوار حُسن! زیادہ پکڑ نہ تنگ۔
ڈھیے سمندِ ناز بشوخی الف نہو + (میر)

(۲) مجبور یا عاجز کر دینا۔ زچ کرنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا +

تنگ حال ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) تکلیف یا مُصیبت میں ہونا۔ خستہ حال ہونا۔ بہت ہی غریب ہو جانا۔ روٹیوں سے محتاج ہو جانا + (۲) مرنیکو ہونا مریض کا بگڑ جانا +

تنگ وقت پر ۔ ا۔ م ف۔ تھوڑا سا وقت یا موقع گزار کر۔ وقت کو تنگ کرکے بے وقت +

تنگ ہاتھ ہونا۔ تنگی ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ ہاتھ میں روپیہ یا پیسہ نہونا۔ غریب یا محتاج ہونا۔ پیسہ پاس نہونا +

تنگی گئی فراخی آئی ۔ محاورہ ۔ بُرے دن گزر گئے اور اچھے دن آگئے ۔ مُفلسی گئی امیری آئی +

تنی میں گانٹھ دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (ہندو) (۱) کسی بات کے یاد رکھنے کے لئے بند میں گرہ دے لینا ۔ یاد رکھنا + (۲ ۔ دیہات) روپٹا بھیجنے یا بیڑا چبانے سے پہلے کی رسم ادا کرنا ۔ کچی روٹی کھانا ۔ شربت پینا ۔ نامزد کرنا ۔ سگائی یا منگنی کرنا +

توبڑا ۔ یا ۔ تھوبڑا چڑھائے رکھتا ہے تھوتڑی سُجائے رہتا ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ہر وقت مُنہ پھُلائے یا سُجائے رہتا ہے جب دیکھو جب تیوری میں بل پڑے رہتے ہیں ۔ محرم کی پیدائش ہے ۔ ہر وقت چیں بجبیں رہتا ہے +

توبہ بُلوا دینا ۔ ا ۔ ف م ۔ عاجز کر دینا تنگ کرنا ۔ ستا مارنا ۔ چخوا دینا ۔ پناہ منگوا لینا +

مینہ نے اپکے توبہ بلوا دی

توبہ توڑنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ قول سے پھرنا ۔ عہد و پیمان توڑنا ۔ عہد شکنی کرنا

مُصلّے کو پھینکو وظیفہ کو توڑ دو
بلو دختر رز سے توبہ کو توڑ دو

توبہ دھاڑ کرنا ۔ یا ۔ مچانا ۔ توبہ تلا کرنا ۔ یا ۔ مچانا ۔ ا ۔ ف ل ۔ نہایت غُل مچانا غل و شور کرنا ۔ واویلا کرنا ۔ فریاد کرنا +

توبہ کرنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ گناہ سے باز آنا عہد کرنا ۔ عہد و پیمان کرنا ۔ ترک کرنا ۔ چھوڑنا ۔ تیاگنا +

مے تو حلال ہے جو پیئے ڈھب سے بادہ نوش ۔
میں توبہ کرکے اور پشیمان ہو گیا + (ع)

توپ چلانا ۔ یا ۔ چھوڑنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) توپ کو بتی دکھانا + (۲ ۔ بازاری) آواز کے ساتھ گوز لگانا ۔ بڑے زور سے پاد نا +

توپ دکھا دینا ۔ توپ کے مُنہ یا ۔ مونڈے اُڑا دینا ۔ ا ۔ ف م توپ سے باندھکر کسی کو اُڑا دینا ۔ نہایت سخت سزا دینا +

توتا پالنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسی پھوڑے پھُنسی یا مرض کے علاج میں غفلت کرنا اور اُسکو بڑھاتے چلے جانا ۔ سوزاک یا آتشک کا لگا لینا +

توتا چشم ۔ ا ۔ صفت ۔ کٹھور ۔ بیوفا ۔ بے دید بیمروت + بجز چشم دوختی سزاں دنیا سے نرگ ۔ (بجز) بیوفا سب ہیں یہ توتا چشم کسکے یار ہیں

توتا سا بولنا - یا - پڑھنا - ا - ف ل - توتے کی طرح چہچہانا - کسی بچّہ کا پیاری پیاری یا میٹھی میٹھی باتیں کرنا +

توتو رہنا - ہ - ف ل - عو - زبان یا جیب بولنے سے بند رہنا - للو رہنا - چُپ رہنا - تیری تو تو نہیں رہتی سے بھلا جس تس سے - پھر یہ کیوں کرتی ہے رنگیں کا تو مذکور دوا + (جرأت)

تُوتُو مَیں مَیں کرنا تو تڑاق یا تُوتکار کرنا - ہ - ف م - دو شخصوں کا آپس میں سخت و سُست کہنا - گالی گلوچ کرنا - ایسے تیسے کرنا - لڑنا - جھگڑنا +

تُوتُوے - یا - **توتے جوڑنا - تُوتئے جوڑنا** - ہ - ف م - بہتان یا الزام لگانا تہمت یا تھدّا دھرنا - لگائی بجھائی کرنا اِدھر کی اُدھر اور اُدھر کی اِدھر کہنا

مینے چاہا جو تجھکو اسے رنگین -
مجھسے ہر ایک بدگمان ہوا +
توتئے جوڑتی ہے کیا کیا خلق (جرأت)
جی لگانا بلائے جان ہوا +

توتے اُڑانا - ہ - ف م - (بھنگڑ) - بھنگ کی لگدی یا پھوک کھا جانا +

توتے اُڑ جانا - ہاتھوں کے توتے اُڑ جانا - ا - ف ل - (جب کسی کا پلا ہوا توتا اُڑ جاتا ہے تو اُس توتے کے رنج میں اُس کے حواس باختہ ہو جاتے ہیں) اسی سبب سے - گھبرا جانا - ہک دھک رہجانا - ہوش و حواس ٹھکانے نہ رہنا +

اُسنے دیکھا جو اُٹھ کے سوتے سے -
اُڑ گئے آئینہ کے توتے سے + (میر)

تُوتی بولنا - ا - ف ل - لغوی - تُوتی کا خوش آواز ہونا + (۱) شہرہ ہونا شہرت پانا - نام ہونا - کسی ہنر میں کمال رکھنا + (۲) کسی دربار یا سرکار میں کسی کا کہنا سُننا ہونا - چلتی ہونا - زمانہ کا موافق ہونا - بات میں جان ہونا - دور دورہ ہونا + ستارہ اوج پر ہونا

(۱) آج کل اُنکا خوب توتی بول رہا ہے +
(۲) ہے قفس سے شور اک گلشن تلک فریاد کا
خوب توتی بولتا ہے اِن دنوں صیاد کا (نسخ)

تُوتی کی آواز نقار خانہ میں کون سُنتا ہے - محاورہ - (چونکہ نقارے کی آواز کی گونج میں توتی کی ذرا سی آواز دبجاتی ہے) اِس سبب سے - بڑوں کی رائے کے مقابلہ میں چھوٹوں کی رائے کب وقعت رکھتی ہے -

بڑوں کے سامنے چھوٹوں کی کب چلتی ہے۔ بہت سے متفق الرائے آدمیوں میں ایک کی کون سنتا ہے +

توتے کی سی آنکھیں پھیر لینا۔ یا بدلنا۔ توتے کی طرح آنکھیں بدل جانا ا۔ ف ل۔ (قاعدہ ہے کہ لوگ توتے کو ایک مدت پالتے اور پڑھاتے ہیں مگر وہ حضرت مدت کی تعلیم کے بعد بھی موقع پاکر اڑ جاتے ہیں) اسی سبب سے ایک دفعہ ہی محبت دل سے اٹھا دینا۔ دفعتہً بیمروت بنجانا۔ توتے چشم بنجانا + خط بھیجنے لگا جو اس آئینہ رو کو میں۔ توتے کیطرح آنکھ کیونکر بدل گیا +

توتے کیطرح پڑھ لینا۔ یا یاد کر لینا ا۔ محاورہ۔ (توتے کو جس طرح اور جو کچھ پڑھاتے ہیں وہ اسکو اسی طرح یاد کر لیتا ہے) اسی سبب سے طنزاً اس لڑکے کے حق میں بولتے جو بغیر سمجھے بوجھے جس طرح استاد بتادے اپنا سبق یاد کرلے اور اپنی طرف سے اسمیں کچھ پوچھ گچھ نکرے +

تورہ پیٹی ا۔ اسم مؤنث۔ (م۔ عو) (۱) وہ عورت جو بات بات میں شرع کی پابندی جتائے (ہندو) سودھن (۲) نخرہائی عورت۔ نخرے باز عورت دماغ چوٹی +

تورہ توڑنا۔ یا۔ ڈھانا ا۔ ف م (۱) کسی کا غرور کم کرنا۔ شیخی کرکری کرنا۔ تورہ عدو کا توڑ دیا ہمنے آن میں۔ جیب مہربان وہ گل اندام ہوگیا + **تورہ جتانا** ا۔ ف ل۔ (۱) شیخی یا غرور کرنا۔ اترانا۔ نازاں ہونا + (۲) شرع کی پابندی ظاہر کرنا۔ (ہندو) سودھ جتانا +

تورے لگنا ا۔ ف ل۔ م عو۔ (۱) خود بیں اور مغرور ہونا۔ تمکنت کرنا + (۲) شرع کی بڑی پابندی دکھانا + (بتو انہیں بھی تورے لگ گئے

توڑا ٹوٹن۔ یا۔ توڑ تڑاؤ کرنا ۔ ف ل۔ جدا ہوجانا۔ الگ ہوجانا۔ لڑائی یا تکرار ہوجانا +

توڑا مڑوڑی ہونا۔ یا۔ رہنا ۔ ف ل۔ توڑنا مڑوڑنا۔ چھینا جھپٹی یا ہاتھا پائی ہونا

توڑ جوڑ ۔ اسم مذکر۔ (۱) اُدھیڑ بن اُکھاڑ پچھاڑ۔ داؤ پیچ۔ داؤ گھات + (۲) علاج۔ اُپائے۔ تدبیر۔ مجگت

جتن + (۳) دانائی فیلسوفی - چالاکی فطرت - سازش - عیاری +
جوڑی جو اُسنے تجھسے توتوڑی تدبیسے -
انشا! تو اپنے یار کے توڑ جوڑ دیکھ + (انشا)
(۴) بندش الفاظ - عبارت کی گٹھت انشا پردازی + (۵) ترکیب - مناسبت گٹھت - بناوٹ - ساخت +
توڑ جوڑ کا اُستاد یا پورا ہے - محاورہ بڑا چلتا پرزہ ہے - بڑا بدمعاش ہے - لڑائی جھگڑا کرا دینے یا بیر بھاؤ دلوا دینے میں اُستاد ہے +
توڑ کرنا - ہ - ف م (کشتی وغیرہ میں حریف کے پیچ کو دفع کرنا - حریف کے مقابلہ سے بچنا - دشمن کے داؤں کا جواب دینا + (۲) جواب دینا - اُپائے یا جتن کرنا - علاج کرنا +
اے دل صد چاک اُلجھکر زندگی سے ہو نہ تنگ
پیچ کا اُن گیسوؤں کے شانہ بنکر توڑ کر
توکل پر بیٹھنا - یا - **گذارہ کرنا** - **توکل کر لینا** - ا - ف ل - (۱) خدا کے بھروسے پر اپنی آمدنی کا مدار رکھنا - آکا سی برت بنجانا - خدا پر اپنے سارے کام چھوڑ دینا + (۲) سست ہو کر یا ہاتھ پر ہاتھ رکھکر بیٹھ جانا - کچھ کام نہ کرنا - کاہل ہو جانا +
توم ڈالنا - ہ - ف م - عو - روئی کی طرح پھونک مار کر ڈالنا - ناکاں میں دم کر دینا - عاجز کرنا - حیران کر مارنا +
دیکھنا کیسی دھوم ڈالوں گی - (شوق)
دونی کی طرح تو م ڈالوں گی +
تونبی ہاتھ میں لے لینا - ہ - ف ل - بھیک مانگنے کے لئے تونبی ہاتھ میں لے لینا - بھیک مانگنے لگنا گداگری کرنا - فقیری اختیار کرنا +
(۱) کپڑے بھی رنگے جوگن بھی بنی بدنام ہوئی سیّاں تیرے لئے
پیا ڈھونڈت ہوں ملتا ہی نہیں کہو کیسے بنوں بن جوگن میں
اب تونبی لے لونگی ہاتھ
بنونگی میں تو رام دیوانی جی +
(۲) بھگوا کپڑوں بھیس ہاتھ میں تونبی لے لونگی
بالم جی! پردیس تہیں میں کہاں نے دونگی +
توں تاں کرنا - ہ - ف ل - تو تکار کرنا - گالی گلوچ کرنا +
توے کی بوند ہے ہ محاورہ -
(قاعدہ ہے کہ جب گرم توے پر بوند پڑتی ہے تو اُسیوقت جل بھن جاتی ہے)
اسی سبب سے - (۱) بہت جلد فنا ہو جانیوالی یا مٹ جانیوالی ہے - جلد فنا پذیر ہے +
اپنے سوز دل سے ایسا تابہ گردوں ہے گرم
صبح کے ہوتے ہی ہر اختر توے کی بوند سے

(۲) تھوڑی سی چیز جو آتے ہی کام آجائے سکتی بھنکتی چیز۔ جنم جلی چیز۔

توے کی تیری گھئی کی۔ یا۔ ہاتھ کی میری ۔ محاورہ۔ (توے پر جو روٹی پک رہی ہے وہ تو لیجو اور گھی میں جو تھول رہی ہے یا ہاتھ میں جو توے پر ڈالنے کے لئے ہے وہ میں لونگا) اسی سبب سے۔ (۱) بڑی آپا دھاپی پڑی ہوئی ہے۔ لوٹ کھسوٹ مچ رہی ہے۔ بڑی بے انتظامی ہو رہی ہے۔ جو جسکے ہاتھ آتا ہے وہ لے بھاگتا ہے۔

تھاپ پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ ناچ کا شروع ہونا۔ ناچ شروع ہونے کے لئے طبلے پر زور سے ہاتھ مارنا ناچ گانا شروع ہونا +

تھاپ دینا۔ ہ۔ ف م۔ ناچ گانا موقوف کرنے کے لئے طبلے پر زور سے ہاتھ مارنا۔ ناچ ختم ہونے یا دوسرا طائفہ بدلا جانیکی علامت ظاہر کرنا +

تھاپ سہارنا۔ ہ۔ ف ل۔ سختی یا مصیبت اُٹھانا۔ تکلیف جھیلنا +

تھالی پھرتی تھی۔ محاورہ۔ (اسقدر آدمی تھے کہ اگر تھالی پھینکی جاتی تو اُنکے سروں ہی پر پھرتی اور زمین پر نگرتی) اسی سبب سے آدمیوں کی بڑی کثرت تھی۔ اسقدر بھیڑ تھی کہ شانہ سے شانہ چھلتا تھا + نہایت ہجوم تھا۔ بہت ازدحام تھا +

تھالی میں کا بینگن۔ محاورہ۔ (بینگن اپنی گولائی اور چکناہٹ کے سبب تھالی میں جم کر نہیں رہتا ہے اور لڑکا لڑھکا پھرتا ہے) اسی سبب سے۔ وہ شخص جو قایم مزاج نہو۔ متلون مزاج۔ سبک طبع موم کی ناک +

تھاوس لے۔ ہ۔ ندا و ندبہ۔ (دیہات) دم لے۔ صبر کر۔ سنتوکھ کر۔ غم کھا +

تھاہ لینا۔ ہ۔ ف م۔ عن یہ یا منشا معلوم کرنا۔ اندر کی یا بھید کی بات دریافت کرنا +

تھاہ مِلنا۔ یا۔ پانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) تہ معلوم ہونا۔ انتہا کو پہنچنا + (۲) کھوج یا پتا لگنا +

غوطے کھلواتی ہیں یہ رمزیں تری اے بحرِ حسن۔
تھاہ ایک ایک بات کی دو دو پہر ملتی نہیں +

تھپڑی بجانا۔ یا۔ پٹنا۔ ہ۔ ف م۔ بے عزت کرنا۔ آبرو لینا دیکھو۔ (تالی بجانا نمبر ۱)

تھپڑی پٹنا یا بجنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بدنامی ہونا + دیکھو ۔ (تالی بجنا نمبرا)

تھپک تھپک کر رکھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ پھسلا اور بہلا کر باز رکھنا ۔ لالچ دیکر بُری ارادہ سے روکنا +

تہّر یا ۔ ترتیا کے بیجوں کو پہنچنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بالکل ستیاناس ہو جانا ۔ تباہ یا برباد ہو جانا ۔ بیخ تاس ہونا ۔ اُجڑ جانا +

تھُتکارا ہو جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ عو ۔ بچوں کو مسان کی بیماری ہو جانا +

تھُتکارا ہوا ۔ جانک مُوا + مثل

تہ توڑ دینا ۔ ا ۔ ف ل ۔ بالکل خالی یا صرف کر ڈالنا ۔ کچھ باقی نہ رکھنا + (۲) صفایا کر دینا ۔ جھاڑو پھیر دینا ۔ نبیڑ دینا ۔ (۳) خوب کھانا ۔ خوب ہاتھ مارنا ۔ جھاڑ باقی کر ڈالنا +

تھتّے جما دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسی کے سر بہت سا قرضہ کر دینا ۔ قرض ار بنا دینا

تہ ٹوٹنا یا ٹوٹ جانا ۔ ا ۔ ف ل ۔ لغوی ۔ پینے ہی تک میں کچھ نہ رہنا + کنگال ہو جانا ۔ بھرکس نکل جانا ۔ مفلس ہو جانا ۔ دوالہ نکل جانا +

مارے خرچ کے تہ ٹوٹ گئی +

تہ جمانا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) ایک چیز کے اوپر دوسری چیز کو رکھنا ۔ (۲) بھرے پیٹ پر کھانا ۔ کھانے پر کھانا +

تہ دینا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) ہلکا ہلکا رنگنا ۔ ہلکا سا ڈوب دینا ۔ (۲) کچے یا گدرائے پھلوں کو پھونس کی تہ میں رکھنا +

تُھڑی تُھڑی ہونا یا مچنا ۔ تُھڑم تُھڑا ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ آبرو ریزی یا بے عزتی ہونا ۔ دیکھو (تالی بجنا نمبرا)

تُھڑی ہے ۔ محاورہ ۔ لعنت ہے ۔ تف ہے ۔ شرم نہیں آتی +

تھڑی ہے تیری ذات بنہاد پر +
(امانت)
کہ عاشق ہوئی آدمی زاد پر +

تھکا اُونٹ سرائے کو دیکھتا ہے یا ۔ تکتا ہے ۔ محاورہ ۔ جب آدمی کام کرتے کرتے تھک جاتا ہے تو اُسوقت آرام چاہتا ہے ۔ ہر شخص محنت و مشقت کے بعد آرام کی خواہش کرتا ہے ۔ ہر آدمی محنت کے بعد دم لینا چاہتا ہے

لی لو جانے یوں پیر پہ شب غم دیکھے ۔
(ذوق)
سہ کو جیسے تھکا اُونٹ سرائے دیکھو +

تہ کا بچا ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ (کبوتر باز) وہ کبوتر جو اپنا گھر نہ بھولے ۔ گرداں +

تھکا مارنا - ہ - ف م - عاجز کر دینا - پدا دینا - ستا مارنا - دق کر دینا +

تھک بند کام کرنا - ا - ف م - ٹھوک سے جوڑ دینا - نہایت ناپائیدار کام بنانا - بودا کام بنانا +

تھک کر چور ہو جانا - ف ل - جوڑ جوڑ دُکھنے لگنا - بہت ہی تھک جانا

تہ کر رکھو - محاورہ - بند کر کے رکھ چھوڑو اپنے واسطے دھر رکھو - ہوا نہ لگنے دو یار کا جامہ ہمیں ہیگا عزیز - یوسف اپنا پیرہن نہ کر رکھے + (سجاد)

تہ کو پانا یا پہنچنا - ا - ف ل - مغز سخن کو دریافت کر لینا - کسی چیز کی جڑ کو پہنچنا ٹھیک ٹھیک حال پا لینا +

چُپ ہیں کچھ جو نہیں کہتے ہم کارِ عشق کے راز داں ہیں
سوچو حال ہمارا تم تو بات کی تہ کو پاؤ تم

تھکم تھکا ہونا - ہ - ف ل - باہم تکرار ہونا - تکا فضیحتی ہونا - گالی گلوچ کرنا

تھگلی یا تھیگلی لگانا - ہ - ف ل - (۱) پیوند لگانا + (۲) عیب پوشی کرنا + (۳) مدد کرنا - سہارا دینا + (۴) کمال عیاری و چالاکی کرنا یا دکھانا - تارے توڑنا +

تھل بیڑا لگانا - ہ - ف م - (بیڑے کو تھل یعنی کنارے یا بندرگاہ پر پہنچانا) - اسی سبب سے - مراد کو پہنچانا - طمانیت کو ساتھ بٹھانا - ٹھکانے پر پہنچانا +

خدا کہیں تو لگا دیگا اپنا تھل بیڑا
نہ ہو اگر نہیں کشتی کا نا خدا پیدا (بحر)

تھل بیڑا ملنا - ہ - ف ل (۱) گوشہ عافیت ملنا (۲) منشا یا غرض پائی جانا - بھید پایا جانا

تھل چڑھنا - ہ - ف ل - بالو یا ریت کا ڈھیر لگ جانا +

تھل سے بیٹھنا - ہ - ف ل - (پھرنے سے فرصت پا کر زمین پر بیٹھنا) اسی سبب سے - آرام کرنا - قرار پکڑنا - سنجیدہ فارغ یا بیفکر ہو کر بیٹھنا - آرام سے بیٹھنا

تہمت کی ٹٹی ہے - تہمت کا گھر ہے - ہ - محاورہ - (۱) ایسی چیز جس کے ہاتھ لگانے سے جھٹ الزام آ جائے - کاجل بھوجو - چھوئی مُوئی + (۲) ایسا شخص جسکی ملاقات کے سبب الزام لگ جاوے - کاجل کی کوٹھری + (۳) ایسا شخص جو ہر ایک پر الزام لگا دے +

تہمت لے مرنا یا لگا دینا - ا - ف م - الزام یا اتہام لگانا - عیب لگا دینا

سر ہو جانا +

تہ میں بیٹھ جانا - ہ - ف ل - (۱) نیچے بیٹھ جانا - ڈوب جانا + (۲) کسی کے دل میں گھر کرنا - بھید لے لینا +

تہ نشیں ہونا - ا - ف ل - (۱) نیچے بیٹھ جانا + (۲) ذہن میں بیٹھ جانا یا جم جانا - نشیچے ہو جانا +

تہ نہیں ٹوٹی ہے - محاورہ - بالکل نیا ہے - نیا تہ در دہے - برتا ہوا نہیں ہے +

تھوتھنی یا تھوبڑا پھلانا یا سُجانا - ہ - ف ل - ناک بھوں چڑھا لینا - مُنہ بنانا - خفا ہو جانا - تیوری میں بل ڈال لینا - چیں بہ جبیں ہونا + دینا نہ دلانا تھوتھنی پھلانا - مثل

تھوتھو یا تھک تھک ہونا - ف ل - فضیحتی ہونا پتلی پٹنا - دیکھو - (ٹھڑی ٹھڑی ہونا)

تھوتھو کرنا - ہ - ف م - (۱) نفرت کرنا (۲) بدنام کرنا - دیکھو (تالی بجانا بدنام)

تھوتھی اُڑانا - ہ - ف م - خالی باتیں بنانا - جھوٹی خبر پھیلانا +

تھوتھی باتیں - ہ - اِسم مؤنث - بیہودہ یا بے معنی باتیں - خالی باتیں +

تھوتھے پچھوڑنا - ہ - ف ل - (دیہات) (جب ناج تھوتھا ہو جاتا ہے اور اُسکو چھاج میں ڈالکر پھٹکتے ہیں تو وہ ہلکے اور خالی ہو جانے کے باعث چھاج میں نہیں ٹھیرتا اور ہوا میں اُڑ جاتا ہے) اسی سبب سے ایسی باتیں کرنا جنکو قیام نہو - بیفائدہ باتیں مِلانا - جھوٹے قول و قرار کرنا + تھوتھے پچھوڑیں اُمڑ اُڑ جائیں + مثل

تھوتھے تیروں سے اُڑانا یا مارنا - ا - ف م - بن بھال کے تیروں سے کسیکو مارنا - نہایت تکلیف سے کسیکو مارنا بہت ہی صدمے پہنچانا +

تھوڑا بہت - ہ - م ف - تھوڑا نہیں بہت بہت نہیں تھوڑا یعنی کچھ تو - کسیقدر - قدر قلیل - تھوڑا سا

تھوڑا تھوڑا - ہ - م - ف - ذرا ذرا - پھوئیاں پھوئیاں - اندک اندک + تھوڑا تھوڑا کرکے بہت ہو جاتا ہے

تھوڑا تھوڑا ہونا - ہ - ف ل - شرمندہ ہونا - دیکھو (آدھا آدھا ہونا)

(۱) بڑھتے بڑھتے حسن روز افزوں نے یہ پایا فروغ
(بحر) تھوڑا تھوڑا یار کے آگے قمر ہونے لگا

(۲) ابر کو دعوتی بہت تھا ہر شجر کے سامنے۔
تھوڑا تھوڑا ہو گیا وہ چشم تر کے سامنے۔

تھوڑا ہی ۔ ہ ۔ م ف ۔ مطلق نہیں ۔ بالکل نہیں ۔ یں وہاں تھوڑا ہی تھا۔

تھوڑے پانی کا بلبلا ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ کمطرف اچھلنا

تھوک بلونا (پچھم) **تھوک اچھالنا** ۔ (پورب) ہ ۔ ف ل ۔ بیہودہ گفتگو کرنا ۔ سخنان لاطائل پیش کرنا ۔ زیل ہانکنا بیجا حجت کرنا +

تھوکتے بھی نہیں ۔ محاورہ ۔ (بعض تھوکنا گوارا نہیں کرتے + منہ نہیں لگاتے ۔ توجہ نہیں کرتے ۔ نظر اٹھا کر نہیں دیکھتے۔

(۱) نیک بخت آدمی کیسی ہی حور کا ٹکڑا ہو اُسپر تھوکتے بھی نہیں +

(۲) دنیا کو تھوکتے نہیں مردان راہ عشق۔
نامرد رکھیں آنکھوں پر اِس پیر زن کے پاؤں +

تھوک دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (منہ سے نکال کر پھینک دینا) اسی سبب سے (۱) چھوڑ دینا ۔ ترک کرنا ۔ تعلق نہ رکھنا ۔ (۲) جانے دینا ۔ معاف کرنا ۔ درگزر کرنا +

بس میاں اِس قصہ کو تھوک دو تمہارا چھوٹا ہے۔

تھوک کر چاٹنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (تھوک منہ میں سے پھینک کر پھر منہ میں داخل کرنا اسی سبب سے ۔ اپنی کہی ہوئی بات کو آپ ہی رد کرنا ۔ اپنے قول و قرار سے پھرنا عہد و پیمان کو توڑنا ۔ دیکر مانگنا +

تھوک کے ستو گھولنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (منہ میں تھوک کے ذریعہ سے ستوؤں کو گھلانا) مگر نمی کی کمی سے ستوؤں کے اجزا نہیں ملتے اور کھلے رہتے ہیں) اِس سبب سے کچا یا نکما کام کرنا یا بنانا ۔ کمزور کام بنانا ۔ بودی یا ناپائدار چیز بنانا +

تھوک کے ستو ہیں ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ بڑی ناپائدار یا بودی چیز ہے بڑی کمزور یا ۔ ناپوچ ہے ۔ کا جو بھوجو ہے ۔ بازاروہ بیا ہو چیز ہے +

تھوک لگا کر رکھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (بعض وقت ہلکی چیز صرف تھوک لگانے سے چپک جاتی ہے) اسی سبب سے جوڑ جوڑ کر رکھنا ۔ بڑی حفاظت سے رکھنا کنجوسی سے جوڑنا +

تھوک لگانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (بازاری) (فعل ناجایز کی آسانی کے لئے جو بعض اوقات تھوک سے کام لیا جاتا ہے اُسی سے یہ خیال لیا گیا ہے) اسی سبب سے (۱) کنونڈا کرنا ۔ نیچا دکھانا ذلیل کرنا ۔ چونا لگانا +

(۲) شکست دینا۔ پست کرنا۔ ہرا دینا۔ مات کرنا۔ زک دینا۔ (۳) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ دم دینا +

تھوک میٹھا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) تھوڑی مٹھائی کھلانا۔ مُنہ میٹھا کرنا۔ (۲) میٹھی میٹھی باتیں بنانا۔ جھوٹی باتیں ملانا +

تھوکوں بھی نہیں۔ محاورہ۔ (اُس سے ایسی نفرت ہے کہ میں اپنا تھوک بھی جو بڑی ادنیٰ چیز ہے اُسپر ڈالنا گوارا نہیں کرتا) مجھے اُسکی صورت سے نفرت ہے۔ میں اُسے دیکھنا بھی نہیں چاہتا +

تھوک ہے۔ **تھوہے**۔ ندا و ندبہ لعنت ہے۔ دھرکار ہے۔ پھٹے سے مُنہ۔ دیکھو (**تُف ہے**)

تھُتھی تھُتھی ہونا۔ ف ل۔ تا تا تھئی کرنا ناچ رنگ کرنا +

تھیلا کر دینا۔ مارتے مارتے تھیلا کر دینا۔ ہ۔ ف م۔ سُجا دینا۔ لوتھ ڈالدینا ہڈی پسلی توڑ دینا +

پڑے شراب پہ پگلی نشہ کو آگ لگے۔ کیا دوا کو میری مار مار کر تھیلا + (ذوق)

تیا پانچا کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (تین یا پانچ جگہ بانٹ لینا) + (۱) کسی چیز کو بانٹ لینا حصے کر لینا۔ بکھیڑا پاک کرنا جھگڑا چکانا + (۲) بیچ ڈالنا۔ کوڑے کرڈالنا +

تیجی کا نکاح۔ ا۔ اسم مذکر۔ (مسلمان) وہ نکاح جو کچے تاگوں کی مانند جلد اُدھڑ جائے۔ کچا یا بودا نکاح +

تیتر کے مُنہ تیجی ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ (بعض آدمی اس محاورہ کی اصل یہ خیال کرتے ہیں کہ جو رجب چور کو بچایا کرتے ہیں تو وہ تیتر کے دائیں طرف بولنے کو مال ہاتھ لگنے کا شگون سمجھا کرتے ہیں) اسی سبب سے تیتر کے بولنے پر تیجی یعنے دولت کا ہاتھ آنا منحصر ہے مگر اس محاورے کو ایسے موقع پر بولا کرتے ہیں جب کسی بھلکڑ کا انفصال تیسرے غیر یانا واقف آدمی کے ذمہ ہوا کرتا ہے تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ تیتر بکاؤ ہے تیتر۔ (तित्तिर) کا جسکے معنی ہیں تیسرا شخص چنانچہ اس مثل سے بھی تیتر ہی پایا جاتا ہے جیسے۔ تیترا بیٹا راج رجائے اور تیتری بیٹی بھیک منگائے۔ اسی سبب سے۔ ہمارے فیصلے کا انحصار تیسرے آدمی پر ہے وہ چاہے جسے جتوائے۔ حاکم کے ہاتھ بات ہے

چاہے جسے ڈگری دے +

تیر اُمیر کرنا - یا ہونا - ہ - ف ل - کسی چیز پر میری تیری ملکیت ظاہر کرنا - جھگڑنا - باہم تکرار کرنا +

جسے کہتا ہے تو غافل یہ تیرا ہے یہ میرا
یہ جسکا ہے اُسی کا ہے نہ تیرا ہے نہ میرا ہے

تیر اُنور اُڑ جائے - ا - بد دعا - (عو) - تیرے چہرے پر نُور نہ رہے - تیرا رُوپ جاتا رہے تو بدصورت ہو جائے

تیر بہدف ہونا - ا - ف ل - (۱) تیر کا نشانہ پر لگنا - بات کا جلد مؤثر ہونا - سریع التاثیر ہونا - دُعا کا قبول ہونا +

تیر تکّوں پر گزارہ ہونا - ا - ف ل - تیر یا تکّے کے ذریعہ سے کسی شکار کو مار کر اپنا پیٹ بھرنا - بڑی دقت اور جانفشانی سے گزر اوقات کرنا - دربدر پھر کر بسر اوقات کرنا - حیلہ و حوالے یا فند و فریب کے ساتھ پیٹ پالنا +

تیر چلانا - ا - ف م - (طنزاً) بڑھکر کام کرنا - تعریف کے قابل کوئی کام کرنا + تم وہاں جاکر جُدا ہی تیر چلاؤ گے

تیر سا لگنا - تیر لگنا - ا - ف ل - (تیر کی مانند جی میں چُبھنا اور تکلیف دینا) اسی سبب سے - (۱) کسی بات کا نہایت ناگوار گزرنا - دلمیں چبھنا - یا کھٹکنا + (۲) بہت جلد مؤثر ہونا +

تیر کوّے تیر! ندا و ندبہ - عو - اُڑجا کوّے اُڑجا (ورنہ تیر لاتی ہوں اور تجھکو اُس سے مارتی ہوں)

تیروں سے چھنّا - ا - ف ل - تیروں سے لہولہان ہونا - خوب زخمی ہونا +

ہاں تامل دم نادک فگنی خوب نہیں
ابھی چھاتی میری تیروں سے چھنی خوب نہیں

تیرہ تالی - ہ - اِسم مؤنث - (ا) وہ عورت جو تیرہ تالوں (سموں) پر ایک ہی وقت میں ٹھیک ٹھیک ناچ سکے - تیرہ تالوں کو بخوبی ادا کرنیوالی عورت - (۲) چالاک - عیار - پُرفن حرّاف +

تیرہ ہوائی ہے - محاورہ - (اُس تیر کی مانند ہے جو ہوا کے رُخ چھوڑا جاتا ہے) - اسی سبب سے - غیر معین ہے - بے ٹھکانے بات ہے - یاوہ ہوائی ہے - (۲) نکما ہے - فضول ہے -

بیکار ہے۔

تیری باتیں تجھی کو بن آئیں ۵۔ محاورہ۔ تیری چالاکی تجھی کو ساز گار ہے۔ تیری فند و فریب کی باتیں تو آپ ہی خوب سمجھتا ہے۔ تو بڑا ہی چالاک اور عیار ہے +

کسکو ایسے فریب و فن آئیں۔
تیری باتیں تجھی کو بن آئیں + (شوق)

تیرے چھوٹے یا توڑے تو میں بیر بھی نہ کھاؤں ۔ ۵۔ محاورہ۔ مجھکو تجھسے ایسی نفرت ہے کہ بیر جنکو تیرا ہاتھ لگجائے نہ کھاؤں۔ تجھسے مجھے بڑی نفرت ہے۔ تو مجھے چھوٹے دیدوں نہیں بھاتا +

تیرے صدقے میں ۔ ا۔م ف تیری بدولت۔ تمہارے وسیلہ سے تمہارے طفیل +

تیرے صدقے میں میں نے جانصاحب آکر دیکھا۔ (حالی)
سُنا کرتی تھی پرستوں میں سوج گُنڈ کا میلہ +

تیس دِن۔ تیسوں دِن ۔ ۵۔ ف م (۱) ہر روز۔ روز مرّہ۔ آئے دِن (۲) مُدام۔ ہمیشہ۔ سدا +

رام جی کے تیس دِن یہ تو ماندہ ہی رہے ہے (حالی)

تیسرا آنکھوں میں ٹھیکڑا ۔ ۵۔ محاورہ۔ دو آدمیوں کی صحبت میں تیسرے آدمی کا آجانا۔ آنکھوں میں مثل ٹھیکری کے کھٹکتا ہے۔ تیسرا مخل صحبت ہوا کرتا ہے +

تیس مارخاں ۔ ا۔ صفت۔ (طنزاً) بڑا بہادر آدمی۔ بڑا دلیر اور دلاور آدمی +

تیسوں کلام ۔ اسم مذکر۔ سی پارہ۔ قران شریف۔ کلام الٰہی +

قسم نکھاؤنگا تیسوں کلام کی اے بحر
کسی کا خواب میں بوسہ تو لا کلام لیا۔ (ناسخ)

تیکھی چتون کرنا ۔ ۵۔ ف ل۔ ترچھی نظر کرکے دیکھنا۔ کج نگاہی سے یا شوخی سے دیکھنا۔ ٹیڑھی نظر کرنا +

تیل توا کا لا تیل توا ۔ ۵۔ صفت ایسا کالا جیسے توے کی سیاہی۔ تیل ڈالی ہوئی۔ کالا کلوٹا۔ نہایت کالا کالا کوئلہ +

تیل تو تلوں ہی میں سے نکلیگا تیل تو تلوں ہی میں سے نکلتا ہے ۵۔ محاورہ۔ (تیل تلوں ہی کے پیلنے سے نکلا کرتا ہے اور کسی چیز میں سے تو پیدا

ہوتا ہی نہیں) کسی کارخانہ کا تمام صرف اُسی میں سے نکالا جاتا ہے کہیں اور سے تو آ ہی نہیں سکتا۔ یہاں کا صرف یہیں سے ہی پیدا کیا جائے گا۔

تیل تلی نہ اُو پر پلی ۔ ہ۔ محاورہ۔ (نہ تو تیل برتن کی تلی سے پیندی میں ہے اور نہ تیل پلی میں ہے جو تیل کے برتن میں پڑی رہتی ہے یعنی کہیں تیل کا پتہ نہیں ہے جو دو بوند تو نچوڑ کر چراغ جلالے) اسی سبب سے۔ نہایت مفلس اور کنگال ہے۔ بڑا ہی غریب ہے۔ بڑا دلدر سی ہے۔ بہت بھوکا ہے +

تیل جل چکا۔ ہ۔ محاورہ۔ (۱) بدن کا رجا نکل گیا۔ طاقت جاتی رہی۔ نہایت لاغر اور کمزور ہوگیا۔ سارا ست نکل گیا + (۲) سارا مال و متاع ختم ہوگیا بالکل کھک ہوگئے +

تیل چڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہندو) دولھا دلھن کے بان یا مائیوں بیٹھنے کی حالت میں تیل وغیرہ ملا جانا۔ شادی کی ایک رسم کا ادا کیا جانا + جس دن تیل چڑھن ہار ہوگا اُسی دن چڑھیگا (ہ و)

تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو۔ ہ۔ محاورہ۔ (اوّل تیل کو دیکھو اور پھر اُسکی دھار کو دیکھکر اُسکی عمدگی کی جانچ کرو کیونکہ تیل کا خالص اور صاف ہونا اُسکی دھار دیکھے بغیر اچھی طرح معلوم نہیں ہوتا ہے) اسی سبب سے۔ اول کسی معاملہ کو خوب جانچو تو پھر اُسکے بنانے کا فکر کرو۔ جو کام کرو خوب سوچ سمجھکر کرو +

تیل ماش اُتارنا۔ ہ۔ ف م۔ (م عو) کسی اپنے عزیز کے اوپر سے جو سفر سے آتا ہے اُڑد اور تیل صدقہ دینا +

تیل میں ہاتھ ڈالنا۔ ہ۔ ف ل۔ (جاہلیت کے زمانے میں دستور تھا کہ ملزم اپنی صداقت ظاہر کرنیکے واسطے گرم گرم تیل میں ہاتھ ڈالدیا کرتا تھا اور نہ جلنے کی صورت میں وہ سچا سمجھا جاتا تھا) اسی سبب سے سخت قسم کھانا۔ قسم کھاکر انکار کرنا +

کس سے پوچھوں گم ہوا ہے دل میرا لفظ کے بیچ
ایک شانہ تھا سو وہ بھی تیل میں ڈالے ہوئے ہاتھ

تیل نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) تیل پیلنا + (۲) انس یا ست نکال لینا۔ طاقت کھینچ لینا + (۳) کمزور یا ناطاقت کردینا +

تیل نکلجانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) طاقت کا بالکل ضایع ہو جانا۔ کمزور یا ناطاقت

ہو جانا + (۲) دوالہ نکلجانا۔ کوٹھی بیٹھ جانا (۳) غریب ہو جانا۔ مفلس ہو جانا +

تیلیا بھیس کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (دیہات) تیلی کیطرح نہایت میلا اور غلیظ رہنا۔

تیلی تنبولی۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ لغوی تیل بیچنے والا اور پان بیچنے والا۔ رذیل آدمی۔ ادنیٰ آدمی۔ دُھنے جُلاہے۔ کرمین۔

تیلی خصم کیا اور رُو کھا کھایا۔ ا۔ محاورہ (چپڑا کھانے کے لالچ پر تیلی کو خصم کیا اور پھر بھی رُوکھا ہی کھانا پڑا) اچھی اُمید پر بُرا کام کیا اور پھر بھی مطلب براری نہوئی +

تیلی راجا۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ نہایت میلا کچیلا آدمی بڑا غلیظ آدمی +

تیلی کا بیل۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ نہایت محنتی آدمی۔ جفاکش۔ نہایت سخت محنت کرنیوالا آدمی۔ وہ آدمی جو رات دن کام کرتا ہے

تیلی کا کولھو ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (دیہات) نہایت موٹا ہونا +

تیلی کے بیل کو گھر ہی کوس بچاس۔ ہ۔ محاورہ۔ غریب آدمی کو گھر بیٹھے ہی کام دھندے کی محنت سخت ہے +

تین بُلائے تیرہ آئے دے دال

تین پانی۔ ہ۔ محاورہ۔ (جب تین برہمن یا ملّانوں کے بدلے تیرہ آجاتے ہیں تو غریب آدمی پکی ہوئی دال میں پانی زیادہ کر دیتے ہیں کیونکہ دال ترکاری کا دوبارہ پکانا روٹیوں کی نسبت دقت طلب ہے) جسقدر چیز موجود ہو اُسی میں کام چلانا۔ کفایت شعاری سے کام نکالنا +

تین پانچ کرنا یا لانا۔ ہ۔ ف ل۔ (تین کے پانچ کرنا یعنی دھوکا دینا) (۱) فند و فریب کرنا۔ چھل چھدر کرنا۔ عیاری کرنا + (۲) جھگڑا یا تکرار کرنا۔ ردوبدل کرنا + (۳) اکڑ پھوں کرنا۔ فیل لانا +

تین تفرقہ ہونا۔ ا۔ ف ل۔ جُدائی ہونا۔ بچوگ پڑنا + بچھو یا پڑنا + دیکھو۔ (بارہ باٹ ہونا نمبر ا)

تین تھان۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ (عوام) ذکر اور دونو خصیے +

تین تیرہ آٹھ اٹھارہ کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ لغوی۔ تین کو تیرہ جگہ اور آٹھ کو اٹھارہ جگہ کر دینا + (۱) تتر بتر کرنا۔ پریشان کرنا۔ بکھیرنا + (۲) بے ترتیب کرنا۔ گڈمڈ کرنا +

تین تیرہ کرنا۔ ہ۔ فعم۔ لغوی۔

تین کو تیرہ جگہ کرنا + (۱) پراگندہ کرنا دیکھو (بارہ باٹ کرنا نمبر ۱) (۲) اُلٹ پُلٹ کرنا - گڈمڈ کرنا - ملا دینا + (۳) روپیہ پیسا اُڑانا - بیجا صرف کرنا - فضول خرچی کرنا +

تین حرف بھیجنا - ا - ف م - لعن لعنت کرنا - تبرا بھیجنا +

تین دن قبر میں بھی بھاری ہیں ا - محاورہ - مر کر بھی دنیا کے بکھیڑوں سے نجات نہیں ہوتی کیونکہ مرنے کے بعد بھی تین دن تک فرشتے حساب لیتے ہیں +

تین لوک یا - **ترلوکی دکھائی دیجانا** - ہ - ف ل - تینوں جہان آنکھوں کے آگے آجانا یعنی پڑجانا

تیور آنا - ہ - ف ل - آنکھوں کے سامنے اندھیرا آنا - اُٹھتے ہوئے سر پھر جانا سر گھومنا +

ناتوانی کا بڑا ہو ہم اُدھر کو جو چلے - تیور آگے گر گر پڑے جا یا نہ گیا +

تیور بجھانا - ہ - ف ل - نگاہوں سے افسردگی دل ظاہر کرنا - اشارے یا نظروں سے جتانا +

خوش نگاہوں کو جلاتی ہیں وہ دلبر پلکیں - چشم حیراں کی بجھا دیتی ہیں تیور پلکیں +

تیور بدلجانا - ہ - ف ل - (۱) انداز نگاہ کا تغیر ہو جانا - پہلے جیسا محبت و پیار نرہنا - اگلی سی الفت نرہنا + (۲) مرنے کو ہو جانا - قریب المرگ ہونا +

تیور بُرے نظر آنا - ا - ف ل - (۱) ڈھنگ بگڑ جانا - بدچلن ہو جانا + (۲) قریب المرگ ہونا - مرنے کو ہونا + (۳) جانی دشمن ہو جانا - دل میں فرق آجانا

تیور بگڑنا - ہ - ف ل - (۱) چہرہ کا رنگ تغیر ہونا - جانکنی کی نوبت ہونا - غیر حال ہونا - مرنے کے قریب ہونا - (۲ - لکھنؤ) خشم آلود ہونا - خشمگیں ہونا +

یہ سکر سرمہ کیا جب اُن نگاہوں نے مجھے - آنکھ سیدھی ہو گئی بگڑے ہوئے تیور نے +

تیور جلنا - ہ - ف ل - (۱ م - عو) ضعف بصارت ہونا - نگاہ میں فرق آجانا + (۲ - لکھنؤ) چمکتے ہوئی چیز کے دیکھنے سے آنکھوں کا جھپکنا - تاب نظارہ نہ لانا روشنی پر نگاہ نہ ٹھیرنا +

خاصیت آفتاب کی رکھتے ہیں خوبرو + تیور جلیں جو سینکلیں آنکھیں حسین سے +

تیور میلے ہونا - ہ - ف ل - دیکھنے سے رنج و ملال کی علامت مفہوم ہونا - نظروں

. سے آثار کدورت و ملال ظاہر ہونا +
نہ لغزش ہو قدم کو عشق میں تیوَر نہ میلے ہوں
سنبھالا چاہئے اِس بوجھ کو سر پر تحمل سے

تیوری بدلنا۔ یا چڑھانا۔ تیوری میں بل ڈالنا۔ ہ۔ ف ل۔ چیں بہ جبیں ہونا۔ پیشانی پر بل ڈالنا۔ ناک بھوں چڑھانا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا غضبناک ہونا +

تیوری کا بل کھلنا۔ ہ۔ ف ل۔ فکر دُور ہونا۔ رنج کم ہونا +

ٹ

ٹاپا توڑ نکل جانا۔ ف ل۔ (ہ پورب) (ٹاپا = مرغیوں کا کھانچا) صاف نکلجانا۔ بے لاگ چلدینا +

ٹاپا ٹوئی۔ یا ٹپّے ٹوئی کرنا۔ ہ۔ ف ل (ٹاپا یعنی مچھلیاں پکڑنے کے کھانچے کو خوب غور سے ٹٹولنا) اسی سبب سے۔ خوب تلاش کرنا۔ ڈھونڈ مارنا۔ چھان مارنا۔ چھان بین کرنا۔

ٹاپتا پھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ بھٹکتا پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔ حیران و پریشان پھرنا

ٹاپتا رہجانا۔ ہ۔ ف ل (گھوڑا اپنی خواہش کے اظہار کے واسطے ٹاپ یعنی اپنا اگلا سُم زمین پر مارا کرتا ہے اور جب تک اُسکی خواہش پوری نہیں ہوتی ٹاپتا ہی رہتا ہے) اسی سبب سے (۱) کسی چیز کی آرزو یا انتظار میں ہی بیٹھے رہجانا۔ کسی چیز پر قابو نہ چلنے کے باعث دل مار کر رہجانا دیکھتا رہجانا + (۲) کف افسوس ملتے رہجانا۔ ہاتھ ملنا۔ افسوس و ملال کرنا +

ٹاپ سہارنا۔ ہ۔ ف ل۔ تکلیف اور مُصیبت جھیلنا +

ٹاٹ۔ یا ٹپّر اُلٹ جانا۔ ہ۔ ف ل (ٹاٹ یا ٹپّر وہ کپڑا یا گدّی ہے جسپر ساہوکار لوگ بیٹھکر لین دین اور حساب کتاب کیا کرتے ہیں جب دیوالہ نکلجاتا ہے تو اُسکا کوئی اُلٹ دیتے ہیں) اسی سبب سے۔ دیوالہ نکلنا۔ کوٹھی یا کارخانہ بیٹھ جانا گھاٹا آجانا +

ٹال کر دینا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کہیں جانے کا ارادہ توڑ دینا۔ جانے سے باز رہنا۔ ارادہ فسخ کر دینا + (۲) کسی کام کے کرنے سے باز رہنا

چھوڑ دینا - ترک کرنا + جاکو پڑ جائے
مثل بھونڈی ڈھال - کدھی کرے ناوا مثل ٹال +

ٹالم ٹول کرنا - ٹالے بالے دینا ہ - ف ل - (۱) لیت ولعل کرنا - حیلہ وحوالہ کرنا + دیکھو (آج کل کرنا) کبھی تو وصل کا وعدہ دفا ہو - کہاں تک دوگے جاناں ٹالے بالے (شایق) (۲) دائیں بائیں دیکر نکلجانا - (۳) دیر لگانا +

ٹانٹا بنا ہوا ہے - ہ - محاورہ - تنکرا ہے - قوی الجثہ ہے - ہاتھ پاؤں میں ابھی بہت جان یا طاقت ہے +

ٹانٹ پر ایک بال نہ رہنا - ٹانٹ کی بال اُڑ جانا - ٹانٹ گنجی ہو جانا ہ - ف ل - (۱) کسی مرض یا بوجھ اُٹھانے یا جوتیاں کھانے کے سبب سر کے بال اُڑ جانا + (۲) خوب جوتیاں یا چانٹے کھانا + (۳) فضول خرچی یا گھر کے خرچ کی مار سے اُدھڑ جانا - مفلس ہو جانا - غریب ہو جانا +

ٹانٹ کھجانا - یا کھجلانا - ہ - ف ل - (۱) چاند میں کھجلی اُٹھنا - سر میں سلسلاہٹ ہونا + (۲) پٹنے یا چانٹے کھانے کو جی چاہنا + (۳) گھاٹا یا نقصان اُٹھانے کو جی چاہنا +

ٹانچ کرنا سیا - لانا - ہ - ف ل - (ٹانچنا = (۱) ٹانگیں مارنا - (۲) کبوتر کے جوڑے کا ٹانگیں مارتے ہوئے سینہ اُبھار کے چلنا) اسی سبب سے - (بازاری) اکڑ پھوں کرنا - اکڑنا - اینٹھنا - برسر مقابلہ آنا جھگڑا کرنا - تکرار کرنا - جھانجھ لانا + مجھسے آنچ لائے تو دم بھر میں ٹھاکر دونگا

ٹانچ نہ اُٹھائی جانا - ہ - ف ل - (بازاری) کسی کی اکڑ تکڑ یا اکڑ پھوں کی سہار نہونا + جھگڑے یا تکرار کی برداشت نہونا

ٹانڈا لادنا - ہ - ف م - (۱) گھر کا سارا اسباب اور جورو بچوں کو کہیں باہر لے جانا - اسباب باندھکر سفر کو جانا سفر کی تیاری کرنا + (۲) مرنا چلدینا سدھارنا - رحلت کرنا - کوچ کرنا دوسرے جہان کے سفر کو روانہ ہونا +

ٹانڈے کا نایک - ہ - اسم مذکر - کسی گروہ کا سردار - کسی قافلہ یا کارواں کا سرگروہ - مربی - وارث

ٹانکا بھرنا - ٹانکے بھرنا - ہ - ف م -

(۱) کسی کپڑے یا زخم میں ٹانکے لگانا۔ پھٹے پرانے کو سینا + (۲) عیب پوشی کرنا + (۳) مصیبت میں تسلی دینا +

ٹانکا پانا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (بازاری) ۔ محبت ۔ یارانہ ۔ لگاؤ پتا ۔ اٹ سٹ ۔ پیار

ٹانکا جانا ۔ ہ ف م ۔ کسی جگہ اپنے مطلب کی تدبیر کرنا

ٹانکا جھانلنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کسی برتن یا زیور کو ٹانکے سے جوڑنا + (۲) ۔ (بازاری) کسی عورت سے ہم بستر ہونا کسی عورت سے لگا لگانا +

ٹانکا کاٹ لینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ ٹانکے کی قیمت کاٹ کر زیور کے دام دینا

ٹانکا لگانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کسی کپڑے یا زخم کو تاگے سے سینا + (۲) (زرگر) ٹانکے سے زیور جوڑنا + (۳) ملاپ کرا دینا ۔ بگڑے ہوئے معاملہ کو بنا دینا + (۴) یارانہ گانٹھنا ۔ اٹ سٹ کرنا +

ٹانکا مارنا ۔ ٹانکے مارنا ۔ ہ ۔ ف ل چلتا ہوا سی دینا ۔ گھوپ دینا ۔ موٹی سلائی کر دینا +

ٹانک رکھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ یادداشت کی نظر سے کسی چیز کا پتا لکھ رکھنا ۔ نوٹ کر لینا +

ٹانک لینا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) اڑس لینا + (۲) درج کرنا ۔ لکھ لینا + (۳) کسی آدمی کو اپنی مرضی کے موافق کر لینا ۔

ہمنے ٹانکا ہے یار کو ایسا
لاکھ بہکائیں پر نہ بگڑے گا

(۴) کھا لینا ۔ چٹ کر جانا +

ٹانکے اُدھڑ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) کسی سیون کے ٹانکے کھل جانا ۔ سلائی ٹوٹ جانا + (۲) (بازاری) حقیقت معلوم ہونا ۔ خبر پڑنا ۔ بخیہ اُدھڑ جانا ۔ گھر پھٹنا ۔ قلعی کھلجانا (۳) تھک کر چور ہو جانا ۔ ہار مان جانا ۔ عاجز آ جانا ۔ ہار جانا ۔ چین بول جانا + (۴) تباہ یا برباد ہونا ۔ ستیاناس ہو جانا ۔ غریب ہو جانا +

خرچ کے مارے ٹانکے اُدھڑ گئے

ٹانکی بجنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسی مکان کا چُنا یا توڑا جانا ۔ مکان کا ڈھایا جانا +

ٹانکے ٹوٹ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) سلائی کا اُدھڑ جانا + (۲) کپڑے کا پرانا یا مستعمل ہو جانا + (۳) ہمت ہار جانا ۔ گھبرا جانا ۔ بخیہ اُدھڑ جانا +

ٹانکے کا کچا - ہ - اسم مذکر - (۱) وہ آدمی جسکے ہاتھ کی سیون جلدی اُدھڑ جاوے اناڑی درزی + (۲) وہ زیور جسمیں کمزور ٹانکا لگا ہُوا ہو +

ٹانکے کھل جانا - ہ - ف ل - چھپی بات ظاہر ہو جانا - بھید کھل جانا + دیکھو (ٹانکے اُدھڑ جانا)

ٹانگ اُٹھا کر مُوتنا - ہ - ف ل - کُتے کی طرح مُوتنا - کُتا بننا - جانور بننا تمہاری برابری وہ کرے جو ٹانگ اُٹھا کر مُوتے (مذاقاً شیخی باز سے کہا کرتے ہیں)

ٹانگ اُٹھانا - ٹانگیں اُٹھانا - یا - لینا - ہ - ف ل - (بازاری) جماع یا مجامعت کرنا - فعل شنیع کرنا - بُرا کام کرنا + جیسی ایک دفعہ ٹانگ اُٹھائی ویسی پچاس دفعہ شیخی باز اوباش کہا کرتے ہیں

ٹانگ اڑانا - ہ - ف ل - (۱) بیچ میں بولنا - خواہ مخواہ دخل دینا - مداخلت کرنا - دخل در معقولات کرنا +

ٹانگ اُڑانا - ہ - ف م - (پہلوان) حریف کو ٹانگ کے ذریعہ سے دے مارنا - ٹانگ پکڑ کر چت کر دینا +

ٹانگ برابر - ا - صفت (لغوی ٹانگ کی لمبائی کے برابر) چھوٹا سا - چھوٹا - پودنا سا - ادنیٰ + ٹانگ برابر ہو کر بڑوں کے مُنہ پر بولتا ہے +

ٹانگ پھنسنا - یا - دبنا - ہ - ف ل - (۱) کسی کام میں تعلق یا سروکار ہونا - حصہ یا شرکت ہونا + (۲) پابند یا مجبور ہونا +

ٹانگ تلے سے نکالنا - ٹانگ کے نیچے سے نکال دینا - ہ - ف م - (۱) (بازاری) کام یا استعمال میں لانا ہم بستری کرنا - برتنا - کام لینا + میاں! اُسکا کیا ذکر کرتے ہو - اُسکو سینکڑوں دفعہ ٹانگ تلے سے نکالا ہے + (۲) شکست زک یا مات دینا - حاجز کرنا - چین بُلا دینا - نیچا دکھانا +

ٹانگ تلے سے نکلنا - ہ - ف ل - ہار ماننا - مطیع ہونا - سر جھکانا - مغلوب ہونا - چیں بول جانا +

ٹانگ توڑنا - ہ - ف م - (۱) کسی کی ٹانگ کو بیکار کر دینا - لنگڑا کر دینا - اپاہج کر دینا + (۲) خراب کرنا - مٹی پلید کرنا - بگاڑنا + کیوں فارسی کی ٹانگ توڑتا ہے + (۳) (دوکاندار) ایک

روپے یا کسی قسم کی چوتھائی ادا کر دینا
تقاضے کو ادھورا کر دینا +

ٹانگ دینا - ہ - ف م - (۱) لٹکا دینا
اوپر ڈال دینا - مُعلّق کرنا + (۲) پھانسی
دینا - سولی دینا +

دُختر کو تو ال ہے ظالم
بیگناہوں کو ٹانگ دیتی ہے

(۳) - بازاری - فعل بد کرانا +

ٹانگ لینا - ہ - ف م - (۱) ٹانگ
پکڑنا - (۲) کُتے کا کاٹنے کو دوڑنا +
(۳) تنگ کرنا - سر ہو جانا + پیچھے
پڑ جانا - لڑنا - جھگڑنا - ناک میں دم کرنا
ایسی کرکرانا - ملی ہے جب گھر میں جاتا ہوں
جب ہی ٹانگ لیتی ہے +

ٹانگیں توڑنا - ہ - ف م یا ل (۱) خوب
دوڑانا یا دوڑنا - خوب پھرنا یا پھرانا +
(۲) حیران و پریشان کرنا یا ہونا -
دِق کرنا یا ہونا +

ٹانگیں ٹوٹنا - یا - رہ جانا - ہ - ف ل
نہایت تھک جانا - تھک کر چُور ہونا
ہار جانا +

ٹپا بھرنا - ڈالنا - یا - مارنا - ہ - ف م -
(۱) دُور دُور یا فاصلہ سے سینا -
کوکنا - کچی سلائی کرنا + (۲) ٹھیر ٹھیر
یا اٹک اٹک کر پڑھنا - بیچ بیچ میں سے
عبارت چھوڑ کر پڑھنا +

ٹپا کھانا - ٹپے کھانا - ہ - ف ل
(۱) گولی کا ٹکرا کر یا اُچھٹکر اُلٹا آنا +
(۲) اٹکنا - رُکنا - پھر پھر اکر کسی جگہ
ٹھیرنا - آکر ٹھیرنا - قیام کرنا +

ٹپس جمانا - یا - لگانا - **ٹپی لگانا** -
ہ - ف ل - وسیلہ یا تعلق پیدا کرنا -
بُنیاد جمانا - پنیری جمانا - حصہ لگانا
اپنے مطلب کی بُنیاد رکھنا - پیر یا قدم
جمانا +

ٹپ سے بول اُٹھنا - ہ - ف ل
جلدی سے بغیر پوچھے کسی بات میں
دخل دیدینا +

ٹپکا پڑنا - ہ - ف ل - (۱) بُوند یا قطرہ
گرنا - ٹپکنا + (۲) گرا پڑنا - ظاہر ہو جانا -
نکلا پڑنا - کثرت یا زیادتی کے
مارے کسی چیز کا نہ رُک سکنا +

ٹپکی پڑتی ہے اُس سے گدراہٹ
ہے یہ عالم تیری جوانی کا +

(۳) خواہش نفسانی کے زور سے
بیقرار یا بے چین ہونا +

مستی میں بسکہ ٹپکی ہی پڑتی ہے دُخت رز
ہونٹوں سے میرے ہونٹ مل اپنے گرگئی

ٹپکا ٹپکی لگ جانا۔ یا۔ شروع ہو جانا ۔ ف ل۔ (۱) بُوندا باندی ہونے لگنا + (۲) پھلوں کا پک کر گرنے لگنا + (۳) اِکّا دُکّا گاہکوں کا دوکان کے ہاں آنا + (۴) ایک آدھ آدمی کا روز مرنے لگنا +

ٹپکا گلنا۔ ف ل۔ (۱) چھت میں سے پانی کی بُوند و نکا برابر گرنا۔ قطرہ ہوئے آب و اشک کا پیہم گرنا۔ جھڑی لگنا

تصور آبندھا جب اُس صنم کا
لگا ٹپکا ٹپکنے چشم نم کا

ٹپک پڑنا۔ ف ل۔ (۱) بُوند یا قطرہ کا گر پڑنا + (۲) پھوڑے پھنسی کا پھوٹ جانا + (۳) حیض آجانا۔ کپڑوں سے ہو جانا + (۴) کود پڑنا۔ دخل دیدینا۔ بیچ میں بول اُٹھنا + (۵) کھل جانا۔ ظاہر ہونا۔ پھوٹ جانا + (۶۔ بازاری)۔ بچہ جن دینا۔ گھر پھٹ جانا +

ٹپکے کا ڈر۔ محاورہ۔ دھوکے کی دہشت +

شیر کا اتنا ڈر نہیں ہے جتنا مجھے ٹپکے کا ڈر ہے + (کھانسی کا فقرہ)

ٹپے ٹوئی۔ یا۔ ٹوئی کرتے پھرنا۔ ف ل۔ اِدھر اُدھر ڈھونڈتے پھرنا +

ٹپے گانا۔ ف ل۔ (۱) گیت گانا (۲) بیکار بیٹھا رہنا۔ کچھ نہ کرنا +

یہ تمہیں دیدوں تو میں کیا بیٹھا ٹپے گاؤں

ٹٹروں ٹوں۔ ف م۔ اکیلا تن تنہا۔ دم بخود۔ اپنے دم سے +

صبح جب بول اُٹھا مرغ سحر ککڑوں کوں۔
اُٹھ گئے پاس سے دیکھا میں ٹٹروں ٹوں

ٹٹڑی گنجی ہونا۔ ف ل۔ دیکھو (اٹانٹ پر ایک بال نہ رہنا)

ٹٹڑی مونڈنا۔ ف ل۔ کسی کو دھوکے یا فریب سے خراب کرنا۔ سر مونڈنا +

ٹٹکاری پر لگنا۔ ف ل۔ (۱) آواز یا سیٹی پر چلا آنا + (۲) آواز پر لگ جانا۔ ہل جانا۔ مانوس ہو جانا + (۳) مطیع یا تابع ہو جانا +

ٹٹو بھڑکنا۔ ف ل۔ (۱) گھوڑے کا گھوڑی کو دیکھکر اچھلنا کودنا + (۲۔ بازاری) تعوذ ہونا۔ خیزی یا تندی ہونا۔ جماع کی خواہش پیدا

ہونا۔ ہم بستری کو جی چاہنا +

ٹٹو پار ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (عوام) کام کا پورا ہونا۔ کامیابی ہونا۔ بیڑا پار ہونا۔ کام بن جانا

ٹٹوے۔ ہ۔ م ف۔ (بازاری) ہمارے اِس سے۔ بلا سے۔ پیزار سے +

ٹٹی توڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) آڑ یا روک ہٹا دینا بند ہیچ کھولدینا + (۲) بد انتظامی کرنا۔ بندوبست توڑنا + (۳) پردہ فاش کرنا +

ٹٹی جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (پورب) پیخانے جانا۔ رفع حاجت کے لئے جانا +

ٹٹی کی آڑ۔ اوٹ۔ یا۔ اوجھل شکار کھیلنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) گھات میں بیٹھکر شکار مارنا۔ چھپکر حملہ یا چوٹ کرنا + (۲) در پردہ یا چوری چوری کوئی کام کرنا + (۳) در پردہ عیب کرنا۔ چھپواں مزے اُڑانا +

ٹٹی لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) آڑ یا روک کرنا دروازہ بند کرنا + (۲) بھیڑ کرنا۔ بہت سے آدمیوں کا ایک جگہ کھڑا ہو جانا +

ٹڈی دل۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) ٹڈیوں کا فوج۔ بہت سا ری ٹڈیاں + (۲) بہت بھیڑ بھاڑ۔ انبوہ کثیر۔ ایک خلقت۔ جم غفیر +

ٹر پھس کرنا۔ لانا۔ یا۔ لگانا۔ ہ ف ل اکڑ پھوں کرنا۔ اکڑنا۔ اینٹھنا + شرارت کرنا۔ دنگا یا فساد کرنا +

ٹسر ٹسر رونا۔ ہ۔ ف ل (عو)۔ زار زار یا پھوٹ پھوٹ کر رونا +

ٹسر مسر کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ خواہ مخواہ دیر لگانا۔ ہیر پھیر کرنا۔ ڈھیل کرنا +

ٹس سے مس نہ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (م عو) (۱) ذرا حرکت نکرنا۔ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنا۔ کاہل یا سست نجانا۔ اُٹھکر پانی نہ پینا + (۲) کسی چیز کا باوجود بہت سی حرارت پہنچانیکے نہ گلنا۔ گداز نہ ہونا +

ٹسن کرنا۔ یا لانا۔ ہ۔ ف ل۔ (عوام) (۱) جھگڑنا۔ کھوڑ دلانا + (۲) شرارت یا بد معاشی کرنا۔ بے ایمانی کرنا چنیدہ کرنا

ٹسوے بہانا۔ ہ۔ ف ل۔ (عو) (بطور دکھاوے کا) رونا رونا۔ ٹپ ٹپ آنسو گرانے لگنا +

ناحق بھی جھوٹ موٹ کے ٹسوے بہاؤنگی + (نظیر) مرجاؤں یا جیوں نہیں سسرال جاؤنگی +

ٹکا بھر۔ ہ۔ م ف۔ (۱) وزن میں دو پیسہ بھر + (۲) ذرا سا۔ قدر قلیل۔ رجحان بہت تنک سا +

ٹکا پاس نہ ہونا۔ ہ۔ ف ل غریب یا کنگال ہونا۔ کوڑی پاس نہ ہونا۔ بہت بھوکا ہونا +

تنگ ہونا +

ٹکا چوٹ کر دینا - ہ - ف ل - (بازاری) ٹکے ٹکے پر زنا کروانا +

ٹکا سا جواب دیدینا - ہ - ف ل - (جس طرح کسیکو دو پیسے جو ایک ادنیٰ سی رقم ہے جلد نکال کر دیدیتے ہیں اسی طرح) بہت جلد صاف - یا - بالکل انکار کر دینا - دو ٹوک یا ٹکڑا توڑ جواب دیدینا +

ٹکا سی جان - ا - اِسم مؤنث - نقد دم تن تنہا - اکیلی جان - نگوڑا ناٹھا +

ٹکا گانٹھ میں ہونا - ہ - ف ل - دولت مند اور آسودہ ہونا +

ٹکا میری گانٹھی لڈو کھاؤں کہ ماٹھی پشل

ٹک جیا تو کیا - ٹک جیا تو پھر کیا ہ - محاورہ - ذرا سی دیر اور جی لیا تو کیا حاصل کیونکہ آخر تو مرنا ہی ہے - ذرا سے آرام میں کچھ مزہ نہیں ہے - چند روزہ راحت کا کچھ لطف نہیں ہے +

ٹکٹکی باندھنا - یا - لگانا - ہ - ف ل - بہت غور سے دیکھنا - برابر دیکھے جانا - گھورے جانا - ٹکی لگانا +

ٹکراتے پھرنا - ہ - ف ل - آوارہ یا مارے مارے پھرنا - ڈانواں ڈول پھرنا - بھٹکتے پھرنا - ڈھونڈتے پھرنا +

ٹکراتے ہوئے پھرتے ہیں ہم کو جہیں اسکے - کیا کیجے دروازہ ادھر ہے نہ اُدھر ہے + (نسخ)

ٹکر اُٹھانا - یا - جھیلنا - ہ - ف ل - (۱) صدمہ کی برداشت کرنا - مصیبت جھیلنا - تکالیف گوارا کرنا +

(۱) یہ مشت خاک یعنی انسان ہی ہے رُوکش - ورنہ اٹھائی کسنے یہ آسماں کی ٹکر + (میر)

(۲) زبردست سے مقابلہ کرنا - اپنے سے بڑے کا سامنا کرنا +

ٹکڑا دینا - ہ - ف م - نعوی روٹی کا ٹکڑا دینا - وظیفہ دینا - روٹی دینا - پالنا - پرورش کرنا

ٹکڑا سا - یا - ٹکڑا توڑ جواب دیدینا - ہ - ف م - صاف جواب دینا - بیمروت ہو کر جواب دینا - دیکھو (ٹکا سا جواب دینا) +

ٹکڑا سا توڑ کے ہاتھ میں دیدینا - ہ - ف م - سخت جواب دیدینا - لگی لپٹی نہ رکھنا +

ٹکڑا مانگنا - ہ - ف م - گدائی کرنا - بھیک مانگنا - دریوزہ گری کرنا +

ٹکڑا میسر نہ آنا - ہ - ف ل - فاقہ کشی کی نوبت پہنچنا - بھوکا مرنے لگنا +

ٹکر پہاڑ سے لینا - ہ - ف ل - بڑے

بھاری دشمن سے مقابلہ کرنا +
کوہن کیوں دسر کو پھوڑ مرے ۔
لی ہے جاکر پہاڑ سے ٹکر + (مسجاد)

ٹکر ٹکر دیکھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ شوق یا حسرت کی نگاہ سے دیکھنا +

ٹکر کھانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) باہم لڑ جانا ۔ مُٹ بھیڑ ہونا + (۲) صدمہ اُٹھانا ۔ چوٹ کھانا + (۳) نقصان اُٹھانا + آدمی ٹکر کھا کے کچھ سیکھتا ہے + (۴) مقابلہ کا ہونا ۔ ہم پلہ ہونا ۔ برابر کا یا جوڑ کا ہونا +
یہ شخص اُس سے ٹکر کھاتا ہے +

ٹکر لگنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) صدمہ یا تکلیف پہنچنا + (۲) نقصان ہو جانا ۔ گھاٹا آجانا +

ٹکر لینا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) صدمہ سہنا ۔ چوٹ سہارنا ۔ (۲) غٹ پٹ ہونا ۔ مقابلہ کرنا +
شکوہ میں تیرے ہاتھی کی کیا بیان کروں
جو پیل چرخ سے لیتا ہے اوج میں ٹکر

ٹکر مارنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) زمین یا دیوار سے سر دے مارنا ۔ سر دے مارنا +
(۲) مقابلہ یا سامنا کرنا + (۳) نہایت کوشش کرنا ۔ پچ مرنا ۔ از حد سعی کرنا ۔

ٹکڑوں پر پڑنا ۔ ٹکڑے توڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ پرائی روٹیوں پر گزارہ کرنا ۔ پرائی کمائی پر رہنا ۔ مفت کی روٹیاں توڑنا

ٹکڑے اُڑانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ خوب مارنا ۔ پرزے پرزے یا کھال اُڑانا +

ٹکڑے کے کارن ۔ یا ۔ مارے پھرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ روٹی یا پیٹ کی خاطر پھرنا ۔ روزگار ڈھونڈتے پھرنا +

ٹکسال باہر ۔ ہ ۔ صفت ۔ (۱) ایسا سکہ جو ٹکسال میں نہ بنا ہو + (۲) ایسا کلام یا محاورہ جسے اہل زبان نہ بولتے ہوں متروک الاستعمال ۔ غیر مروج ۔ غیر معتبر غیر مستند + (۳) ایسا شخص جو کسی فن یا ہنر میں کسی اُستاد کا شاگرد نہ ہو ۔ عطائی بن اُستادا ۔ نگرا +

ٹکسال چڑھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) کھرا کھوٹا پرکھا جانا + (۲) رائج ہو جانا + (۳) کسی علم یا فن میں کامل یا اُستاد مانا جانا + (۴) خیرا دچڑھنا ۔ چھٹا ید معاش بنجانا ۔ بے شرم یا بیحیا ہو جانا +

ٹکسال کا کھوٹا ۔ ہ ۔ صفت ۔ (۱) بد اصل + (۲) ناشائستہ + (۳) بدذات ۔ گستاخ +

ٹکسال والی ۔ اسم مؤنث ۔ وہ عورت جسکے ہاں روپیہ پیسہ کثرت سے آئے

رنڈی ٹکیہائی +

ٹکسالی آدمی - ہ - اِسم مذکر - (۱) ایماندار اور معتبر آدمی ٹھہرا + (۲) طنزاً - بدمعاش چالاک - مکار - (بازاری) + (۳) بیحیا بے شرم +

ٹکسالی بات - ہ - اِسم مؤنث - پکی جچی ہوئی بات - پختہ بات +

ٹکسالی بولی یا زبان - ہ - اِسم مؤنث صاف و شستہ زبان - عمدہ محاورے فصیح اور مستند زبان - کھری بولی +

ٹکسالی دُوکان - اِسم مؤنث - سچی اور نامی دوکان +

ٹکیت رائے - ٹیکیت چند ٹکیت چند کالڑکا - ا - اِسم مذکر - طنزاً - بڑا دولتمند - بڑا مالدار - لکھی چند +

ٹکے دھڑی کر دینا - یا - لگا دینا - ہ - ف م - (دو پیسے کے بدلے میں دھڑی بھر یعنی پانچ سیر چیز دینا + اسی سبب سے (۱) بہت سستا بیچنا - پانی کے مول بہا دینا + (۲ - بازاری) ٹکا چوٹ کر دینا - ہر ایک سے زنا یا بدفعلی کرنا +

ٹکے کا ظہور اہے - ا - محاورہ - دولت کی روشنی ہے پیسہ کا سارا کھیل ہے

ٹکے کی نہاری میں ٹاٹ کا ٹکڑا - ا - محاورہ - (جو کوئی ٹکے کی نہاری خریدتا ہے تو اُسکو موٹی جھوٹی روٹی اور ڈھب ڈھب تلیا ہی ملتا ہے ٹکے میں شیرمال کہاں سے آسکتی ہے) اسی سبب سے سستی چیز اکثر خراب ہوتی ہے - ارزاں بعلت و گراں بحکمت

ٹکے گز کی چال چلنا - ہ - ف ل - (ٹکے گز کا کپڑا پہن کر گزارہ کرنا) اسی سبب سے - چلن سے چلنا - کفایت شعاری کرنا - میانہ روی اختیار کرنا - فضول خرچی نکرنا + سوم بنیوں سے جُلاہوں سے جو پھیلے پیر (ریدھلی) چال وہ مجھسے ٹکے گز کی نہ کیونکر چلتا

ٹکے گنّے لگنا - ٹکے سے گنّا - ہ - ف ل - (۱) حقہ کا خوب کڑا کے یا آواز کے ساتھ بولنے لگنا + (۱) سردی کے مارے دانت سے دانت بجنے لگنا - خوب جاڑا معلوم ہونا + (۳) فر فر پڑھنے لگنا - فراٹے بھرنا +

ٹکے لگنا - ہ - ف ل - اپنی خواہش اور مطلب کے موافق کوئی کام ہونا - دال گلنا - کامیاب ہونا - مطلب برآنا

ٹل جانا - ہ - ف ل - (۱) بے جگہ ہو جانا سرک جانا + بوجھ اُٹھانے سے ناف نلے اکثر

ٹل جاتے ہیں + (۲) چلا جانا ہٹ جانا + میں کہاں سنگ دربار سے ٹل جاؤں گا۔ کیا وہ پتھر ہے پھسلنا کہ پھسل جاؤں گا + (میر) (۳) چشم پوشی کرنا۔ بہانہ کرکے ساتھ ادھر اُدھر ہو جانا۔ حیلہ کرکے چلدینا۔ آنا کانی دیجانا + (۴) غایب یا کافور ہو جانا۔ بھاگ جانا +

استادہ جہاں میں تھا میدان محبت میں۔ واں رستم اگر آتا تو دیکھ کے ٹل جاتا +

(۵) گزر جانا۔ بیت جانا + بُری گھڑی ٹل گئی

ٹلیں مارتا ہے ۔ ہ۔ محاورہ۔ (پورب) رٹل ہانکتا ہے۔ جھوٹی باتیں بناتا ہے

ٹلے نویسی کرنا ا۔ ف ل۔ لغوی۔ دھجے لکھنا + (۱) خوشامد کرنا۔ جھوٹی باتیں بنانا تلوے سہلانا۔ باتوں میں وقت کھونا (۲) تضیع اوقات کرنا۔ کچھ کام نکرنا۔ بیکار پھرنا +

ٹنٹے کا گھر ۔ ہ۔ محاورہ۔ جھگڑے کی جڑ لڑاکا + دیکھو (بس کی گانٹھ)۔

ٹنچ بنا ہوا ہے ۔ ہ۔ محاورہ۔ (بازاری) تگڑا اور مستعد ہے۔ پر پرزے سے درست ہے

ٹنچ رہنا ہ۔ ف ل۔ (بازاری)۔ تگڑا اور تیار رہنا۔ مسلح رہنا۔ لیس یا ریٹ رہنا +

ٹنچ لڑانا ۔ ہ۔ ف ل (بازاری) جہاں چار آدمی کچھ معاملہ کر رہے ہوں یا جوا کھیل رہے ہوں اُسمیں اپنا بھی تھوڑا سا روپیہ لگاکر شریک ہو جانا حصہ لڑانا + (۲) خالی باتیں ملاکر کسی کام میں مساجھی بن جانا مفت میں ٹپس جمالینا +

ٹنڈیاں باندھنا۔ یا۔ کسنا ۔ ہ۔ ف م۔ (ٹنڈ = بازو یا ہاتھ) ملزم کی مشکیں کسنا۔ مجرم کے ہاتھ باندھنا +

ٹوپی اُتارنا۔ ٹوپی پر ٹھوڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ دیکھو (پگڑی اُتارنا)

ٹوپی اُچھالنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (ا۔ لکھنو) اُچھلنا کودنا۔ وجد کرنا۔ خوشیاں منانا + آیا ہے جیسے ساقی اللہ رے جوش شادی شیشے بھی انجمن میں ٹوپی اُچھالتے ہیں (۲۔ ف م) بیعزتی کرنا۔ دیکھو (پگڑی اُچھالنا)

ٹوپی بدلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ ٹوپی بدل بھائی بنا۔ دیکھو (پگڑی بدلنا)

آئے جو کیف میں وہ گلگشت باغ کو (آتش) ٹھنچے سے ٹوپی۔ لالے سے پگڑی بدل گئے +

ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہئے ا۔ محاورہ۔ یعنی اگر آدمی نہ ملے تو اپنی

ٹوپی ہی سے صلاح کرلو + بغیر مشورہ کوئی کام نکرو +

ٹوپی والا - ہ - اسم مذکر - (۱) جوان - گبرو - پٹھا - نوعمر + تیس تو میرا من لینا ٹوپی والے سنو ریا - اگیت (۲) انگریز یہ فرنگی یورپین + کما دے دھوتی والا اڑا دے ٹوپی والا

ٹوٹا پڑنا - ٹوٹے پڑنا - ہ - ف ل - (۱) بوجھ کے مارے جھکا جانا یا نیچے کو ہوا جانا + (۱) اتنا گہنا لادے ہوئے تھی کہ کان ٹوٹے پڑتے تھے + (۲) آسوں کے مارے درخت ٹوٹے پڑتے تھے + (۳) خریداروں کی کثرت ہونا +

ٹوٹ پڑنا - ہ - ف ل - (۱) کسی چیز کا اونچے سے یکایک گر پڑنا - نازل ہونا یہ کیا آسمانی آفت ٹوٹ پڑی + (۲) بڑی تن دہی کرنا - پل جانا - کسی کام میں ہمہ تن مصروف ہونا + (۳) بہت سے آدمیوں کا ہجوم کرکے آجانا - حملہ یا دھاوا کرنا - ایک آدمی کو چاروں طرف سے گھیر لینا +

ٹوٹ کر - ٹوٹ ٹوٹ کر - ہ - م ف - (۱) نہایت شدت سے کثرت سے رات کو ایک ایسا ٹوٹ کر دست آیا کہ سارے ہوش و حواس جاتے رہے + (۲) زور سے جھنجلا جھنجلا کر +

بہلا ہی دن تھا ہم کو کیے ترک مے کشی۔
برسا ہے کیسا رات کو مینہ ٹوٹ ٹوٹ کر۔

(۳) جی جان جھوک کر - ہمہ تن مصروف ہوکر - بڑی کوشش کے ساتھ + یہ شخص ٹوٹ ٹوٹ کر کام کرتا ہے +

ٹوٹرُوسا - ہ - م ف - اکیلا + دیکھو (ٹُٹرُوں ٹوں) -

ٹوٹکا کرنے آنا - ہ - ف ل - عو - جلدی آکر چلا جانا + دیکھو (آگ لینے آنا) +

ٹوٹی بانہ گلے پڑتی ہے - ٹوٹی بانہ گل جنڈ پڑے - ہ - محاورہ - (قاعدہ ہے کہ جب بانہ ٹوٹ جاتی ہے تو اسکو پٹی باندھ کر گلے میں لٹکا لیتے ہیں) غریب یا پابہج رشتہ دار کے صرف کا بوجھ صرف اُسکے آسودہ بھائی بند کے ذمہ پڑجاتا ہے

ٹوٹے دل کا جوڑنا - ا - ف م - جس شخص کو صدمہ پہنچا ہو اُسکو دلاسا دینا - دل شکستہ یا رنجیدہ کی تسلی و تشفی کرنا +

ٹوکرے پر کا ہاتھ رہجانا - ہ - ف ل - (دوکاندار) - (بنئے اکثر سودا ٹوکرے پر ہی رکھکر بیچتے ہیں اور جب گاہک آتا ہے

تو اُسکو اُسی میں سے لیکر دیتے ہیں بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ گاہک سودا مانگ کر انکار کر دیتا ہے تو ایسی حالت میں بنئے کا بھرم بنا رہتا ہے) اسی سبب سے بال بال عزت بچ جانا۔ بھرم بندھا رہنا۔ عزت قایم رہنا +

ٹوہ بو رکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ خبر رکھنا۔ تلاش رکھنا۔ ہر ایک سے حال دریافت کرتے رہنا +

ٹوہ ٹاہ میں رہنا۔ ٹوہ میں رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) تلاش یا جستجو میں رہنا۔ تاک میں رہنا + (۲) عیب جوئی کے درپے رہنا۔ نکتہ چینی پر نگاہ رکھنا + ساس نندیں نئی دُلہن کی ٹوہ میں رہا کرتی ہیں

ٹھاٹھ باندھنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱۔ لکھنؤ) ٹنٹی باندھنا۔ ٹھاٹر بندی کرنا + (۲) پٹہ بازی میں اُسکے قاعدے کے موافق کھڑا ہو کر کھیلنا + (۳) نمود دکھانا۔ ظاہر داری کے لئے اسباب جمع کر لینا + ہوا باندھنا +

ٹھاٹھ بدلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) (پہلوان) پیترے بدلنا + (۲) نت نئی پوشاک بدلنا۔ نئی طرز سے آرایش کرنا۔ صورت پلٹنا +

یہ شخص تو نت نئے ٹھاٹھ بدلتا ہے +

ٹھاٹھ پڑا رہجانا۔ ہ۔ ف ل۔ دنیا کا اسباب اور سامان دنیا میں رہجانا ساتھ کچھ نجانا + ؎ سب ٹھاٹھ پڑا رہجاویگا جب لاد چلے گا بنجارا + (نظیر)

ٹھاٹھ مارنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مرغوں کا بال و پر ہلانا جھٹی کر کے کبوتر کا اُٹھ جانا۔ (۲ ہندو) موج کرنا یا مارنا۔ مزے اُڑانا چین مارنا +

ٹھان لینا۔ ہ۔ ف ل۔ مصمم یا پکا ارادہ کر لینا +

ٹھٹک ٹھٹک کے۔ ٹھٹک کر۔ ہ۔ م ف۔ آہستہ آہستہ۔ ٹھیر ٹھیر کر + ٹھٹک کر وہ گھوڑے کا چلنا سنبھل۔ ہلکے وہ دونو طرف موڑ رچھل + (میر حسن)

ٹھٹھے میں اُڑانا۔ ہ۔ ف م۔ ہنسی یا کھلی کرنا۔ احمق بنانا +

ٹھیرے ٹھیرے بدلائی۔ ہ۔ محاورہ۔ (ٹھیرے اور سب خریداروں کو پرانے برتن بدلتے وقت اسطرح مال تول کر دیا کرتے ہیں کہ اگلے پلڑے میں بٹ رکھتے ہیں اور پچھلے میں برتن اور گاہک کی نظر ہمیشہ دستور کے موافق اگلے پلڑے ہی کی طرف

رہتے ہے اور وہ اُسکے ٹھکانے اٹھے رہنے پر مال کا کم زیادہ ہونا خیال کرتا ہے اور یہاں اُسکے برخلاف وہ لوگ گاہک کو دھوکے سے مال کم تو ادیتے ہیں مگر آپسمیں کمتی نہیں تول سکتے چنانچہ جب کوئی اور پیشہ والا دوسرے ہم پیشہ کا کسی سودے کی خرید و فروخت میں لحاظ نہیں کیا کرتا تو اس موقع پر یہ محاورہ بولا کرتے ہیں اور اُس سے یہ غرض ہوتی ہے کہ ہم تم برابر کی ٹکر ہیں آج کو تم ہمارا لحاظ کروگے تو کل کو ہم تمہارا خیال رکھیں گے) ہم پیشہ لوگوں کا معاملہ ہے - برابر کی ٹکر ہے +

ہے ٹھیٹر سے ٹھیٹرے بدلائی + (شوق)

ٹھڈا ٹوٹی - ہ - اِسم مؤنث - مذاقاً ٹیڑھی کمر کی عورت - کُبڑی - کمر جھکی +

ٹھس پن کرنا - ہ - ف ل - (۱) جم کر بیٹھ جانا + (۲) سستی کرنا - آہستہ کام کرنا - مچلا پن کرنا +

ٹھسک سے یا ٹھسّے سے چلنا - ہ - ف ل - نزاکت کے ساتھ خراماں خراماں چلنا - نخرہ کے ساتھ چلنا + فتنہ (سرسیّاں حشر خرام + ہائے رے کس ٹھسک سے چلتے ہیں) + (میر)

ٹھکانا کرنا - یا - ڈھونڈنا - ہ - ف م - (۱) اُترنے یا ٹکنے کی جگہ ڈھونڈنا - ماوا و ملجا تلاش کرنا + (۲) بندوبست یا انتظام کرنا + (۳ - م - عو) مرد کے لئے عورت اور عورت کے واسطے مرد تلاش کرنا - گھر بسانا - بیاہ کر دینا - برکنیا کی تجویز کرنا + (۴) روزگار تلاش کرنا + میاں تم بھی کہیں اپنا ٹھکانا کرو یوں بیٹھے گزر نہ ہوگا

ٹھکانے بھرنا - ہ - ف ل - (سقہ) سقے کا اپنی آسامیوں میں پانی پہنچانا +

ٹھکانے چکانا - ہ - ف م - (ہندو) - کسی بڑھیا یا بڈھے کی اُٹھاؤنی کے دن اُسکے تمام رشتہ داروں کو معہ اُنکے کمینوں کے اپنی حسب حیثیت کچھ نقدی بانٹنا +

ٹھکانے کی بات - ہ - اِسم مؤنث - معقول بات - درست اور موقع کی گفتگو +

ٹھکانے لگانا - ہ - ف م - (۱) جگہ پر بٹھانا - قایم کرنا - اطمینان بخشنا - تسلی دینا ملا میرے دلبر کو مجھ سے خدا + نہیں تو میرا دل ٹھکانے لگا + (میر حسن) (۲) منزل مقصود کو پہنچانا + (۳) بیاہ

کر دینا + (۴) نوکر کرا دینا - کام سر لگا دینا (۵) موقع سر خرچ کرنا - جگہ سے خرچ کرنا (۶) اُڑا دینا - صرف کر ڈالنا + (۷) مار ڈالنا - کسی کا کام تمام کر دینا + فریاد کو جنوں نے بھکانے لگا دیا - (انشا) اب جا کے ہم بسائیں مگر کوہسار کو +

ٹھکانے لگنا - ہ - ف ل - (۱) اچھے کاموں میں اُٹھ جانا - اچھی جگہ خرچ ہونا - رائیگاں نجانا + (۲) صرف میں آجانا - کام میں آجانا - اُٹھ جانا - تباہ یا برباد ہو جانا + (۳) بر یا - گھر ملنا + جی جی یہ تو ٹھکانے لگ گئی اب دوسری کا سوچ ہے + (ہ ع) (۴) جگہ سر جا پہنچنا - مرنا - مر جانا + آج وہ بھی ٹھکانے لگ گئے +

ٹھگ بدیا یا دیہے - ا - محاورہ - فند و فریب کی باتیں معلوم ہیں - بڑا ہی مکار ہے - بڑا چالاک و عیار ہے +

ٹھل جانا - ہ - ف ل - (۱) چل دینا - ہٹ جانا + (۲) بھاگ جانا + (۳) مر جانا لڑھک جانا +

ٹھمری اُڑانا - ہ - ف م - (۱) ٹھمری جو ایک قسم کا گیت ہے اُسکو گانا + (۲) زمل ہانکنا - گپ اُڑانا +

ٹھن ٹھن گوپال - ہ - اسم مذکر - (۱) ٹھن ٹھن کر لینے اور دے گوپال کہہ دینے کے سوا اور کچھ نہیں جانتا - مٹی کا مادھو - بیوقوف - سادہ مزاج - مودھو - مورکھ + (۲) - م ف - کچھ نہیں - ہیچ - خالی +

ٹھنڈا پڑ جانا - ہ - ف ل - (۱) سرد ہو جانا ٹھنڈھر جانا + (۲) دھیما ہو جانا - نرم یا ملایم ہو جانا - غصہ کم ہو جانا + (۳) نعوذ کے طلاق ہو جانا - اُٹھکر بیٹھ جانا - خواہش کا جاتا رہنا - نامرد ہو جانا + (۴) بیرونق ہو جانا - منڈا پڑ جانا بازار ٹھنڈا پڑ گیا + (۵) ہمت ہار نا - ارادہ ٹوٹ جانا + (۶) مرنیکے قریب ہو جانا - قریب المرگ ہو جانا +

ٹھنڈا جی کرنا - ہ - ف م - کسی کو خوشی کرنا - تسلی یا تشفی دینا - خوش کرنا +

ٹھنڈا رکھنا - ہ - ف م - خوش یا سکھی رکھنا - آرام یا آسایش دینا +

ٹھنڈا کر کے کھانا - ہ - ف ل - (کھانیکا) ٹھنڈا کر کے آہستہ آہستہ کھانا - تاکہ مُنہ نہ جلے) اسی سبب سے تامل اور آہستگی سے کوئی کام کرنا - سوچ سمجھ کر کام کرنا - جلدی یا تیزی نہ کرنا +

ٹھنڈا گرم ندیکھنا - ا - ف ل - سختی

اور مصیبت نہ اُٹھانا - ناتجربہ کار ہونا +
ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا - یا - مارتا ہے - ٥ - محاورہ - (لوہار ٹھنڈے لوہے سے گرم لوہے کو کاٹا کرتے ہیں) اسی سبب سے - دھیما آدمی تیز مزاج آدمی پر غالب آجایا کرتا ہے +
ٹھنڈا ہونا - ٥ - ف ل - (۱) حرارت یا گرمی کا کسی چیز میں سے نکل جانا + میاں! کیا کر رہے ہو؟ کھانا تو ٹھنڈا ہوا جاتا ہے (۲) سرد ہونا - جنگ ہونا + تو میں رکھنے سے پانی بہت جلد ٹھنڈا ہو جاتا ہے + (۳) آرام پانا - سکھ یا چین پانا - خوش ہونا حالہ جلی ہوں کیا کہوں میں - (گلزار نسیم) (۱) دکولا تو ٹھنڈی ہوں میں + (۴) آرام لینا - تھک جانے کے بعد سستانا - تازہ دم ہونا + ٹھیر جا ذرا ٹھنڈا ہو لے + (۵) غصہ دور ہونا - نرم ہونا - دھیما ہو جانا + خوب بھڑکا یا تھا اسکو سوت نے میں ہوئی جب گرم ٹھنڈا ہو گیا + (جاجھا) (۶) ہنگامۂ بزم و سرور کا بے رونق ہو جانا - محفل ٹھنڈی ہو گئی + (۷) مندا ہونا - خرید و فروخت کا کم ہونا سرد بازاری ہونا + (۸) افسردہ خاطر ہونا - دل مرنا - جی مر جانا + (۹) نامرد ہونا - شہوت کا جاتا رہنا + (۱۰) - عو - متبرک یا پوتر کتابوں یا پوتھیوں کا زمین پر گر پڑنا - مالا یا تسبیح وغیرہ کا ٹوٹ جانا - (۱۱) - عو - ٹوٹنا - شکستہ ہونا - مولنا + چوڑیاں ٹھنڈی ہونا + (۱۲) - عو - جل جانا + نئے کا نیا کپڑا ٹھنڈا ہو گیا + (۱۳) چراغ کا بجھنا یا گل ہونا + (۱۴) دفن ہونا - گاڑا جانا - شہید ہونا + کربلا میں تعزیے ٹھنڈے ہوا کرتے ہیں + (۱۵) مذبوح کا تڑپنے سے باز رہنا + (۱۶) مر جانا - انتقال کرنا - قالب عنصری سے روح کا پرواز کرنا + سر پر چھوٹنا + آس جینے کی نہیں دلکو لگی ہے ایسی (بحر) ٹھنڈے ہو جائیں گے ایکدن جو جلا کرتے ہیں
ٹھنڈ پڑنا - ٥ - ف ل - خنکی ہو جانا - گلابی جاڑا شروع ہو جانا +
ٹھنڈک پڑنا - ٥ - ف ل - (عو) (۱) گرمی کا رفع ہونا + (۲) تسکین ہونا - تشفی ہونا چل مٹنا + (۳) جلن مٹنا + مراد پوری ہونا - حسب المراد کسی کام کا ہو جانا + اب تو سوکن کے پڑی ٹھنڈک ہوا (پیر خانم) گھر ٹلا فرزند چھٹا بچہ ہوا +

(۴) خوشی ہونا۔ چین آنا +

ٹھنڈی آگ ۔ ہ۔ محاورہ ۔ اولاد برنیچ

ٹھنڈی آگ سے جلانا ۔ ہ۔ ف م۔ کسی کو مل کر مارنا یا دھوکا دینا +

ٹھنڈے پہرے ۔ یا۔ **وقت** ۔ ا۔ م ف ۔ (۱) علی الصباح ۔ نور کے تڑکے سویرے ۔ سورج نکلنے سے پہلے + (۲) آخر روز ۔ سپہر کے بعد ۔ ڈھلتے وقت +

ٹھنڈے پیٹ رہے ۔ کلمہ دعائیہ (عو) بال بچوں کا سکھ دیکھے +

ٹھنڈے پیٹوں ۔ ہ۔ م ف ۔ (عو) (۱) بے فتنہ و فساد کئے ۔ بلا تکرار ۔ بے لڑے جھگڑے + (۲) بخوشی ۔ خوشی خوشی ۔ آرام سے ۔ خوشی بخوشی + اسنے کبھی میرے بچے کو ٹھنڈے پیٹوں نہیں کھلایا ! +

ٹھنڈے ٹھنڈے ۔ ہ۔ م ف۔ علی الصباح سویرے سویرے ۔ دیکھو (ٹھنڈے پہرے) ۔ دل سے کہدو کہ آہ سرد کے ساتھ (میر) ٹھنڈے ٹھنڈے چلے تو چل نکلے

ٹھنڈے ٹھنڈے جانا ۔ یا۔ **چلنا** ہ۔ ف ل ۔ (۱) ٹھنڈک کے وقت جانا (۲۔ طنزاً) خوشی خوشی جانا ۔ بے لڑے جھگڑے جانا +

دیکھو دیکھو بہت نہ اترا ؤ ۔ ٹھنڈے ٹھنڈے چلو ہرا کھاؤ + (شوق)

ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جاؤ ۔ ہ۔ محاورہ ۔ (طنزاً) خوشی خوشی گھر جاؤ ۔ صحیح سالم جاؤ ۔ کہیں پٹنا مت +

ٹھنڈی ڈھلنا ۔ ہ۔ ف ل ۔ (عو) ماتا رانی کا باگ موڑنا ۔ سیتلا کے دانوں کا مرجھانا +

ٹھنڈے سانس بھرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دم سرد کھینچنا ۔ کسی صدمے کے مارے آہ کرنا ۔ ٹھنڈے سانس لینا ۔ تکلیف یا غم کے سبب کراہنا + (۲) قریب المرگ ہونا مرنے کو ہونا +

ٹھنڈی کڑھائی کرنا ۔ ہ۔ ف م ۔ (ہندو) شادی کے آخر میں حلوا پکا کر بھٹی بند کر دینا ۔ شادی کے کھانے پکانے کا کام ختم کرنا +

ٹھنڈی گرمیاں ۔ ا۔ محاورہ ۔ معشوق کی بے تاثیر شوخیاں ۔ ظاہری اختلاط جھوٹی گرم جوشی ۔ اوپری یا ساختہ محبت + بدمزہ ہونے کے شوخیاں نکرو ۔ (شوق) بس چلو ٹھنڈی گرمیاں نکرو +

ٹھنڈی مار دینا - ہ - ف م - کسی کو موقع اور تدبیر کے ساتھ تکلیف پہنچانا بھیتری مار دینا - سر سہلانا اور بھیجا کھانا

ٹھنڈی مٹی - ہ - اسم مؤنث - (عو) دیر میں بڑھنے والا بسم - عرصہ میں بالغ ہونے والا آدمی - زنانہ نامرد +

ٹھور بے ٹھور مار بیٹھنا - ہ - ف م - نازک جگہ پر مار بیٹھنا +

ٹھور ٹھور پھرنا - ہ - ف ل - دربدر پھرنا - آوارہ پھرنا +

ٹھور ٹھور توڑ دینا - ہ - ف م - ہڈی ہڈی پیہ جوڑ جوڑ توڑ ڈالنا +

ٹھور رکھنا - یا - مار دینا - ہ - ف م جہاں پانا وہیں جان سے مار ڈالنا - سنگوا لینا - کھیت رکھنا - بچکر نہ جانے دینا +

ایک چھوڑا نہ زندہ جاں تو نے -
ٹھور رکھا ہے سبکو جاں! تو نے + (انشا)

ٹھور رہنا - ہ - ف ل - اُسی جگہ پر جہاں تھا بیجان ہو کر گر پڑنا - کھیت رہنا - کام آنا

ٹھوڑی پر ہاتھ دھر کے بیٹھنا - ہ - ف ل - رنجیدہ ہو کر بیٹھنا - سر پکڑ کر بیٹھنا - گھٹنوں میں سر دیکر بیٹھنا +

ٹھوڑی میں ہاتھ دینا - ہ - ف م - (جب کوئی جوان آدمی نہایت غصہ اور لال پیلا ہوا کرتا ہے اور دوسروں کی زبانی سمجھانے کو کچھ خیال میں نہیں لایا کرتا تو اُسوقت اُسکا دھیان بٹانے اور اُسکا مُنہ بند کرنیکی تدبیر سے اُسکی ٹھوڑی میں ہاتھ دیکر کچھ خوشامد کی باتیں کیا کرتے ہیں) اسی سبب سے عاجزی کرکے کسی کے غصہ کو کم کرنا - خوشامد درآمد کرکے کسی کو ٹھنڈا کرنا - پیروں میں پگڑی رکھنا - دھیما کرنا - نرم کرنا +

ٹھوسا بھی نہ دینا - ہ - ف م - (بازاری) کچھ بھی نہ دینا - خاک نہ دینا +

ٹھوسا - یا - ٹھینگا دکھا دینا - ہ - ف م - (بازاری) صاف انکار کر دینا - دیکھو - (انگوٹھا دکھانا) -

ٹھوسے پر - یا - ٹھینگے پر مارنا - ہ - ف م - (بازاری) عزت نہ کرنا - دیکھو (پاپوش پر مارنا) -

ٹھوک بجا کے - ہ - م ف - (۱) ٹھوک کے اور بجا کے - بُرا بھلا جانچ یا پرکھ کے - خاطر جمع کرکے - دیکھ بھال کے چھان بین کرکے - نہایت تشفی اور تجسس کرکے + (۲) علانیہ - کھلے خزانہ - ظاہر سب کے سامنے - آوازے - سب کے آگے +

ٹھوکر اُٹھانا - یا - کھانا - ہ - ف ل - (۱) کسی چیز میں اُلجھ کر گرنا - اٹک کر گرنا + (۲) تکلیف اُٹھانا - ٹکر جھیلنا + (۳) نقصان اُٹھانا - گھاٹا سہنا + (۱) ٹھوکر کھاوے بُدھ پاوے + مثل - (۲) آدمی ٹھوکر کھا کر ہی سنبھلتا ہے +

ٹھوکر پر ٹھوکر اُٹھانا - ہ - ف ل - صدمہ پر صدمہ جھیلنا +

ٹھوکر لگانا - یا - **مارنا** - ہ - ف م - (۱) ایڑ مارنا - ٹھکرانا + (۲) نرادر کرنا - کچھ نہ سمجھنا - بے عزتی کرنا +

ٹھوکر لینا - ہ - ف ل - (چابکسوار) گھوڑے کا سکندری کھانا - اُلجھکر گرنا ناخن لینا +

اُشترِ ناقہ رہِ عشق میں گزرے کیا دھن - ٹھوکریں وہاں تو پڑا پائے نظر بیتا ہے -

ٹھوکروں میں پڑا رہنا - یا - **رُلنا** - ہ - ف ل - جوتیوں میں پڑا رہنا - جوتیاں کھانا - حقارت اور ذلت کے ساتھ رہنا +

ٹھوکریں کھا کر سنبھلنا - ہ - ف ل - سختی اور نقصان اُٹھا کر ہوش پکڑنا - کچھ کھو کر سیکھنا +

یقین ہے ٹھوکریں کھا کھا کے کچھ سنبھل جائے - کہ اُسکی راہ میں اپنے بھی دل کو ڈال دیا + (داغ)

ٹھوکریں کھانا - ہ - ف ل - (۱) تکلیفیں یا مصیبتیں اُٹھانا یا جھیلنا - تباہی یا بربادی برداشت کرنا +

کھلتی ہے جب ہی ٹھوکریں کھانے کی حقیقت - سر پر جو کوئی چاہنے والا نہیں رہتا + (۲) نقصان اُٹھانا - گھاٹا سہنا + (۳) مارا مارا پھرنا - پریشانی اُٹھانا - دھکے کھانا + بن ماں باپ کا بچہ ٹھوکریں ہی کھایا کرتا ہے (۴) بیقدری کرانا - نامایم باتیں سُننا - طعنہ مہنا سہنا + اپنے پرائے کی ٹھوکریں میری بلا کھائے +

ٹھپی مُنہ میں دینا - ہ - ف م - (پورب) مُنہ میں گودڑ ٹھونس دینا - مُنہ بند کر دینا بولنے نہ دینا +

ٹھیک آنا - ہ - ف ل - کپڑے کا بدن میں اور جوتی وغیرہ کا پاؤں میں درست بیٹھنا + موزوں ہونا +

ٹھیک بنانا - یا - کرنا - ہ - ف م - (۱) درست کرنا - بنانا - سنوارنا + (۲) سزا دینا - مارنا پیٹنا +

اے خالِ رخِ یار تجھے ٹھیک بناتا - پر چھوڑ دیا حافظ قرآن سمجھکر +

(۳) ذلیل و خوار کرنا - رسوا کرنا +

ناصح کو جو چاہوں تو ابھی ٹھیک بناؤں۔ (مومن)
پر خوف خدا کا ہے کہ میں کچھ نہیں کرتا۔

ٹھیک ٹھاک کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مرمت کرنا۔ درستی کرنا + (۲) تجویز یا بندوبست کرنا +

ٹھیکرا پھوڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (پہلے سے ٹوٹے ہوئے برتن کا توڑ ڈالنا کسی کے ذمہ لگانا) اسی سبب سے۔ تہمت یا الزام لگانا۔ ٹھڈا دھرنا + (ہندو)
میرے سر کیوں ٹھیکرا پھوڑتے ہو۔

ٹھیکرے بکوانا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کا خانگی مال اسباب بکوانا۔ گھر کا لٹو پٹو نیلام کرانا

ٹھیکری کرنا۔ ہ۔ ف م۔ عو۔ بے قدری سے اٹھانا۔ کثرت سے صرف کرنا کنکری کر دینا + (زیادہ یہ محاورہ روپیہ پیسہ کے ساتھ آتا ہے)

ٹھیک لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) پتا یا سراغ لگانا + (۲) کسی جگہ کام یا روزگار کی تجویز لگانا۔ بندوبست کرنا۔ تجویز کرنا +

ٹھیک نکلجانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پینڈی ٹوٹ جانا + (۲) پینڈی کے بل بیٹھ جانا۔ گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا +

ٹھیکی دینا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کو سہارا لگانا۔ مدد کرنا۔ (بازاری) ہتیلی لگانا +

ٹھیکی لگانا۔ ہ۔ ف ل۔ بوجھ کو سر سے اتار کر دم لینا۔ چلنے سے تھک کر ٹھیر جانا۔ دم لینا۔ آرام کرنا۔ سستا لینا +

ٹھینگا باجنا۔ ہ۔ ف ل۔ ہنسی اڑانا۔ بدنامی یا رسوائی ہونا۔ تالی بجنا +
جسکا کام اُسی کو ساجے۔ اور کرے تو ٹھینگا باجے۔ (مثل)

ٹھینگا دکھانا۔ ہ۔ ف م۔ صاف انکار کرنا + دیکھو (انگوٹھا دکھانا) +

ٹھینگے سے۔ ہ۔ م ف۔ بلا سے + دیکھو (پاپوشیں سے) +

ٹیٹک منجھے میں پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (ٹیٹک = ٹوٹی۔ منجھا = کھاٹ۔ یعنی ٹوٹی کھاٹ پر۔ پڑنے یعنی سونے سے ایک دقت میں پھنسنا ہے) اسی سبب سے دشواری یا دقت میں پھنسنا۔ مخمصے میں گرفتار ہونا

ٹیڑھا بتلانا۔ ہ۔ ف م۔ (دیہات) اُلٹی باتیں کرنا۔ اینٹھ کر بولنا۔ اکڑنا +
آج تو جنے کہاہے بڈھو ہی ٹیڈھو بتلاوے ہے + (زمیندار)

ٹیڑھا سمجھنا۔ ہ۔ ف ل۔ اُلٹا سمجھنا۔ کسی بات کے اُلٹے معنی لگا لینا +

ٹیڑھا نظر آنا۔ ا۔ ف ل۔ خفا یا ناراض

معلوم ہونا۔ بگڑا ہوا دکھائی دینا +

ٹیڑھا ہونا ۔ ف ل ۔ (۱) خمیدہ یا کج ہونا + (۲) اینٹھنا ۔ اکڑنا + ہمسے ٹیڑھے ہو کر کیا لوگے + (۳) ناراض یا خفا ہونا ۔ آشفتہ خاطر ہونا +

سر جھکاؤں تو اور ٹیڑھے ہو۔ کیا تمہیں چڑ میرے سلام سے ہے + (میر)

ٹیڑھ نکالدینا ۔ ف م ۔ (۱) سیدھا کر دینا ۔ خمیدگی دُور کرنا + (۲) (بازاری) اتنا مارنا پیٹنا کہ ساری اینٹھ یا کجی نکل جائے ۔ درست کر دینا +

ٹیڑھی آنکھ ہونا ۔ ف ل ۔ رنجیدہ یا خفا ہونا +

ٹیڑھے توے کی روٹی ۔ محاورہ ۔ وہ کام جو نہایت دقت اور دشواری سے ہو ۔ بڑا مشکل کام +

ٹیڑھی چال چلنا ۔ ف ل ۔ اُلٹا رستہ اختیار کرنا ۔ سب کے خلاف چلنا بُری رسم اختیار کرنا +

ٹیڑھی سُنانا ۔ ٹیڑھی ترچھی سُنانا ۔ ف م ۔ اُلٹا جواب دینا ۔ ناملایم باتیں کہنا ۔ سخت و سُست کہنا + (دیکھو (اینڈی بینڈی سُنانا)

ٹھیڑھی کھیر ہے ۔ محاورہ ۔ (اس محاورے کی اصل یُوں بیان کرتے ہیں کہ ایکدفعہ کسی شخص نے ایک اندھے سے کھیر کھانے کو پوچھا ۔ اندھے نے کہا کہ کھیر کیسی ہوتی ہے؟ اُس شخص نے جواب دیا کہ سفید ۔ پھر اندھے نے پُوچھا سفید کیسی؟ اُسنے کہا جیسے بگلا ۔ اندھے نے کہا بگلا کیسا ہوتا ہے؟ ۔ اُس شخص نے اپنا ہاتھ ٹیڑھا کر کے دکھایا ۔ اندھا اُسکو ٹٹول کر گھبرایا اور کہنے لگا یہ ٹیڑھی کھیر ہمسے نہیں کھائی جائی گی) ۔ نہایت دُشوار کام ہے بڑا مشکل یا کٹھن کام ہے +

ٹیسو بنانا ۔ ف (۱) ٹیسو کا سوانگ بنا کر نکالنا + (۲) ہنسی اُڑانا ۔ احمق بنانا ۔ سوانگ بنانا +

ٹیکا کرنا یا لگانا ۔ ف م ۔ (پیشانی پر رولی اور چاول لگا دینا جو اکثر رخصت کے وقت بیٹی یا داماد کے ماتھے پر لگایا کرتے ہیں) اسی سبب سے + (۱) رخصت کر دینا ۔ بدا کرنا + (۲) سگائی کرنا +

ٹیکے کا ۔ صفت ۔ ٹیکا لگا ہوا ۔ خصوصیت رکھنے والا ۔ نرالا ۔ انوکھا + یہی تو ٹیکے کا نہیں ہے جو سب کچھ یہی لے گا + (ع)

ٹینٹ پکوڑا ہو جانا ۔ ف ل ۔

نامسح کو جو چاہوں تو ابھی ٹھیک بناؤں۔
پر خوف خدا کا ہے کہ میں کچھ نہیں کرتا۔

ٹھیک ٹھاک کرنا۔ ف م۔ (۱) مرمت کرنا۔ درستی کرنا + (۲) تجویز یا بندوبست کرنا +

ٹھیکرا پھوڑنا۔ ف م۔ (پہلے سے ٹوٹے ہوئے برتن کا توڑ ڈالنا کسی کے ذمہ لگانا) اسی سبب سے۔ تہمت یا الزام لگانا۔ ٹھڈا دھرنا + (ہندو)

میرے سر کیوں ٹھیکرا پھوڑتے ہو۔

ٹھیکرے بکوانا۔ ف م۔ کسی کا خانگی مال اسباب بکوانا۔ گھر کا لٹو پٹو نیلام کرانا

ٹھیکری کرنا۔ ف م۔ عو۔ بے قدری سے اٹھانا۔ کثرت سے صرف کرنا کنکری کر دینا + (زیادہ یہ محاورہ روپیہ پیسہ کے ساتھ آتا ہے)

ٹھیک لگانا۔ ف م۔ (۱) پتا یا سراغ لگانا + (۲) کسی جگہ کام یا روزگار کی تجویز لگانا۔ بندوبست کرنا۔ تجویز کرنا +

ٹھیک نکلوانا۔ ف ل۔ (۱) پینڈی لوٹ جانا + (۲) پینڈی کے بل بیٹھ جانا گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا +

ٹھیکی دینا۔ ف م۔ کسی کو سہارا لگانا۔ مدد کرنا۔ (بازاری) ہتیلی لگانا +

ٹھیکی لگانا۔ ف ل۔ بوجھ کو سر پر سے اتار کر دم لینا۔ چلنے سے تھک کر ٹھیر جانا۔ دم لینا۔ آرام کرنا۔ سستا لینا +

ٹھینگا باجنا۔ ف ل۔ ہنسی اڑانا۔ بدنامی یا رسوائی ہونا۔ تالی بجنا +

جس کا کام اسی کو ساجے۔ اور کرے تو ٹھینگا باجے۔ مثل

ٹھینگا دکھانا۔ ف م۔ صاف انکار کرنا + دیکھو (انگوٹھا دکھانا) +

ٹھینگے سے۔ م ف۔ بلا سے + دیکھو (پاپوش سے) +

ٹھیک منجھے میں پڑنا۔ ف ل۔ (ٹھیک = ٹوٹی ہوئی۔ منجھا = کھاٹ۔ یعنی ٹوٹی کھاٹ پر۔ پڑنے یعنی سونے سے ایک وقت میں پھنسنا ہے) اسی سبب سے دشواری یا وقت میں پھنسنا۔ مخمصے میں گرفتار ہونا

ٹیڑھا بتلانا۔ ف م۔ (دیہات) الٹی باتیں کرنا۔ اینٹھ کر بولنا۔ اکڑنا +

آج تو جنے کہا ہے بڑو ہی ٹیڈھو بتلاوے ہے + (زمیندار)

ٹیڑھا سمجھنا۔ ف ل۔ الٹا سمجھنا۔ کسی بات کے الٹے معنی لگا لینا +

ٹیڑھا نظر آنا۔ ف ل۔ خفا یا ناراض

معلوم ہونا۔ بگڑا ہوا دکھائی دینا +

ٹیڑھا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) خمیدہ یا کج ہونا + (۲) اینٹھنا۔ اکڑنا + ہمسے ٹیڑھے ہو کر کیا لوگے + (۳) ناراض یا خفا ہونا۔ آشفتہ خاطر ہونا +

سر جھکاؤں تو اور ٹیڑھے ہو۔ کیا تمہیں چڑ میرے سلام سے ہے + (میر)

ٹیڑھ نکالدینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) سیدھا کر دینا۔ خمیدگی دُور کرنا + (۲) (بازاری) اتنا مارنا پیٹنا کہ ساری اینٹھ یا کجی نکل جائے۔ درست کر دینا +

ٹیڑھی آنکھ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ رنجیدہ یا خفا ہونا +

ٹیڑھے توے کی روٹی۔ ہ۔ محاورہ۔ وہ کام جو نہایت دقت اور دشواری سے ہو۔ بڑا مشکل کام +

ٹیڑھی چال چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ اُلٹا رستہ اختیار کرنا۔ سب کے خلاف چلنا بُری رسم اختیار کرنا +

ٹیڑھی سُنانا۔ ٹیڑھی ترچھی سُنانا۔ ہ۔ ف م۔ اُلٹا جواب دینا۔ نامُلایم باتیں کہنا۔ سخت و سُست کہنا + دیکھو (اینڈی بینڈی سُنانا)

ٹھیڑھی کھیر ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ (اس محاورے کی اصل یُوں بیان کرتے ہیں کہ ایکدفعہ کسی شخص نے ایک اندھے سے کھیر کھانے کو پوچھا۔ اندھے نے کہا کہ کھیر کیسی ہوتی ہے؟ اُس شخص نے جواب دیا کہ سفید۔ پھر اندھے نے پُوچھا سفید کیسی؟ اُسنے کہا جیسے بگلا۔ اندھے نے کہا بگلا کیسا ہوتا ہے؟۔ اُس شخص نے اپنا ہاتھ ٹیڑھا کر کے دکھایا۔ اندھا اُسکو ٹٹول کر گھبرایا اور کہنے لگا یہ ٹیڑھی کھیر ہمسے نہیں کھائی جائی گی) نہایت دُشوار کام ہے بڑا مشکل یا کٹھن کام ہے +

ٹیسو بنانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ٹیسو کا سوانگ بنا کر نکالنا + (۲) ہنسی اُڑانا۔ احمق بنانا سوانگ سنانا +

ٹیکا کرنا یا۔ لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (پیشانی پر رولی اور چاول لگا دینا جو اکثر رخصت کے وقت بیٹی یا داماد کے ماتھے پر لگایا کرتے ہیں) اسی سبب سے + (۱) رخصت کر دینا۔ بدا کرنا + (۲) سگائی کرنا +

ٹیکے کا۔ ہ۔ صفت۔ ٹیکا لگا ہوا۔ خصوصیت رکھنے والا۔ نرالا۔ انوکھا + یہی تو ٹیکے کا نہیں ہے جو سب کچھ یہی لے گا + (ع)

ٹینٹ پکوڑا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔

(پنجابی) پینٹ یا پکوڑے کی طرح سے پھول جانا) اسی سبب سے۔ منہ پھلا لینا۔ تھوتھنی سجا لینا ناراض یا خفا ہو جانا۔ ناک بھوں چڑھا لینا تیوری میں بل ڈالنا۔

ٹینٹوا دبانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) گلا گھونٹنا یا دبانا + (۲) غل مچا مچا کر کسیکو دھمکا لینا ناچار یا مجبور کرنا +

ٹیں ٹیں کرنا۔ ہ م۔ (۱) توتے کا بولنا + (۲) بڑبڑانا۔ ٹائیں ٹائیں کرنا۔ غل مچانا +

بدل کر آنکھ توتے کیطرح ٹیں ٹیں لگا کرنے
اُڑے دنیا سے جلدی نام ایسے ہیروت کا

ث

ثابت قدم رہنا یا۔ ہونا۔ ا۔ ف ل۔ پاؤں نہ ڈگانا۔ قدم پیچھے نہ ہٹانا۔ استقلال کو ہاتھ سے نہ دینا۔ ارادہ پر قایم رہنا + وہ خراباتِ عشق پر اسے داغ ہو ثابت قدم مشق کی ہو جس نے رکھکر تیغ و خنجر زیر پا۔

ثالث بالخیر۔ ع۔ اسم مذکر۔ وہ بچولیا یا پنچ جو کسی کی رعایت نہ کرے۔ بے رو رعایت فیصلہ کرنیوالا +

ثقہ بدمعاش۔ ا۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو اشرافوں کی سی شکل بنا کر بدمعاشی کرے۔ اشرافانہ صورت میں دھوکے باز +

ثواب کمانا۔ ا۔ ف ل۔ نیک کام کرکے نیکی حاصل کرنا۔ عمدہ یا اچھے کام کرنا۔ نیکوں کے سے کام کرنا + دنیا میں اپنے بھائیوں کی خدمت کرنے سے بہتر ثواب کمانے کا کوئی طریقہ نہیں ہے

(۳) بیہودہ یا واہیات باتیں بکنا +

ٹیں ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (حقارتاً) توتے کی طرح ٹیں کرکے مر جانا۔ چل بسنا +

ٹیہلا بھگتانا یا۔ سادھنا۔ ہ۔ ف م (۱) شادی یا بیاہ کی کوئی رسم یا تقریب ادا کرنا + (۲) مطلب براری کرنا مطلب نکالنا۔ اپنا کام سدھ کرنا + (۳) (بازاری) بُرا کام کرنا۔ ہم صحبت ہونا

ٹیہلا پھیلانا۔ ہ۔ ف م۔ (ہندو) بیاہ رچانا۔ شادی کی رسمیں ادا کرنا +

ج

جابجا پھرنا - ا - ف ل - ہر ایک جگہ جانا - اِدھر اُدھر پھرنا - آوارہ پھرنا - گوے کی مانند سر غلطاں ہوا - لوٹتا پھرتا رہا وہ جابجا + (گلزار ابراہیم)

جابٹھرنا - ہ - ف ل - مقابلہ یا سامنا کرنا - مُٹ بھیڑ ہو جانا - سنگھ یا روبرو ہو جانا تنہا ہی جا بھڑا صفِ مژگانِ یار سے - کیا زور ہے ! یہ دل بھی جگردار دیکھنا + (ضحیفی)

جابیجا مار بیٹھنا - ا - ف ل - جسم کے کسی نازک حصّہ کو ایسا صدمہ پہنچانا جس سے جینے کی آس نہ رہے - جگہ بے جگہ یا ٹھور کُٹھور مار بیٹھنا +

جاتا رہنا - ہ - ف ل - (۱) کھویا جانا - گُم ہو جانا + (۲) مِٹ جانا - نیست و نابود ہو جانا + (۳) بالکل کم ہو جانا - کچھ باقی نہ رہنا + کونین سے اکثر بخار جاتا رہتا ہے (۴ - عو) نکل جانا - گر جانا - اسقاط حمل ہونا لو بُوا ابکے بھی لڑکی کا تین مہینے کا جاتا رہا + (۵ عو)

جات بگوتا - ا - ہ - اسم مذکر - (دیہات) وہ آدمی جو اپنے بُرے فعلوں کے سبب اپنی ذات برادری کو بگوتا یعنی بدنام کرتا پھرے +

جات بگو وانام ڈبو وا + مثل +

جات دینا - ہ ف م - (ہندو) کسی دیوتا کے استھان پر جاکر بکسیٹ پوجا جو پہلے بولی قبولی تھی چڑھانا - منّت بڑھانا یا ادا کرنا +

جاتی دُنیا دیکھی - کیا جاتی دُنیا دیکھی

ا - محاورہ - (جب کوئی شخص مدت سے بھولے ہوئے کام کے کرنیکی طرف توجہ کرتا ہے یا کسی دوست کی ملاقات کو جس سے ایک مدت سے نہیں ملا تھا ملنے جاتا ہے تو اُس سے یہ محاورہ بولا کرتے ہیں) یعنی کیا دنیا کو مرتے ہوئے دیکھکر تمہیں اپنے مرنیکا بھی خیال آگیا جو اس کام یا ملاقات کو ضروری سمجھا - کیا دنیا کو فانی سمجھ لیا - کیا مرنیکے دن قریب آگئے کہو صاحب آج کیا جاتی دنیا دیکھی جو ادھر کو آنکلے +

جادو چگانا - ا - ف م - جادو یا سحر کو عمل میں لانا - جادو کو سیدھ کرنا + سوتے ہیں نقشۂ خوابیدہ کی صورت شوق جاگتے ہیں بدجگائے ہوئے جادو کی طرح +

جادو چلانا۔ ڈالنا۔ کرنا۔ یا۔ مارنا۔ ا۔ ف م۔ ٹوٹکا سحر۔ یا۔ افسوں کرنا۔ مُوٹھ پھینکنا۔ یا چلانا +

جادو چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ سحر کا کارگر ہونا افسوں کا اثر ہو جانا +

موئے کا فرا جو بڑی روٹی میں پھنے ہوتی۔ ع دال کیا گلتی تیری جادو نہ مجھ پر چلتا +

جادو کا پتلا۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) آٹے کی وہ انسانی مورت جو کسی پر جادو کا عمل کرنے کے لئے بنائی جاتی ہے + (۲) معشوق جو عاشق پر اپنی موہنی مورت اور سوہنی صورت کا جادو کر دیتا ہے۔ جادوگر۔ سامری +

جادھمکنا۔ ہ۔ ف ل۔ بہت جلد جا پہنچنا جھٹ سے جا کر وار دہو جانا +

لایا اُس کوچہ سے لیکن وہیں جا دھمکا پھر۔ دل بیتاب مرا دیکھے جھکولے مجھکو + (جرأت)

جاڑا چڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سردی سے بخار کا زور ہونا۔ کپکپی چھوٹنا۔ تپ لرزہ ہونا + (۲) دہشت یا ڈر لگنا۔ کانپنا + اُسکی صورت دیکھے سے جاڑا چڑھ آتا ہے +

جاضرور جانا۔ ا۔ ف ل۔ رفع حاجت کے لئے بیت الخلا یا پیخانے میں جانا۔ ٹٹی جانا +

جاکر پہنچنا۔ ہ۔ ف ل۔ پھیر لینے کی شرط پر بیچنا۔ واپس لے لینے کے وعدے پر فروخت کرنا +

جاکر خریدنا۔ ہ۔ ف ل۔ اس وعدے پر کسی چیز کو خریدنا کہ اگر پسند آئی تو رکھیں گے ورنہ واپس کر دینگے +

جاگتی جوت۔ ہ۔ صفت۔ صاحب اعجاز۔ صاحب کرامت۔ پرتیکش بلاظاہر پرچا دینے والی + دیبی جاگتی جوت ہے +

جاگرن کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ رات بھر جاگنا اور ایشور یا کسی دیوتا کے بھجن گانا۔ شب بیداری کرنا۔ رتجگا کرنا +

جال بچھانا۔ پھیلانا۔ یا۔ لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (شکاریوں کیطرح جانور پکڑنے کے لئے جال میں دانہ ڈالکر پھیلانا) اسی سبب سے دھوکا دینا۔ چال کرنا +

ہاتھ آتا ہے مقدر سے ہمارے دولت۔ جال کس کس نے بچھایا نہیں دانائی کا + (بحر)

جال پھینکنا۔ یا۔ ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دریا میں جانور پکڑنے کے لئے جال پھینکنا + (۲) فریب کی چال چلنا۔ دھوکا دینا۔ کسی کے دھوکا دینے کے واسطے

حکمت عملی کرنا +

جالگنا جا بھڑنا - ہ - ف ل پہنچ جانا - قیام پکڑنا - ٹھیر جانا +

ذوق اس بحر جہاں میں کشتئ عمر رواں - جس جگہ پر جا لگی وہ ہی کنارہ ہو گیا + (ذوق)

جال مارنا - ہ - ف م - (۱) جال کے ذریعہ سے جانوروں کو پکڑنا + (۲) بکھنو) فریب دینا - چال کرنا +

جال میں پڑنا - یا - پھنسنا - ہ - ف ل - کسی جانور کا جال میں گرفتار ہو جانا - دھوکے یا فریب میں آجانا +

جال میں ایک نہ ایک تو آئے گا - کوئی تو اس میں رحم کھائے گا + (شوق)

(۲) کسی مصیبت میں گرفتار ہو جانا +

جال میں پھنسانا - یا - لانا - ہ - ف م (۱) شکار کو جال میں پکڑنا + (۲) انسان کو فریب یا دھوکا دینا بہکانا - پٹی پڑھانا (۳) دقت یا مصیبت میں ڈالنا +

جام چڑھانا - ا - ف ل - مے خوری یا شراب نوشی کرنا - پیالیاں اڑانا +

یہی وظیفہ ہے دن رات مجھکو مستی میں - چڑھاؤں جام کوئی نشہ کا اتار ہوا + (ناسخ)

جام چلنا - ا - ف ل - شراب کا دور شروع ہونا - مے نوشی ہونا - پیالیاں اڑنا +

جامے سے باہر ہو جانا - یا - نکلا پڑنا - ا - ف ل - (۱) نہایت برافروختہ ہونا + دیکھو (آپے سے باہر ہو جانا) + (۲) ضبط نکر سکنا - کپڑے پھاڑ ڈالنا - بیخود یا بیہوش ہو جانا + اپنے جامے سے وہیں ہو گئے باہر لاکھوں - (۱) گھر سے پوشاک بدلکر جو وہ باہر آیا + (۲) کب صبا آئی تیرے کوچے سے اے یار کہیں - جوں حباب لب جو جامے سے باہر نہوا + (ذوق)

جامے میں پھولا نہیں سماتا - ا - محاورہ - خوشی کے مارے اس قدر موٹا ہو گیا ہے کہ بدن کے کپڑے پھٹے جاتے ہیں - مارے خوشی کے آپے میں نہیں سماتا - پھولا انگ نہیں سماتا - پھولا نہیں سماتا +

جان آجانا - ا - ف ل - (۱) طاقت یا قوت آجانا - پنپ جانا + (۲) تازگی حاصل ہونا - خوشی ہونا - تسلی و تشفی ہونا + ڈھارس بندھ جانا +

انتظار نامہ بر میں اسقدر بیہوش ہوں جان تن میں آگئی پیک قضا کو دیکھ کر + (شیفتہ)

جان بچانا - یا - چھڑانا - ا - ف م - (۱)

کسی کو مرنے سے بچانا۔ کسی کو قتل سے چھڑانا + (۲) کسی مصیبت یا مشکل سے نکالنا + (۳) بھاگ جانا۔ چلدینا (۴) پیچھا چھڑانا مخلصی کی تدبیر کرنا۔ پنڈ چھڑانا +

جان بچی لاکھوں پائے ۔ا۔ محاورہ کسی دقت کے کام میں سے جان کا بچنا ہی لاکھوں روپیہ ملنے کے برابر ہے جانکا سلامت رہنا لاکھوں روپیہ پانے کے برابر ہے جان بچ گئی یہی غنیمت ہے +

جان پر ہونا۔ا۔ ف ل۔ کسی مصیبت میں سے زندہ و سلامت نکلنا۔ جیتا بچنا۔ جیتا رہنا +

جان بلب ہے۔ا۔ محاورہ۔ مرنے کو ہے۔ قریب المرگ ہے۔ لبو نپ جان ہے جان کنی میں پڑا ہے۔ گھر الگ رہا ہے

جان بوجھکر یا۔ کے۔ ہ۔ م ف۔ جانکر اور سمجھکر۔ دیدہ و دانستہ۔ عمداً۔ ارادۃً۔ قصداً +

جان پر بنّا۔ یا۔ نوبت آنا۔ا۔ف ل۔ **جان جوکھوں میں ہونا یا۔ جوکھم ہونا** یا زندگی کا خطرہ میں ہونا۔ مرنیکی نوبت پہنچ جانا۔ نہایت تکلیف یا مصیبت میں مبتلا ہونا +

(۱) ننگی جان پر اور تو نے نہ جانا ہرگز۔ (ظفر)
ہائے تو اتنا میرے حال سے انجان بنا +
(۲) خدا بچائے محبت میں جان جوکھم سے۔ (بحر)
مسیح اسمیں ہے عاجز یہ لادوا ہے مرض +

جان پر کھیلنا۔ جان دینا۔ یا۔ گنوانا
ا۔ ف ل۔ کسی خطرہ میں ڈالنا۔ جان بازی کرنا۔ کسی خطرناک کام میں دست انداز ہونا۔ جان کو جوکھوں میں ڈالنا۔ جان کو جان نہ سمجھنا +

ہم جان پر بھی کھیل کے جیتے نہ یار سے۔
ہنسے یہ داؤں پڑھکے لگایا تھا ہر گیا + (بحر)

جان پڑنا۔ا۔ف ل۔ (۱) انڈے یا بچے میں جان کا پڑنا۔ روح یا جی کا پیدا ہوجانا۔ جنبش یا حرکت ہونا + تیسرے مہینے بچے میں جان پڑتی ہے + (۲) جان سی آنا۔ تازگی حاصل ہونا۔ جی کو فرحت ہونا۔ ٹھنڈک پڑنا۔ کلیجہ ٹھنڈا ہونا +

اُسکی جب بات کان پڑتی ہے (مصحفی)
تن بیجان میں جان پڑتی ہے +
(۳) بیماری سے پنپنا۔ سانوٹا ہونا + کمزوری دُور ہونا۔ طاقت یا زور آنا +
(۴) دولت مند اور آسودہ ہونا۔ کسی قدر روپیہ پاس ہوجانا +

جان جانا - ا - ف ل - مرجانا - دم نکلجانا
جان جائیگی کس خوابی سے -
ہاتھ اُٹھیگا نہ اِس رکابی سے + (شوق)
(۲) عاشق ہونا - خدا ہونا - مرنا +

جان جھوکنا - یا - **دیدینا** - ہ - ف ل -
(۱) مرجانا + (۲) مصیبت یا مشکل کے
کام میں پڑنا + (۳) ہڈے لگانا - جی
جھوکنا - نہایت محنت اور محبت سے
پرورش کرنا + (۴) عاشق ہونا - مرنا +

جان چُرانا - یا - **چھپانا** - ا - ف ل -
کسی محنت سے اپنی جان بچانا - جی چُرانا
کام سے بھاگنا - کام چور بننا +

جان چھڑانا - ا - ف م - (۱) مار ڈالنا
قتل کر دینا + (۲) مخلصی حاصل کرنا +
دیکھو - (پیچھا چھڑانا)

جان چھڑکنا - یا - **نثار کرنا** - ا - ف ل
مرنا - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا +

جان چھوڑنا - ا - ف ل - (۱) ہمت ہارنا
جی چھوڑنا + (۲) مرنا - فوت ہونا +

جان دینا - **جی دینا** - ا - ف ل -
(۱) جان بحق تسلیم کرنا - چولا چھوڑنا -
مرنا - فوت ہونا - چلدینا +
جان دی دی ہوئی اُسکی تھی - (غالب)
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہوا +

(۲) بوجھ کرنا - از حد چاہنا - لاسیج کرنا -
کنجوسی کرنا + کوڑی کوڑی پر جان دیتا ہے +
(۳) جان نثار کرنا یا چھڑکنا - دل و جان
سے چاہنا - پیار کرنا - پاک محبت کرنا +
ماں باپ اولاد پر جان دیتے ہیں اور اولاد کے
بھاویں نہیں + (۴) کسی کے عشق میں
مبتلا ہونا - مرنا - عاشق یا فریفتہ ہونا +

جان سُوکھنا - یا - **نکلنا** - ا - ف ل -
(۱) دم نکلنا - بھینا - مرا جانا - دل گھٹنا
بُرا معلوم ہونا - ناگوار معلوم ہونا + اُسے
دیتے ہوئے دیکھکر تیری کیوں جان سُوکھی جاتی
ہے + (۲) از حد خوف معلوم ہونا - دم
خشک ہونا - دم نکلا جانا - مرا جانا +

جان سے جانا - یا - **گزرنا** - ہ - ف ل -
مرنا - فوت ہونا + دیکھو (جان دینا
نمبر ۱) چڑیا اپنی جان سے گئی کھانیوالوں کو
سواد نہ آیا + مثل

جان سے زیادہ - ا - صفت - نہایت
عزیز اور پیارا - بہت لاڈلا - جان سے
زیادہ پیارا +

جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا - ا -
ف ل - زندگی سے دست بردار ہونا -
جینے کی آس چھوڑ دینا +

جاں فشانی کرنا۔ا۔ف ل۔ نہایت محنت کرنا۔ دل سے کوشش کرنا۔ جان جھوکنا۔ پلنا +

جان کا جنجال ہو جانا۔ا۔ف ل۔ بلا سے جان ہونا۔ دُوبھر ہو جانا۔ کسی شے کا ناگوار معلوم ہونے لگنا +

اُلجھاؤ پڑ گیا جو ہمیں اُسکے عشق میں۔
دل ساغرِ جان کا جنجال ہو گیا + (میر)

جان کا لاگو ہو جانا۔ا۔ف ل۔ کسی کے مارنیکی فکر میں رہنا۔ درپے آزار ہو جانا۔ دُشمنِ جان ہو جانا۔ کسی کے پیچھے پڑ جانا +

جانکر یا۔ کے انجان بنّا۔یا۔ ہو جانا ہ۔ف ل۔ کسی چیز سے واقف ہو کر نا واقف بنّا۔ جان بُوجھ کے انجان بنّا۔ تجاہل عارفانہ کرنا۔ چندرانا +

آخر تمہارا ناز کشیدہ ہے مصحفی۔
کیوں ہو گئے ہو جان کے انجان کیا کہو + (مصحفی)

جان کو جان نہ سمجھنا۔ا۔ف ل۔ اپنی زندگی کی پروا نکرنا۔ کسی کے کام میں اپنی جان جھوکدینا۔ بڑی محنت و مشقت کرنا +

جان کو رونا۔ا۔ف ل۔ کسی کا مرنا چاہنا۔ بدخواہ بننا۔ کسیکو بددعا دینا۔ کوسنا

اب کیا رہا کہ جس سے رقیبو نگا ڈر کریں۔
ہمتو بُروں کی جان کو پہلے ہی رو چکے + (میر)

جان کھانا۔ یا۔ کھا جانا۔ا۔ف م (۱) عاجز کرنا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ کسیکے پیچھے پڑنا +

شوق بمکو کھپائے جاتا ہے۔
جان کو کوئی کھائے جاتا ہے + (میر تقی)

(۲) مغز چاٹنا۔ بہت باتیں بنا کر تنگ کرنا بھیجا کھانا +

یہ تو پھر بڑبڑائے جاتا ہے۔
اور بھی جان کھائے جاتا ہے + (شوق)

جان کھونا۔ یا۔ گنوانا۔ا۔ف ل۔ (۱) مرجانا۔ جی دینا +

باولی ہو جو تیرے فقرے میں آئے۔
چاہ میں جان اپنی کون گنوائے + (شوق)

(۲) کسی کے اوپر فدا ہونا۔ قربان ہونا +

جان کے برابر رکھنا۔ا۔ف ل۔ بہت محبت اور پیار سے رکھنا۔ بہت عزیز سمجھنا +

جان کی جان گئی ایمان کا ایمان گیا۔ا۔ محاورہ۔ جان بھی کھوئی اور ایمان بھی کھویا۔ ہر طرح کا نقصان اُٹھایا۔

اور کچھ حاصل نہوا +

جان کے لالے پڑنا۔ ا۔ ف ل۔ زیست سے ناامید ہونا۔ جینے کے سانسے پڑنا۔ جینے کی آس نرہنا +

جانگر توڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہ۔ جانگھ۔ س۔ جنگھا = ران)۔ پورب۔ روٹی کے لئے سخت محنت کرنا۔ پیٹ کی خاطر جفا کشی اُٹھانا +

جانگر تھک جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہ۔ جانگھ = ران) پورب۔ قوٰی کا تھک جانا۔ عمر زیادہ ہونیکے باعث اعضا کا کمزور ہو جانا۔ پیراکرم تھک جانا +

جان لڑانا۔ ا۔ ف ل۔ دل و جان سے کوشش کرنا +

ہوگئی مرضی تو ابھی جان لڑا دونگی میں۔ (صفدر)

ارض افلاک کے تُوا بے ملا دونگی میں +

جان لینا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ہلاک کرنا۔ مارنا (۲) دِق کرنا۔ تکلیف دینا۔ ستانا +

جان مارنا یا۔ **ہلاک کرنا**۔ ا۔ ف م (۱) نہایت دق کرنا۔ دیکھو (جان کھانا) + (۱) نہایت محنت و مشقت کرنا۔ جانفشانی کرنا۔ سعی و کوشش کرنا جفاکشی کرنا + (ہ ع) ہڈے پیلنا +

جان مارے سے ٹکا پیدا ہوتا ہے +

جان میں جان آنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) طراوت پہنچنا۔ تازگی حاصل ہونا۔ ٹھنڈک معلوم ہونا۔ فرحت ہونا (۲) خوشی حاصل ہونا۔ چین پڑنا۔ سکھ ملنا۔ تسلی و تشفی ہونا۔ دلکو طمانیت ہونا +

(۱) اُنہیں دیکھا تو جان میں جان آئی +

(۲) آجائے ابھی جان میں جاں آؤ اگر تم (ناسخ)

تن بجر میں بیجان ہے اے یار ہمارا +

جان نکلنا۔ ا۔ ف ل۔ (۲) مرنا۔ فوت ہونا۔ ہلاک ہونا۔ (۲) ہمت ہارنا ست سا نکل جانا۔ نستا ہونا۔ پاؤں ٹوٹنا (۳) کسی چیز یا آدمی پر شیفتہ و فریفتہ ہونا۔ والہ و شیدا ہونا + (۴) موت آنا۔ ناگوار معلوم ہونا۔ بلائے جان یا موت دکھائی دینا + ناگوار خاطر گزرنا +

کام کرتے ہوئے جان نکلتی ہے

جان ہلکان کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) تھکا مارنا۔ بہت کام لینا + (۲) تکلیف یا دُکھ دینا۔ دِق کرنا +

جان ہے تو جہان ہے۔ جی ہے تو جہان ہے۔ ا۔ محاورہ۔ اگر زندگی ہے تو دُنیا کا لطف ہے۔ جان ہی کی

خاطر دنیا کا دکھ سکھ اٹھایا جاتا ہے۔ زندگی کے لئے سب کچھ گوارا کیا جاتا ہے۔ جیتے جی کا سارا جھگڑا ہے +

میرا عمدًا بھی کوئی مرتا ہے۔ (میر تقی)

جان ہے تو جہان ہے، پیارے +

جان ہی کی پہچان ہے۔ ا۔ محاورہ (۱) بوتے ہی کی واقفیت یا محبت ہے۔ محبت جب ہی تک رہتی ہے جب تک جان سلامت ہے (۲) جسے جانتے ہیں اُسیکو پہچان سکتے ہیں غیر یا اجنبی آدمی کو کیا پہچانیں

جانے دو۔ ہ۔ محاورہ۔ (۱) رد کو مت (۲) اپنے غصہ کو یونہیں جانے دو اور اسی پر مت نکالو۔ معاف کرو بخشو بازآؤ۔ رفع شر کرو +

جائے سر یا ے۔ ا۔ م ف یا۔ صفت۔ ٹھکانے سے بجا۔ مناسب درست۔ ٹھیک۔ موقع سے +

جانے کے لچھن ہیں۔ ہ محاورہ۔ کھوئے جانیکی علامتیں ہیں۔ بگڑنے یا مٹنے کے آثار ہیں۔ تباہ یا برباد ہونے کے کوتک ہیں +

گردش سے رونے کے کیا کیا بلائیں ہیں۔ جانے کے ہیں یہ لچھن جانے اس نہ سمجھے + (میر)

جاؤ بیٹھو ہ محاورہ۔ جاؤ اور اپنے کام کرنیکی جگہ بیٹھو۔ اپنا کام کرو۔ اپنے کام سے لگو +

دربدر دیکھے پھرتا مجھے کہتا ہے وہ شوخ۔ جاؤ بیٹھو! اجی باتیں ہیں یہ گھر کو نے کی +

جبڑا توڑ الفاظ۔ ا۔ اسم مذکر۔ ایسے لفظ جنکا تلفظ مشکل سے ادا ہو۔ ایسے شدید جنکے اُچارن میں جبڑے پر زور پڑے۔ بھاری بھاری یا بڑے بڑے لفظ

جبڑا چلانا۔ ہ۔ ف ل لغوی جبڑے کو حرکت دینا۔ مرادی کوئی چیز کھانا۔ کھانا جبڑا چلے اور ستر بلائے + مثل

جب نہ تب۔ ہ۔ م۔ ف۔ (۱) کبھی نہیں۔ ہرگز نہیں + (۲) موقع بے موقع۔ نامناسب +

کیا بڑا لکھا ہے اپنا بھی کہ خط خاص میں جب نہ تب حرف عتاب آمیز لکھا آپنے (۳) وقت بے وقت۔ وقتاً فوقتاً۔ کبھی کبھی +

حالت میں فش کی کسکو خط لکھنے کی ہے فرصت اب جب نہ تب ادھر کو جی ہی چلا کرے ہے (۴) اکثر بارہا۔ ہمیشہ۔ نت نت +

وہ بگڑے دن جو ہمیشہ مجھے سیدھی آنکھ تھی۔ جب نہ تب میں الٹو یا تا ہوں نگاہ یار کج + (ناسخ)

جزبز ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) کسی بات کے سمجھ میں نہ آنے سے نہایت پریشانی اور دقت اٹھانا ۔ نہایت پریشان و منتشر ہونا ۔ زچ بچ ہونا ۔ گھبرانا ۔ جی ہی جی میں پیچھنا یا گھٹنا + (۲) بدلا یا عوض لینے میں عاجز رہنا ۔ جی ہی جی میں بلکر رہجانا +

جزو رس ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) ادنی ادنی باتوں کو سمجھنے والا ہونا ۔ نکتہ رس یا نکتہ فہم ہونا + (۲) ہر ایک بات میں اوت یا کفایت ڈھونڈنا ۔ کفایت شعار ہونا + (۳) بخیل یا کنجوس ہونا +

جس اجس بڑھ ہاتھ ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ نیکی اور بدی خدا کے اختیار میں ہے ۔ برائی بھلائی الشیور کے ہاتھ ہے ۔ انسان نہ برائی کرسکتا ہے نہ بھلائی محض بے اختیار ہے ہاں لابھ جیون مرن جس اجس بڑھ ہاتھ + مثل

جس لینا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ نیک کام کر کے نیکنامی حاصل کرنا ۔ شہرت پانا ۔ نیکی کے ساتھ مشہور ہونا + جس لینا ہو تو بہہ دی کر + نصیحت +

جفا کفا اٹھانا ۔ ا۔ ف ل ۔ سختی اٹھانا ۔ مصیبت جھیلنا ۔ فاقہ کشی کرنا +

جفا کفا پڑنا ۔ ا۔ ف ل ۔ آفت آنا ۔ مصیبت یا سختی پڑنا + جفا کفا تو راجاؤں پر پڑتی آئی ہے +

جُھتے پڑنا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) (ف جفت بمعنی دو) (۱) چرسیں پڑنا ۔ سلوٹیں جھریاں یا شکن پڑنا + (۲) بہت سے تاروں کا سمٹکر اکھٹا ہو جانا ۔ تار تار یا بُور بُور ہو جانا +

رات بھر تڑپے فراق یار میں ہم اسقدر ۔
پڑ گئے جھتے ہزاروں چادر مہتاب میں +

(۳) سبک و حقیر ہونا ۔ بٹا لگنا ۔ داغ لگنا ۔ (اہل دہلی شان میں جُھتے پرنا بولتے ہیں) ۔

اُس سبز کے دوپٹے کی پُشاوٹ ، بیکھلے ۔
پڑ گئے جھتے گلوں کی چادر تو قبر میں + (امداد علی)

جُھتی کھانا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) پرندوں کا ہم صحبت ہونا ۔ پرندوں کا جوڑ اگلنا ۔ (۲) ۔ مذاقاً) کسی مرد کا کسی عورت سے ہم بستر ہو جانا +

جُگا جُگا کر رکھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (عو) سیٹت سیٹت کر رکھنا ۔ جوڑ جوڑ کر رکھنا +

جُگ جُگ پھوٹ یا ٹوٹ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) چوسر میں دو نردوں کا ایک خانہ میں بیٹھکر الگ ہو جانا ۔ جُگ ٹوٹنا (نادر) (۲) اتفاق جاتا رہنا ۔ ایکا یا ملاپ نہ رہنا +

بیشک جُگ یعنی دو نردوں کا جوڑا بنا رہتا ہے تو انکو چوسر کے قاعدے کے موافق جیت نہیں سکتے اور جہاں وہ علحدہ ہوئیں اور پٹیں +

جُدائی ہونا +
چاہے جو زندگی تو نہو یار سے جُدا۔
چوپڑ میں جگ جو پھوٹ گیا نرد مر گئی + (اسیر)

جُگ پھوڑنا - یا - **توڑنا** - ہ - ف م -
(۱) دو نردوں کو جُدا جُدا کر دینا - دو دوستوں میں بیر ڈال دینا - دو متفق آدمیوں کو الگ الگ کر دینا + (۲) نفاق یا پھوٹ ڈالنا جُدائی کرا دینا +

جگت اُستاد - ا - اِسم مذکر - زمانہ یا جہاں کا اُستاد - اُستاد کامل +
بحر سبکو فیض پہنچا اُنکی تحقیقات سے -
حضرت ناسخ کا کیا کہنا جگت اُستاد ہیں +

جُگت رنگ - ا - اِسم مذکر - لکھنؤ - ضلع باز - جگت باز - بذلہ سنج - لطیفے کہنے والا +

جگت سالا - ہ - اِسم مذکر - (۱) رنڈی یا کسبی کا بھائی + (۲) ایک قسم کی گالی +

جُگت لڑنا - ہ - ف م - (۱) ضلع میں بات چیت کرنا - ضلع بازی کرنا - ضلع لڑنا + (۲ - ف ل) اٹ سٹ ہونا + دوستی ہونا +
چوٹی لپٹی ہے باسی ہاروں سے -
لڑ رہی ہے جگت کہاروں سے + (شوق)

جگت لگانا - یا - **لِلانا** - ہ - ف ل - مطلب گانٹھنا - حصولِ مطلب کی صورت نکالنا - توڑ جوڑ بٹھانا +

جُگ جُگ جیئے - یا - **جیئو** - ہ - کلمہ دعائیہ - ہمیشہ جیتا رہے - بڑی عمر ہو - کڑور سے نیم سے بڑا ہو +
جُگ جُگ جُگ جُگ جیا کرو -
دودھ بتاسے پیا کرو + (فقیروں کی صدا)

جگ جیتنا - ہ - ف م (۱) دنیا کو فتح کر لینا - غالب آنا + مثل
جگ جیتا سورمی کا نی - بڑ ٹھار ہوئے جی جانی +
(۲ بعد) ناک میں دم کرنا - تنگ کرنا - ستانا +

جگر جگر سے دِلگر دِلگر سے - ا - محاورہ غیر آدمی کو کتنی ہی محبت جتائے مگر پھر اپنے انس کے برابر کسی طرح نہیں ہو سکتا اپنا اپنا ہی ہے غیر غیر ہی ہے +

جگر سراہنا - ہ - ف م - (لکھنؤ) کسیکے تاب و تحمل کی توصیف کرنا - سینہ سراہنا کسی کی سہار یا برداشت کی تعریف کرنا -

جگمگ جگمگ کرنا - ہ - ف ل - بہت سارے ستاروں کا اِکھٹا چمکنا - جگر جگر کرنا - کثرت سے روشنی ہونا - خوب چمکنا +
دیئے جگمگ جگمگ کر رہے ہیں +

جگہ جگہ۔ا۔م ف۔ ہر ایک جگہ۔ ہر جگہ۔ ہر مقام پر۔ دربدر +

جگ ہنسائی کرنا۔ ہ۔ف م۔ ایسے کام کرنا جو پیر دنیا کے لوگ ہنسیں۔ دنیا کے لوگوں کو اپنے یا کسی کے فعل پر ہنسوانا۔ بُرائی یا بدنامی لینا۔ رُسوا کرنا +

اے خفی اپنے اشک بے تاثیر۔
(۱) مُفت میں جگ ہنسائی کرتے ہیں + (خفی)

ہو فنائی نکر خدا سوں ڈر۔
(۲) جگ ہنسائی نکر خدا سوں ڈر + (ولی)

جُلّاب سا لگ جانا۔ا۔ف ل۔ مارے خوف کے دست آنے لگنا۔ پتلا حال ہو جانا +

بہکے جو ہم مست آگئے سو یار مسجد سے اُٹھا۔ واعظ کو مارے خوف کے جُلّاب سا لگ گیا + (میر)

جل اُٹھنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) آگ کا مشتعل ہو جانا یا بھڑک جانا + (۲) خفا یا ناراض ہونا +

جلا جلا کر مارنا۔ ہ۔ف م۔ عو۔ نہایت تنگ کرنا۔ ناک میں دم کرنا۔ بہت ستانا +

جُلاہے کی سی ڈاڑھی۔ ہ۔اسم مؤنث نوکدار چھوٹی سی ڈاڑھی۔ بکرے کی سی ڈاڑھی +

جل بجھنا۔ جلکر خاک ہو جانا۔ ہ۔ف ل۔ سوختہ ہو جانا۔ جلکر راکھ یا تمام ہو جانا۔ کوئلہ ہو جانا۔ نہایت رنجیدہ خاطر ہونا +

جب ہجر میں باغ کو گیا ہوں۔
(۱) میں آتشِ گُل میں جل بجھا ہوں + (ناسخ)

(۲) سوکن کے گھر میں آگ لگی ! میں تو جل بجھی۔ گوئیاں جہاں چراغ جلا۔ وہ وہاں چلے +

جل بھُن کر بیٹھ رہنا۔ ہ۔ف ل۔ کسی کا مطلب سے مایوس ہو جانا۔ مُفت میں دل جلانا۔ کچھ بس یا قابو نہ چلنا +

جلکر پتنگا ہو جانا۔ جل بھُن کر کوئلہ ہو جانا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) جلکر راکھ یا خاک ہو جانا + (۲) کسی کام یا شخص سے غصّے کے مارے جلکر خاک ہو جانا + نہایت ناگوار گزرنا +

اخیر مُفت یہی نہیں ہے کہ جلکے آخر ہوئے پتنگے
ہوا جو یاں کی یہ ہے تو یار و غبار ہو کر اڑا کرو گے

جل پان کرنا۔ ہ۔ف م۔ تھوڑا سا کچھ کھا پی لینا۔ ناشتہ کرنا +

جلتی آگ بجھانا۔ جلتی آگ میں پانی ڈالنا۔ ہ۔ف م۔ لڑائی کو مٹانا۔ فساد کو کم کرنا۔ راڑ گھٹانا +

جلتی آگ میں تیل ڈالنا - ہ - ف م -
جس طرح جلتی آگ میں تیل ڈالنے سے آگ اور بھڑک جاتی ہے اسی طرح ہوتی لڑائی میں دو باتیں کہکر اور لڑائی کرا دینا - لڑائی کو چمکا دینا +

جلتی آگ میں گرنا - ہ - ف ل - کسی کی سخت مصیبت میں اُسکا ساتھ دینا - کسی کی بھاری تکلیف میں مددگار رہنا +
جلتی آگ میں گرنا بڑے سورماؤں کا کام ہے

جل جانا - ہ - ف ل - (۱) آگ لگجانا - بل جانا + (۲) نہایت ناراض ہو جانا - خفا ہو جانا - آشفتہ خاطر ہو جانا - حسد کی آگ میں جلنا +
شمع سب پر روشن ہے کہ شب مجلس میں جب آتی ہے
اُس بھبوکے سے کو بیٹھا دیکھ جلجاتی ہے شمع

جلدی کام شیطان کا - ا - محاورہ کسی کام میں جلدی کرنے سے بڑا نقصان ہوتا ہے - جلدی کرنی اچھی نہیں +
ہو تو عاشق ہو چلکر اُس دشمن ایمان کا -
دل نہ کر جلدی کہ جلدی کام ہے شیطان کا +

جل گیا - جلا - ہ - اسم - مذکر - (ہ - عو) لعنتی جلا ہوا + مردود - کمبخت - نگوڑا (یہ عورتوں کا اب ایک تکیہ کلام سا بچوں کی نسبت ہو گیا ہے اور بعض وقت پیار کی حالت میں بھی اُنکے واسطے بولنے لگی ہیں) +

جل میں آنا - یا - پڑنا - ہ - ف ل - دھوکا کھا جانا - فریب میں آجانا - دم میں آنا + میں بڑا چکمہ کھا گئی افسوس ! -
(۱) جو تتے سے جل میں آگئی افسوس ! + (مشوق)

جلوں کو - یا - جلے کو جلانا - ہ - ف م - مظلوموں کو ستانا - مصیبت زدوں پر اور مصیبت ڈالنا - عاشقوں کے اوپر اور ظلم کرنا - زخم پر نمک چھڑکنا +
(۱) جلے ہوؤں کو جلانے کا طرز ہے کہ نہیں - کہ درد دل کو بھی سنتے ہو داستان کی طرح +
(۲) جلے کو جلائینگے اور حلوا پوری کھائیں گے +
(لڑکوں کی ٹک بندی)

جلوہ دکھانا - ا - ف م - شان و شوکت کے ساتھ نمودار ہونا - نظر آنا - دکھائی دینا - عیاں یا ظاہر ہونا +
الغرض شام نے جلوہ جو دکھایا تمکو +
مژدۂ وصل مقدر نے سُنایا تمکو + (صفدر)

جلے - یا - دبے پاؤں کی بلی - ہ - اسم مؤنث - (اول تو بلی ہمیشہ گھات کی وقت بہت نرمی سے پاؤں رکھکر چلتی ہے اور جب اُسکا پاؤں جل جاتا ہے تو اور بھی آہستہ اور

بے معلوم آیا جایا کرتی ہے) ۔ یہی سبب ہے
(۱) اُس عورت کی نسبت بولتے ہیں جو
بے معلوم اگر کسی کی بات سُن جائے۔
دبے دبے پاؤں اگر کنسوئے لینے والی
عورت + (+ لکھنؤ) ہرزہ گرد۔ آوارہ +

جلے پر نون ۔ یا ۔ نمک چھڑکنا یا لگانا
۔ ہ ۔ ف م ۔ زخم پر نمک چھڑکنا ۔ مصیبت
زدہ کی مصیبت کو اور زیادہ کرنا ۔ مرے
کو مارنا + بلک بلوک سُت ہی سمجھا دتی ۔
(راماین) سنہو جری پر نون لگاوتی +

جلے پھپولے پھوڑنا ۔ دل کے پھپولے پھوڑنا ۔ ہ ۔ ف م ۔
(حسد کی آگ سے جو پھپولے دلمیں پڑ گئے
ہیں اُنکو پھوڑ کر ٹھنڈک حاصل کرنا) ۔ شکایت
آمیز باتوں سے اپنے دِل کا رنج ظاہر کرنا
دِل کا غُبار یا بخار نکالنا ۔ بس نہ چلنے
کی حالت میں کسی کی بُرائی کرنے لگنا ۔
(۱) اپنے جلے پھپولے کہاں جا کے پھوڑئے
احباب سے بھی اپنے ہیں ہم بیشتر جلے +
(۲) جاتے ہی میکدے میں شیشے تمام توڑے +
زاہد نے آج اپنے دل کے پھپولے پھوڑے +

جلی کٹی بہ آنا ۔ جلی کٹی کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔
ایسی باتیں کرنا جن سے خفگی و ناراضگی
یا رشک و عداوت ظاہر ہونا ۔ بُغض یا
بیر کی باتیں کرنا +
یہ دل لگی نہیں جھپی جلی کٹی پہ نہ آ ۔
ہنسی ہنسی میں تو مجھکو رُلائیگا پھر کیا + (رند)

جم جم ۔ جم جم سے ۔ ہ ۔ م ف ۔ (عو)
(۱) نِت نِت ۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔ جُگ جُگ
گوری تیرا بچہ جم جم جیوے ۔
رہس رہس دُدھوا پیوے + (بچا گیرے)
(۲) بہت ۔ از حد +
کیا کھلی ہے زباں جم جم سے ۔
صاف صاف اپنو کہتے ہو ہمسے + (شوق)

جم جنوائی ہو کر بیٹھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔
(جنوائی بھی بغیر وقت اپنی بیوی کو لیکر ہی
ٹلتا ہے اور کسی طرح سُسرال والو نکا کہنا نہیں
مانتا) اسی سبب سے ۔ جنوائی کی طرح
جم ہو کر بیٹھ جانا ۔ اسطرح جمکر بیٹھنا کہ
کسی طرح سے بغیر لئے نہ ٹلنا ۔ چمٹ جانا

جمع خرچ کرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ آئی ہوئی اور
خرچ شدہ رقم کو حساب کی کتاب میں
لکھنا ۔ نقدے کا حساب کتاب رکھنا +

جم ہو جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ جم ہو جانا یعنی
ملک الموت کی مانند بغیر روح قبض کیے ٹلنا
ہی نہیں) اسی سبب سے ۔ (۱) ایک کیے

شخص کا جم کر بیٹھ جانا۔ کسی طرح نہ ٹلنا لپٹ جانا + (۲) کسی کام کا بھاری یا دو بھر ہو جانا۔ کام کا خاتمہ پر نہ آنا +

جم ہی جم۔ جمی جم۔ ہ۔ م ف۔ (عو) (۱) نہیں ہے۔ برکت ہے۔ بہت ہی بہت (عورتیں وہم کے سبب نہیں کہنا محسوس جانتی ہیں) (۲) کہنے کے قابل نہیں۔ ناگفتہ بہ کچھ نہیں + سیکھے سو سو طریق کے دم ہیں۔ (شوق) اچھی باتیں غرض جمی جم ہیں +

جن اُترنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) حواسوں کا درست ہونا۔ ہوش میں آنا۔ ہوش پکڑنا (۲) غصہ کا فرو ہونا۔ خفگی دُور ہونا یا کم ہونا اے پری مُردے سے کیا ضد ہے کہانتک غصہ۔ جان دی سینے مگر جن نہ تمہارا اُترا + (۳) سیدھا ہونا۔ ٹھیک ہو جانا۔ درست ہونا + جوتیاں کھاتے ہی سب جن دن اُتر گیا +

جناتی خط۔ ا۔ اسم مذکر۔ نہایت خراب خط +

جن بچہ کو لھو میں پلوا دینا۔ ہ۔ ف م (۱) کسی کے لڑکے بالے تک کو لھو میں پلوا کر مروا ڈالنا۔ نہایت سخت سزا دینا۔ پرلے درجہ کی کٹھور سزا دینا + (۲) بڑا ہی وحشیانہ اور بہیمی کام کرنا +

جن چڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) آسیب کا خلل ہونا۔ سایہ وغیرہ کا دخل ہونا + (۲) غصہ کے باعث دیوانہ و سودائی بن جانا۔ نہایت خشمناک ہونا۔ از حد غصہ ہونا +

موسم گل ہے جنوں ہے شور و شر پر اندنوں۔
جن چڑھا رہتا ہے دیوانوں کے سر پر اندنوں (نظیر)

جنتری میں نکالنا۔ یا۔ کھینچنا۔ ہ۔ ف م (ٹیڑھا) جنتری میں کھینچنے سے بالکل سیدھا ہو جاتا ہے) اسی سبب سے۔ ٹیڑھے آدمی کو سیدھا کرنا۔ حرامزادے یا شریر کو مار کر درست کرنا۔ سرکش کو ٹھیک بنانا

جنجال میں پھنسنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) بلا یا مصیبت میں پڑنا۔ تکلیف یا آفت میں مبتلا ہو جانا + (۲) بکھیڑے میں پڑنا۔ مخمصات دنیوی میں مبتلا ہونا +

جنجال ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ بھاری یا ناگوار معلوم ہونا۔ دقت یا بکھیڑا دکھائی دینا۔ وبال جاں ہونا +

(۱) زلف ہے چہرے پہ یا جنجال ہے۔
جنبشِ آبرو ہے یا بھونچال ہے +
(۲) اُلجھاؤ پڑ گیا جو ہمیں اُسکے عشق میں۔
دل ساغر جان کا جنجال ہو گیا +

جنگ زرگری۔ ف۔ اسم مؤنث

(سناروں کا خاص اپنی اصطلاح میں اس طرح بات چیت کرنا کہ گویا لڑتے ہیں) اسی سبب سے دھوکے کی گفتگو۔ فریب کی بات چیت۔ ملی بھگت +

جنگل جانا۔ ہ۔ ف ل۔ بیخانے جانا۔ میداں جانا۔ دیکھو (مٹی جانا) +

جنگل کا تیتر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو ذرا سی آہٹ سے ڈر جائے۔ ڈریوک۔ بدحواس دھنیے کی مقل تانت کے بھیتر۔ اور جگہ جیسے جنگل کا تیتر۔ مثل +

جنگل میں منگل ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی ویرانہ میں عیش کا سامان مہیّا ہو جانا۔ جنگل میں ناچ رنگ ہونا۔ ویرانہ کا آباد ہو جانا +

(۱) آیا اپنے پاس وہ ماہ دو ہفتہ شہر سے اسے جنوں لے دن پھرے جنگل میں منگل ہو گیا + (مہیا)

(۲) جنگل میں منگل اور بستی میں ویرانی جاگہ بھنگ نہ سانجھ سے وہ گھر بھوت مسان + (بھنگڑوں کی تڑنگ)

جنگل میں مور ناچا کسنے دیکھا۔ ہ۔ محاورہ۔ (مور کے جنگل میں ناچنے کا لطف شہریوں کو نہیں آسکتا) اسی سبب سے پردیس میں کسی بڑے کام کرنے کا مزہ گھر والے نہیں اُٹھا سکتے باہر کچھ ہی کیا کرو جب یہاں کچھ کرو گے تو معلوم ہو گا + (اگر کوئی شخص پردیس میں کسی بڑے کام کرنے کا فخر کیا کرتا ہے تو اُسکی نسبت یہ محاورہ بولا کرتے ہیں)

جنم بگاڑنا۔ ہ۔ فعل۔ (۱) ایمان ڈگانا۔ بے ایمانی کرنا + (۲) زنا کاری کرنا۔ برے کام کرنا + (۳) کسی کو اپنے مذہب میں لانا (۴) زندگی خراب کر دینا۔ زندگی کا لطف کھو دینا +

جنم بگڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ عو۔ (۱) دوسرا مذہب اختیار کر لینا۔ ایمان خراب ہو جانا + (۲) عبور دریائے شور ہونا۔ سمندر پار جانا + (۳) رانڈ یا بیوہ ہو جانا + (۴) زندگی خراب ہونا۔ جینے کا لطف جاتا رہنا + جسکی بیٹی رانڈ ہو گئی اُسکا جنم بگڑ گیا + ہ عو

جنم بھر جنم توڑی۔ ہ۔ م ف۔ جیتے جی زندگی بھر۔ تمام عمر۔ تا دمِ مرگ۔ عمر بھر۔

تلسی بانہ سپوت کی ٹھوٹے سے چھو جائے۔ آپ نبھا دے جنم بھر لڑکوں سے کہ جائے + (تلسی)

جنم جلا۔ جنم جلی۔ ہ۔ صفت۔ عو۔ (۱) ذرا سا۔ تھوڑا سا + (۲) کمبخت نرہ بھاگن + قسمت نے دیا جنم جلی نے کھایا جیب جلی نہ سوا دیا + مثل +

جنم جنم - ہ م ف - ہمیشہ - سدا - ست جنت +

جنم ڈبونا - ہ - ف ل - (۱) عیاشی میں پڑ جانا - گناہ کرنا + (۲) غیر مذہب اختیار کر لینا - مذہب پلٹنا +

جنم سُدھر جانا - ہ - ف ل - ع - بہتر حالت میں ہو جانا + رانا بیٹی، مرگئی جنم سدھر گیا +

جنیو اُجانا - ہ - ف ل - جواہرات میں جنیو دار نشان پڑ جانا - پتھر میں بدھی دار نشان آ جانا +

جنیو کا ہاتھ دینا - یا - مارنا - ہ - ف م - پٹا یا تلوار کا اُڑا ہاتھ حریف پر لگانا +

جواب پانا - یا - ملنا - ا - ف ل - کسی شخص کا ملازمت سے برطرف ہونا - بیکار ہونا + (۲) انکار ہونا - قبول نہ ہونا +

جواب پڑھنا - ا - ف ل - (اصطلاح سوز خوانان) مرثیہ کے اول مصرعہ کا اعادہ کرنا +

جواب تک نہ دینا - ا - ف ل - بات تک نہ کرنا - خفا ہو جانا +

جواب دہی سے چھوٹنا - ا - ف ل - ذمہ وری سے دست بردار ہونا - جوکھوں کے کام سے سبکدوش ہونا - بازپرس سے بری ہونا +

جواب دینا - ا - ف م - (۱) اُتر دینا - سوال کا جواب دینا + (۲) ذمہ وار ہونا جوابدہی کرنا + (۳) ادنیٰ کا اعلیٰ کی بات کو رد کرنا - نوکر کا اپنے آقا کے ساتھ سخت کلامی سے پیش آنا - مُنہ پر بولنا + نامعقول جواب دیتا ہے + (۴) نوکری سے برطرف کرنا - ملازمت سے الگ کر دینا + (۵) چھوڑنا - جُدا ہو جانا - چلدینا +

اب طاقت نے جواب دیدیا +

جواب کھانا - ا - ف ل - لاجواب ہونا - جواب بن نہ پڑنا - خاموش ہو جانا - جواب میں بند ہو جانا +

جواب وسوال کرنا - ا - ف م - اُتر پرشن کرنا - کہا سُنی کرنا - بحث بحثی کرنا - جھگڑنا - تکرار کرنا - ردوبدل کرنا +

جواب ہونا - ا - ف ل - (۱) آپس میں دو دو باتیں ہونا + (۲) (فقانوں) تردید کے لئے ثبوت موجود ہونا + (۳) مقابلہ ہونا بٹھ بھیڑ ہونا + (۴) ملازمت سے برطرف ہونا - نوکری سے موقوف ہونا + (۵) کسی چیز کا جوڑ ملجانا - مطابق ہونا - ٹکڑ کھانا - لگا کھانا +

جوڈال دینا - یا - ہار دینا - ہ - ف ل -

(بیلوں کا تھک کر جُوا اپنے کندھے پر سے گرا دینا
اسی سبب سے - تھک جانا - ہمت ہارنا -
دل توڑ دینا - ہاتھ پاؤں ڈھیلے ڈال دینا

جوانی اُتر جانا - یا - **ڈھلجانا** - ا - ف ل
- ادھیڑ یا بُڈھا ہو جانا - اُمنگ جاتی رہنا

جوانی چڑھنا - ا - ف ل - (۱) عین شباب
میں آنا - بالغ ہو جانا - رنگ رُوپ آنا -
پانی پھرنا + کچھ تجھی پر انوکھی جوانی نہیں چڑھی
(۲) مستانا - مستی پر آنا +

جوانی کے آگے پانا - ا - ف ل - جوان
مرنا + الٰہی ! بچے تو اپنی جوانی کے آگے پائے
(م عو - کوسنا)

جوانی کی اُمنگ - یا - **ترنگ** - ا -
اسم مؤنث - جوانی کا جوش - ولولۂ
جوانی +

جوانی کی نیند - ا - اسم مؤنث - ایسی
نیند جسمیں آدمی بہت عرصہ تک بیخبر
سویا رہے - پکی نیند - سکھ نیند +

جوبن آمنڈنا - یا - اُبھرنا - ہ - ف ل
عورت کا بالغ ہونا یا شباب پر آنا +

جوبن پے آنا - ہ - ف ل - (۱) بہار
پر آنا - غنچوں کا کھلنا - مول آنا - شگفتہ
ہونا + (۲) شباب پر آنا - جوانی میں بھرنا

جوبن دِکھانا - ہ - ف م - جوانی کے
جوش میں اینٹھ کر چلنا - خوبصورتی یا جوبن
کا اُبھار دکھانا +

اِدھر اور اُدھر آتیاں جاتیاں -
پھریں اپنے جوبن کو دکھلاتیاں + (میر حسن)

جوبن ڈھلجانا - حُسن و بہار کا زوال
ہونا - خوبصورتی کا گھٹنا +

ساقی نشہ میں تجھسے اُنڈھا شیشۂ شراب -
چل اب کہ دُخت تاک کا جوبن تو ڈھل گیا + (میر)

جوبن کا جوبن کی - ہ - صفت - جس
کے دیکھنے - سونگھنے - چکھنے - سُننے یا
لگانے سے خوشی ہو - مزیدار - بہار کا -
لطف کا - خوبصورت پیارا عمدہ سُریلی
رسیلی + (۱) کیا جوبن کی ہنڈیا پکائی ہے +
(۲) کیا جوبن کی ہوا چل رہی ہے + (۳) کیا جوبن
کا عطر ہے + (۴) کیا جوبن کی عورت ہے + (۵)
بڑے جوبن کا گانا ہو رہا تھا +

جُوتا اُٹھانا - ہ - ف ل - جُوتا مارنیکو تیار
و مستعد ہونا - کسی شخص کی بیعزتی کرنا +

جُوتا اُچھلنا - یا - برسنا - ہ - ف ل -
جوتیوں سے لڑائی ہونا - جوتم جاتا ہونا
جوتی پیزار ہونا - لڑائی جھگڑا ہونا +

جُوتا دینا - ہ - ف م - (۱) پہننے کے لئے

جوتی کا جوڑا دینا +
یار آتا ہے میرا ننگے پاؤں -
جی میں آتا ہے اُٹھکے دے جوتا +
(۲) جوتا مارنا - بیعزتی کرنا +

جوت چڑھانا - جوت بتی کرنا - ہ - ف م - کسی دیوتا کے استھان میں پھول پان چڑھا کر گھی کا دیا بالنا - گھی کا چراغ روشن کرنا + نابیٹا! ماتا رانی پہ جوت بتی کر کے کھایا کرتے ہیں + (ہ عو) (جب کوئی بچہ کسی دیوتا کے استھان پر جاتے ہی کھانیکو مانگتا ہے تو اُس کے ماں باپ اُس سے یہ فقرہ کہا کرتے ہیں)

جوتیاں بغل میں مارنا - ا - ف ل (جلدی چلنے کے وقت غریب آدمی جوتیوں کو اُتار کر بغل میں دبا لیا کرتے ہیں) اسی سبب سے - بھاگنا - رفو چکر ہونا +

جوتیاں توڑنا - ہ - ف ل - بیفایدہ دوڑنا - بیفائدہ کوشش کرنا +

جوتیاں چٹخاتے پھرنا - ا - ف ل - کوچہ گردی یا ہرزہ گردی کرنا - واہی تباہی پھرنا - آوارہ پھرنا - بدمعاشوں کی طرح مارے مارے پھرنا + (۲) بے روزگار یا خراب خستہ پھرنا - کچھ نہ کرنا +

جوتیاں سر پر رکھنا - ہ - ف ل - (کسی کی جوتیاں سر پر رکھکر چلنا) اسی سبب سے - (۱) خدمتگاری کرنا + (۲) خوشامد کرنا +

جوتیاں سیدھی کرنا - یا - اُٹھانا - ہ - ف م - (۱) نہایت ذلیل و ادنیٰ خدمت کرنا + (۲) خدمت گزاری کرنا ٹہل کرنا + جس نے اُستاد کی جوتیاں سیدھی کیں وہ ہی کچھ لے نکلا + (۳) - خوشامد کرنا +

جوتیاں کھانا - ہ - ف ل - (۱) جوتیوں سے پٹنا - جوتیوں کی مار سہا رنا + (۲ - عو) طعن تشنیع سننا - بُرا بھلا یا گالیاں سننا - طعنے مہنے سہنا +

جوتیاں مارنا - ہ - ف م - (۱) جوتیوں سے پیٹنا + (۲ - عو) طعن تشنیع دینا - نا ملایم باتیں کہنا - بُرا بھلا کہنا +

جوتی پر پا - جوتی کی نوک پر مارنا - ہ ف ل - ناچیز سمجھنا دیکھو پا پوش پر مارنا

جوتی پیزار - جوت پیزار تک - یا جوتم جاتا کرنا - ا - ف ل - جوتیوں سے لڑنا دنگا فساد کرنا - لڑائی جھگڑا کرنا +

کرنے جاتا ہے چماروں سے تو جوتی بیزار۔
چاند خاں! آج تیری چاند ہے گجلائی کیا +
جوتی خور۔ جوتی کا آشنا۔ جوتی کا یار۔
ا۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو مار کھا کر کام کرے
دباؤ سے کام کرنے والا۔ دبے کا یار +
جوتی خور ابات سے نہیں مانا کرتا + مثل
جوتی سے۔ جوتی کی نوک سے۔
ہ۔ م ف۔ بیزار سے۔ دیکھو۔
(پاپوش سے)
جوتیوں سمیت آنکھوں میں گھسنا
۔یا۔ گھسنا۔ ہ۔ ف ل۔ بالکل اندھا بنا
لینا +
جوتیوں میں دال بٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (اسقدر
لڑائی ہونا کہ گھر کے تمام برتن ٹوٹ جائیں اور
حصے بٹتے وقت پکی ہوئی دال طرفین کو جوتیوں
میں لینی پڑے) اسی سبب سے خانگی
لڑائی ہونا۔ آپسمیں نہایت جھگڑا و
فساد ہونا۔ خانہ جنگی ہونا +
جوجو حساب لینا۔ ف م۔ ذرا
ذرا سا حساب لینا۔ رتی رتی یا کوڑی
کوڑی کا حساب دوسرے سے سمجھنا
جورو زور کی نہیں کسی اور کی۔
ا۔ محاورہ۔ جورو اُسی شخص کے قابو میں
رہتی ہے جسکی کمر میں زور ہوتا ہے۔
طاقت کی ساری بات ہے۔ طاقتور
سے سب دبے رہتے ہیں +
جورو کا بھائی۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱)
سالا۔ خسر پورہ + ساری خدائی ایک
طرف۔ جورو کا بھائی ایک طرف + مثل +
(۲) بازاری۔ اپنی جورو کا آپ بھائی
جورو کو بہن کے برابر سمجھنے والا۔ ایک
قسم کی گالی ہے +
جورو کا جھڑکا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (دیہات)
وہ آدمی جس کو اُسکی جورو ہر بات میں جھڑک
دے اور اُسکی بات نہ مانے۔ جورو کا غلام +
جورو کا مزدور۔ مرید یا۔ غلام۔ ا۔
اسم مذکر۔ جورو کا داس۔ بیوی کا بندہ
جورو کے کہنے میں چلنے والا زن
مرید۔ زن زن +
کچھ بنولے۔ جو چھنالے کو بھی سر پر رکھے
مرد کیا! جورو کا مزدور وہ بھڑوا ہو گا +
جوڑ باندھنا۔ ہ۔ ف ل۔ لڑانیکے لئے
کسی دو جانوروں) یا آدمیوں کو تیار کرنا
جوڑ بٹھانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) جوڑ یا پیوند
کو ٹھیک اُسکے گھر میں جما دینا۔ پیچ کو
اُسکی جگہ میں رکھ دینا + (۲) حساب میں

میزان کا ٹھیک کرنا +

جوڑ توڑ - ہ - اسم مذکر - چھل بٹے - فریب دھوکا - دیکھو (توڑ جوڑ)

جوڑ توڑ کرنا - ہ - ف م - (۱) اُکھاڑ پچھاڑ کرنا - توڑ پھوڑ کرنا + (۲) حکمت عمل سے فریب دینا - چال کرنا + (۳) کسی کے برخلاف سازش کرنا +

جوڑ جوڑ - یا - **جوڑ جوڑ کر مر جانا** - ہ - ف ل - بڑی کنجوسی سے روپیہ جمع کرنا اور اُسکا مزہ اُٹھائے بغیر مر جانا +

جوڑ جوڑ مر جائینگے اور مال جنوائی کھائیں گے مثل

جوڑ جوڑ کے دھرنا - ہ - ف ل - پیسہ جمع کرکے ایک جگہ رکھنا - کنجوسی سے روپیہ جمع کرنا + جوڑ جوڑ کے دھری دھرن میں - ہے یہ جس تس کی - سمجھ - نرا ہے یہ مایا کسکی ؟ کھالے - پی لے - دے دے - لے لے ہم جانیں اُسکی بھگتن

جوڑ جوڑ میں - ہ - م ف - ہر ایک عضو میں - سارے جسم میں - بوٹی بوٹی میں + اُسکے جوڑ جوڑ میں شرارت بھری ہوئی ہے

جوڑ چلنا - ہ - ف م - چال چلنا - جُل یا دھوکا دینا +

مرزا مزاج آپکا جب سے بدل گیا ہے - (یار علی)
کس کس کا اونہی جوڑ نہیں بیٹھ چل گیا +

جوڑ لگانا - ہ - ف م - (۱) جوڑنا - جمع کرنا (۲) پیوند لگانا +

جوڑا سنجوگ - ہ - اسم مذکر - سُبھ ستاروں کا میل - قران السعدین - قدرتی ساتھ یا ملاپ - تقدیر ہی امر + جوڑا سنجوگ کے ہاتھ بات ہے جس کے ساتھ جوڑی بلی ہوگی اُسی کے ساتھ پھیرے پڑینگے +

جوڑی ہانکنا - ہ - ف م - (۱) دو گھوڑوں کی بگی کو ہانکنا + (۲) بازاری دو جورو والا ہونا - دو جوروؤں کو نباہنا +

جوش آنا - جوش میں آنا - ا - ف ل (۱) اچھی طرح اُبال آجانا - خوب اُبل جانا - خوب گھول جانا + (۲) طغیانی یا چڑھاؤ پر آنا + (۳) خواہش نفسانی کا غلبہ ہونا - مستی پر آنا + (۴) کسی کام میں خوب سرگرم ہونا - مستعدی دکھانا (۵) جذبہ میں آنا - نہایت غصہ میں آنا - برانگیختہ ہو جانا +

جوش خون خون کا جوش - ا - اسم مذکر - (۱) خون کی طغیانی - خون میں حرارت کی زیادتی + (۲) لطفے کی محبت انسی پریت - مادری اُلفت -

مالی مامتا +

جوش دہن - ا - محاورہ - مُنہ آنا - مُنہ میں چھالے پڑجانا +

جوش میں لانا - ا - ف م - غُصّہ دلانا - بھڑکانا - برافروختہ کرنا +

جوکوب کرنا - ا - ف ل - (حکیم) کسی چیز کے جو جو برابر ٹکڑے کرنا - ریزہ ریزہ کرنا + ہڑکو جوکوب کرلینا +

جوکھوں اُٹھانا - ہ - ف ل - (۱) ایسا کام کرنا جسمیں نقصان کا اندیشہ ہو + (۲) نقصان سہنا - گھاٹا بھگتنا +

جوکھوں کا کام کرنا - جوکھوں میں پڑنا - ہ - ف ل - خطرہ میں پڑنا - خطرناک کام کی ذمہ داری لینا +

جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں ہ - محاورہ - (جو بادل شروع میں بہت گرجا کرتا ہے وہ اکثر کم برستا ہے) اسی سبب سے - جو بہت کچھ غُصّہ کرتا ہے اُسکا غصہ کچھ اثر نہیں رکھتا ہے + جو بہت باتیں بنایا کرتا ہے وہ کچھ کام نہیں کیا کرتا - شیخی باز ہمیشہ مُنہ کی کھایا کرتا ہے +

جوگ سادھنا - یا - لینا - ہ - ف ل - جوگی بننا - جوگی کا رُوپ دھارنا - دنیا سے مُنہ موڑنا - سنسار کو چھوڑنا +

جونپور کا قاضی - ا - محاورہ - (اس محاورے کی اصل میں ایک نقل بیان کرتے ہیں ایکدفعہ کوئی سیانجی کسی شاگرد سے خفا ہوکر کہہ رہے تھے کہ تجھکو گدھے سے آدمی بنادیا ایک گُمہار یہ سُنکر اپنے گدھے کو کچھ نقدی سمیت سیانجی کے حوالے کرگیا - اور کچھ دن بعد جو آیا تو سیانجی نے کہا کہ ارے وہ تو جونپور کا قاضی ہوگیا چھٹی پلانا اُسے لیجاکر دکھاوہ تجھکو پہچان لیگا چنانچہ گُمہار وہاں گیا اور دور سے ہی عدالت میں قاضی جی کو چھٹی پلانا دکھا دکھا کے کہنے لگا ہاں اب کاہے کو دیکھیگا اب تو تیرا سالا کاجی ہوگیا - قاضی جی یہ سُنکر بڑے گھبرائے اور اُسکو اپنے پاس بُلاکر حال دریافت کیا اور سیانجی کی ٹھگ بدیا کو سمجھکر سو دو سو روپے اُسے دیکر رخصت کیا) اسی سبب سے بیوقوف - احمق - نادان - مورکھ +

جُون پُوری کرنا - ہ - ف ل - زندگی کے دن کاٹنا - عمر کاٹنا - عمر ٹپیر کرنا - دنونکو دھکا دینا +

جوں توں - ہ - م ف - جسطرح سے نہایت بمشکل سے - بہزار دقت +

(۱) پوری ساتھ کاٹی وہ جوں توں کر رات۔ اُٹھا صبح ملتا ہوا اپنے ہاتھ + (۲) دن گزر جاتا ہے جوں توں رات کٹتی ہی نہیں۔ ناگوار ہجر میں ہے چاندنی بھاتی ہے دھوپ +

جُوں جُوں ۔ ہ ۔ م ف ۔ جسقدر۔ جتنا۔ جتنی + (۱) جُوں جُوں چڑیا موٹی ہووُوں وُوں دُم سُکیڑے + مثل + (۲) جُوں جُوں بھیجے کا ہلی توں توں بھاری ہو + مثل +

جوں کا توں۔ جوں کی توں۔ ہ ۔ م ف ۔ (۱) پُورا۔ سالم۔ سب۔ کُل + (۲) ٹھیک ۔ جیسا تھا ویسا ہی ہے ۔ درست ویسے کا ویسا ہی +

جونک پتھر میں نہیں لگتی ہ ۔ محاورہ غیر ممکن بات کبھی نہیں ہو سکتی ۔ دیکھو (پتھر کو جونک نہیں لگتی) جونک پتھر میں نہیں لگتی فغاں بیکار ہے ۔ اِن بُتوں کے دلمیں کا ہیکو اثر ہونے لگا +

جونک ہو کے لپٹنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ جونک کی طرح لپٹ جانا ۔ کسی کام کے سر ہو جانا ۔ جان توڑ کر یا جی لڑا کر کوئی کام کرنا ۔ کسی کام میں ہمہ تن مصروف ہونا +

جُوں کی چال چلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ ایسی چال چلنا جس طرح جُوں چلتی ہے بہت ہی آہستہ آہستہ یا ہولے ہولے چلنا ۔ سُست روی اختیار کرنا +

جوں مُنہا ۔ ہ ۔ صفت ۔ بت بنا ۔ چرب زباں ۔ مُٹھ بولا ۔ لسّان +

جوؤں کے مارے گدڑی پھینکی جاتی ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ دشمن کے ڈر سے اپنا گھر نہیں چھوڑ دیتے ہیں بلکہ اُسی میں رہتے ہیں اور مقابلہ کرتے ہیں ذرا سی تکلیف کے سبب کوئی اپنا آرام نہیں ترک کر دیتا ہے +

جوہر دکھانا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) کمال یا ہنر ظاہر کرنا ۔ گُن دکھانا ۔ اصلیت ظاہر کرنا + (۲) طنزاً ۔ بدی یا عیب نمایاں کرنا +

جوہر کرنا* ۔ ا ۔ ف ل ۔ اپنے تئیں آپ مار ڈالنا ۔ خودکشی کرنا ۔ آتم گھات کرنا + جان شیریں کب گئی ہے کوہکن کی رائیگاں ۔ کہتے ہیں شیریں نے آخر آپ کو جوہر کیا +

* سابق میں جو راجپوت لوگ اپنے زبردست دشمن سے مغلوب ہو کر اپنے تئیں اور اپنے بال بچّوں کو اُنکے ہاتھوں بے عزّتی نکرانے کے خیال سے اپنے آپ مار ڈالا کرتے تھے یا جلا ذیا کرتے تھے اُس کو جوہر کرنا کہتے ہیں +

جوہر کھلنا - ا- ف ل- (۱) عیبوں یا ہنروں کا ظاہر ہونا - کسی چیز کا حسن و قبح یا عیب و صواب معلوم ہونا - قلعی کھلجانا - بُرائی بھلائی عیاں ہونا اصلیت معلوم ہونا +

دوست دشمن کو نہ پہچانا کھنچی جب میان سے - کھل گئے جوہر تری شمشیر جوہر دار کے + (بحر)

(۲) کسی کی لیاقت یا استعداد کا حال دریافت ہو جانا +

جو ہو سو ہو - ہ - محاورہ - اب تو جو کچھ ہونا ہو سو ہو - ہر چہ باداباد ما کشتی در آب انداختیم - کچھ پروا نہیں +

جُوئیں دیکھنا - ہ - ف م - ع - کسی کے سر یا کپڑے میں سے جوئیں چُننا +

جُوئیں لگنا - ہ - ف ل - (جب انسان کو جوئیں کاٹتی ہیں تو وہ اِدھر اُدھر چلنے لگتا ہے) اسی سبب سے - اُچھلنا کودنا - اِترانا - غرور میں آنا - گھمنڈ کرنا +

اب تو انکو بھی جوئیں لگ گئیں +

جُوئیں مارنا - ہ - ف ل - (غریب بیکار آدمی اکثر اپنے کپڑوں میں سے بیٹھے جوئیں چُن چُن کر مارا کرتے ہیں) اسی سبب سے خالی بیٹھا رہنا - کچھ نہ کرنا - کاہل نالوجود بنجانا - کھٹیاں مارنا - وقت کو رائیگاں کرنا +

جھاڑ جھلاّ - ہ - صفت - بہت ڈھیلا ڈھالا - ناموزوں +

میاں! کیا جھاڑ جھلاّ انگرکھا سیا ہے +

جھاڑا دینا - ہ - ف م - (۱) تلاشی دینا + (۲) کچھ منتر پڑھکر جوگی یا فقیر کا جھاڑو سے بھوت پریت دور کرنا - جھاڑ پھونک کرنا - بلا دور کرنا + اری پھلانا (فلانا) بابا جی بڑا اچھا جھاڑا دے ہے میرے چھورے کو تو اُسی سے آرام ہوا ہے + (ہ - ع)

جھاڑ باندھ دینا - ہ - ف م - (۱) لگاتار برسے جانا - جھڑی لگا دینا + (۲) برابر باتیں کہے چلے جانا +

جھاڑ بسانا - ہ - ف م - اپنے پیچھے جھگڑا لگا لینا جھگڑا مول لینا - پاپ بسانا +

جھاڑ پچھوڑ کر دیکھنا - ہ - ف م - (۱) نہایت غور سے تلاش کرنا - بڑی جستجو کے ساتھ ڈھونڈنا + (۲) جانچ تول کرنا - خوب آزمانا - تجربہ کرنا +

جھاڑ پھونک کے پیسے ڈالدینا ہ - ف م - دولھا دلھن کو جنگل میں لیجاکر جھاڑ کے تلے صرف ہون کر کے

پھیرے کر دینا۔ بغیر دھوم اور ٹہلوں کے رچائے بیاہ کر دینا۔ سادہ بیاہ کر دینا +

جھاڑ جھنکاڑ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) کوڑا کرکٹ گھاس پھونس۔ اخور کی بھرتی + (۲) بہت برا خط۔ چیت مکوڑا۔ لکیریں ہی لکیریں + (۳) پلٹنے والا یا مرہو جانیوالا آدمی۔ جھگڑالو +

جھاڑ کا کانٹا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (مذاقاً) جھگڑالو عورت۔ کرکٹ نار +

جھاڑو بنانا۔ یا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) نا ملایم باتیں سنانا + دیکھو (آڑے ہاتھ لینا نمبر ۳۔ ۴۔ ۵۔)

جھاڑو پھر جانا۔ ہ۔ ف ل۔ یہانتک صفائی ہونا کہ تنکا بھی نر ہوے۔ صفایا ہو جانا۔ تباہ یا برباد ہو جانا۔ مٹ جانا۔ لٹ جانا + تیرے گھر میں جھاڑو پھر جاے + (م۔ خو کوسنا)

جھاڑو دینا۔ یا۔ پھیرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) جھاڑو سے صفائی کرنا۔ صاف کرنا۔ بہارنا + رات کے وقت جھاڑو دینی منحوس ہوتی ہے + (۲) کسی کے کل مال و اسباب کو گھر میں سے نکال کر لیجانا بالکل صفائی کر جانا۔ کسی شخص کو دونوں ہاتھوں لوٹنا۔ تباہ یا برباد کر دینا + لو! چور رات کو اُسکے گھر میں جھاڑو دیگئے +

جھاڑ ہو کر لپٹنا۔ جھاڑ کا کانٹا ہو جانا۔ جھاڑ ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (جھاڑ یعنے جھڑبیری کے درخت اکثر جنگلوں میں رہ گیر کے کپڑوں میں لپٹ جاتے ہیں اور بڑی مشکل سے چھٹتے ہیں) اسی سبب سے جونک کی طرح چمٹ جانا سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔ ایسا لپٹنا کہ پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے۔ تنگ کرنا + نہ جھاڑا غیر کو ہرگز کہ ہو کر جھاڑ پٹا تھا۔ (ذوق) مجھی پر گالیوں کا جھاڑ تو نے بدزبان باندھا

جھاڑے جانا۔ جھاڑے پھرنے جانا۔ ہ۔ ف ل (دیہات میں پیخانہ پھرنے جنگلوں میں جایا کرتے ہیں اور اکثر جھاڑ کے پیڑ کے نیچے اوٹ کے سبب بیٹھکر حاجت رفع کیا کرتے ہیں) اسی سبب سے۔ پیخانہ پھرنے جانا۔ میدان جانا۔ دیکھو (مٹی جانا)

جہاز کا جہاز۔ ا۔ صفت۔ بہت لمبا چوڑا۔ نہایت وسیع۔ فراخ و کشادہ۔ (مکان وغیرہ کی تعریف میں کہا کرتے ہیں) +

جھاک لانا - ہ - ف ل - (۱) جھاگوں کا اُوپر آجانا - جھگیانا - جوش میں آنا + (۲) نہایت غیظ وغضب میں آنا - نہایت غصہ ہونا - خوب بھڑکنا +

جھال آنا - ہ - ف ل - (۱) رو کا آنا + (۲) دفعتہً منہ یا اولوں کا برس جانا +

جھالا نکل جانا - ہ - ف ل - بادل کے ٹکڑے کا نہایت زور سے برس کر جلدی سے گزر جانا + (لکھنؤ)

دریا بھرے ہیں دیدۂ گریاں میں اے سحاب۔
یہ (بحر) وہ نہیں برس کے جو جھالا نکل گیا +

(۲) بہت جلدی ہو چکنا یا تمام ہو جانا +
(۳) موقع گزر جانا +

جہاں تک ہو سکے - ہ - م ف - حتی المقدور حتی الامکان - اپنے پار یساتے +

جھانٹ اُپاڑنا - یا - اُکھاڑنا - ہ - ف م - (بازاری طنزاً) پشم کندہ کرنا کچھ کر سکنا +

جھانٹ برابر - جھانٹ کی جھٹلی - ہ - صفت - (بازاری) - بے حقیقت - ناچیز - نہایت خفیف + (۲) ادنیٰ - ذلیل - حقیر +

جہاں جہاں - ہ - م ف - (۱) ہر ایک جگہ یا جگہ جگہ جگہ + (۲) جس جس جگہ + جہاں جہاں چوٹ لگی ہو ہلدی چونے کا لیپ کرو

جھانکھ لانا - ہ - ف ل - (۱) جھگڑنا - تکرار کرنا - لڑنا +

جھانسا بتانا - یا - دینا - ہ - ف م - فریب یا جُل دینا + دیکھو (بتا دینا)

جہان سے جانا - یا - راہی ہونا - ا - ف ل - دنیا سے کُوچ کرنا - مرنا +

آج راہی جہاں سے داغ ہوا -
خانۂ عشق بے چراغ ہوا + (داغ)

جھانسے میں آنا - ہ - ف ل - فریب میں آنا + دیکھو - (بھپارے میں آنا)

جہاں کی تہاں - ہ - م ف - (۱) اُسی جگہ - اپنی ٹھیک جگہ پر + (۲) کہیں کی کہیں - بے ٹھکانے +

جہاں کی تہاں چیز رکھ دیتا ہے

جھانولی دینا - ہ - ف م - عشوہ سازی کرنا - غمزہ یخرہ کرنا - آنکھیں مٹکانا +

جھپ جالیا - جھپ جھالیا - ہ - اسم مذکر - لغوی - جھپ سے جال ڈال دینے والا - لکھنؤ + (۱) ایک قسم کی مچھلیوں کا شکاری + (۲) فریبی دغاباز - جعلساز - چال باز +

اے دوگانا! شیخ جھنگا میر بحری کا غلام۔
ہے بڑا جھپ جھالیا بچنا تم اُسکے جالسے + (یا علی)

جھپ جھپ۔ جھپاکے سے۔

جھپ سے۔ ہ۔ م ف۔ جلد جلد۔ جھٹ پٹ۔ تُرت پھرت +

جھپ کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ (کنکوے بازی) کنکوے کا اُلٹ کر گر پڑنا +

جھپٹا مارنا۔ ہ۔ ف م۔ اُچک لینا چھین لینا + مکھی ڈھک کر لیجاؤ تمہیں چیل جھپٹا مارینگی +

جھپٹ لینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دوڑکر پکڑ لینا۔ جلدی سے جالینا + (۲) کسی چیز کو اُچک لینا۔ جلدی سے چھین لینا

جھپٹے۔ یا جھپیٹ میں آنا۔ جھپٹا۔ یا جھپیٹا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ جن یا پری کا سایہ ہو جانا۔ آسیب ہو جانا بھوت پریت لپٹ جانا۔ سایہ میں دب جانا + تنکے چنتا باغ سے نکلا میں دیوانوں کی طرح (بحر) پون تھی بادخزاں مجھکو جھپٹا ہو گیا

جھپیٹ میں آنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی بھاگتے ہوئے آدمی یا جانور سے ٹکرا کر یا ڈر کر گر پڑنا +

جھٹکا اُٹھانا۔ ہ۔ ف ل۔ مصیبت یا صدمہ سہنا۔ آفت جھیلنا۔ بیماری اُٹھانا +

اُٹھاتا ہے وہی دل عشق میں جھٹکے یہ جھٹکے۔
کسی کی۔ زلف نے سائے میں اپنے جسکو بالا ہے +

جھٹکا دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی چیز کو پکڑ کر زور سے ہلا دینا + (۲) صدمہ پہنچانا تکلیف دینا + (۳) بکرے اور مرغ وغیرہ کی گردن کو تلوار کے ایک ہاتھ میں دھڑ سے جُدا کر کے کسی دیوتا پر چڑھانا +

جھٹکا کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بلا کا مقابلہ کرنا۔ مصیبت بھگتنا۔ تکلیف یا صدمہ اُٹھانا + عمر بھر یاد رہیگا ہمیں او آفت جاں دل پھنسا کر تیرے گیسو میں وہ جھٹکا کھایا

(۲) بکرے وغیرہ کو جھٹکا کر کے کھانا +

جھٹک جانا۔ ہ۔ ف ل۔ لاغر یا دُبلا نہو جانا۔ لٹ جانا +

کپڑے پھٹے جنوں میں تو دیکھا یہ اپنا حال۔
دھجی سا ہو گیا بدن ایسا جھٹک گیا۔ (بحر)

جھٹکے کا مال۔ ا۔ اسم مذکر۔ لُوٹ کا مال۔ مال غنیمت۔ غارت۔ لُوٹ +

جھر جھرا۔ ہ۔ صفت۔ مخفص کے خلاف تار تار۔ الگ۔ پتلا۔ جھنجھنا + (کپڑے کے واسطے آتا ہے)

جھرکٹ ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ ہڈیوں کی مالا بنجانا۔ سوکھکر پنجر لگ جانا۔ لاغر ہو جانا۔ جھٹک جانا۔ سوکھ جانا +

جھرمٹ مارنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) گھونگٹ کاڑھنا یا مارنا۔ منہ پر برقع ڈالنا + رہ گئے مشتاق طالب جلوۂ دیدار کے۔ مار ڈالا اُس پری پیکر نے جھرمٹ مار کے + (آتش) (۲) اکھٹا یا جمع ہونا + جھرمٹ مارے بیٹھی ہیں بھوکن کی سب باری + (بول ٹھمر)

جھڑا جھڑ روپیہ برسنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کثرت سے آمدنی ہونا۔ نہایت مزے ہونا۔ خوب بکنا + (۲) اہل کاروں کو خوب آمدنی ہونا۔ خوب بالائی یافت ہونا آج کل جیسا ہدائتوں میں جھڑا جھڑ روپیہ برستا ہے ایسا کبھی نہ برسا ہوگا! +

جھرمٹا توں آلگنا۔ جھڑ پکنا۔ ہ۔ ف ل (جھڑے ہوئے پتوں کی مانند ہو جانا) اسی سبب سے۔ بہت ہی بڈھا ہو جانا۔ بردھاپے کو پہنچنا۔ کنارے آلگنا +

جھرٹ ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مرغ وغیرہ کا آپس میں لڑ جانا + (۲) دو آدمیوں کی آپسمیں کہاسنی ہو جانا۔ جھگڑا یا تکرار ہو جانا +

جھڑ یا جھڑی لگ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ مینہہ کا برابر برسے چلے جانا۔ لگاتار برسنا (جب میں رونا ہوں تو لگتی ہے جھڑی ساون کی جب دھواں (۱) سینہ سے اٹھتا ہے گھٹا آتی ہے)

جھڑے وقت کی پیدائش۔ ف۔ اسم مؤنث۔ (بازاری) سست اور ڈھیلا آدمی۔ کاہل وجود۔ اسی +

جھکک جھک کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ تکرار کرنا۔ بھگڑنا۔ سفر کھانا +

جھک مارنا۔ (۱) لغو بیہودہ بکنا۔ یاوہ گوئی کرنا + (۲) جھوٹ بولنا۔ باتیں بنانا

جھگڑا پاک ہونا یا چکنا۔ ف ل۔ (۱) باہمی تکرار و قضیہ کا رفع ہو جانا + تصفیہ ہونا۔ بکھیڑا چکنا (۲) کسی کام کا بخیر و خوبی تمام یا پورا ہونا + (۳) دنیا سے رحلت یا کوچ کرنا۔ مرجانا۔ فوت ہو جانا +

جھگڑا جھبونا۔ ہ۔ ف ل۔ بہت بڑی کہانی یا داستان بیان کرنا +

جھنجھٹ لانا۔ ہ۔ ف ل۔ (بازاری) جھگڑا کرنا۔ کھدو یا جھانجھ لانا +

جھنجھنیاں پہنا۔ ہ۔ ف ل۔ بیڑیاں پہنا۔ قید ہونا +

جھنجھولی لینا۔ ہ۔ ف ل۔ ترش رو ہونا

کلمہ یا ملایم زبان سے نکالنا۔ خفا ہونا +
(۲) دو دو سُننہ آنا + (۳) اُونچے سُروں میں ایک قسم کے گیت کو گانا +

جھنڈا گاڑنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی جگہ اپنا تسلّط کرنا۔ کسی مقام کو اپنے تحت میں لانا۔ حکومت کرنا +

دل کو اُس محبوب کے اے دل مُسخر کیجئے۔
عرش پر پیارے کا جھنڈا آج گاڑا چاہئے + (حسرت)

جھنڈ کے جھنڈ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ جم غفیر۔ انبوہ۔ ازدحام۔ غول کے غول +

جھنڈے پر چڑھانا۔ ہ۔ ف م۔ بُرائی کے ساتھ مشہور کرنا + دیکھو (بانس پر چڑھانا نمبر ۲)

جھنڈے پر چڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ بدنامی کے ساتھ مشہور ہونا + دیکھو۔ (بانس پر چڑھنا)

جھنڈے تلے کی دوستی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ وہ دوستی جو دو شخصوں میں صرف فوج میں نوکر رہنے تک رہے۔ چند روزہ دوستی۔ پردیسی کی پیت۔ ناپائیدار رفاقت +

جہنّم میں جائے۔ یا۔ پڑے۔ ا۔ محاورہ۔ (اس فقرے کو خفگی کی حالت میں کسی چیز سے تنفّر ظاہر کرنیکے واسطے بولا کرتے ہیں) آگ لگے۔ چولھے میں جائے۔ درگور ہو جائے ہے جی نجات کے غم میں۔
ایسی جنت گئی جہنم میں ؛ (میر تقی)

جھوٹا کام۔ ہ۔ صفت۔ تانبے کے تاروں کا بنا ہوا کام۔ زردوزی کا وہ کام جو چاندی سونے کا نہو۔ پیتل کا کام اب ٹوپیوں پر جھوٹا کام بہت بننے لگا ہے

جھوٹا ہو جانا۔ یا۔ پڑ جانا۔ ہ۔ ف ل
(۱) کسی کے روبرو دروغ گو یا جھوٹا ثابت ہونا + (۲) کسی اوزار کا ناقص یا بیکار ہو جانا +

بعد مدّت مقرر وعدہ خلافی وہ ہوا۔
کھل گیا قفل دہن یار کا جھوٹا ہو کر + (بحر)

(۳) بدن کے کسی عضو کا بیکار ہو جانا
ہاتھ بہت بوجھ اُٹھانے سے اکثر جھوٹا پڑ جاتا ہے +

جھوٹ پکڑنا۔ ہ۔ ف م۔ دروغ کو ثابت کرنا۔ بناوٹ یا بندش کی گرفت کرنا +

جھوٹ سچ لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) جھوٹی سچی باتیں بیان کرنا۔ کان بھرنا (۲) غیبت کرنا۔ بُرائی یا بدی کرنا + (۳) تہمت دھرنا۔ الزام یا بُہتان لگانا +

جُھوٹ کھانیوالا - ہ - اسم مذکر - (۱) پس خوردہ کھانیوالا - بچا کھچا کھانیوالا + (۲) خوشامدی - چاپلوسی کرنیوالا +

جُھوٹ کی پوٹ - ہ - اسم مؤنث - (۱) سراسر جھوٹ بالکل غلط - سرتاپا لغو + (۲) سراسر جھوٹا - بالکل کاذب +

جُھوٹ کے دفتر - ا - اسم مذکر - داستانیں - افسانے - کہانیاں - حکایتیں +

جُھوٹ کی ناؤ نہیں چلتی - ہ - محاورہ - نقلی ناؤ پانی پر نہیں تیر سکتی جھوٹ سے کام نہیں چلتا ہے - جھوٹ کو فروغ نہیں ہوتا ہے +

جھوٹ کی ناؤ چلتی ہے کیونکر - (شوق) اِن گنوں پر پڑیں تیرے پتھر +

جھوٹم جھاٹا کرنا - ہ - ف ل - (عو) عورتوں کا ایک دوسرے کے بال پکڑ کر لڑنا - خوب لڑائی لڑنا +

جُھوٹ مُوٹ - ہ - م ف - یوں ہی - بیفایدہ - ہنسی سے - جھوٹوں سے خواہ مخواہ + جھوٹ موٹ میرا نام لے دیا

جُھوٹوں بھی نہ پوچھنا - ہ - ف ل - دنیا سازی بھی نہ کرنا - مُنہ بھی نہ چھونا ظاہری مدارات بھی نہ کرنا +

جُھوٹوں پوچھنا - ہ - ف ل - جی تو پوچھنے کو نہ چاہے مگر دنیا داری یا شرم کے لحاظ سے کسی کی خیریت دریافت کرلینا - مُنہ چھونا - ظاہری مدارات کرنا +

جُھوٹوں کا بادشاہ ہ - ا - صفت - نہایت جُھوٹا - جُھوٹا لپاٹی - جھوٹوں کا سردار +

جُھوٹی مہندی - ہ - اسم مؤنث ہاتھ پر سے اُتری ہوئی مہندی - لگی ہوئی مہندی - حنا سے مالیدہ +

سیکڑوں کے خون اِس دست حنائی نے کئے - دیتی ہے سچی گواہی جھوٹی مہندی آپ کی +

جھوک سنبھالنا - ہ - ف ل - (۱) لمبے بانس وغیرہ کو سیدھا رکھنا یا جھکنے نہ دینا + (۲) کسی شخص یا عیالداری کا خرچ اُٹھانا + (۳) نقصان اُٹھانا - گھاٹا بھگتنا +

جھوک مارنا - ہ - ف م - ہاتھ کے اشارے سے ترازو کی ڈنڈی کو جھکا دینا - کم تولنا - ڈنڈی مارنا - ٹال مارنا +

جھول جھال لگانا - ہ - ف ل - (بازاری) (۱) دیر یا ڈھیل کرنا یا

لگانا + (۲) جھگڑا لگانا۔ تکرار کرنا +

جھول ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) شکن جھریاں یا سلوٹ ڈالنا + (۲۔ بازاری) بچہ جننا یا دینا +

جھول نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) سلوٹ نکالنا۔ شکن مٹا دینا۔ صاف کر دینا + (۲۔ بازاری)۔ بچہ دینا۔ جننا +

جھولی چھوڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ بہت موٹا ہونا۔ پیٹل ہو جانا۔ توند نکالنا +

جھوم جھوم کے۔ ہ۔ م ف۔ (۱) جھک جھک کے۔ تل تل کے۔ کثرت سے۔ از حد + کیا جھوم جھوم کے گھٹا آرہی ہے۔ (۲) متوالوں کی طرح۔ مستانہ طور پر دیوانوں کی طرح +

جھونپڑا بڑھانا۔ ہ۔ ف م۔ (ہ عو) مجامت کے بالوں کا بہت بڑھا لینا۔ مجامت بہت بڑھا لینا + جھونپڑا جو بڑھائے پھرے ہے تو کیا تیرے باپ نے کانائی اڑ گیا + (ہ۔ عو) +

جھیپ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ شرما جانا۔ آنکھیں نیچی کر لینا۔ آنکھیں نہ ملانا۔ لجانا

جھینکنا جھینکنا۔ ہ۔ ف ل۔ (عو) اپنی مصیبت کا حال ہر ایک سے بیان کرنا۔ دکھڑا رونا +

جی اٹھانا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کی محبت سے دل کو ہٹانا۔ محبت ترک کرنا +

جی آجانا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی پر عاشق ہونا۔ دل آجانا۔ مفتوں ہونا +

اگیا جی کسی پہ جی ہی تو ہے۔
لگ گئی آنکھ آدمی ہی تو ہے + (میر حسن)

جی اڑ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ طبیعت کا منشر ہو جانا۔ پریشاں خاطر ہو جانا۔ کسی صدمے کے باعث گھبرا جانا +

جی اکتا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کام پر طبیعت کا نہ جمنا۔ دل اچاٹ ہو جانا۔ بیزار ہو جانا۔ جی پھر جانا + نظیر کاجل ڈھلکا۔ سر پہ بگڑا۔ منہ میں پان ہوا پھیکا +
جی اکتا وے دل گھبرا وے آہ! بھلا اب کیجے کیا +

جی الٹ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ آپے میں نہ رہنا۔ سودا یا جنون ہو جانا۔ پاگل ہو جانا + جوان بیٹے کو مرنے سے اسکا جی الٹ گیا +

جی انمتا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ طبیعت علیل ہونا۔ کچھ شکایت ہونا +

جی اوپر تلے ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (عو) جی متلانا۔ طبیعت کا مائل کرنا +

جی برا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (عو) (۱) قے کرنا

استفراغ کرنا۔ زمین دیکھنا۔ ڈالنا۔ رد کرنا۔ چھانڈنا۔ اوکنا + (۲) ناراض یا ناخوش کرنا + (۳۔ف ل) بُرا ماننا۔ ناراض ہونا +

جی بڑھانا۔ ہ۔ف م۔ (۱) ہمت بندھانا۔ حوصلہ یا دل بڑھانا + (۲) کسی شخص کو باتیں بنا کر خوش کرنا۔ ظاہر داری برت کر جی خوش کر دینا +

جی بڑھنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) حوصلہ زیادہ ہونا۔ ہمت بندھنا + (۲) دل خوش ہو جانا + میاں کچھ دیدیا نہ لے لیا مگر اُنکی اتنی بات پوچھنے سے ذرا جی بڑھ گیا +

جی بکھرنا۔ یا۔ نڈھال ہونا۔ جی بیٹھا یا۔ ڈھیا جانا۔ ہ۔ف ل۔ دل کا اندر کو بیٹھا جانا۔ غشی کی حالت طاری ہونا۔ دل منتشر یا پریشان ہونا +

(۱) بال سُلجھانا سر کنگھی سے دل اُلجھائے ہے۔ اور بکھرے دیکھکر بس جی بھی بکھرا جائے ہے۔

(۲) "جی ڈھیا جاتا ہے"۔ جب بینے کہا۔ سُنکے بولا۔ "جی ہے۔ یا دیوار ہے"۔

(۳) جی ڈھیا جائے ہے سحر سے آہ۔ رات گزریگی کس خرابی سے۔ (میر)

جی بھننا۔ ہ۔ف ل۔ کسی کے دیکھنے یا ملنے کو جی کا چاہنا۔ ملنے کو جی کرنا + لبونہ پر رُک گیا سینہ میں دم بھی اٹکا۔ تمہارے واسطے کیا کیا نہ شب کو جی بھکا + (بحر)

جی بھر آنا۔ یا۔ اُمنڈ آنا۔ ہ۔ف ل درد آمیز باتیں سنکر رحم یا ترس آجانا۔ رونیکو ہو جانا۔ دل اُمنڈ آنا +

اُجڑا ہوا آبادی کا جب گھر نظر آیا۔ رونے لگی میں دیکھ کے جی میرا بھر آیا + (یار علی)

جی بھُر بھُرانا۔ ہ۔ف ل۔ رغبت ہونا۔ مائل ہونا۔ جی چاہنا۔ دل چلنا۔

جی بھر جانا۔ یا۔ پھر جانا۔ ہ۔ف ل طبیعت سیر ہو جانا۔ اکھا جانا۔ جی اُکتا جانا۔ چھک جانا + (یار علی) ؎

گو نباتی جان اٹھی گالیاں بچے کی ہیں۔ کھاتے کھاتے یہ مٹھائی جی ہمارا پھر گیا +

جیبھ کرنا۔ ہ۔ف م۔ (ہندو) (۱) باتیں بنانا۔ تڑاق پڑاق جواب دینا۔ زبان درازی کرنا + (۲) گستاخی کرنا۔ بے ادبی سے پیش آنا +

جیبھ کے تلے جیبھ ہے۔ ہ۔ محاورہ کبھی کچھ کہتا ہے کبھی کچھ۔ کہتا ہے اور مُکر جاتا ہے +

جیبھ نکالنا۔ ہ۔ف م۔ (۱) زبان مُنہ

سے باہر کرنا + (۲) گرمی کے مارے ہانپنا + (۳) سخت کلامی کے ساتھ پیش آنے کے سبب کسی شخص کی زبان نکلوا ڈالنا + نہایت سخت سزا دینا +

جی بہلانا - ہ - ف ل - کسی کام میں مشغول ہو کر دل کا خوش ہونا - طبیعت بٹنا - دل لگنا - پریشانی کم ہونا +

جی پر کھیلنا - ہ - ف ل - خودکشی کرنا - زندگی کو خطرہ میں ڈالنا + دیکھو - (جان پر کھیلنا)

جی پڑنا - ہ - ف ل - (۱) دیکھو (جان پڑنا) (۲) کیڑے پڑ جانا - کیڑے پڑنے لگنا + (۳) - ع - خیال لگا رہنا - دھیان ہونا + جس دن سے بچہ گیا ہے جی اسی میں پڑا ہے +

جی پھرنا - ہ ف ل - (۱) جی گھبرانا - ہچکر آنا - متلی ہونا - مالش کرنا + (۲) طبیعت سیر ہونا - دیکھو (جی بھر جانا) (۳) دل ہٹ جانا - دل برگشتہ ہو جانا - دوستی میں فرق آنا +

جیتا جاگتا - جیتا جاگتا - ہ - صحت - زندہ و سلامت - تندرست - چلتا پھولتا - بختاور - نیک بخت +

جیتا جھوٹ - ہ - اسم مذکر - از اول تا آخر یا سرتا پا جھوٹ +

جیتا جمڑا - یا - ماس - ہ - اسم مذکر - مردار کے خلاف - جاندار گوشت +

جیتا چمڑا چیرنا - ہ - ف م - (بالغ) چیرہ یا بکر توڑنا +

جیتا چنوانا - یا - گڑوانا - ہ - ف م - کسیکو زندہ دیوار میں چنوا دینا - کسی آدمی کو زندہ زمین میں دفن کروا دینا نہایت سخت سزا دینا +

(۱) کبھی دیکھا ہو نظر بھر کے جو پیشانی کو - مجھکو چنوائے جیتا زرافشاں کیطرح +

(۲) اسکو باغ میں جیتا ہی میں گڑوا دیتی - میرا شمشاد پہ قابو جو ضعف سے چلتا + (یا علی)

جیتا لہو - ہ - اسم مذکر - تازہ خون - وہ لہو جو ابھی جسم سے نکلا ہو +

جیتا ناخون لینا - ہ - ف م - کچا ناخون کاٹنا +

جی ترسنا - ہ - ف ل - کسی چیز کے دیکھنے یا کھانیکو دل کا خواہش کرنا - شوق سے چاہنا - جی چلنا - دل للچانا

(۱) کچھ بھی معاش ہے یہ اسکی اُن نے ایک چشمک - جب مدتوں ہمارا جی دیکھنے کو ترسا + (دلچسپ)

(۲) چھم چھم چھم سیہا برسے - مارو جی! - بھارو جیارا ترسے + گیت برہا +

جیتے جی - ہ مف - تا بحیات - تا دم زیست زندگی میں - زندہ + میں تو جیتے جی اُسکی صورت دیکھنے کی نہیں +

جیتے جی مرنا - ہ - ف ل - نہایت مصیبت میں اوقات بسر کرنا - بڑی بپتا بھوگنا +

جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی - ہ محاورہ - دیدہ و دانستہ زہر نہیں کھایا جاتا - ناجایز چیز جان بوجھکر کام میں نہیں لائی جاتی +

جی جان سے قربان ہونا - ا - ف ل - کسی پر اپنی جان دینا - دل سے عاشق ہونا - جاں نثار کرنا -

جی جلانا - ہ - ف م - ناراض یا خفا کرنا ستانا - دق کرنا - تکلیف یا دکھ دینا +

جی جلنا - ہ - ف ل - کسی کے فعلوں سے طبیعت کا ناراض یا ناخوش ہونا - دکھ معلوم ہونا - کلیجہ جلنا +

جی چاہے - ہ مث - خواہ - چاہو - اگر پسند ہو - دل چاہے +

جی چُرانا - ہ - ف ل - (۱) کسی کام سے بچتے پھرنا + دیکھو (جان چُرانا)

جی چلا - ہ - صفت - (۱) بہادر - سورا + (۲) فیاض داتا - دانی +

جی چلا جانا - ہ - ف ل - دل کا بیٹھا جانا طبیعت کا نڈھال ہوا جانا +

آیا کمال نقص میرے دل کی تاب میں -
جانا ہے جی چلا ہی میرا اضطراب میں (میر)

جی چلانا - ہ - ف م - کسی کام کے کر بیٹھنے بے جرأت یا دلیری کرنا +

جی چلنا - ہ - ف ل - (۱) پاگل ہونا جنون یا سودا ہونا + (۲) جی چاہنا یا للچانا کسی چیز کے دیکھنے یا کھانیکی خواہش کرنا + منہ میں پانی بھر آنا - جی کرنا +

جی چھپانا - ہ - ف ل - دیکھو (جی چُرانا)

جی چھٹنا - ہ - ف ل - (۱) ہمت ہارنا - نا امید ہونا - ناشکستہ خاطر ہونا -

دشمن ہوا ہے جو صیاد نے زنفیر چھوڑیں
اور جی چھٹ گیا آج گرفتاروں کا +

(۲) اکتانا - گھبرا جانا + (۳) تھک جانا - ہار جانا - گر پڑنا - بیٹھ جانا +

جی چھپانا یا لے لینا - ہ - ف م - گرویدہ کرلینا - موہ لینا - عاشق کرلینا +

جی دار جیوٹ - ا - صفت - سورما -

سن ایسی پریت کر جیسے شکر گھی۔ (دوہا)
جات بھانت پوچھے نہیں جس سے لگا جی +

جی میں آنا - ہ۔ف ل۔ خیال پیدا ہونا۔ دھیان آجانا + (۲) دل چاہنا طبیعت رجوع ہونا + جی میں آئے کرو جی میں آئے نکرو

جی میں بیٹھنا - یا۔ جمنا - ہ۔ف ل۔ دل میں سمانا۔ دل میں گھر ہونا۔ دل پر نقش ہو جانا +

جی میں پھرنا - ہ۔ف ل۔ دل ہی دل میں خیال سا رہنا اور زبان پر نہ آنا تصور یا خیال میں کسی بات کا چکر آنا + جی میں پھرتا ہے میر و ہ میرے۔ جاگتا ہوں کہ خواب کرتا ہوں + (میر)

جی میں جی آنا - ہ۔ف ل۔ طبیعت کو اطمینان ہونا + دیکھو۔ (جان میں جان آنا)

جی میں جی ڈالنا - ہ۔ف م۔ اپنے دل کا حال دوسرے کے دل میں جمانا اپنا حال دوسرے کے دل نشین کرنا یقین دلانا +

جی میں رکھنا - ہ۔ف ل۔ (۱) یاد رکھنا چیت یا دھیان میں رکھنا + (۲) دل میں بھید کو رکھنا۔ مخفی یا پوشیدہ رکھنا۔ بات کو چھپانا +
لگجائے دل کہیں تو اُسے جی میں اپنے رکھ۔ رکھتا نہیں شگون کچھ اظہار عشق کا + (میر)

جی میں کھب جانا - ہ۔ف ل۔ کسی چیز کا بھلا لگنا یا پسند آجانا۔ دل پر اچھا اثر ہونا +

جی نکلنا - ہ۔ف ل۔ مرنا۔ فدا ہونا + دیکھو (جان نکلنا) +
نوج تم پر کسی کا جی نکلے + (جانصاحب)
تم بڑے بیوفا جی نکلے +

جینے سے تنگ آنا - ا۔ف ل۔ اپنا مرنا چاہنا۔ ناک میں دم آجانا موت مانگنا +

جینے کے لالے پڑنا - ہ ف ل۔ جینے کی آس نہ رہنا + دیکھو (جان کے لالے پڑنا)
پڑ گئے لالے پھر تو جینے کے۔ ڈوب پر ڈوب تھے پسینے کے + (شوق)

جیوڑا جانا - یا۔ نکلنا - ہ۔ف ل۔ (۱) جان نکلنا۔ مرنا۔ فوت ہونا +
ہو وہی عالم الٰہی! لالہ ہر گوپال کا۔ جسطرح جیوڑا گیا ہے لالہ امرت لال کا +
(۲) فدا یا فریفتہ ہونا +

گیا ہو جب اپنا جیوڑا نکل ۔
کہاں کی رباعی کہاں کی غزل ۔ (میر حسن)

جی ہٹ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ طبیعت پھر جانا ۔ نفرت معلوم ہونا +

جی ہے تو جہان ہے ۔ ا ۔ محاورہ زندگی کے ساتھ دنیا کا لطف ہے + صاحب ذوق بھلا رہتے ہیں یا بند کہیں ۔ جی اگر ہے تو جہاں ہے یہ مثل جھوٹ نہیں + (مصحفی)

جی ہی جانتا ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ جو کچھ تم ہمارے ساتھ بدسلوکی کرتے ہو اسکو ہمارا جی ہی خوب جانتا ہے بیان کرنے سے کیا فائدہ +

جی ہی جی میں ۔ ہ ۔ م ف ۔ اندر ہی اندر ۔ پوشیدہ ۔ انتا کرن میں +

جی ہی جی میں باتیں کرنا ۔ ہ ف ل دل سے باتیں کرنا ۔ دیوانہ یا سودائی ہو جانا

چ

چادر اُتارنا ۔ ا ف م ۔ عورت کی بیعزتی کرنا + دیکھو (اوڑھنا اُتارنا)

چادر اُڑھانا ۔ ا ف م ۔ رانڈ کے ساتھ بیاہ کرنا + دیکھو (اوڑھنا اُڑھانا)

چادر ہلانا ۔ ا ف م ۔ لڑائی کے وقت مغلوب فوج کا غالب فوج سے امان مانگنا +

چار ابرو کا صفایا کرنا ۔ ا ف ل مسلمان فقیر سر داڑھی مونچھیں اور بھوں منڈوا لینا +

چار آدمی ۔ [illegible] پالکی

چار آدمی جو کچھ کہیں مجھے منظور ہے +

چار آنکھ کرنا ۔ ہ ف م ۔ نظر سے نظر ملانا ۔ مقابلہ کرنا ۔ منہ سامنے کرنا + جھوٹ کہتا ہے اور کہتا ہے ۔ اسپر پھر چار آنکھ کرتا ہے + (شوق)

چار آنکھیں یا چار چشم ہونا ۔ ہ ف ل ۔ (۱) نظروں سے نظر ملنا ۔ مٹھ بھیڑ ہونا ۔ بھیٹ ہونا + (۲) ملاقات پیدا کرنا ۔ ملنا ۔ پریت جوڑنا ہونا نہ چار چشم دل آشنا علم پیشہ ہے ۔

[illegible] دیکھنا + (میر)

[illegible] سر پر رکھنا ۔ ا ۔ [illegible] سلام کرنا +

بوا! اِس لڑکی نے کبھی چار انگلیاں سر پر نہیں رکھیں

چار بند۔ ف۔ اِسم مذکر۔ پُشت کی چاروں طرفیں۔ یعنی اُوپر نیچے۔ دائیں۔ بائیں۔ نازک وہ ہیں کہ باندھے جو انگیا کے کسکے بند۔ کہتے ہیں درد ہونے لگا چار بند میں۔ (۲) ہر ایک عضو۔ جوڑ جوڑ۔

کیوں یاروں اِس مکاں میں یہ کیسی چلی ہوا۔
جو مفلسی سے ہوش کسی کا نہیں بجا۔
جو ہے سو اِس ہوا میں دوانہ سا ہو رہا
سودا ہوا مزاج زمانہ کو یا خدا
تو ہے حکیم کھولدے اب اِسکے چار بند۔ (نظیر)

چار پایہ۔ یا۔ چوپایا ہونا۔ ا۔ ف ل۔ شادی یا بیاہ ہو جانا۔ جورو والا ہو جانا (دو پائے سے چوپایا ہو گیا مگر گھر کا کچھ فکر بھی نہیں۔

چار پائی پر پڑنا۔ ا۔ ف ل۔ اسقدر بیمار ہونا کہ اُٹھنے بیٹھنے کی بھی طاقت نہ رہے۔ سخت بیمار ہو جانا۔

الٰہی! جسنے ہماری چیرلی ہو وہ چارپائی پر پڑکر کھائے۔ (رم جو۔ کوسنا)

چار پائی سے لگ جانا۔ ا۔ ف ل (بیماری کی وجہ سے سوکھکر اسقدر دُبلا ہو جانا کہ چارپائی سے ملا ہوا دکھائی دے)۔ سوکھکر پنجر نکل آنا۔ چرخے کی مال ہو جانا بہت ہی ناتوان ہو جانا۔

چار پائی کٹ جانا۔ ا۔ ف ل۔ (جب آدمی بہت بیمار ہو جاتا ہے اور اسمیں اُٹھنے بیٹھنے کی طاقت نہیں رہتی تو اُسکے واسطے بیمار پھرنے کو چارپائی کاٹ دیتے ہیں) اسی سبب سے۔ از حد دست آنا۔ بہت ہی ناتوان ہو جانا۔ قریب المرگ ہو جانا۔

چار پیسے پاس ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ آسودہ یا مرفہ الحال ہونا۔ پیسا گانٹھ میں ہونا۔

چار چاند لگ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بہت خوبصورت یا شاندار دکھائی دینا۔ (۲) بلند رتبہ ہونا۔ بڑے درجہ کو پہنچنا۔ آبرو یا عزت پانا۔ (۳) اِترانا گھمنڈ کرنا۔ زمیں پر پاؤں نہ رکھنا۔

چار چشم۔ ف۔ صفت۔ بیمروت۔ نمک حرام۔ (دیکھو **توتا چشم**)

چار چوٹ کی مار دینا۔ ہ۔ ف م۔ (لکھنؤ) ہاتھ پاؤں لکڑی اور کوڑے سے پیٹنا۔ نہایت سخت سزا دینا۔ خوب مارنا۔

چار حرف بھیجنا۔ ا۔ ف ل۔ لعنت

کرنا۔ تبرا بھیجنا +

چار دانت ہے ۔ ہ۔ محا و رہ۔ (چابکسوار) چار برس کی عمر کا گھوڑا ہے چار سال ہے +

چار دانے چانول ۔ ا۔ محاورہ (پوربی) پیٹ بھراؤ خوراک۔ آدسیر آٹا۔ روزمرہ کی خوراک +

چار دن ۔ ہ۔ م ف۔ تھوڑے دن عرصہ قلیل +

چار دن اور ہوا باغ کی کھائے بلبل۔
پھر وہی کنج قفس ہے وہی صیاد کا گھر +

چار دن کی بہار ہے ۔ ا۔ محاورہ تھوڑے دکھی کیفیت ہے۔ تھوڑی دن کا لطف ہے +

چار دن کی چاندنی۔ روشنی یا۔ چمار جو دس ۔ ا۔ محاورہ۔ چند روزہ عیش و عشرت یا رنگ رلیاں عارضی خوشی ہے۔ سریع الزوال۔ خوشی ہے + (۱) چار دن کی چاندنی اور پھر اندھیرا پاکھ ہے + مثل +

(۲) چار دن کی چاندنی اس میکدے میں عیش ہے
ساقی شب کا بھی آخر دور ساغر ہوگا +

چار زانو بیٹھنا ۔ ا۔ ف ل ایک پاؤں دوسرے پاؤں کے تلے ترچھا دبا کر بیٹھنا۔ مربع بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا +

چار کانے آنا ۔ یا۔ پڑنا ۔ ہ۔ ف ل + (قرعہ باز) (قرعوں میں چار صفروں کا اس طرح آنا کہ دو صفر ایک قرعہ میں اور ایک ایک صفر دو قرعوں میں اور لکیر ایک بھی نہو) اسی سبب سے۔ داؤں کا حسب مراد نہ پڑنا۔ داؤں کا خراب آنا +

چار کرتے ٹوپی زیادہ پھاڑنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) زیادہ جینا۔ ذرا بڑی عمر کا ہونا + (۲) زیادہ تجربہ کار ہونا کسی سے عقل و تدبیر میں زیادہ ہونا

چار کھونٹ میں چاروں طرف ہ۔ م ف۔ دنیا کی چاروں سمتوں میں تمام دنیا میں۔ سارے جہان میں +

چار کے کاندھے جانا۔ یا چڑھنا ہ۔ ف ل۔ (۱) مرنیکے بعد تابوت میں جانا۔ جنازہ نکلنا۔ ارتھی نکلنا۔ مرجانا + تیری گلی سے جاں بلب ایک نا توان گیا (بحر) کیا جانے اٹھکے چار کے کاندھے کہاں گیا (۲) (مذاقاً)۔ پالکی یا پینس میں سوار ہونا + تم تو جیتے جی چار کے کاندھے چڑھے ہو ہو ہو! (فسانہ عجائب)

چاڑو سو بھاڑو - ہ - محاورہ - جو مال چیر پگا وہ ہی بوجھ بھار اُٹھا سکیگا - جو شخص کچھ کھا یگا وہی محنت بھی کر سکیگا -

چاروں چول برابر ہے - ا - محاورہ - (۱) بالکل مربع ہے ٹھیک چوکور ہے + (۲) بڑا موٹا تازہ ہے

چاروں خانے یا شانے چت آنا یا گرنا - ا - ف ل - (پہلوان) پشت کے بل اسطرح گرنا کہ دونوں کھنے اور دونوں گھٹنے صاف نظر آجائیں - اچھی طرح پچھڑ جانا +

چار ہاتھ پاؤں کچھ تمہارے ہی نہیں ہیں - چار ہاتھ پاؤں سب رکھتے ہیں - ہ - محاورہ - ہر آدمی کے دو ہاتھ اور دو پاؤں ہوتے ہیں کچھ تمہارے ہی نرالے نہیں ہیں - اوروں کے بدن میں بھی طاقت ہے کچھ تم ہی شہزور نہیں ہو - اور بھی آدھ سیر آٹا کھاتے ہیں + (بد کی طاقت پر گھمنڈ کرنیوالے سے کہا کرتے ہیں) +

چاق چوبند - ت - صفت - مضبوط قوی - تگڑا +

چاق چوبند سینہ زوری میں - (شوق) پھول رکھتے ہوئے کمٹوری میں ،

چالان کرنا - ہ - ف م - (۱) بھیجنا روانہ کرنا + (۲) تحقیقات کے واسطے روانہ کرنا - قید خانہ بھیجنا +

چال چلنا - ہ - ف ل - دھوکا یا فریب دینا - دم دینا + لگے ہمسے بھی چال چلنے!

چال دکھاؤ - ہ - نا لو ندیہ - رفو چکر ہو - ٹہلو - چلتے پھرتے نظر آؤ - ہوا کھاؤ - سواری بڑھاؤ +

چال میں آنا - ہ - ف ل - فریب یا دھوکے میں آنا - دم میں آجانا +

چالے پاڑنا - ہ - ف م - (دیہات) اتیا چار یا ظلم کرنا - غضب ڈھانا - قیامت برپا کرنا +

چالیس سیرا - ہ صفت (۱) پورا چالیس سیر وزن کا - کامل - پختہ +

وہ چالیس سیری بات کہتا ہے +

(۲) خالص - بے آمیزش - کھرا +

چالیس سیر اگھی ہے ! (۳) پورا بیوقوف بالکل سادہ لوح - محض بے عقل - بڑا اُجڈ + تو بھی چالیس سیرا ہی رہا +

چام چور ۔ ہ ۔ صفت ۔ استری گامی چھنرا ۔ زانی ۔ بدکار ۔ عیاش +

چام چوری کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ زنا یا بدکاری کرنا ۔ حرام کاری کرنا +

چام کے دام چلانا ۔ ا ۔ ف م ۔ (اس محاورے سے ایک نظام نامی سقہ کی داستان متعلق ہے ۔ جسنے ہمایوں بادشاہ کے وقت میں اپنی ڈھائی دنکی بادشاہت میں سونے کی کیل لگا ہوا چام کا سکہ چلایا تھا) ۔ اپنے چھوٹے سے اختیارات کو دور تک پھیلانا +

چانڈ پٹنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) خوب مار کھانا ۔ خوب جوتے کھانا + (۲) اچھی طرح زیر بار ہونا ۔ نقصان اُٹھانا +

چانڈ پر ایک بال نہ رہنا ۔ ہ ۔ ف ل (۱) خوب پٹنا + (۲) نہایت زیر بار ہونا نقصان اُٹھانا +

چانڈ پر خاک ڈالنے سے خاک نہیں پڑ سکتی ۔ ا ۔ محاورہ ۔ بے عیب کو عیب نہیں لگ سکتا ۔ اچھا آدمی بُرا نہیں ہو سکتا +

چاندرات ۔ ہ ۔ اِسم مؤنث ۔ وہ رات جس میں نیا چاند دکھائی دے +

چانڈ سا مُنہ ۔ ہ ۔ اِسم مذکر ۔ چاند کی مانند روشن ۔ خوبصورت چہرہ ۔ نہایت حسین صورت +

تیرا منہ چاند سا دیکھا ہے شاید ۔
کہ انجم رہتے ہیں ہر شب اِدھر ٹک + (میر)

چانڈ کا ٹکڑا ۔ ہ ۔ صفت ۔ مہ پارہ ۔ نہایت حسین یا خوبصورت ۔ بہت ہی سندر + تو ہے ایسا چانڈ کا ٹکڑا کہ ہوتے چانڈ کے ۔ کرتے تھے تارے تیری جانب اشارہ رات کو + (قاسم)

چانڈ کا کھیت کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ چانڈ کا نکلنا یا اُگنا ۔ چانڈ کا خوب پھیل جانا +

چانڈ کھجانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ پٹنے کو جی چاہنا دیکھو (ٹانٹ کھجانا)

چانڈ گزرنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ مہینا ختم ہونا +

وہ ماہ چرخ جو آیا کل کیے غرا ۔ (آتش)
نشاط عیش میں گزرا کبھی نہ سال اپنا +

چانڈ نا کر دینا ۔ ہ ۔ ف م (مال و اسباب کی کثرت کے سبب جو گھر میں اندھیرا ہو رہا تھا اُسکا دُور کر دینا) اسی سبب سے ۔ گھر کے مال و اسباب کا بالکل خیر البجانا + دیکھو (جھاڑو دیدینا نمبر ۲)

چانڈ نا ہو جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) صبح صادق کا نکل آنا ۔ پو پھٹ جانا + (۲) کسی صدمے کے باعث آنکھ کے سامنے

ترمرے آجانا یتیسو ہا جانا + ایسے پٹے کہ چاہے ہوگیا + (۳) کسی مصیبت میں آجانا۔ بلا میں گرفتار ہونا + (۴) گھر کے مال واسباب کا باتا رہنا۔ صفائی ہو جانا +

چاندنی کا کھیت کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ چاندنی کا خوب پھیل جانا۔ میدان میں چاندنی کا چھٹکنا +

گیسو تمہارا چہرۂ روشن سے ہٹ گیا +
لو چاندنی نے کھیت کیا ابر چھٹ گیا + (امیر)

چاندنی مار جانا ۔ ف ل۔ چاندنی کے باعث نقوے کا عارضہ ہو جانا یا ہاتھ پاؤں رہجانا + (یہ مرض اکثر گھوڑوں کو ہوتا ہے)

چاندی کا جوتا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (رشوت گھوس پیچ) نزرکی مار۔

چاندی کٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ایک ذات کا روپیہ لگنا۔ بے شمار روپیہ خرچ ہونا۔ مکان بنانے میں ایک ذات کی چاندی کٹتی ہے۔ (۲) روپیہ پیدا یا حاصل ہونا +

نہر کے محکمہ میں بڑی چاندی کٹتی ہے

چاندی کر دینا۔ ہ۔ ف م۔ جلا کر راکھ یا خاک کر دینا + ایک ہی دم میں سلفہ چاندی کر دیا +

چاندی کے پہرے۔ ہ۔ محاورہ۔

بہت سفید چیز۔ دودھ سی سفید +

چاندی کے پہرے۔ ہ۔ م ف۔ قسمہ ساعت۔ ٹھیک ساعت شبھ لگن +

چاندی کے پہرے پیدا ہوا ہے

چاندی کی عینک لگاتے ہیں۔ ا۔ محاورہ۔ (چاندی کی عینک لگائے بغیر انہیں مقدمہ کی روئیداد ہی نہیں معلوم ہوتی) روپیہ لیتے ہیں۔ رشوت کھاتے ہیں +

چاندی ہو جانا۔ ہ۔ ف ل (۱) جلکر راکھ ہو جانا۔ بالکل جل جانا + اور سلفہ بھر دیا تو بالکل چاندی ہوگیا + (۲) فائدہ ہونا۔ روپیہ حاصل ہونا۔ خوب روپیہ ہاتھ لگنا +

تمہاری ہر طرح چاندی ہے +

چاؤ میں آنا۔ ہ۔ ف ل۔ محبت کا اظہار کرنا۔ مزے میں آنا۔ بہت خوش ہونا + چنبیلی چاؤ میں آئی لڑکے بالے ساتھ لائی مثل

چاؤ نکالنا۔ ہ۔ ف ل۔ اپنی آرزو پوری کرنا۔ جی کا ارمان نکالنا۔ ہوس مٹانا +

چاہ پانی کرنا۔ ا۔ ف م۔ دستوں بارادی کے لوگوں کو چاہ کی دعوت دینا +

(خانساماں یا بہرا لوگ بولتے ہیں)

چائیں چائیں مچانا۔ یا۔ لگانا۔ ف م۔ غل مچانا۔ بیہودہ گوئی یا بک بک کرنا

چپا چپا کے باتیں کرنا - ہ - ف م - (۱) آدھی آدھی بات مُنہ سے نکالنا + مُنہ میں بولنا - صاف صاف نہ بولنا + (۲) طنز آمیز باتیں کہنا - گول گول باتیں کرنا - معمّہ میں کسی کو بُرا کہنا - لاگ لپیٹ کی باتیں کرنا + (۳) غرور کے ساتھ اکڑ اکڑ کے بولنا +

چپڑ چپڑ باتیں کرنا - ہ - ف م - بے سوچے سمجھے گفتگو کرنا - بغیر ادب و لحاظ کے باتیں کرنا بک بک کرنا یا وہ گوئی کرنا +

چبوترہ بندھنا - ہ - ف ل - (بازاری) حاملہ ہونا - ڈھینڈا یا منڈتی چھوٹنا

چبوترے چڑھانا - ہ - ف م - (عو) (شروع انگریزی عملداری میں صرف چبوترے پر تھانہ یا کوتوالی رہا کرتا تھا) اسی سبب سے کوتوالی چبوترے پر بٹھانا - پولیس تک نوبت پہنچانا - کوتوالی میں خبر کر دینا +

چبھتی بات کہنا - چبھتی کہنا - ہ - ف ل - ایسی بات کہنا جو دوسرے کے دل کو ناگوار معلوم ہو - وہ بات کہنا جو دوسرے کے دل میں چبھے - چُبتے یا بھید کی بات کہنا +

چبھ جانا - ہ ف ل - اثر کرنا - مؤثر ہونا - دل پر چوٹ سی لگنا - کھب جانا +

چپاتی ساپیٹ - ہ - اِسم مذکر - نہایت ملایم اور پتلا پیٹ +

چپت گاہ - ا - اِسم مذکر - کاسہ سر - سر - ٹانٹ +

چُپ چاپ - ہ م ف (۱) - خاموش چُپ - گم چُم - مُنہ کو سیے ہوئے + (۲) بغیر کسی کے خبر کیے - آہستہ آہستہ +

چُپ چھنال - ہ - صفت - (اصل میں چھی ہوئی چھنال) (۱) وہ فاحشہ عورت جو بظاہر پاکدامن ہو + (۲) گربہ مسکیں - بظاہر غریب - بڑا حرامزادہ +

چپچپ سا مُنہ نکل آنا - ہ - ف ل - مُنہ کا سُوت جانا - نہایت لاغر یا دُبلا ہو جانا +

چپڑا چپڑا کر باتیں کرنا - ہ - ف م - چند را چند کر باتیں کرنا - اصلی بات کو چھپا کر باتیں بنانا +

چپڑا لینا - ہ - ف م - ٹکرا لینا - جُھوٹا کر دینا - چندرانا +

چپڑقناتیا - ا - صفت - خوشامدی - پاجی - سفلہ - کمینہ - رذیل +

چپڑی اور دو دو - ہ - محاورہ - گھی سے چپڑی ہوئی روٹی اور پھر ایک

چھوڑ دو۔ دوھرا فائدہ۔ ڈگنا فائدہ یا نفع
سراسر اوت +

چپڑی چپڑی۔ یا چکنی چپڑی باتیں ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ سنت اور خوشامد کی باتیں
لگاوٹ کی باتیں۔ میٹھی میٹھی باتیں +

چپک جانا ہ۔ ف ل۔ کسی عورت سے اٹ سٹ یا دوستانہ ہو جانا۔
آشنائی ہو جانا +

چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت نادم اور پشیمان ہونا
منہ نہ دکھانا +
اور جو ہو تو پھر نہ بات کرے۔
چپنی بھر پانی لیکے ڈوب مرے + (مشوق)

چپ ہو جانا ہ۔ ف ل بند ہو جانا۔
جواب نہ دے سکنا +

چت بٹانا ہ۔ ف م۔ دھیان ٹھانا دینا
طبیعت کو منتشر یا پراگندہ کر دینا۔ دل
اُکھاڑ دینا +

چت بھنگ ہونا ہ۔ ف ل۔ طبیعت
کا ڈانواں ڈول ہونا۔ طبیعت کا اُچٹ جانا

چت پر چڑھنا ہ۔ ف ل۔ ورد زبان
ہونا۔ کسی چیز کا ہر وقت خیال رہنا +
دل پر نقش ہونا۔ کسی کی ہر دم رٹ لگ جانا

یہ کون تیرے چت پہ چڑھا ہے بتا مجھے۔ (جرات)

جرأت! کچھ اندنو نہیں تیرا منہ اُتر گیا +

چت چور ہ۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو دوسرے
کے دل کو اپنے قابو میں کر لے۔ من
ہرن۔ معشوق +
چت اس چت چور بن چت نہیں دھرتا چین۔
پیو پیو کرتے مجھے بیتت ہے دن رین + +

چت سے اُتر جانا ہ۔ ف ل۔ بھول
جانا۔ فراموش ہو جانا۔ خیال سے جاتا رہنا

چیتھڑے بینا۔ یا۔ لگنا ہ۔ ف ل۔
پھٹے پرانے کپڑے پہننے لگنا۔ نہایت
غریب ہو جانا + چار ہی دنیں چیتھڑے لگ گئے

چت ہو جانا ہ۔ ف ل۔ (۱) پچھڑ جانا
+ (۲) مات کھانا۔ ہار جانا + (۳) بیہوش
یا مدہوش ہو جانا۔ نشہ ہو جانا + وہ تو
چارپائیوں ہی میں چت ہو گیا + (۴) مر جانا
فوت ہونا +
ایک نشہ میں چار کبوتر چت ہو گئے

چٹا پٹی ہونا ہ۔ ف ل۔ (۱) کثرت
سے موتیں ہونا۔ تڑا بھڑی ہونا۔
چلا چلی کا بازار گرم ہونا + آجکل بڑی
چٹا پٹی ہو رہی ہے بھگوان ہی بچائے تو
بچے تو +

چٹاخ چڑیا - ہ - اسم مؤنث - عورت بڑی حرّاف اور چالاک عورت - مکار عورت +

چٹ پٹ ہونا - ہ - ف ل - جلدی سے مر جانا - فراق پڑا تو مر جانا - پٹکا نہ کھانا + گرمی ایسی کہ پھر نہ لی کروٹ - (جانفشا) کیسی دو دن میں ہو گئی چٹ پٹ +

چٹ پٹ ہو جانا - ہ - ف ل - متفرقات میں صرف ہو جانا - اٹھ جانا خرچ ہو جانا +

چٹخ جانا - ہ - ف ل - (صحیح - چٹک جانا) (۱) دفعۃً جدا ہو جانا - چل دینا - کافور ہو جانا + (۲) دوستی جاتی رہنا - یاری گٹ ہو جانا +

چٹ کر جانا - ہ - ف ل - (۱) کھا جانا نگل جانا - ہضم کر جانا - اڑا جانا + (۲) ضایع کر دینا - اڑا دینا - لٹا دینا + سارا روپیہ چار ہی دن میں چٹ کر گیا +

چٹکلا چھوڑنا - ہ - ف ل - کوئی نئی بات جی سے گھڑ کر بیان کرنا - گپ اڑانا - لطیفہ بیان کرنا - تمسخر کی بات کہنا + روز ایک نہ ایک چٹکلا چھوڑ جاتا ہے +

چٹکی لگانا - ہ - ف م - (۱) پتے کے کناروں کو چٹکی کے ذریعہ سے موڑ دینا دونا بنانا + (۲) (چٹکی چڑھانا) روپیہ کو بیچ انگلی پر رکھکر اور انگوٹھے سے اچھالکر اسکی آواز سے اسکا کھوٹا کھرا آزمانا - روپیہ کو پرکھنا + (۳) کپڑا چھانٹنا + (۴) چٹکی کے ذریعہ سے جیب کترکر مال و متاع نکالنا + جامع مسجد کے شہدے چٹکی لگانے میں اُستاد ہیں +

چٹکی لینا - یا - بھرنا - چٹکیاں لینا ہ - ف م - (۱) دونو پوروں سے کسی کے جسم کے گوشت کو دبانا یا بھینچنا + (۲) عو - رمز پھینکنا - کسی کی نسبت اشارۃً ایسی باتیں کرنا جو اُس کو ناگوار گذریں - طعنے دینے + (۳) کسی امر کے ظاہر کرنے کو در پردہ منع کرنا +

چٹکی مارے لہو ٹپکتا ہے - ہ - محاورہ - بدن کی ایسی حالت ہونی ہے کہ اگر اسمیں ایک چٹکی لو تو خون ٹپکنے لگے - نہایت سرخ و سفید بنا ہوا ہے - لال انگارا سا ہو رہا ہے - چقندر سا بنا ہوا ہے +

چٹکی میں - چٹکی بجاتے میں - ایک چٹکی میں - ہ - م ف - آناً فاناً میں

تھوڑی سی دیر میں۔ چٹ پٹ۔ فوراً بہت جلد۔ پل مارتے میں +

چٹکیوں میں اڑانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی کی باتوں کو خیال میں نہ لانا اور ہنسی میں ٹال دینا۔ کسی کے کہنے کی کچھ پروا نہ کرنا۔ ہنسی اڑانا +

(۱) اڑایا جیسا تو نے چٹکیوں میں اسکو اسی قابل

(۲) یہ زخم دل بھی ہنسکر منہ چڑاتا ہے مکدان کا +

(۲) پھولوں کے دل سے پوچھئے بلبل کا زمزمے

مجھوں نے چٹکیوں میں اڑایا تو کیا ہوا +

(۲) کسی کام کو چٹکی بجاتے میں پورا کر دینا۔ کسی کام کو بہت جلد کر لینا +

اسکو تو میں چٹکیوں میں اڑا دیتا ہوں +

چٹکیوں میں کام ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ اشارہ کے ساتھ کام پورا ہونا۔ بات کہتے میں آسانی سے کام ہو جانا +

چٹنی کر جانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) جلدی سے نگل جانا۔ بہ آسانی کھا جانا۔ جلد خرچ کر دینا۔ چٹ کر جانا + (۲) کچھ حقیقت نہ سمجھنا۔ ادنی سمجھنا +

چٹنی کر ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ چٹنی کی طرح پیس ڈالنا۔ چورا چورا کر دینا +

چٹنی ہو جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ بہت جلد خرچ ہونا۔ کسی چیز کا جلدی سے کام میں آجانا۔ فی الفور ختم ہو جانا +

چٹھا باندھنا۔ یا۔ کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) تکدمہ یا اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا + (۲) چندہ کرنا۔ بہری کرنا۔ باچھ ڈالنا +

چٹھا بانٹنا ۔ ہ۔ ف م۔ نوکروں کی تنخواہ تقسیم کرنا +

چٹیا ہی سے جاتا ہے ۔ ہ۔ محاورہ ہ۔ یعنی بچپن ہی سے جانہاروں نے سے کام کرتا ہے۔ مرتے جوگے کام کرتا ہے +

چٹے بٹے لڑانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مداری کا گولیوں کو ہار بار پیالوں کے نیچے رکھکر نکالنا + (۲) دو شخصوں کو ابھار دینا۔ ادھر کی اُدھر لگانا۔ لگائی بجھائی کرنا +

چٹی بھرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ دنہ بھگتنا + عوض دینا۔ نقصان اٹھانا یا سہنا جبر نقصان دینا +

نائی خشم کرے دھوبی چٹی بھرے + مثل

چٹیا بنانا ۔ ہ۔ ف م۔ ٹھیک بنانا۔ سزا دینا۔ درست کرنا +

چڑی ہو کر لپٹنا۔ یا۔ چمٹنا ۔ ہ۔ ف ل۔

جونک کی طرح لپٹ جانا۔ پیچھے جھاڑ کر پیچھے پڑنا۔ کسی کام کے سر ہونا۔ ہمہ تن مصروف ہونا +

چراغ بتی کرنا۔ ا۔ ف م۔ کسی پیر یا ولی اللہ کے مزار پر چراغ وغیرہ روشن کرنا۔ چراغی کرنا۔ چراغ چڑھانا جوت بتی کرنا +

چراغ بتی کے وقت۔ چراغ جلے۔ ا۔ م ف۔ دیئے بتی کے وقت۔ دیئے جلے۔ سرے شام۔ سہی سانجھ +

چراغ بڑھانا۔ چراغ کو ہاتھ دینا

چراغ ٹھنڈا۔ خاموش۔ یا گل کرنا

ا۔ فم۔ چراغ کی روشنی کو بجھانا۔ دیا بجھانا +

چراغ پا ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا + الف ہو جانا + (۲) اوندھا ہو جانا۔ پیٹھ کے بل گر پڑنا + (۳) خفا ہونا۔ چین بجبیں ہونا +

چراغ رخصت ہونا۔ ا۔ ف ل چراغ بجھنا۔ دیا ٹھنڈا ہونا +

چراغ سحری۔ ف۔ صفت۔ قریب المرگ۔ جاں بلب + دیکھو (ترکا ڈویا) ٹمنگ میر جگر سوختہ کی جلد خبر لے + کیا بار بھروسہ ہے چراغ سحری کا +

چراغ سے چراغ جلتا ہے۔ ا۔ محاورہ۔ دنیا کا یہی دستور ہے کہ ایک سے دوسرے کو فائدہ پہنچتا ہے + ایک شخص سے دوسرے شخص کو فیض پہنچتا ہے +

چراغ کے تلے۔ یا۔ نیچے اندھیرا

ا۔ محاورہ۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص دور کا انصاف کرے اور پاس کے ظلم کی خبر نہ لے +

چراغ لیکر ڈھونڈنا۔ ا۔ ف م نہایت جستجو کرنا + از حد تلاش کرنا + چھان مارنا + چراغ لیکے ڈھونڈو گے تو (نا) آدمی نہیں ملیگا +

چراغ میں بتی پڑنا۔ ا۔ ف ل + چراغ جلنے کا وقت ہونا۔ دن ختم ہونا۔ شام ہونا + چراغ میں بتی پڑی اور لاڈو میری سیج چڑھی + مثل +

چراغ ہنسنا۔ ا۔ ف ل۔ چراغ میں سے پھول جھڑنا۔ چراغ کا شرر افشاں ہونا +

(اور میں اس کو عمدہ شگون خیال کرتی ہوں)
میں جو شہید ہوں لب خنداں یار کا۔
کیا کیا چراغ ہنستا ہے میرے مزار پر + (داغ)

چراغ ہو جانا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) روشن ہو جانا۔ جل جانا۔ آگ لگ جانا + جس گھر میں ہو گل چراغ ہو جائے۔
جس کف میں ہو گل وہ داغ ہو جائے + (گلزار نسیم)
(۲) بجھ جانا۔ گل ہو جانا +

چرب زبانی کرنا ۔ا۔ ف م۔ چکنی چپڑی باتیں بنانا۔ چاپلوسی یا خوشامد کرنا۔ لگو پٹو کرنا +

چرب کر لینا ۔ا۔ ف م۔ (حکیم)۔ تھوڑے گھی میں بھون لینا +

چرب ہو جانا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) بھن جانا + (۲) تیز یا ہشیار ہو جانا +

چربانک ہونا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) تیز و طرار ہونا۔ ہوشیار ہونا + (۲) گستاخ یا شوخ چشم ہونا +

چر جانا ۔ہ۔ ف م۔ (۱) کھا جانا۔ نگل جانا + (۲) سکھا دینا۔ بہت ہی دبلا کر دینا۔ کام تمام کر دینا +
اسے بیماری چر گئی اب کیا بچیگا +

چرخا پونی کرنا ۔ا۔ ف ل۔ (ع)
(۱) چرخہ کاتنا + (۲) چرخہ کاتکر اپنا گزارہ کرنا +

کر چرخہ دو پونی جو میں پیدا کروں چونی۔
کھا جائے ہے یہ بھوک رکھے سیل دونی + (سودا)

چرخا ہو جانا ۔ہ۔ ف ل۔ (۱) بڈھا پھونس ہو جانا۔ تھک جانا +

چرخ چڑھانا ۔ا۔ ف م۔ (۱) تیز کرنا + (۲) پرانے برتنوں کو خراط پر چڑھا کر نیا سا کر دینا +

چرخ سے مہتاب توڑ کر لانا ۔ا۔ ف م۔ عیاری کرنا۔ انوکھی بات کرنا۔ آسمان کے تارے توڑنا +
چرخ سے توڑ کے مہتاب سمجھا لاتی ہوں۔
کام بگڑے ہوئے دم بھر میں بنا لاتی ہوں + (صفدر)

چرخے کی مال ۔ا۔ محاورہ۔ (۱) الاغر۔ دبلا۔ کمزور۔ سوکھیا + (۲) مصیبت زدہ۔ آفت رسیدہ۔ پھر نیوالا +
پیسہ ہی رنگ و روپ ہے۔ پیسہ ہی مال ہے۔
پیسہ نہ ہو تو آدمی چرخے کی مال ہے + (نظیر)

چرغم چرغم کرنا ۔ا۔ ف ل۔ آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔ کسی کا چرچا کرنا کانا پھوسی کرنا۔ کھسر پھسر کرنا +

چرک دھانس میں رہنا ۔ہ۔ ف ل۔

ہمیشہ کسی نہ کسی مرض میں مبتلا رہنا۔ ہمیشہ کوئی نہ کوئی بیماری پیچھے لگی رہنا +

چڑچڑا ہو جانا - ہ - ف ل - بیماری کے باعث بدمزاج ہو جانا - مزاج بگڑ جانا - چڑانڈہ ہو جانا - سہار نہ رہنا +

چڑھا چاند - ہ - اسم مذکر - مہینے کا شروع مہینے کی شروع تاریخیں - پھلا پندھرواڑہ جھومر کا نظر سر پہ تیرے ابتو پڑا چاند - (ذوق)

تھا وہ اک چڑھے چاند کا - لا بوسہ چڑھا چاند +

چڑھاوے بڑھاوے دینا - ہ - ف م - آسمان پر چڑھانا - تعریف کر کے اپنا مطلب نکالنا +

چڑھے چاک چاہے سوا تار لو - ہ - محاورہ - جب کام جاری ہے اُسوقت چاہے جو کچھ کر لو - حکومت کے وقت سب کچھ ہو سکتا ہے + بنی میں جسکے ساتھ چاہو سلوک کر لو +

چڑیا - یا - چڑی لڑانا - ہ - ف م - لڑائی کرا دینا + دیکھو (آگ لگا دینا نمبر)

چسکا پڑنا - لگنا - یا - ہو جانا - ہ - ف ل - (۱) ذایقہ مُنہ کو لگنا - مزہ پڑنا + (۲) عادت ہو جانا - لت پڑ جانا - دھت ہو جانا +

(۱) بیٹھے بیٹھے آپ سے کر بیٹھتا ہوں کچھ گناہ - پاؤں پڑنے کا جو اُسکے مجھکو چسکا ہو گیا + (جرأت)

(۲) سجن نہیں ہے میرے بس کا - میں کیسے برجوں اُنہیں پڑا پرنا ری کا چسکا +

چشم و ابرو سے جان لینا - ا - ف ل - آنکھوں سے دل کا منشا دریافت کر لینا - اشارہ سے دل کی بات سمجھ جانا +

چشم بد دُور - ف - نداوندیہ - تجھکو کسی کی چشم بد کی نظر نہ لگے - تو چشم بد سے امن میں رہوے - تجھے کسی کی نظر نہو +

(۱) چشم بد دور آنکھیں موتی چور +

(۲) چشم بد دور میری آنکھوں میں - تم ہی بانکے ہو سارے بانکو نہیں +

چشم بیمار - ف - اسم مذکر - نشیلی آنکھ - خمار آلودہ یا متوالی آنکھ + (معشوق کی آنکھوں کی تعریف میں بولا کرتے ہیں) +

چشم پوشی کرنا - ا - ف م - ٹال جانا + مُنہ پھیر لینا - درگزر کرنا - جانے دینا - اغماض کرنا - طرح دے جانا +

چشم زخم - ف - اسم مؤنث - پُر اثر نگاہ موذی نظر - کٹیلی آنکھ +

چشمک ہو جانا - ا - ف ل - ہلکی رنجش

ہو جانا۔ شکر رنجی ہو جانا۔ منچلی ہو جانا +

چشم نمائی کرنا۔ ا۔ ف م۔ سرزنش کرنا جھڑکنا۔ تنبیہ کرنا + دیکھو (آنکھ دکھانا نمبر ۲)

بند آنکھیں کئے جاتا ہے کدھر تو کہ تجھے۔
ہے تیرا نقش قدم چشم نمائی کرتا + (ذوق)

چقند رہنا۔ چقند رسا بن رہا ہے۔ ا۔ محاورہ۔ سرخ و سفید ہو رہا ہے۔ چٹکی مارے لہو ٹپکتا ہے۔ لال انگارا بنا ہوا ہے۔ موٹا تازہ ہو رہا ہے۔ ہٹا کٹا یا تندرست ہے +

چکر دینا۔ ا۔ ف م۔ پھرانا۔ پھیر کے راستے لیجانا۔ پھیر دینا۔ حیران و پریشان کرنا +

چکر کھانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) پھرنا۔ گھومنا + (۲) پھیر کھانا۔ دور کے رستے جانا + (۳) آوارہ پھرنا۔ مارے مارے پھرنا (۴) بازاری۔ فریفتہ یا عاشق ہو جانا +
یہ اُسی رنڈی پہ چکر کھاتے پھرتے ہیں +

چکر لگانا۔ ہ۔ ف ل۔ گشت کرنا۔ گھومنا پھرنا + کہو صاحب! کہاں کا چکر لگا آئے +

چکر مکر لگانا۔ ا۔ ف م۔ فریب یا دھوکا دینا۔ حیلہ و حوالہ کرنا۔ مکر و فریب کرنا +

چکر میں آنا۔ ا۔ ف ل۔ مصیبت میں پھنسنا۔ آفت میں مبتلا ہونا۔ دقت میں گرفتار ہونا +

چکر میں ڈالنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) مغالطہ یا دھوکہ دینا۔ گمراہ کرنا۔ بھٹکانا + (۲) دقت میں پھنسانا۔ مصیبت میں گرفتار کرنا +

چکما اُٹھانا۔ یا۔ کھانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) دم یا چال میں آجانا +
میں بڑا چکما کھا گئی افسوس۔
جو تیرے جُل میں آگئی افسوس + (ذوق)
(۲) نقصان گوارا کرنا۔ زک اُٹھانا +

چکما چلنا۔ یا۔ دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) فریب دینا۔ جُل دینا + (۲) نقصان پہنچانا +

چکنا چُپڑا رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ چھیل چھینٹ یا چھیلا بانکا بنا رہنا۔ بنا سنورا رہنا۔ عمدہ پوشاک پہنے رہنا +

چکنا گھڑا۔ ا۔ ہ۔ صفت۔ (چکنے برتن پر پانی کی بوند پڑتے ہی ڈھلک جاتی ہے) اسی سبب سے وہ آدمی جسکو کہنے کا اثر نہو۔ بڑا بے شرم۔ بے غیرت۔ بیحیا۔ نلجا +
ایسا بھی بے حیا نہیں دیکھا۔ (شوق)
ایسا چکنا گھڑا نہیں دیکھا +

چکنی چپڑی باتیں کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) سخنان دلفریب کہنا ۔ خوشامد و تملق کی باتیں کرنا + (۲) دھوکے یا کپٹ کی باتیں کرنا +

چکھا چکھی کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ ایک دو نوالے کھا لینا ۔ ذرا سنہ بٹال لینا + تھوڑا سا کھانا ۔ کچھ کھانا نہ پینا خالی نام گنانا +

چکھ ڈالنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ روپیہ کو اُڑا دینا یا برباد کرنا ۔ گلچھرے اُڑانا ۔ سب مال و متاع کھا پی ڈالنا +

(نظیر) دل کی خوشی کی خاطر چکھ ڈال مال دھن کو ۔
گر مرد ہے تو عاشق کوڑی نہ رکھ کفن کو ۔

چکھوتیاں کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بازار کے سودے سلف کھانا ۔ دونے اُڑانا چٹورپن کرنا ۔ مال چکھنا +

چکی پیسنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسی کام کو عرصہ تک کئے جانا +

چکی جھونا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) اناج پیسنے کے لئے چکی چلانا + (۲) طول طویل قصہ چھیڑ دینا ۔ بحر طویل شروع کر دینا ۔ داستان یا قصہ نا تمام نا +

چکی کا پیسنا ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ نہایت محنت اور مشقت کا کام ۔ وہ کام جسمیں چکی کے پیسنے کی طرح جی جان ماری جائے اور یافت کم ہو ۔ محنت مزدوری +

چل اُٹھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) سلسلاہٹ ہونا ۔ کھجلی معلوم ہونا ۔ کھاج مارنا + (۲) خواہش نفسانی کا غلبہ ہونا + (۳) نچلا نہ رہنا ۔ کوئی نہ کوئی چیز بھیجے چھیڑنا ۔ چھیڑ چھاڑ کرے چلے جانا +

چلا کھینچنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ ایک گوشہ میں بیٹھکر چالیس دن تک عبادت کرنا +

کہاں ابر و میرے گھر کبوں نہ آئے ۔
کہ جسکے واسطے کنجیں ہیں سیتے +

چل بچل پڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کھل بلی مچنا ۔ ہنگامہ برپا ہونا ۔ بے انتظامی پھیل جانا ۔ ہل چل پڑنا +

مجلس میں چل بچل یہ پڑی تب خبر پڑی ۔ نظیر

چل بسنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ مرنا ۔ انتقال کرنا ۔ کوچ کرنا ۔ ہو چکنا ۔ سدھارنا +

(۱) چل بسے جو مجھے مسلماں کام کے ۔
رہے باقی مسلماں نام کے +

(۲) یا ذات میں کہائے ۔ نامی ۔ اصیل ۔ ذاتی ۔ جمشید فرکے پوتے ۔ نوشیرواں کے نواسے تھے آپ مثل بڈھا اور فوج تھی براتی ۔ جب چلا سے تو کوئی کا سنگ تھا نہ ساتھ

ملک ومکاں - خزانہ - لشکر ہوا تو پھر کیا + نظیر +

چل پڑنا - ہ - ف ل - (۱) روانہ ہونا - شروع ہونا + (۲) بازار میں آجانا + بکنے لگنا + اب تو انار چل پڑے + (۳) رواں ہونا - بُرش میں آنا - کاٹ کرنا - خرمن آسا جل گیا انبوہ خصم - چل پڑی جو اُسکی تیغ برق تاب + (میر)

چلتا چھپر - ہ - اسم مذکر - (فقیر) چھپر ی - چھاتا +

چلتا سماں - ہ - اسم مذکر - (۱) بڑھاپے کا وقت - عالم ضعیفی + اب ہمارا تو چلتا سماں ہو یہ لڑکے بالے سنبھل جاویں تو اچھا ہے + (۲) اسودگی کا زمانہ - مرفہ الحال +

چلتا کرنا - ہ - ف م - (۱) روانہ کرنا - ارسال کرنا - بھیجنا + (۲) مار ڈالنا - قتل کرنا - ہلاک کرنا + (۳) شروع کرنا - آغاز کرنا + (۴) کارروائی کے قابل کرنا + (۵) کسی کا کام نکال دینا - کارباری کرنا + (۶) تیز کرنا - دھار رکھنا +

چلتا ہُوا - ہ صفت - (۱) پُراثر - مؤثر - کارگر + چلتا ہوا تعویذ سمجھ نقش درم کو + (۲) (چلتا پرزہ) چالاک - فطرتی - عیار - تیز دست + یہ بڑا چلتا پرزہ ہے +

چلتے بیل کے آر لگانا - یا - **چُبھونا** - ہ - ف م - کام کرتے کراتے آدمی کو تنگ کرنا - ناحق کسی کو تنگ کرنا +

چلتے پھرتے - چلتے ہاتھ پاؤں - ہ - م ف - جنگ، ہاتھ پاؤں بخوبی چل سکیں اور کسی کا محتاج نہو - تندرستی کی حالت میں + مجھے تو ناراین چلتے ہاتھ پاؤں اُٹھالے تو اچھا ہے + (ہندو دُکھیا عورت کہتی ہے)

چلتے پھرتے مزار آؤ - ا - ندا و ندبہ - اب تو ٹھہلو جب ہم مرجائینگے اُسوقت ہمارے مزار پر آنا - دور ہو - صورت نہ دکھاؤ - دفع ہو +

چلتے پھرتے نظر آؤ - ا - ندا و ندبہ - دور ہو - لمبے بنو - ہوا کھاؤ - ٹہلو - چلدو چھٹکو کے حوالے +

چلتی دُکان - ا - اسم مؤنث - وہ دکان جسپر خوب بکری ہو +

چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا - ہ - ف م - جاری کام کو روک دینا + بنے بنائے کام میں خلل ڈالنا +

چلتی ہوا سے لڑتی ہے - ا - محاورہ خواہ مخواہ لڑائی مول لیتی ہے - بڑی لڑاکا ہے - بڑی کرکسانا رہے +

چل جانا - ہ - ف ل - مسک جانا پھٹ جانا + عریاں تنی کی شوخی سے دیوانگی میں میرا (میر) مجنوں کے دشت خار کا دامن بھی چل گیا +

چل چخے ہ ندا و ندبہ - دور ہو مسخرے - ! چل نکوڑے ! - مجھسے باتیں نہ اب زیادہ بنا - چل چخے بھر دوے ! حواس میں آ + شوق

چل چلاو - ہ - اسم مذکر - روا روی - کوچ بجانب عدم - چلا چلی + ساقیا گو لگ رہا ہے چل چلاؤ - جبتلک بس چلے ساغر چلے + (درد)

چلدینا - ہ - ف م - (۱) کافور ہو جانا - رفو چکر ہو جانا - فوت ہونا - مر جانا +

چلم چیٹ - ہ - اسم مذکر - وہ شخص جو کثرت سے حقہ پیئے - حقہ کا دھتیا +

چلمیں بھرنا - چلمو نیر آگ رکھنا - ہ - ف م - ادنی یا ذلیل کام کرنا - غلامی کرنا - خدمت یا خدمتگاری کرنا + کیا تاب دل جاوں سے جو برق لاگ رکھے - (درد) دوزخ بھی ہو تو ان کی چلموں پر آگ رکھے +

چلن سے چلنا - ہ - ف ل - کفایت شعاری سے گزارنا - میانہ روی سے چلنا +

چل نکلنا - ہ - ف ل - (۱) رواں یا جاری ہو جانا - روانہ ہو جانا + (۲) پڑھنے لکھنے کے قابل ہو جانا - کسی کام کا بوجھ سہارنے کے قابل ہو جانا + (۳) اترانا - اپنے مرتبہ و حیثیت سے بڑھکر کوئی کام کرنا - بڑھ چلنا - پر پرزے نکالنا + (نکہت) مگر کہوں ٹھہرو تو فرماتے ہیں ہنس بیٹھے ہو ساتھ چل نکلوں تو کہتے ہیں کہ چل نکلے ہیں آپ (۴) حد ادب سے پاؤں باہر نہ رکھنا + (۵) آگے بڑھ جانا - سبقت لیجانا + ترقی کر جانا +

چلو بھر پانی میں ڈوب مر - ہ - محاورہ - (ہندو) ڈوب مر - غارت ہو - منہ نہ دکھا +

چلو چلو سا دھنا - ہ - ف م - (۱) تھوڑا تھوڑا کر کے پینا - تھوڑی سی مقدار کے ہضم کرنیکی عادت ڈالنا + چلو چلو سا دھیگا تو لوٹے بھر پر آویگا مثل (۲) تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرنا + چلو چلو سا دھیگا تو دوارے ہاتھی باندھیگا مثل

چلولینا - ہ - ف م - (ہندو) کھانا کھانیکے بعد منہ کو پانی سے صاف کرنا - کلی کرنا - آچمن کرنا +

چلّو میں اُلّو ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ تھوڑی سی بھنگ میں بدمست یا متوالا ہونا ۔ ایک پیالی میں مست ہو جانا ۔ چلّو میں اُلّو اور لوٹے میں کڑگپ ۔ مثل

چمار چودس مچانا ۔ یا ۔ کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) چماروں کی طرح چودس کا تہوار جو کبھی کبھی آتا ہے دھوم دھام سے منانا ۔ (۲) شور یا غل غپاڑا مچانا ۔ کائیں کائیں کرنا ۔

چمپت ہونا ہ ۔ ف ل ۔ (سں چم = جانا) خایب یا کافور ہونا بھاگ جانا ۔ چلا جانا ۔ اُڑ جانا ۔ چلدینا ہوا کھانا ۔

چمچمچر ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) جونک کی طرح چمٹ جانا ۔ سر ہو جانا ۔ پیچھے پڑنا ۔ لپٹ جانا ۔

تیرا یہ اختلاط جائے اُجڑ ۔ کس قدر ہے نگوڑ چمچڑ ۔ (شوق)

چمر برسے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ (لکھنؤ) جاڑے کی بارش کو کہتے ہیں ۔

چمڑی اُدھیڑنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ یہانتک مارنا کہ بدن کی کھال اُکھڑ جائے ۔ خوب مارنا ۔ کھال اُدھیڑنا ۔

چمڑے کا جہاز چلنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (بازاری) قرمساقی کا پیشہ کرنا ۔ کٹنا یا بھڑوائی کرنا ۔

چمک چاندنی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ وہ فاحشہ عورت جو زرق برق کپڑے پہنے رہے ۔ وہ عورت جو ہر وقت بنی ٹھنی رہے ۔

چمچ چور ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ لغوی ۔ چمچا چرانیوالا ۔ اصطلاحی ۔ انگریزوں کا خانساماں یا خدمتگار ۔

چموٹا ۔ ہ صفت ۔ بیوقوف ۔ احمق ۔ کوڑھ مغز ۔

چُنان چُنی کرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) باریکیاں چھانٹنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ چھان بین کرنا ۔ نقص نکالنا ۔ عیب جوئی کرنا ۔ (۲) تکرار یا بحث کرنا ۔

چُنان وچُنیں ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ تکرار ہونا ۔ بحث ہونا ۔

چنیں تونے افشاں جوائے مرجیں ہے ۔ بستاروں میں کیا کیا چناں وچنیں ہے ۔

چُنچنے لگجانا ۔ ہ ۔ ف ل (جب بچوں کی مقعد میں چُنچنے (کیڑے) کاٹتے ہیں تو انکو بڑی ہی تکلیف ہوتی ہے اور رونے لگتے ہیں) اسی

سبب سے کسی کی بات بہت بُری معلوم ہونا۔ نہایت ناگوار گذرنا طبیعت جلکر خاک ہو جانا +

چندے آفتاب چندے مہتاب ا۔ محاورہ۔ (آفتاب کا) (عو) چاند سورج جیسا خوبصورت چاند کا ٹکڑا + نہایت حسین خوبصورت

چند یہ پر ایک بال بھی نہ چھوڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ خوب مُونڈنا یا لُوٹنا۔ خوب حجامت بنانا۔ اچھی طرح مُفلس یا کنگال کر دینا +

چنگا بنانا ۔ ہ۔ ف م۔ (لکھنو) (۱) عاجز کرنا۔ تنگ کرنا + (۲) سزا دینا۔ ٹھیک بنانا۔ درست کرنا +

چنگاری ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ لڑوانا۔ لڑائی کرانا۔ فساد برپا کرانا۔ راڑ کھڑی کر دینا +

چنے سے بھُن رہے ہیں ۔ ہ۔ محاورہ ہ۔ (۱) کیسے چٹ پٹ آدمی مر رہے ہیں + (جب ایک بار میں بہت سے آدمی لڑھا جاتے ہیں تو اُنکے لئے بولا کرتے ہیں) + (۲) کیسا زور کا بخار چڑھا ہوا ہے +

چوپٹ کر دینا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) اُجاڑ کر دینا۔ ویران کر دینا + (۲) پڑھے لکھے کو بھول جانا + چار روز کا سبق ایک دن کی چھٹی میں چوپٹ کر دیا + (۳) بجھا دینا + چولھا چوپٹ کرنا + (عو)

چُوتیا بنانا ۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری) احمق بنانا۔ ہنسی اُڑانا +

چُوتیا شہید ۔ ا۔ اسم مذکر (بازاری) وہ آدمی جو کثرت جماع سے مر جاوے +

چُوتڑ پیٹنا یا۔ پیٹ لینا ۔ ہ۔ ف ل (۱) افسوس یا تاسف کرنا۔ سر پیٹ لینا + (۲) (چوتڑ بجانا) نہایت خوش ہونا۔ خوشی کے مارے اُچھلنا +

چھن پکائی چھن پکائی چھن پکے کی موری۔ سا سوئسرے چوتڑ پٹیں ہائے کھجوری تھوڑا ہی

چُوتڑ دِکھانا چُوتڑ و نیچر کھانا ۔ ہ۔ ف ل۔ بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھانا۔ شکست فاش کھانا +

چُوتڑ دُھلانا ۔ ہ۔ ف م۔ بچّہ کو آبدست کرانا +

چُوتڑو نیچر پیاز کترنا ۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری) جُل یا فریب دینا۔ دم یا دھوکا دینا +

چُوتڑوں سے کان گانٹھنا ۔

چوتڑوں سے سُپاری توڑنا۔ ہ۔ف ل۔ (عوام۔ طنزاً) کوئی انوکھی بات کرنا۔ آسمان کے تارے توڑنا + اُنہوں نے بھتیرے چوتڑوں سے کان گانٹھے کچھ بھی نہ ہو سکا +

چوتڑوں کا لہو مرنا۔ ا۔ ف ل۔ ایک جگہ جما کر بیٹھنے کی عادت ہو جانا۔ بیٹھے کی عادت ہونا۔ دبکر بیٹھنا۔ عادی ہونا درست یا ٹھیک ہونا +

چوتڑوں کے بل بیٹھ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ دیکھو (بیتدی کے بل بیٹھ جانا نمبر ۲ سے ہ +)

چوتڑوں چلنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) بچوں کیطرح چوتڑ گھسیٹ کر چلنا۔ گھسٹ گھسٹ کر چلنا + (۲) سسک سسک کر دینا +

چوٹ آنا۔ ہ۔ف ل۔ آوازہ کسنا۔ طعن و طنز کی بات کہنا۔ مُنہ آنا +

چوٹ بچانا۔ ہ۔ف م۔ صدمہ سے اپنے تئیں بچانا۔ ضرب کو خالی دینا۔ ضرب سے بچنا +

چوٹ پر چوٹ۔ ہ۔ س ف۔ دھکے پر دھکا۔ صدمہ پر صدمہ۔ ایک مصیبت کے بعد دوسری مصیبت +

کیا کہوں چوٹ پر چوٹ لگتی جاتی ہے +

چوٹ چلنا۔ ہ۔ف ل۔ آپسمیں طنز آمیز باتیں کہنا۔ رمز و کنایہ پھینکنا +

چوٹ کرنا۔ ہ۔ف م۔ (۱) حملہ یا حربہ کرنا۔ داؤں کرنا + (۲) تکلیف یا صدمہ پہنچانا۔ کاٹنا۔ ڈنک مارنا۔ ڈسنا + سانپ اور چور دیسے پہ چوٹ کرتا ہے۔ مثل (۳) جادو کرنا۔ افسوں کرنا۔ موہنا + چتون میں جادو بھرا۔ کرے الکھ میں چوٹ۔ کتنے ہی گھایل ہوئے کتنے ہی گئے لوٹ + (۴) آوازہ پھینکنا۔ طنز کرنا +

چوٹی کا۔ ہ۔ صفت۔ اُوپر کا (پھل)۔ سرے کا۔ اوّل۔ افضل۔ نہایت عمدہ +

چوٹی کی بات۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ اعلیٰ درجہ کا کلام۔ عمدہ بات +

چوٹی والا۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ (م عو)۔ بھوت پریت۔ جن۔ آسیب +

چوچی پیتا۔ ہ۔ صفت۔ لغوی۔ دودھ پیتا۔ اصطلاحی۔ (طنزاً) اُن سمجھ۔ نادان بچہ۔ بالک +

چوچیوں میں لڈو ٹوٹتے ہو۔ ہ۔ مجاوہ (چوچیوں میں لڈو یاں نہیں ہوتی ہیں صرف

لگیں ہوتی ہیں) اسی سبب سے پتھر میں سے خون نکالتے ہو۔ ناحق بالو بلوتے ہو۔ ان ہوئی بات کے لئے کوشش کرتے ہو۔ ناممکن الحصول بات کے لئے سعی کرتے ہو

چودہ بدیا ندھان ہے ۔ ہ۔ محاورہ۔ (۱) چودہ علموں میں بخوبی مہارت رکھتا ہے۔ پورا اور کامل ہے۔ عالم وفاضل ہے۔ فاضل اجل ہے + (۲) بڑا مکار و عیار ہے بڑا چالاک ہے +

چودھویں رات کا چاند ۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) پورا چاند۔ پورنماسی کا چاند + (۲) نہایت خوبصورت اور حسین آدمی +

چوراسی بھوگنا ۔ ہ۔ ف ل۔ چوراسی لاکھ جونوں یعنی قالبوں میں جانا۔ اپنے کئے کی سزا پانا۔ اپنی کرنی کا پھل پانا +

چوراہے کی ٹھیکری ۔ ہ۔ اسم مونث (بازاری)۔ (۱) زن فاحشہ کسبی + (۲) بیقدر چیز۔ وہ چیز جسکی قدر نہو اور ٹھوکروں میں پڑی رہے + تمہارے سر کی قسم۔ میاں میرا سر کیا چوراہے کی ٹھیکری ہے +

چوراہے مین ۔ ہ۔ م ف۔ سب کے سامنے۔ سربازار۔ برسربازار۔ علانیہ۔ کھلم کھلا +

چور پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چوروں کا کسی کے مکان مین نقب کرنا۔ چوروں کا کسی جگہ چوری کرنا + رات کو اُنکے مکان میں چور پڑے

چور کی ڈاڑھی میں تنکا ۔ ہ۔ محاورہ۔ (ایک دفعہ کئی آدمی چوری کی علت میں پکڑے آئے قاضی جی جب اصلی چور کے دریافت کرنے میں عاجز آگئے تو لگے کہنے "چور کی ڈاڑھی میں تنکا" یہ سنتے ہی اصلی چور اپنی ڈاڑھی دیکھنے لگا اس طرح سے قاضی جی نے چور کو پکڑ لیا) اسی سبب سے اس محاورے کو اُس موقع پر بولتے ہیں کہ جب کوئی شخص کسی نقصان رسیدہ کے بُرا بھلا کہنے پر بُرا مان جاتا ہے اور اُن تمام گالیوں کو اپنی طرف منسوب کرتا ہے

چور محل ۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) چھپا ہوا کمرہ۔ علحدہ محل + (۲) امیرون کی وہ بیوی جو اصل یا منکوحہ کے علاوہ ہو +

چوری اور سرزوری] ا۔ محاورہ۔ **چوری اور سینہ زوری**] سرکشی کے ساتھ چوری کرنا۔ چرانا اور دھمکانا۔ سینہ زوری کے ساتھ چوری کرنا +

چوری چوری۔ چوری چھپے ۔ ہ۔ ف م۔ چھپے چھپے۔ پوشیدہ طور پر +

چوری کا گڑ میٹھا ۔ ہ۔ محاورہ۔ (چوریمیں

اگر گڑ بھی ہاتھ لگ جاے تو وہ مصری سے زیادہ مزیدار لگتا ہے کیونکہ وہ گڑ مفت میں آتا ہے اور مصری پر دام خرچنے پڑتے ہیں) اسی سبب سے مفت کی چیز خواہ وہ کیسی ہی بری ہو سب کو اچھی لگتی ہے +

چوڑا ہو جانا - ہ - ف ل - تباہ یا برباد ہو جانا - دیوالہ نکلجانا - لٹ جانا +

دیکھو (**چاند نا ہو جانا نمبر ۴**)

چوڑیاں پہنانا - ہ - ف م - (چوڑیاں جو اکثر سہاگ کی علامت ہے کسی عورت کو پہنانا) اسی سبب سے - بیوہ یا رانڈ کے ساتھ بیاہ کرنا - اوڑھنا اڑھانا - پلا گھالنا +

چوڑیاں پہننا - ہ - ف ل - (۱) چوڑیاں جو سہاگ کی علامت ہے ہاتھ میں پہننا + (۲) رانڈ یا بیوہ کا شادی کر لینا دوسرا خصم کر لینا + اسنے جیٹھ کی چوڑیاں پہن لی ہیں + (۳ - طنزاً) عورت بننا - زنانہ بھیس کرنا + کچھ نہیں ہو سکتا تو بلاسے چوڑیاں ہی پہن لو + (طنزاً بیوی اپنے نکھٹو میاں سے کہا کرتی ہے)

چوڑیاں ٹھنڈی کرنا - ہ - ف م - (عو) (دستور ہے کہ عورتیں اپنے ہاتھ کی چوڑیاں جو سہاگ کی علامت ہیں خاوند کے مرنے پر توڑ ڈالا کرتی ہیں) **چوڑیاں توڑنا** منحوس کام کرنا - خاوند کا برا چیتنا +

گر کہیگی مجھ سے کچھ منہ پھوڑ کر - باجی تو پھر ٹھنڈی کر ڈالونگی میں ہاتھونکی ساری چوڑیاں + (ریگین)

چوڑے میں - ہ - م ف - دن دہارے - کھلے خزانے - برملا - علانیہ - سب کے سامنے +

چوڑے میں بٹھانا - یا - کھڑا رہنا - ہ - ف ل - (کسی چیز کے تیار ہونے یا بہم نہ پہنچنے سے کسی جگہ جانیکا ارادہ رک جانا) بڑا ہرج ہونا کاربراری ہونا +

چوڑے میں لٹ جانا - ہ - ف ل - عو - تباہ یا برباد ہو جانا +

چوزہ باز - ا - اسم مونث - وہ عورت جو نوعمر کو پسند کرے - زن فاحشہ +

چوسٹھ گھڑی - ہ - م ف - تمام دن اور رات + دیکھو (**آٹھ پہر**)

چوکا برتن کرنا - ہ - ف م - (ہندو) چولھے اور اسکے گرد کی مربع زمین کو صاف کر کے لیپنا اور برتنوں کو مانجنا +

چوکڑی بھول جانا - ا - ف ل - (۱) شکاری کے ڈر سے ہرن کا جست لگانا بھول جانا + (۲) پریشان یا حیران ہو جانا

سٹپٹا جانا۔ گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ ہوش وحواس نہ رہنا۔ سِٹّی گم ہو جانا +

چوکی بٹھانا۔ ہ۔ ف م۔ بیر۔ بٹھا دینا۔ موکّل کو کسی کے سر پر تعینات کرنا۔ جادو کی مُوٹھ مارنا۔ جادو کر دینا +

چوکی مارنا۔ ہ۔ ف م۔ محصول کی چوری کرنا +

چوکی میں رکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ حراست میں رکھنا۔ نظر بند کرنا +

چولا چھوڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ روح کا قالب عنصری سے پرواز کرنا۔ مر جانا +

چولاوے کھدوائے ہیں۔ ہ۔ محاورہ۔ (دیہات) (چولاوا بڑا گہرا کنواں) + بڑے بڑے فساد ڈالے ہیں۔ گھر کے گھر برباد یا ستیاناس کئے ہیں + تو نے سدا یہی چولاوے کھدوائے ہیں!

چولھا پھونکنا۔ ہ۔ ف ل۔ اپنے ہاتھ سے روٹی پکانا یا بنانا + اپنے ہاتھ چولھا پھونکتا ہوں تو روٹی پیٹ میں پڑتی ہے۔

چولی دامن کا ساتھ۔ ا۔ محاورہ۔ (چولی اور دامن انگرکھے کے دو جزوں کا نام ہے جو ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوتے ہیں) اسی سبب سے۔ ہر وقت کا ساتھ یا میل ملاپ۔ قریب کی دوستی یا یگانگت ہندو مسلمان کا چولی دامن کا ساتھ ہے + مثل

چولیں اکھڑ جانا۔ ہلنا۔ یا۔ ڈھیلی ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ زیادہ کام کرنے کے باعث بہت سُست ہو جانا یا تھک جانا۔ تھک کر چُور ہو جانا +

چومکھا لڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ چاروں طرف کے حریفوں کو جواب دینا۔ دلیل یا بحث میں غالب رہنا +

چومنے لایق۔ ا۔ صفت۔ (۱)۔ پیار کرنے کے قابل۔ بچّہ۔ لڑکا۔ بے ریش + (۲) ناتجربہ کار۔ اَن سمجھ +

چونا لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری) زک دینا + دیکھو۔ (ٹھوک لگانا)

چونپ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ضد ہونا اڑ ہونا + (۲) بیر یا حسد ہونا +

چونچ سنبھالو۔ یا۔ بند کرو۔ ہ۔ محاورہ۔ (بازاری)۔ زبان سنبھال کر بات کرو۔ چُپ رہو۔ خاموش رہو +

چونڈا دھولا۔ یا۔ سفید ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ بُڑھاپا آنا۔ بڈھا ہو جانا +

چونڈا نوچنا۔ یا۔ اُپاڑنا۔ ہ۔ ف م۔ پیچھے پڑ جانا۔ سر ہونا۔ لڑنا۔ جھگڑنا +

چون کا - ہ - صفت - (۱) آٹے کا بنا ہوا دو چون کے بھی بڑے ہوتے ہیں + مثل (۲) کمزور - پوچ - بودا + ایسا کیا میں چون کا ہوں +

چون کر ڈالنا - ہ - ف م - پیس ڈالنا دیکھو (آٹا کرنا)

چون نکرنا - ا - ف م - عذر کی جگہ آواز بھی نہ نکالنا - ذرا انکار نکرنا +

چون وچرا کرنا - ا - ف م تکرار کرنا - حیص بیص کرنا - حجت کرنا +

چون ہو جانا - ہ - ف ل - گل جانا + دیکھو (آٹا ہو جانا)

چونی بھوسی کھا کر گزارہ کرنا - ہ - ف ل - موٹا جھوٹا کھا کے گزر کرنا - سستا کسا کھا کے عمر ٹیر کرنا - نہایت تنگی سے اوقات بسر کرنا - تنگا ترشی سے گزارہ کرنا +

چوہے کا بل ڈھونڈتے پھرو گے - ہ - محاورہ ہ چوہے کے بل میں جا کر پناہ لوگے چھپتے پھرو گے - ابھی بھاگتے نظر آؤ گے - امن تلاش کرتے پھرو گے +

چوئے کی بات - ہ - اسم مؤنث - ضروری اور گہری بات +

چھاپا مارنا - ہ - ف م - (۱) دشمن پر رات کیوقت حملہ کرنا - شبخون کرنا + (۲) زک دینا - نیچا دکھانا + (۳) ہاتھ رنگنا مال مارنا - مزے اڑانا +

چھاپے میں چھپ جانا - ہ - ف ل - پھیل جانا - مشہور ہو جانا - رسوا ہو جانا +

چھاتیاں چڑھنا - ہ - ف ل - عو - چھاتیوں کا دودھ کی کثرت سے پھول جانا + بچے نے جو آج دودھ نہیں پیا چھاتیاں چڑھ گئی ہیں +

چھاتی اُمنڈنا - اُمگنا - یا - بھر آنا ہ - ف ل - محبت و الفت کے مارے رونیکے قریب ہو جانا - محبت کے جوش سے آبدیدہ ہونا +

پانی آئی ہیو کی چھاتی اُمنڈی جائے - (دد با)

مالا ٹوٹی انگ میں چولی تن نہ سمائے +

چھاتی بھر جانا - ہ - ف ل - (چابکسوار) گھوڑے کی چھاتی پر ورم کا ہو جانا - چھاتی بند ہو جانا +

چھاتی پر آن چڑھنا - ہ - ف ل - مارنیکو مستعد ہو جانا +

مینے جب دیکھا سر تو اُس ابرو کا خیال - لیکے خنجر میرے چھاتی پر وہیں آن چڑھا + (ذوق)

چھاتی پر بیٹھ رہنا۔ ا۔ ف ل۔ جب ہوکے اور رنجی موس کے بیٹھ رہنا۔ صبر کرنا۔ متحمل ہونا۔ صدمہ جھیلنا۔ تکلیف گوارا کرنا +

چھاتی پر جم بنکر یا ہو کر بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی سے بہت نگرانی کے ساتھ کام لینا۔ ہر وقت موجود رہنا۔ ذرا کہیں نہ ٹلنا +

چھاتی پر سانپ لوٹنا۔ ا۔ ف ل (جب سانپ کاٹ جاتا رہتا ہے تو وہ اُسکے واسطے بہت پھن مارتا اور لوٹتا ہے اسیطرح انسان موقع کو ہاتھ سے کھو کر پچھتایا کرتا ہے) اسی سبب سے۔ (۱) کسی بات کے یاد آنے سے رنج ہونا۔ افسوس ہونا پچھتانا۔ دل پر قلق گزرنا + (۲) دلمیں جلن پیدا ہونا۔ دل ہی دلمیں جلنا۔ حسد کرنا +

چھاتی پر مونگ دلنا۔ ا۔ ف م۔ کسی کے سامنے ایسی باتیں یا حرکتیں کرنا کہ جس سے اُسکو بہت رنج ہو کسی کے سامنے ناگوار حرکتیں کرنا۔ ایذا پہنچانا۔ تکلیف دینا۔ خوب اچھی طرح ستانا۔ جلانا +

سلتے ہو دکھلاتے ہیں غیروں کے گلے سے۔
کیا فراق و چھاتی پہ میری مونگ دلے سے + (اتیش)

چھاتی پکڑ کر یا مسوس کر رہجانا۔ چھاتی میں گھونسا مار کے رہجانا۔ ہ۔ ف ل۔ عو۔ دل ہی دلمیں غم کرنا بھیتری بھیتر سوچ کرنا۔ صدمے جھیلنا +

چھاتی پکنا۔ ہ۔ ف ل۔ لغوی۔ چھاتی میں زخم ہو جانا۔ اصطلاحی۔ عو۔ دُکھی ہو جانا۔ دق ہو جانا۔ ناک میں دم آجانا۔ کلیجا چھنی ہو جانا + سوت کی باتیں سُنتے سُنتے میری تو چھاتی پک گئی +

چھاتی پھٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ ناگوار گزرنا بُرا معلوم ہونا۔ دل دُکھنا + روپیہ تو اسکا اُٹھتا ہے تیرا نہ کیوں چھاتی پھٹتی ہے +

چھاتی پے بال ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ دل جُرأت سے کام لینا۔ صاحب ہمت وجرأت ہونا۔ بیوٹ ہونا + حوصلے والا ہونا +

چھاتی پیٹنا۔ یا کوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ کہرام مچانا۔ رونا۔ ماتم کرنا +

چھاتی تلے رکھنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) نہایت ہوشیاری و حفاظت سے رکھنا۔ آنکھوں کا تارا سمجھنا۔ بہت

عزیز رکھنا + اپنا مال اپنی چھاتی تلے + مثل

چھاتی ٹھکنا - ہ - ف ل - اعتبار یا یقین ہونا - بھروسہ ہونا + تمہاری چھاتی ٹھکے تو اُدھار دو +

چھاتی ٹھنڈی کرنا - ہ - ف م - عو - خوش کرنا - آرام یا سکھ دینا - تسلی و تشفی دینا +

چھاتی ٹھنڈی ہونا - ہ - ف ل - جی خوش ہونا - دل کو تسلی یا تشفی ہونا

چھاتی ٹھوکنا - جلانا - یا سلگانا - ہ - ف م - تکلیف دینا - ستانا - رنج پہنچانا - دق کرنا - دُکھی کرنا - گودنا +

چھاتی جلنا - ہ - ف ل - (۱) دل یا جی پر گرمی معلوم ہونا + (۲) حسد یا ڈاہ ہونا - ناگوار خاطر ہونا +

چھاتی چھلنی ہو جانا - ہ - ف ل - (عو - صدمہ جھیلتے جھیلتے جی دُکھی ہو جانا **کلیجہ چھلنی ہو جانا** - ہمہ تن درد کا پُتلا بنجانا + اگلے کی باتوں سے تو میری چھاتی چھلنی ہو گئی + (ہ - عو)

چھاتی دبانا - یا لینا - ہ - ف م - (ہ - عو) بچہ کا چھاتی کو مُنہ میں لینا - دودھ پینا + آج جنے کیا ہو گیا ننھا چھاتی نہیں دباتا +

چھاتی دھر - ہ - صفت - (۱) شورما سوربیر - بہادر - دلیر + (۲) تحمل - گمبھیر سہارو - بُردبار + (۳) فیاض - داتا - دانی +

چھاتی دھڑکنا - ہ - ف ل - بے جی کا کانپنا - ڈرنا - خوف کرنا +

چھاتی دینا - ہ - ف م - عو - بچہ کے مُنہ میں چھاتی رکھنا - دُودھ پلانا +

چھاتی سراہنا - ہ - ف م - کسی شخص کی جرأت یا تاب تحمل کی تعریف کرنا +

اے لالہ گو فلک نے دئے تجھکو چار داغ -
چھاتی ہیری سراہیئے ایک دل ہزار داغ +

چھاتی سے لگانا - ہ - ف م - (۱) فرط محبت کے باعث کسیکو گلے سے لگانا - پیار کرنا +

خوب دیکھا تو خوشامد کی بڑی کھیتی ہے -
غیر کیا اپنے ہی گھر بیچ یہ سکھ دیتی ہے +
ماخوشامد کے سبب چھاتی لگا لیتی ہے -
نانی دادی بھی خوشامد سے دعا دیتی ہے +

(۲) تسلی و تشفی دینا - دلاسا دینا - آنسو پوچھنا +

چھاتی کا پتھر - پہاڑ یا - سلا - ہ -

(اسم مذکر۔ (۱) بارغم واندوہ۔ صدمہ۔ آفت + (۲) عو۔ دخترغیرمنکوحہ۔ کواری لڑکی۔ سوکن +

چھاتی کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ فیاضی یا عالی ہمتی کرنا +

چھاتی کے کواڑ پھٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ عو۔ حسد یا ڈاہ کرنا۔ غیر کو دیکھکر جلنا +

چھاتی نکال کر۔ یا۔ اُبھار کر چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ اکڑ کر چلنا۔ اترانا۔ گھمنڈ کرنا +

چھاجوں پانی۔ یا۔ مینہ برسنا۔ یا۔ پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ خوب مینہ برسنا موسلا دھار مینہ پڑنا +

چھان بین کرنا۔ ہ۔ ف م۔ خوب دیکھ بھال کرنا۔ از حد تلاش کرنا۔ نہایت تجسس کرنا +

چھاں چھیلنا۔ ہ۔ ف م۔ (ہ عو) جانی دشمن ہونا۔ خون کا پیاسا ہونا +

چھان مارنا۔ چھان ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ بہت ہی ڈھونڈ بھال کرنا۔ نہایت تلاش کرنا +

چھاؤنی چھانا۔ ہ۔ ف م۔ پردیس میں مدت تک رہنا۔ بہت دنوں تک گھر سے دور رہنا +

ہے جنکی سیج سُونی اور خالی چارپائی۔
رو رو اُنہوں نے ہر دم یہ بات ہے سُنائی +
پردیسی نے ہماری اکبے بھی سُدھ نہ بھلائی۔
اکبے بھی چھاونی جا پردیس ہی بنائی +

چھایا میں آجانا۔ ہ۔ ف ل۔ بھوت پریت کا دخل ہو جانا۔ آسیب ہو جانا +

چھائیں پھوئیں۔ ہ۔ ندا و ندبہ۔ دُور پار۔ خدا نکرے + (م عو)
کبھی آفت نہ یہ اُٹھائی تھی۔
چھائیں پھوئیں میں نوج آئی تھی + (شوق)

چھپّر پر پھونس نہ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت مفلس و محتاج ہونا۔ پھٹے حالوں ہونا +

چھپّر پر رکھنا۔ ہ۔ ف م۔ الگ کرنا پرے بٹھانا۔ خاطر میں نہ لانا۔ بالائے طاق رکھنا۔ پروا نکرنا +

چھپّر پھاڑ کر دینا۔ ہ۔ ف م۔ بیوسیلے رزق کا پہنچانا جس جگہ سے امید نہ ہو اُس جگہ سے دلوانا +

چھپّر ٹوٹ پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ یکایک کسی پر مصیبت آجانا۔ دنیوی تفکرات کا سر پر آپڑنا +

چھپّر رکھنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کے سر پر بار احسان رکھنا۔ کسیکو ممنون و مرہون کرنا۔ احسانمند بنانا + دیتے ہو تم۔ لیتے ہیں وہ۔ مجھ پہ کیوں چھپّر رکھتے ہو؟ +

چھت بندھنا۔ ہ۔ ف ل۔ بادلوں کا ایک جگہ پر دیر تک ٹھیرا یا گھٹا رہنا +

چھتیسا چھتیسی۔ ہ۔ صفت۔ نہایت مکار۔ آفت زمانہ۔ فطرتی۔ چالباز۔ تیہ دتا لی

چھُٹ بھیّے۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ عوام۔ پوارج +

چھٹنکی لگانا۔ ہ۔ ف ل۔ چلدینا۔ کافور ہو جانا۔ بھاگ جانا +

چھٹے چھ ماہے۔ چھٹے چھ ماس۔ ہ۔ مرکب۔ کبھی کبھی۔ گاہے گاہے +

چھٹی کا دُودھ یاد آنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی سخت مصیبت یا محنت کے مقابلہ میں اپنا بچپن یاد آجانا۔ جرأت و دلیری جاتی رہنا۔ گھبرا جانا۔ سستی گم ہو جانا +

جانب میکدہ کیا وہ ستم ایجاد آیا۔
میکشو دودھ چھٹی کا جو تمہیں یاد آیا + (امیر)

چھٹی کا راجا۔ یا۔ رجا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) دیکھو۔ (پوتڑوں کا امیر)
(۲) لفنگا۔ غریب مفلس۔ جسم کا دلدری

چھٹی کا کھایا پیا نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ (چھٹی کے زمانے میں زچہ نے جو کچھ مال چٹ کئے تھے اور اُن سے جو بچہ میں طاقت آئی تھی وہ تک نکال دینا) + نہایت سخت سزا دینا خوب پیٹنا۔ مارتے مارتے پلتیھن نکالدینا بیدم کردینا +

چھٹی کا کھایا پیا نکل جانا۔ ہ۔ ف ل بہت بیمار رہنے سے تمام طاقت کا نکلجانا۔ قے یا دستوں کی کثرت سے بہت کمزور ہو جانا اتنے دست آئے کہ سارا چھٹی کا کھایا پیا نکل گیا +

چھٹے ہُوئے ہیں۔ ہ۔ محاورہ۔ پاک شہدے ہیں۔ بڑے بدمعاش ہیں +

چھچھڑے بکھیرنا۔ ہ۔ ف م۔ خوب پیٹنا + دیکھو (تھور کردینا)

چھچھوندر چھوڑنا۔ ہ۔ ف م۔ لڑائی کروا دینا۔ فساد ڈلوانا۔ کان بھر دینا +

چھچھوں میں گزرنا۔ ا۔ ف ل۔ عیش آرام سے گزرنا۔ مزے سے دن کٹنا + عیش و عشرت سے کٹتی تھی اوقات۔
چھچھوں میں گزرتے تھے دن رات + (شوق)

چھڈا اُتارنا۔ ہ۔ ف م۔ گلہ یا بوجھ اُتارنا اُلا بنا دور کرنا +

چھڈا رکھنا۔ ہ۔ ف م۔ الزام یا تہمت

لگانا۔ متہم کرنا +

چھرّا اُڑانا ۔ ہ۔ ف م۔ (نشے باز) مدک پینا +

چھرّا چلنا ۔ ہ۔ ف ل ۔ (۱) باہم طنز آمیز گفتگو ہونا۔ ایک دوسرے پر پھبتیاں کہنا مذاق کی بوچھاڑ ہونا + (۲) مدک پینا +

چہرہ اُتر جانا ۔ ا۔ ف ل ۔ اُداسی چھانا۔ مُنہ زرد ہو جانا +

چہرہ پر مہتاب چھوٹنا ۔ یا۔ ہوائیاں اُڑنا ا۔ ف ل۔ چہرہ زرد ہونا۔ نہایت رنج ہونا +

مضطرب جو ہوا دل بیتاب ۔
چہرے پر چھوٹنے لگی مہتاب + (صفدر)

چہرہ کی لینا ۔ ہ ۔ ف ل۔ اپنے مُنہ کو بگاڑ کر دوسرے کی طرف دیکھنا۔ مُنہ بنانا یا چڑانا +

چہرہ لکھنا ۔ ا۔ ف م ۔ (۱) کسی شخص یا مکان کی شکل وغیرہ لکھنا۔ حلیہ لکھنا + (۲) رجسٹر میں نام داخل کرنا۔ بھرتی کرنا

چہرہ ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ رجسٹر میں نام درج ہونا۔ حلیہ لکھا جانا۔ بھرتی ہونا +

چھری بند بھائی ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ قصائی قصاب۔ بوچڑ۔

چھری پھیرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ذبح کرنا۔ حلال کرنا +

ذبح کرنے کو میرے پوچھتے کیا ہو تکبیر
تم چھری پھیرو ہو نام خدا کا لیکر + (ذوق)

(۲) رنج و تکلیف پہنچانا۔ غریب کو ستانا ظلم کرنا +

چھری تلے دم لو ۔ ا۔ محاورہ۔ تکلیف کی حالت میں صبر کرو۔ برداشت کرو دم لو + آتے جاتے ہیں لوگ ٹھیرو تو۔ (شوق) جلدی کیا ہے چھری تلے دم لو +

چھری تیز ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ ظلم و ستم ہونا۔ تکلیف سہنا۔ ستایا جانا +

سچ ہے چھری غریب پہ ہوتی ہے سبھی تیز۔
چھیڑا صبا نے زلف کو مجھ پر عتاب ہے + (سرشار)

چھری چلنا ۔ ہ۔ ف ل ۔ (۱) تلوار چل جانا۔ لڑائی ہو جانا + (۲) ذبح ہو جانا مارا جانا۔ حلال ہونا۔ صدمہ پہنچنا +

نگاہ یاس کی جسدم چھری چل دم نزع۔
تڑپ گئے وہ غنی مرغ نیمجاں کی طرح + (غنی سرشار پوری)

چھری کٹاری ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چھری کٹاریوں سے لڑنا۔ لڑائی لڑنا (۲) سخت یا جانی دشمنی ہونا۔ مخاصمانہ بحث ہونا۔ اُسکی مژگاں کا تھا جہاں مذکور۔
(حیرت) بات میں واں چھری کٹاری تھی +

چھریوں کا غُسل دینا - ا- ف م - (نظم) ذبح کرنا - تہ تیغ کرنا - چھری مارنا +

چھرک کر بیچنا - ہ - ف ل - (۱) باسی ترکاریوں کو پانی چھڑک نے سے تازی سی کرکے بیچنا + (۲) سودے سلف کو بناسنوار کر بیچنا + (۳) دھوکا دینا +

چھڑے چھٹانک - ہ - م ف - تن تنہا - دم نقد - اکیلا +

چھکڑا ہو جانا - ہ - ف ل - (۱) بہت بوجھ کے باعث کسی سواری کا نہ چل سکنا + (۲) بہت بڈھا ہو جانا + (۳) نکما یا بیکار ہو جانا +

چھکے پنجے بھول جانا - ہ - ف ل - کوئی تدبیر نہ بن پڑنا - اوسان خطا ہونا - حواس باختہ ہونا + (یہ محاورہ جواریوں سے لیا گیا ہے)

چھکے چھوٹ جانا - ہ - ف ل - پریشان ہو جانا - ہوش وحواس جاتے رہنا - سٹی گم ہو جانا + (ہار کی پریشانی میں چھکا ہاتھ سے گر پڑتا ہے)

چہلا کر دینا - ہ - ف م - (۱) گڑھا ڈال دینا + (۲) بہت سا پانی وغیرہ کسی جگہ بھر دینا - گیلا یا تر کر دینا +

چھل بٹوں میں آنا - ہ - ف ل - مکر و فریب میں آنا +

چھل بتے دینا - یا - کرنا - ہ - ف م - فریب دینا - دھوکا دینا +

چھل پلانا - ہ - ف م - سقہ کا اپنی خوشی سے مسافروں کو بازار میں کھڑے ہو کر پانی پلانا + (دلی کا محاورہ)

چھل پہل ہونا - ہ - ف ل - خوب رونق یا آبادی ہونا - گہما گہمی ہونا +

رونق وہ بزم تھا وہ جب تک -
کیا گھر میں مرے چھل پہل تھی +

چہل قدمی کرنا - ا- ف ل - ٹہلنا - ہوا خوری کرنا - ہوا کھانا +

خانۂ ہستی کا اپنے صحن ہی دشت عدم -
روز کر لیجے چہل قدمی مگر رخصت نہیں +

چھلنی میں ڈالکر چھاج میں اُڑانا - ہ - ف م - عو - تھوڑی برائی کو بڑا کر دینا - بات کا بتنگڑ کر دینا - بہت بدنام کرنا +

چھلنی ہو جانا - ہ - ف ل - (۱) کسی چیز میں بہت سے سوراخ ہو جانا - مشک ہونا + (۲) بارش کے باعث جا بجا سے مکان کا ٹپکنا +

جنکے نئے نئے تھے مکان اور محلسرا -
اُنکی چھتیں ٹپکتی ہیں چھلنی ہو جا بجا +

چھلے کی بھنیں - ہ - اسم مونث - (۱) وہ

بھینس جو کیچڑ میں رہنا پسند کرے + (۲) موٹا اور سست آدمی - کاہل آدمی +

چھچھوری باتیں - ا - اسم مؤنث - ناز و انداز کی باتیں - گپ شپ - مخرے تلے پن کی باتیں - ہنسوڑ بھانڈے نہیں ہیں ایسے طور - یہ چھچھوری باتیں رہیں کہیں اور + (شوق)

چھچھوت جھاڑنا - ہ - ف م - ٹونکے سے دکھتی آنکھوں کی لالی دور کرنا - نظر بد کو رفع کرنا +

چھچھوت ہونا - ہ - ف ل - چھوا جانا - ناپاک ہو جانا - بگڑ جانا +

چھوٹا استنجا کرنا - ا - ف ل - پیشاب کرنے کے بعد مٹی کے ڈھیلے سے بقیہ پیشاب کی نمی کو سکھانا - پیشاب کرنا - (پاٹ شالا) اکی کرنا

چھوٹا منہ بڑی بات - ہ - محاورہ - (جب کوئی اپنے سے بزرگ کی عیب گیری کرتا ہے یا اپنے حوصلہ سے بڑھکر بات کہتا ہو تو اسوقت اسکو بولا کرتے ہیں) - چھوٹے ہوکر بڑوں کی خردہ گیری کرتے ہو - ادنی ہوکر اعلی کی ایسی بات کہتا ہے -

چھچھوت پڑنا - ہ - ف ل - (لکھنو) عکس پڑنا - سایہ پڑنا +

چھوٹ اسکے لال لب کی چوسنے میں پڑی - دھوکا ہوا شراب پہ لعل شراب کا +

چھوٹ لڑنا - ہ - ف ل - آپس میں گالی گلوچ کرنا - کھلی کھلی گالیاں دینا +

چھوٹی اُمت یا قوم - ا - اسم مؤنث - نیچی ذات - نیچ قوم - کمینے - رذیل - سفلے +

چھوٹے بڑے - ہ - اسم مذکر - امیر و غریب ادنے و اعلی - خورد و کلاں - بچے اور بوڑھے

چھوٹے دل کا آدمی - ا - اسم مذکر - (۱) ممسک و بخیل - کنجوس - ٹھڑدلا + (۲) پست ہمت - کم حوصلہ - نامرد +

چھوٹے کپڑے - ہ - اسم مذکر - عو - چولی انگیا - سینہ بند - شاما کچہ +

ہاتھا پائی میں ہانپتے جانا - چھوٹے کپڑوں کو ڈھانپتے جانا + (شوق)

چھوچھو اُڑانا - ہ - ف م (دیہات - عو) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - کھال اُدھیڑنا - خوب مارنا +

چھوچھو بنانا - ہ - ف م - احمق بنانا - ہنسی اُڑانا +

چھوچھو بننا - ہ - ف ل - غایب ہونا - چلدینا - ہوا کھانا +

چھو ہو جانا - ہ - ف ل - (۱) چلدینا کافور ہو جانا - غایب ہو جانا + (۲) عو -

خرچ یا صرف میں آجانا۔ جھٹ پٹ اُٹھ جانا۔

چھوئی مُوئی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) ایک قسم کا بڑا نازک پودا جو چھونے سے کملا جاتا ہے (۲) بہت ہی نازک یا کاجو بھو جو چیز۔ نازک مزاج آدمی۔ مرزا پھویہ۔ شیشہ بابہ

چھٹی پلانا لانا ۔ ہ۔ ف ل۔ اپنا بوجھ اپنے سر پر رکھکر سفر کرنا۔ پیدل سفر کرنا +

چھیڑ چھاڑ ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) آغاز۔ شروع۔ ابتدا + کہو صاحب! لڑائی کی چھیڑ چھاڑ میں کیا دیر دار ہے + (۲) نوکا جھوکی مذاق آمیز باتیں۔ نا فہوا ندار کی گفتگو +

چھینٹا پلانا ۔ ہ۔ ف م۔ چنڈو پلانا +

چھینٹا دینا ۔ ہ۔ ف م۔ پانی کے چھینٹے سے کسی آدمی یا چیز کو تازہ کرنا + (۲) پیچک سے اچھا ہو جانیکے بعد غسل صحت دینا + (۳) فریب یا دم دینا + جُل دینا + (۴) تحریص و ترغیب دینا طمع دلانا۔ بڑھاوا دینا +

یہ کیا باعث جو تمنے ترک کی اسے بحر میخواری
کسی واعظ نے کیا چھینٹا دیا کوثر کے پانی کا +

(۵) تھپکنا۔ خوش کرنا۔ باتیں بنانا +

چھینٹ کی کوڑی ۔ ہ۔ محاورہ۔ فالتو یا زاید دنوں کی اُجرت +

چھینٹوں میں آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ دم یا دھوکے میں آنا +

چیاں سی ۔ ہ۔ صفت۔ املی کے چیئیں کے برابر۔ بہت چھوٹی سی۔ بہت ذرا سی +

چیپا کھانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چیپ لگجانا خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا + (۲) بازاری۔ کسی عورت سے ہم بستر ہو جانا +

چیت کھیلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ پھاگ کھیلنا رنگ رلیاں مچانا +

اموا کی ڈال کو لیا یوے + بوے رے پپیہا را
سیاں رے بدیسوا + چیت کیسے کھیلوں گیبت بڑا

چیت مکوڑے کا ڑھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ بدنویسی کرنا۔ لکیریں کاڑھنا۔ نہایت بُرا لکھنا +

چیتھڑے بکھیرنا۔ یا۔ لینا ۔ ہ۔ ف م۔ لتے لینا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ ٹھیک بنانا۔ درست کرنا۔ دھجیاں اُڑانا +

چیخم چاخ۔ یا۔ چیخم دھاڑ مچانا ۔ ہ۔ ف م۔ ایک مجمع کا شور مچانا۔ نہایت غُل مچانا۔ گھر کو سر پر اُٹھالینا +

چیٹک ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کام کی طرف دل سے خیال یا تعلق ہونا۔ فکر ہونا

چیرے والا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (قلعہ معلی) طبیب

یا حکیم کا خطاب ہے جسکو چیرا پہن کر شاہی دربار میں جانیکی اجازت تھی۔
بن زناخی کے۔ جا! اچھی نہیں ہونیکی میں۔ (زنخی) چیرے والے نے عبث نسخہ لکھا کسواسطے۔

چیل جھپٹا کرنا - ہ - ف م - دفعتہً کسی چیز پر چیلوں کی طرح گرنا۔ کسی چیز کو چھین لینا جھپٹ لینا۔

چیل ڈانگر - ہ - اسم مذکر - لمڈنگو - بڑا لمبا آدمی +

چیل کا مُوت - ہ - محاورہ - کمیاب چیز نایاب شے - عنقا + تمہارے واسطے چیل کا مُوت کہاں سے لاؤں +

چیل کی طرح منڈلاتے پھرنا - ہ - ف ل - کسی چیز کی خواہش میں چیل کی طرح بیتاب پھرنا - کسی چیز کی نہایت خواہش کرنا +

چین بجبیں ہونا - ا - ف ل - تیوری میں بل ڈال لینا - ترش رو ہونا - ناراض یا خفا ہونا +

برہم اُسے کیوں تو نے کیا چھیڑ کے پھر زلف -
اے دل وہ ابھی چین بجبیں ہو ہی چکا تھا (رفیع)

چیں ٹلانا - ہ - ف م - ہرا دینا - توبہ کرا دینا - شکست یا مات دینا +

چیں بولنا - یا - **مان جانا** - ہ - ف ل - ہار جانا - تھک جانا - ہوچکنا توبہ کرنا +

چین کرنا - یا - اُڑانا - ہ - ف ل - عیش وعشرت میں دن کاٹنا - مزے اُڑانا +

چیونٹیاں لگنا - ہ - ف ل - بدنمیں دھوپ کی تیزی کے باعث چنگاریاں سی لگنے لگنا +

چیونٹی کے پر نکلے ہیں - ہ - محاورہ (جب چیونٹی کے پر نکلتے ہیں تو اُسکے مرنے کے دن قریب آجاتے ہیں) اسی طرح سے جب کم ظرف آدمی بہت شیخی یا گھمنڈ کرتا ہے تو اُسکے حق میں کہا کرتے ہیں کہ اُسکے مرنے کے دن آن پہنچے ہیں۔

شیخ امداد علی بحر

کس کے گلبرگ لب شیریں پہ سبزہ آگیا -
چیونٹیوں نے پر نکالے ہیں بساں عندلیب +

حاتم۔ ع۔ صفت۔ (عرب کے ایک سردار کا نام ہے جو بڑا ہی سخی اور فیاض تھا) اسی سبب سے۔ بڑا فیاض سخی۔ داتا۔ دانی +

حاجت رفع کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) کسی کا کوئی کام نکالنا + (۲) بیت الخلا یا پیخانے جانا +

حاجت میں رکھنا۔ ا۔ ف م تحویل یا حراست میں رکھنا۔ نظر بند رکھنا +

حاشیہ چڑھانا یا لگانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) شرح یا تفسیر لکھنا۔ ٹیکا رچنا + (۲) بات کو بڑھا کر کہنا۔ مضمون کو دوبالا کرنا۔ کسی بات کو نمک مرچ لگا کر بیان کرنا

حاضری دینا۔ ا۔ ف م۔ شیرمال و حلوا وغیرہ پر مردہ کی نیاز دلا کر غریبوں کو تقسیم کر دینا۔ مُردے کا کھانا دینا۔ کڑوی کھچڑی دینا + (۲) اہل یورپ) صبح کا کھانا کھلانا + (۳) کچہری یا کسی دفتر میں اپنی حاضر باشی لکھوانا +

حاضری میں کھڑا رہنا۔ ا۔ ف ل۔ خدمت کے لئے ہر وقت موجود رہنا۔ تیار رہنا +

حاکم کے کُتّے۔ ا۔ اسم (تحقیر احقارتاً) کسی حاکم کے نوکر یا کرجو بغیر تردد

لئے حاکم تک نہیں جانے دیتے +

حال آنا۔ ا۔ ف ل۔ گانا سننے سے ناچنے کودنے لگنا۔ وجد آنا +

حال بے حال ہو جانا۔ ا۔ ف ل (۱) آپے سے باہر ہو جانا۔ مدہوش و حواس باختہ ہونا + (۲) بُری حالت ہو جانا۔ جانکنی کی نوبت پہنچنا +

حامی بھرنا۔ ا۔ ف ل۔ کسی کام کے پورا کرنیکا اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا + آہیں مت بھرُاسے لے آتے ہیں۔ (مزاح) اتنی حامی نہیں بھرتا کوئی +

حبّہ بھر۔ ا۔ م ف۔ کوڑی بھر۔ ذرا سا۔ مقدار قلیل۔ تھوڑا سا +

حبّہ حبّہ وصول پانا۔ ا۔ ف ل۔ کوڑی کوڑی وصول پالینا۔ کچھ باقی نہ رہنا +

حجاب اُٹھنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) پردہ اُٹھنا یا ہٹنا + (۲) شرم و لحاظ نہ رہنا۔ بے شرم ہو جانا +

حجامت بنانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) سر کے بال مونڈنا۔ اصلاح بنانا + (۲) مونڈنا لوٹنا۔ موسنا ٹھگنا +

حجامت بننا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) اصلاح بنانا۔ بال کاٹے جانا + (۲) منڈنا۔ لٹنا

ٹھگا جانا +

حد سے بڑھنا - ا - ف ل - اپنے درجہ سے تجاوز کرنا - بہت بڑھ جانا +

حدیث کھینچنا - ا - ف ل - (م - ع) قسم کھانا - آن کر لینا - توبہ کرنا +

حرارہ دینا - ا - ف م - جُل یا بُتا دینا چال پلنا +

حرارہ لینا - یا - لانا - ا - ف ل - غیظ و غضب میں آنا - برافروختہ ہونا - جوش میں آنا +

حرام خور - ف - اسم مذکر - (۱) مفت کی آمدنی کھانیوالا - بے محنت کئے روٹیاں توڑنیوالا + (۲) رشوت خوار - راشی + (۳) سست و کاہل - وہ شخص جو اپنے مالک کا کام دل لگا کر نکرے +

حرام زادہ - ف - صفت - لعنوی - حرام کی پیدایش + اصطلاحی - شریر - بد شہدا - لڑاکا - دنگئی - فسادی + کوتاہ گردن تنگ پیشانی - حرامزادہ کی یہی نشانی

حرام کا جنا - حرامی مُوت - حرامی پلا - ا - اسم مذکر - لفظہ غیر تحقیق - ولد الزنا - حرامی +

حرام کرنا - ا - ف م - (۱) زنا کاری کرنا یا فعلی کرنا - بُرا کام کرنا + (۲) خلل ڈالنا - خراب کرنا - کر کرا کرنا - رنگ میں بھنگ کرنا +

تمنے ہماری بھی نیند حرام کر دی -

حرام موت مرنا - ا - ف ل - زہر وغیرہ کھا کر مرنا - مرگ مفاجات پانا کُتّے کی موت مرنا +

حرف اُٹھانا - ا - ف ل - نیا حرف یا لفظ اپنے آپ پڑھنے لگنا +

حرف آشنا - ف - صفت - الف بے سے پڑھنیوالا - نوآموز سیکھنیوالا

حرف آنا - ا - ف ل - الزام آنا - کالنک کا ٹیکا لگنا +

حرف بنانا - ا - ف م - (۱) لفظوں کو اچھی طرح سے بنا کر لکھنا + (۲) (قانون) ترمیم فاسد کرنا - تحریف کرنا حرف ملانا +

حرف پکڑنا - حرف گیری کرنا - ا - ف م - عیب چینی کرنا - نقص نکالنا - عیب [illegible] +

حرف لانا - [illegible] ف م - الزام لگانا - تہمت دھرنا - بدنام کرنا +

حرکت کرنا - ا - ف م - (۱) کوئی بُرا کام کرنا - ایسا کام کرنا جو اپنی شان

کے خلاف ہو۔ بیجا کام کرنا + (۲) فعل ناجائز کرنا۔ فعل خلاف وضع فطری کرنا +

حرمت لینا۔ یا۔ بگاڑنا۔ ا۔ ف م۔ عو۔ آبرو ریزی کرنا + دیکھو (آبرو لینا)

حساب لڑنا۔ یا۔ لگنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) باہمی ربط ہونا۔ میل ملاپ ہو جانا + (۲) آشنائی یا دوستی ہو جانا +

حساب لگانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) شمار کرنا گننا۔ پھیلانا + (۲) جُگت لگانا۔ سازش کرنا + (۳) بازاری کسبی کے ساتھ بدفعلی کرنا۔ آشنائی کر لینا + (۲) نوکری کر لینا نوکر ہو جانا +

حُسنِ محفل۔ ا۔ اسم مذکر۔ لکھنؤ۔ قلیان۔ حُقّہ۔ رونق محفل (دلی)

حشر توڑنا۔ یا۔ برپا کرنا۔ ا۔ ف ل۔ م عو۔ (۱) آفت ڈھانا۔ شور ڈالنا۔ دھاڑنا۔ کہرام مچانا + (۲) خوب خفا ہونا۔ بہت ناراض یا غصہ ہونا +

حق حق کرنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) خدا خدا کرنا۔ خدا کا نام لینا + (۲) توبہ کرنا۔ استغفار کرنا + (۳) بھوک کے مارے مرنے لگنا۔ انتڑیوں کا قُل ہو جانا +

حقہ پانی بند کرنا۔ ا۔ ف م۔ ذات سے خارج کر دینا۔ برادری سے نکال دینا +

حقہ پانی پلانا۔ ا۔ ف م۔ آو بھگت کرنا خاطر تواضع کرنا۔ مدارات کرنا +

حقیقت کھلجانا۔ ا۔ ف ل۔ اصلیت معلوم ہو جانا۔ چھپی بات ظاہر ہونا۔ حال معلوم ہو جانا۔ قلعی یا بھید کھلجانا +

شبِ وصل عدو کیا کیا جلاتا ہوں۔
حقیقت کھل گئی روزِ جزا کی + (مومن)

حکایتیں کرنا۔ ا۔ ف م۔ مفت کی حجتیں کرنا۔ تکرار نکالنا۔ دلیلیں چھانٹنا +

حلال کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) کلمہ پڑھکر کسی جانور کی گردن پر چھری پھیرنا۔ ذبح کرنا (۲) از حد دق کرنا۔ بہت تکلیف دینا۔ مار ڈالنا + (۳) محنت یا مشقت کر کے کھانا۔ واجبی طور سے خدمت کر کے عوض کو جایز کرنا +

حلال زادہ۔ حلالی۔ ف۔ صفت۔ طنزاً۔ شریر۔ مفسد۔ بڑا بد۔ حرامی +

حلق بند کرنا۔ ا۔ ف م۔ (م عو) کہ یکبولنے نہ دینا۔ بولنے میں حارج ہونا۔ دخل در معقولات دینا

حلق بیٹھ جانا۔ ا۔ ف ل۔ آواز کا بھاری ہو جانا۔ آواز مدھم ہو جانا +

حلق دبانا۔ ا۔ ف م۔ زبردستی بولنے

سے روکنا۔ باتوں میں دخل دیکر بولنے نہ دینا

حلق کا دریان ہونا ۔ا۔ف ل۔(م عو) کھاتے وقت سر پر آن چڑھنا۔ کھانا کھانے میں خلل ڈالنا +

حلوا سمجھنا ۔ا۔ف ل۔کسی کو نہایت ضعیف و کمزور یا ناچیز تصور کرنا۔کسی کام کو بہت آسان خیال کرنا +

حلوا کھانا ۔ا۔ف م۔کسی کے مرنے کے بعد کا حلوا کھانا۔کسی کا مرنا چاہنا۔ بھنگی کھانا + کبھی کہتی جو ہمکو ہاتھ لگائے۔ (شوق) جسکو چاہے اُسی کا حلوا کھائے +

حلوا نکلجانا ۔ا۔ف ل۔بہت سی محنت و مشقت کے باعث پتلا حال ہو جانا +

حلوائے بے دود ۔حلوا بے دود ف۔اسم مذکر۔(ا) وہ پھل جو درخت ہی پر پک جائے۔(۲) ملایم چیز۔نرم چیز +

حمایت کی گھوڑی ۔ا۔اسم مؤنث۔وہ شخص جو دوسرے کے بل پر کودے + حمایت کی گھوڑی عراقی کے لات مارتی ہے مثل

حواس پکڑو ۔حواس میں صدقہ دو ا۔ندا و ندبہ۔م عو۔ہوش میں آؤ۔ عقل سے بات کرو

حور کا بچہ ۔ا۔اسم مذکر۔چاند کا ٹکڑا۔ حسین۔خوب صورت۔پریزاد +

حول جول مچانا ۔ا۔ف م۔(م عو) غل و شور مچانا۔گھبرا لینا + فوج اسطرح بھی کوئی گھیرائے۔ (شوق) فوج کوئی اتنی حول جول مچائے +

حیص بیص کرنا ۔ا۔ف م۔تکرار کرنا۔ بحث بحثی کرنا۔حجت کرنا +

خ

خاردار ۔ف۔صفت۔(بازاری) ڈاڑھی والا۔باریش +

خار کھانا ۔ا۔ف ل۔حسد کرنا۔ڈاہ کرنا۔جلنا

خار گزرنا ۔معلوم ہونا۔یا۔ہونا۔ا۔ف ل۔بُرا معلوم ہونا۔ناگوار گزرنا۔کانٹا سا کھٹکنا +

خاص بازار ۔ا۔اسم مذکر۔وہ بازار جو حاکم وقت کے درِ دولت کے مقابل واقع ہو +

خاص بردار ۔ف۔اسم مذکر۔محافظ شاہی۔باری گھاٹ +

خاص پی ۔ا۔اسم مؤنث۔مختلف

اقسام کی لونیات وغیرہ جو ہندوؤں میں ضیافت کے وقت بناتے ہیں +

خاص تراش - ف - اسم مذکر - امیر و نکا استاد

خاص خاص لوگ - ا - محاورہ - امیر اُمرا - اعلیٰ درجہ کے لوگ +

خاص محل - ا - اسم مذکر - (۱) بڑا محل محلسرا - زنانخانہ + (۲) بیاہتا بیوی +

خاصہ چُننا - ا - ف ل - شاہی دسترخوان پر انواع و اقسام کے کھانے لگانا +

خاطرداری کرنا - ا - ف م - خاطر تواضع کرنا - مدارات کرنا - آؤ بھگت کرنا +

خاطر میں رکھنا - ا - ف ل - یاد - یاد - دھیان رکھنا - خیال رکھنا +

اے وہ کوئی جو آج پیئے ہے شراب عیش - (میر)
خاطر میں رکھیو کل کے بھی رنج و خمار کو +

خاطر میں لانا - ا - ف ل - قدر و منزلت کرنا - عزت کرنا - کچھ سمجھنا یا گننا +

(۱) مزاج اپنا غیور ازبس بڑا ہے - (میر)
ترے غم میں کسے خاطر میں لاؤں +
(۲) لیکن سودا کسے خاطر میں لاتے تھے -

خاطر میں نہ لانا - ا - ف ل - خیال میں نہ لانا - کچھ پروا نہ کرنا - کچھ نہ سمجھنا +

فرہادی ہوں تو ٹپکے لہو میری زباں سے - (میر)
ناے کو نبلوں کے خاطر میں بھی نہ لاؤں +

خاکا اُڑانا - ا - ف م - (۱) کسی کی روش و انداز حاصل کرنا + (۲) کسی کو بدنام کرنا - ہجو کرنا - رسوا کرنا - گڈا بنانا +

خاکا بنانا - یا - کرنا - ا - ف م - کسی چیز کی شکل کی لکیریں بنالینا - کچا نقشہ کاڑھ لینا

خاک اُڑاتے پھرنا - ا - ف ل - ہرزہ گردی کرنا - واہی تباہی یا خراب و خستہ پھرنا - مارا مارا پھرنا +

خاک اُڑانا - ا - ف م - بہت سعی کرنا - بیفایدہ کوشش کرنا +

خاک سینے میں محبت نے اُڑائی کیا کیا -
اشک بھی آنکھ سے نکلا تو مکدر نکلا +

(۲) بے عزتی کرنا - رسوا و بدنام کرنا (۳) طنزاً - کوئی بڑا بھاری کام کرنا +

سدا خاک ہی تو اُڑائی ہے -

(۴) سیکھنا - کچھ حاصل کرنا +

کون سی چیز ہے جسکی ہنسے خاک نہیں اُڑائی +

خاک اُڑنا - ا - ف ل - (۱) ویرانہ یا بربادی نظر آنا - بے رونقی ہو جانا + چاروں طرف بازاروں میں خاک اُڑ رہی ہے (۲) برباد یا تباہ ہونا - مفلس یا غریب ہونا چاہے دن میں اُنکے ہاں تو خاک اُڑ گئی - (۳) ملعون ہونا - بدنام یا رسوا ہونا -

بے عزتی ہونا +

خاک پا ہونا ۔ا۔ف ل ۔ انکساری یا عاجزی کرنا ۔ اپنے تئیں ادنیٰ سمجھنا +

خاک پتھر ۔ خاک دھول ۔ خاک ۔ا۔ م ف ۔ کچھ بھی نہیں ۔ ہیچ ۔ ناچیز +

خاک پھانکنا ۔ا۔ف ل ۔ (۱) واہی تباہی پھرنا ۔ بیکار وقت گنوانا ۔ تضیع اوقات کرنا + (۲) جھوٹ کے پل باندھنا ۔ نہایت جھوٹ بولنا +

خاک چاٹنا ۔ا۔ف ل ۔ (۱) عجز یا انکسار کرنا ۔ توبہ کرنا +

یہہ بولی ہوں بول بڑا خاک چاٹ کر ۔ گوئیاں کی طرح جھاڑو کی تیلی نہیں ہوں + (رنگیں)

(۲) خوشامد کرنا +

خاک چھاننا ۔ا۔ف م ۔ (۱) کسی گم شدہ چیز کی تلاش میں خاک کو چھلنی میں ڈالکر چھاننا + خاک تک کو چھلنی کی چھانی ہونے ۔ (میر) جستجو کی پہ دل گم شدہ پایا نہ گیا

(۲) بیفائدہ جستجو کرنا ۔ رائیگاں کوشش کرنا ہزاروں حکمت کا اک بچھوٹا پہاڑ اوچڑ بچھا ہے (نظیر) بہت حکیموں نے خاک چھانی کوئی نہ سمجھا یہہ بھید کیا ہے

خاک ڈالنا ۔ا۔ف م ۔ (۱) مٹی ڈالنا ۔ دبا چھپانا + (۲) رفع دفع کرنا ۔ جانے دینا تکرار کو مٹانا + (۳) لعنت بھیجنا ۔ تبرا کرنا دھکار کرنا + دوہا ۔ تلسی داس ۔ جنہیں نہیں منہ سے کہیں تنہیں لگاویں تاک ۔ تلسی ایسے نین کے اوپر ڈالو خاک +

خاک کا پتلا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ انسان ۔ منش ۔ جسم خاکی +

خاک کا پیوند ہو جانا ۔ا۔ف ل ۔ خاک میں مل جانا ۔ مر جانا ۔ فوت ہو جانا

خاک کر دینا ۔ا۔ف م ۔ (۱) جلا کر راکھ کر دینا ۔ خراب کر دینا ۔ (۲) ضایع یا برباد کر دینا ۔ رائگاں کرنا ۔ تباہ کرنا + لاکھ کا گھر خاک کر دیا + مثل

خاک کی برابر کر دینا ۔ا۔ف م ۔ تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔ ستیاناس کھونا + تیری نمود نے مجھکو کیا برابر خاک ۔ میں نقش پا کی طرح پائمال اپنا ہوں + (میر)

خاک کے گھر کو لاکھ بنانا ۔ا۔ف م غریب سے امیر کر دینا ۔ کنگال کو دھنوان بنا دینا +

خاک میں خاک ملانا ۔ا۔ف م ۔ نام و نشان مٹانا ۔ مار ڈالنا +

کس کس کی خاک اسکے ملاتی ہے خاکیں ۔ جاتی ہے پھر نسیم اسی رہگذار کو (میر)

خاک میں خاک ملنا - ا - ف ل - تباہ ہونا - برباد ہونا + (۲) فوت ہونا - مرجانا

ہم خاک میں ملے تو ملے لیکن اسے سپہر
اُس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا + (میر)

خاک میں ملانا - ف م - (۱) ستیاناس کرنا - تباہ یا برباد کرنا +

ہائے وہ دل تھا کہ جھکو جان سے پیارا عزیز
آج آسے یوں خاک میں تو نے ملا کر رکھدیا +

(۲) ذلیل و رسوا کرنا - خراب خستہ کرنا -

دل مجھے اُس گلی میں لیجا کر
اور بھی خاک میں ملا لایا + (میر)

(۳) مار ڈالنا - زمین کا پیوند کرنا -

مارا زمیں میں گاڑ تب اُسکو صبر آیا -
اِس دل نے بہکے آخر یوں خاک میں ملایا + (میر)

(۴) رائیگاں کھونا - ضایع - کھو دینا

(۱) وحشت میں ہوں بلا گرد ادی پہ آؤں -
مجنوں کی محنتیں سب میں خاک میں ملاؤں +

(۲) سارا روپیہ خاک میں ملا دیا +

خاک و خون میں ملنا - ا - ف ل - برباد ہوجانا - مٹ جانا - فنا ہوجانا +

خاک ہوجانا - ا - ف ل - (۱) جلکر راکھ ہوجانا - خراب ہوجانا - (۲) تباہ و برباد ہوجانا + (۳) مرجانا مٹ جانا فنا ہوجانا - دگرنہ خاک ہوئے کتنے ہی محبت میں (میر)
کیسکا بھی کہیں مشت غبار پاتے ہیں

(۴) جل جانا - بُرا معلوم ہونا - غصہ کے مارے تن بدن میں آگ لگ جانا +

خاکی انڈا - ا - اسم مذکر - (۱) خراب اور گندہ انڈا + (۲) حرامی بچہ - پٹسر یا پٹسر - رنڈی زادہ +

خالاجی کا گھر - ا - اسم مذکر - (۱) مانوسی کا گھر کسیکی ملکیت +

پیئں گے مسجد میں کو جا کر کسیکی خالا کا گھر نہیں ہے -
کر بیٹھے دلبر سے چوما چاٹی کسیکے باوا کا ڈر نہیں ہے +

(۲) آرام و آسایش کی جگہ - امن کا مقام (۳) سہل و آسان کام - نانی جی کا گھر +

عاشقی خالاجی کا گھر نہیں ہے بشل

خال خال - ا مف - کم کم - کوئی کوئی قدر قلیل - بہت تھوڑے +

خالصہ لگنا - ا - ف ل - سرکار کے قبضے میں آجانا - ضبطی میں آنا - سرکاری ہوجانا +

جو جو نخیل نقش زر چھوڑ کر مریگا -
یا کھائیگا جنوائی یا خالصے گیگا + (نظیر)

خالی پیٹ کٹاری مارنا - ا - ف ل - بھوکا لڑنا - بلا تنخواہ کے اپنے ولی نعمت

کی خیر خواہی کرنا +

خالی جانا - ا - ف ل - لکڑی کا ہاتھ حریف پر نہ بیٹھنا - نشانہ کا ٹھیک موقع پر نہ لگنا +

خالی دینا - ا - ف م - (۱) بہانہ کرنا - ٹال جانا - (۲) دشمن کی ضرب نہ کھانا - ضرب بچانا -

خالی کا چاند یا مہینا - ا - اسم مذکر - (م عو) ماہ ذیقعد - وہ مہینا جسمیں کوئی تہوار نہیں ہوتا - منحوس مہینا +

خدا جانے یہہ دیکھا دیکھ منہ کس کا -
ہوئی ہے عید غیروں کو ہمیں ہے چاند خالی کا + (سرور)

خام پارہ - ا - اسم مؤنث - (م عو) وہ عورت جو بالغ ہونے سے پہلے ہم بستر ہو جاے - ایک قسم کی گالی - (۲) بڑی مکار عورت - حرّاف - علامہ +

خام خیالی - ا - اسم مؤنث - بیہودہ خیالات و اہیات خیالات +

خانگی پن کرنا - ا - ف م - پردہ نشین ہو کر بدفعلی کرانا - گرہستن ہو کر رنڈی پن کرنا +

خانہ جنگی کرنا - ا - ف م - (۱) کنبے والوں یا رشتہ داروں سے لڑنا - گھر میں فساد کرنا + (۲) ذرا ذرا سی بات میں تکرار کرنا - جھگڑنا - لڑنا - سر پھوڑنا +

خانۂ خدا - ف - اسم مذکر - خدا کا گھر - مسجد +

خانہ خراب - ف - اسم مذکر - بدوضع آوارہ - کمبخت - بدنصیب +

میں جو بولا کہا کہ یہہ آواز -
اُسی خانۂ خراب کی سی ہے + (میر)

خانہ خراب ہو جائے - کلمۂ بددعا - گھر اُجڑے - ستیاناس جائے - برباد ہو -

دیکھ آرسی کو یار ہوا محو ناز کا -
خانہ خراب ہو جیو آئینہ ساز کا + (میر)

خانہ نشین ہونا - ا - اسم مذکر - نوکری چھوڑ کر یا پنشن لیکر گھر میں بیٹھ جانا - تعلقات دنیوی کو کم کر دینا +

خبر اُڑنا - ا - ف ل - خبر پھیل جانا - شہرت ہو جانا - مشہور ہو جانا +

خبر پڑنا - ا - ف ل - معلوم ہونا - حقیقت کھلنا - ہوش میں آنا +

سو روپے دینے آئے جب خبر پڑی +

خبر لینا - ا - ف م - (۱) حال پوچھنا - پرسان حال ہونا - حال دریافت کرنا - مزاج پرسی کرنا +

نرگس ہمیں بیمار کیا عشق نے جسکے -
اک دن نہ خبر لینے کو وہ بے خبر آیا + (جانثار)

(۲) دیکھ بھال کرنا۔ چوکسی رکھنا۔ خبرگیری کرنا + گر خبر لینی ہے تو لے صیاد۔ ہاتھ سے یہہ شکار جاتا ہے + (یکرنگ)

(۳) پرورش کرنا۔ پالنا۔ خبرگیراں ہونا

(۴) (تنز اً) ٹھیک بنانا۔ خدمت کرنا۔ درست کرنا۔ مارنا +

خبط اُچھلنا۔ یا۔ ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ دیوانگی ہونا۔ جنوں کی زیادتی ہونا۔ پاگل ہونا +

خدا پر چھوڑ دینا۔ ا۔ ف م۔ نہایت بیمار کا علاج خدا کے بھروسہ پر موقوف کر دینا + اب مسیحائی سے کیا حاصل نہیں بچنے کا ہیں (برق) ای صنم! مجھکو خدا پر بہر یزداں چھوڑ دے

خدا جانے۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ خدا معلوم۔ کچھ خبر نہیں۔ میں نہیں جانتا +

دل اک بُت پہ شیدا ہوا چاہتا ہے۔ خدا جانے اب کیا ہوا چاہتا ہے + (ناسخ)

خدا خدا کر کے۔ ا۔ م ف۔ (خدا کے سامنے بڑی عاجزی کر کے)۔ اسی سبب سے بہزار دقت۔ بڑی دقتوں سے۔ از حد تکلیف اُٹھا کر +

خدا خدا کر کے بچہ اچھا ہوا ہے۔

خدا خدا کرنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) یاد الٰہی کرنا۔ دیکھو (اللہ اللہ کرنا) +

غرور کرنے لگے زاہد عبادت پر۔ خودی سما گئی آخر خدا خدا کرتے +

(۲) توبہ کرنا۔ اجتناب کرنا +

(تقول) خلیل! کعبے میں بُت پرستی خدا خدا کر خدا خدا کر!

خُدا داد۔ ف۔ صفت۔ خدا کی دی ہوئی وہبی۔ طبعی۔ قدرتی۔ ذاتی۔ جبلی +

خُدا دکھائی دے گیا۔ ا۔ محاورہ۔ مصیبت کے وقت کوئی مددگار دکھائی نہیں دیا بس خدا ہی خدا نظر آیا۔ ایسی سخت آفت آئی کہ کسی نے مدد نہ کی

خُدا رکھنا۔ ا۔ ف ل۔ خوف خدا ہونا۔ حق شناسی ہونا +

(تقول) سچ تو یہہ ہے کہ نہیں دوسرا تجھسا کوئی۔ اے صنم جھوٹ نہ بولیں گے خدا رکھتے ہیں۔

خُدا رکھے خُدا رکھو۔ کلمۂ دعائیہ۔ م عو۔ خدا جیتا رکھے۔ اللہ سلامت رکھے رام جی رکھو +

خُدا سمجھے۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ خدا اُسکا بدلہ لے۔ خدا اُسکی سزا دے +

(۱) ایسے فقروں کو کوئی کیا سمجھے۔ اور تو کیا کہوں خدا سمجھے + (شوق)

(۲) ستم کو ہم کرم سمجھے جفا کو ہم وفا سمجھے۔ اور اُسپر بھی نہ سمجھے وہ تو اُس بت کو خدا سمجھے + (ذوق)

خُدا سے ڈرنا یا ڈرو - ا۔ خداوند یہ - خدا کا خوف کرو - توبہ کرو - باز آؤ +
آرسی دیکھکر نہ ہو مغرور -
خود نمائی نکر خدا سوں ڈر + (ولی)

خُدا سے لو لگنا - ا۔ ف ل - (چونکہ مرتے وقت اکثر خدا ہی کی طرف دھیان ہوتا ہے) اسی سبب سے (۱) مرنے کے قریب ہونا - نزع کی حالت ہونا + (۲) خدا کی یاد کرنا - یاد الٰہی کرنا - رام رام جپنا -

خُدا کا گھر - ا۔ اسم مذکر - (۱) عرش آسمان (۲) مسجد - خانۂ خدا +
رہینگے ہے گدھا آٹھ پہر گھر میں خدا کے -
نے ذکر - نہ صلوات - نہ مسجد - نہ اذان ہے - (انیس)

خُدا کے پاس جانا - خدا کے گھر جانا - ا۔ ف ل - مرنا - فوت ہونا - جاں بحق ہونا +

خُدا کی پناہ - ا۔ خداوند یہ - معاذ اللہ - نوج - خدا بچائے +
آئی ماما بھی ایک لئے ہمراہ -
کتنی چالاک ہے - خدا کی پناہ + (شوق)

خُدا کی چوری نہیں تو بندہ کی کیا چوری - ا۔ محاورہ - بُرا کام جب خدا سے چھپکر نہیں کرتے تو بندے سے کیوں چھپا کر کریں -
پئیں مئے آشکارا ہمکو کسکی ساقیا! چوری
خدا کی گر نہیں چوری تو بندہ کی کہا چوری + (ذوق)

خُدا کی دین - ا۔ اسم مؤنث - فضل خدا - مہر الٰہی - خدا کی عنایت +
خدا کی دین کا موسلی سے پوچھئے احوال -
کہ آگ لینے کو جائیں پیمبری ہو جائے +

خُدا کی راہ کا سودا ہے - ا۔ محاورہ - للہ کا کام ہے - ثواب کا کام ہے +
دل اسیر زلف ہے ایک بندۂ اللہ کا -
کیجئے آزاد سودا ہے خدا کی راہ کا + (شوق)

خُدا کی سنوار یا مار - ا۔ محاورہ غضب الٰہی ٹوٹے - خدا کا قہر آئے +
(۱) جھوٹا بد ذات فُعلیا سکار -
اس دغا پر تیری خدا کی سنوار +
(۲) چھٹ میرے غیر کو جو کرتا ہو پیار -
ارے اسپر پڑے خدا کی مار + (شوق)

خُدا کے گھر سے پھرنا - ا۔ ف ل - مر کے بچنا + دیکھو (اللہ کے گھر سے پھرنا)

خُدا لگتی یا لگی کہنا - ا۔ ف م - حق حق کہنا - ایمان سے کہنا - سچ کہنا +
(۱) بتوں کے جرم الفت پر ہمیں زجر و ملامت ہے -
مسلماں بھی خدا لگتی نہیں کہتے - قیامت ہے! (نظیر)
(۲) مارے ہے ناحق تمہیں پر تمام اُسکی منصفی کا -
ذرا تو کہنا خدا لگی بھی فقط سخن پروری نکر + (داغ)

خُدائی خراب - خُدائی خوار - ا۔ اسم مذکر

جہان گرد۔ خرابا تی۔ آوارہ +

تیری طرف اگر تیرے اعمال نیک ہیں۔

زاہد یہ خدا ہمیں مجھسے خدائی خراب کا +

خُدائی خوار پھرنا۔ ا۔ ف ل۔ ہرزہ گردی کرنا۔ واہی تباہی یا مارا مارا پھرنا۔ تضیع اوقات کرنا +

خُدائی دعوی کرنا۔ ا۔ ف م۔ خدا ہونے کا دعوئی کرنا۔ خدا بننا۔ تکبر وغرور کرنا +

دیکھتا اُس بُت مغرور کا گر جاہ وجلال۔

کبھی فرعون نہ دعوئی خدائی کرتا + (ذوق)

خُدائی رات۔ ا۔ اسم مؤنث۔ وہ رات جسمیں عورتیں رات بھر گاتی اور جاگتی رہتی ہیں۔ رت جگا +

تیرے آنے کی دعا مانگا کئے جاگا کئے۔

رات بھر عالم رہا اے بُت خدائی رات کا + (بحر)

خُدائی کا بدمعاش۔ خُدائی کا چھٹا ہوا۔ ا۔ صفت۔ بڑا ہی بدمعاش۔ پاک شہدا

خُدائی کا جھوٹا۔ ا۔ صفت۔ نہایت جھوٹا ازحد دروغ گو۔ بڑا ہی کاذب +

خراب کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ناپاک یا غلیظ کرنا۔ گندہ کردینا۔ (۲) برباد کرنا۔ اُجاڑنا۔ ناس کردینا + (۳) اڑا دینا۔ اُٹھا دینا۔ ضایع کرنا + (۴) بداطوار بنانا۔ بُری عادتیں سکھانا۔ بدچلن کردینا + (۵) عیاش یا رنڈی باز بنا دینا + (۶) عورت کو رکھنا۔ کسی کے ساتھ بدفعلی کرنا + (۷) دق کرنا۔ حیران کرنا۔ ٹھیک بنانا۔ درست کرنا +

مُلک تو رہ اے بنائے ہستی تو۔

تجھکو کیسا خراب کرتا ہوں + (میر)

خراب ہوتا پھرنا۔ ا۔ ف ل۔ واہی تباہی پھرنا۔ کوچہ گردی کرنا۔ مارا مارا پھرنا +

میں ترک عشق کرکے ہوا گوشہ گیر میرا۔

ہوتا پھروں خراب جہاں میں کہاں تلک + (میر)

خراط اُتارنا۔ ا۔ ف م۔ درست کرنا۔ بنانا۔ سنوارنا۔ آراستگی کرنا +

اپنے ہستادوں اور بزرگوں سے بھی سُنا ہے کہ مرزا جانجاناں۔ سودا۔ میر۔ خواجہ میر درد۔ چار شخص تھے کہ جنہوں نے زبان اُردو کو خراط اُتارا ہے + (از آب حیات)

خربوزے کو دیکھکر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔ یا پلٹتا ہے۔ ا۔ محاورہ۔ ایک کے چال وچلن کا اثر دوسرے پر ضرور ہوتا ہے۔ صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے +

خرد ماغی کرنا۔ خرد ماغ ہوجانا۔ ا۔ ف ل۔ (گدھا جسوقت بولنے پر آتا ہے

توکتا ہی دھمکا ؤ ایک خیال میں نہیں لاتا) اسی سبب سے۔ مغرور ہونا۔ گھمنڈ کرنا۔ مدمتمغ ہو جانا +

خُردہ پکڑنا۔ خُردہ گیری کرنا۔ ا۔ ف م نکتہ چینی کرنا۔ عیب جوئی کرنا۔ کھوٹ نکالنا

خُردہ کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) روپیہ کو بھنانا یا توڑانا + ایسا کیا دل گردہ کہ روپیہ کیا خُردہ + مثل (۲) بیچ ڈالنا۔ کوڑے کر ڈالنا۔ بازار دکھانا

خرمستی لگنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) گدھے کی طرح مست ہو جانا۔ مستی لگنا۔ خواہش نفسانی کا زور کرنا۔ (۲) اترانا۔ گھمنڈ کرنا +

خُشکا کھاؤ۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ چلدو۔ ٹہلو۔ رفو چکر ہو + رنگین ؎

چل دوا ہمت چھیڑ! بس ہے کون وہ خشکا تو کھا!
اسکی خاطر میں دھڑی گہری جماؤں! دُور پار!

خُشک مغز۔ ف۔ صفت۔ سُست گاؤدی۔ بیوقوف +

خصم روئی۔ خصم پیٹی خصم الوٹ ا۔ اسم مؤنث خصم کو رونے والی رانڈ۔ بیوہ۔ ایک قسم کی گالی +

خصی پرنالہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ پرنالہ جسکا پانی دیوار سے ملا ہوا اندر ہی اندر گرے (۲) بازاری۔ عورت کی پیشاب گاہ۔

خصیے سہلانا۔ ا۔ ف م۔ (بازاری)۔ خوشامد کرنا۔ للو پتو کرنا +

خضاب آہنی پھیرنا۔ ا۔ ف م۔ استرے سے بال مونڈنا۔ حجامت بنانا

خضر ملجانا۔ ا۔ ف ل۔ رہبر کامل کا دستیاب ہو جانا۔ نعمت غیر مترقبہ ہاتھ لگ جانا + ناسخ ؎

خوشی کے مارے کہوں آج بھی کہ خضر ملے
جو راہ کو چۂ جاناں کا راہبر ملجائے +

خط آنا یا نکلنا۔ ا۔ ف ل۔ رخسار پر پہلے ہی پہل بالوں کا نکلنا۔ ڈاڑھی نکلنی شروع ہونا +

حُسن تھا تیرا بہت عالم فریب۔
خط کے آنے پر بھی ایک عالم رہا + (میر)

خط آگیا ہے اُسکے۔ میرے سفید ریش۔
کرتا ہے اب تلک بھی وہ ملنے میں شام صبح + (مضمون)

خط بنانا۔ ا۔ ف م۔ ڈاڑھی موچھوں کو درست کرنا۔ چہرے کی حجامت بنانا

خطرے میں نہ لانا۔ ا۔ ف ل۔ م عو۔ (یہ خاطر میں نہ لانے کا بگاڑ معلوم ہوتا ہے) بسکو ہیچ سمجھنا۔ کسی کو کچھ نہ سمجھنا۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا +

خفیف ہونا۔ ا۔ ف ل۔ شرمندہ

ہونا۔ لجانا۔ محجوب ہونا +

خفیہ کارروائی کرنا۔ ا۔ ف م۔ پوشیدہ یا خانگی طور سے تحقیقات کرنا +

خلا ملا رہنا۔ ا۔ آپسمیں میل ملاپ رکھنا

خلوت و جلوت میں۔ ا۔ م ف۔ عام میں اور خاص میں۔ کھلے خزانے اور خانگی طور پر +

خم ٹھوکنا۔ ا۔ ف ل۔ کشتی لڑنے پر مستعد ہو جانا۔ آمادہ بجنگ ہونا +

خم و چم۔ ف۔ اسم مؤنث (نظم) ناز و انداز کی چال۔ معشوقانہ خرام۔ لچک چال خراماں چال + سودا ؎

غافل نہ رہ تواضع کے حال سے۔
تیغ و کماں کی طرح خم و چم ہیت ہے یاں +

خمیازہ اُٹھانا۔ بھگتنا۔ یا کھینچنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) ذلیل ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ پشیمان ہونا۔ رنج اُٹھانا + (۲) ڈنڈ دینا۔ عوضانہ بھگتنا +

خواب خرگوش میں پڑا رہنا۔ ا۔ ف ل۔ خرگوش کی طرح ہر وقت سوتا رہنا۔ غفلت کرنا۔ سستی کرنا۔ بے پروائی کرنا +

خواب و خیال۔ خواب کی باتیں

ا۔ اسم مذکر۔ توہمات۔ سپنے کی مایا۔ بے اصل باتیں +

وقت پیری شباب کی باتیں۔
ایسی ہیں جیسے خواب کی باتیں + (ذوق)

خواب و خیال ہو جانا۔ خواب ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ کسی چیز کا بہت جلد آنکھوں کے سامنے سے جاتا رہنا۔ سپنے کی طرح غائب ہو جانا۔ سپنے کی سی باتیں ہو جانا +

خود بدولت۔ ف۔ اسم مذکر۔ آپ۔ وہ خود۔ حضرت۔ حضور +

خود پسندی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ غرور۔ گھمنڈ۔ اہل کھراپن + تاباں ؎

آئینہ روبرو رکھ اور اپنی چھب دکھانا۔
کیا خود پسندیاں ہیں کیا خود نمائیاں ہیں +

خوشامد درآمد کرنا۔ ا۔ ف م۔ چاپلوسی یا خوشامد کرنا +

خوش طبع۔ خوش مزاج۔ ف صفت زندہ دل۔ ہر وقت خوش رہنے والا۔ ظریف۔ صاحب مذاق +

خوش خلاف۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ تلوار جو اپنی خوشی میان سے نکل پڑے۔ (۲) وہ عورت جو ہر ایک

سے جماع کرانے پر راضی ہو جائے +
(از گلشن فیض)

خوشی کے لوگ - ا۔ محاورہ۔ نقال بھانڈ۔ رنڈی بھڑوے +

خوگر ہو جانا - ا۔ ف ل۔ عادت پڑ جانا عادی ہو جانا +

خوگیر کی بھرتی - ا۔ اسم مؤنث۔ (۱) خراب چیزیں۔ آخور۔ بیکار چیزیں + ہیں ایکے زمانے کے سوار ایسے کہ سب ہیں۔ خوگیر کی بھرتی ہیں لگا تنگ میں کپڑا + (۲) اشعار بے نمک۔ بھرتی کے شعر +

خون بگڑنا - ا۔ ف ل۔ خون کا خراب ہو جانا۔ برص کا عارضہ ہو جانا۔ کوڑھ ہو جانا +

خون پینا - ا۔ ف م۔ دق کرنا۔ دکھی کرنا۔ ستانا + (عو)

خون جگر پینا - یا۔ کھانا - ا۔ ف ل۔ (۱) غصہ غضب یا جوش کو ضبط کرنا۔ (۲) نہایت سخت محنت اٹھانا +

خونریزی۔ خون خرابا - یا۔ **خون خچر ہو جانا** - ا۔ ف ل۔ از حد کشت و خون ہونا۔ قتل عام ہونا۔ جنگ عظیم ہونا۔ بڑا بھاری فساد ہونا +

خون سر چڑھنا - یا۔ **خون سوار ہونا** - ا۔ ف ل۔ کسیکی جانکا دشمن ہونا۔ کسیکے قتل پر آمادہ ہونا + آتش ؎

کج رکھکے وہ کلاہ جو چڑھتے ہیں بسپ پر۔
گردن پر انکی خون ہمارا سوار ہوا +

خون سفید ہونا - ا۔ ف ل۔ بیمہر ہونا۔ بیمروت و بیدید ہونا +

خون خشک ہو جانا - **خون سوکھ جانا** - ا۔ ف ل۔ جان نکل جانا۔ نہایت ڈر جانا۔ دم بخود ہو جانا +

خون کا پیاسا - ا۔ اسم مذکر۔ آزار دہندہ۔ تکلیف دینے والا۔ ستانیوالا قاتل + یار علی ؎

دل تجھے کیا دیا اے جان مرے دشمنوں کے
روز ہوتے ہیں میرے خون کے پیاسے پیدا۔

خون کبوتر - ا۔ صفت (کبوتر کا خون نہایت سرخ ہوتا ہے) اسی سبب سے نہایت سرخ۔ بہت لال +

خون کرنا - ا۔ ف م۔ (۱) کسیکو قتل کرنا۔ جان سے مار ڈالنا +
آبرو کے قتل کو حاضر ہوئے کس کے کہ۔
خون کر نیکو چھپے عاشق پہ تہمت باندھکر + (آبرو)
(۲) ضایع کرنا۔ بے فائدہ اٹھا دینا فضول

فضول خرچی کرنا۔ ناحق سو روپے کا خون کر دیا۔
(۳) بگاڑ دینا۔ خراب کر دینا۔
اُسنے اُردو کا خون کر دیا۔

خون ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) قتل ہو جانا۔ مارا جانا۔ مکس کو باغ میں جانے نہ دینا۔ کہ ناحق خون پروانہ کا ہو گا۔ (۲) اُٹھ جانا۔ بیفائدہ صرف ہو جانا۔ (۳) ضایع جانا۔ برباد و رائیگاں جانا۔ صحبت رکھا کیا وہ سفیہ و ضلال سے۔ دل ہی میں خوں ہوا کیں میری نکتہ دانیاں (میر)

خیال باندھنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) تصور کرنا دھیان کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔ (۲) خیال جمانا۔ (۳) خیالی پلاؤ پکانا۔

خیال پڑنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) یاد پڑنا۔ (۲) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔
اس بات کے خیال ست پڑو

خیال پر چڑھنا۔ ا۔ ف ل۔ یاد رہنا ہر دم خیال میں آنا۔

خیال رکھنا۔ ا۔ ف ل۔ یاد رکھنا۔ دھیان رکھنا۔ بھولنا مت۔

خیال میں نہ لانا۔ ا۔ ف ل۔ پروا نکرنا۔ لحاظ نکرنا۔ خوف نکرنا۔ کچھ نہ گنتا

خیال نکرنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) پروا نکرنا خیال میں نہ لانا۔ (۲) ناراض نہ ہونا۔ برا نہ ماننا۔

خیالی پلاؤ پکانا۔ ا۔ ف ل۔ خیال ہی خیال میں پلاؤ پکا لینا۔ بغیر سامان کے دیگ میں سامان کر لینا۔ پانی کے آگے پاڑ باندھنا۔ تصور بیجا کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔ جی ہی جی میں قلعہ چُننا۔

خیرا دچڑھنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) خراط پر اُترنا۔ درست ہونا۔ صاف ہونا۔ (۲) تیز و چالاک ہونا۔ ہوشیار ہونا۔

خیر باشد چہ خیر ہے۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ (۱) خیریت ہے۔ اچھے ہو۔ کیوں بھئی خیر باشد؟ (۲) کیا بات ہے۔ کیا ہے۔ کیوں؟
اشتیاق ایسا کیا زیادہ ہے۔
خیر ہے۔ کہئے کیا ارادہ ہے۔ (شوق)

خیلا بنانا۔ بنانا ا۔ ف م۔ احمق بنانا پھوٹر سمجھنا۔
ہٹ کے بیٹھو بہت ستایا ہے۔
تمنے خیلا مجھے بنایا ہے۔ (شوق)

خیلا پائینچا۔ خیلا۔ ا۔ اسم مؤنث۔ پھوٹر۔ نغور۔ بیہودہ عورت۔ سلّو۔

خیمے ڈالدینا۔ ا۔ ف م۔ چھاؤنی چھا دینا۔ اُتر پڑنا۔ رہ پڑنا۔ ڈھئی دیدینا۔

و

داب بٹھانا ۔ ہ۔ ف م۔ لوگوں پر رعب بٹھانا۔ سکہ جما۔ حکومت کرنا +

داب بیٹھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) زبردستی قبضہ کر لینا۔ غصب کرنا۔ اینٹھ لینا چھین لینا + (۲) زبردستی فعل شنیع کا مرتکب ہونا

داتا دے بھنڈاری کا پیٹ پھٹے ہ۔ محاورہ۔ مالک دے دار و غہ حسد کرے کوئی دے کوئی جلے +

داخل دفتر کرنا ۔ ا۔ ف م۔ شامل مثل کر دینا۔ مقدمہ خارج کر دینا +

داد دینا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) کسی کی فریاد کو پہنچنا۔ انصاف کرنا + (۲) کسیکے ہنر یا کمال کی تعریف کرنا +

داد کو پہنچنا ۔ ا۔ ف ل۔ یا۔ م۔ (۱) انصاف پانا یا کرنا + سودا ؎

عبث نالاں ہے اس گلشن میں تو اے بلبل نادان
نہیں یہ رسم یاں کوئی کسی کی داد کو پہنچے

(۲) اپنے ہنر یا کمال کی تعریف سنکر خوش ہونا +

داد نہ فریاد ۔ ا۔ محاورہ۔ نہ کوئی داد دیتا ہے نہ کوئی فریاد سنتا ہے۔ اندھیر ہے۔ ظلم ہے +

خون کسیکا کوئی کرے۔ مصرعہ
واں داد نہیں فریاد نہیں + (میر)

داغ اٹھانا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) رنج سہنا۔ صدمہ جھیلنا + (۲) نقصان یا گھاٹا بھگتنا

داغ بیل ڈالنا ۔ ا۔ ف م۔ باغ کی روشوں پر بیلچہ سے نشان ڈالنا۔ کسی عمارت کی بنیاد کا نشان بنانا۔ لوہے کی زنجیر سے مزدک کھود کا نشان ڈالنا +

داغ دینا ۔ ا۔ ف م۔ (۱۔ ہندو) مردہ کی لاش میں آگ دینا + (۲) گل دینا کسی جانور کے گرم لوہے سے نشان ڈالنا زخم کو جلانا۔ داغنا +

صبح وہ داغ دے گئے مجھکو۔
دن کو روشن میرا چراغ ہوا + (داغ)

(۳) نقصان پہنچانا۔ گھاٹا دینا + (۴۔ ف ل) جھلس جانا۔ ترکاری وغیرہ کا برتن کی پیندی میں لگ جانا +

داغ لگانا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) داغنا۔ نشان ڈالنا + (۲) جلانا۔ جھلسنا + (۳) بدنامی دینا۔ بدنام یا رسوا کرنا +

داغی کر دینا - ا - ف م - وصبہ یا نشان ڈالدینا - داغ دینا + (۲) مجرم بنانا - ملزم کر دینا + (۳) بدنام یا بے عزت کر دینا +

دال بندھنا - ہ - ف ل - (۱) چیچک کے دانوں پر کھرنڈ آنا + (۲) روشنی یا پانی کا اکٹھا ہو کر ایک جگہ پر پڑنا +

دال دلیا - ہ - اسم مذکر - (۱) ایک قسم کی غریبوں کی غذا + (۲) رُوکھی سُوکھی ماحضر - جو کچھ موجود ہے + آج تو دال دلیا ہی کھائیے - (۳) کچھ نہ کچھ - تھوڑا بہت دال دلیا ہو ہی رہے گا +

دال روٹی پیٹ بھر کے کھانا - ہ - ف ل - خوب سیر ہو کر کھانا - اگھا جانا اپنے تئیں آسودہ سمجھنا + تو نے ہی دنیا سے نرالی دال روٹی پیٹ بھر کے کھائی ہے

دال روٹی سے خوش ہے - ا - محاورہ آسودہ حال ہے - اوسط درجہ کا آدمی ہے - روٹی سے بے فکر ہے +

دال گلنا - ہ - ف ل - (جب دال گل جاتی ہے تو روٹی کا سامان پورا ہو جاتا ہے) اسی سبب سے کسی جگہ پر دخل ہونا - گزر ہونا - مطلب براری ہونا - کامیابی ہونا

دال میں کچھ کالا ہے - ہ - محاورہ (پکی پکائی دال میں جب کالا سا کچھ دکھائی دے جاتا ہے تو مکھی کا شبہ جی میں پیدا ہو جاتا ہے اور وہ خراب سمجھی جاتی ہے) اسی سبب سے کچھ نہ کچھ بگاڑ یا خرابی ہے - اسمیں کچھ شبہ یا شک ہے +

دال نہ گلنا - ہ - ف ل - مطلب براری نہ ہونا - کام نہ بننا - داؤں نہ لگنا - کچھ نہ چلنا

داماساہی چُکانا - ہ - ف م - داماشاہ جو ایک بڑا ساہوکار گزرا ہے اُسکی طرح قرض داروں کو حصہ رسد چُکانا - دیوالہ نکلنے پر قرضخواہوں کو حصہ رسد دینا +

دام میں آنا - ا - ف ل - فریب میں آنا دھوکا کھانا + ناجی

ہے محال اُنکا دام میں آنا
دل ہے اِن سب بتاں کا زیرکِ ف

دام میں لانا - ا - ف م - فریب یا دھوکا دینا - جال میں پھنسانا +

دامن پکڑنا - یا - گہنا - ا - ف ل - (۱) کسیکی حمایت میں آنا - آسرا یا پناہ لینا - سرن گہنا + (۲) اپنے تئیں کسیکے حوالہ کرنا + (۳) مناکحت یا زوجیت میں آنا + میں گہا دامن تمہارا لاج تمہاری ہاتھ ہے +

(۴) سر راہ کسیکا دامن پکڑ لینا۔ کسی پر سخت تقاضا کرنا + (۵) دعویدار ہونا۔ دامن گیر ہونا۔ مدعی ہونا +

دامن پھیلانا۔ ا۔ ف م۔ کچھ مانگنا۔ کسی کے آگے التجا کرنا +

دامن تلے چھپانا۔ ا۔ ف م۔ پناہ میں لینا۔ بچانا۔ حامی و مددگار بننا +

دامن جھاڑنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) دنیوی تعلقات سے آزاد ہونا + ناسخ ؎

پھر بہار آئی نکلئے گھر سے دامن جھاڑ کر
سوئے صحرائے جنوں چلئے گریباں پھاڑ کر +

دامن جھٹک کر کھڑا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل جو چیز پتے میں ہو اُسکو پھینک کر کھڑا ہو جانا دامن چھڑا کر چلدینا۔ نفرت کرنا۔ بیزار ہو کر چلدینا + میر ؎

حاصل بجز کدورت اس خاکداں سے کیا ہے
خوش وہ گزر گئے ہیں داماں جھٹک جھٹک کے

دامن سے لگنا۔ ا۔ ف ل۔ حفاظت میں آنا۔ پناہ لینا +

دامن سے مُنہ ڈھانکنا۔ ا۔ ف م۔ مُنہ چھپانا۔ شرمانا۔ پردہ کرنا + داغ ؎

بزم محفل مجھی سے تجھکو ظالم! پردہ کرنا تھا
پھر اُسپر یہ قیامت! غیر کے دامن سے مُنہ ڈھانکا

دامنگیر ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) دامن پکڑ لینا۔ روک لینا۔ مانع آنا۔ (۲) مستغیث ہونا۔ دادخواہ ہونا۔ گلے کا ہار ہونا۔ پیچھے پڑنا + داغ ؎

خوف ہے اُسکو دامنگیر ہو بیوقت ذبح
ہاتھ بسمل کا دبا لیتا ہے اکثر زیر پا +

دانائی ٹپکنا۔ ا۔ ف ل۔ عقلمندی ظاہر ہونا۔ ہوشیاری ترشح ہونا +

دانتا کلکل۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ دانت بھڑکا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ عورتوں کی باہمی لڑائی جسمیں وہ ایک دوسری کو کوستی ہیں۔ خانگی جھگڑا اور تکرار۔ کوسا کاٹی۔ خانہ جنگی + روز کی دانتا کلکل اچھی نہیں ہوتی +

دانت بانا۔ پھاڑنا۔ نپوڑنا۔ یا نکوسنا ہ۔ ف ل۔ (۱) بھیانک کے ساتھ دانت دکھانا۔ معقول جواب نہ آنے کی حالت میں ہنس دینا + (۲) عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا +

دانت بجنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سردی کے مارے دانت سے دانت کا ٹکرانا + (۲) جھگڑا و فساد ہونا۔ رد و بدل ہونا۔ کھٹا پٹی ہونا +

کھانڈا یا جارن پڑے اور دانتا باجا گھر پڑی مثل

دانت بیٹھ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ غش آنیکے باعث دانتونکا پیوستہ ہو جانا ۔ یا ۔ بھچ جانا + (۲) دانت کا چُبھ جانا ۔ دانت لگ جانا +

دانت پر مَیل نہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (جب کچھ کھاتے ہیں تو اُسمیں سے دانت پر بھی کچھ نہ کچھ لگ ہی جاتا ہے اور جب کھانے کو نہوگا تو دانت پر کہاں سے لگے گا) اسی سبب سے ۔ نہایت غریب ہونا ۔ از حد مفلس ہونا ۔ فاقوں مرنا +

دانت پیسنا ۔ کٹکٹانا ۔ یا ۔ کچکچانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ نہایت خفا ہونا ۔ بہت غصّہ ہونا + آتش ؎

جب دیکھتا ہے یار تو ہے دانت پیستا ۔
ڈوبوں گا میں ڈبوئے گا آب گہر مجھے +

دانت رکھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کسی چیز کی نہایت خواہش کرنا ۔ (۲) بدلہ یا عوض لینا ۔ انتقام لینا +

دانت سے دانت بجنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ سردی کے باعث دانتوں کا کٹکٹانا ۔ نہایت سردی لگنا +

دانت کاٹی روٹی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ نہایت دوستی ۔ یکجایارانہ +

دانت کرنا ۔ دانتوں پر ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دودھ پیتے بچے کے دانت نکلنے شروع ہونا +

دانت کھٹے کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (کھٹائی سے دانت اپنا کام ادا کرنے میں قاصر ہو جاتے ہیں) اسی سبب سے ۔ (۱) اُن دانتوں کو گُند کر دینا جن سے وہ کھانے کا ارادہ کرتا تھا ۔ ہمت توڑ دینا ۔ پست ہمت کر دینا + (۲) زک دینا ۔ مات دینا ۔ پست کر دینا ۔ عاجز کر دینا +

تیرے دانتوں نے باغ میں اے گل ۔
دانت کھٹے کئے انار وں کے +

دانت لگنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) جبڑا بند ہو جانا ۔ (۲) دانت گھس جانا ۔ چُبھ جانا +

دانت مارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کاٹ کھانا ۔ مُنہ مارنا + (۲) بھانجی مارنا + (۳) عو ۔ لڑنا ۔ لڑائی کرنا +

دانت نکال دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) ہنس دینا ۔ خجالت کے ساتھ ہنسنا ۔ دانت پا دینا + ناسخ ؎

نکالیں تیرے ہنستے ہی کیوں نہ سارے دانت
خدا نے عرش سے یہ نور کے اُتارے دانت

(۲) گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ پریشان ہو جانا
تارے نہیں نکالے دانت چرخ نے۔
دہشت ہے اس قدر میرے شہاۂ تارکی۔ (مصحفی)

دانت نکل آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ خوشی کے باعث ہنسی آجانا۔ خوش ہو جانا +
مجھکو جھولوں بھی جو دیتا ہے کوئی مژدۂ وصل
دانت رونے میں نکل آتے ہیں آنسو کیطرح۔

دانت نہ لگانا ۔ ہ۔ ف م۔ ثابت نگل جانا
اُتار جانا۔ سٹک جانا +

دانتوں پسینا آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ دشوار کام کے کرنے سے عاجز آنا +

دانتوں چڑھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ عو۔ ہر وقت بُرائی کے ساتھ یاد کیا جانا۔ ہر وقت گالیاں اور بد دعائیں سُننا۔ کوسنی کھانا

دانتوں زمین پکڑی نہ رہنا ۔ ہ۔ ف ل باوجود نہایت کوشش کے کسی چیز کا قبضہ سے نکل جانا +

دانتوں سے پکڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی چیز کے حاصل کرنے کے لئے نہایت کوشش کرنا + آج کل روزگار کو دانتوں پکڑتے پھرتے ہیں اور نہیں ملتا +

دانتوں سے کوڑی اُٹھاتا ہے ۔ ہ۔ محاورہ۔ اگر کوڑی گر پڑتی ہے تو ہاتھوں کے بجائے دانتوں سے اُٹھاتا ہے۔ نہایت ہی مُمسک اور بخیل ہے۔ بڑا کنجوس ہے +

دانتوں میں اُنگلی دینا۔ دانتوں تلے اُنگلی کاٹنا یا دابنا ۔ ہ۔ ف ل نہایت افسوس کرنا۔ غم کا اظہار کرنا۔ حیرت میں آنا۔ متعجب ہونا +
رہی کوئی اُنگلی کو دانتوں میں داب۔
کسی نے کہا گھر ہوا یہ خراب + (میر حسن)

دانتوں میں تنکا لینا ۔ ہ۔ ف ل نہایت عجز و انکسار ظاہر کرنا۔ دیکھو (تنکا دانتوں میں لینا) +

دانتوں میں زبان۔ دانتونمیں زبان۔ یا۔ جیبھ ہونا۔ دانتوں میں زبان کی طرح رہنا ۔ ا۔ ف ل دشمنوں میں بغیر ہتیار کے رہنا بہت سے دشمنوں میں رہکر اپنے تئیں اُنکے صدمہ سے بچانا +

دانت ہے ۔ ہ۔ محاورہ۔ (۱) کسی چیز کی از بس خواہش ہے۔ ارادہ ہے کسی چیز کی از حد آرزو ہے۔ (۲) صدمہ پہنچانے کا ارادہ ہے۔
رقیب پیتے ہیں دانت بزم جاناں میں
ہے مجھپہ دانت میں دانتونمیں ہوں زباں کیطرح (نظام)

دانتے پڑ جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی اوزار یا ہتیار کی دھار میں گڑھے سے ہو جانا۔ چاقو وغیرہ کا خراب ہو جانا

دانتی دینا ۔ ہ۔ ف م۔ عو۔ منہ بند کرنا خاموش کرنا۔ جواب نہ دینے دینا +

دان دینا رہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ طنزاً حاتم ہونا۔ خوب روپیہ اُٹھانا۔ سدا برت لگا دینا +

دانہ بدلی کرنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) ایک کبوتر کا اپنی چونچ میں سے دانہ دوسرے کی چونچ میں دینا + (۲) پیار محبت کرنا۔ چوما چاٹی کرنا۔ بوسہ وکنار کرنا

دانہ جمانا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) زمین میں دانہ جمانا۔ بونا + (۲) جال بچھانا۔ دانہ ڈالنا دھوکا یا خجل دینا۔ فریب دینا +

دانہ زد ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ بخیل ہونا۔ کنجوس مشہور ہونا۔ اوچھوں کی سی بات کرنا +

دانے بکھرنا ۔ ا۔ ف ل۔ زندگی باقی ہونا

دانے پانی کے ہاتھ ہے ۔ محاورہ۔ قسمت ومقدر پر منحصر ہے۔ بھاگ کے آدھین ہے۔ سارہی پرالبدھ کی بات ہے +

دانے نیرڑ جانا ۔ ا۔ ف ل۔ آب و دانہ اُٹھ جانا۔ مرنے کے دن پاس آجانا

داؤں پر اڑنا ۔ رکھنا۔ ا۔ لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (قمار بازی) داؤں پر روپیہ لگانا۔ شرط بد کر کھیلنا۔ ا۔ دینا +

داؤں پر چڑھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) قابو یا گرفت میں آنا۔ بس میں آنا۔ (۲) فریب یا دم میں آنا۔

داؤں پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ پاسہ وغیرہ کا موافق پڑنا۔ داؤں کا حسب الخواہ آنا

داؤں کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کشتی میں پیچ کرنا + (۲) فریب دھوکا کرنا +

داؤں کھا جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (بازی) لڑکے یا عورت کا ایک بار بے خجل کرالینا

داؤں لگنا ۔ ہ۔ ف ل۔ موقع نکل آنا۔ اتفاق یا سنجوگ بن جانا +

داؤں میں آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ فریب یا دھوکے میں آنا۔ دم جھانسے میں آجانا +

داؤں سے پیٹ چھپانا ۔ ہ۔ محاورہ۔ مرم راز سے راز کو مخفی کرنا۔ ناممکن الوقوع بات کرنا +

دائیں بائیں دیکر نکلجانا ۔ ہ۔ ف ل۔

دھوکا دیکر نکلجانا - چال کرکے بھاگ جانا

دائیں بائیں کر دینا - ہ - ف م - چھپا دینا + دیکھو (اِدھر سے اُدھر کر دینا)

دائیں ہاتھ کا کھایا حرام ہے - ا - محاورہ - جب تک اپنے وعدے کو پورا نکرے تو تمہیں کھانا کھانا بمنزلہ حرام چیز کھانے کے ہے تمہیں قسم ہے جو اسی طرح نکرو +

دبا بیٹھنا - ہ - ف م - دیکھو (دبا بیٹھنا)

دبنگ آدمی - اسم مذکر - اکھڑ اور جھگڑالو شورہ پشت - ہنگڑ باز خاں +

دبو دبو کرنا - ہ - ف م - کسی بڑی بات یا لڑائی کو دبا دینا - چھپا دینا +

دبی آگ کریدنا - ہ - ف م - فتنہ خوابیدہ کو بیدار کرنا - پرانے جھگڑوں کو تازہ کرنا - گڑے مردے اکھاڑنا +

دبی بلی چوہوں سے کان کترواتی ہے - ہ - محاورہ - جب کوئی ایک ادنیٰ آدمی سے دبجاتا ہے - شریف غریب آدمی ہمیشہ رذیل مالدار سے دبتا رہتا ہے

دبے پاؤں - ہ - م ف - آہستہ آہستہ ہولے ہولے - نرم قدم سے +

پہر کہیچے آفراد بے پاؤں وہ - (پرچسن) نظر سے بچاے ہوئے بھاؤں وہ +

دُتا بتانا - یا - دینا - ہ - ف م - بتایا فریب دینا - جُل دینا +

دختر رز - ف اسم مؤنث - (نظم) شراب اے ذوق دختر رز کو نہ منہ لگا - چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی + (ذوق)

دخل در معقولات دینا - ا - ف م - بے پوچھے دو آدمیوں کی گفتگو میں دخل اُٹھنا - بیچ میں بولنا - خواہ مخواہ ٹانگ اڑانا

درانتی پڑنا - ہ - ف ل - (زمیندار) کھیتی کٹنا +

دربار باندھنا - ا - ف م - رشوت دینا - گھوس دینا +

درباداری کرنا - ا - ف م - امیروں کے ہاں حاضری بجانا - مفت کی خوشامد کرنا +

درباری زبان - ا - اسم مؤنث - دربار کی بولی - شایستہ یا فصیح زبان کھری بولی +

دربدر پھرنا - ا - ف ل - مارا مارا یا خراب خستہ پھرنا + دوہا -

یہ کتا دو دو پھرے اور کوئی نہ ڈالے ٹکڑا
ایک ہی در کا ہو رہے تو ٹکڑا کرے نہ کوئی

درپردہ - ا م ف - (۱) پوشیدہ - ہ - چھپے

چھپے (۲) کسی پر ڈالکر۔ کنایۃً۔ اشارۃً +

درد آنا یا کھانا ۔ ا۔ ف ل ۔ رحم آنا۔ ترس آنا۔ ہمدردی کرنا +

دُرد دُرد پھٹ پھٹ ہونا ۔ ہ۔ ف ل ہر طرف سے لعن طعن ہونا۔ ہر ایک کے طعنے سننا۔ ہر طرف سے طعن تشنیع سہنا +

دُرد دُر کرنا ۔ ہ۔ ف م ۔عو۔ نکال دینا نفرت کرنا +

درد سر دینا ۔ ا۔ ف م ۔ تکلیف دینا ستانا ۔ دق کرنا + (میر) ؎

بس طبیب اُٹھ جا میری بالیں سے مت کر درد سر
کام جاں آخر ہوا اب فائدہ تدبیر کا

درد سر ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) سر میں درد ہونے لگنا + (۲) بھاری ہونا ناگوار معلوم ہونا۔ دو بھر ہونا +

زندگی درد سر ہوئی حاتم۔
کب ملے گا مجھے پیا میرا + (حاتم)

دُرد شا کرنا ۔ ہ۔ ف م ۔ بُرا حال کرنا۔ گت بنانا۔ خوب مارنا۔ ٹھیک بنانا

درد سری کرنا ۔ ا۔ ف ل ۔ محنت اُٹھانا۔ جان مارنا +

درد لگنا ۔ ا۔ ف ل ۔ دردزہ ہونا۔ جننے کا درد ہونا + (یار علی) ؎

نہ جاؤ تم پڑوسن کہتے ہیں بھیجو میرے بھائی کو۔
لگے ہیں درد۔ مرتی ہوں ۔ بُلا لا دیوہ دائی کو

درد ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) تکلیف ہونا دُکھ ہونا + (۲) شوق پیدا ہونا۔ جی چاہنا + شوق ۔ ؎

رنگ رخ دیکھتے ہی زرد ہوا۔
دل میں بے اختیار درد ہوا +

درست کرنا ۔ ا۔ ف م ۔ گوشمالی دینا دیکھو (ٹھیک بنانا)

درگزر کرنا ۔ ا۔ ف م ۔ (۱) چشم پوشی کرنا اغماض کرنا۔ جانے دینا + (۲) معاف کرنا۔ بخش دینا۔ عذر سن لینا +

دروازے کی مٹی یا لیولے ڈالنا ا۔ ف م ۔ کسی کے ہاں اس کثرت سے جانا کہ اُسکے دروازہ کی مٹی بار بار کی آمد و رفت کے باعث اُکھڑ جائے۔ بار بار پھیرے کرنا۔ سخت تقاضا کرنا +

در و دیوار سے ۔ ا۔ م ف ۔ ہر جگہ سے ۔ ہر طرف سے + صفدر ؎

عیش و عشرت کے مُہیا ہوئے سارے ساماں
در و دیوار سے تھا جلوۂ فردوس عیاں

دریا بُرد کر دینا۔ ا۔ ف م۔ دریا میں ڈبو دینا
دریا دلی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ فیاضی۔ سخاوت +
دریا کو کوزہ میں بند کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) بہت بڑی بات کو تھوڑا کر کے بیان کرنا بہت بڑے بیان کو مختصر کر کے لکھنا + (۲) ناممکن بات کرنا +
دریا کو ہاتھ سے روکنا۔ ا۔ ف ل۔ ناممکن کام کا ارادہ کرنا۔ فضول یا بیہودہ کام کی طرف توجہ کرنا +
دریا میں رہنا مگر سے بیر۔ ا۔ محاورہ۔ ایک مکان میں رہکر پڑوسی سے دشمنی رکھنی نامناسب بات ہے +
ہو چکی دل کی اپنے عشق میں خیر۔
رہیں دریا میں اور مگر سے بیر + (ذوق)
دڑبڑا لینا۔ ہ۔ ف م۔ (اپنا ڈر بڑا دینا یعنے اپنا خوف کسی کے دل میں جما دینا) اسی سبب سے۔ (۱) دھمکا لینا۔ دبا لینا۔ غالب آجانا۔ (۲) جھوٹا بنا دینا۔ جھوٹا ثابت کر دینا +
دڑنگے لگاتے پھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ م عو۔ ادھر سے اُدھر اور اُدھر سے ادھر دوڑتے پھرنا۔ اُچھلتے کودتے پھرنا۔ آوارہ پھرنا +
دست بخیر۔ ا۔ محاورہ۔ (مسلمان) کسی کے جسم کی تکلیف کا مقام اپنے جسم پر اپنے دائیں ہاتھ سے بتانے کی حالت میں یہہ فقرہ کہا کرتے ہیں یعنی ہمارے جسم میں اپنے ہاتھ سے بیان کرنیکا اثر ہو
دست بدست دینا۔ ا۔ ف م۔ ہاتھوں ہاتھ دینا۔ اُسیوقت دینا۔ فوراً دیدینا +
دست بُرد کرنا۔ ا۔ ف م۔ مال غصب کرنا۔ مال مارنا۔ خیانت۔ یا۔ غبن کرنا +
دست درازی کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) اوٹنا ہاتھ ڈالنا۔ (۲) مارنا۔ پیٹنا۔ ہاتھ درازی کرنا + (۳) بے عزتی کرنا۔ زنا بالجبر کرنا۔ ہاتھ ڈالدینا +
دسترخوان بڑھانا۔ ا۔ ف م۔ (مسلمان) وہ کپڑا جسپر کھانا رکھکر کھاتے ہیں اُٹھا دینا کھانے سے فارغ ہونا +
دسترخوان کرنا۔ ا۔ ف م۔ (مسلمان) بزرگوں کی نذر و نیاز کا کھانا غریبوں کو بانٹنا۔ نیاز کرنا۔ سنت ادا کرنا +
بحر اب کھچل کے دسترخوان کر۔
یار نے تجھ کو کھلا یا اپنے ساتھ + (بحر)
دست و قلم۔ ا۔ اسم مذکر۔ م عو۔ لکھا پڑھا۔ عالم آدمی +
دستک باندھنا۔ یا۔ لگانا۔ ا۔ ف م۔ کر باندھ دینا۔ محصول مقرر کر دینا۔

بے فائدہ خرچ لگا لینا +

دستک دینا - ا - ف م - کنڈی کھٹکھٹانا زنجیر کھڑکانا + کسیکو دروازہ پر بُلانا +

دست گرداں ا - م ف - (۱) ہتھ دھرا قرض بغیر گروی جو تھوڑے عرصہ کے لیئے اعتبار پر لیتے ہیں + (۲) بکتی ہوئی چیز ہی میں +

دسواں دوار نکل جانا - ہ - ف ل - (۱) دماغ پھٹ جانا - بھیجا نکل جانا + (۲) دماغ کو خبر ہو جانا - کسی چیز کی نہایت تیزی معلوم ہونا +

دست و پا مارنا - ا - ف م - ہاتھ پاؤں مارنا - کوشش کرنا - جانفشانی کرنا - جد و جہد کرنا + میر ؎

دست و پا مارے وقت بسمل تک
ہاتھ پہنچا نہ پائے قاتل تک +

دسوں اُنگلیاں دسوں چراغ ا - محاورہ - م ع - ہنرمند عورت ہے صاحب سلیقہ ہے - بڑی سگھڑ ہے +

دِشا جانا - دِشا فراغت جانا - ہ - ف ل - گاؤں سے باہر پیخانہ پھرنے جانا - جنگل یا میدان جانا +

دُعا لینا - ا - ف ل - کسی کو خوش کر کے اپنے حق میں نیک دعا سننا - ہر ایک کو خوش کرنا +

دعوت اسلام - ع ف - دین اسلام کی قبولیت +

دعوت جنگ - ع ف - اسم مؤنث لڑائی کا اشتہار +

دعوت سمرقند - ع ف - اسم مؤنث (۱) شان و شوکت کی دعوت - بڑی تکلف کی ضیافت +

دعوت شیراز - ع ف - اسم مؤنث بے تکلفی کی دعوت - دال دلیا - طعام ماحضر +

دعوت ولیمہ - ع ف - اسم مؤنث وہ دعوت جو مسلمانوں میں نکاح کے بعد بیٹے والے کی طرف سے دیجاتی ہے - شادی کی شرعی دعوت +

دفع الوقتی کرنا - ا - ف م - وقت ٹالنا یا گزارنا - بات ٹالنا - بہانہ کرنا +

دفعیہ کرنا - ا - ف م - علاج کرنا - اُپاے کرنا +

دف مرنا ا ف ل - جوش یا تیزی کم ہو جانا یا گھٹ جانا +

دُکھ بٹانا - ہ - ف م - کسی کی تکلیف میں شریک ہونا - ہمدردی کرنا +

ہمیں کیا جو کسی کا دُکھ بٹا دیں۔
کسی کے واسطے دنیا سے جاویں + (جُرأت)

دُکھ بھرنا - یا - **بھگتنا** - ہ - ف ل - مصیبت اُٹھانا - تکلیف بھگتنا +

دُکھ بھریں بی فاختہ اور کوئے میوہ کھائیں ہنس

دُکھڑا پڑنا - ہ - ف ل - (۱) مصیبت یا بپتا آنا + (۲) رانڈ ہو جانا - خاوند کا مر جانا

دُکھڑا پیٹنا - ہ - ف ل - سخت محنت کرنا - بڑی محنت کرنا - بڑی محنت یا مشقت سے پیٹ پالنا +

دُکھڑا رونا - ہ - ف ل - (۱) اپنی بپتا کی کہانی کہنا - اپنی مصیبت بیان کرنا

دُکھ ساگر - ہ - اسم مذکر - بحر غم - مصیبت کا گھر - سنسار - دُکھ کی کھان - دنیا +

دگڑا بگنا - یا - **چلنا** - ہ - ف ل - (دیہات) رستہ کا ہر وقت جاری رہنا - سڑک چلنا

دل اٹکنا - یا - **پھنسنا** - ا - ف ل - کسی کی محبت میں گرفتار ہو جانا - عاشق ہو جانا - پھنس جانا + یا علی ؎

مت لی مانگ میں دل اٹکا ہی انجانے تی
رات کو راہ ما ذیجھا کیونا چلت +

دل اٹھنا - ا - ف ل - دل ہیزار ہو جانا - جی ہٹ جانا - برداشتہ خاطر ہونا +

کہیہ صیاد جو ہووے گزر یار کی طرف -
دل سب طرف سے آپکے جانے سو اٹھ گیا + (جُرأت)

دل اُچاٹ ہونا - ا - ف ل - برداشتہ خاطر ہونا + دیکھو (جی اُکتا جانا)

دل آنا - **دل کا آنا** - ا - ف ل - عاشق ہو جانا - دیکھو (جی آجانا)

(۱) جانصاحب آکے دل مجھپر تیرا کیا بھر گیا -
اُوہی کیا تقدیر بگڑی ہن کے سودا پھر گیا +

(۲) دل کا آنا ہے کام سے جانا -
جانے کا کام ہے تو آئے گا +

دل بجھنا - ا - ف ل - اُمنگ جاتی رہنا - دل مر جانا + آتش ؎

بے داغ حشق کیوں نہ ہو دل بجھا رہے
اندھیرے چراغ نہیں جس کنول میں

دل بُرا کرنا - ا - ف ل - دیکھو - (جی بُرا کرنا)

دل بڑھانا - ف م - ہمت بڑھانا - دیکھو (جی بڑھانا) ذوق ؎

تیغ تو وہیں پڑی تھی گر پڑے ہم آپ سے
دل کو تقویت سے بڑھانا اور ہی ہے کچھ مزا

دل بھاری کرنا - ا - ف ل - افسردہ خاطر ہونا - رنجیدہ یا ملول ہونا - رونے کو ہو جانا +

دِل بھر آنا ۔ا۔ف ل۔ دیکھو (جی بھر آنا) + ناسخ ؎

خوں فشاں رہتی ہیں آنکھیں ہو چکی جب سے شراب
کیوں نہ بھر آئے مرا دل شیشہ خالی ہو گیا

دِل بیٹھ جانا ۔یا۔ **بیٹھنا** ۔ا۔ف ل۔ افسردہ خاطر ہونا ۔ دیکھو (جی بیٹھنا) + سحر

(۱) قطع جب سے ہوئی اُمید وصالِ جاناں ۔
اِس طرح بیٹھ گیا دل کہ اُٹھایا نہ گیا +

(۲) سودا کہے تھا یار سے ایک مُنہیں غرض
اُدھر کھِل ہو ظرف ادھر دل بکھر چلا +

دِل پانا ۔ا۔ف م۔ مزاج حاضر دیکھنا ۔ طبیعت کا موافق دیکھنا +

دِل پر چوٹ لگنا ۔ا۔ف ل۔ دل پر اثر ہونا دل کو خبر ہونا +

دِل پر نقش ہونا ۔ا۔ف ل۔ جی میں بیٹھ جانا۔ دل پر اثر ہونا۔ دل پر کھُد جانا +

الٰہی نقش ہو کلمہ رسول اللہ کا دل پر۔ (داغ)
چلے کونین میں نام محمدؐ سے دم میرا +

دِل پر ہاتھ رکھنا ۔ا۔ف م۔ تشفی دینا۔ تسلی کرنا ۔ اطمینان کرنا۔ تھاوس دینا۔

میں نے پوچھا ہاتھ یہ کیوں میرے دل پر رکھ دیا۔
مُسکرا کے بولے ہاں کچھ تو سمجھ کر رکھ دیا +

دِل پسیجنا ۔ا۔ف ل۔ کسی کے حال پر رحم آنا۔ ترس کھانا + آتش ؎

آتش ! خموش دل نہ پسیجیگا یار کا
بے معنی ہے یہ مصرع موزوں آہ کا +

دِل پکجانا ۔ا۔ف ل۔ کسی شخص سے تکلیف پہنچنا۔ دردمند ہونا ۔ دیکھو (جی دُکھی ہو جانا) + آتش ؎

بتوں کے ناز سے دُکھ دُکھ کے پک گئے ہیں دل
وہ کون ہے کہ خدا سے جو داد خواہ نہیں

دِل پکڑا جانا ۔ا۔ف ل۔ شُبہ ہونا یا پڑنا۔ وقوع سے پہلے طبیعت میں خطور ہونا۔ ماتھا ٹھنکنا +

دِل پکڑنا ۔یا۔ **پکڑ لینا** ۔ا۔ف ل۔ آہ و نالہ یا صدمہ وغیرہ کی تاب نہ لا سکنا +

کسکو دردِ اپنا سناؤں کون لا سکتا ہے تاب
دل پکڑ لیتی ہے بلبل بھی مری فریاد سے

دِل پھٹنا ۔ا۔ف ل۔ کسی سے بیزار ہو جانا۔ جدا ہو جانا۔ متنفر کرنا +

کبھی نہ اُن سے ملے ہم جُدا ہوئے جب سے۔
پھٹا دل ایسا کہ پھر التیام ہو نہ سکا + (بحر)

دِل بھر جانا ۔ا۔ف ل۔ (۱) سیر ہو جانا دیکھو (جی بھر جانا) + (۲) دوستی میں فرق آجانا + دیکھو (جی پھرنا نمبر ۳) جرأت ؎

کوئی دل پھرتا ہے اپنا گو کریں خوبان جفا۔
عشق خلقت میں ہمارے اِن ستمگاروں کا ہے

دل پھیکا ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ کسی چیز سے بیزار ہونا۔ جی ہٹ جانا۔ اُمنگ جاتی رہنا۔ دل مرجانا +

پریرو تیرا آرائش سے کیوں دل ہو گیا پھیکا
نہ وہ لب پر لکھوٹا ہے نہ وہ ماتھے پر افشاں ہے

دل پیچھے پڑنا۔ ا۔ ف ل۔ جی ہٹ جانا۔ رنج و غم کا بھولجانا۔ طبیعت کا بہلجانا +

دل توڑنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ہمت یا جی توڑنا حوصلہ کم کر دینا +

لاکھ ہوتے بھی ہیں اگر قاتل۔
یوں نہیں توڑتے کسی کا دل + (فریب عشق)

(۲) تکلیف دینا۔ ستانا۔ آزار دینا۔

صبا سے ہر گھڑی مجھکو لہو کی باس آتی ہے
چمن میں آہ گلچیں نے یہ کس بلبل کا دل توڑا + (میر)

دل تو لگتے ہی لگیگا۔ دل تو لگتا سا لگیگا۔ ا۔ محاورہ۔ دل آہستہ آہستہ کسی بات کا خوگر ہو گا۔ سہج سہج بان پڑیگی۔ طبیعت رفتہ رفتہ عادی ہو گی

دل تو لگتے ہی لگیگا حوریان عدن سے۔
باغ ہستی سے چلا ہوں ہاے پریاں چھوڑکر + (ذوق)

دل ٹوٹنا۔ ا۔ ف ل۔ رنجیدہ ہونا شکستہ خاطر ہونا۔ ہمت پست ہونا +

دل میرا ٹوٹ گیا یاد جو آیا ساقی۔
شیشۂ مے کو شب ہجر میں تجھ سمجھا + (ناسخ)

دل ٹھکانے لگانا۔ ا۔ ف م۔ تشفی کرنا۔ دلاسا دینا۔ آرام دینا +

ملا میرے دلبر کو مجھے خدا۔
نہیں تو مرا دل ٹھکانے لگا + (میر حسن)

دل ٹھکانے لگنا۔ یا۔ ٹھیرنا۔ ا۔ ف ل۔ طبیعت کو اطمینان ہونا۔ تسلی و تشفی ہونا۔ آرام ہونا + داغ ؎

نہ دل ہی ٹھیرا نہ آنکھ جھپکی نہ چین پایا نہ خواب آیا۔
خدا دکھائے نہ دشمنوں کو جو دوستی میں عذاب دیکھا

دل ٹھکانا۔ ا۔ ف ل۔ اطمینان یا خاطر جمع ہونا۔ اعتبار یا یقین ہونا +

دل جلا۔ ا۔ اسم مذکر۔ عاشق۔ دل دادہ دل گرفتہ + ناسخ ؎

کبھی مجھ دل جلے کی تربت پر۔
سبز ہو گا نہ جز چنار درخت +

دل جلانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) رنج اُٹھانا۔ دلسوزی کرنا + میر ؎

پری سمجھے تجھے وہم و گماں سے۔
کہا تک او ہم اب دل جلا دیں +

(۲) ف م۔ ستانا۔ دیکھو (جی جلانا)

دِل جمعی کرنا - ا - ف م - اطمینان کرنا خاطر جمع کر دینا - یقین دلا دینا +

دِل جمنا - ا - ف ل - جی لگ جانا - دل کا کسی طرف متوجہ ہو جانا +

دِل چُرانا - ا - ف م - (۱) دیکھو (جان چُرانا) + (۲) کسی کا دل لے لینا - موہ لینا - عاشق بنا لینا +

دِل چلا - ا - اسم مذکر - دیکھو (جی چلا)

دِل چھین لینا - ا - ف م - عاشق کر لینا - موہ لینا + ولی ؎

دل ولی کا لیلیا دلی نے چھین -
جا کہو کوئی محمد شاہ سوں +

دِل چیر کر دیکھنا - ا - ف م - دل کا حال دریافت کرنا - اندرونی بات معلوم کرنا ہوا ہے جب سے شہرہ اس عدو دین و ایماں کا کوئی دل چیر کر دیکھے عقیدہ ہر مسلماں کا

دِل حاضر ہونا - ا - ف ل - طبیعت کا درست ہونا - مزاج کا اصلی حالت پر قایم ہونا +

دِل خوش کرنا - ا - ف م - جی خوش کرنا - جی بہلانا - دل لگی کرنا +

دِلدر یار ہونا - ہ - ف ل - افلاس سے نجات پانا - تنگدستی رہنا غریبی یا کنگالی جاتی رہنا +

دِل دریا ہونا - ا - ف ل - غیاض یا سخی ہونا + لنایا مال بگانا بندی کا دل دریا ہے + مثل

دِل دُکھانا - ا - ف م - تکلیف دینا - ستانا +

دلدل میں پھنسنا - ہ - ف ل - (۱) کیچڑ میں پھنس جانا - بجھ جانا + (۲) کسی جھگڑے یا قضیہ میں مبتلا ہو جانا - (۳) کسی مرض میں مدت تک مبتلا رہنا

دِل دیکھنا - ا - ف م - کسی امر میں کسی کا امتحان کرنا - امتحاناً کچھ مانگنا + جگر کر چاک قاتل دیکھتا تھا - (نظیر) جو پوچھا تو کہا "دل دیکھتا تھا"

دِل دینا یا لگانا - ا - ف ل - (۱) عاشق فریفتہ یا شیدا ہونا - لٹو ہونا + (۱) اب دل کے تئیں دیا تو سمجھا - محنت زدوں کے جگر نہ ہوگا + (میر)

(۲) دل دیکھے آگیا تیری قابو میں اے صنم - ناسخ
میں اپنے اختیار سے مجبور ہو گیا +

(۲) نہایت شوق کے ساتھ مصروف ہونا

دِل ڈوبنا - ا - ف ل - غمگین ہونا - دنجیدہ ہونا + طبیعت کا بکھر جانا +

اے عزیز و آج میرا دل نہ ڈوبا جائے کیوں
اپنے یوسف کا مجھے چاہ ذقن یاد آگیا۔ (ناسخ)

دل رُکنا ۔ا۔ ف ل۔ جی بھچنا۔ آزردہ خاطر ہونا + غالب ؎

دُکھ جی کے پسند ہو گیا ہے غالب
دل رُک رُک کر بند ہو گیا ہے غالب
واللہ کہ شب کو نیند آتی ہی نہیں
سونا سوگند ہو گیا ہے غالب

دل رکھنا ۔ا۔ ف م۔ (۱) دلجوئی یا دلداری۔ تسلی و تشفی کرنا + (۲) خوش کرنا۔ راضی کرنا۔ مرہون منت کرنا + (۳) درخواست کو پورا کرنا۔ مراد بر لانا + ضمیر ؎

سب کی تو آرزوئیں پوری کیں۔
پر ہمارا ہی دل نہ رکھا کبھو +

دل سرد ہونا ۔ف ل۔ جی ٹھنڈا ہونا جی ہٹ جانا۔ دل بیزار ہو جانا +

اس سے تو داغ وہ بیدرد ہو گیا۔
اب آہ آتشین سے بھی دل سرد ہو گیا + (ذوق)

دل سلگنا ۔ا۔ ف ل۔ دل کا جل جانا دیکھو (جی جلنا) ذوق ؎

دل سلگنے سے نہ جب تک اور بدبو اٹھ گئی
کم نہ ہو قلیاں کشی ہو سوز محبت کی طلب

دل سے تنگ آنا یا ہونا ۔ا۔ ف ل۔ عاجز آ جانا۔ دُکھی ہو جانا +

منظور مجکو ضبط میرے دل کو اضطراب۔
دل میرا مجھسے تنگ ہے میں دل سے تنگ ہوں + (ذوق)

دل سے دل ملنا ۔ ف ل۔ باہم اتحاد و اتفاق ہونا۔ ملاپ ہونا + بحر ؎

اے یار ملے دل سے دل ایسا کہ کہوں میں
یہ رنگ ہے محبت کی انگوٹھی کا دو پلکا۔

دل سے دھواں اٹھنا ۔ف ل۔ آہ و بکا کرنا۔ نالہ و فریاد کرنا +

دل سے گرنا ۔ا۔ ف ل۔ بیقدر ہو جانا عزت گھٹنا۔ بیوقر ہونا +

دل شکستہ ۔ف۔ اسم مذکر۔ عاشق دل دادہ + فغاں ؎

دل شکستوں کا سخن ہو وہی نیکو لگنا
ساز بگڑے ہے تو نکلے ہے صدا بگڑی ہوئی

دل کا بخار یا غبار نکالنا ۔ا۔ ف م۔ دل کدورت دور کرنا + دیکھو (بخار نکالنا) میر تقی ؎

(۱) چشم سے خوں ہزار نکلے گا۔
یوں دل کا بخار نکلے گا +

(۲) نکلا غبار دل کا صفا ہی تو ہو گئی۔
اچھا ہوا جو خاک میں تم نے ملا دیا + (زرقا)

دِل کا خریدار ۔ا۔ اسم مذکر معشوق۔ سن موہن۔ جانی۔ پیارا + فغاں ؎

صفت سودا ہوا رے یار کہاں جاتا ہے۔
آ مرے دل کے خریدار کہاں جاتا ہے +

دِل کا لہری ۔ یا ۔ موجی ۔ا۔ اسم مذکر۔ آزاد آدمی۔ سن موجی۔ خوش مزاج +

دِل کو لگنا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) دل پر چوٹ لگنا۔ دل پر نہایت اثر ہونا۔ خیال ہونا۔ تڑپنے لوٹنے رونے کا باعث تجھیہ کھل جاتا۔ تری دلکو بھی میری سی اگر لگے ہیوا لگتی +

(۲) ٹھیک معلوم ہونا۔ معقول یا قرین قیاس معلوم ہونا +

دِل کھٹا کرنا ۔ا۔ ف م۔ آزردہ خاطر کرنا۔ ناراض کرنا +

دِل کھلنا ۔ا۔ ف ل۔ انبساط طبع ہونا۔ دلریا دہشت جاتی رہنا +

دل کھول کے ۔ا۔ م ف۔ خاطر خواہ۔ فراخ حوصلگی کے ساتھ +

دِل کی بھڑاس نکالنا ۔ا۔ ف م۔ دلکا غبار نکالنا + دیکھو (بخار نکالنا)

دِل کی پھانس ۔ا۔ اسم مونث۔ آزار دل اندرونی تکلیف + ؎

کھٹکتی ہے جو دل کی پھانس دل کو چین آتا ہے۔
کہ ماہی کو نہیں تکلیف ہوتی خار ماہی سے +

دِل کے پھپھولے پھوڑنا ۔ا۔ ف ل۔ طعن تشنیع وغیرہ سے رنج ظاہر کرنا + دیکھو۔ (پھپھولے پھوڑنا)

میخانہ پہنچ جلکے شیشے تمام توڑے۔
زاہد نے آج اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے + (خان آرزو)

دِل کی حسرتیں نکالنا ۔ا۔ ف ل۔ دل کی آرزو یا تمنا پوری کرنا + فغاں

ہجر شب فراق میں سنتا ہے اے فغاں۔
کیا خاک سو کے حسرتیں دل کی نکالیاں

دِل کی دِل میں رہنا ۔ا۔ ف ل۔ ارمان باقی رہنا۔ حسرت رہجانا + دیکھو۔

(جی کی جی ہی میں رہنا) میر ؎

وہ بے کس کیا کرے کہہ تو رہی دل ہی کی دل ہی میں
نہیں بجتا ترا دل میر سے اے آرزو ٹوٹا +

دِل کی صفائی کرنا ۔ا۔ ف ل۔ تزکیہ باطنی کرنا۔ نفس کو پاک کرنا + ذوق ؎

خاک آئینہ سے ہے نام سکندر روشن
روشنی دیکھتا گر دل کی صفائی کرتا +

دِل کی گانٹھ کھولنا ۔ا۔ ف م۔ عداوت دلی کو دور کرنا۔ چھپے ہوئے کینہ کو رفع کرنا

دِل کی گلچھٹی ۔ اسم مونث۔ آنٹ۔ شکر رنجی۔ باہمی رنجش +

دِل کی لاگ ۔ا۔ اسم مونث۔ لگن۔ الفت

محبت عاشقی +

دِل گُردہ - اسم مذکر - (۱) عالی ہمتی - عالی حوصلگی + (۲) جرات - دلیری - بہادری

دِل لگانا - ا - ف م - تعشق کرنا - دیکھو (جی لگانا) میر ؎

لگانہ دل کو کہیں کیا سُنا نہیں تونے -
جو کچھ کہ میر کا اس عاشقی نے حال کیا +

دِل لگنا - ا - ف ل - (۱) عاشق ہوجانا دیکھو - (جی لگنا) جرأت ؎

(۱) دل کے لگ جانیکو سونا دوا ہیں اُسمیں -
وہ ستمگار نقط ایک طرحدار ہے کیا +

(۲) کسی جگہ یا مکاں میں جی کا خوش رہنا -
دل لگا تو ٹھیر رہنگا نہیں اُلٹا چلا آؤں گا +

دِل لگی کرنا - ف م - (۱) محبت یا عشق کرنا - نیہا جوڑنا + داغ ؎

بڑی ہے اے داغ راہ الفت خدا نہ بھائی ایسے رستے
جو اپنی تم خیر چاہتے ہو تو بھول کر دل لگی نہ کرنا +

(۲) ہنسی مذاق کرنا - ظرافت کرنا +

دل لیجانا - دِل لے لینا - ا - ف م - عاشق کرلینا - موہ لینا - جی چھین لینا +

(۱) مرے نگاہ اُسکی دل لیگئی سبھوں کے -
کیا مومن و برہمن کیا گبر اور ترسا + (میر)

(۲) دل لے لیا تو عین عنایت ہے یار کی -
اچھا ہے رنجشیں تو گئیں بار بار کی + (میر)

دِل لینا - ا - ف م - (۱) کسی کے دل کا حال باتوں ہی باتوں مین دریافت کرلینا - قیافہ سے مافی الضمیر دریافت کرلینا + چل کے اُس نا آشنا کا آج پھر دل لیجئے -
پائیے ایسا اگر کچھ بھی گلے مل لیجئے + + +

(۲) عاشق بنانا - موہ لینا +

کہیں دل لیکے قہر کرتا ہے -
کہیں رُسوائے شہر کرتا ہے + (شوق)

دِل مارنا - ہ - ف م - تنگ کردینا - ستانا مارنا - عاجز کردینا +

دِل مرجانا - ا - ف ل - اُمنگ جاتی رہنا - خوشی نرہنا - افسردہ خاطر ہوجانا + اسے چھوڑ کر تو اگر جائے گا -
یہ دل مُفت میں یار مرجائیگا + (جرأت)

دِل ملنا - ا - ف ل - طبیعت کا موافق آنا موافقت ہوجانا +

آنکھیں تو ملائے ہو مگر دل نہیں ملتا -
ساغر تو بہت خوب ہے مینا نہیں اچھا +

دِل مَیلا کرنا - ا - ف ل - ع - اُداس ہونا - رنجیدہ یا مغموم ہونا +

دِل میں پاپ لانا - ا - ف ل - بُری خواہش جی میں پیدا کرنا - فعل بد کرنیکا خیال کرنا +

دل میں جگہ کرنا ا۔ ف ل۔ ایسی باتیں کرنا۔ یا ایسے اخلاق سے پیش آنا جس سے دوسرے کو اس سے محبت ہو جائے۔ دوستی یا محبت پیدا کرنا + سحر ؎

کیا اگر پائی کسی نے کسی محفل میں جگہ۔
آدمی کو خوبیاں پیدا کرے دل میں جگہ +

دل میں چبھنا ا۔ ف ل۔ پسند آنا۔ جی کو اچھا لگنا۔ اثر ہونا + سحر ؎

چبھ گئی ہے وہ مژہ دیکھیں جیوں یا نہ جیوں۔
جان کا کھٹکے کی اتنی بات بھی سمجھا کیا +

دل میں چٹکی یا چٹکیاں لینا ا۔ ف م۔ (۱) بہ شدید تکلیف پہنچانا۔ گودنا۔ کسی کے حق میں چبھتی کہنا + (۲) دل پر اثر کرنا۔ موثر ہونا + بلبلوں کی اثر پیدا کرو یا نہیں۔ چاہیے مقناطیس لے دل دیا ہوں + (ناسخ)

(۳) شوق پیدا کرنا۔ اُمنگ بڑھانا اُکسانا۔ اُبھارنا + ذوق ؎

تیرِ چٹکی میں لیا اسے نے جانِ عدو۔
رشک سے دل میں کیا کیا چٹکیاں لینے لگا +

دل میں دل ڈالنا ا۔ ف م۔ (۱) کسی کے اوپر قبضہ یا غلبہ حاصل کرنا + (۲) یقین دلانا۔ دیکھو (جی میں جی ڈالنا)۔ ارشد ؎

(۱) ڈال کر دشمن کے دلمیں دل بنالیں اپنا دوست
پر ستم یہ ہے کہ ظالم تو ہمارے دل میں ہے
(۲) اُسکو میرا یقین نہیں آتا۔
ہائے کس طرح دلمیں دل ڈالوں + (ضمیر)

دل میں ڈالنا ا۔ ف م۔ جی میں پیدا کرنا۔ القا کرنا۔ پھونک دینا +

دل میں راہ کرنا ا۔ ف م۔ جی میں گھر کرنا۔ دل پر قابض ہونا + کعبہ سو بار وہ گیا تو کیا۔
جس نے ہاں ایک دلمیں راہ کی + (سرشار)

دل میں رکھنا ا۔ ف ل۔ دیکھو (جی میں رکھنا)

دل میں سوراخ یا چھید کرنا ا۔ ف م۔ دل میں کھپنا۔ دل لگنا + فغاں ؎

تنہا نہ تو کو دیکھ کے گرتے ہیں اشک چشم
سوراخ دلمیں کرتی ہیں کانوں کی بالیاں

دل میں گرہ پڑنا ا۔ ف ل۔ بل پڑ جانا شکر رنجی ہو جانا۔ ان بن ہو جانا + پڑ گئی تھی جو ترے دلمیں گرہ وا نہ ہوئی۔
سعی ہر چند مرے ناخنِ تدبیر نے کی +

دل میں کھٹکنا ا۔ ف ل۔ بُرا لگنا۔ کانٹا سا معلوم ہونا۔ ناگوار گزرنا +

دل میں گڑ جانا۔ ا۔ ف ل۔ مرکوز خاطر ہونا۔ اثر کر جانا۔ نہایت پسند آنا + گڑ جاتی ہے بلبیں ہمارے آنکھ اُسکی شرمائی ہوئی۔

دل میں گھر کرنا۔ ا۔ ف م۔ کسی کے جی پر قابض ہونا۔ ہر دل عزیز بننا۔ دیکھو (دل میں جگہ کرنا)

کیڑا ذرا سا اور وہ بدھر میں گھر کرے۔
ناں وہ کیا ہے جو دل میں گھر کرے

دل میں گھر ہونا۔ ا۔ ف ل۔ جی میں کسی کی محبت ہونا۔ کسی کی طرف سے جی میں جگہ ہونا۔ یاد رہنا۔

دل میں فرق ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) جی میں بے ایمانی ہونا + (۲) دیکھو (دل میں گرہ پڑنا)

دل نشین کرنا۔ ا۔ ف م۔ دل میں جما دینا۔ اسطرح سے کہنا کہ دوسرے کی سمجھ میں آجائے +

دل و جان سے۔ ا۔ م ف۔ بسر و چشم۔ جی جان سے +

دل ہاتھ میں لانا یا لینا۔ ا۔ ف م۔ کسی کو اپنے سے خوش رکھنا۔ اپنا مطیع بنانا۔ کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا + سیر ۵

دل سے نقیر کا بھی ہاتھوں میں دل ہی کر۔
آجائے ہے یہاں میں آگے ایسا دل کچھ +

دل ہٹ جانا۔ ا۔ ف ل۔ طبیعت بیزار ہو جانا۔ جی اُکتا جانا۔ دیکھو (جی ہٹ جانا) ۵ بحر

جھگڑا کہ یار سے تھا مجھے دل اسے ہٹا گیا
جینے کا اختیار کہ موت سے چلا گیا +

دل ہلانا۔ ف م۔ خوف دلانا۔ ڈرانا۔ دہشت پیدا کرنا + بزاز ۵

ہی سنسان ایسے ہوئے تیرے ڈر سے
کہ پتہ بھی کھڑکے تو دل ہل جائے +

دل ہلنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) خوف معلوم ہونا۔ دہشت لگنا۔ (۲) رحم آنا۔ ترس آنا +

دل ہی دل میں۔ ا۔ م ف۔ پوشیدہ طور سے۔ چھپے چھپے۔ خلوت ہی خلوت جی ہی میں۔ داغ ۵

ہی آگئی ہمارے دل ہی دل میں کفتگو پر
مزا آتا رہا کیا شکایت ہائے پنہاں کا

دل ہی دل میں گھلنا۔ ا۔ ف ل۔ اندر ہی اندر گھٹنا یا غم کرنا۔ پوشیدہ طور سے رنج کرنا + داغ ۵

اے داغ دل ہی دل میں گھلے ضبط عشق سے
افسوس شوق نالہ و فریاد رہ گیا +

دماغ آسمان پر ہونا۔ دماغ چلنا۔ ا۔ ف ل۔ غرور و نخوت ہونا۔ متکبر ہونا۔ خود بیں ہونا۔ گھمنڈ کرنا۔ ہوا سے باتیں کرنا +

دماغ پریشان کرنا۔ ا۔ ف م۔ حیران کرنا۔ دق کر دینا۔ کان کھا جانا۔ بہت بک بک کرنا +

دماغ تازہ کرنا۔ ا۔ ف ل۔ جی خوش کرنا۔ جی بہلانا + ایک جانب میں چند فہمیدہ اور سخن شناس بیٹھے شعر و سخن سے دماغ تازہ کر رہے تھے (از آب حیات)

دماغ جھڑنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) ناک بہنا۔ ناک سے ریزش گرنا + (۲) شیخی کرکری ہو جانا۔ غرور ڈھنا +

دماغ چولی ہے۔ ا۔ محاورہ۔ اپنے دماغ کو ظاہر نہیں ہونے دیتی یعنے اسکے غرور کا ٹھکانا ہی نہیں۔ بڑی دماغدار ہے بڑی تمدغ ہے +

دماغ خالی کرنا۔ ا۔ ف م۔ بیہودہ مغز زنی کرنا۔ خواہ مخواہ سر مارنا +

دماغ خالی ہونا۔ ا۔ ف ل۔ دماغ میں قوت نہ رہنا۔ کمزور و ناتواں ہو جانا +

دماغ دار ہونا۔ دماغ پیٹی ہونا۔ ا۔ ف ل۔ نہایت مغرور ہونا۔ آسمان پر دماغ ہونا +

دماغ روشن ا۔ اسم مذکر۔ ہلاس +

دماغ کرنا۔ ا۔ ف ل۔ غرور یا شیخی کرنا گھمنڈ کرنا + لگے ہم سے ہی دماغ کرنے +

دماغ میں تنا۔ ا۔ ف ل۔ نخوت سے بات نکرنا۔ غرور کرنا +

دماغ میں خلل ہونا۔ ا۔ ف ل۔ دیوانہ یا پاگل ہونا۔ مالیخولیا ہونا +

دماغ نہ پایا جانا۔ ا۔ ف ل۔ غرور یا گھمنڈ کا ٹھکانا نہ ملنا۔ از حد مغرور ہونا نہایت متکبر ہونا +

دماغ ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) نخوت و غرور ہونا میر ہر ایک موج میں ہے زلف ہی کا سا دماغ۔ جب سے وہ دریا پہ آکر بال اپنے دھو گیا + (میر) (۲) سننے کی طاقت یا برداشت کرنا + دل مضطرب سے گزر گئے شب وصل اپنی ہی فکر میں۔ نہ دماغ تھا نہ فراغ تھا نہ شکیب تھا نہ قرار تھا

دم اُلٹنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سانس رکنا۔ حبس دم ہونا + (۲) طبیعت پریشان ہونا۔ جی گھبرانا + (۳) دیوانہ ہو جانا + (۴) قریب المرگ ہو جانا۔ نزع کی حالت

ہو جانا + جرأت ؎
نہ جانا یہ کہ جانے سے کہیں کیونکر جیئے گا وہ۔
کہ جس کا دم اُلٹ جاتا تھا میرے اُٹھ جانے سے

دم آنکھوں میں اٹکنا ۔ ا۔ ف م۔ مرتے مرتے سانس کا نکلنے سے رُک جانا۔ قریبُ المرگ ہونا + داغ ؎
دم مری آنکھوں میں اٹکا ہے کہ دیکھوں تو سہی
کیا مسیحا سے میرے درد کا درماں ہوگا

دم بخود رہ جانا ۔ یا۔ ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) بالکل خاموش ہو جانا ۔ گم صُم ہو جانا + (۲) گھبرا جانا ۔ سٹپٹا جانا +

دم بڑھانا ۔ ا۔ ف ل۔ دیر میں سانس لینے کی عادت ڈالنا ۔ دلکشی کی مشق کرنا +

دم بند ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) دم گھٹنا ۔ سانس نہ لے سکنا + آتش ؎
مُنہ لپیٹوں میں تو دم کر دے خیال یار بند۔
خواب بد دیکھوں اگر ہوں دیدۂ بیدار بند +

(۲) جواب نہ بن آنا ۔ لاجواب ہونا +

دم بولانا ۔ ا۔ ف ل ۔ جی گھبرانا ۔ وحشت ہونا ۔ طبیعت پریشان ہونا +

دم بھر کو ۔ ا۔ م ف ۔ تھوڑی دیر کے لیے +

دم بھرنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سانس پھولنا ۔ ہار جانا + (بتوڑ دوکوس چلنے سے دم بھر جاتا ہے + (۲) کسی کا ہر وقت تذکرہ کرنا ۔ یاد کرنا +

(۱) ہر گھڑی دم تمہارا بھرتے ہیں۔
سچ خدا ہم تو تم پہ مرتے ہیں + (شوق)

(۲) برنگِ بوئے گل ہے ہر نفس یاد الٰہی میں۔
قیامت تک بھرینگی دم نسیم صبح میرا + (داغ)

(۳) حجت کا دعوی کرنا ۔ ماننا ۔ اقرار کرنا۔
یہ سودائے شہادت ہی ہمارے سر کو ای قاتل۔
تری تلوار کا دم بھرتی ہے جو گر نہیں + (نسیم)

دم توڑنا ۔ ا۔ ف ل۔ نزع کی حالت ہونا۔ دم واپسیں لینا ۔ لمبے سانس لینا +
کیوں نہ دم توڑوں کہ جیسے دم نکلتا ہی مرا۔
تاریخ ان روزوں رقیبوں کا وہ ہم ہو گیا + (نسیم)

دم ٹوٹنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سانس نہ لے سکنا ۔ دم بھر جانا + جرأت ؎
ہائے جب بحر محبت میں دم اپنا ٹوٹا۔
تب مقابل ہوئی تقدیر مری پانی کی +

(۲) قریبُ المرگ ہونا۔ مرنے کو ہونا +

دم جھانسا دینا ۔ ا۔ ف م۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا ۔ بتّا دینا +

دم چرانا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سانس کو سطح سے روکنا کہ مُردہ دکھائی دینے لگنا۔ جان بوجھ کر مُردہ بننا + جرأت ؎

یوقت نزع مجھکو دیکھے بے دم -
یقیں وہ بدگماں مطلق نہ لایا +
بسی ہے چور کے دامن میں چوری -
تو کہتا ہے کہ اس نے دم چھپایا +
(۲) کام کے انجام دینے میں سستی کرنا
دیکھو (جی چھپانا)
دم چڑھنا - ا - ف ل - سانس پھولنا - ہانپ جانا - دم بھر جانا +
دم چھوڑنا - ا - ف ل - جان نکلنا - مرنا - فوت ہونا +
دم خفا ہونا - ا - ف ل - دم رکنا - جی گھبرانا + ناسخ ؎
عشق نے یہ ہے کہ دم میرا خفا ہوتا ہے -
گھونٹتا ہے جو کوئی مست گلا ہیتا کا +
دم دبا کر بھاگنا - ا - ف ل (ڈر جانے کی حالت میں کتا اپنی دم کو ٹانگوں میں دبا کر سیدھا بھاگ جاتا ہے) اس سبب سے مغلوب ہو جانا - مقابلہ نہ کر سکنا - چاٹی پیٹھ پر کھانا +
دم دلاسا دینا - ا - ف م - بہلانا پھسلانا دھوکا دینا +
دم دینا - ا - ف م - (۱) فریب یا دھوکا دینا + (۲) مرنا - فوت ہونا + (۳) کسی کم پکے کھانیکو انگاروں پر رکھکر بھاپ کے ذریعہ سے اُسکی کچائی نکالنا - جلتی آگ پر سے کھانیکو انگاروں پر رکھ دینا + (۴) ہزار جان سے عاشق ہونا - فدا ہونا - جان قربان کرنا +
دم رُکنا - ا - ف ل - (۱) سانس نہ آنا - مرنیکو ہونا + جرأت ؎
درد دل کی اب یہ شدت ہے کہ آہ
دم رُکا جاتا ہے جی کیا کیجئے
(۲) جی گھبرانا - طبیعت پریشان ہونا
یاں سے کیا دُنیا سے اٹھ جاؤں اگر کہتے ہیں آپ
ہاں کیا میرا ابھی دم کیوں اسقدر رُکتے ہیں آپ
دم سوکھ جانا یا خشک ہو جانا -
ا - ف ل - (۱) جان نکل جانا - مر جانا خون خشک ہو جانا + (۲) افسردہ خاطر ہونا - غمزدہ ہونا - غمگین ہونا +
دم غنیمت ہے - ا - محاورہ - زندہ رہنا بہتر ہے - بیٹھا رہنا مفید ہے +
دم کرنا - ا - ف م - (۱) منتر یا دعا پڑھ کر بچے کے اوپر پھونک مارنا - جھاڑا دینا + (۱) ناسخ ؎
معجزے سے میں جیا پر راست کہیئے یا مسیح
نام کہکا لیکے مجھپر آپ نے دم کر دیا

غم سے گردن کئے ہوئے کوئی خم
سورۂ حمد کر رہا تھا دم (شوق)

(۲) مندی آگ پر کھانا پکانا۔ دم دینا +

دم کو لیکر بیٹھ رہنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سانس نہ مارنا۔ دم روکنا + (۲) خاموش ہو رہنا۔ گھٹی سادھنا۔ چپکا ہو جانا۔ کچھ نہ بن پڑنا +

دم کھانا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) دق کرنا۔ بار بار پوچھے جانا۔ سمع خراشی کرنا +

دم کھانا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) چپ رہنا۔ خاموش رہنا + میر ؎

مرغان باغ سے بھی بھلی میر کی دل کشی
نالہ کو سنکے وقت سحر دم ہی کھا رہے

(۲) توقف کرنا۔ ٹھیرنا۔ صبر کرنا +

(۳) انگاروں یا مندی آگ پر کھانے کا پکانا۔ سیجنا۔ بسیجنا +

دم کھینچنا ۔ ا۔ ف ل۔ سانس نکلنا۔ نزع کی حالت ہونا۔ مر نیکو ہونا +

یا (۱) بروہیں سسکتا ہوں میں مثل کیطرح
کھینچ رہا ہے دم رگوں سے تیغ قاتل کیطرح

دم کے پیچھے رہنا ۔ ا۔ ف ل طنزاً۔ کسی کے ہر وقت پیچھے پیچھے رہنا۔ ہر وقت ساتھ ساتھ پھرنا +

دم گھبرانا یا گھٹنا ۔ ا۔ ف ل۔ جی پریشان ہونا۔ طبیعت منتشر ہونا۔ خفقان ہونا +

دم لبوں پر آنا ۔ ا۔ ف ل۔ جاں بلب ہونا۔ مرنے کو ہونا +

دم لگانا ۔ ا۔ ف م۔ حقہ کا ایک کش پینا۔ چرس اڑانا +

میاں دم تو لگاتے جاؤ +

دم لگنا ۔ ا۔ ف ل۔ نشہ ہو جانا۔ نشہ کا اثر ہونا۔ آنکھوں میں آ جانا +

لگے دم مٹے غم + مثل

دم لینا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سانس کھینچنا + تیر مژہ وہ پار ہوا تو دم لینا دشوار ہوا

(۲) سانس جی بلبلا اٹھا برچھی سی ہر دم ابتو مارے ہے

(۲) سستانا۔ توقف کرنا۔ آرام لینا ٹھیرنا + (۱) ذوق ؎

زندگی مانند کا وقفہ ہے
یعنے آگے چلیں گے دم لیکر

(۲) یار سے ناز و نیاز اپنے بھی عشق اور جنوں
جام پکارے مئے ہمیں عیش پکارے دم ہمیں

دم مارنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سانس لینا۔ (۲) بولنا۔ چوں کرنا۔ منہ سے حرف یا لفظ نکالنا۔ زبان ہلانا +

یوقت تنہا مجھکو دیکھ بے دم -
یقیں وہ بدگماں مطلق نہ لایا +
بسی ہے چور کے دلمیں چوری -
تو کہتا ہے کہ اس نے دم چبایا +
(۲) کام کے انجام دینے میں سستی کرنا
دیکھو (جی چھپانا)
دم چڑھنا - ا - ف ل - سانس پھولنا -
ہانپ جانا - دم بھر جانا +
دم چھوڑنا - ا - ف ل - جان نکلنا - مرنا
فوت ہونا +
دم خفا ہونا - ا - ف ل - دم رکنا - جی
گھبرانا + ناسخ ؎
عشق مے یہ ہے کہ دم میرا خفا ہوتا ہے -
گھونٹتا ہے جو کوئی مست گلا مینا کا +
دم دبا کر بھاگنا - ا - ف ل (ڈر جانے
کی حالت میں کتا اپنی دم کو ٹانگوں میں دبا کر
سیدھا بھاگ جاتا ہے) اس سبب سے
مغلوب ہو جانا - مقابلہ نہ کر سکنا - چاہنا
پیٹھ پر کھانا +
دم دلاسا دینا - ا - ف م - بہلانا پھسلانا
دھوکا دینا +
دم دینا - ا - ف م - (۱) فریب یا دھوکا
دینا + (۲) مرنا - فوت ہونا + (۳)
کسی کم پکے کھانیکو انگاروں پر رکھکر بھاپ
کے ذریعہ سے اُسکی کچائی نکالنا - جلتی
آگ پر سے کھانیکو انگاروں پر رکھ دینا +
(۴) ہزار جان سے عاشق ہونا - فدا
ہونا - جان قربان کرنا +
دم رُکنا - ا - ف ل - (۱) سانس نہ
آنا - مرنیکو ہونا + جرأت ؎
درد دل کی اب یہ شدت ہے کہ آہ
دم رُکا جاتا ہے جی کیا کیجئے
(۲) جی گھبرانا - طبیعت پریشان ہونا
یاں سے کیا دُنیا سے اُٹھ جاؤں اگر کہتے ہیں آپ
رُک گیا میرا ابھی دم کیوں اسقدر رُکتے ہیں آپ
دم سُوکھ جانا یا خشک ہو جانا -
ا - ف ل - (۱) جان نکل جانا - مرجانا
خون خشک ہو جانا + (۲) افسردہ خاطر
ہونا - مغموم ہونا - غمگین ہونا +
دم غنیمت ہے - ا - محاورہ - زندہ
رہنا بہتر ہے - بیٹھا رہنا مفید ہے +
دم کرنا - ا - ف م - (۱) منتر یا دعا پڑھ
کر بچے کے اوپر پھونک مارنا - جھاڑا
دینا + (۱) ناسخ ؎
معجزے سے میں جیا پر راست کہیئے یا مسیح
نام کہکا لیکے مجھپر آپ نے دم کر دیا

غم سے گردن کئے ہوئے کوئی خم
(شوق)
سورۂ حمد کر رہا تھا دم

(۲) مندی آگ پر کھانا پکانا۔ دم دینا +

دم کو لیکر بیٹھ رہنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سانس نہ مارنا۔ دم روکنا + (۲) خاموش ہو رہنا۔ گھُنّی سادھنا۔ چپکا ہو جانا۔ کچھ نہ بن پڑنا +

دم کھانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) دق کرنا۔ بار بار پوچھے جانا۔ سمع خراشی کرنا +

دم کھانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) چُپ رہنا۔ خاموش رہنا + میر ؎

مرغان باغ سے نہ ہوئی میری دل کشی
نالہ کو سُنکے وقت سحر دم ہی کھا رہے

(۲) توقف کرنا۔ ٹھیرنا۔ صبر کرنا +
(۳) انگاروں یا مندی آگ پر کھانے کا پکنا۔ سیجنا۔ پسیجنا +

دم کھینچنا۔ ا۔ ف ل۔ سانس نکلنا۔ نزع کی حالت ہونا۔ مرنیکو ہونا +

یا دا بر و میں سسکتی ہوں میں مثل کیطرح
کھینچے رہا ہے دم رگوں سے تیغ قاتل کیطرح

دُم کے پیچھے رہنا۔ ا۔ ف ل۔ طنزاً۔ کسی کے ہر وقت پیچھے پیچھے رہنا۔ ہر وقت ساتھ ساتھ پھرنا +

دم گھبرانا یا گھٹنا۔ ا۔ ف ل۔ جی پریشان ہونا۔ طبیعت منتشر ہونا۔ خفقان ہونا +

دم لبوں پر آنا۔ ا۔ ف ل۔ جاں بلب ہونا۔ مرنے کو ہونا +

دم لگانا۔ ا۔ ف م۔ حُقّہ کا ایک کش پینا۔ چرس اُڑانا +

میاں! دم تو لگاتے جاؤ +

دم لگنا۔ ا۔ ف ل۔ نشہ ہو جانا۔ نشہ کا اثر ہونا۔ آنکھوں میں آ جانا +

لگے دم مٹے غم + مثل

دم لینا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سانس کھینچنا +

تیر مژہ وہ پار ہوا تو دم لینا دشوار ہوا
(۲) سانس بھی دلپر ایک برچھی سی ہے دم ابتو ماریکے ہے

(۲) سستانا۔ توقف کرنا۔ آرام لینا ٹھیرنا + (۱) ذوق ؎

زندگی ماندگی کا وقفہ ہے
یعنے آگے چلیں گے دم لیکر

(۲) یار کے ناز و نعم سے اپنے بھی عشق اور جنوں
جام پکارے مُنہ لگوں عیش پکارے دم بدم

دم مارنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سانس لینا + (۲) بولنا۔ چوں کرنا۔ مُنہ سے حرف یا لفظ نکالنا۔ زبان ہلانا +

(۱) ہنسا بولا کیا غیروں سے تو میں نے نکی اُفتاک
تری محفل میں دم پر آبنی لیکن نہ دم مارا
(۲) جنوں میری کی باتیں دشت اور گلشن میں جب چلیاں (میر)
نہ چوب گل نے دم مارا نہ چھڑیاں بید کی ہلیاں
(۳) شیخی کرنا۔ لاف زنی کرنا۔ دعویٰ کرنا
آتش یہ کسکی چاہ کا دم مارتے ہو تم۔ (آتش)
وہ دلربا ہے دشمن جاں دوستدار کا

دم میں آنا۔ یا۔ آجانا۔ ا۔ ف ل۔ دھوکے یا فریب میں آنا۔ دم جھانسے میں آجانا + مصرع موسن
دم میں ہمارے وہ ستم ایجاد آگیا

دم میں دم آنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) اطمینان یا دلجمعی ہونا۔ دیکھو (جان میں جان آنا) + مومن ؎
تیرے آتے ہی دم میں دم آیا
ہوگئی یاس امید وار ہی آج
(۲) ہوش میں آنا غشی جاتی رہنا

دُم میں دم ہونا۔ یا۔ رہنا۔ ا۔ ف ل۔ حیات یا زندگی باقی رہنا۔ جیتا رہنا +
غم رہا جب تک کہ دم میں دم رہا۔
دل کے جانے کا نہایت غم رہا (میر)

دُم میں گھسا جانا۔ ا۔ ف ل۔ (خوف کی حالت میں) پتے کُتیا کے تلے پناہ لیتے ہیں) اسی سبب سے (۱) اڑا جانا + (۲) خوشامد کرنا + (۳) حمایت چاہنا۔ پناہ ڈھونڈنا + (۴) طنزاً۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہو جانا +

دم میں لانا۔ ا۔ ف م۔ دھوکا یا فریب دینا۔ پھنسانا۔ مصیبت میں ڈالنا +

دم ناک میں آجانا۔ ا۔ ف ل۔ عاجز و تنگ آجانا۔ دق ہو جانا +

دم ناک میں کرنا۔ یا۔ لانا۔ ا۔ ف م۔ ستانا۔ عاجز کرنا۔ تنگ کرنا + ناسخ
زلف مشکیں مجکو رہ رہ کر دلا جاتی ہے یاد
لائے ہے اب نکہتِ گل کیوں مرا دم ناک میں

دم نکلنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) عاشق یا فریفتہ ہونا۔ مرنا۔ جان نکلنا + شوق ؎
دل پڑا جسکے غم میں جلتا ہے
جس ستمگر پہ دم نکلتا ہے
(۲) مرنا۔ فوت ہونا۔ ہلاک ہونا +
گلا یہ ضبط نے گھونٹا کہ تنگ آکے امیر (امیر بکھنوی)
نکل گیا میرے سینے سے دم فغانکی طرح
(۳) خوف غالب ہونا۔ ڈرنا۔ دہشت لگنا۔ مرا جانا + شوق ؎
دم نکلتا تھا تیغ ابرو سے
دل اُلجھتا تھا ذکر گیسو سے

دم نہ مارنا - ا - ف ل - اُف نکرنا - کچھ نہ بولنا - سہنا + (۱) گلزار ابراہیم ؎

کچھ بھی اُس درویش نے مارا نہ دم
جان دینے میں رہا ثابت قدم

(۲) بیوے تو لے وہ ہی جو نہ دیوے تو دم نہ مار
اُسکے سوا کسی سے نہ رکھ اپنا کاروبار

دُم ہلا کر بیٹھنا - ا - ف ل - دم سے کسی جگہ کو صاف کرکے وہاں بیٹھنا - (یہ فقرہ غلیظ اور بدسلیقہ آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں جو اپنے بیٹھنے اُٹھنے کی جگہہ کو صاف نہیں رکھتا ہے) + میاں! کُتا بھی بیٹھتا ہے تو دُم ہلا کر بیٹھتا ہے -

دِن آنا - ہ - ف ل - (۱) دِن چڑھنا - سورج کا بہت اونچے ہو جانا + (۲) وقت یا موسم کا قریب آجانا + (۳) ایام کا پُورا ہو جانا - حیات کے دن باقی نہ رہنا - موت آنا + کیوں تیری موت آئی ہے (۴) حیض آنا - میلے سر سے ہونا +

دِن بدن - دِن دِن - ہ - م ف - روز بروز - رفتہ رفتہ - درجہ بدرجہ +

دِن بھرنا - یا - پورے کرنا - ہ - ف ل - زندگی کے ایام پورے کرنا - رنج واندوہ میں اوقات بسر کرنا - دن کاٹنا +

(۱) جسکے آغوش کو تم بھرتے نہیں - (ناسخ)
زندگانی کے وہ دن بھرتے ہیں

(۲) مرتا ہوں تڑپتا ہوں پڑا ہجر میں اُس بن
دِن عمر کے بھرتا ہوں شب و روز میں گن گن (نظیر)

دِن پڑنا - ہ - ف ل - (۱) مصیبت میں مبتلا ہونا - بداقبالی آنا + (۲) رانڈ یا بیوہ ہو جانا - خاوند کا مر جانا +

دِن پھرنا - دِن بُہڑنا - دِن بھلے آنا - ہ - ف ل - اچھے دِن آنا - بہبودی کا زمانہ آپہنچنا - اِفلاس کے بعد فراخ دستی نصیب ہونا + (۱) جلال ؎

دن پھرتے ہی نہیں کسی فرقت نصیب سے
کیا اے سپہر دور تراب یوہیں رہا +

(۲) درپے ایک دھوم ہوئی بخت کا اختر چمکا
دن پھرے عاشقِ شیدا کا مقدر چمکا (انشاء)

دنت کتھا - ہ - اسم مؤنث - (۱) روایت (۲) داستان - بے بنیاد بات - کہانی

دِن چڑھانا - ہ - ف م - (۱) دیر لگانا - توقف کرنا - (۲) دوسرے مہینے کے دِن گزار دینا - تنخواہ کے تقسیم کرنے میں ڈھیل ڈالنا +

دِن چڑھنا - ہ - ف ل - (۱) آفتاب کا بلند ہونا - دِن آجانا + ناسخ ؎

سو بار آئی اور قیامت گزر گئی
فرقت کا دو گھڑی بھی ابھی دن چڑھا نہیں

(۲) دیر لگنا + (۳) عورت کے معمولی ایاموں کا رُکنا - حاملہ ہونا +
ابتو بوا! خدا رکھو لڑکی کو دن چڑھ گئے ہیں۔

دنداں شکن جواب دینا - ا - ف م - کلّہ توڑ جواب دینا - مُنہ بند کر دینا - جواب نہ آنے دینا +

دُند مچانا - ہ - ف م - (۱) غل شور مچانا شور و شر کرنا + (۲) اندھیر کرنا ظلم کرنا - ایذا دُکرنا +

دِن دہاڑے - دِن دھولے - دِن دیئے - دِن دوپہر - ہ - م ف - روز روشن - کھلے خزانے سب کے سامنے - علانیہ + وزیر ؎
زلفوں نے دل کو چھین لیا رُخ کی دید میں
لُوٹا ہے دِن دہاڑے یہ اندھیر ہو گیا

دِن ڈھلنا یا ڈھلنا - ہ - ف ل - (۱) آفتاب کا زوال ہونا - دنکا گھٹنا زوال کا وقت ہونا + (۱) ذوق ؎
وہ صبح کو آئے تو کروں باتوں میں دوپہر
اور چاہوں کہ دن تھوڑا سا ڈھلائے تو اچھا
(۲) دن کھسا اور مزدور ہنسا + مثل

(۳) پیری میں کریں سیر جوانی تو مزہ ہے۔
دن ڈھلتے ہو سے ہوتا ہے تماشا گزریگا۔ (محمد شاہ بادشاہ)

دِن سِن - ا - اسم مذکر - سن و سال عمر + بحر ؎
کیا ابھی دن سِن ہیں اُس محبوب کے نام خدا
باڑ پر آنے دو قد شمشیر دم ہو جائے گا

دِن کاٹنا - ہ - ف ل - دیکھو (دن بھرنا)

دن کو تارے دکھانا - ہ - ف م - اتنا مارنا کہ اُسکے صدمہ سے آنکھوں کے آگے تارے آجائیں - خوب پیٹنا - نہایت گوشمالی دینا +

دِن کو دِن اور رات کو رات نہ سمجھنا - ہ - ف ل - دن رات کے آرام کو چھوڑ کر خوب محنت کرنا - رات دن مصروف رہنا +

دنگ ہونا - یا - رہجانا - ہ - ف ل - حیران یا ششدر رہجانا - متعجب ہونا اچنبے ہونا + میر حسن ؎
وہ مکھڑے کا عالم وہ کنگھی کا رنگ
شب ماہ ہو دیکھکر جسکو دنگ

دِن لگنا - ہ - ف ل - اِترانا - غرّہ کرنا گھمنڈ کرنا + آرزو ؎

آتا ہے ہر سحر اُٹھ تیری برابری کو
کیا دن لگے ہیں دیکھو نورشید خاوری کو

دن نکلنا - ہ - ف ل - آفتاب کا طلوع ہونا - سورج دِکھائی دینا +

دِنوں دیر ہے - ا - محاورہ - بہت عرصہ نہیں ہے صرف دنوں کی دیر البتہ ہے +

دِنوں سے اُتر جانا - ہ - ف ل - شباب یا جوانی کے دن نکل جانا +

ادھیڑ ہو جانا ؎

کیا جلد ان حسینوں کا جاتا رہا شباب
گزری تھی ایک شب کہ دنوں سے اُتر گئے

دِنوں کو دھکے دینا - دھوکا دینا
ہ - ف ل - دن بہلانا - زندگی گزارنا مصیبت اور تکلیف کے ساتھ اوقات بسری کرنا - دن کاٹنا +

دنیا سے جانا - ا - ف ل - مرجانا - فوت ہو جانا - گزر جانا + مضمون ؎

بنائیں اُٹھ گئیں یار و غزل کے خوب کہنے کی
گیا مضمون دنیا سے رہا سودا سو مستانہ

دوآتشہ پلانا - ا - ف م - (۱) دو دفعہ کی کھچی ہوئی شراب پلانا - نہایت تیز شراب پلانا + (۲) بھرے پر چڑھانا خوب سنا بھکا دینا - خوب اُکسا دینا +

دوا دارو کرنا - ا - ف م - (۱) علاج معالجہ کرنا + (۲) تیمارداری کرنا +

دوا کو بھی نہیں ملتا - ا - محاورہ - ایسی کمی ہو گئی ہے کہ دوا تک کے لئے میسر نہیں آتا - کھس لگانے کو نہیں ملتا - بہت کم یاب ہے - بالکل ناپید ہے +

دوالہ نکالنا یا پٹنا - ہ - ف م - (سپاہیوں کا) لوگ گدلا ہو جانے کے وقت اپنے بیٹھنے کے کپڑے کو اُلٹ کر دان کو یا جلا دیتے ہیں گویا پچھمی کو دیتے ہیں دُھتکار دیتے ہیں) (۱) بگڑا ہوا ظاہر کرنا - پٹڑیاں اُلٹ دینا + (۲) مار پیٹ مارنا - بدمعاشی کرنا

دوالہ نکالنا - ہ - ف ل - بگڑا ہوا آجانا - کوٹھی بیٹھ جانا + بکر ؎

کیا تیرے لعل لب کو خریدے گا جوہری
بیچا نے ہی میں اُسکا دوالہ نکل گیا

دو ایک - دو تین - ہ - ع - م ف چند - تھوڑے سے - معدودے چند

قسمت تو دیکھ ٹوٹی ہے جا کر کہاں کمند
دو چار ہاتھ جبکہ لب بام رہ گیا (ذوق)

دُو بدو کہنا - ا - ف م - صاف صاف جواب دینا - بالمواجہ جواب دیدینا +

دُوبدُو ہونا - ا - ف ل - جھگڑا یا تکرار ہونا - لڑائی ہونا +

دُوبھر ہونا - ہ - ف ل - ناگوار ہونا - بھاری ہونا - اجیرن ہونا +

دوبھیسلی بات - ہ اسم مؤنث - دوغلی بات - پہلوداربات +

دوبئیاں - یا - دوبھیاں ہونا - ہ - ایک بانہ کی جگہ دو بانہ رکھنے والے ہونا یعنے طاقت ور ہونا - بلوان زور آور یا زبردست ہونا + بجز ؎

کیا زبردستی وہ میرے دل کے خواہاں ہوگئے
بازو نیچر باندھکر اِسکے دوبھیاں ہوگئے

دوپائے پر چڑھانا - ا - ف م - ڈاڑھی کے بالوں کو سروں پر سے اوپر کی طرف بل دے لینا +

دوپائے سے چوپایہ ہونا - ا - ف ل - بیاہ یا شادی ہو جانا - جورو والا ہو جانا +

دوپٹہ تان کے سونا - ہ - ف ل - (۱) بے فکری کے ساتھ آرام سے سونا - گھوڑے بیچکر سونا - بیفکر ہوکر سونا + (۲) مردوں سے شرط باندھکر سونا - گنبھکرن کی نیند سونا +

دوپٹہ ہلانا - یا - پھرانا - ہ - ف م - دیکھو (چادر ہلانا)

دوپشتہ کرنا - ا - ف م - (چھاپہ) ایک رُخ سے چھپے ہوے کاغذ کو دوسری طرف سے چھاپنا +

دوپہر کی چپل - ہ - صفت (اُن لڑکوں کی نسبت کہا کرتے ہیں جو دوپہر کے وقت گھر میں نہیں بیٹھتے اور دنگا مچاتے پھرتے ہیں) - شریر - شوخ - ہرزہ گرد - آوارہ

دُوت - یا - دُور دبک بتانا - ف م - (۱) تنبیہ یا سرزنش کرنا - بُرا بھلا کہنا - دھمکانا + (۲) ٹالنا - نکالنا +

دوٹوک جواب دینا - یا - کہدینا - ا - ف م - صاف جواب دینا - بغیر شرم و لحاظ کے انکار کر دینا - دیکھو - (ٹکا سا جواب دینا)

دوٹوک ہو جانا - ہ - ف ل - (۱) بالکل علیحدہ ہو جانا - صاف دو ٹکڑے ہو جانا + (۲) قطعی فیصلہ ہو جانا - بالکل تصفیہ ہو جانا - کچھ لاگ لپیٹ نہ رہنا +

دوجیا - یا - دوجی سے ہونا - ہ - ف ل - عو - حاملہ ہونا - گربھ یا آدھان سے ہونا - پیٹ سے ہونا +

دوچار ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ ملاقات ہونا دیکھو (آنکھیں چار ہونا) نظیر ؎

شب کو دلوں میں واہ واہ یا واہ یا زور مزونگے تا تھو
ہم سے دوچار یار تھا ۔ یار سے ہم دوچار تھے

دو چھریاں ایک میان میں نہیں رہتیں ۔ ا ۔ محاورہ ۔ ایک خاوند کے گھر میں دو بیویاں باہم سلوک سے نہیں رہ سکتیں ۔ ایک دیس میں دو راجہ راج نہیں کر سکتے ۔ دو ہمسروں کا گزارہ ایک جگہ نہیں ہو سکتا +

دوحرفی ۔ ا ۔ اسم مؤنث ۔ مے ۔ شراب

دارو ۔ آج تو دوحرفی پلواؤ !

دو دل راضی تو کیا کریگا قاضی ۔ ا ۔ محاورہ ۔ جب فریقین خود راضی ہو جائیں تو قاضی کا فیصلہ بیکار ہے ۔ جب مخاصمیں آپ راضی ہو جائیں تو جج کا تصفیہ فضول ہے +

دو دِنکا مہمان ۔ ا ۔ صفت ۔ جانیوالا مسافر ۔ گزران ۔ ناپائدار ۔ عارضی

حسن یہ دو دنکا ہے مہمان ہنس لے بول لے (امیر مینائی)

دو دن نہ پکڑنا ۔ دو دن بھی زندہ نہ رہنا ۔ چٹ پٹ مر جانا ۔ دفعتہً مر جانا

دو دو دانے کو پھرنا ۔ ا ۔ ف ل (۱) دو دو دانے مانگتے پھرنا ۔ بھیک مانگتے پھرنا ۔ گداگری کرنا + (۲) نہایت محتاج ہونا ۔ بہت کنگال ہو جانا +

دو دو مُنہ ۔ ہ ۔ م ف ۔ تھوڑا سا ۔ قدر قلیل + میاں آؤ دو دو مُنہ کھالیں پھر چلیں گے +

دو دو مُنہ ہنسنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ رنج کو بہلانا ۔ کدورت دُور کرنا + شوق ؎

یہاں ٹھیرے کبھی وہاں ٹھیرے
دو دو مُنہ ہنس لئے جہاں ٹھیرے

دُودھ بڑھانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ دُودھ پیتے بچے کا دودھ اُسکی ماسے چھڑانا

دُودھ بھر آنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ محبت کا جوش آجانا +

دُودھ بیچنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) دُودھ فروخت کرنا ۔ دودھ کا بیوپار کرنا (۲) دایہ گری کرنا +

دُودھ پڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بالوں میں رس پیدا ہونا ۔ دانہ بننے کا مادہ پیدا ہو جانا ۔

دُودھ پیتا ۔ اسم مذکر ۔ (۱) شیر خوار گود کا بچہ (۲) ناداں ۔ ان سمجھ ۔ کم عمر

دودھ پیتے روپیے ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔

روپیکے مع بیاج - بچے دیتے ہوے
رہ پیسے + لالہ جی گھبراؤ نہیں تمہارے دُودھ
پیتے روپیسے ہیں +

دُودھ جل جانا - یا - سوکھ جانا - ہ - ف ل
دُودھ کم ہو جانا - دُودھ باقی نہ رہنا +

دُودھ چڑھا جانا - ہ - ف ل - بچّہ
کی خاطر کسی جانور کا دُودھ کا اُوپر کو چڑھا
لینا - دُودھ کم دینا +
یہ گائے دودھ چڑھا جاتی ہے

دُودھ سا - ہ - صفت - نہایت اُجلا -
بہت سفید - پٹا + دُودھ سی چاندی ہے -

دُودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے - ہ - محاورہ - صدمہ یافتہ آدمی
صدمہ دہندہ چیز کے مشابہ چیز سے بھی
ڈر جاتا ہے - سانپ کا کاٹا رسّی سے بھی
ڈر جاتا ہے +

دُودھ کا دُودھ پانی کا پانی کر دینا -
ہ - ف م - دُودھ اور پانی جو دونوں ملے
ہوے تھے اُنکو اُنکے اصلی مقدار کے موافق
جُدا کر دینا - بہت ٹھیک انصاف کرنا
جیسا چاہیے ویسا فیصلہ کرنا +

دُودھ کا سا اُبال ہے - ہ - محاورہ -
بہت جلد افروختہ ہو کر دھیما پڑ جاتا ہے
دفعتہً دُودھ کی طرح جوش کھا کر نیچے کو
بیٹھ جاتا ہے - تھوڑی دیر کا غصّہ ہے +
دودھ کا سا اُبال ہے آیا اور گیا + مثل

دُودھ کی بُو مُنہ میں سے آتی ہے
ا - محاورہ - ابھی دودھ پیتے بچّے ہو -
ابھی بچّے ہو - کم عمر ہو - نادان ہو +

دُودھ کے دانت نہیں ٹوٹتے ہیں
ا - محاورہ - ابھی بچّہ ہے - دودھ کی بُو مُنہ
سے آتی ہے +

دُودھ کی سی مکھی نکال کر پھینک دینا - ہ - ف م - کسی شخص کو بہت جلد
اُسکے حق سے یا اپنی صحبت سے خارج
کر دینا - معروف ہ
نکالا بزم سے یوں اپنی ہمکو تو نے جوں کوئی
اُٹھا کر دُودھ میں سے اے ستمگر! پھینکدے مکھی

دُودھ کی طرح اُپھنا - ا - ف ل - دُودھ
کی طرح جوش میں آجانا - بہت جلد غصا
ہو جانا - بہت جلد بگڑ جانا +

دُودھ مُوت کرنا - ہ - ف م - بچّے سے کو
پالنا - پرورش کرنا +

دُودھوں نہاؤ پوتوں پھلو -
کلمہ دعائیہ - روزی رزق اور آس
اولاد سے خوش رہو - سب طرح سے

پُچھ لو پھلو۔ ہر طرح سے خوش و خرم رہو۔

دُودھیل گائے کی دولاتیں بھی اچھی۔ ہ۔ محاورہ۔ فائدہ کے لئے صدمہ اُٹھانا۔ بُرا نہیں معلوم ہوتا۔ جھوٹا مکھائی میٹھے کے لالچ +

دُوراُور رکھنا۔ ہ۔ ف م۔ ہ ع۔ (اصل میں دوراے رکھنا ہے) ایک نہ سمجھنا۔ کچھ فرق سمجھنا۔ بھید رکھنا +

دُور پار! دُور دُور! دُور ہو! ۱۔ نداد بمعنی (م ع) خدا نکرے۔ درگور! نوج۔ نعوذ باللہ

دُور بھاگنا۔ ا۔ ف ل۔ بچنا۔ پرہیز کرنا۔ نفرت کرنا +

دُور پہنچنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دُور اندیشی کرنا۔ دیکھو دور کی سوجھنا نمبر ۲) ایک جام پی کے کرتے ہیں ہفت آسمان کی سیر میخانہ سے پہنچنے لگے دُور دُور ہم (۲) ماہن کی گالی دینا +

دُور کھینچنا۔ ا۔ ف م۔ نخوت و غرور کرنا۔ دیکھو (آپکو آسمان پر کھینچنا) دُور اتنا آپکو مجھسے نہ اے خوشوار کھینچ۔ ایک دن اس سے تو میرے قتل کو تلوار کھینچ (ناسخ)

دُور کی بات۔ ا۔ محاورہ۔ گہری بات۔ عالی خیال +

دُور کے ڈھول سُہاونے۔ ہ۔ محاورہ۔ ڈھول کی آواز دُور سے ہی اچھی معلوم ہوتی ہے۔ غیبت میں آدمی کی شہرت بہت ہوا کرتی ہے + بہت سی چیزیں دُور سے ہی اچھی لگتی ہیں +

دُور کی سُنانا۔ ا۔ ف م۔ گالیاں دینا۔ ناملائم باتیں کہنا +

دُور کی سُوجھنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) بہت فاصلہ کی چیز نظر آنا۔ دُور کی چیز بوجھ لینا + (۲) سخن تازہ و نادر کہنا۔ بلند خیال کرنا۔ باریک خیال پیدا ہونا۔ گہری بات سمجھ میں آجانا + ناسخ ؎ اس پری رخسار پہ بھتی کہی ہے حور کی سچ تو یہ ہے سُوجھتی ہے کیا ہی ہمکو دُور کی

دُور جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پھیل جانا۔ منتشر ہو جانا۔ (۲) رواج پا جانا۔ مشہور ہو جانا +

دُور چلے نہ گر پڑے۔ ہ۔ محاورہ۔ نہ اوپر کو تھوکے نہ منہ پر آئے بہت کھائے نہ پیٹ میں درد ہو۔ غرور کرے نہ ذلت اُٹھائے +

دُوڑ دُوڑ کے۔ ہ۔ م ف۔ (۱) دوڑتا ہوا۔ بار بار + (۲) شوق سے۔

خواہش سے + سید ؎

گر جائے زلف سے نہ کہیں یہ اُلجھکے دل
جاتا ہے دوڑ دوڑ کے چاہ ذقن کے پاس

دوڑ دوڑ کے آنا - ہ - ف ل - (۱) بار بار آنا - جلد آنا + (۲) شوق یا خواہش سے آنا - جلد چلا آنا +

دوڑ دھوپ کرنا - دوڑ دھپاڑ کرنا (پورب) ہ - ف ل - نہایت سعی و کوشش کرنا - خوب ہاتھ پاؤں مارنا +

دوڑ مارنا - ہ - ف ل - (۱) بہت دور کا سفر کرنا - لمبا سفر کرنا + (۲) دوڑ کا دھاوا کرنا - فاصلہ پر حملہ کرنا +

دوزانو بیٹھنا - ہ - ف ل - گھٹنوں کے بل بیٹھنا - (مذاقاً) اونٹ کی بیٹھک بیٹھنا

دوزخ بھرنا - ا - ف ل - پیٹ بھرنا - پیٹ پالنا + (غریب آدمی تنگ آکر کہا کرتے ہیں)

دوزخ میں گھر کرنا - ا - ف ل - ایسے کام کرنا جسکے عوض میں دوزخ نصیب ہو - بُرے کاموں سے نہ ڈرنا - گناہ کرنا +

دوسار ہونا - ہ - ف ل - ترازو ہو جانا - آر پار ہو جانا - بندھ جانا +

دوستی کا دم بھرنا - یا - مارنا - ا - ف ل - اپنے تئیں گہرا دوست ظاہر کرنا - پکی دوستی کا اظہار کرنا +

دوشالہ میں لپیٹ کر مارنا - یا - لگانا ا - ف م - اشارۃً یا کنایۃً طعنہ زنی کرنا کسی پر ڈاکہ کہنا - آوازہ کسنا - باتوں باتوں میں بُرا بھلا کہنا +

دوش یا دوس دینا - یا - لگانا - ہ - ف م - (س दोष = قصور) الزام لگانا - تہمت دھرنا (۱) جلال ؎

قسمت اُلٹی ہے کیا کروں اسکو
دوست دشمن ہے دوس دوں کسکو

(۲) جانن بارے جانئے مورکھ من پچھتائے
کرنی بھوگے آپنی اَورَن دوش لگائے

دوکان چلنا - ا - ف ل - کثرت سے خریداروں کا آنا - زیادہ بکری ہونا

دوکانداری کی باتیں کرنا - ا - ف ل (۱) زیادہ مول کہنا - جھوٹ بولنا + (۲) فریب یا بناوٹ کی باتیں بنانا +

دوکان سی لگانا - ا - ف م - (۱) دوکان میں چیزوں کو پھیلا کر رکھنا (۲) چیزوں کو یونہیں پھیلا کر یا بے ترتیب کر کے رکھنا +

دوکان لگانا - ا - ف م - دوکان کھولنا - دوکان کا اسباب ترتیب سے رکھنا +

دوکوڑی کا آدمی ۔ا۔ اسم مذکر۔ (۱) خراب یا ناکارہ آدمی + (۲) بے عزت یا بے اعتبار آدمی +

دوکوڑی کی بات کر دینا ۔ہ۔ف م۔ بیعزتی کرنا ۔ بیقدری کرنا ۔ کرکری کرنا خاک میں عزت ملا دینا +

دوکوڑی کی عزت ہو جانا ۔ا۔ف ل نہایت ذلت اٹھانا ۔ سبکی حاصل ہونا بات بگڑ جانا +

دوکھ لگانا ۔ہ۔ف م ۔ (۱) الزام لگانا تہمت دھرنا + (۲) بدنام یا رسوا کرنا یا پاپ لگانا +

دُولھا گیل برات ہے ۔ دُولھا کے دم کے ساتھ برات ہے ۔ہ۔ محاورہ سرگروہ کے تابع سارا گروہ ہوتا ہے سردار کے ساتھ فوج ہے ۔ راجا کے ساتھ پرجا ہے +

جب تک ہے روح جسم میں چلتے ہیں ہاتھ پاؤں
دُولھا کے دم کے ساتھ یہ ساری برات ہے

دُونا چڑھانا ۔ہ۔ف م ۔ ڈھاک کے پتوں میں شیرینی اور پھول وغیرہ رکھکر کسی کے مزار پر چڑھانا ۔ منت ادا کرنا +

میں وہ شہید عشق ہوں نامی جہان میں (برق)
دونے چڑھے گئے میری کسی کے نشان پر

دُونا ماننا ۔ہ۔ف ل ۔ شیرینی وغیرہ قبول کرنا ۔ نذر ماننا ۔ منت ماننا +

دیکھنے جاتا ہوں زیور کی پھبن ۔
ایک ایک پتے پہ دُونا مان کر (بحر)

دُونا ہو جانا ۔ہ۔ف ل ۔ (۱) دُگنا ہو جانا ۔ دوچند ہو جانا + (۲) مڑکر دوہرا ہو جانا ۔ خمیدہ ہو جانا + صبا ؎

جان شیریں ہمنے کس سختی سے دی ۔
نیچہ قاتل کا دُونا ہو گیا +

دُون کی لینا ۔ہ۔ف ل ۔ شیخی کرنا ۔ ڈینگ مارنا ۔ گھمنڈ کرنا ؎

پوچھتے پھرتے تھے کل تک ناک تم
آج مجھ سے دُون کی لینے لگے ۔

دُوں لگنا ۔ہ۔ف ل ۔ (۱) گرمی معلوم ہونا ۔ آگ لگنا + میر ؎

شعلہ افشانی نہیں یہ کچھ نئی اس آہ سے
دُوں لگی ہے ایسی ایسی بھی کہ سارا جل بلا

(۲) بھوک یا پیاس کی زیادتی ہونا (۳) تعشق ہونا ۔ فرقت کی آگ میں جلنا +

ہردے اندر دوں لگی دُکھواں نہ پرگھٹ ہوئے
جاتن لاگے سو لکھے دوجا لکھے نہ کوئے

دونوں جہاں میں پانا ۔ف ل ۔ دُنیا اور آخرت میں ملنا ۔ دنیا و دین

میں بدلہ ملنا +

دونوں گھر آباد رہیں ۔ا۔ محاورہ۔ ایسا کام یا ایسا تصفیہ کرو کہ جس سے طرفین خوش رہیں +

دونوں وقت ملنا ۔ا۔ ف ل ۔ دن کے اخیر اور رات کے آغاز کا ملنا۔ دُھوری سنجھا یا سہی سانجھ ہونا۔ سرِ شام ہونا + (۱) لڑکی اِنگلے سر نہ پھر دونوں وقت ملتے ہیں ۔ (م ۔ عو) (۲) ہوا سے بال زلفوں کے رخِ روشن پہ ہلتے ہیں دل بیمار کا نکلا اُٹھ بیٹھ دونوں وقت ملتے ہیں

دونوں ہاتھ تالی بجتی ہے ۔ ہ ۔ محاورہ دونوں گروہ کسی امر کا باعث ہوا کرتے ہیں ۔ و یقین کسی فساد کا سبب ہوا کرتے ہیں + رنگین ؎

یہ سچ ہے بجتی ہے بس دونوں ہاتھ سے تالی
جو وہ نہ آوے تو میں بھی نہیں بُلانے کی

دونوں ہاتھوں سلام کرنا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) نہایت تعظیم و تکریم کرنا + (۲) بڑا ماننا ۔ قائل ہونا +

دو ورقی کا سبق پڑھنا ۔ا۔ ف ل ۔ (بازاری) عیاشی میں مصروف رہنا

دوہائی دینا ۔یا۔ مچانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) غل و شور مچانا ۔ خوب چیخنا + (۲) (دوہائی مانگنا) ف م ۔ انصاف چاہنا فریاد کرنا ۔ پناہ مانگنا +

دھار باندھ دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ جادو کے ذریعہ سے تلوار وغیرہ کو کُند کر دینا + (مثل) نہیں کرتی جو تیغ اُسکی اثر کچھ جسم پہ میرے فسوں گر ہے کوئی دشمن کہ اُسکی دھار باندھی ہے

دھار پے مارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (بازاری) کچھ پروا نہ کرنا ۔ خیال میں نہ لانا ۔ نہایت ادنیٰ و ذلیل سمجھنا +

دھار دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) دودھ دینا دودھ پلانا + یہاں بیٹھا کیا دھار دے ہے + (طنزاً کہا کرتے ہیں) (۲) (دھار چڑھانا) کسی دیوتا پر دُودھ کھانڈ یا شراب کی دھار چڑھانا +

دھار لینا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بھینس یا گائے وغیرہ کے تھنوں میں سے مُنہ لگا کر دُودھ پینا +

دِھاڑا کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ بُری حالت بنا دینا ۔ خراب کر دینا ۔ بگاڑ دینا + دوشالہ کا کیا دِھاڑا کر دیا !

دھاڑ مارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) دھاڑ کے ساتھ لوٹنا + (۲) گروہ کے گروہ کو لوٹنا +

دھاڑیں مارنا۔ یا۔ مار مار کر رونا۔

دھاروں رونا۔ ہ۔ ف ل۔ زار زار رونا۔ دیکھو (آٹھ آٹھ آنسو رونا)

دھاک بندھنا۔ یا۔ ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نہایت مشہور ہو جانا۔ شہرت پانا۔ ہفت اقلیم میں اِس شہر کی تھی دھاک بندھی (نظیری) کوئی دنیا میں نہ تھا شہر بسان دہلی + (۲) کسی شخص کا لوگوں کے دلمیں خوف بیٹھ جانا۔ یا کسی کا رعب ہیبت یا مردانگی ہر ایک کے جی میں بس جانا + چواور سانپ کی دھاک بندھی پڑی ہوتی ہے + مثل

دھاگا دینا۔ ہ۔ ف م۔ دم دینا۔ فریب یا دھوکا دینا + بحر ؎

یہ چاہنے والے چاہتے تھے گلے کا ہار اپنا کر کے کھنچے
دیا نہ کس کس نے اُسکو دھاگا دم میں وہ گلوبند آیا

دھان پان۔ ہ۔ صفت۔ نازک۔ نازنین دبلا پتلا۔ مرزا پھویہ۔ چھوئی موئی۔ گلوری بھی جو اُٹھائی لچک گیا پونچا۔ (بحر)
ہمارا یار نزاکت میں دھان پان ہوا۔

دھاندل کرنا۔ یا۔ مچانا۔ ہ۔ ف م۔ بے ایمانی کرنا۔ چنیدہ لانا۔ رونق کرنا +

دھانہ کھولنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) موری کھولنا۔ پانی کا رستہ کرنا + (۲) بکر توڑنا علامت دوشیزگی کو زائل کرنا + (بازاری)

دھاوا مارنا۔ ہ۔ ف م۔ لمبا سفر کرنا۔ دُور کی چڑھائی کرنا۔ فاصلہ کا حملہ کرنا

دھایا پوجنا۔ ہ۔ ف ل۔ (طنزاً) ہاتھ جوڑنا۔ ڈنڈوت کرنا۔ قدم لینا۔ سلام کرنا۔ بازآنا۔ سیر ہو جانا۔ دھاپ جانا +

دھائیں دھائیں کر دینا۔ یا۔ دینا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) واہیات بکنا۔ بیہودگی کے ساتھ گفتگو کرنا + (۲) لڑنا۔ جھگڑنا۔ بحث یا تکرار کرنا +

دھبّا لگانا۔ ہ۔ ف م۔ داغی کرنا۔ بدنام یا رسوا کرنا + آتش ؎

بے داغ ہونے نے کُرخِ پر نور یار کے
داغ جبیں کا ماہ کو دھبّا لگا دیا۔

دھبّا لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ داغی ہو جانا۔ بدنام یا رسوا ہو جانا +

دھپّا لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چانٹا لگنا۔ (۲) نقصان ہونا۔ خسارہ پڑنا +

دھپّا مارنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) چانٹا لگانا۔ (۲) نقصان دینا + (۳) فریب دینا دھوکا دینا +

دھتا بتانا - ہ - ف م - (۱) ٹالنا - آج کل کرنا + (۲) حیلہ سازی سے نکال دینا

دھت پڑنا - ہ - ف ل - لت پڑجانا بُری عادت ہو جانا +

دھج بدلنا یا پلٹنا - ہ - ف ل - (۱) صورت یا لباس بدلنا - کینچلی پلٹنا - (۲) پٹا بازی وغیرہ میں ٹھاٹھ بدلنا +

دھجیاں اُڑانا - ہ - ف م - (۱) کپڑے کو لھیر لھیر یا جھیر جھیر کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا + (۲) نہایت سخت سزا دینا مارتے مارتے نیل ڈالدینا + (۳) لتّے لینا - آڑے ہاتھوں لینا - بند کردینا جواب نہ آنے دینا + (۴) رسوا کرنا - قلعی کھولنا - ذلیل وخوار کرنا +

دھجیاں اُڑنا - ہ - ف ل - (۱) ٹکڑے ٹکڑے ہونا - پُرزے پُرزے اُڑنا + جیب کیا دامانِ محشر کی اُڑینگی دھجیاں ہے یہی عالم جو اپنے پنجۂ جلاّک کا (ناسخ) (۲) شرمندہ کیا جانا - مجبوب ہونا +

دھجیاں لگنا - ہ - ف ل - مفلس یا غریب ہو جانا +

دھجیاں لینا - ہ - ف م - شرمندہ یا مجبوب کرنا - لتاڑنا - باتیں سُنانا + پھاڑتا اپنا گریباں مرے آگے وہ اگر دھجیاں قیس کی میں چاک گریباں لیتا -

دھجی ہونا - ہ - ف ل (م عو) دُبلا یا لاغر ہو جانا - ازبس نقیہ ہو جانا +

دھچکا اُٹھانا - ہ - ف ل - صدمہ یا رنج اُٹھانا - نقصان سہنا - بیماری بھگتنا +

ڈھ در دھ - ف - محاورہ - دس مکعب گز پانی - دس گز لمبا دس گز چوڑا اور دس ہی گز گہرا پانی +

ڈھ در دُنیا ستر در آخرت - ا - محاورہ - دنیا میں دس دوگے تو آخرت میں اُسکے بدلے ستر پاؤگے دُنیا کی تھوڑی نیکی کا بدلہ عاقبت میں بہت کچھ ملتا ہے +

دھر دھمکنا - ہ - ف ل - دوڑ جانا - جلد پہنچنا +

دُھر کی ٹوٹنا - ہ - ف ل - رشتۂ حیات کا ٹوٹ جانا - زندگی باقی نہ رہنا دُھر کی ٹوٹی کی بوٹی نہیں - مثل

دھرم اُٹھانا یا کھانا - ہ - ف ل - ایمان کی قسم کھانا - ایمان سے حلف کرنا +

دھرم کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) نیک کام کرنا (۲) خیرات کرنا +

دھرم لگتی کہنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دیکھو (خدا لگتی کہنا)

دھرنا دیکے بیٹھ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ قرضدار کے دروازے پر جمکر بیٹھ جانا ۔ اور بغیر لئے نہ ٹلنا ۔ اڑکر بیٹھ جانا +

دھرے اڑانا ۔ **دھریاں اڑانا** ۔ ہ ۔ ف م ۔ دیکھو (دھجیاں اڑانا نمبر ۲)

میں اگر بولنے پر آؤں گی
لاکھوں دھرے تری اڑاؤنگی (شوق)

دھرے جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسی آفت وغیرہ میں مبتلا ہو جانا ۔ بلا میں پھنس جانا گرفتار یا مقید ہونا + آتش ؎

اسیر ہم ہوئے سودا ہوا ہے ۔ آتش !
دھرے گئے دل خانہ خراب کے بدلے ۔

دھڑا باندھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) متہم کرنا ۔ الزام یا تہمت لگانا ۔ (از گلشن بیخار) (۲) گروہ یا فریق بنانا ۔ جتھا باندھنا +

دھڑا دھڑی بکنا ۔ ف ل ۔ کثرت سے فروخت ہونا ۔ خوب خریداری ہونا +

دھڑیں ڈالنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) ہ ۔ ہ ۔ ع ۔ مجبوراً کھانا ۔ غذا کا حلق سے جبراً اتارنا (۲) کھانا + دھڑیں ڈالوگے تو کایا چلے گی +

(۳) (بازاری) چٹ کر جانا ۔ تن پروری کرنا ۔ اڑا جانا +

دھڑے بندھجانا ۔ یا ۔ **پڑ جانا** ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) دو گروہ یا فریق ہو جانا ۔ تھوک بندھجانا + (۲) بگاڑ یا نفاق ہو جانا

دھڑی جمانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ مستی کی دھاری ہونٹوں پر لگانا ۔ مستی لگانا + رنگین ؎

خدا جانے ابھی ہے خون پر کس کس کے دانت اسکا
دھڑی ہونٹوں پر اپنے وہ جمائے بن نہیں رہتی

دھڑی دھڑی یا ۔ دھڑی دھڑی کر کے لوٹنا ۔ ہ ۔ ف ۔ (سابق میں تنگی یا ضرورت کے وقت راجہ یا نواب بنیوں کو لٹوا دیا کرتے تھے اور بنیوں کے ہاں اکثر اناج بہت ہوتا تھا تو انکو اتنا لوٹتے تھے کہ دھڑی بھر اناج بھی نہیں چھوڑتے تھے) اسی سبب سے بالکل لوٹ لینا ۔ جھاڑو پھیر دینا ۔ صفایا کر دینا +

دھکا دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسی کو مصیبت میں ڈالنا ۔ نقصان پہنچانا +

دھکا کھانا ۔ یا ۔ **لگنا** ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) صدمہ یا نقصان اٹھانا + (۲) برے دن آنا کمبختی آنا +

دھک سے رہجانا - ہ - ف ل - سہمناک ہو جانا - دہشت زدہ ہونا - بھچک رہجانا

دھکے کھاتا پھرنا - ہ - ف ل - آوارہ و سرگرداں پھرنا - مارا مارا پھرنا +

دہلیز کا کُتا - ہ - اسم مذکر - مفت خور طفیلیا رکابی مذہب - ہر دیغی چمچہ - برگی +

دہلیز نہ جھانکنا - ہ - ف ل - (۱) دروازے پر نجانا - ملنے یا دیکھنے یا ملاقات کو نجانا (۲) گھر سے قدم باہر نہ رکھنا - نہایت پردہ میں رہنا +

دہلی کے لیوے ڈالنا - ہ - ف م - اتنی بار کسی کے گھر پر جانا کہ اُسکی دہلی کے لیوے اُکھڑ جائیں - کسی کے ہاں کسی ضرورت کے واسطے بار بار جانا تنگ کر مارنا - از حد تقاضا کرنا +

دھما چوکڑی مچانا - ہ - ف م - شور و غل برپا کرنا - ہنگامہ کرنا +

کیا دھما چوکڑی مچا ئی ہے - (شوق)
تیری بختاوری کچھ آئی ہے -

دھمکی میں آنا - ہ - ف ل - ڈر جانا - دہشت کھانا +

دھنا دینا - ہ - ف ل - تقاضے کے واسطے کسی کے دروازہ پر دھم کر بیٹھ جانا - سر ہو جانا +

دھناسیٹھ - ہ - اسم مذکر - طنزاً (۱) بڑا امیر - بڑا دولتمند - لکھمی چند کا سالا + (۲) صاحب اختیار - زبردست +

دھنتر ہے - ہ - محاورہ - (۱) بڑا مشہور بیدک ہے - افلاطون ہے (۲) دولتمند ہے - مالدار ہے + (۳) بڑا پہلوان ہے - زبردست آدمی ہے - بڑا بلوان ہے + حاتم ہے

مارنے کو رقیب کے حاتم
شیر ہے ببر ہے - دھنتر ہے

دھند کا پسارا ہے - ہ - محاورہ - اندھیرے کا پھیلاؤ ہے - دھوکا ہی دھوکا ہے - دھوکے کی ٹٹی ہے +

دنیا دھند کا پسارا ہے

دھن دھن کرنا - ہ - ف م - (ہندو) طنزاً - کوئی بڑا کام کرنا - خاک اُڑانا - آگ لگانا +

دھن لگانا - ہ - ف م - (دیہات) زمیندار کی گائے بھینس وغیرہ قرض میں لینا - لانا یا دُھور لگانا +

دُھن لگنا - ہ - ف ل - کسی کام کے سر ہونا - خیال ہونا - درپے ہونا +

دُھنے جُلاہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ رذیل ۔ کمینے ۔ گھٹیل ۔ تیلی تنبول +

دھنے ۔ یا ۔ دائیں ہاتھ کا کھایا حرام ہے ۔ ا ۔ محاورہ ۔ جب تک فلانا کام نہ کرلو تو تمہیں کھانا حرام ہے ۔ قسم ہے جب حلال کرے نہ مجھ بے گناہ کو قاتل کو رہنے ہاتھ کا کھایا حرام ہے (آتش)

دُھنیئے کی کھوپری میں پانی پلانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (ہ ۔ عو) (دھنیئے کے چھلکے میں جو بہت ہی ذرا سا ہوتا ہے پانی پلانا) اِسی سبب سے ۔ نہایت سخت تکلیف دینا ۔ تنگ کرنا ۔ ستانا مارنا +

دُھواں دھار برسنا ۔ ہ ۔ ف ل کثرت سے مینہ برسنا ۔ خوب پانی برسنا +

دھواں دھار ہو جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسی جگہ دھوئیں کا کثرت سے بھر جانا دُھواں گھٹ جانا +

دُھواں لپک ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ وہ شخص جو اپنے دام خرچ کرکے حقہ نہ پیئے اور جہاں حقہ بھرا دیکھے ۔ وہیں لپک جائے

دُھوپ میں بال ۔ چونڈا ۔ یا ۔ سر سفید کرنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ ناتجربہ کاری میں عمر ہی کرنا ۔ بڈھا ہو جانا اور سمجھ نہ آنا +

رہ کے زلفوں میں نظارہ رخ تاباں کا کیا ۔
دھوپ میں اِس دلِ ناداں نے کئے بال سفید

دھوتی بند ۔ یا ۔ دھوتی پرشاد ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (مسلمان) دھوتی باندھنے والا ۔ (حقارتاً) ہر ہندو (خصوصاً) بنیا بقال + آزردہ

وہ مُغنّی نہ رہا اور وہ ساقی نہ رہا
دھوتی بند وں کے سوا کوئی بھی باقی نہ رہا

دھوکا کھانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ فریب یا جال میں آجانا ۔ بھول جانا + احسان

ناتوانی بنگلی تیمار دار قبض روح ۔
کھا کے دھوکا موت نے بالیں پہ بستر رکھ دیا

دھوکے کی ٹٹی ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ جال ۔ فریب ۔ مکر + ل

خط نکلنے پر بھی گیسو میں پھنسے مرغ نظر ۔
دھوکے کی ٹٹی تیرے عارض کا ہیزہ ہو گیا

دُھول اُڑانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ دیکھو ۔ (خاک اُڑانا) (۱) گرد یا خاک اُڑانا + (۲) ہرزہ گردی کرنا ۔ واہی تباہی پھرنا ۔ مارا مارا پھرنا + دوہا

دونوں اُڑاتی میں پھروں بات بات میں دُھول
جب سے پی کے دیس کی گئی ڈگر یا بھول

دُھول اُڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دیکھو خاک

اڑنا) +

دھول جھاڑنا - ہ - ف م - گرد جھاڑنا پٹینا - مارنا - زدوکوب کرنا +

دھول کی رسّی بٹنا - ہ - ف ل - ناممکن کام کا ارادہ کرنا - بیفائدہ محنت کرنا +

دھول کے لٹھ لگانا - ہ - ف م - جھوٹ بولنا - دروغ گوئی کرنا +

دھوم پڑنا - ہ - ف ل - شہرت ہونا - مشہور ہونا - چرچا ہونا + آرزو ؎ اُس زلف سیہ فام کی کیا دھوم پڑی ہے آئینہ کی گلشن مین گھٹا جھوم پڑی ہے

دھوم دھام کا - ہ - صفت - (۱) پُرتکلف - تکلف - عمدہ - آراستہ (۲) مشہور معروف + (۳) بڑھیا قیمتی +

دھوم ڈالنا - ہ - ف م - غل وشور مچانا - ہاتھ پاؤں پھلا دینا + شوق ؎ دیکھنا کیسی دھوم ڈالوں گی روئی کی طرح تُوم ڈالوں گی

دھوم مچانا - ہ - ف م (۱) غل مچانا - شور کرنا + (۲) کودنا - اُچھلنا + (۳) جلدی یا شتابی کرنا - تاول مچانا +

دھوم ہونا - ہ - ف ل - (۱) غل وشور ہونا + (۲) مشہور ہونا - شہرت ہونا + (۳) خوشیاں منانا - رنگ رلیاں ہونا + در پہ اک دھوم ہوئی بخت کا اختر چمکا دن پھرے عاشقِ شیدا کا مقدر چمکا (صفدر)

دھونتال ہونا - ہ - ف ل - (عو) (۱) شریر یا مفسد ہونا - بدذات یا فتنہ پرداز ہونا + (۲) تیز یا چالاک ہونا + نازنین ؎ اک میرے بچے کے لیتے وقت ہی بیحال ہو اور تو کاموں میں تم اتنا بڑی دھونتال ہو

دھوں دھوں کرنا - ہ - ف ل - بار بار کھانسنا - کھانسی کا عارضہ ہوجانا

دھوئس کھانا - ہ - ف ل - بُری طرح مشہور ہونا - بدنام ہونا + کس کی ماں نے دھوئس کھایا ہے جو تمھارا مقابلہ کرے مثل

دھوئس دینا - دھوئس کی چلنا - ہ - ف م - (۱) فریب یا دھوکا دینا - چال چلنا + (۲) ڈرانا - دھمکانا +

دھوئس میں آنا - ہ - ف ل - دھوکے یا دم میں آنا - پھنس جانا +

دھونکنی لگنا - ہ - ف ل - جلد جلد سانس آنا - ہانپنا - دم واپسیں لینا +

دھونی رمانا - یا - لگانا - ہ - ف ل - لکڑ جلا کر بیٹھ جانا - جوگی بننا - فقیری لینا + کب تلک دھونی لگائے جوگیوں کی سی رہوں بیٹھے بیٹھے در پہ تیرے تو میرا آسن جلا (میر)

دُھوئیں اُڑانا - ہ - ف م - (۱) دھجیاں اُڑانا - اُڑے ہاتھ لینا - جلانا + (۲) مفلس و قلاچ بنا دینا - بُھرکس نکال دینا - بھور اُڑا دینا +

دُھوئیں بکھیرنا - ہ - ف م - (دھوئیں کی طرح منتشر کر دینا) اسی سبب سے (۱) بہت سا مال خرچ کر ڈالنا - مفلس کر دینا (۲) نہایت ذلیل کرنا - خوب لتاڑنا - سخت سُست کہنا +

دُھوئیں پانی کا شریک - ا - اسم مذکر - قریب کا ہمسایہ - پاس پڑوسی +

دُھوئیں کے بادل اُڑانا - ہ - ف م - چھوٹی کہانیاں بنانا - گپ مارنا +

دھیان پہ چڑھنا - ہ - ف ل - خیال میں آنا - یاد آنا +

دھیان دنیا - یا - لگانا - ہ - ف م - (۱) کان لگانا - غور سے سُننا +

دھیان میں نہ لانا - ہ - ف م - دیکھو (خیال میں نہ لانا)

دھینگا دھینگی بلّو کا راج - ہ - محاورہ - (بلّو نامی ایک شخص زبردستی بلب گڈھ کے پرگنہ میں راج کرنے لگا تھا) اسی سبب سے جسکی لاٹھی اُسکی بھینس - زبردست کے سب تابع ہیں +

دھینگا دھینگی کرنا - ہ - ف م - زبردستی لے لینا - آنکھوں میں سے نکال لینا +

دھینگ دھونگڑی کرنا - یا - دھینگ دھونگڑی کرنا - ہ - ف م - زبردستی کرنا - جور و ظلم کرنا +

دیا باتی کرنا - ہ - ف م - چراغ جلانا - سنجھا باتی کرنا +

دئیا دھاڑ کرنا - ہ - ف ل - غل و شور مچانا - ہنگامہ برپا کرنا + رام کی دُہائی کہنا

دیدہ نہ شنید - ف - صفت - دیکھا نہ سُنا - انوکھا - عجیب +

دیدہ دلیل - یا - دیدہ دھوئی - ا صفت م - عو - (۱) کھلاڑ - فاحشہ - خراب + (۲) بے حیا - بے شرم - شوخ دیدہ - چرباتک دیدہ + شوق ؎

سب کو دیدہ دلیل سمجھا ہے
کیا ملاقات کھیل سمجھا ہے

دیدہ ریزی کرنا - ا - ف م - آنکھوں سے کام لینا - دیکھو (آنکھوں کا تیل نکالنا)

دیدہ لگنا - ہ - ف ل - م عو - طبیعت کا کسی کام میں متوجہ ہونا - جی لگنا + پیشہ

دیدہ ہوائی ہونا - ا - ف ل - (۱) شوخ

یا بے حیا ہونا + (۲) تیز یا چالاک ہونا + جرأت ؎

نکلتی ہی مرے سینہ سے لو گردوں پہ جا چمکی
یہ برق آہ کا بھی واہ کیا دیدہ ہوائی ہے

دیدے کا پانی ڈھلنا - ہ - ف ل م ع - بے شرم ہو جانا - دیکھو (آنکھوں کا پانی ڈھلنا)

دیدے کی صفائی - ا - اسم مونث - (م ع) گستاخی - بیحیائی - بے شرمی

تو پلس دیدہ بیحیائی ہے
(شوق)
واہ کیا دیدہ کی صفائی ہے

دیدے گوڑوں - یا گھٹنوں کے آگے آنا - یا - پانا - ہ - ف ل - اندھا اور نکما ہو جانا - بد دعا لینا +

(۱) دل پہ کے رنج دیکا مرا کسی کو جو
بی (اپنے دیدے گھٹنوں کے آگے وہ پایگا (یار علی)

(۲) جسطرح سے ہمیں فریب میں لائے
دیدے گھٹنوں کے تیرے آگے آئے (شوق)

دیدے نکالنا - ہ - ف م - خفگی کی حالت میں گھور کر دیکھنا + دیکھو (آنکھیں نکالنا)

دیکھا بھالی - ہ - اسم مونث - (۱) ڈھونڈ تلاش + (۲) دیدہ ریزی - آنکھیں سینکنا +

دیکھا چاہئے - ہ - م ف - شاید - اگر ممکن ہو تو + ؎

حشر پر ہے وعدۂ دیدار یار
دل مگر کہتا ہے دیکھا چاہئے

دیکھا دیکھی - ہ - م ف - حرصا حرصی - سیکھا سیکھی - بطور بحث - ہمسری کو طور سیکھے جاتے ہیں کچھ ملک عدم دو نہیں
دیکھنا ہم بھی پہنچ جائینگے دیکھا دیکھی (امیر)

دیکھتا رہجانا - ہ - ف ل - (۱) ہیجک یا ہکا بکا رہجانا + (۲) مایوس یا بزدل ہو جانا +

دیکھتے دیکھتے - ہ - م ف - ہمارے روبرو - آنکھوں کے سامنے - سامنے سے + دیکھتے دیکھتے بن گیا ہے کل کی بات ہے چنے چیتا پھرتا ہے +

دیکھنے میں آنا - ہ - ف ل - ظاہر ہونا آنکھ کے سامنے آنا +

دیکھو - ہ - ندا و ندبہ - (۱) خبردار یا ہوشیار (۲) ادھر کو متوجہ ہو - سنو +

دیکھو تو میں کیا کرتا - یا - کرتی ہوں ہ - محاورہ - کلمہ فخر - میرے کرتب اب آپ ملاحظہ کیجئے - میری چالاکی اب آپ دیکھئے + **صفدر** نواب زادۂ رامپور ؎

سحر سے زاغ کو دم بھر میں ہما کرتی ہوں
مشکل آسان ہے دیکھو تو میں کیا کرتی ہوں

دیکھو! دیکھو! - ہ - ندا و تذبیہ - خبردار - ہوشیار! + شوق ؎

دیکھو دیکھو بہت نہ اترا ؤ
ٹھنڈے ٹھنڈے چلو ہوا کھا ؤ

دیکھئے - ہ مف - معلوم نہیں - خبر نہیں + **مطلب** رئیس اجمیر ؎

ابھی تو دیکھئے کب تک پھریں ہمارے دن
ہمیں ہیں گردشیں دن رات آسمان کی طرح

دیکھئے اونٹ کس کل - یا - کروٹ بیٹھی - ہ - محاورہ - نہیں معلوم اسکا نتیجہ کیا ہو - خدا جانے اسکا انجام کیا ہو + کودنے کو جو اٹھا مرے پہ اٹھا نہ جلسہ
دیکھئے بیٹھے جو پھر اونٹ تو بیٹھے کس کل

دین دنیا سے جانا - ف ل - دونوں جہان کے فائدوں سے محروم رہنا +

دین و دنیا بھول جانا - ا - ف ل بالکل بے خبر ہو جانا - مست و مدہوش ہو جانا + شوق ؎

کوئی گل رو جو دیکھا بھول گئے
دین و دنیا تمام بھول گئے

دیوار قہقہہ لگانا - ا - ف ل - نہایت زور سے کھلکھلا کے ہنسنا +

دیوار کھینچنا - ا - ف م - دیوار تعمیر کرنا یا بنانا + ناسخ ؎

بھر رہا ہے کیا ہی ظالم تیری خاطر میں غبار
شوق سے اب میرے اپنے بیچ میں دیوار کھینچ

دیواریں چاٹنا - ا - ف ل - بہت مشکل سے گزارہ کرنا - دن کاٹنا +

دیوانہ ہونا - ا - ف ل - (۱) دل چسپی لینا پاگل ہو جانا + (۲) شیدا و عاشق ہونا کسی پر مرنا + (۱) میر ؎

دیکھا ہے مجھے جس نے سو دیوانہ ہے مرا
میں باعث آشفتگی طبع ہواں ہوں

(۲) دل سے اس زلف مشکبو کا دیوانہ ہوا
شبیہ رخسار پر سودا جان سے پروانہ ہوا

دیوانی - یا - باولی ہانڈی - ا - اہم بیٹ وہ دال جو کاری جسمیں سات قسم کے ساگ پات یا ترکاریاں ملا کر پکائی جائیں - ان گٹ - انگریزی ہوچ پوچ +

دیو کا دیو - ا - صفت - قوی ہیکل - بڑا مضبوط تازہ - فربہ اندام و دراز قد +

دیو لوک کو سدھارنا - ہ - ف ل - دوسرے لوک کو جانا - مرجانا - بیکنٹھ باشی ہونا +

ڈ

ڈاہڑ منی ۔ ہ ۔ صفت ۔ (دیہات) (۱) وہ شخص جو بات بات میں رو دے ہر دم رونے کو مستعد ۔ نین متنی + (۲) بڑی بڑی آنکھوں والا +

ڈاڑھ گرم کرنا ۔ ہ ۔ فم ۔ نوش کرنا تفنن طبع کے طور پر کچھ کھانا +

ڈاڑھ نہ لگانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ نگل جانا ۔ بغیر چبائے حلق سے اُتار جانا +

ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا ۔ ہ ۔ فم ۔ ڈاڑھی نوچنا ۔ ڈاڑھی کے بال اُکھاڑ ڈالنا ۔ بعزتی کرنا +

ڈاڑھیں مار کر رونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ زار و قطار رونا + دیکھو (آٹھ آٹھ آنسو رونا) +

ڈاک بیٹھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ جلد خبر لانے یا جلد کسی شخص کو کسی مقام مقررہ پر پہنچانے کے لئے راستہ میں کئی آدمیوں یا کئی سواریوں کا مختلف مقاموں پر متعین ہونا +

آمدنی کی ہے دیر جو خط کے جواب کی
بیٹھی ہوئی ہے ڈاک یہاں اضطراب کی

ڈاک لگنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) استفراغ کئے جانا ۔ برابر قے کرنا + (۱) ناسخ ؎
کیا پیوں میں ہجر ساقی میں کہ لگ جائیگی ڈاک
پس گلو میرا بھی شیشہ کا گلو ہو جائے گا
(۲) کبھی شراب جو پی لی فراق ساقی میں
پچانہ ایک بھی قطرہ یہ ہمکو ڈاک لگی۔
(۲) نہایت تشنگی معلوم ہونا ۔ تونس ہو جانا ۔ بار بار پیاس لگنا + (۳) آدمی پر آدمی آنا یا دوڑنا + (۴) راستہ میں گھوڑوں بگیوں وغیرہ کا پہلی سواری بدلنے کے لئے کھڑا رہنا تاکہ صاحب سواری جلد اپنے مقام پر پہنچ جاوے

ڈال کا پکا ۔ ہ ۔ صفت ۔ درخت کا پکا ہوا ۔ قدرتی پختہ + ڈال کا پکا ہی پینڈی ہے ! (دلی کے ترکاری والوں کی آواز)

ڈال کا ٹوٹا ۔ ہ ۔ صفت ۔ (۱) شاخ پر سے توڑا ہوا ۔ تازہ + (۲) طنزاً ۔ شاخ زعفران ۔ اول درجہ کا ۔ چوٹی کا +

ایسے تم ہی تو ڈال کے ٹوٹے ہو !

ڈانڈا مینڈا ملا ہوا ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ (اصل میں مینڈ (بمعنی کھیت کی باڑ) اور

ڈنڈا ملا ہوا ہے) (۱) سرحد پاس پاس ہے۔ سوانہ ملحق ہے۔ (۲) دوستانہ ہے۔ ربط ضبط ہے +

ڈانڈے ینڈے کی تکرار ۔ ل۔ اسم مؤنث سرحدی تنازع۔ سوانہ کا بھگڑا +

ڈانواں ڈول پھرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ مارا مارا یا بھٹکتا پھرنا۔ خراب خستہ پھرنا

ڈپکا ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ اندیشہ یا خوف ہونا ڈر ہونا +

ڈپ کرنا ۔ ہ۔ ف ل جیب کرنا۔ اپنی میں رکھ لینا۔ تصرف میں لانا +

جو کچھ ہاتھ لگا ڈپ کیا اور چل دیا

ڈبکیے کا پانی ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ پانی جو کنویں سے اسی وقت کھینچا جائے۔ تازہ پانی

ڈبو دینا ۔ ہ۔ فعم۔ (۱) غرق کر دینا۔ (۲) خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ تباہ یا برباد کرنا +

بے طاقتی سکوں نہیں لکھتی ہے ہمت میں
رونے نے ہر گھڑی کے نیچے تو ڈبو دیا

(۳) مفلس یا نامرد آدمی کے ساتھ لڑکی کو بیاہ دینا۔ بیٹی کو کوئیں میں دھکا دینا +

ڈبے کا مرض ۔ ل۔ اسم مذکر۔ پسلی کا عارضہ۔ بچونگی بیماری۔ مسان کا روگ +

ڈکار نہ لینا۔ ڈکار جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (ڈکار اکثر کچھ کھانے کے بعد آیا کرتی ہے تو گویا کہ یہ چیز کھانے کی خبر دیتی ہے۔ اسی سبب سے) پتا نہ دینا۔ خبر نکرنا۔ چلتے کو نگل جانا۔ ہڑپ کرنا۔ اڑا نکرنا +

ڈگر یا پیڑان ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ گلہ کی بھیڑ یا بکری کی دو انتیں بارہ رسیں +

ڈگڈگا کر پانی پینا ۔ ہ۔ ف ل۔ ایکدفعہ ہی بہت سارا پانی پی لینا +

ڈگر ڈگر کرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ ضعف یا ناتوانی کے باعث کانپنے لگنا +

ڈگو کا دس سیرا یا دہرا ہی ہے

ہ۔ محاورہ۔ (ڈگو ایک بنیا ہوا ہے جو رواج کے خلاف دیسی سیر دس سیر رکھتا تھا) اسی سبب سے۔ ایسے آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو سب کے خلاف کرتا ہے وہ آدمی جو اپنی ماری چلاتا ہے۔ وہ شخص جو رواج کے خلاف کرتا ہے

ڈنڈا ڈولی کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ کسی کو اسکے دونوں ہاتھ اور دونو پاؤں پکڑ کر اٹھانا ڈولی کے ڈنڈوں کی طرح اٹھانا +

ڈنڈے بجاتے پھرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ خراب خستہ یا آوارہ پھرنا +

ڈنڈے مارنا ۔ ہ۔ ف م (ہنسی کے اشارہ سے

ڈنڈی کو آگے کی طرف جھکا دینا۔ کم تولنا
کم دینا + ے (کنجڑوں کا سوانگ)
میتھی بیچوں سویا بیچوں اور بیچوں چولائی
بیچ بزار میں ڈنڈی مارو ں تو کنجڑے کی جائی
(۲) مذاقاً۔ ڈنڈی گھسیڑنا یا کر دینا +

ڈنکا بجنا۔ ہ۔ ف ل۔ مشہور ہونا۔ شہرت پانا۔

ڈنک لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کاٹا جانا۔
ڈنک چبھ جانا + (۲) کیڑا لگ جانا +
اناج میں ڈنک لگ گیا + (۳) کسی چیز میں
سے خرچ ہونے لگنا۔ کھایا جانا۔ ضرر
شروع ہو جانا +

ڈنکے کی چوٹ کہنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱)
ڈھول بجا کر کسی بات کو بیان کرنا +
(۲) علانیہ کہنا۔ سب کے سامنے بیان کرنا

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت ہوتا ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ ڈوبتا آدمی
ذرا سی مدد سے بچ جاتا ہے + سخت
مصیبت زدہ کو تھوڑی سی مدد بھی
غنیمت ہوتی ہے + ے
تیری مژگاں کا دم گریہ اشارہ ہے بہت
ڈوبتے کے لئے تنکے کا سہارا ہے بہت

ڈوب جانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) غرق ہو جانا
دریا برد ہو جانا + (۲) چھپ جانا۔ غروب
ہو جانا + (۳) شہرت میں فرق آجانا۔
رسوا ہو جانا۔ نام مٹ جانا + (۴) تباہ ہونا
ضائع ہونا + (۵) بٹے کھاتے لکھا جانا۔
وصول نہ ہونا +

ڈوب مرنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی امر سے شرم
کھا کر دریا یا کوئیں میں غرق ہو جانا۔ مر جانا +

ڈوبن بیڑا پڑنا۔ یا۔ آجانا۔ ہ۔ ف ل۔
(۱) بیڑا ڈوبنے لگنا + (۲) تباہی کے
دن آجانا۔ بربادی کا زمانہ قریب آجانا
(۳) گناہ عظیم کا سرزد ہونا۔ زنا ہونا +

ڈور پر لگانا۔ ہ۔ ف م۔ راہ پر لگانا۔
پرچانا۔ ہلانا۔ سدھانا +

ڈور لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی کے ساتھ
عشق یا محبت ہونا + (۲) خیال میں غرق
ہونا۔ لو لگنا +

ڈورے چھوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ خواب سے
بیدار ہونے کی حالت میں خمار کی وجہ
سے آنکھوں میں لال لال رگوں کا
معلوم ہونا + جرأت ے
بنضیں میری چھٹ جاتی ہیں یاد آتے ہیں جب آپ
چھوٹے وہ تری چشم غضبناک کے ڈورے

ڈورے ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) رویدار
کپڑے میں تاگے یا نگندے ڈالنا تاکہ

روئی جمی رہے + (۲) سر گوتھنا۔ بال باندھنا + (۳) جال بچھانا مجبت آمیز باتوں میں پھنسانا۔ اپنی طرف مائل کرنا۔ (۱) اور جا پے کہیں یہ ڈورے ڈال۔ (شوق)

خوبرویوں کا کچھ نہیں ہے کال
(۲) کھلا یہ راز بھی ہمپر لگاوٹ کی نگاہوں سے
کہ آنکھوں نے بھی ڈورے ڈالنا سیکھا ہو کاجل سے (بحر)
(۴) پے در پے چٹی (نام ایک پرند کا) کا بولنا +

ڈوری کھینچنا ۔ ہ۔ ف م۔ بلانا۔ طلب کرنا + دیکھئے ماتا رانی کس دن ڈوری کھینچتی ہے۔

ڈولا اُچھلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ م عو۔ بُرا کام کرنا۔ فعل بد کرنا + یار علی ؎

آنکھیں لڑائیں اُن سے کہاری نے بانس کی
اُسکا بھی میرے چونڈے پہ ڈولا اُچھل گیا

ڈولا بنانا ۔ ہ۔ ف م۔ (زمیندار) کھیت میں بیجا کر جماع کرنا۔ کھیل بنانا۔ کام کرنا

ڈولا دینا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی حاکم کی زبردستی سے اُسکو اپنی بیٹی دینا۔ غریب کا امیر کے ساتھ بیٹی بیاہ دینا + (۲) بیٹی کو بطور لونڈی باندی کے کسی حاکم کے ہاں دینا

ڈول پر لانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) سُڈول بنا دینا۔ (۲) اچھے رستے پر لے آنا۔ اپنے ڈھنگ کا بنا لینا +

ڈول ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بنیاد ڈالنا۔ ڈھچر ڈالنا + (۲) انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا۔ تدبیر کرنا + میر ؎

اُٹھتے پلکوں کے گرے پڑتے ہیں الٹے آنسو
ڈول ڈالا ہے مری آنکھوں نے اب طوفان کا

ڈونڈی پیٹنا ۔ یا۔ **پھیرنا** ۔ ہ۔ ف م۔ ڈھول بجانا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ مشہور کرنا اخبار میں چھاپنا +

ڈھائی دینا ۔ یا۔ **لگانا** ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) گھوڑے کے مُنہ کو لگام کی بجائے کپڑے سے باندھنا + (۲) مُنہ بند کرنا بولنے نہ دینا +

ڈھاک کے تین پات ۔ ہ۔ محاورہ۔ (ڈھاک کی ٹہنی میں ہمیشہ تین ہی پتے لگتے ہیں) (۱) اسی سبب سے جو شخص کبھی ترقی نکرے اور ہمیشہ بھوکا اور غریب بنا رہے یا اپنے قول پر مستقل اور مضبوط رہے اُسکی نسبت بولا کرتے ہیں +

ڈھال "ڈھال جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ آہستہ آہستہ جانا۔ سہج سہج چلنا +

ڈھانڈا چلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ دست آنا مرض سہال میں مبتلا ہونا + (دیہات)

ڈھائی چلو لہو پی جاؤں - اڑھائی چلو لہو پی جاؤں - ہ - محاورہ - (نہایت غصہ کی بات میں اپنے زیادہ غصہ کا اظہار کرنے کے واسطے شخص معتوب کی نسبت یہ فقرہ بولتے ہیں) - جی میں آتا ہے کہ تجھے ذبح کر ڈالوں اور تیرا ڈھائی چلو لہو پی جاؤں - یہ سب میری تسکین ہو - تجھے کھا جاؤں چبا جاؤں + (عو)

ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا - ف م - (۱) دو دھا یا نوشہ بننا - (۲) چند روزہ حکومت کرنا - بہت تھوڑے عرصہ کے لئے حاکم بنجانا +

ڈھائی گھڑی کی آنا - ہ - ف ل - عو - ڈھائی گھڑی بیمار رہ کر مر جانا - رفعت مر جانا - اچانک مر جانا +

مجھے ڈھائی گھڑی کی آ جائے

ڈھب پر چڑھنا - ہ - ف ل - قابو یا بس میں آنا +

ڈھب ڈالنا - ہ - ف م - (۱) عادت کرنا - عادی بنانا + (۲) سکھانا - سدھانا (۳) موقع بنانا +

ڈھب ڈھب کی - ہ - صفت - موقع کی - معقول - واجبی +

ڈھپچر یا - ڈھوڈا پھیلانا - ہ - ف م - (۱) کارخانہ پھیلانا - ڈھوڈا کھڑا کرنا (محاورہ) + (۲) مکر کرنا - جال پھیلانا +

ڈھلتی پھرتی چھاؤں ہے - ہ - محاورہ - زمانہ کا تغیر و تبدل ہے - کبھی امیری ہے کبھی غریبی +

ڈھلمل یقین - ا - صفت - گھڑی کسی پر یقین لانے والا اور گھڑی کسی پر اعتقاد کرنے والا - ایک حالت پر قایم نہ رہنے والا - متلون مزاج +

ڈھوڈا بنا رکھنا - ہ - ف ل - اپنی قدیمی حالت یا عزت بنائے رکھنا - آبرو بنائے رہنا +

ڈھوک ڈھاک بتانا - ہ - ف م - ٹالنا - آج کل کرنا +

ڈھول بجانا - ہ - ف م - شہرہ کرنا - شہرت دینا +

ڈھولنا ہاتھوں پر ہونا - ہ - ف ل - مر عو - قرآن شریف کی قسم کھانا + دیدے پھوٹیں کے ایسی باتوں پر (مثنوی) ہر گھڑی دھولنا ہے ہاتھوں پر

ڈھونگ باندھنا - ہ - ف م - ظاہری عزت یا ٹیپ ٹاپ بنانا +

ڈھے پڑنا - ہ - ف ل - (۱) گر پڑنا یکایک ٹوٹ جانا + (۲) زبردستی اُتر پڑنا - رہجانا یا ٹک جانا +

ڈھئی دینا - ہ - ف م - (۱) کسی جگہ پر جکر بیٹھ جانا - جاگزین ہونا + آتش ؎

سائے نے دی ڈھئی جو ترے آستانے پر
در سے اُٹھا کے ہم پس دیوار لے چلے

(۲) کسی کے ہاں بغیر اُسکی مرضی کے کھانیکی غرض سے رہ پڑنا +

ڈھیر رہنا - یا - **ہو جانا** - ہ - ف ل - (۱) مکان کا گر پڑنا + (۲) مر کر رہجانا - فوت ہونا

ڈھیر کرنا - ہ - ف م - مار ڈالنا - قتل کرنا + ایک مار ہے گی بڑی رنگی - لاگت ہے ذرا دیکھ تیل پیار کرے اور کمر کو پکڑے چمک جائے جت ڈھیر کرے

ڈھیلا پڑ جانا - یا - **ہو جانا** - ہ - ف ل - (۱) کڑا پن جاتا رہنا - سختی کم ہو جانا - (۲) کمزور یا سست ہو جانا + (۳) غصہ فرو یا کم ہو جانا + (۴) سزا یا نقصان اُٹھا کر درست ہو جانا + (۵) نامرد ہو جانا +

ڈھیل دینا - **ڈھیلی ڈوری ڈالنا** - ہ - ف م - (۱) بے پروائی کرنا - کم توجہی کرنا (۲) کسی کو آزاد کر دینا - کسی شخص کو اُسکی مرضی پر چھوڑ دینا +

ڈھینڈا اچھلانا - ہ - ف م - حمل رکھوانا حاملہ ہو جانا + یار علی ؎

ڈھینڈا جو آنکھ مندی سے اچھلا یا حرام کا
ہے باندی بچی پیٹ بھی ہوگا غلام کا

ڈیڑھ اینٹ کی مسجد چننا - ا - ف م - (یہ محاورہ میتھانوں سے لیا گیا ہے جو ایک بہادر اور اکھڑ قوم ہے جس نے ہندوستان میں آکر دہلی کے اضلاع میں کچھ کچھ فاصلہ سے بنائی تھی چنانچہ پرانی دہلی کے لکھنے والے اس بات کے شاہد ہیں) آپی سبب سے (۱) اپنا گھر الگ بنانا - اپنی مسجد الگ چننا - شرکت نکرنا - جدا رہنا + (۲) متفق الرائے نہونا - اتفاق رائے نکرنا +

ڈیڑھ چلو - ہ - م ف - تھوڑا سا مقدار قلیل + غالب ؎

زاہد شراب پینے سے کافر ہوا میں کیوں
کیا ڈیڑھ چلو پانی میں ایمان بہ گیا

ڈینگ مارنا - یا - **ہانکنا** - **ڈینگ کی لینا** - ہ - ف م - شیخی کرنا - غرور یا گھمنڈ کرنا - اترانا +

رائے موہن لال ؎

خالی تھا جو ڈھول ڈینگ ماری -
ہونا بھرا تھا اور بھاری +

ذ

ذاتِ شریف۔ ذاتِ بزرگ۔ ف۔ صفت۔ بڑی جناب۔ شریر۔ فتنہ پرداز مفسد۔ گرو گھنٹال + فریب عشق ؎

کی ہے جنکی یہ آپ نے تعریف
وہ کوئی اور ہوں گے ذات شریف

ذرا سا منہ نکل آنا۔ ا ف ل۔ خوف یا بیماری کے باعث لاغر یا دُبلا ہو جانا +

ڈر گئے نام شفا سنکے ز بہ خواہش مرگ۔
منہ ذرا سا نکل آیا ترے بیماروں کا (داغ)

ذرا کی ذرا۔ ذرا میں۔ ا بہت۔ بہت تھوڑے عرصہ میں۔ لمحہ بھر کو +

ذکر خیر۔ ف۔ اِسم مذکر۔ نیکی کے ساتھ یاد گاری۔ ذکر مذکور +

ذوق سے۔ ا م ف۔ خوشی یا مرضی سے۔ شوق سے +

ذہن لڑانا۔ ا ف م۔ سوچنا۔ غور کرنا۔ خیال کرنا +

ذہن نشین کرنا۔ ا ف م سمجھا دینا۔ جی میں جما دینا۔ تشفی کر دینا۔ اچھی طرح جتا دینا +

ر

رات بسر کرنا۔ ہ م ف۔ ایک شب قیام کرکے۔ شب باش ہو کر +

رات بھاری ہونا۔ ہ ف ل۔ رات کا کاٹنا مشکل ہو جانا + ناسخ ؎

یوں نزاکت سے گراں ہے سرِ چشم یار کو
جس طرح ہو رات بھاری مردم بیمار کو

رات بھیگتی جاتی ہے۔ ہ محاورہ۔ رات گزرتی یا ڈھلتی جاتی ہے۔ رات سرد ہوتی جاتی ہے +

رات تھوڑی ہے سانگ بہت ہے۔ ہ محاورہ۔ وقت قلیل ہے اور کام بہت سا کرنا باقی ہے۔ عمر تھوڑی ہے اور بکھیڑا بہت کچھ باقی ہے +

بن جو کچھ بن سکے جوانی میں۔
رات تھوڑی ہے سانگ بہت ہے (میر تقی)

رات کی رات۔ ہ م ف۔ صرف ایک رات۔ فقط آج کی رات +

رات کی رات کا بیاہ تھا۔

راتوں رات ۔ ہ۔ م ف ۔ (۱) شبانہ شب ۔ راتوں کو ۔ (۲) رات بھر ۔ تمام رات

راجا اِندر کا اکھاڑا ۔ ہ۔ محاورہ ۔ بڑے عیش و عشرت کا مقام ۔ عیش و نشاط کی انجمن ۔ رقص و سرود کی محفل + ناسخ ؎ کرتے ہیں پریوں سے کشتی پہلوانِ عشق ہیں ہمکو ناسخ راجا اندر کا اکھاڑا چاہیئے

راج بھنگ ہونا ۔ ہ۔ ف ل سلطنت میں زوال آنا ۔ راج گدی جاتی رہنا +

راج پرتی ندھ ۔ اسم مذکر ۔ گورنر جنرل ۔ لاٹ صاحب ۔ وائسرائے +

راج تلک یا راج گدی دینا ۔ ہ۔ ف م ۔ گدی نشین کرنا ۔ تخت پر بٹھانا ۔

راج رجانا ۔ ہ۔ ف م ۔ عیش کرانا ۔ سکھ دینا ۔ آرام پہنچانا + تیتری بیٹی بھیک منگائے تیتر ابیٹا راج رجائے مثل +

راج روگ ۔ ہ۔ اسم مذکر ۔ (۱) مرض مہلک ۔ تپ دق وغیرہ + (۲) طول طویل ۔ مقدمہ جو عرصہ تک زیر تجویز رہے (۳) شوق تعمیر ۔ مکان بنانے کا چسکا +

راج کرے ۔ ہ۔ ندا و ندبہ ۔ عو ۔ طنزاً ۔ بھاڑ میں جائے ۔ چولھے میں پڑے + خارت ہو + انشا ؎

کر دیا تو نے خفا مجھ سے میرے انشا کو
یہ تیری راج کرے ! شوخی نرالی باجی !

راڑ بڑھانا ۔ ہ۔ ف م ۔ جھگڑے کو فروغ دینا ۔ تکرار زیادہ کرنا +

راز و نیاز ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ (۱) پیار ۔ محبت ۔ بوس و کنار ۔ چوما چاٹی + یہ راز و نیاز کی باتیں کسی اور سے کرنا (۲) نماز ۔ دعا ۔ انکساری ۔ الحاح + اُٹھ کہ وقتِ نماز جاتا ہے ۔ (انشا) وقت راز و نیاز جاتا ہے ۔

راس اُٹھانا ۔ ہ۔ ف م ۔ کھیت میں سے صاف کئے ہوئے اناج کے ڈھیر کو لیجانا ۔ کھلیاں اُٹھانا +

راس آنا ۔ راست آنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) موافق آنا ۔ سازگار ہونا ۔ مفید ہونا نازک مزاج جو سے بھی میرا مزاج تھا ۔ راس آئی اس چمن کی نہ آب و ہوا مجھے ۔ (آتش)

(۲) مبارک ہونا + جانی ؎

دل جس سے لگایا وہ ہوا دشمن جانی
کچھ دل کا لگانا ہی ہمیں راس نہ آیا

راس بٹھانا ۔ ہ۔ ف م ۔ کسی کو دلپھد کرنا ۔ قبلی بنانا + (از گلشن فیض)

راستہ ۔ یا ۔ رستہ بتانا ۔ یا ۔ دکھانا ۔

راہ ا۔ ف م (۱) رہنمائی کرنا۔ رہنما بننا + ہم ایک سوختہ گل کا اُسکی دکھائے دل کو ہوئے پشیماں (۲) یہ حضرت خضر کو جتاؤ کسی کی تم رہبری نہ کرنا + (۲) ٹال دینا۔ حیلہ حوالہ کرنا +

راستہ پر آنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سڑک پہ پڑ جانا۔ ٹھیک راہ پر آجانا + (۲) ٹھیک ہو جانا۔ قابو میں آجانا + (۳) نیک بنجانا۔ درست ہو جانا +

راستہ ۔ یا۔ راستہ پکڑو ۔ ا۔ ندا و تہ چلتے پھرتے ٹھہراؤ۔ ڈوبو۔ !

راستہ ۔ یا۔ راستہ دیکھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ انتظار کرنا۔ راہ تکنا۔ باٹ نہارنا یا جوہنا +

راستہ ۔ یا۔ راستہ ناپنا ۔ ا۔ ف ل (۱) واہی تباہی پھرنا + (۲) کھڑے کھڑے کسی سے ملنے آنا۔ جلد واپس چلا جانا +

راگ پورنا ۔ ہ۔ ف م ۔ (۱) طول طویل کہانی چھیڑنا۔ ایک قصہ بیان کرنا + (۲) ہ۔ عو۔ قصہ ہی اور بیٹھے بچے کا رونا اور بھنبھنانا + اب تو نے کیوں راگ پورا +

راگ رنگ ۔ ہ۔ اسم مذکر عیش و عشرت۔ خوشیاں۔ رنگ رلیاں +

بھول گئے راگ رنگ بھول گئے چھکڑی تین چیز یاد رہیں نون تیل لکڑی + (مثل)

راگ گانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) گیت گانا۔ (۲) بچونکا رونا۔ برابر روئے جانا +

راگ لانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بگڑنا۔ ناراض ہونا۔ خفگی ظاہر کرنا + برق ؎

رُکتا نہیں ہے نالہ جو لاے ہو راگ تم ٹپایہ اسے پری ہے تمہارے خیال کا

(۲) لڑنے کو مستعد ہونا۔ جھگڑا یا شروع کرنا (۳) جھگڑا پیچھے لگانا مخمصے میں ڈالنا + راگ لاتا ہے فقیروں سے زمانہ پس مرگ بے محل عرس و گرنہ سر مدفن کیا۔

رال ٹپکی پڑنا ۔ یا۔ ٹپکنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مُنہ سے رطوبت کا بہنا + (۲) خواہش و رغبت ہونا۔ دل للچانا۔ جی چاہنا۔ دل چلنا۔ مُنہ میں پانی بھر آنا +

رام رام ۔ **رام رام شام شام** ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ ہندو (۱)۔ سلام بندگی (۲) جان پہچان۔ واقفیت +

رام جانے ۔ ہ۔ ندا و تہ۔ (۱) ایشر کو خبر ہے۔ دیکھو (**خدا جانے**) (۲) خدا کی قسم۔ رام کی سوں +

رام رام ! رام رام بھجو۔ یا کرو۔ ندا و تہ

(ہندو) توبہ توبہ۔ خدا خدا کرو

رام رس ۔ ہ۔ محاورہ۔ ہندو (۱) نمک۔ نون۔ (۲) ایشور کی محبت۔ پریشر کی بھگتی + (بھجن کبیر داس)

بھنگاں۔ شراباں۔ پوستاں بھر بھر پیالہ پیوتے جن رام رس چاکھا نہیں علی ہوا تو کیا ہوا

رام رولا کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ ہندو (۱) رام کی بھجن گانا۔ (۲) غل وشور مچانا +

رام کاجی ۔ ہ صفت۔ سادہ لوح۔ بھولا بھالا

رام کہانی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ طولانی سرگزشت۔ قصہ۔ کہانی + جرأت ؎

درد دل اُس بُت بے درد سے کہیے تو کہے جا کے یہ رام کہانی تو سنا اور کہیں

رام کی مایا ۔ ہ۔ اسم مؤنث (ہندو) ایشور کی لیلا۔ خدا کی قدرت۔ فطرت۔ نیچر +

رانڈ کاٹنا ۔ ہ۔ ف م۔ جھگڑا طے کرنا۔ قضیہ چکانا یا فیصل کرنا +

رانڈ کا سانڈ ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) آزاد منش نہنگ۔ بے پروا۔ (۲) ابتر۔ بداطوار +

رانڈ پتوتی کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (ہ۔ عو) (۱) ایک دوسرے کو رانڈ اور بن اولاد والی کہنا۔ کوسنا کاٹنا۔ بددعا یا گالیاں دینا + (۲) لڑنا۔ جھگڑنا +

رانگ ہو جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پگل جانا (۲) بالکل کل جانا + (۳) راضی ہو جانا۔ موم ہو جانا۔ نرم یا ملایم پڑ جانا +

رانی گہن ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ (ہندو) خوب سا خانگی فساد مچانا۔ سارے گھر سے لڑنا۔ خوب لڑائی لڑنا +

ایک رانی گہن ڈال رکھا ہے کھائے ہے نہ کھانے دے

راون کی سینا یا سنیا ۔ ہ۔ اسم مؤنث راجہ راون کی سیاہ فام اور سیاہ پوش فوج۔ کالے کالوٹے لڑکوں کی جماعت

راہ بتانا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) راستہ دکھانا۔ (۲) نکال دینا۔ ٹال دینا +

راہ پر آنا ۔ ا۔ ف ل۔ دیکھو (راستہ پر آنا) آتش ؎

کوچے سے یار کے نہ صبا دور پھینک اسے مدت کے بعد آئی ہے خاک اپنی راہ پر

راہ پر لانا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) ٹھیک سڑک بتانا۔ اصلاح کرنا + میر ؎

ہم خاک میں ملے تو ملے لیکن اے سپہر اُس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا

راہ پیدا کرنا ۔ ا۔ ف م۔ دوستی پیدا کرنا۔ ملاقات کرنا +

راہ تکنا یا دیکھنا ۔ ا۔ ف ل۔ انتظار کرنا

رستہ دیکھنا + میر ؎

ایک چشم منتظر ہے کہ دیکھے ہے کب سے راہ
جوں زخم تیری دُوری میں ناسور ہوگیا

راہ چلتوں سے لڑنا۔ راہ چلتوں کا پلّا پکڑنا۔ ا۔ ف ل۔ ہر کسی کے سر ہوجانا۔ ہر ایک سے لڑ پڑنا۔ بے سبب لڑ بیٹھنا +

راہ راہ۔ راہ راہ سے۔ راہ سر ا۔ م ف۔ ایک طریقہ سے معقول طور پر

راہ رکھنا۔ ا۔ ف م۔ رسم ملاقات جاری رکھنا۔ دوستی برقرار رکھنا +

راہ کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ملاقات پیدا کرنا رسم ڈالنا + اسیر ؎

خدا کا سجدہ جو رکھا ہے سنگ پر جائز
یہ اہل شرع بتوں سے بھی راہ کرتے ہیں

(۲) قسط مقرر کرنا۔ ہٹی باندھنا۔ قرضہ چکانیکا طریقہ نکالنا +

راہ کھوٹی کرنا۔ ا۔ ف ل۔ رستے میں چلتے ہوئے دیر کرنا +

راہ کی بات۔ ا۔ اسم مؤنث۔ سخن شائستہ و معقول۔ واجب بات +

راہ لگانا۔ ا۔ ف م۔ رستہ بتانا۔ رہنمائی کرنا + ناسخ ؎

دل نے جس راہ لگایا میں اُسی راہ چلا۔
وادیٔ عشق میں گمراہ کو رہبر سمجھا۔

راہ مارنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) رستہ لوٹنا۔ (۲) تباہ یا برباد کرنا۔ کسی کی خوشیوں کو خاک میں ملانا۔ نامرد یا اوباش کے ساتھ بیاہ دینا + پرائی بیٹی کی کیوں راہ ماری

راہ نکالنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) رستہ جاری کرنا۔ راہ کھولنا + (۲) طریقہ نکالنا۔ ڈھنگ پیدا کرنا۔ آشتی و ملاقات پیدا کرنا۔ وسیلہ نکالنا + میر ؎

رہتے نہیں ہوش میں گئے میر اُس گلی میں رات
کچھ راہ بھی نکالو سنگ و پاسباں سے تم

(۳) تدبیر سوچنا۔ کوئی نئی بات خیال سے پیدا کرنا +

راہ نہونا۔ ا۔ ف ل۔ ملاقات نہونا۔ ربط نہونا + شوق ؎

دل کو چاہ ذقن کی چاہ نہ تھی
کسی یوسف لقا سے راہ نہ تھی

رائی بھر۔ ہ۔ م ف۔ بہت ہی خفیف ذرہ برابر۔ بہت ہی تھوڑا سا +

رائتا بنانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) گھیا یا کسی اور ترکاری کو کس کر اور اُبال کر اُسکو نمک مرچ اور مصالح کے ساتھ

دہی میں ملانا + (۲) خوب مارنا۔ پیٹنا۔ بھرتا کرنا۔ پتلا حال کر دینا +

رائی کائی ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کائی کا رائی کی برابر ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ بالکل پھٹ جانا۔ ریزہ ریزہ ہو جانا۔ (۲) ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ گلے گلے سے پڑ جانا +

(۱) چونے سے زبان رائی کائی ہو گئی۔
(۲) دودھ رائی کائی ہو گیا۔
(۳) منتشر یا پریشان ہو جانا۔ تتر بتر ہو جانا + ایک حملہ میں دشمن کی فوج رائی کائی ہو گئی +

ربڑ پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ پھیرا یا چکر کھانا۔ مفت تھکنا +

ربڑ مارنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی جگہ سے بغیر مطلب براری کے واپس آنا۔ کسی جگہ جانا۔ اور مطلب نہ نکلنا +

ربڑ ہو جانا۔ ہ۔ ف ل (س Rg ربڑ = دشمن) دشمن کی طرح لپٹ جانا سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔ لیوے ڈالنا +

رت پھر جانا۔ ہ۔ ف ل۔ موسم بدلجانا یا پلٹ جانا + بکر ؎

نہ تو وہ پھول نہ سبزہ نہ وہ گلستاں نہ بہار
رت کے پھرتے ہی چمن زار کا بخت اُلٹا۔

رتواشناں۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ نہان جو عورتیں حیض کے بعد نہاتی ہیں۔ مہینے کا نہان +

رتی بھر۔ ہ۔ م ف۔ مقدار قلیل۔ ذرا سا۔

رتی چمکنا۔ یا۔ **جاگنا**۔ ہ۔ ف ل۔ اقبال رجوع ہونا۔ قسمت کھلنا۔ نصیبہ جاگنا +

آپ سے آتی ہوں تیرے پاس میں بھاگی ہوئی
ان دنوں رتی دوگانا ہے تری جاگی ہوئی

رٹنا لگنا۔ **رٹ ہونا**۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ہر وقت ایک ہی چیز کا خیال رہنا۔ بار بار ایک چیز کا نام لینا + ناسخ ؎

کرے وہ ذکر خدا اے صنم بھلا کیونکر
جسے کہ آٹھ پہر تیرے نام کی رٹ ہے

(۲) پیچھے پڑنا۔ اصرار کرنا۔ ہٹ کرنا۔ سر ہو جانا +

رجا پجا۔ ہ۔ صفت۔ مالدار۔ دولتمند۔ غنی۔ پیٹ بھرا۔ دھنوان +

رجعت ہونا۔ (۱) رٹنا لگنا۔ ایک چیز کو بار بار پوجنا + (۲) دیوانہ ہو جانا +

رخ پھیرنا۔ ل۔ ف ل۔ خفا یا ناراض ہونا۔ کشیدہ خاطر ہونا +

رخصت ہونا۔ ل۔ ف ل۔ (۱) روانہ ہونا۔ جانا + (۲) مرنا۔ انتقال کرنا

رحلت یا کوچ کرنا +

رُخ نکرنا - ا - ف م - التفات نکرنا - توجہ نکرنا +

رخنہ ڈالنا - ا - ف م - کسی کے کام میں حارج ہونا - مخل ہونا - چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا + ۵

یہ کہہ کے رخنہ ڈالیے اُنکے حجاب میں
اچھے بُرے کا حال کھُلے کیا نقاب میں

رخنہ نکالنا - ا - ف م - (۱) قصور یا کھوٹ نکال کر کھڑا کر دینا - نکتہ چینی کرنا - عیب جوئی کرنا + (۲) بدعت کرنا +

ردّ و قدح - یا - **ردّ و بدل ہونا** - ا - ف ل - بحث یا تکرار ہونا +

ردّی کرنا - ا - ف م - بیکار کر دینا - خراب کر دینا - پھینکنے لایق کر دینا +

رذالے یا شہدے کا لٹھ - ا - اسم مذکر - بدمعاش یا آزاد آدمی - بیباک - نڈر -

رزق کا کیڑا - ا - اسم مذکر - انسان - آدمی - مُنش + جرأت ۵

جو رزق کا کیڑا ہو ملے کیوں نہ اُسے رزق
رزّاق سے پاتا ہے غذا سنگ میں کیڑا

رس بھری - یا - **رسیلی آنکھ** - خمار آلودہ آنکھ - چشم خوباں +

رس پڑنا - ۵ - ف ل - (۱) منی کا پیدا ہو جانا - سن بلوغ کو پہنچنا + (۲) خوش ہونا - طبیعت کو فرحت پہنچنا +

رستم - یا - **افلاطون کا سالا** - ا - اسم مذکر - شیخی خورا - ڈینگیا - طنزاً بڑا جوانمرد اور بہادر +

رس ٹپکنا - ۵ - ف ل - جوش جوانی میں آنا - جوبن اُمنگنا +

رس کا بیڈھا - ۵ - صفت - محبت یا عشق کا مارا +

رس کی باتیں - یا - **بتیاں** - ۵ - اسم مؤنث - عشق اور پیار کی باتیں - محبت کی گفتگو - لگاوٹ کی باتیں +

جوبن جوانی ہے دن دس کی
میٹھا بول باتیں کر رس کی

رس مارے رسائن ہو - ۵ - محاورہ - پارہ مارے سے چاندی بن جاتی ہے - غصہ مارے سے مطلب حاصل ہو جاتا ہے +

رسنا بسنا - ف ل - آباد رہنا - خوش رہنا - سرسبز ہونا - پھلنا پھولنا +

رسّی جل گئی پر بل نہیں جلا - **رسّی جل گئی پر بل نہیں نکلا** - ۵ - محاورہ -

ہر چند سزا پائی مگر غرور اور تکبر کم نہوا۔ خوب نقصان اُٹھایا مگر شیخی نگئی +

رسّی دراز ہو جانا۔ ف ل۔ سرکش بن جانا بیحیا ہو جانا + (۲) زندگی بڑھ جانا۔ عمر چھٹ جانا پہنچا ہے شب کند لگا کر وہاں رقیب۔ سچ ہے حرامزادہ کی رسّی دراز ہے + (فوق)

رسید نہ دینا۔ ا۔ ف م۔ (۱) مال پانی کی رسید لکھ کر نہ دینا۔ اقرار نکرنا + (۲) پہنچنے نہ دینا۔ معلوم نہونے دینا۔ جانے نہ دینا۔ دخل نہ دینا +

رسّی ڈھیلی چھوڑ دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) لگام ڈھیلی کر دینا۔ گھوڑے یا کسی جانور کو اسکی مرضی پر جانے دینا + (۲) آزادی یا اختیار دیدینا۔ (۳) بندوبست میں کمی کر دینا توجہ کم کر دینا +

رشک یوسف۔ صفت۔ جسکی خوبصورتی پر یوسف رشک کرے۔ بڑا ہی حسین۔ بہت ہی خوبصورت + صفدر ؎

ایک ہو لاکھ جوانوں میں طرحدار بھی ہو۔
رشک یوسف بھی ہو عاشق بھی ہو زردار بھی ہو

رعب چھا جانا۔ ا۔ ف ل۔ دہشت غالب ہونا۔ ڈر لگنے لگنا +

رُو چکر میں آنا۔ ا۔ ف ل۔ ڈورے کی طرح رو کے چکر میں آجانا۔ جال میں پھنس جانا۔ گرفتار ہو جانا +

رُو چکر ہونا۔ ا۔ مذا د مذبہ۔ بننے ہوا چلو چلتے پھرتے نظر آؤ +

رکابی مذہب۔ ا۔ اسم مذکر۔ خوشامدی۔ ہر دینی چمچہ۔ زمانہ ساز +

رُکھائی کی لینا۔ رُکھائی بتانا۔ ہ۔ ف ل۔ سرد مہری ظاہر کرنا۔ بے التفاتی یا بے پرواہی کرنا + جرأت ؎

رُکھائی اُسکے بتلانے میں کیوں اتنا تڑپتے ہو
اُسے پروا نہیں کچھ تلملاؤ گے تو کیا ہوگا

رکھ رکھاؤ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ بچوں کی پرورش اور حفاظت۔ بچوں کی خبرداری +

رکھ کر کہنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کچھ بات جی میں رکھ کر بیان کرنا۔ آدھی بات بیان کرنا + (۲) اشارۃً کسی کے حق میں نا ملائم باتیں کہنا۔ کسی پر ڈالکر کہنا +

رگ اُترنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) آنت بڑھ جانا۔ رگ کا بیضہ میں اُتر آنا + (۲) ضد یا ہٹ جاتی رہنا۔ خوش ہو جانا +

رگ پٹھے سے واقف ہونا۔ ا۔ ف ل کسی کی اصل نسل سے واقف ہونا۔ اصلیت جاننا۔ مزاج داں ہونا +

رگ پھڑکنا - ا۔ ف ل۔ آئندہ ہونیوالی بات کی خبر ہوجانا + بحر ط

جذب وحشت نے دکھایا اثر مقناطیس
رگ پھڑکتے نہ لگی دیر کہ فصد دو یا

رگ و ریشہ میں پڑنا - ا۔ ف ل۔ گوشت و پوست میں شامل ہونا۔ اصل میں ہونا گھٹی میں پڑنا +

رگیدنا رگا دگرنا - ہ۔ ف م۔ (۱) کسی کو خوب رگیدنا۔ مارنا۔ پیٹنا + (۲) تعاقب کرنا۔ پیچھا کرنا + (۳) تنگ کرنا پیچھے پڑجانا

رگیں مرنا - ا۔ ف ل۔ نامرد ہوجانا۔ کمزور ہوجانا +

رلا پڑنا - ہ۔ ف ل۔ حساب میں مغالطہ یا بھول ہونا +

رمز چلنا - رمز کی چلنا - رموز پھینکنا ا۔ ف م۔ اشارۃً کسیکو برا کہنا۔ دیکھو (آوازہ پھینکنا)

رن بولنا - ا۔ ف م۔ (انگریزی رن یعنی بھاگنا) + (انگریزی گیند بلا) دوڑنا بھاگنا + اسیر ط

رعب اس ترک کا غالب ہے عجب کشتوں پہ
اب بھی رن بول رہا ہے کہ وہ جلاد آیا۔

رن پڑنا - ہ۔ ف ل۔ (۱) بڑی بھاری لڑائی ہونا۔ مہابھارت ہونا۔ جنگ عظیم ہونا + (۲) بہت سے آدمیوں کا لڑائی میں مارا جانا۔ آدمیوں کا کھیت پڑنا۔

رنجک اڑانا - ہ۔ ف م۔ (۱) توپ کو بتی دکھانا۔ سنجک میں آگ دینا + (۲) بازاری۔ گوز مارنا۔ چڑیا چھوڑنا +

رنجک چاٹ جانا - ہ۔ ف ل۔ سنجک کا دھواں دیکر رہجانا۔ توپ کا نہ چلنا +

رنڈسالا پہننا - ہ۔ ف ل۔ بیوہ کا لباس پہننا۔ ماتمی پوشاک پہننا +

رنگ اڑجانا - یا - فق ہوجانا - ا۔ ف ل (۱) خوف یا بیماری وغیرہ کے باعث چہرہ کا رنگ تغیر ہوجانا + زور پڑجانا۔ اڑگیا ہے بحر جاں میں مرے چہرے کا رنگ
قطرۂ خوں جو بدن میں تھا وہ آنسو ہوگیا
(۲) حیرت میں آجانا۔ متحیر ہوجانا +

رنگ اکھڑنا - یا - پکڑنا - ا۔ ف ل بیرونقی ہونا۔ حال ابتر ہوجانا۔ رونق میں فرق آنا

اُف رے! تیری خوشی کہ بنا کھیل بگڑ جائے
اللہ رے! تلون کہ جما رنگ اکھڑ جائے

رنگ بدلنا - ف ل۔ کیفیت دگرگوں ہونا۔ حالت پلٹنا۔ کینچلی بدلنا۔ کچھ کا کچھ ہوجانا + (۱) میر ط

میں گریۂ خونی کو روکے ہی رہا ورنہ۔
یک دم میں زمانہ کا یہاں رنگ بدل جاتا۔
(۲) کبھی تڑپ ہے کبھی سوز اور کبھی غم ہے۔
بدلتا رنگ ہے ہر دم یہ دل جہاں کی طرح (صادق)

رنگ بندھنا۔ پکڑنا۔ یا جمنا۔ ا۔ف ل۔ رونق پکڑنا یا حاصل کرنا۔ زیب و زینت دینا

اچھا معلوم ہونا۔ (۱) سحر ؎

ہمارے داغ چمک کر ابھی مٹا دیتے
بندھا ہوا ہے تیرے ہاتھ نورِ تن کا رنگ
(۲) سامنے تیرے روئے رنگیں کے
لالہ و گل نے بھی نہ پکڑا رنگ (انشا)
(۳) نیرنگ آسماں سے جیسا قضا کا رنگ
بگڑیگا خاک و آتش و آب و ہوا کا رنگ (صبا)

رنگ پھیکا۔ پیلا۔ یا ماند پڑنا۔ یا ہونا ا۔ف ل۔ رنگ مندلانا دھیما پڑ جانا۔ بے رونقی ہونا + ناسخ ؎

دیکھا ہے تیرے لالِ بدخشاں کو جوہری
پھیکا ہے پیشِ لعلِ شکر بار یار رنگ

رنگ ٹپکنا۔ یا چونا۔ ا۔ف ل۔ چمکیلا۔ چمکدار۔ بارونق ہونا +

رنگ جل جانا۔ ا۔ف ل۔ تمازتِ آفتاب یا بیماری وغیرہ کے باعث رنگ کا سیاہی مائل ہو جانا + کل مجھنواں

رنگ ہو جانا۔ ناسخ ؎

تو ہے وہ آفتاب جو پرتو پڑے تیرا
جل جائے لالہ زار کا۔ اے گلعذار رنگ

رنگ جوانی چمکنا۔ ف ل۔ جوانی کا ابھار ہونا۔ رنگ و روغن نکل آنا + انسطرف جھنڈی لگی رنگ جوانی چمکا۔
کھا کے بل دوش پہ لہرانے لگی زلفِ رسا (صفدر)

رنگ چڑھنا۔ ا۔ف ل۔ (۱) رنگ دار ہونا۔ (۲) بارونق ہونا۔ چمکدار ہونا (۳) نشے میں آنا۔ مستانا یا مست ہو جانا

رنگ دکھلانا۔ ف م۔ جوبن یا خوبصورتی ظاہر کرنا + صفدر ؎

شیشہ آلات نے کچھ رنگ عجب دکھلایا۔
روشنی نے شبِ مہتاب کو بھی گوشرمایا۔

رنگ دیکھنا۔ ا۔ف ل۔ (۱) انجام یا نتیجہ سوچنا + (۲) سیر دیکھنا۔ کسی کا طرفدار نہ ہونا +

رنگ رلیاں۔ ا۔ اسم مذکر۔ رقص و سرود۔ عیش و عشرت۔ عیش و نشاط۔ گلچھرے +

رنگ زرد۔ یا سفید ہونا۔ ا۔ف ل (۱) کسی قسم کا فکر یا مرض ہو جانا + (۲) ڈر جانا۔ خون خشک ہو جانا +

رنگ سر ہونا۔ ا۔ ف ل۔ تیز چڑھا یا جوانی میں ہونا۔ جوبن پر آنا۔ خوب رونق یا تیزی پر ہونا + آیا منگسر جاڑا ہوا رنگ سر پہ شتل

رنگ کا ٹنا۔ ا۔ ف م۔ رنگیں کپڑے یا چیزیں سے ترشی کے ذریعہ سے رنگ کا جدا کرنا +

رنگ کٹنا۔ ف ل (۱) رنگین چیز سے رنگ کا جدا ہونا + بحر ؎

سلاح باندھ کے اتنے ترش نہو دیکھو
کٹے کہیں نہ کھٹائی سے بانکپن کا رنگ

(۲) شرمندہ و خجل ہونا + ناسخ ؎

ہوتے ہیں تیرے آگے گل سرخ یاسمن
کہتا ہے مارے شرم کے بے اختیار رنگ

رنگ لانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) اصلی رنگ دکھانا۔ عادت ظاہر کرنا۔ تعجب انگیز تاثیر کرنا + (۲) خفگی ظاہر کرنا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ مچلنا۔ (۳) جھگڑا یا تکرار کرنا۔ دھمکی دینا + (۴) دوسرا رنگ بدلنا۔ دھوکا دینا۔ فریب کرنا + فریب عشق ؎

اب یہاں کوئی جال پھیلاؤ
رنگ کچھ اس سے اور بھی لاؤ

(۵) مزے دکھانا۔ آفت میں پھنسانا +

(۱) نعمت کو پیتے تھے لیکن سمجھتے تھے کہ یاں
رنگ لائیگی ہماری فاقہ مستی ایک دن

(۲) جب سے عشرت سے لایا رنگ دور بیخودی
جوش میرے دیکھ کر ساقی نے ساغر رکھ دیا

(۶) دق کرنا۔ ستانا۔ حیران و پریشان کرنا
عشق اک روز رنگ لائیگا۔ (شوق)
وہ بڑا بول پیش آئیگا +

(۷) رونق پکڑنا۔ اچھا دکھائی دینے لگنا + جسدن سے ہے گلاں اڑانیکا تجکو شوق۔
تیرے شہید ناز کا لایا غبار رنگ۔ (ناسخ)

رنگ لینا۔ ا۔ ف م۔ کسی کو اپنے ڈھنگ پر لے آنا۔ کسی کو اپنے عادات اطوار سکھا دینا۔ کسی کو اپنا جیسا بنا لینا +

رنگ مارنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) چوسر میں اپنے ہر رنگ گوٹ کو پیٹنا یا جیتنا + (۲) جیتنا۔ برابر والے پر فتح پانا +

رنگ محل۔ ا۔ اسم مذکر۔ ملاقات کرنیکا ایک آراستہ کمرہ۔ (انگریز) گول کمرہ چترسالا +

رنگ میں ڈوبنا۔ ا۔ ف ل۔ خوب رنگ چڑھنا۔ عیش و نشاط میں مصروف ہونا +

رنگ نکلنا یا کھلنا۔ ا۔ ف ل۔ چہرے پر رونق آنا۔ خوبصورت دکھائی دینے لگنا + صبا ؎

کہتے ہیں لوگ پنجۂ مژگاں کی پھبتیاں
کھلتا ہے دست یار میں کتنا حنا کا رنگ

رنگ ہے ۔ ہ ۔ ندا و ندبہ ۔ شاباش!
واہ واہ! کیا کہنے ہیں! آفریں ہے!

رنگین مزاج ۔ ا ۔ خوش طبع ۔ ہنس مکھ
زندہ دل +

روادار ہونا ۔ ا ۔ ف ل ۔ کسی کے فعل
کو جایز رکھنے والا ہونا ۔ طرفدار ہونا ۔
ساتھی بننا +

رُوآں بدلنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ جانور کا چمڑی
بدلنا ۔ بال جھاڑنا +

رَواں دَواں پھرنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ مارا مارا
یا خراب خستہ پھرنا + (عو)

رُوآں میلا ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ رنج و
ملال پہنچنا ۔ صدمہ ہونا +

بے غم رہے لحد میں گشتے تیری ادا کے
میلا ہوا نہ قاتل روآں کبھی کفن کا

رو بیٹھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ چھوڑ دینا ۔ تیاگ
دینا ۔ دست بردار ہونا +

رُوپ بنانا ۔ یا ۔ بھرنا ۔ ف ل ۔ (۱)
بھگل گانٹھنا ۔ تلبیس لباس کرنا ۔ سوانگ
بھرنا ۔ دھوکا یا فریب دینا + صفدر

اب کوئی روپ بنا وہ یہ شباہت بدلو
غیر کی شکل بنو اپنی یہ صورت بدلو

(۲) نہایت خوبصورت یا حسین بننا
اور ادھر کو ہوے بہروپ کے سامان تمام
وہ بھرا روپ کنہیا بھی کرے جسکو سلام (صفدر)

رُوپ درشن ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ عو ۔
روپیہ ۔ چاندی کی کوئی چیز +

رُوپ لانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ دھمکانا ۔ ڈراونی
صورت بنالینا ۔ ڈرانا ۔ بہانہ کرنا +

روپیہ ٹھیکری ۔ یا ۔ **کنکری کرنا** ۔ ہ ۔
ف م ۔ روپیہ کو ٹھیکری یا کنکری کی
برابر سمجھنا ۔ خوب روپیہ لٹانا ۔ فضول
خرچی کرنا ۔ اسراف کرنا +

روٹیاں توڑنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ مفت کی
روٹیاں کھانا ۔ طفیلیا بننا +

روٹیاں لگنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ غرور کرنا ۔
اترانا ۔ گھمنڈ کرنا +

روٹی پر روٹی رکھکر کھانا ۔ ہ ۔
ف ل ۔ آسودہ ہو جانا ۔ خوشحال
ہو جانا ۔ ہاتھ فراغت ہو جانا +

اب ذرا وہ بھی روٹی پر روٹی رکھکر کھانے لگا ہے

روٹی پر کانٹینٹ ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ دیکھو
تھالی میں کا بینگن

روٹی دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) روٹی سے
کسی کی مدد کرنا ۔ پرورش کرنا ۔ (۲)

دعوت یا ضیافت دینا۔

روٹی کو رونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ فاقہ کشی کرنا بھوکوں مرنا + روٹی کو روئے اور چولہے پیچھے سوئے + مثل

روٹیوں کا مارا ۔ ہ ۔ صفت ۔ بھوکا ۔ فاقہ زدہ +

رُوح بھٹکنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ کسی کے دیکھنے یا ملنے کو از حد جی چاہنا +

رُوح تھرّانا یا کانپنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) کسی شخص سے خوف کرنا ۔ ڈرنا + (۲) نفرت کرنا ۔ گھن کھانا ۔ کراہیت کرنا ۔

رُوح نکالنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) مار ڈالنا ۔ روح قبض کرنا + (۲) کسی چیز میں سے اُسکا عمدہ حصہ نکال لینا ۔ بت نکالنا ۔ جان نکال لینا +

رُوح نکلنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) روح کا پرواز کرنا ۔ مرنا + (۲) ڈر جانا ۔ جان نکل جانا ۔ بہت خوف کھانا +

رو دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) رو پڑنا ۔ آبدیدہ ہونا اور مجھ پاس کیا ہے دینے کو دیکھ کر تجھکو رو دئے دیتا ہوں (ولی) (۲) ہار ماننا ۔ چیں بول جانا ۔ پست ہمت ہونا ۔ جی چھوڑ دینا + (۳) سہار نہ سکنا ۔ اُٹھا سکنا + (۴) بہت دنوں تک قایم نہ رہنا ۔ زیادہ نہ چلنا +

رُو رعایت کرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ طرفداری یا پیچ کرنا ۔ پاس یا لحاظ کرنا +

رو رو کر کاٹنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ مصیبت کے ساتھ زندگی بسر کرنا ۔ مشکل سے گزارنا + سیر ۵

عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں لی آنکھیں موند
یعنے رات بہت تھی جاگے صبح ہوئی آرام کیا

رو رو کے ۔ ہ ۔ م ف ۔ بہ ہزار دقت ۔ بڑی مشکل سے ۔ نہایت تکلیف سے +

رو رو کے گھر بھر دینا ۔ ہ ۔ ف م نہایت شور مچانا ۔ خوب زور سے یا پھوٹ پھوٹ کر رونا +

روز بٹنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ روزانہ مزدوری کا تقسیم ہونا ۔ دھیانگی بٹنا +

روزگار پیشہ ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ وہ شخص جسکا کام نوکری ہو ۔ نوکری پیشہ +

روزگار کرنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) تجارت یا دھندا کرنا ۔ کام پھیلانا + (۲) نوکری یا خدمت کرنا +

روزمرہ ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ (۱) ہر روز کی گفتگو ۔ گفتگو ۔ کلام + (۲) محاورہ ۔

اصطلاح - بات چیت + (۳) تکیہ کلام +

روزہ کھانا - لـ - ف م - (۱) روزہ رکھنا (۲) روزہ توڑنا) روزہ کی نیت کر کے کچھ کھا لینا جسطرح توڑتے ہیں شیشۂ مے کو پتھر۔ شیشۂ مے نے یونہیں روزہ ہمارا توڑا۔ (ناسخ)

روزی بڈار - اسم مذکر - (۱) بھری تھالی میں لات مارنیوالا - لگے روزگار کو چھوڑنے والا آدمی +

رُوغن قاز ملنا - لـ - ف م - چاپلوسی یا خوشامد کرنا - شیشہ میں اُتارنا - پنیہ چڑھانا اسقدر چرب زبانی سے ملا روغن قاز دلمیں پیدا ہوا اُس شمع تجلی کے گداز (صفدر)

روک تھام کرنا - ہ - ف م - (۱) اُوپری یا عارضی علاج کرنا - ایسا معالجہ کرنا جس سے مرض ترقی نہ پکڑ سکے + (۲) پیوند لگا دینا - سمجھا دینا - دبا دینا +

رُوکھا سُوکھا کھا گزارہ کرنا - ہ - ف ل موٹی جھوٹی یا سستی کسی روٹی کھا کر دن کاٹنا - دن پورے کرنا - مشکل سے زندگی بسر کرنا +

رُوکھ چڑھا - ہ - اسم مذکر - عو - بندر بوتہ

روگ بٹانا - پالنا - یا - **لگا لینا** - ہ - ف ل - (۱) بُری عادت ڈال لینا کسی چیز کا عادی ہو جانا + (۲) کوئی بیماری اپنے پیچھے لگا لینا - ہمیشہ مریض رہنا

رُوگرداں کرنا - لـ - ف م - کسی سلے ہوئے دوہرے کپڑے کے ابرے کو استر اور استر کو ابرہ بنا کر دوبارہ سینا - کپڑے کے اندرونی رُخ کو اُوپر کر لینا

روگ کاٹنا - یا - الگ کرنا - ہ - ف م جھگڑا چکا دینا - قضیہ پاک کر دینا - آزار پہنچانے والی چیز کو دور کرنا +

روگ کی جڑ یا - روگ کا گھر - ہ - اسم مونث (۱) بیماری کا باعث - بیماری پیدا کرنیوالا لڑائی کا گھر ہانسی اور روگ کی جڑ کھانسی مثل

روگ لانا - ہ - ف ل - جھگڑا یا تکرار کرنا + بادی پھیلانا - غل مچانا +

روگ لگنا - یا - لگ جانا - ہ - ف ل (۱) کسی مرض میں مبتلا ہونا ہمیشہ بیمار رہنا دل کو لگا ہے روگ محبت کا بیطرح جان آج بچگئی تو یقیں ہے کہ کل تمام (آتش) (۲) کسی نشہ کا عادی ہو جانا - لت پڑ جانا

رومال پر رومال بھگونا - لـ - ف ل زار و قطار رونا - دیکھو (آٹھ آٹھ آنسو رونا) -

رومال رکھنا - لـ - ف ل - عو - ایما مخفر

میں گدی کا استعمال کرنا +

رونق افروز ہونا - ا- ف ل - کسی جگہ کسی بڑے آدمی کا قدم رنجہ فرمانا۔ تشریف لانا - تشریف ارزانی فرمانا۔

رونگٹے - یا - **رونیں کھڑے ہونا** - ہ - ف ل - (چونکہ کسی صدمہ کے باعث بدن کے بال کھڑے ہو جایا کرتے ہیں) - اسی سبب سے - ڈرنا - خوف کرنا - دہشت ماننا - سہم جانا - تھرانا + ؎

ایسے خوں خوار ہیں اُس ترک کے موئے فرگاں
کہ تصور سے یہاں رونیں کھڑے ہوتے ہیں

رونگ رونگ میں بسنا - ہ - ف ل - ہر بال کی جڑ میں رہنا - بیاپنا - تمام جسم میں پھیلا ہوا ہونا +

رونمائی دینا - ا - ف م - دلہن کے مُنہ دیکھنے کا نذرانہ دینا - مُنہ دکھائی دینا - نذر کرنا - بھیٹ کرنا +

روپ - یا - **روپ صورت** - یا - **شکل** ا - صفت - محرم کی پیدائش - ہر وقت رنجیدہ رہنے والا + جرأت ؎

(۱) خفا ہیں واں تو سب مجھ روپ صورت سے جدا یارو
میں اُس بزم طرب میں کس طرح سے بار رو نیکا۔

(۲) ایسے سنہس مکھ کو شمع سے تشبیہ۔ شمع مجلس کی روپ صورت ہے

روئی کا سا گالا - ہ - صفت - نہایت چکنی اور سفید چیز +

روئی کی طرح تُوم ڈالنا - یا - **دُھن ڈالنا** - ا - ف م - (م عو) دیکھو - (دھجیاں اُڑانا نمبر ۳ - ۴)

رہٹ لگانا - ہ - ف م - بار بار آنا جانا - تار باندھ دینا +

رہٹی باندھنا - ہ - ف م - (۱) قرض کو قسطوں میں کر کے ادا کرنا - (۲) عادت ڈالنا - متواتر کئے جانا +

رہٹی چلانا - ہ - ف م - روپیہ کو اس طرح سود پر دینا کہ دس کے بارہ مقرر کر کے ایک روپے ماہوار کے حساب سے سال بھر میں قرضدار سے کل روپیہ لے لینا - رہٹی کے قاعدہ پر روپیہ دینا +

رہ جانا - ہ - ف ل - (۱) پیچھے ہو جانا - ساتھ نہ چل سکنا - (۲) ناتمام رہنا - باقی بچنا + بگڑا گروہ شوخ تو سنبھل کہ رہ گیا
خورشید اپنی تیغ و سپر ہی سنبھالتا (میر)

(۳) چھوٹ جانا - (۴) چوک جانا - بھول جانا + برق ؎

جسطرح چاہو مجھے پیس کے پامال کرو
نہیں ممکن کہ کسی چال میں بندہ رہ جائے

(۵) عاجز ہونا - چھکے چھوٹ جانا - قادر نہونا
(۶) قیام کرنا - اُتر پڑنا + (۷) کسی عضو کا
سُست یا بیکار ہو جانا - شل ہو جانا - قوہ
مار جانا + (۸) نطفہ کا ٹھیرنا - پیٹ سی ہو جانا +

رہ رہ کے - ہ - م - ف - آہستہ آہستہ
پچھتا پچھتا کے - بار بار + (بیوہ کی فریاد) ؎
(۱) اُسکے جانے سے یہ دل میں آئے ہی رہ رہ کے ہائے!
سب جہاں بستا ہے ایک اپنا ہی گھر ویراں ہوا
(۲) اشک بہہ کے چلے گوشۂ داماں کی طرف
ہاتھ رہ رہ کے لگے اُٹھنے گریباں کیطرف (صفا)

رہے نام اللہ کا - ا - محاورہ - اللہ کے سوا
سب چیز فانی ہے - دنیا ناپائدار ہے
گیا حُسن خوبانِ بدراہ کا
ہمیشہ رہے نام اللہ کا (میر)

ریت بلونا - ہ - ف م - ناممکن بات کی
فکر کرنا - چھل کا مُوت ڈھونڈنا +

ریت کی دیوار کھڑی کرنا - ا - ف م
دیکھو (ریت بلونا)

ریختیں ڈھیلی ہونا - ا - ف ل - دہشت
خوف کے باعث بیطاقت و بیحواس
ہو جانا + (از گلشن فیض)

ریڑھ پیٹنا - ہ - ف ل - لکیر پیٹنا - پُرانے
طریقہ کو اختیار کرنا +

ریز کرنا - ا - ف ل - جانور و نکا گانا - چہچہانا
بولنا +

ریش قاضی - ا - اسم مؤنث - بھنگ
چھاننے کا کپڑا - شیر کے کان - صافی

ریشم کے لچھے - ا - صفت - ریشم سا ملایم
اور چکنا - بہت ہی نرم +

ریکھیں - یا - ریخیں بھیگنا - ہ - ف ل
رُخساروں پر بالوں کا نمودار ہونا -
مسیں بھیگنا - جوان ہونیکی علامت
ظاہر ہونا +

ریگ - یا - ریت کے ذرّے گننا -
ا - ف ل - فضول کام کرنا +

ریل پیل ہونا - ہ - ف ل - (۱) کسی چیز
کی کثرت یا افراط ہونا - (۲) دھکم دھکا
ہونا - آدمیوں کی کثرت ہونا +

رینی چڑھنا - ہ - ف ل - (۱) رنگ نکلنا
رنگ تیار ہونا - (۲) بازاری - حیض
سے ہونا - دیکھو (ایام سے ہونا)

ریوڑی کے پھیر میں آجانا - یا - پڑنا
ہ - ف ل - دقت یا مصیبت میں گرفتار
ہو جانا - بکھیڑے میں پھنس جانا +
ابھی ریوڑی کے پھیر میں نہیں آئے ہو!
(اس محاورہ کی اصل یوں بتلاتے ہیں کہ ایک

لڑکے نے دوسرے سے کہا کہ ہم اسقدر پیسے دینگے اگر تم اتنی ریوڑیاں ایک ایک کرکے کھا جاؤ اور اپنی اُنگلی بھی برابر ہلاتے رہو۔ دوسرا بولا بیان کرتا ہے کہ اسکی اصل سلسلہ جمع و تفریق سے ہے یعنے ہم شرط باندھتے ہیں کہ تم سے یہ ریوڑیاں ہرگز دوگنی کرکے نہیں کھائی جائیں گی)

ز

زار زار رونا۔ زار و قطار رونا۔ ا۔ ف ل۔ بہت رونا۔ دیکھو (آٹھ آٹھ آنسو رونا) میر حسن ؎

گلے لگ کے رونے لگی زار زار
کیا اپنے تن من کو اُس پر نثار

زار و نزار۔ ف۔ صفت۔ کم زور۔ دُبلا پتلا۔ ضعیف و نحیف +

زبان اُلٹنا۔ ا۔ ف ل۔ گفتگو کرنے میں زبان کا برابر متحرک ہونا۔ بے تکان بول سکنا + آتش ؎

بیان حالت دل پیش یار ہو نہ سکا
زبان کبھی نہ دم عرض مدعا اُلٹی

زبان بدلنا پلٹنا۔ یا۔ پھیرنا۔ ا۔ ف ل بات کہکر مُکر جانا۔ اقرار سے پھرنا + دل لینے کا مُقر بھی ہے مُنکر بھی ہے وہ شوخ سو مرتبہ زبان کو دلبر بدل گیا۔

زبان بگڑنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) گالی گلوچ کرنیکی عادت ہو جانا + آتش ؎

گلے مُنہ بھی چڑانے دیتے دیتے گالیاں۔ صاحب زباں بگڑی تو بگڑی تھی خبر لیجے دہن بگڑا

زبان بند کرنا۔ ا۔ ف ل م۔ چُپ یا خاموش کرنا۔ بولنے نہ دینا۔ جواب آنی دینا

زبان بند ہونا۔ ا۔ ف ل۔ قوت گویائی کا جاتا رہنا۔ نہ بول سکنا۔ خاموش ہو جانا کیسی! زبان بند دم واپسیں ہوئی۔ حسرت رہی کہ یار سے کچھ بات کیجئے +

زبان بندی کرنا۔ ا۔ ف م۔ اظہار نہ کرنا بیان یا کہن لکھنا +

زبان پر چڑھنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) تکیہ کلام ہونا۔ ورد زبان ہونا + (۲) حفظ ہو جانا۔ کنٹھ ہو جانا +

زبان پر رکھنا۔ ا۔ ف ل۔ ذائقہ چشی کرنا سواد چکھنا۔ آب و نمک دیکھنا +

زبان پر لانا۔ ا۔ ف م۔ ذکر کرنا۔ تذکرہ کرنا۔ کہنا +

زبان پکڑنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) دخل در معقولات کرنا

بات کاٹنا۔ بیچ میں بولنا + (۲) نکتہ چینی یا حرف گیری کرنا۔ گرفت کرنا +

(۱) میں وہ شاعر نے ہوں جو بگڑے کوئی میری زبان
لاکھ مرزا کو سناؤں سو سناؤں میر کو
(۲) ناکچا حاسد کی جو پکڑے کبھی میری زباں۔
شمع ہے لیکن اسے گلگیر کی حاجت نہیں (ناسخ)

زبان پہ آسکنا۔ ا۔ ف ل۔ بیان ہوسکنا ظاہر ہوسکنا + ے

جو شوق دل ہے نہیں وہ زباں پہ آسکتا۔
زباں نہ دل کی طرح ہے نہ دل زباں کیطرح

زبان تڑاق پڑاق۔ یا۔ تڑ تڑ چلنا۔ ا۔ ف ل۔ خوب بولنا۔ برابر جواب دینا ہنسی ٹھٹھے جگت۔ صلح میں طاق۔

چل رہی ہے زباں تڑاق پڑاق + (شوق)

زبان ٹوٹنا۔ ا۔ ف ل۔ زبان کو صحیح تلفظ کرنے کی عادت ہونا۔ بولنے لگنا + اب اس بچہ کی زبان ٹوٹنے لگی ہے +

زبان چلانا۔ زبان درازی کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) جلد جلد بولنا۔ تڑاق پڑاق گفتگو کرنا + (۲) زیادہ گوئی کرنا۔ بیہودہ بکنا + (۳) گالیاں بکنا۔ دشنام دینا +

زبان چلائے کی روٹی کھانا۔ ا۔ ف م۔ چاپلوسی کرکے پیٹ پالنا۔ خوشامد درآمد سے روٹی پیدا کرنا +

زبان چلنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) جلد جلد بولنا۔ تڑاق پڑاق بولنا۔ تڑاق پڑاق بولنا +

زباں ضعف پیری میں چلتی رہی۔
سحر ہوگئی شمع جلتی رہی + (اسیر)

(۲) گالیاں دینا۔ بیہودہ بکنا +

اب چمکیاں جو لوگے تو ہم دینگے گالیاں
پیارے اسکی کا ہاتھ کسی کی زباں چلے (امانت)

زبان داب کے کچھ کہنا۔ ا۔ ف ل چپکے سے کہنا۔ آہستہ آہستہ بولنا +

زبان دابنا۔ ا۔ ف م۔ عو۔ ڈانٹنا۔ تنبیہ کرنا روکنا +

زباں داں۔ ف اسم مذکر۔ زباں جاننے والا۔ ماہر زباں۔ فاضل +

زبان دراز۔ ا۔ صفت۔ بے لگام۔ منہ کا چھوٹا۔ منہ پھٹ +

زبان دینا۔ یا۔ ہارنا۔ ا۔ ف م۔ اقرار یا وعدہ کرنا۔ معاہدہ کرلینا۔ پختہ ہارنا +

(۱) جو کچھ کہ منہ سے کہا ہے اسے بنا ہو بھرا
زباں سے چکے اب کیا ہے گفتگو باقی (کشفی)

(۲) ہم وہ جاں باز نہیں ہیں کہ پھریں جیتے جی۔
تجھے جس بات میں اے شوخ زباں ہار گئیں

زبان روکنا۔ ا۔ ف م۔ برا کہنے سے

زبان کو باز رکھنا - زبان بند کرنا +

زبان زد ہونا - ا - ف ل - (۱) مشہور خلایق ہونا - ہر ایک کی زبان پر ہونا + (۲) محاورہ ہو جانا - پھیل جانا - رواج پا جانا

زبان سمجھنا - ا - ف ل - بولی محاورہ یا روز مرہ جاننا +

زبان سنبھالنا - ا - ف ل - زبان بند کرنا - چونچ بند کرنا - خاموش ہونا +

زباں سنبھالو یہ تُند زوریاں غریبوں پر
خدا کی سُوں کوئی تم سا بھی بدلگام نہیں

زبان سے نکالنا - ا - ف م - بولنا - تلفظ کرنا - کہنا +

زبان کا پھوڑا - ا - اسم مذکر - زبان زد - بدزبان - بدلگام - بدتہذیب - کج خلق

زبان کا میٹھا - اسم مذکر - چرب زبان - میٹھی چھری - ظاہر چکنی چپڑی باتیں بنانیوالا - کپٹی - کھوٹا +

زبان کرنا - ا - ف م - سخت سست کہنا - دیکھو (جلیبہ کرنا)

زبان کو کو لے گئی - ا - محاورہ - زبان کھو بیٹھی گئی ؟ گونگا ہو گیا ہے ؟ بولتا کیوں نہیں ہے +

زبان کھلنا - ف ل - (۱) گویا ہونا - گویائی آنا - بولنے سُننا + آتش ؎

حیواں پر آدمی کو شرف نطق سے ہوا -
شکر خدا کرے جو زبان بشر کھلے

(۲) سخن ناشایستہ مُنہ سے نکالنا - گالیوں پر اُترنا - ناملائم باتیں کہنا - بدزبانی کرنا - بے روک کہہ بیٹھنا +

کیا کھلی ہے زباں ہم جم سے
صاف صاف ابتو کہتے ہو ہے (شوق)

زبان کھولنا - یا - نکالنا - ا - ف م - بولنا جو مُنہ میں آنا سو کہنا - بیباکانہ گفتگو کرنا - بیہودہ گوئی کرنا + رنگین ؎

سمجھ کر مجھے جی میں بھولی کہارو!
زباں آج باجی نے کھولی کہارو!

زبان کے چٹخارے لینا - ا - ف ل (۱) عمدہ یا مزیدار کھانے کھانا + (۲) مزے لینا - ہونٹ چاٹنا +

زبان کے نیچے زبان ہے - ا - محاورہ - وہ شخص جو کہکر مکر جائے فریبی ہے - سکار ہے - دوبھا سیا ہے

زبان گھسنا - ا - ف ل - زبان تھک جانا + برق - مصرح ؎

زبان گھس گئی اپنی خدا خدا کرتے

زبان میں کانٹے پڑنا - ا - ف ل -

خشکی کی زیادتی کے باعث زبان کا سوکھ جانا۔ منہ میں لعاب کا نہ رہنا +

زباں ملانا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) بولنا۔ کہنا۔ (۲) مقابلہ کرنا (۳) درخواست کرنا۔ سوال کرنا۔ مانگنا + نظیر ؎

اے دل کہیں تو جا کے نہ اپنی زباں ملا۔
مانگ اُس سے جسکے ہاتھ سے تو پیٹ بھر کے کھا

زبانی جمع خرچ کرنا ۔ا۔ ف م ۔ باتیں ہی باتیں بنانا خالی باتیں بنانا +

زچ کرنا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) مات یا شکست دینا ۔ روکنا ۔ (۲) تنگ یا عاجز کرنا ۔ بے بس کرنا ۔ مجبور کرنا +

زچ ہو جانا ۔ف ل ۔ عاجز یا تنگ آنا۔ دق ہو جانا +

زخم پر نمک چھڑکنا ۔ا۔ ف م ۔ زیادہ صدمہ پہنچانا ۔ رنج کو دوبالا کرنا +

یہ زخم دل پہ نمک کس مسیح نے چھڑکا۔
ہمارے غم مجھے کھاتا ہے استخواں کیطرح (فدا)

زخم دینا ۔ف م ۔ (۱) گھائل یا زخمی کرنا (۲) صدمہ یا آزار پہنچانا (۳) گھاٹا دینا ۔ نقصان پہنچانا +

زخم لگنا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) گھاؤ پڑجانا (۲) آزار پہنچنا + (۳) گھاٹا آنا ۔ خسارہ ہونا +

زخم ہرا ہونا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) گھاؤ کا تازہ ہو جانا + (۲) گزشتہ صدمہ کا یاد آجانا

زرخیز کرنا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) مالدار یا آسودہ بنانا + (۲) زمین کو خوب کمانا ۔ زرریز کر دینا +

زر دوست ۔ف ۔ صفت ۔ روپیہ کا آشنا ۔ لالچی ۔ طامع ۔ لوبھی +

زر کا جوتا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ (۱) تار باقی جوتا ۔ کلابتونی جوتا + (۲) رشوت ۔ بالائی یافت ۔ گھونس پیچ +

زک اُٹھانا ۔ یا ۔ پانا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) شکست پانا ۔ ہار ماننا ۔ ہزیمت اُٹھانا (۲) شرمندگی حاصل ہونا ۔ بیوقری یا بیعزتی ہونا + صبا ؎

اب دل کو لگاتے ہیں ذرا سوچ سمجھ کے
دو چار جگہ پہلے جو زک پائے ہوئے ہیں

(۳) نقصان اُٹھانا ۔ گھاٹا سہنا ۔ خسارہ بھگتنا +

زک دینا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) شکست دینا ۔ ہرانا ۔ ہزیمت دینا ۔ (۲) شرمندہ کرنا ۔ ذلت دینا + (۳) گھاٹا دینا ۔ نقصان پہنچانا +

زلزلہ پڑ جانا ۔ا۔ ف ل ۔ ہل چل پڑجانا

کھلبلی مچ جانا +

زمانہ پھر جانا - ا۔ ف ل۔ زمانہ کا خلاف ہو جانا۔ زمانہ الٹ جانا +

زمانہ دیکھنا - ا۔ ف ل۔ تجربہ حاصل کرنا آنکھیں دیکھنا +

زمانہ سازی کرنا - ا۔ ف م۔ خوشامد کرنا۔ جیسی دیکھنا ویسی کہنا۔ موقع کے موافق چلنا +

زمین اُٹھنا - ا۔ ف ل (۱) زمین کا ٹھیکے پر جانا۔ (۲) زمین کا بویا جوتا جانا۔ زمین کا کمایا جانا آسمان سے کہے ایسے ہے سبز بری کی ہوں وہ اُفتادہ زمیں جو نہ اُٹھے رشک آتش

زمین آسمان ایک کر دینا - ا۔ ف م کسی چیز کے لئے نہایت جستجو کرنا۔ ڈھونڈ مارنا +

زمین آسمان کے قلابے ملانا - ا۔ ف م۔ (۱) مبالغہ کرنا۔ از حد جھوٹ بولنا۔ (۲) عیاری کرنا۔ چالاکی کرنا۔ توڑ جوڑ ملانا + ذوق

قلابے آسمان و زمیں کے ملا نہ تو اُس مہروش کے ملنے کی ناصح! بتا صلاح

زمین آسمان کا فرق ہے - ا۔ محاورہ۔ بہت بڑا فرق ہے۔ فرق عظیم ہے۔ کہیں فرق ہے + میر تقی

خوبی کو اُسکے چہرے کی کیا پہنچے آفتاب ہے اِسمیں اُسمیں فرق زمیں آسمان کا

زمیں بلند ہونا - ا۔ ف ل۔ (اشعار میں) سحر کا سخت اور دشوار ہونا + پسند ہیں وہی اشعار ہمکو اے مظہر (مظہر) کہ ہے بلند زمیں جنکی آسماں کیطرح

زمین پر پاؤں نہ رکھنا - ا۔ ف ل۔ نازاں ہونا۔ مکڑا مکڑا کر چلنا۔ دیکھو۔ (پاؤں زمین پر نہ رکھنا)

زمین پکڑنا - ا۔ ف ل۔ جم کر بیٹھنا۔ استقلال کے ساتھ ایک مقام پر مسکن گزیں ہونا + آتش

زمیں پکڑی تو پھر ہرگز نہ چھوڑی بید مجنوں نے نشان داغ مجنوں رہگیا صحرا کے دامن پہ

زمین چڑھنا - ا۔ ف ل۔ گھوڑے کا خراماں خراماں چلنا۔ گھوڑے کا رفتار سیکھنا + جلال

بچپن ہے اسپ ناز و ادا تازہ مشق ہیں اے چرخ ابھی زمیں پہ گھوڑے چڑھے نہیں

زمیں سخت آسماں دُور ہے - ا۔ محاورہ۔ زمیں ایسی سخت ہے کہ نہ اِسمیں گھس سکتے ہیں اور نہ آسماں

ایسے پاس ہے کہ وہاں جا سکتے ہیں جینے سے سخت تنگ ہیں +

کرے کیا کہ دل بھی تو مجبور ہے۔
زمیں سخت اور آسماں دور ہے + (میر)

زمین۔یا۔دھرتی پھٹ جائے اور میں سما جاؤں۔ ا۔ محاورہ۔ جینے سے بیزار ہو جانے کی حالت میں بولا کرتے ہیں۔ یعنے جینے سے ایسا تنگ آگیا ہوں کہ جیتے جی گڑ جاؤں +

زمین دیکھنا۔ ا۔ ف ل۔ عو۔ قے کرنا۔ دھرتی دیکھنا +

زمین کا پاؤں کے نیچے سے سرک جانا۔ ا۔ ف ل۔ بُرے وقت میں کسی کا ساتھ نہ دینا مصیبت میں کسی کا کام نہ آنا +

میدان عشق میں نہ کوئی ساتھ دیسکا
طبقہ زمیں کا پاؤں تلے سے سرک گیا (بحر)

زمین کا بیوند ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ عو۔ خاک میں خاک ملجانا۔ بالکل ناپید ہو جانا مرجانا +

زمین کا گز ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ خوب سیاحی کرنا۔ کثرت سے سفر کرنا +

نہ ہے تماش غرو ہیل کہ اپنے حلقے سے بھی نہ نکلی
یہ دشت وحشت میں راہ نامی کرن گیا تھیں کرزوں

زمین میں گڑ جانا۔ نہایت شرمندہ یا خجل ہونا۔ آب آب ہونا +

*** زنانہ کرانا۔یا۔کروانا۔** ا۔ ف م۔ (۱) مردوں کو ہٹا دینا۔ پردہ کرنا۔ اوٹ کرنا ہٹ گئے سب زنانہ کروایا باغ میں آنکو لا اُتروایا (شوق)

(۲) مردی کی علامت کٹوا ڈالنا۔ ہیجڑا بنا دینا +

زنانہ کرنا۔ ا۔ ف م۔ پردہ کرنا۔ غیر مردوں کو ہٹا دینا +

زنجیر کرنا۔ ا۔ ف م۔ پابزنجیر کرنا۔ پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا۔ قید کرنا +

جنوں عشق سے جرات کا یہ احوال پہنچا ہے
بھلا اب تم بھی یارو اُسکی کچھ تدبیر کرو دیکھو
کوئی کہتا ہے مرنا ہی اب اُسکے حق میں بہتر ہے
کوئی کہتا ہے دیوانہ ہے یہ زنجیر کرو دیکھو

زندگی تلخ ہونا۔ زندگی سے تنگ آنا ا۔ ف ل۔ جینا دوبھر ہونا۔ زندگی بھاری ہونا +

* قاعدہ ہے کہ جسوقت پردہ نشین عورتیں کہیں آتی جاتی ہیں یا کسی سواری میں سوار ہوتی ہیں تو اُسوقت چاروں طرف سے غیر مردوں کو ہٹا دیتی ہیں۔

زن مرید۔ ا۔ اسم مذکر۔ جورو کے کہنے میں چلنے والا۔ جورو کا غلام +

زوال کا وقت۔ ا۔ اسم مذکر۔ عوتیسرا پہر۔ آفتاب ڈھلنے کا وقت +

زور۔ ا۔ صفت۔ (۱) عجیب۔ انوکھا۔ طرفہ معجون + ناسخ ؎

میکشی مجھے چھڑاتا ہے بزور
ساقیا زاہد بھی کوئی زور ہے

(۲) نہایت۔ بہت۔ ازبس +

گاجریں زور میٹھیاں ہیں! دلی کی آواز

زور پڑنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) طاقت کرنی پڑنا۔ طاقت کا صرف ہونا + (۲) رگوں کا کھنچنا یا تننا + (۳) مجبور کیا جانا +

زور چلنا۔ ا۔ ف ل۔ حکومت کا کام میں لایا جانا۔ اختیار ہونا + مومن ؎

جو پھر جائے اُس بیوفا سے تو جانوں
کہ دل پر نہیں زور چلتا کسی کا

زور دینا۔ ا۔ ف م۔ (۱) طاقت ور کرنا بل دینا + (۲) دبانا۔ مجبور کرنا + (۳) زور سے تلفظ کرنا۔ زور دیکر ادا کرنا + (۴) کمک دینا۔ امداد کرنا + (۵) تصدیق کرنا۔ تائید کرنا +

زور ڈالنا۔ ا۔ ف م۔ مجبور کرنا۔ جبراً قبول کرانا۔ دبانا +

زور لگانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) سارا بل یا طاقت صرف کرنا + (۲) نہایت کوشش کرنا۔ سعی بلیغ کرنا + (۳) بازاری۔ ہم بستر ہونا۔ جماع کرنا +

زور مارنا۔ ا۔ ف م۔ خوب کوشش کرنا اپنی ساری طاقت کھپانا + ذوق ؎

نہوا پر نہوا میر کا انداز نصیب
ذوق! یاروں نے بہت زور غزل میں مارا

زور یا۔ زوروں پر چڑھنا۔ ا۔ ف ل (۱) زور میں آنا۔ زور دکھانا۔ طاقت ور ہونا دکھانہ جوش و خروش اپنا زور پر چڑھکر گئے جہان میں دریا بہت اُتر چڑھکر (ذوق)

(۲) گھمنڈ کرنا۔ اترانا + ناسخ ؎

کیا ہی زوروں پر چڑھا ہے اندنوں اپنا جنوں
ٹکڑے ٹکڑے سے شام تک ہو جاتی ہے زنجیر صبح

زہر اُگلنا۔ ا۔ ف ل۔ دیکھو (بس اُگلنا) فتنہ انگیزی کرنا۔ زور دکھانا +

رقم کر رہا ہوں مضامین زلف۔
زبان قلم زہر اُگلتی نہیں۔ (برق)

زہر کہ مرتے ہیں ایک سبزہ رنگ پر جرأت
یہ شعر کہتے نہیں زہر ہم اُگلتے ہیں (جرأت)

زہر کی سی گھونٹ پینا۔ ا۔ ف ل۔

غصہ کو ضبط کرنا۔ جذبہ کو روکنا۔ نہایت صبر کرنا +

زہر مار کرنا۔ ا۔ ف ل۔ زہر کی طرح سے کھانا۔ مجبوراً کھانا۔ زبردستی کھانا +

(۱) زہر مار اپ تو کر یں افیو ں۔

مُنہ میں ہے کہ مجھ پہ رکھیں خوں + (شوق)

(۲) دو چار نوالے زہر مار کر کے کھڑا ہو گیا +

زہر میں بجھا ہوا۔ ا۔ صفت۔ نہایت تیز۔ جلد اثر کرنیوالا +

چشم غضب سے نیم نگہ میرے واسطے۔

(زوق) ایک نیچہ ہے زہر میں گویا بجھا ہوا۔

زہر آب ہونا۔ ا۔ ف ل۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔ دہشت ماننا۔ پتا پانی ہونا

زہرہ پھٹنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) کلیجہ پھٹنا۔ خوف لگنا۔ جی دھڑکنا + (۲) جلنا حسد کے مارے جانا۔ انگارو نپر لوٹنا +

زیادہ گوئی کرنا۔ ا۔ ف م۔ بہت بڑھا کر کہنا۔ مبالغہ کرنا +

زیب تن کرنا ا۔ ف ل۔ پہننا۔ بدن میں آراستہ کرنا

زلف کی طرح رخسار ہوے سنبل فام۔

زیب تن صبح نے کو یا کہ کیا جامۂ شام (صفدر)

زیر بار کرنا۔ ا۔ ف م۔ خرچ یا صرف زیادہ کرانا۔

س

سابقہ پڑنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) واقفیت ہونا۔ ربط ضبط ہونا + (۲) معاملہ پڑنا۔ لین دین ہونا +

ساتا روہن۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (سس सप्ता रोहण سپتا روہن)۔ (۱) سات بھیڑیئے جو ہمیشہ ساتھ رہتے ہیں + (۲) گروہ۔ کمپنی۔ مجمع۔ کنبے کا کنبا +

سات پانچ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ مکر و فریب چالاکی + بڑا بھولا ہے اُسے سالات پانچ نہیں آتی

سات پردوں۔ یا تالوں میں چھپا کر رکھنا۔ ا۔ ف م۔ نہایت حفاظت کرنا کسی چیز کو بہت احتیاط کے ساتھ رکھنا +

سات پردوں میں رکھوں اُسکو چھپا

آوے گر آنکھوں میں وہ نور نظر

سات دھار ہو کر نکلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (م عو) خوراک کا ہضم نہ ہونا۔ اور دستوں کی راہ نکل جانا + (رنگین) ؎

لگ گئی تیری نظر وہ ہو کے نکلا سات دھار۔

اے بسیرن اکل میرے بچے کا سب کھایا ہوا

ساتھ دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مدد دینا۔ سہائتا کرنا

رنج وراحت کے شریک رہنا +
امید صبر و تحمل سے دل کو بیجا تھی
نہ ساتھ دے سکے وقت میں چل دئے ساتی
(۲) حمایت کرنا۔ اوڑ اُٹھنا۔ طرف داری کرنا۔ تائید کرنا +

ساتھ کا کھیلا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ لنگوٹیا یار بچپن کا دوست +

ساتھ کو ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ چیز جس سے روٹی لگا کر کھائیں۔ تیون۔ سالن۔ دال ترکاری۔ لگاون +

ساتھ لگے پھرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کے پیچھے پیچھے پھرنا۔ ہر وقت دُم کے پیچھے رہنا

ساڈھو بچہ ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ چالاک آدمی عیّار۔

سار جاننا ۔ ہ۔ ف ل۔ قدر جاننا گُن پہچاننا۔ قدر دانی کرنا +

ساڑھستی آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ ساڑھے سات برس کو سنیچر کی گرہ کا آنا۔ نحوست آنا۔ بُرے دن آنا +

سازو باز کرنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) میل پیدا کرنا۔ (۲) سازش کرنا۔ گٹھنا۔ توڑ جوڑ ملانا +

ساغر چلنا ۔ ا۔ ف ل۔ شراب کا دور اُڑنا۔ شراب پی جانا +

ساکھا ڈالنا ۔ یا۔ مارنا۔ ہ۔ ف م۔ (ہ۔ عو)۔ لڑنا۔ جھگڑا کرنا۔ فساد برپا کرنا۔

ساکھ جاتی رہنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) عزت یا اعتبار میں فرق آجانا + (۲) دھاک جاتا۔ رُسوا ہو جانا +

ساکھے خور ۔ ا۔ صفت۔ (۱) جھگڑالو لڑاکا۔ فتنہ پرداز + (عو)

سال خوردہ ۔ ف۔ صفت (۱) پُرانا۔ مُستعمل۔ برتا ہوا + (۲) تجربہ کار +

سامان میں آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ عو۔ (س۔ सामान سامان بمعنی برابر) (۱) سمیٹ میں آنا۔ غصّہ کا فرو ہونا۔ ٹھنڈا ہونا + (۲) ہوش وحواس میں آنا

سامنا کرنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) مقابلہ کرنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا + (۲) جواب دینا۔ گستاخانہ پیش آنا۔ جواب سوال کرنا +

سامنے کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ مقابل کرانا۔ روبرو کرا دینا +

سامنے کی بات ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ روبرو کی گفتگو۔ جیتے جی کا بیان۔ زندگی کا ذکر +

سامنے ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) آگے ہونا

پردہ نکرنا۔ نہ چھپنا + (۲) مقابلہ پر آمادہ ہو جانا۔ لڑنے کو ہو جانا +

سان پر چڑھنا ۔ ہ۔ف ل۔ (۱) دھار رکھی جانا + (۲) تیز کیا جانا۔ باڑھ پر رکھا جانا + برق ؎

انکھوں کی گردشوں سے یہہ جوہر عیاں ہوئے
تیغ نگاہِ یار بھی چڑھتی ہے سان پر

سانپ سونگھ جانا ۔ ہ۔ف ل۔ سانپ کا کاٹنا۔ زہر کا چڑھ جانا۔ بیہوش ہو جانا + ؎

شمیم کاکل مشکیں سے میں جو اونگھ گیا۔
تو آپ بولے کہ لو اسکو سانپ سونگھ گیا

سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے ہ۔ محاورہ۔ دیکھو (دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے) سمجھتے ہیں خیال زلف کو بھی زلف سودائی ہمیں کاٹا ہے جب سے سانپ نے رسی سو ڈرتے ہیں

سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے۔ ہ۔ محاورہ۔ ایسی تدبیر کرنی چاہئے کہ نہ سانپ کو صدمہ پہنچے اور نہ لکڑی ٹوٹے اور پھر آسانی سے کام بن جائے۔ فریقین کو نقصان نہو +

سانپ کی طرح پھن مار کر بیٹھنا۔ ا۔ف ل۔ (سانپ اپنے من کے لئے پھن مارتا ہے اور پھر نہیں حاصل کر سکتا ہے اسی سبب سے کچھ نہ بن آنا۔ قابو نہ چلنا +

سانپ نکل گیا لکیر کو پیٹا کرو۔ ہ۔ محاورہ۔ جب موقع ہاتھ سے جاتا رہتا ہے تو پھر پچھتانا بے فایدہ ہے

سانٹ لینا ۔ ہ۔ف م۔ کسی شخص کو اپنی طرف کر لینا۔ مخالف کے آدمی کو توڑ لینا +

سانچے کی پختی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (بازاری) وہ عورت جو ہر دفعہ نطفہ قبول کر لے۔ یا حاملہ ہو جائے۔

سانچے میں ڈھالنا ۔ ہ۔ف م۔ سڈول بنا دینا۔ خوبصورت کر دینا۔ داغ ؎

تم ہی کہو کہ کہاں تھی یہ وضع یہ ترکیب
ہمارے عشق نے سانچے میں تم کو ڈھالدیا

سانس رہنا ۔ ہ۔ف ل۔ فکر یا اندیشہ ہونا

سانس اٹکنا ۔ ا۔ف ل۔ رک کر سانس آنا۔ قریب المرگ ہونا + ذوق ؎

کیا آئے تم جو آئے گھڑی دو گھڑی کے بعد
سینہ میں ہوگی سانس اڑی دو گھڑی کے بعد

سانس بھر جانا۔ پھول جانا۔ یا۔ چڑھ

جانا۔ ہ۔ف ل۔ ہانپنے لگنا۔ جلد تھک جانا

سانس لینا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) سانس کھینچنا + (۲) کسی برتن یا کھوکلی چیز میں بہت باریک سوراخ ہونا +

یہ نئے سانس لیتی ہے

سانس نہ نکالنا۔ ہ۔ف م۔ اُف نکرنا فریاد نکرنا۔ سہنا۔ برداشت کرنا +

سانگ بھرنا۔ ہ۔ف م۔ بھگل گانٹھنا بہانہ کرنا۔ فریب کرنا۔ دھوکا دینا +

سانگ مچانا۔ ہ۔ف م۔ کھیل کرنا۔ تماشا کرنا +

سان نہ گمان۔ ا۔م ف۔ ذرا بھی وہم وخیال نہیں۔ کچھ پتہ ونشان نہیں +

سانٹا ہو جانا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) اِکھٹا یا جمع ہونا۔ سمٹ جانا + (۲) مستعد یا تیار ہو جانا + (۳) روبرو یا مقابل ہو جانا۔ مقابلہ پر آجانا +

سانئیں سُوتا۔ ہ۔ف م۔ (ہ یعو) صحیح سلامت۔ بالکل تندرست جیتا جاگتا

سانئیں کے سانئیں۔ ہ۔ صفت جوں کی توں۔ بغیر بیاج کے۔ اصل کے اصل + جا! بابا! اپنے بیاج چھوڑا میرے سانئیں کے سانئیں روپے دیدے

ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے

ہ۔ محاورہ۔ نہ ساون میں ہرا ہو جائے نہ بھادوں میں سوکھ جائے۔ ہر وقت یکساں رہے +

ساہا پکنا۔ ہ۔ف ل۔ (ہندو) بہت سے بیاہ شادیوں کا ہونا +

سایہ پروردہ۔ ف۔ اِسم مذکر۔ وہ شخص جو دوسرے کی حفاظت میں پلا ہو۔ غُلام۔ خانہ زاد۔ نمک پروردہ +

سایہ پڑ جانا۔ ا۔ف ل۔ دوسرے کی سی خوبو ہو جانا۔ دیکھو (پرچھاواں پڑ جانا) +

سائی بجانا۔ ا۔ف م۔ رنڈی کا مقررہ وقت پر جسکے لئے وہ پہلے سے کچھ کار روپیہ یعنے بیعانہ لے لیتی ہے ناچنا

سائے سے بھڑکنا۔ ا۔ف ل۔ (۱) سائے سے ڈرنا۔ پرچھائیں سے جھجکنا۔ ہوا بھی نہ لگنا + (۲) شوخ یا چنچل ہونا +

سائے میں آجانا۔ ا۔ف ل۔ بھوت پریت یا جن وپری کا اثر ہو جانا +

سب چیز کی لہر ہے۔ ا۔ محاورہ۔ کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔ سب چیزیں موجود ہیں

نوٹ لفظ صحیح کا بگاڑ معلوم ہوتا ہے ۱۲

سبز قدم ع۔ صفت۔ منحوس۔ نامبارک کمبخت + بزبھاگی +

سبز ہونا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) پھلنا ۔ پھولنا۔ (۲) بہتری یا بہبودی ہونا ۔ رونق پر آنا + سبز ہوتی ہی نہیں یہ سرزمیں۔ تخم خواہش دل میں تو بوتا ہے کیا۔ (میر)

سبق پڑھانا ۔ا۔ فم ۔ دیکھو (پٹی پڑھانا)

سُبکدوش ہونا ۔ا۔ ف ل ۔ کسی ذمہ واری سے بری ہونا ۔ بوجھ اُتر جانا ۔ ہلکا ہونا +

سبکو ایک لاٹھی ہانکنا ۔ہ۔ فم ۔ سبکے ساتھ یکساں برتاؤ کرنا ۔ درجہ کا لحاظ نکرنا

سُبکی ہے ۔ا۔ محاورہ ۔ بدنامی ہے بیعزتی ہے +

سب ہاتھ لئے بیٹھے ہیں ۔ہ۔ محاورہ (مرعو) تمہارے بغیر کسی نے بھی کھانے میں ہاتھ نہیں ڈالا ہے ۔ کھانے کے لئے تمہارا سب انتظار کر رہے ہیں +

سپاٹا بھرنا ۔ لگانا ۔ یا ۔ مارنا ۔ہ۔ ف ل (۱) چھلانگ مارنا ۔ اُڑ جانا ۔ نہایت جلد چلنا + (۲) جلد جلد پڑھنا +

سپاڑا نا ۔ہ۔ فم ۔ دیکھو (پٹس جمانا)

سپاڑا لڑنا ۔ہ۔ ف ل ۔ موقع بلنا ۔ سنجوگ بننا +

ستارہ پیشانی ۔ا۔ اسم مذکر ۔ (چابک سوار) وہ گھوڑا جسکی پیشانی پر سفید داغ ہو (یہ ایک قسم کا عیب ہے)

ستارہ چمکنا ۔ا۔ ف ل ۔ اقبال کا یاور ہونا ۔ اچھے دن آنا +

ستارہ گردش میں ہونا ۔ا۔ ف ل قسمت میں پریشانی یا مصیبت ہونا +

ست بچن کا نوکر ہونا ۔ہ۔ ف ل ۔ ہاں میں ہاں ملانے کو اپنا کام سمجھنا ۔ خوشامد کرنا +

ست بھیجڑی زبان ۔ا۔ اسم مؤنث وہ زبان جسمیں کئی زبانیں بیقاعدگی کے ساتھ ملی ہوئی ہوں +

ست پر رہنا ۔ہ۔ ف ل ۔ (۱) اپنے ایمان یا قول پر قایم رہنا + (۲) باعفت باعصمت رہنا ۔ ست نہ ڈگنا +

ست چھوڑ دینا ۔ہ۔ ف ل ۔ کسی کام کے کرنے سے ہمت ہار دینا پست حوصلہ ہو جانا +

ستّرا بہتّرا ۔ہ۔ صفت ۔ ستر یا بہتر برس کی عمر کا ۔ بڈھا پھوسس ۔ پیر فرتوت ۔ پیر نابالغ ۔ مخبوط الحواس +

ستر سے رہنا ۔ ف ل ۔ میل ملاپ یا اتفاق رکھنا ۔

ستر کان بہتر جھول ۔ ف ۔ محاورہ ۔ سب جگہ سے ٹیڑھا اور جھولدار بہت ہی خراب + (اکثر کپڑے کی تعریف میں آتا ہے)

ستم ٹوٹنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ م ع ۔ ظلم پڑنا ۔ مارا جانا ۔ غارت ہونا +

بھوٹے کی جان پر ستم ٹوٹے ۔ (شوق)

شاہ عباس کا علم ٹوٹے ۔

ست نجا ۔ ف صفت ۔ (۱) سات قسم کے اناج ملے ہوئے + (۲) گڈمڈ ۔ ملا جلا

ست نکل جانا ۔ ف ل ۔ (۱) طاقت کا زائل ہو جانا ۔ (۲) بالکل تھک جانا + (۳) غریب یا مفلس ہو جانا +

ستو باندھکے پیچھے پڑنا ۔ ف ل نہایت ہی کوشش یا جانفشانی کے ساتھ کسی کام کے کرنے کے درپے ہونا ۔ کسی کام کے سر ہو جانا +

ستھراؤ کرنا ۔ ف م ۔ مار کر ڈھیر لگا دینا کثرت سے گرانا ۔ سینکڑوں کو کشتہ کرنا

ابروہی کی جنگ نے یہہ ستھراؤ کئے ہیں ۔ مارا نہیں اُن نے کوئی تلوار سے اب تک

ستھراؤ ہو جانا ۔ ف ل ۔ بہت سے مکانوں یا درختوں کا گر پڑنا ۔ کشتوں کا ڈھیر لگ جانا +

سٹپٹاتے پھرنا ۔ ف ل ۔ آوارہ یا مارا مارا پھرنا ۔ پریشان و سرگردان پھرنا

سٹی گم ہونا ۔ یا ۔ بھول جانا ۔ ف ل ۔ (سس ST ٹھ شاٹھ بمعنی عقل) حواس باختہ ہونا ۔ اوسان جاتے رہنا عقل ٹھکانے نہ رہنا +

سچا ہاتھ ۔ اسم مذکر ۔ دیانت داری ایمانداری ۔ ساکھ + دوہا ؎

راکھے سچا ہاتھ جو مکتا ملے اُدھار
بگڑے بیتی بیت بھی بھاجے کوس ہجار

سچ مچ ۔ ف م ف ۔ بالکل صحیح ۔ بہت درست سچ گیا آنکر کو جانب حسن سے ۔ (ناسخ)

سچ مچ اے ناسخ ثواب مجذوب ہے ۔

سٹکتے جانا ۔ ف ل ۔ پیچھا نہ جانا ۔ رفع حاجت کو جانا + (ہندو)

سخت جان ۔ صفت ۔ جسکی جان مشکل اور سختی سے نکلے +

نہیں ہے کچھ قتل اُنکا آساں یہ سخت جاں ہیں بڑی بلا کی

سخت و سست کہنا ۔ ا ۔ ف م ۔ دیکھو

(آڑے ہاتھ لینا نمبر ۳ و ۴)

سخن پروری کرنا ۔ ا۔ ف م ۔ بات کا پاس کرنا ۔ اپنے کلام کی طرفداری کرنا +

سخن دینا ۔ ا۔ ف م ۔ بچن ہارنا ۔ قول و قرار کرنا +

سخن ڈالنا ۔ ا۔ ف م ۔ (۱) سوال کرنا ۔ مانگنا + (۲) کسی کا سوال پورا نکرنا ۔ بات نہ ماننا +

سدّ راہ ہونا ۔ ا۔ ف م ۔ روک ہونا ۔ حائل ہونا ۔ مانع آنا +

سِدھ کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) پورا کرنا ۔ (۲) سحر و جادو کے زور سے اپنے قبضہ میں لانا + (۳) روانہ ہونا ۔ گون کرنا + (۴) شروع کرنا ۔ آغاز کرنا ۔ بڈھا لگانا +

سر اُٹھانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) اِترانا ۔ غرور کرنا گھمنڈ کرنا + بجز ہ

سر اُٹھایا جو بگولے نے پریشان ہوا
خاک ہو خاک کے پُتلے کو سزاوار گھمنڈ!

(۲) سرکشی کرنا ۔ بغاوت کرنا ۔ پھر جانا +
(۳) فتنہ و فساد برپا کرنا ۔ شور و شر برپا کرنا +
(۴) لڑنا ۔ جھگڑنا ۔ تکرار کرنا +

سر اُڑا دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ سر کاٹ ڈالنا +

سر آنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بھوت پریت کے اثر

سر پر ظاہر ہونا ۔ سر پر کھیلنا +

سر آنکھوں پر بٹھانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کمال اعزاز و قدردانی کرنا ۔ بہت عزت کرنا ۔ آدر ستکار کرنا +

سر آنکھوں سے ۔ ہ ۔ م ف ۔ ہاتھ پاؤں کے بجائے سر اور آنکھوں سے ۔ بسر و چشم ۔ بطیب خاطر ۔ دل و جان سے ۔ بڑی خوشی سے +

سر بازار ۔ ف م ف ۔ بازار میں ۔ سب کے سامنے ۔ علانیہ +

سر باندھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) چابکسوار ۔ چلتے میں گھوڑے کی راس کو اس طرح تھامنا کہ اُسکا سر سیدھا رہے اور کسی طرف نہ جھکنے پائے + (۲) مانگ چوٹی کرنا ۔ سر گوندھنا +

سر بمہر ۔ ف ۔ صفت ۔ مہر لگا ہوا ۔ بند +

سر بھاری ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ سر میں درد ہونا یا چکر آنا +

سر پر لینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) جان کو جوکھوں میں ڈالنا ۔ (۲) کسی کو شدید میں ڈالنا ۔ (۲) فوج کی نوکری کرنا +

سر پٹکنا ۔ یا ۔ مارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کسی کام میں نہایت سعی و کوشش کرنا +

چمن کو آج مارا ہے یہانتک رشک گلرو نے
کہ بلبل سر پٹکتی ہے نہیں منہ کھولتیں کلیاں

(۲) سمجھانا۔ نہمایش کرنا۔ برائی بھلائی جتانا

سر پر ۔ ہ۔ م ف۔ نہایت قریب۔ لگ بھگ۔ نزدیک +

لڑکی کا بیاہ سر پر ہے ہاتھ تھام کے خرچ کرو

سر پر اُٹھانا ۔ ہ۔ ف م۔ نہایت شور و غل برپا کرنا۔ اُودھم مچانا + یا۔ جوتنا +

سر پر بوجھ ہونا ۔ ہ۔ ف ل (۱) کسیکا احسان اپنے اوپر ہونا۔ (۲) کسی بات کا فکر ہونا۔

سر پر پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ مصیبت آنا۔ بلا نازل ہونا +

سر پر چڑھانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بچہ کو بہت لاڈ پیار کرکے خراب کر دینا۔ بچہ کی عادتیں بگاڑ دینا + (۲) ادنیٰ کو گستاخ بنا دینا۔ سر پر دھر لینا + **راحت ؎**

پاؤں کی جوتی ہے۔ اسے بیٹا۔ نہ اسکو سر چڑھا
کھو جڑے بیٹی! تیری جورو خصم ہو جائیگی

سر پر چڑھنا۔ سر چڑھنا ۔ ہ۔ ف ل (۱) ادنیٰ کا بیباک یا گستاخ ہو جانا۔ بچے کا خراب ہو جانا + (۲) گھمنڈ کرنا۔ اترانا

سر پر چھپر رکھنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ذمے کرنا گلے یا پلے باندھنا + (۲) کسی کے سر پر احسان رکھنا + (۳) کسی کے ذمہ بہت سا قرضہ کر دینا +

سر پر خاک ڈالنا ۔ یا۔ اُڑانا ۔ ہ۔ ف م نوحہ گری کرنا۔ رونا پیٹنا۔ ماتم کرنا +

سر پر دھمال ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ بہت سے فقیروں کا جمع ہو کر کودنا اور غل وشور مچا کر بھیک مانگنا + (۲) ایک غل وشور ہونا + (۳) کسی کے اوپر بہت سا بوجھ یا دقتیں آپڑنا +

سر پر رکھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ توقیر یا عزت کرنا تعظیم دینا + **جرأت ؎**

ہاتھ جرأت کے جو کل سنگ دریار لگا
کبھی چھاتی سے لگایا کبھی سر پر رکھا

سر پر کالی ہانڈی رکھنا ۔ ہ۔ ف ل (۱) بدنامی اُٹھانا۔ رُسوا ہونا + (۲) شرمندہ ہ۔ یا۔ خجل ہونا۔

سر پر کھڑا ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت قریب آجانا۔ سامنے آنا + **نظیر مصرع**

اجل کا فرشتہ ہے سر پہ۔ اے دلدار! سنتے ہو؟

سر پر ہاتھ پھیرنا ۔ ہ۔ ف م۔ پچکارنا۔ پیار کرنا +

سر پر ہاتھ دھر کر رونا۔ سر پکڑ کر رونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) قسمت کو رونا یا پیٹنا۔

نہایت درجہ رنج کرنا + (۲) پچھتانا۔ افسوس یا تاسف کرنا + **ذوق**

اے **ذوق** وقت نالہ کے رکھ لے جگر پہ ہاتھ
ورنہ جگر کو روئے گا تو دھر کے سر پہ ہاتھ

سر پر ہاتھ دھرنا۔ یا۔ رکھنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی کا حامی و مددگار رہنا۔ سرپرست یا مربی بننا + (۲) کسی کے سر کی قسم کھانا۔

کل نہ تھا شکوہ تمہارا بخت کے شاکی تھے ہم۔
ابتو یاد آئیگا تو ہاتھ سر پہ رکھ دیا — جلال لکھنوی

سر پر پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ ذمہ آنا۔ حصے یا بانٹے آنا +

سر پکڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) تسلی و تشفی دینا۔ دھیر بندھانا۔ تھاوس دینا + (۲) مدد کرنا۔ حامی بننا۔ سہائتا کرنا + (۳) یاری۔ کمر تھامنا + جماع کرلینے میں مدد دینا +

سر پھرانا۔ پھوڑنا۔ یا ٹکرانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مغز زنی کرنا۔ سر مارنا + (۲) نہایت کوشش کرنا +

سر پھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ضعف۔ یا۔ طویل داستان سے دوران سر ہونا۔ جی گھبرانا + **برق**

حال کچھ کہتے ہیں جب کہتا ہے وہ رشک پری
سر ہمارا سنتے سنتے یہ کہانی پھر گیا

(۲) سودا یا جنوں ہونا۔ پاگل بننا +

اُس کا سر تھوڑا ہی پھرا ہے جو خواہ مخواہ گالیاں دیگا

سر پھوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سر کا ٹکڑے ہو جانا یا پھٹ جانا + (۲) نہایت شدت کا سر میں درد ہونا +

سر پھوڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) سر توڑنا۔ سر کو پھاڑ ڈالنا + (۲) ادھ جلے مُردہ کے سر کو چتا میں بانس سے ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ کریا کرم کرنا + (۳) لڑنا۔ جھگڑنا بحث و تکرار کرنا +

سر پے بٹھانا۔ ہ۔ ف م۔ عزت کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔ خاطر و مدارات کرنا۔ آؤ بھگت کرنا +

سر پے کھیلنا۔ ہ۔ ف ل۔ سر پر آنا۔ سر پر سوار ہونا۔ پاس یا قریب ہونا +

گئے جب اُسکے گھر تو چاہئے کیا قتل ہونے کو
اجل یاں کھیلتی ہے سر پے واں تیغ آزما ہے

سر پے لینا۔ ہ۔ ف ل (۱) اپنے ذمہ لینا (۲) اپنی زندگی کو خطرہ میں ڈالنا۔ دوسرے کی بلا کو اپنے اُوپر لینا +

سر تابر تا کر دینا۔ ہ۔ ف م۔ کسی چیز کو برتا دینا۔ کام میں لے آنا +

سر توڑ کر لینا۔ ہ۔ ف م۔ زبردستی یا

بزور کوئی چیز حاصل کرنا + یار علی ؎
جمشید کا میں توڑ کے سر تونگی دیکھنا
غائب جہاں نما پہ مرا جام ہو گیا

سر تھکانا - یا - کھپانا - ہ - ف م - سر مارنا - مغز زنی کرنا - خوب سمجھانا +

سر جوڑنا - سر جوڑ کے بیٹھنا - ہ - فل (۱) مجلس یا جلسہ کرنا + (۲) کسی بات کی سازش کرنا - صلاح و مشورہ کرنا + (۳) اتفاق یا ملاپ کرنا +

سر جھاڑ منہ پہاڑ - ہ - محاورہ - بڑی ہی بے تمیز ہے نہ سر میں کنگھی کرتی ہے نہ منہ دھوتی ہے - دیونی یا بھوتنی سی معلوم ہوتی ہے + (عو)

سر جھکانا - نوانا - یا - نیچا کرنا - ہ - فل (۱) اطاعت یا فرمانبرداری کرنا - مان لینا (۲) منفعل یا شرمندہ ہونا +

سر چپکنا - ہ - ف م - ذمہ ڈالنا - سر کر دینا گلے منڈھنا +

سر چڑھا - ہ - صفت - (۱) جو لاڈ پیار کے سبب خراب اور بے ادب ہو گیا ہو + گستاخ + (۲) مغرور - خود بین +

سر چڑھانا - ہ - ف م - دیکھو (سر پر چڑھانا) + (۱) سر کا ملکر کسی بزرگ یا دیوتا کی نذر کرنا - اپنی قربانی کرنا +

طوف مشہد کو میں جوں آؤنگا -
تیغ قاتل کو سر چڑھاؤں گا - **میر تقی**

سر چڑھکے بولنا - ہ - ف ل - (۱) مجہوت یا بیہیت کی صورت میں کلام کرنا - بھوت بنکے کسی کے سر پر آنا + (۲) خود بخود ظاہر ہو جانا + (۱) **نسیم** ؎

کیا لطف جو غیر پردہ کھولے
جادو وہ کہ سر پہ چڑھکے بولے

(۲) خون وہ جو سر چڑھکے بولے + مثل

سر چڑھنا - ہ - ف ل - (۱) دیکھو (سر پر چڑھنا) (۲) قرض کا کسی کے سر پڑھتا جانا - کسی کے اوپر زیادہ اُدھار ہو جانا + (۳) مُصر ہونا - ضد یا ہٹ کرنا + بہت سر نہیں چڑھا کرتے ہیں بچے کو جسطرح کہیں اُس طرح مان جانا چاہیئے +

سر چوٹ - ہ - م ف - عو - ابھی - فوراً - اسیوقت +

سر چیرنا - ہ - ف م - (۱) زبردستی کرنا + (۲) اڑ جانا - ضد یا ہٹ کرنا +

سر خاب کا پر لگنا - یا - ہونا - ا - ف ل - (ملنزا) سب سے افضل ہونا - انوکھا ہونا ڈاں کا اوٹا ہونا +

سُرخ رُو ہونا - ا- ف ل - (۱) فتحمند ہونا - جیتنا + (۲) سبکدوش ہونا - بری الذمہ ہونا +

سُرخ و سفید بنا ہوا ہے - ا- محاورہ نہایت مونا تازہ اور تندرست ہے میدہ و شہاب بن رہا ہے +

سر دکھانا - ہ- ف م - (جو) سر میں سے جوئیں چنوانا +

سر دھری کرنا - ا- ف م - بیروتی یا بیوفائی کرنا + میر ؎

سر دھری کی بسکہ گلرو نے
اوڑھی ابر بہار نے بھی شال

سر دھرا - ہ- اسم مذکر - ولی - سرپرست - مربی - بڑا - بوڑھا +

سر دُھننا - ہ- ف ل - سر کو دے دے مارنا نہایت افسوس کرنا + شوق ؎

گرم آہوں سے سینہ جلتا تھا -
صورت شمع سر کو دھنتا تھا +

سر دینا - ہ- ف م - اپنی زندگی کو کسی کی خاطر خطرہ میں ڈالنا - جان پر کھیلنا +

سر دی ہونا - ا- ف ل - ٹھکانا ہو جانا +

سر ڈھکنا - یا- ڈھانکنا - ہ- ف م - (۱) سر پر کپڑا ڈالنا + (۲) اوڑھنی اڑھانا - دوشیزگی کی علامت کو دور کرنا - کنوارپن اٹھانا

سر رنگنا - یا- لال کرنا - ہ- ف م - کسی کے سر کو لہولہان کر دینا - کسی کا سر پھوڑ ڈالنا +

سر رہنا - ہ- ف ل - نہایت کوشش کرنا - پیچھے پڑنا - چمٹے رہنا +

سر زد ہونا - ا- ف ل - واقع ہونا - صادر ہونا - عمل یا ظہور میں آنا +

سرسبز ہونا - ا- ف ل - (۱) پھلنا پھولنا (۲) فارغ البال ہونا - آسودہ ہونا + (۳) مشہور ہونا - شہرت پانا - پھیلنا +

سرسبز ملک ہند میں ایسا ہوا کہ میر
یہ رنجنہ لکھا ہوا تیرا دکن گیا (میر)

سر سفید ہونا - ا- ف ل - بالوں کا سفید ہو جانا - بڑھاپا آجانا +

سرسوں پھولنا - ہ- ف ل - سرسوں کے درخت میں پھول آنا - زردی زرد دکھائی دینا +

سرسہرہ ہونا - ہ- ف ل - کسی چیز کا کسی پر دار مدار ہونا - کسی کے ذمہ ہونا - عزت یا آبرو کا تمغہ رکھنا - سرداری کا جھنڈا اڑھنا

سر سہلانا - ہ- ف م (۱) سر پر ہاتھ پھیرنا (۲) خوشامد کرنا - تملق یا چاپلوسی کرنا +

سر سہلائے بھیجا کھائے + مثل

سر سے پاؤں تک ۔ ہ۔ م ف۔ از سر تا پا۔ بالکل۔ سارا۔ تمام۔ کل + ؎

بام روشن تھا طور کی صورت
سر سے پا تک تھی نور کی صورت

سر سے چلنا ۔ سر کے بل چلنا ۔ ہ۔ ف ل۔ تعظیم و تکریم کرنا۔ عزت کرنا +

نقش پائے یار پر رکھئے بھلا کیونکر قدم
سر سے چلنے کی ہے کوئے یار میں عادت ہمیں (ناسخ)

سر سے سروا ہے ۔ ہ۔ محاورہ۔ (۱) سر کے ساتھ پگڑی ہے + (۲) سردار کے ساتھ فوج ہوتی ہے۔ ماں باپوں سے بچے کی پرورش ہے +

سر سے کفن باندھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ ہتیلی پر سر لئے پھرنا۔ جان پر کھیلنا۔ مرنیکو مستعد رہنا + **میر** ؎

سر سے باندھا ہے کفن عشق میں تیرے ہم نے
جمع ہتھے بھی کیا ہے سر و ساماں یک جا

سر سے کھیلنا ۔ ہ۔ مثال۔ کسی بلا کے اثر سے سر کو ہلانا۔ بھوت یا پریت کا سایہ ہو جانا۔ **ذوق** ؎

ڈسا ہو کالے نے جسکو کا فر اُو وہ فسوں کے اثر سے کھیلے
وہاں جگر ہو کا تیرے مارا نہ تھمنے سے بولے سر سے کھیلے

سر سے مارنا ۔ ہ۔ ف م۔ ناراضگی کے ساتھ واپس کرنا۔ اُلٹا پھیر دینا +

سر سینگ ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (طنزاً) کسی خاص علامت کا ہونا۔ کوئی نشانی ہونا بیوقوف لکھکیا سر سینگ ہوتے ہیں + مثل

سر فراز کرنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) ممتاز و معزز کرنا + (۲) کسی رنڈی کا ازالۂ بکر کرنا۔

سر ڈھکنا + (دلی کا محاورہ)

سر کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی سے لڑائی کروا دینا۔ مقابلہ پر ڈالدینا + (۲) ذمہ ڈالنا۔ گلے منڈھنا + (۳) بال گوندھنا۔ مانگ چوٹی کرنا + (عو)

سر کرنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) فیر کرنا۔ بندوق وغیرہ کا چلانا + (۲) فتح کرنا۔ جیتنا +

سر کو آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کاٹنے کو دوڑنا۔ سر ہو جانا۔ پیچھے پڑنا +

سر کھانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) غل و شور مچانا۔ (۲) دق یا تنگ کرنا +

سر کھاؤ ۔ اپنا سر کھاؤ ۔ ہ۔ مذاو مذبہ۔ دور ہو! ۔ دفعہ ہو! ۔ ایسی کی تیسی میں جاؤ

سر کھجانا ۔ ہ۔ ف ل۔ پٹنے کو جی چاہنا۔ ٹانٹ کھجانا + **جرأت** ؎

بزم رنداں میں شیخ آتا ہے
اب تو اُسکا بھی سر کھجایا ہے

سر گاڑی پیر پھیلا کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت محنت و مشقت کرنا۔ نہایت سخت کام کرنا +

سر گنجا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) اتنا مارنا کہ سر پر بال تک نہ رہیں + (۲) دونوں ہاتھوں سے لوٹنا۔ مفلس یا کنگال کر دینا +

سر گوڈوں۔ یا۔ گھٹنوں میں دینا

ہ۔ ف ل۔ شرمندہ یا آزردہ خاطر ہونا +

سرگ باشی ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ بیکٹھ کو سدھارنا۔ مرنا +

سر گریبان میں ڈالنا۔ لا۔ ف ل۔ (اب زیادہ تر "منہ گریبان میں ڈالنا" آتا ہے)

(۱) فکر کرنا۔ سوچنا۔ **ناسخ**

فکر سے میں نہیں خالی غم جاناں میں کبھی
کبھی زانو پہ مرا سر ہے گریباں میں کبھی

(۲) شرمندہ یا خجل ہونا۔ شرمانا +

کیا نظر گاہ ہے کہ شرم سے گل
سر گریباں میں ڈال بیٹھے ہیں **میر تقی**

سر لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ تہمت لگنا۔ الزام (نظر جانا)

سر مارنا۔ پٹخنا۔ یا۔ کھپانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سعی بلیغ کرنا۔ کمال کوشش کرنا۔ ڈھونڈنا +

ذوق

پایا در اثر نہ کہیں رات بھر پھری
سر مارتے یہ آہ سپہر کہن کے ہاتھ

(۲) فکر کرنا۔ سوچ کرنا۔ گھلنا +

غالب

فکر دنیا میں سر کھپاتا ہوں
میں کہاں اور یہ وبال کہاں

(۳) مغز زنی کرنا۔ سمجھانا۔ جان مارنا +

آخر کو ایک مُنّیاں کا بچہ خرید کر
مارا بہت سا اُسکے پڑھانے پہ لیکن سر

ارشاد

(۴) سرگشتہ و حیراں ہونا + **میر**

دشت و کہسار میں سر مار کے چنے تجھ بن
قیس و فرہاد کو پھر یاد دلایا ہم نے

سر مُنڈانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) سر کے سارے بال اُسترے سے لوانا۔ بھدرا کرانا +

(۲) جوگی یا حقیر بننا۔ چیلا ہونا +

سر مُونڈنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) حجامت کرنا + (۲) دوسرے کا مال فریب سے لے لینا۔ لوٹنا۔ چھلنا۔ ٹھگنا +

سُرمہ کر دینا۔ لا۔ ف م۔ سرمہ سا باریک پیسنا۔ آٹا کر دینا +

سُرمہ ہو جانا۔ لا۔ ف ل۔ سرمہ یا میدہ سا باریک ہو جانا +

سر میں بال ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (عو)۔ جھیلنے کے قابل ہونا۔ ہوتا ہونا۔ سہار کی طاقت رکھنا +

سر میں خاک ڈالنا۔ ہ۔ ف ل۔

ماتم کرنا۔ رونا۔ خاک اُڑانا +

سر نام کرنا۔ ا۔ ف م۔ مشہور کرنا۔ مشتہر کرنا

سُرنگ اُڑانا۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری) گونر لگانا۔ بادِ مخالف نکالنا۔ چڑیا چھوڑنا +

سِر نہ پیر۔ ہ۔ م ف۔ شروع نہ آخر۔ بے ثبوت۔ بے دلیل +

سِر نیچا کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ شرمانا۔ لجانا +

سِر ہلانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) انکار کرنا + (۲) بھوت پریت کا اثر ظاہر کرنا +

سِر ملنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ضعیف یا بڈھا ہو جانا۔ (۲) انکار کرنا + (۳) بھوت کا اثر ظاہر ہونا +

سِر ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا + (۲) کسی چیز کا شوق ہونا + (۳) استقلال کے ساتھ کسی کام کو کرنا۔ پیچھے پڑنا۔ لپٹ جانا + (۴) تہمت یا بہتان لگانا (۵) اڑنا۔ ضد کرنا + (۶) لڑنا۔ جھگڑنا +

سِری پھل۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (ہندو) ناریل +

سُریری پوتنا۔ ہ۔ ف م۔ ہندو۔ (۱) لیپنا۔ ڈھکنا۔ چھپانا + (۲) مٹانا۔ دبانا۔ ملیا میٹ کرنا +

سِری کرنا۔ ہ۔ ف م۔ ہندو۔ (۱) سری یعنے لچھمی کا نام لیکر کوئی کام شروع کرنا + (۲) دستخط کرنا۔ گواہی کرنا +

سری نیم۔ ا۔ صفت (دلال)۔ پندرہ +

سُسرال کا کُتّا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (مخنثانہ) جنوائی۔ وہ داماد جو سسرے کی روٹیوں پر پڑا رہے +

سِسکتی بھنکتی۔ ہ۔ صفت۔ (عو)۔ مخنثانہ۔ مقدار قلیل۔ ذرا سی +

سفر کرنا۔ ا۔ ف ل۔ رحلت کرنا۔ مرجانا۔ انتقال کرنا +

میر

کیا جانوں بزمِ عیش کہ ساقی کی چشم دیکھ
میں مصبتِ شراب سے آگے سفر کیا

سفید پڑ جانا۔ یا۔ ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ خوف یا خطرہ کے باعث زرد ہو جانا۔ بھے ماننا۔ چہرے پر ہوائیاں اڑنے لگنا۔ وہ مجھکو دیکھتے ہی سفید پڑ گیا +

سفید خون۔ ا۔ اسم مذکر۔ (بازاری) منی۔ نطفہ +

سکر سُکر وا بولنا۔ ا۔ ف ل۔ (صحیح ہے شکر شروا)۔ غلط تلفظ کرنا۔ صحیح نہ بول سکنا۔ شین قاف درست نہ ہونا +

سکڑ سُکڑ کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ خرچنے میں سکڑنا۔ بخیل یا۔ کنجوسی کرنا۔ مُمسک ہونا +

سکڑی پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ تنگی پڑنا۔ مصیبت

پڑنا - دقت پیش آنا +

سکھاں شاہی - ا - اسم مؤنث - سکھوں کا عہد جسمیں نہایت اندھیر ہوتا تھا - انیاں راج - بے انصافی کا زمانہ +

سکّہ بٹھانا - یا - جمانا - ا - ف م - اپنے نام کا روپیہ چلانا - سکّہ مارنا - حکومت کرنا سکّے بٹھائے میں بت نثر سا کے داغ نے جھنڈا گڑا ہے کشور دل میں صلیب کا (میر)

سُکھ فرمانا - ا - ف ل - آرام کرنا - استراحت فرمانا - قیلولہ کرنا - لیٹنا + (قلعہ معلی کا محاورہ)

سگھڑ بھلائی - ہ - اسم مؤنث - (۱) عُمدہ کی بھلائی + (۲) خوشامد - تملق - چاپلوسی

سلامت روی اختیار کرنا - ا - ف ل - چلن سے چلنا - کفایت شعاری کرنا - نیک عادتیں اختیار کرنا +

سلام دینا - ا - ف م - (۱) رخصت کرنا + دور کرنا + **آزردہ ہے**

ہے روز عید بخش خاطر کو دو سلام
آؤ گلے لگو میرے کیسی نہیں نہیں

(۲) یورپین) سلام کہنا - بُلانا - طلب کرنا - شکریہ ادا کرنا - زبانی رسید دینا +

سلام کرنا - ا - ف م - (۱) بندگی کرنا + رام رام کرنا + (۲) خیر باد یا خدا حافظ کہنا + (۳) چھوڑنا - ترک کرنا - تیاگنا + کس کا کعبہ کیسا قبلہ - کون حرم ہے کیا احرام جب کوچے کے اُسکے باشندوں نے سبکو یہیں سے کیا سلام

سلام ہے - ا - ندا و ندبہ - جواب ہے - معاف رکھئے + **شوق ہے**

میں تو مفت ہی خدا ہوئی بدنام
اِس محبت کو آپ کی ہے سلام

سلامی اُتارنا - ا - ف م - کسی رئیس یا نواب کی آمد میں توپیں چھوڑنا - تعظیمی فیر کرنا

سلائی پھیرنا - ہ - ف م - اندھا کر دینا نابینا کرنا +

سُلجھا سُلجھایا - ہ - صفت - نبٹا ہوا - تجربہ کار - زمانہ دیدہ +

سل سے بیٹھنا - ہ - ف ل - اطمینان حاصل کرنا - مطمئن ہو جانا - (انپڑھ) سلطنت سے بیٹھنا +

سُلفہ کر ڈالنا - ا - ف م - (۱) جلا ڈالنا خاک کر دینا + (۲) خرچ کر ڈالنا تلف کر دینا - اُٹھا ڈالنا + (بازاری)

سما باندھنا - ہ - ف م - تصویر کھینچنا - پوری پوری کیفیت ظاہر کر دینا +

سمجھ پر پتھر پڑنا - ہ - ف ل - عقل خبط ہو جانا سٹی گم ہو جانا + **ذوق ہے**

تجھے اے سنگدل آلام جانِ مبتلا سمجھے
پڑیں پتھر سمجھ پر ایسی ہم سمجھے تو کیا سمجھے

سمندر پار اُتارنا - ہ - ف م - عبور دریائے شور کرنا - جلاوطن کرنا +

سُناونی آنا - ہ - ف ل - پردیس سے کسی کے مرنے کی خبر آنا +

سناٹا آنا - ہ - ف ل - غش آجانا - بیہوش ہوجانا +

سناٹا بتینا - ہ - ف ل - (۱) بالکل گم صم ہوجانا - خاموش ہوجانا + (۲) ویرانہ برسنا - اُجاڑ سا معلوم ہونا + سُنسان ہوجانا +

سنبھالا لینا - ہ - ف ل - مرتے آدمی کا کسیقدر ہوش میں آجانا + **ذوق** ؎

محبت نے لیا تیرے سنبھالا
بیمار

لیکن وہ سنبھالے سے سنبھل جائے تو اچھا

سنبھل سنبھل کر بگڑنا - ہ - ف ل - بن بن کر بگڑنا - خوب ناراض ہونا + **داغ**

سنبھل سنبھل کر بگڑتا ہے کچھ دل بیتاب -
الٰہی آج یہ صدمہ ہے جان پر کیا!

سنت آدمی ہے - ا - محاورہ - سیدھا سادہ ہے - بڑا نیک بخت ہے - بھگت پُرش ہے +

سنجابی گنجا - ا - ف - اسم مذکر - (بازاری) ایسا گنجا جسکی چندیا ہی پر بال ہوں +

سنجھا بتی کرنا - ہ - ف م - دیا بتی کرنا - شام کا چراغ جلانا +

سنجھا پھولنا - ہ - ف ل - شفق کا کھلنا - دھوپ کی سنجھا ہونا +

سن سے جی ہوجانا - ہ - ف ل - بھک سے جی ہوجانا - طبیعت کا بیٹھا جانا - پژمردہ خاطر ہوجانا +

سنکلپ کرنا - ہ - ف م - (۱) عہد کرلینا - جی میں ٹھان لینا + (۲) کسی کے نام کردینا - خاص کردینا - نام نہاد کردینا + (۳) پُن کرنا - دے ڈالنا - کرشن آرپن کرنا + (۴) ہبہ کردینا +

سنگ سار کرنا - ا - ف م - پتھروں سے مروا ڈالنا +

سُنگُن لینا - ہ - ف ل - کسی کی خفیہ بات سننا - کنسوے لینا +

سنگھ جی - ہ - اسم مذکر - (۱) چھتریوں کا خطاب + (۲) اکڑباز - اینٹھے خاں - سن موجی +

سُن ہوجانا - ہ - ف ل - (۱) کسی عضو کا بے حس و حرکت ہونا - ٹھٹھر جانا + (۲)

حیرت زدہ یا متحیر ہو جانا۔ گم صم ہو جانا +

سنیچر آنا ۔ ہ۔ فال۔ بُرا ستارہ آنا۔ بُری گرہ آنا۔ منحوس یا نحس دن آنا +

تم پر ساڑھے سات برس کا سنیچر آیا ہے۔ مہاراج کچھ دان کرو جو کشٹ کم ہو (جوتشی کہتا ہے)

سوانگ لانا۔ ف۔ م۔ فیلسوفی یا مکر و فریب کرنا یا شعبدہ بازی کرنا + **آتش** گہ تیر بنتی ہے۔ کبھی خنجر۔ کبھی سناں۔ لاتی ہے رنگ بار کی مژگاں نئے نئے

(۲) ناراض ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ خفا ہو جانا

سوا نیزہ پر آفتاب آجانا۔ ا۔ ف ل آفتاب کا اتنا نیچے اتر آنا کہ زمین سے سوا نیزہ کا فاصلہ رہ جائے۔ نہایت درجہ کی گرمی پڑنا۔ آگ برسنے لگنا +

سُولبس بسنا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہ عو) سرسبز یا آباد رہنا۔ خوش و خرم رہنا۔ سکھی رہنا۔ پھلنا پھولنا +

سولہ سوے۔ ا۔ م۔ ف۔ اغلباً۔ ظن غالب۔ گمان غالب + دیکھو (بیس بسوے) + سولہ سوے تو مینھہ برسے گا اور ایک بسوے کی خبر نہیں +

سُوت یا ندھنا۔ ہ۔ ف ل۔ سیدھ باندھنا۔ نشانہ یا شست لگانا +

سوت جاری رہنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) پانی کی آمد قایم رہنا۔ (۲) آمدنی یا آمد بنی رہنا۔ روپیہ کا برابر آئے جانا +

سوتی بھیڑ۔ یا۔ راڑ جگانا۔ **سوتی بھڑوں کو جگانا**۔ ہ۔ ف م۔ فتنہ خفتہ کو بیدار کرنا۔ فساد برپا کرنا۔ پرانے جھگڑوں کو تازہ کرنا۔ دبی آگ اُکھاڑنا

جو سوتی بھیڑ یا عث غوغا جگائے پھر
دروازہ گھر کا اُس سے دُنیا سے پھیر تو (ذوق)

سو جان سے عاشق ہونا۔ ا۔ ف ل لٹو ہو جانا۔ از بس فریفتہ ہو جانا۔ جان دینا + **یار علی** ؎

صنوبر آگیا غش میں ہوئی سو جان سے عاشق
عجب بُوٹا سا قد اُسکا نمونہ ہے قیامت کا

سو جان سے صدقے یا نثار ہونا۔ ا۔ ف ل۔ واری واری جانا۔ بلہاری جانا۔ قربان جانا + **میر** ؎

وہ جو خنجر بکف نظر آیا
میر سو جان سے نثار ہوا

سُوجھتا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ بنا بنایا یا انتظام کرنا۔ آپاٹے کرنا +

سودا اُچھلنا۔ یا ہونا۔ ا۔ ف ل۔ دیوانہ یا پاگل ہو جانا۔ دیوانگی کا زور کرنا

سُود کھانا۔ ا۔ ف ل۔ سود پر دینا۔ بیاج روپیہ چلانا + **یار علی ؎**

ہے منافع جو مسئلہ سے سوا
سود کھانا بھی اب حلال ہوا

سُورج کو دیا یا چراغ دِکھانا۔ ا۔ ف م۔ لقمان کو حکمت سکھانا۔ تجربہ کار کو عقل بتانا۔ ناممکن بات کرنا۔ بیفائدہ کام کرنا +

سورن کی کایا۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ تکڑا جسم۔ طاقت ور بدن +

سوکنوں کی جوڑی۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ (۱) دو سوتیں + (۲) ایک قسم کی آتش بازی جو چھوٹتے وقت ایک دوسرے کو زمین پر ٹکراتی ہے +

سوکھا پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مینہ برسنا۔ خشک سالی ہونا + (۲) قحط سالی یا کال ہونا

سوکھا ٹالنا۔ ہ۔ ف م۔ کچھ نہ دینا اور باتوں ہی باتوں میں ٹال دینا۔ ٹرخا دینا +

سوکھا جواب دینا۔ ا۔ ف م۔ صاف جواب دیدینا۔ اِنکار کرنا۔ ناٹ جانا +

سوکھا لگنا۔ **سوکھا بیر لگنا**۔ ہ۔ ف ل۔ بدن کا گھٹتا چلا جانا۔ دُبلا۔ یا۔ لاغر ہوتا جانا

سوکھ کر کانٹا یا نکلا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت نحیف و ضعیف ہو جانا۔ بہت دُبلا ہو جانا + **ذوق ؎**

آ رہیگا دشت میں لیلیٰ! تیرے ناقہ کے کام
ہو گیا مجنوں جو کانٹا سوکھ کر اچھا ہوا

سوکھ کے پنجر ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ اِتنا دُبلا ہو جانا کہ ہڈیاں ہی ہڈیاں نظر آنے لگیں۔ نہایت لاغر ہو جانا +

سوکھی الفن۔ ا۔ اِسم مؤنث۔ (مذاقاً) ایک پتلی دُبلی لانبی عورت +

سوکھی چُنائی کرنا۔ ہ۔ ف م۔ بیچ میں بغیر پانی پیئے کھانا کھانا +

سوکھے دھانوں پانی پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) عین موقع پر بارش کا ہونا + (۲) تر و تازہ ہو جانا۔ تازگی آجانا + (۳) حسب المراد مطلب برآنا۔ وقت پر کام بن جانا +

سوکھے گھاٹ اُتارنا۔ ہ۔ ف م۔ مایوس رکھنا۔ کسی شخص کو باتوں میں ٹالدینا اور اُسکی خواہش کو پورا نکرنا +

وائے محرومی نہ پہنچے چشمۂ مقصود تک
سوکھے گھاٹوں تشنہ کاموں کا اُتارا ہے بجر

سوگ اُتارنا۔ ا۔ ف ل۔ کوئی خوشی کی رسم ادا کرکے ماتم دور کرنا +

سُول سے لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ دل میں چبھنا۔ بُرا معلوم ہونا۔ ناگوار خاطر گزرنا

سولہ سولہ گنڈے سُنانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ انگنت گالیاں دینا ۔ نا ملایم باتیں کہنا +

سُولی پر جان ہونا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) مُصیبت یا دِقّت میں مبتلا ہونا ۔ جوکھوں یا خطرہ میں جان ہونا + (۲) نرغہ میں پھنس جانا ۔ سخت دِقّت اُٹھانا +

سُولی پر چڑھانا ۔ سولی دینا ۔ ہ ۔ ف م (۱) دار پر کھینچنا + (۲) تکلیف دینا ستانا ۔ دِق کرنا + (عو)

سُوسوں ناج پھرانا ۔ ا ۔ ف ل ۔ عو ۔ سُوم کی طرح سسک سسک کر ناج پیسنا ۔ نہایت خسّت کرنا ۔ بہت بخیل بنّا +

سونا سگندھ ۔ ہ ۔ صفت (۱) زر خالص ۔ کھرا سونا + **ناسخ ؎**

سونا سگندھ کیوں نہ کہوں تجکو اے پری
رنگت سنہری اُسپہ یہ خوشبو بدن میں ہے

(۲) بے گناہ ۔ پاک ۔ پارسا ۔ باعصمت ۔ معصوم + (۳) حسب ونسب والا ۔ اچھی اصل نسل کا ۔ خاندانی +

سونٹا سے ہاتھ ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ (ہ عو) وہ ہاتھ جنمیں چوڑیاں یا زیور نہو خالی ہاتھ سہاگ سوہے چوڑیاں جٹھانی بھرے ہاتھ میں کہا ۔ رام ! تیرا بگاڑا میرے سونٹا سے ہاتھ (بھول فرید)

سونٹھ بسانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ عو ۔ (طنزاً) (۱) کوئی قیمتی چیز خریدنا + (۲) زچہ خانہ کا سودا خریدنا ۔ حاملہ کے کھانے کا سامان مول لینا + چار دنا کی آئیاں اور سونٹھ بسا ہن جائیاں + مثل

سونٹھ بھرنا ۔ مارنا ۔ یا ہو رہنا ۔ ہ ۔ ف ل (س شونیہ بمعنی خاموش) چپ ہو رہنا ۔ خاموش ہو جانا +

سونٹھ کی ناس لینا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (س شونیہ بمعنی خاموش گویا خاموشی کو سونگھنا) (۱) برداشت کرنا ۔ تحمل کرنا ۔ صبر کرنا ۔ (۲) نکیلا بنّا ۔ کسی کی عار نہ اُٹھانا +

سونٹھیا صرّاف ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ (ہ سونٹھ بمعنی سونیکا) طنزاً ۔ مالدار ۔ دولتمند ۔ دیالو

سونٹے پڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ خوب پیٹنا مار کھانا

سونٹے سے ۔ ہ ۔ مف ۔ بلا سے ۔ کچھ پروا نہیں ۔ کچھ مضایقہ نہیں + (بازاری)

سُونڈ والا ۔ ہ ۔ اِسم مذکر ۔ عو ۔ ہاتھی ۔ فیل +

سُول کھینچنا ۔ یا ۔ سادھنا ۔ سُون کی لینا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دم بخود ہو جانا ۔ خاموشی اختیار کرنا ۔ چُپّی سادھنا +

سوتے جھوتے میں لدی پھندی رہنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ عو ۔ بہت سا سونا چاندی

یا زیور ہر وقت پہنے رہنا +

سونے کا نوالہ کھلانا - ا۔ ف م۔ (۱) بہت عمدہ اور قیمتی غذا کھلانا + (۲) بہت لاڈ پیار یا ناز و نعم سے پالنا + دیکھئے قصائی کی نظر کھلائے سونے کا نوالہ۔ مثل

سونے کی چڑیا ہاتھ آگئی - یا- لگ گئی ہے - محاورہ - ایک مالدار یا دھنوان آدمی قبضہ میں آگیا ہے جسطرح اُسے لوٹو +

سوئی کے ناکے میں سے اونٹ نکل جانا - ہ۔ ف ل - ناممکن بات کا ہو جانا خدا کی قدرت کا ظاہر ہونا +

سُہاگ اُترنا یا چھٹنا - رانڈ یا بیوہ ہو جانا عورت کا خاوند مر جانا +

سُہاگ رات - ہ۔ اسم مؤنث ہمبستری کی پہلی رات - تحفت کی رات - شبِ زفاف

سُہانے سائے ڈھلے - ہ۔ م ف۔ لکھنو - غروبِ آفتاب کے وقت +

سہتا سہتا - ہ۔ صفت - قابلِ برداشت سیل کرم خوردہ + سہتا سہتا دودھ پیو +

سہرے جلوے کی - ا۔ اسم مؤنث م عو - بیاہتا بیوی +

سیاہا دکھانا - ا۔ ف م - فوج یا لشکر کی کثرت ظاہر کرنا ؎

ہمارا دل وہ رستم ہے کہ آنکھ اُسکی نہ چھپکے گی
دکھائیں ترک چشم اُسکی سیاہا فوج مرگانگا

سیاہ سفید کرنا - ا۔ ف ل - سیاہ کو سفید اور سفید کو سیاہ کرنے کا اختیار ہونا اختیار کل ہونا - جو چاہے سو کرنا +

سیاہی فالیز - ا۔ اسم مذکر - بیکار اور ادنیٰ آدمی - (از کلشن فیض)

سیاہی کا دبانا - ا۔ ف م - کالی چیز کا خواب میں ڈرانا + **آتش** ؎

دھیان اُس کاکل مشکیں کا جو آیا مجکو
خواب میں آکے سیاہی نے دبایا مجکو

سیپ لگنا - ہ۔ ف ل - پرندے کا دُبلا ہو جانا + طوطے کے سیپ لگ گئے

سیپی سانٹنہ نکل آنا - ہ۔ ف ل - ہڈیاں نکل آنا - گال پچک جانا - دُبلا ہو جانا +

سیتاستی - ہ۔ صفت - سیتا جی کے برابر ست والی - باعصمت - باعفت - پتی بھگتا

سیتلا کا کھا جانا - اسم مذکر - (۱) بچے کے بال + (۲) کسی شخص کے چہرے پر چیچک کے داغ کا ہونا +

سیتلالی پھوٹی آنکھ - ہ - محاورہ - (۱) وہ آنکھ جو سیتلا کے نکلنے میں جاتی رہی ہو + (۲) ایسا نقصان جسکی اصلاح نہو سکے بہت بڑا نقصان +

سیج چڑھنا - ہ - ف ل جورو خصم کا ساتھ سونا - ہم بستر ہونا - ہمخواب ہونا +

سیخ پر لگانا - ا - ف م - مسلمان (۱) کباب پکانا - (۲) تکلیف دینا - ستانا - جلا کر کباب کرنا

سیدھا آنا - ہ - ف ل مقابلہ سے پیش آنا - سامنا کرنا - مارنے کو ہو جانا +

سیدھا بنانا - یا - کر دینا - ہ - ف م - (۱) ٹیڑھ نکالنا + دیکھو (ٹھیک بنانا) (۲) ترتیب کرنا - سکھانا - پلانا - سدھانا + (۳) راستہ پر لانا - درست کرنا +

سیدھا بننا - ہ - ف ل - درست یا ٹھیک ہو جانا - رستہ پر آجانا + ؎

نم جب سے قد راست میں آیا سنبھل گئے
سیدھے بنے ہم ایسے کہ سب بل نکل گئے

سیدھا سادہ - ا صفت - راست طبع بے فساد - بھولا بھالا +

سیدھیاں - یا - سیدھی سنانا - ہ - ف م - گالیاں سنانا - دشنام دہی کرنا - بے روک گالیاں دینا +

سیدھی آنکھ - ہ - اسم مؤنث - نظر لطف مہربانی کی نگاہ +

سیدھی آنکھوں - ہ - م ف - خوشی بخوشی + اس سے سیدھی آنکھوں روپیہ نہیں پٹے گا +

سیدھی انگلیوں گھی نکالنا - ہ - محاورہ - کسی کام کو آسان طور سے بنا لینا آسانی سے کوئی کام کر لینا +

سیدھی انگلیوں گھی نکلے تو ٹیڑھی کیوں کیجے (مثل)

سیدھی انگلیوں گھی نہیں نکلتا ہے - ہ - محاورہ (قاعدہ ہے کہ برتن میں کا لگا ہوا گھی بغیر ٹیڑھی انگلیاں کئے نہیں نکلتا) اسیطرح کمینہ اور پاجی آدمی نرمی اور مہربانی سے نہیں مانتا ہے جب تک کہ اسپر سختی نکی جائے

سیدھے سادے بنا - ہ - ف ل طنزاً کچھ نہ جاننا - بھولے بھالے بننا +

سیدھی یا سادی چال - ا - اسم مؤنث - سلامت روی کا طریقہ - سیدھا رستہ + خیریت چاہے تو سیدھی چال چل اوبال مست گرتے ہیں نشے میں چلتے ہیں اگر میخوار کج -

سیدھے منہ - یا - سیدھی آنکھوں بات نکرنا - ہ - ف ل - منہ کو سامنے کر کے کلام نکرنا منہ پھیر کر بات کرنا - اترانا - غرور یا گھمنڈ کرنا +

سیر چشم - ف - صفت - (۱) قانع - صابر - بے پروا - (۲) فیاض - دل والا +

سیر کو سوا سیر موجود ہے - ا - محاورہ - دنیا میں سیر بھر کی طاقت والے آدمی کے لئے سوا سیر کی طاقت والا موجود ہے - دنیا میں ایک سے ایک بڑھکر ہے -

سیر کی ہانڈی میں سوا سیر پڑا اور اُپھنا - محاورہ - (جہاں سیر بھر کی گنجایش والے برتن میں سوا سیر چیز ڈالی گئی اور وہ نکل) اسیطرح کمظرف اور اوچھا آدمی دولت یا رتبہ کی خوشی کو نہیں پچا سکتا ہے - ذرا سی خوشی میں پھول جاتا ہے +

سیڑھی سیڑھی چڑھنا - ہ - ف ل - درجہ بدرجہ ترقی حاصل کرنا +

سیف زبان - ا - اسم مذکر - وہ شخص جسکے کلام میں اثر ہو - صاحب تاثیر

سے کا کانٹا - ہ - صفت - لڑائی یا فساد کرانیوالا + **ذوق** ؎

جسکے سبب لڑائی ہو وہ آدمی نہیں
کانٹا ہے گھر میں سے کا یا گل کنیر کا

سیکھ دینا - ہ - ف م - نصیحت کرنا - صلاح دینا - تدبیر بتانا + سیکھ اکو دیجئے جا کو سیکھ سہائے سیکھ نہ دیجئے باندا جوبے کا گھر جائے ؎ تل

سیلا سی سے بولنا - ہ - ف م - بڑی نرمی یا ملائمت سے بات کرنا - اخلاق سے پیش آنا +

سیلا کر کے کھانا - ہ - ف ل - (ہندو) (۱) - کھانے کو ٹھنڈا کر کے کھانا + (۲) جلدی نکرنا - آہستگی سے اپنا کام نکالنا

سینت کے رکھنا - ہ - ف م - بڑی حفاظت سے کسی چیز کو رکھنا +

سین دینا - یا - مارنا - ہ - ف ل - (۱) اشارہ و کنایہ کرنا + (۲) عشوہ سازی کرنا +

سینڈھ لگانا - ہ - ف م - کوشش کرنا - نقب زنی کرنا +

سینگ سر ٹپے - ہ - محاورہ - فضول خرچیاں - اسراف - صرف بیجا +

سینگ سر ٹپے تو لالہ جی کے ساتھ گئے اب دیکھو اور کھاؤ + مثل

سینگ دِکھانا - ہ - ف م - دیکھو (انگوٹھا دکھانا)

سینگ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا - ہ - ف ل - بڑا ہو کر بچوں کے ساتھ کھیل کود میں شریک ہونا - بزرگ ہو کر خوردوں کی سی بات کرنا +

سینگ سمانا - ہ - ف ل - پناہ ملنا -

حفاظت کی جگہہ ہاتھ آنا + غدر میں جہاں جسکے سینگ سمائے وہاں چلا گیا +

سینگ نکلنا - ہ - ف ل - (۱) سینگ اُگنا یا پیدا ہونا - جانوروں کا جوان ہونا - بڑا ہونا + (۲) بیوقوف یا پاگل ہوجانا

سینہ اُبھارنا - نکال کے چلنا - ا - ف ل - اینٹھ کر یا اترا کر چلنا - خرماں خراماں چلنا +

سینہ بہ سینہ - ف م ف - باپ داداؤں سے ایک سے دوسرے پر - نسلاً بعد نسلاً +

سینہ زوری کرنا - ا - ف م - سرکشی کرنا - زبردستی کرنا +

سینہ کوٹنا - ا - ف ل - ماتم یا نوحہ گری کرنا

چھاتی پیٹنا + **میر**

دل جو تھا ایک آبلہ پھوٹا گیا
رات کو سینہ بہت کوٹا گیا

سینے سے لگانا - ا - ف م - پیار کرنا لپٹانا +

ش

شاخ در شاخ - ف - صفت پیچیدہ - اُلجھا ہوا +

شاخ زعفران - ف - صفت مغرور - خود نما - خود بیں + مائیلی باپ پٹھان بیٹا شاخ زعفران + مثل -

شاخ لگانا - ا - ف م - (۱) کسی پیڑ کی ٹہنی کو کاٹ کر دوسری جگہہ جمانا - قلم لگانا (۲) سینگھی توڑنا یا لگانا + **ذوق**

بیمار چشم آہو نگاہ کو
شاخیں بھی گر لگائیں تو لیکر ہرن کی شاخ

(۳) کسی شخص کو کسی کام سے منسوب کرنا - پیخ لگا دینا - کسی کام کے ساتھ کوئی اور کام بھی شریک کر دینا + **ذوق**

عُریاں ہی مجکو زیر زمیں دفن کرنا تھا
یہ دوستوں نے اور لگا دی کفن کی شاخ

شاخ یا شاخسانہ نکالنا - شاخسانہ کھڑا کرنا - ا - ف م - کسی شخص یا کسی کام میں نقص یا عیب پیدا کر دینا کسی چیز کی بُرائیاں ظاہر کر دینا - نکتہ چینی کرنا +

مصرعۂ سرو میں لاکھوں ہی نکالو شاخیں
باندھوں مضموں جو قد یار کی رعنائی کا

شاخ ہونا - ا - ف ل - کوئی نئی یا انوکھی بات ہونا - فخر کی بات ہونا + **آتش**

چشم و کرم سے تیری چشم و کرم ملا ئیں
چھیڑیں کیا تکلف کس شاخ ہیں ہرن ہیں

(۲) چار دھیں رنگ شکل نوپہوا ہو جانگا
کونسی وہ شاخ ہے جسپر جین کو تاہے

شادی کرنا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) بیاہ کرنا ۔(۲) خوشی منانا ۔ (۳) نئے مکان میں جا کر رہنے کی تقریب میں دعوت اور ناچ کرنا ۔ پرورش کرنا ۔ (۴) گھوڑے یا مکان کا فروخت کرنا ۔ بیچنا +

شادی مرگ ہونا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) خوشی کی کثرت کے سبب مر جانا +(۲) از حد خوشی ہونا +

شاعری کرنا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) زیادتی کے ساتھ کسی بات کو نظم میں بیان کرنا ۔ مبالغہ کرنا + (۲) جھوٹ بولنا +

شاق گزرنا ۔ا۔ ف ل ۔ ناگوار خاطر ہونا بُرا معلوم ہونا ۔ جی دُکھنا +

شاگرد پیشہ ۔ا۔ اسم مذکر ۔ (۱) عملہ فعلہ ۔ نوکر چاکر ۔ خانگی ملازم ۔ ادنی خدمتگار + (۲) نوکروں کے رہنے کے مکانات +

شامت آنا ۔ شامت سر پر کھیلنا ۔ا۔ ف ل ۔ خرابی پیدا ہونا ۔ بُرے دن آنا گیدڑ کی شامت آتی ہے تو گاؤں کیطرف بھاگتا ہے + مثل

شامت کی مار ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ بدقسمتی کمبختی +

شام کا صبح کرنا ۔ا۔ ف م ۔ رات کاٹنا ۔ شب گزاری کرنا + غالب ؎

کاہے کا دے سخت جانی ہائے تنہائی نپوچھ
صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا

شام کو شام اور سحر کو سحر نہ گننا ۔ا۔ ف ل ۔ اتنا بھی خیال نکرنا ۔ کہ یہہ وقت آرام کا ہے اور یہ وقت اُٹھنے کا ۔ ہر وقت برابر کوشش کئے جانا ۔ نہایت مصروف رہنا + صفدر (نواب زادۂ رامپور) ؎

شام کو شام سحر کو نہ سحر گنتی ہوں ۔
بلکہ اُڑتے ہوئے طائر کے میں پر گنتی ہوں

شان چوٹا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ اوروں کی وضع طرح اُڑانے والا +

شان ماری جانا ۔ شان جانا ۔ا۔ ف ل ۔ رتبہ یا عزت کم ہونا + رنگین

وہ نہ آئے تو تو ہی چل رنگیں
اسمیں کیا تیری شان جاتی ہے

شان میں جُتے آنا ۔یا ۔ پڑنا ۔ا۔ ف ل ننگ و عار آنا ۔ شرم آنا + جرأت

زلیت سے جو ہاتھ دھو بیٹھا ہے گر اس پاس بھی
آپھرے گے تم تو کیا جُتنے پڑیں گے شان میں

شانہ پھرکنا ۔ا۔ ف ل ۔ دوست کی ملاقات کا شگون ہونا +

شانہ ہلانا - ا۔ ف م - جگانا - بیدار کرنا +
خیال خواب راحت ہے علاج اس بدگمانی کا
وہ کافر گو دیں موسن امرا شانہ ہلاتا ہے

شاہ دریا - ا۔ اسم مذکر - سات جنوں میں سے ایک جن کا نام ہے جسکو مسلمان عورتیں مانتی ہیں + ناسخ ؎
کیا فقط روتی ہیں پریاں اس پری کے عشق میں
شاہ جنّہ ایسا رویا شاہ دریا ہو گیا

شاہ عباس کا علم ٹوٹنا - ا۔ ف ل - م عو - شاہ عباس کی مار پڑنا +
جھوٹے کی جان پر ستم ٹوٹے
شاہ عباس کا علم ٹوٹے (شوق)

شب خوابی - ا۔ اسم مؤنث - رات کو پہنکر سونے کے کپڑے +

شب زفاف - اسم مؤنث - ہمبستری کی پہلی رات - سہاگ رات - سخت کی رات

شتر بے مہار - ف صفت - بن نکیل کا اونٹ - آزاد - بے خوف - بیباک رنڈ

شتر غمزہ - ا۔ اسم مذکر - بیجا محبت بیجا نخرے

شتر کینہ - ا۔ اسم مذکر - اونٹ کی سی ہمیشہ دلی عداوت +

شجرہ قلا - ا۔ اسم مذکر - (قلا اصل میں کلاہ ہے) انگڑ کھنگڑ - بدھنا بوریا - کھاٹ پیڑھی - گھر کا اسباب +

شخصیت بگھارنا - یا - جتانا - ا۔ ف ل - شیخی کرنا - اترانا - گھمنڈ کرنا +

شد بد ہونا - ا۔ ف ل - کسی کام میں تھوڑی سی واقفیت یا ماہیت ہونا - ابھیاس ہونا +

شدت کا - شد و مد کا - ا۔ صفت - زور کا - زور سے - بہت سارا - گھنا

شدہ شدہ - ف م ف - رفتہ رفتہ - ہوتے ہوتے +

شربت پلانا - ا۔ ف م - (ہندو) - سگائی کرنا - تنی میں گانٹھ دینا +

شربت کے سے گھونٹ پینا - ا۔ ف ل - سختی کو شربت سمجھ لینا - برداشت کرنا - جھیلنا +

شرح چڑھانا - ا۔ ف م - کسی کتاب کی شرح یا ٹیکا لکھنا +

شرع پر چلنا - ا۔ ف ل - شرع محمدی کے موافق کرنا - احکام شرعی کی تعمیل کرنا - دھرم شاستر انوکول کرنا +

شرع میں رخنہ ڈالنا - یا نکالنا - ا۔ ف م - شرع محمدی میں کوئی نئی بات نکالکر کھڑی کر دینا - بدعت کرنا +

شرعی کٹن ۔ا۔ اسم مذکر۔ (بازاری) (۱) عقد نکاح باندھنے والا۔ قاضی (۲) ماں باپ۔ والدین +

شرم سے پانی پانی ہونا ۔ا۔ ف ل شرم کے مارے عرق عرق ہونا۔ پسینے پسینے ہونا + **میر** ؎

دست ہمت اُسکا گر دربار ہو
پانی پانی شرم سے ہووے سحاب

شش و پنج میں ہونا ۔ا۔ ف ل۔ دُبدھا یا دُھکڑ پکڑ میں ہونا + فکر و اندیشہ یا اُدھیڑ بُن میں رہنا +

شعشعہ اُٹھانا یا چھوڑنا ۔ا۔ ف م۔ غلط خبر مشہور کرنا۔ اُشغلہ چھوڑنا +

شعشعہ نکالنا ۔ا۔ ف م۔ شاخسانہ لگانا۔ نکتہ چینی کرنا +

شعلہ بھبوکا ہونا ۔ا۔ ف ل۔ نہایت خفا ہونا۔ غیظ میں آنا + **میر حسن** ؎

پر سنکر وہ شعلہ بھبوکا ہوئی
لگی جل کے کہنے بلا کیا ہوئی

شعلہ رو ۔ف۔ اسم مذکر۔ (نظم) معشوق۔ پیتم +

شکار کرنا ۔ا۔ ف م۔ (۱) پھندے یا جال میں پھنسانا۔ مار ڈالنا + (۲) قابو میں لانا (۳) موہ لینا۔ عاشق بنا لینا +

شکار ہونا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) جال میں پھنسنا مقتول یا کشتہ ہونا + (۲) مفتوں یا عاشق ہونا + **جانباز** ؎

ازل سے تیر نظر کے شکار ہونے کو
تڑپ رہا ہے یہ دل مُرغ بیمجاں کیطرح

شکر لب ۔ف۔ اسم مذکر۔ (نظم)۔ وہ شخص جسکے لب شکر جیسے میٹھے ہوں۔ شیریں لب۔ معشوق دلارام + **مضمون** ؎

کریں کیوں نہ شکر لبوں کو مُرید
کہ دادا ہمارا ہے بابا فرید

شکر رنجی ۔ا۔ اسم مؤنث۔ رنجش قلیل + اَن بن۔ من چلی۔ مٹھلو نی لڑائی +

شکر سنیچر ۔ا۔ اسم مذکر۔ (۱) جمعہ اور ہفتہ (۲) دو بڑے کھانیوالوں کے نام + (۳) بسیار خوار۔ بڑ پیٹو۔ بہت سا کھانیوالا +

شکر مقال ۔ف۔ صفت (نظم) خوش بیان۔ خوش تقریر۔ میٹھ بولا +

شکل بگاڑنا ۔ا۔ ف م۔ (۱) صورت خراب کر دینا۔ بُری تصویر بنانا + (۲) بے عزتی کرنا۔ آبرو ریزی کرنا +

شکل بنانا ۔ا۔ ف م۔ (۱) ڈول ڈالنا۔ صورت بنانا + (۲) ف ل) چیں

بجبیں ہونا - ناک بھوں چڑھانا +

شکل سے بیزار ہونا - ا - ف ل - کسی شخص سے ملنے کو جی نچاہنا - سخت ناراض ہونا +

شکل نکالنا - ا - ف م - تدبیر کرنا - اُپائے سوچنا +

شکم پرور - ف - اسم مذکر - پیٹو - بسیار خور +

شکم سیر - ف - صفت - پیٹ بھرا - سیر چشم +

شکنجے میں کھینچنا - ا - ف م - نہایت سخت سزا دینا - تانسنا - بڑی بھاری تکلیف دینا - ستانا - دق کرنا +

شگن - یا - **شگون کرنا** - ا - ف م - کسی کام کو نیک ساعت یا سُبھ گھڑی میں شروع کرنا

شگوفہ چھوڑنا - ا - ف م - فتنہ انگیز یا انوکھی بات جی سے بنا کر بیان کرنا +

شگوفہ کھلنا - یا - **پھولنا** - ا - ف ل - عجیب و غریب باتوں کا ظہور میں آنا +

شگون ہونا - ا - ف ل - م ع - (۱) کسی کام کا نیک ساعت میں شروع کیا جانا (۲) منگنی یا نسبت ہونا +

شلک اُڑانا - یا - **چھوڑنا** - ا - ف م (ت - شِلک) (۱) بندوق میں چھرّا یا پانی بھر کر چھوڑنا - باڑ مارنا + (۲) سلامی اُتارنا + (۳) ایسی بات کہنا جو سخت ناگوار گزرے + (۴) بازاری - گوار پن +

شورہ کی قلفی - ا - اِسم مؤنث - (۱) گوری رنگت کی عورت جسمیں ملاحت نہو + (۲) خوبصورت عورت یا لڑکا +

شہد پن پھیلانا - ا - ف م - بدمعاشی کرنا

شہد سا میٹھا - ا - صفت - نہایت شیریں بہت ہی میٹھا +

شہد کی چھری - ا - صفت - میٹھی چھری دشمن دوست نما - وہ شخص جو ظاہر میں دوست ہو -

شہد لگا کر چاٹو - یا - **چاٹنا** - ا - محاورہ (طنزاً) اس چیز کو نہایت احتیاط سے رکھو اور وقتاً فوقتاً دوا کے بجائے کام میں لاتے رہو - ناکارہ اور بیکار ہے

شہد لگا کے الگ ہو جانا - ا - ف ل - جھگڑا پیدا کرنا - فساد برپا کرانا - لڑوا دینا +

شہر خموشاں - ف - اسم مذکر - (نظم) قبرستان - مرگھٹ - شمسان +

شہر شملہ - ا - اسم مذکر - وہ شہر جہاں انصاف نہ ہوتا ہو - ظلمستان +

شیخ چلی - ا - اسم مذکر - (۱) دیوانہ - پاگل (۲) مورکھ - بیوقوف +

شیخی اور تین کانے - ا۔ محاورہ (کھیلنے میں اُستادی کا دعویٰ کرنا اور پھر داؤں میں تین کانے جوا دانی داؤں ہوتا ہے آنا) اسی سبب سے بیجا شیخی۔ ناحق کی ڈینگ۔ بیفائدہ کا فخر +

شیخی بگھارنا - ا۔ف م۔ اپنی بڑائی بیان کرنا۔ اپنی آپ تعریف کرنا + **آتش** ؎

دم دے انہیں بھی کوئی انکا بھی دل پکا دے
زاہد کمال اپنی شیخی بگھارتے ہیں۔

شیخی کرکری ہونا۔ جھڑ جانا۔ یا نکل جانا - ا۔ ف ل۔ سُبک و خفیف ہونا۔ عزت گھٹنا۔ وقر کم ہونا +

خاک میں مل کے بھی زاہد کو ہے رندوں سے عناد
کرکری ہوگئی شیخی وہ شیخت نہ گئی +

شیخی مارنا۔ شیخی میں آنا - ا۔ ف ل۔ ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔ چاؤ میں آنا۔ اِترانا۔

شے دینا - ا۔ف م۔ (۱) کنکوے کو ڈھیل دینا۔ ڈور چھوڑنا یا پلانا۔ کنکوا بڑھانا + (۲) اُکسانا۔ بھڑکانا + (۳) آگ لگانا + لڑائی کرانا۔ تیل ڈالنا +

شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں - ا۔ محاورہ۔ انصاف کا وہ زور ہے کہ شیر اپنی خوراک بکری کو نہیں کھا سکتا۔ نہایت عدل و انصاف ہے +

شیر کا کان - ا۔ اِسم مذکر۔ دیکھو۔ (ریش قاضی)

شیر کرنا - ا۔ ف م۔ بتّی اکسانا۔ چراغ یا مشعل کو تیز کر دینا +

شیر کی بولی بولنا - ا۔ ف ل۔ قے کرنا۔ روکنا۔ اونٹ کی بولی بولنا + **انشاء**

بنی آدم کی ٹولی کی ٹولی
بیٹھے بولے ہیں شیر کی بولی

شیر گرم - ف۔ صفت۔ دودھ سا گرم۔ نیم گرم۔ سیل گرم۔ (پورب) سُسم +

شیر مادر ہے - ا۔ محاورہ۔ ماں کے دُودھ کی طرح سے اُسکا کھانا پینا جائز ہے۔ حلال ہے۔ روا ہے +

شیر مارنا - ا۔ف م۔ (۱) بڑی بہادری یا جوانمردی کا کام کرنا + (۲) طنزاً عجیب یا انوکھا کام کرنا +

شیر مرد - ف۔ صفت۔ بہادر۔ جوانمرد دلیر۔ سُورما +

شیر و شکر ہونا - ا۔ ف ل۔ (چونکہ دودھ میں شکر ملکر اُسکا جزو ہو جاتی ہے) اسی سبب سے۔ ایک ہو جانا۔ خوب ملجانا۔ پکّا یا دلی دوست ہونا +

شیر ہونا۔ ا۔ ف ل۔ غالب آنا۔ دلیر ہونا + اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے + مثل

شیش محل کا کتا۔ ا۔ محاورہ (شیش محل میں کتے کو چاروں طرف کتے ہی کتے دکھائی دیتے ہیں اور گھبرا یا پھرا کرتا ہے) اسی سبب سے دیوانہ۔ پاگل۔ حواس باختہ آدمی۔ باولا آدمی

شیشہ باسہ۔ ا۔ صفت (شیشے کے باسن جیسا) نازک۔ کاجو بھوجو +

شیشے کا دیو۔ ا۔ اسم مذکر۔ شراب۔ مے۔ بدھرا +

شیشے کی طرح پھولنا۔ ا۔ ف ل۔ مغرور ہونا۔ اترانا۔ تکبر کرنا +

شیشے میں اُتارنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) جادو کے زور سے بھوت پریت کو قید کرنا + (۲) باتوں میں موہ لینا۔ فریفتہ کر لینا تسخیر کرنا۔ دم دلاسا دینا + (۳) غصے کو ٹھنڈا کرنا۔ دھیما کرنا۔ تسلی دینا + **آتش ؎** (متعلق بر ۲) اک پری کو بھی نہ شیشے میں اُتارا میں نے یاد کیا آئیگا اُس گنبد مینا ئی کا

شیطان اُٹھانا۔ یا مچانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) غل وشور مچانا + (۲) لڑنا۔ جھگڑنا۔ فساد برپا کرنا +

شیطان چوکڑی۔ شیطانی لشکر ا۔ محاورہ۔ شریر لڑکوں کا گروہ +

شیطان سر پر چڑھنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) بھوت یا جن سر پر سوار ہونا + (۲) بُرے کام کرنے کی طرف راغب ہونا۔ ناجایز کام کرنا + (۳) غصہ و غضب آنا (۴) مغرور یا متکبر ہونا + **ذوق ؎** نشہ دولت کا بدا طوار کو جس آن چڑھا سر پہ شیطاں کے ایک اور بھی شیطان چڑھا

شیطان سے زیادہ مشہور ہے ا۔ محاورہ۔ (حقارتاً) بڑا نامی ہے بہت مشہور و معروف ہے +

شیطان کا کان میں پھونکدینا ا۔ ف م۔ شیطان کا فریب دینا۔ شیطان کا مغرور بنا دینا +

شیطان کی آنت۔ ا۔ محاورہ۔ (۱) کوئی بڑی لمبی چیز + (۲) لمبی داستان بڑی کہانی +

شیطان کی خالہ۔ ا۔ اسم مونث بڑی فساد ن اور شریر عورت +

شیطان کی ڈور۔ ا۔ اسم مونث مکڑی کے جالے کا تار جو نہایت باریک اور لمبا ہوتا ہے +

شیطان کے کان بہرے۔ ا۔

محاورہ۔ (م۔عو) جسوقت کسی بُری چیز کا ذکر کرتے ہیں تو اِس محاورہ کو پہلے کہہ لیتے ہیں اور اِس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ خدانخواستہ اِس بات کو شیطان نہ سُن لے ورنہ سارے میں مشہور کردیگا اسواسطے وہ بہرا ہوجائے تو اچھا ہے۔ اور بعض اسکا مفہوم یہ بیان کرتے ہیں کہ خدا اِس خبر کو جھوٹا کرے

شیطان لگنا۔ا۔ف ل۔(۱) ناشائستہ حرکت کرنا + (۲) اِترانا۔ اینٹھنا +

شیطان مجسم۔ف۔ اسم مذکر۔ نہایت بد اور شریر آدمی +

شیطان ہوجانا۔ف ل۔ شریر ہونا۔ دنگئی بن جانا +

شیطان ہونا۔ا۔ف ل۔(م۔عو) بدخوابی ہونا۔ خواب میں عورتوں کو نہانے کی حاجت ہونا +

شین قاف درست نہونا۔ا۔ ف ل۔ صحیح تلفظ ادا نکر سکنا۔ دیکھو (سکر سُر وا بولنا)

ص

صاحب ذوق۔ف۔ صفت۔ شوقین عاشق مزاج + **صفدر ۵**

صاحب ذوق بہلا رہتے ہیں پابند کہیں جی اگر ہے تو جہان ہے یہ مثل جھوٹی نہیں

صاحبزادہ۔ا۔ اسم مذکر۔ (۱) لڑکا۔ فرزند (۲) رئیس زادوں کا خطاب + (۳) ناتجربہ کار نوجوان +

صاحب سلامت۔ا۔ اسم مؤنث۔ ملاقات۔ روشناسی۔ جان پہچان +

میری اور اُس شوخ کی صاحب سلامت ہوئی صبر و طاقت نے کہا لو ہنسے تو مجرا کیا۔

صاحب لوگ۔ صاحب بہادر

ا۔ اسم مذکر۔ انگریز۔ یورپین +

صاحب نسبت۔ا۔ صفت۔ خدا رسیدہ۔ پہنچا ہوا۔ ولی +

صاد کرنا۔ا۔ف م۔(۱) منظور کرنا۔ دستخط کرنا + (۲) مقبول و پسند کرنا +

صاد ہونا۔ا۔ف ل۔(۱) منظور ہونا + (۲) مقبول و پسندیدہ ہونا + **ناسخ ۵**

تیرے ابرو کی کمان سے چہرہ ترا صاد ہوگیا۔

صاف اُڑا لانا۔ا۔ف م۔ اسطرح بھگا لانا کہ کسیکو خبر نہو + **صفدر ۵**

اُس پری رو کو محافے میں بٹھا کر لائی۔
نکہت گل کیطرح صاف اُڑا کر لائی

صاف انکار کرنا۔ا۔ف م۔ بالکل مکر جانا۔ قطعی انکار کرنا +

صاف جواب دینا۔ا۔ف م۔ دیکھو (دو ٹوک جواب دینا)

صاف رہنا۔ا۔ف ل۔ (۱) دیانت دار یا ایماندار رہنا + صاف رہ بیباک رہ پشل۔ (۲) فاقہ کرنا۔ بھوکا رہنا +

وہ بیچارہ کل دن بھر صاف رہا +

صاف کرنا۔ا۔ف م۔ (۱) میل مٹی دور کرنا + (۲) دھونا + (۳) مانجھنا + (۴) پونچھنا + (۵) اُجالنا صیقل کرنا + (۶) چنا پھٹکنا۔ بینا + (۷) جنگل وغیرہ کے درختوں کو کاٹ کر میدان یا زمین نکالنا جھاڑ جھنکاڑ دور کرنا + (۹) چٹ کر جانا۔ کھا جانا۔ بالکل اُڑا جانا + (۱۰) بالکل موس لینا۔ صفایا کرنا۔ جھاڑو دیدینا +

صاف نکل جانا۔ا۔ف ل۔ کسی آفت یا مصیبت کے صدمہ سے بالکل بچ جانا

صبح خیز۔ا۔اسم مذکر بہت ہی صبح چوری کرنے والا۔ جو صبح کاذب کے وقت چوری کرے +

صبح شام کرنا۔یا۔ بنانا۔ا۔ف م۔ آج کل کرنا۔ ٹالنا۔ بہانہ کرنا + میر ؎

برسوں مجھکو یونہی گزرے صبح و شام بناتے ہے
بکھر رہی ہیں مُنہ پہ زلفیں آنکھ نہیں کھل سکتی ہے

صبح کرنا۔ا۔ف ل۔ رات کاٹنا۔ تڑکا کر دینا۔

صبر آنا۔یا۔ پڑنا۔ا۔ف ل۔ تسکین ہونا۔ ٹھنڈک پڑنا۔ تسلی و تشفی ہونا۔ سنتوک آنا +

مار زمیں میں گاڑا تب اُسکو صبر آیا (مصحفی)
اس دل نے ہمکو آخر یوں خاک میں ملایا

صبر پڑنا۔یا۔ ہونا۔ا۔ف ل۔ (۱) ستم رسیدہ کی آہ کا اثر ہونا + (۲) کیا اُس گھر میں چرچا جسنے میری آہ و زاری کا (جرأت)
الٰہی! صبر اُسکی جان پر اس بیقراری کا

(۲) تسلی ہونا۔ دیکھو (صبر آنا)

صبر کرنا۔ا۔ف م۔ (۱) قناعت کرنا۔ سنتوکھ کرنا + (۲) تحمل و برداشت کرنا۔ سہنا۔ سہارنا + (۳) انتظار کرنا۔ منتظر رہنا۔ راہ دیکھنا۔

مصیبت میں صبر کرنا جوانمردوں کا کام ہے۔

صبہ لینا یا۔ سمیٹنا۔ا۔ف م۔ (۱) بوجھ سُننا۔ کوسنے کھانا + (۲) تہمت و الزام لگانا + داغ ؎

صبر لے زاہد نہ مجھ سے خوارووں کا
بخشنے والا بھی دیکھا ہے گنہگاروں کا

صحبت اُٹھانا ۔ا۔ف ل۔ کسی کی صحبت میں رہکر تعلیم پانا۔ شاگردی حاصل کرنا۔ آنکھیں دیکھنا +

صحبت داری ۔یا۔ **صحبت کرنا** ۔ ا۔ف م۔ ہمبستر ہونا۔ جماع کرنا۔ ساتھ سونا +

صحبت گرم ہونا ۔ا۔ف ل۔ جلسے ہونا۔ مزے اُڑنا +

صحبت نرہنا ۔ا۔ف ل۔ جلسہ میں شریک نہونا۔ ہمجلس نہ بننا + آرزو ؎

پیدا کہاں ہیں ایسے پراگندہ طبع لوگ
افسوس تمکو میر سے صحبت نہیں رہی

صحت خانہ ۔ا۔ اسم مذکر۔ جائے ضرور۔ پیخانہ۔ بیت الخلا +

صحت ہونا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) آرام ہونا۔ اچھا ہونا۔ بھلا چنگا ہونا + (۲) گوزآنا۔ اجابت ہونا + (پورب)

صحنک سے اُٹھ جانا ۔ا۔ف ل۔م ع۔ بی بی عایشہ کی نیاز کی صحنک کھانے کے قابل نہ سمجھا جانا + پارسا و باعصمت نرہنا۔ خراب تصور ہونا + شوق ؎

ڈرہے ہم صورتوں کی چشمک سے
ارے اُٹھ جاؤں گی میں صحنک سے

صحیح کرنا ۔ا۔ف م۔ (۱) ٹھیک کرنا۔ درست کرنا۔ بٹھانا۔ جمانا۔ لگانا + (۲) غلطی نکالنا۔ اصلاح دینا + (۳) دستخط کرنا تصدیق کرنا + (۴) درج حساب کرنا۔ بہی مین لکھنا۔ لکھ لینا + (۵) مارنا۔ لگانا جمانا۔ دینا + ایک چانٹا صحیح کیا +

صدّا دینا ۔ا۔ف م (پنجابی) شادی کا بلاوا دینا۔ مبلّوا دینا +

صدقے جانا ۔یا۔ **ہونا** ۔ا۔ف ل۔ واری جانا۔ نثار یا قربان ہونا۔ بلہاری جانا۔

صدقے کی گڑیا ۔ا۔ اِسم مونث۔ (۱) ایک بنی سنوری گڑیا جو صدقے میں اُتاری جاتی ہے (۲۔ طنزاً) دُبلی پتلی خوش پوشاک لڑکی +

صرّاف کے سے ٹکے ۔ا۔ محاورہ (صرّاف اپنے ٹکوں کو دمڑی کے فائدے سے بیچ ڈالا کرتا ہے) اسی سبب سے ایسا معاملہ جسمیں فائدہ بہت کم ہو۔ جزوی نفع کا سودا + (دوکاندار)

صرفہ کرنا ۔ا۔ف ل۔ کفایت کرنا۔ اوت ڈھونڈنا +

صفاچٹ کرنا ۔ا۔ف م۔ بالکل مونڈ ڈالنا +

صفائی کر دینا ۔ا۔ ف م ۔(۱) بالکل صاف وشفاف کرنا + (۲) کھا ڈالنا ۔ چٹ کر جانا ۔ (۳) اُٹھا دینا ۔ صرف کر ڈالنا + (۴) اُجاڑ ڈالنا ۔ برباد کر دینا + (۵) دیدینا ۔ چکا دینا + (۶) تصفیہ کر دینا ۔ معاملہ فیصل کر دینا

صفحۂ ہستی ۔ ف اِسم مذکّر ۔ دنیا کا پردہ ۔ سنسار +

صفحۂ ہستی سے نام و نشان مٹانا ۔ا۔ ف م ۔ دنیا کے پردے پر سے ناپید کر دینا ۔ بیخ ناس کر دینا +

صفو دینا ۔ا۔ ف م ۔ بالکل مات کرنا ۔ تاش کا ایک ایک پتّہ جیت لینا +

صلاحیت لکھنا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) سرکاری میں پولس کا مسافروں کے نام اور آمد و رفت کا حال لکھنا ۔ رپوٹ لکھنا + **صلّ علیٰ کہنا** ۔ا۔ ف م ۔ تعریف کرنا ۔ توصیف کہنا ۔ سبحان اللہ کہنا +

(مثل) ہاں دہن غنچوں کے وا کیا جانے کیا کہنے کو ہیں ٹک اُس کو دیکھ کر صلّ علیٰ کہنے کو ہیں ۔

صلواتیں سنانا ۔ا۔ ف م ۔ گالیاں دینا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ ناملائم باتیں کہنا +

صندل کے چھاپے منہ پر لگنا ۔ا۔ ف ل ۔ سُرخ رُوئی حاصل ہونا ۔ سرخ رو ہونا +

صندل کی سی تختی ۔ا۔ صفت ۔ صندل کی مانند صاف اور ملائم + (نظم)

صندل گھسنا ۔ا۔ ف م (م عو) چپٹی کھیلنا +

صنم آمد صنم کا کھیل ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ ایک قسم کا کھیل ہے جسمیں ایک کہتا ہے "صنم آمد" دوسرا پوچھتا ہے "از کجا آمد"

(مثل) پیری ہی میں کچھ داغ جوانی نہیں چھکا طفل میں بھی ہم کھیل جو کھیلے تو صنم کا

صورت آشنا ہونا ۔ا۔ ف ل ۔ روشناس ہونا ۔ کسی شخص کی شکل پہچان سکنا اور اُس سے ملاقات نہ ہونا

صورت بنانا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) اپنے تئیں دوسرا ظاہر کرنا ۔ بھیس بدلنا ۔ روپ بدلنا + (۲) دھوکا دینا ۔ مکر گانٹھنا (۳) کسی چیز کو دیکھکر گھنیانا ۔ ناک بھوں چڑھانا +

صورت پکڑنا ۔ا۔ ف ل ۔ شکل بننا ۔ ڈھنگ بندھنا ۔ (۲) ہونا ۔ باعث ہونا ۔ وقوع میں آنا +

صورت حرام ۔ا۔ صفت ۔ جو چیز ظاہر میں خوبصورت اور باطن میں خراب ہو

دکھاوے کا۔ ظاہری عمدہ +

صورت کرنا۔ یا۔ نکالنا۔ ا۔ ف م۔ تدبیر۔ بندوبست کرنا۔ وسیلہ پیدا کرنا۔

صوفیانہ وضع۔ ا۔ اسم مؤنث۔ صوفیوں کی سی وضع۔ سیدھی سادی وضع۔ سادہ

ڈھنگ +

صید بدنا۔ ا۔ ف ل۔ (کبوتر باز) شرط لگانا۔ ہوڑ بدنا۔ ہمسری کرنا +

صیغہ گردانتا۔ ا۔ ف م۔ (۱) تصریف کرنا۔ فعل (۲) مجامعت کرنا +

ض

ضایع کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) رائیگاں کرنا۔ تلف کرنا۔ اُڑانا +

ضایع ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) تلف ہونا رائیگاں جانا۔ خراب ہوجانا + (۲) مرجانا فوت ہونا +

ضبط کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) جوش کو روکنا تھامنا + (۲) جائداد وغیرہ کا سرکاری حق یا جرم کے عوض میں لے لینا۔ قرق کرلینا +

آہ کرنے میں شان جاتی ہے
ضبط کرنے میں جان جاتی ہے

ضبطی میں آنا۔ ا۔ ف ل۔ سرکاری مال ہوجانا۔ جائداد کا قرق ہوجانا +

ضد باندھنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ہٹ کرنا۔ اُڑنا + (۲) ہمسری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ بحث بحثی کرنا + (۳) دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا +

ضد ابدی ہونا۔ ا۔ ف ل۔ بحث یا تکرار ہونا۔ جھگڑا ہونا + گرد ھرکب راسے بیٹا جھگڑت باپ سے کرتریا سے تیہ
ضد ابدی ہونے لگی۔ مجھی جدا کردے

ضد پوری کرنا۔ ضد رکھدینا۔ ا۔ ف م۔ کسی کے کہنے کو رد نکرنا۔ ہٹ پوری کردینا +

ضد چڑھنا۔ ا۔ ف ل۔ ہٹ پر آنا۔ اُڑنا

ضد رکھنا۔ دشمنی و عداوت رکھنا

ضد کرنا۔ ا۔ ف م۔ ہٹ کرنا۔ تکرار کرنا حجت کرنا۔ بحث کرنا +

ضرب اُٹھانا۔ ا۔ ف م۔ صدمہ جھیلنا نقصان گوارا کرنا +

ضرب المثل ہونا۔ ا۔ ف ل۔ کہاوت کی طرح ہر ایک کی زبان پر ہونا مشہور ہونا۔ شہرت پانا +

ضرب لگانا ۔ ا۔ ف م ۔ (۱) چوٹ لگانا ہتوڑا مارنا ۔ کوٹنا + (۲) اللہ کا نام دل پر نقش کرنا ۔ ذہن نشین کرنا ۔ ایک قسم کی عبادت کرنا +

ضلع بولنا ۔ ا۔ ف ل ۔ جگت بولنا ۔ ضلع میں بات چیت کرنا +

ط

طاق بھرنا ۔ ا۔ ف م ۔ (م ۔ عو مسجد) یا کسی بزرگ کے مزار پر سنت کا چراغ جلانا +

طاق پر رکھا رہنا ۔ ا۔ ف ل ۔ نکما و ناکارہ ہو جانا ۔ رائگاں و بیکار رہ جانا ۔ بے اثر ہونا

طاق پر رکھنا ۔ ا۔ ف م ۔ طے کر کے رکھنا

دیکھو (چھپر پر رکھنا) **ظفر** ؎

رکھو طاق پر اپنی یہہ دوستی
نہ دشمن میرا ایک زمانہ کرو

طاق ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) زائل ہونا ۔ جاتا رہنا + طاقت طاق ہو گئی + (۲) لاثانی اور اکا ہونا ۔ بے مثال ہونا +

وہ اس کام میں طاق ہے

طالع چمکنا ۔ ا۔ ف ل ۔ قسمت یا بھاگ جاگنا ۔ نصیبہ کھلنا + **صفدر** ؎

ظلمت ہجر گئی ماہ منور چمکا
بخت بیدار ہوئے طالع صفدر چمکا

طباق سا منہ ۔ ا۔ اسم مذکر (م ۔ عو) چوڑا چپٹا منہ ۔ بھدا یا بھونڈا منہ +

طباقی کتا ۔ ا۔ اسم مذکر ۔ (بازاری) مفت خورا ۔ طفیلیا ۔ طعام تلاش ۔

طبع زاد ۔ ف ۔ صفت ۔ مخترع ۔ ایجاد کردہ

طبق چھوڑنا ۔ ا۔ ف م ۔ نذر و نیاز کرنا صحنک دینا + **جانصاحب** ؎

یہاں کا طبق چھوڑ دونگی دیوانی نہ ہو جاؤں
کچھ کھوٹ ہے جو خواب میں دریا نظر آیا

طبقہ الٹ جانا ۔ ا۔ ف ل ۔ کسی سلطنت میں زوال آجانا +

طبلہ کھڑکنا ۔ یا ۔ ٹھکنا ۔ ا۔ ف ل ۔ طبلہ بجنا ۔ ناچ رنگ ہونا +

طبیعت الجھنا ۔ ا۔ ف ل ۔ جی پریشان ہونا ۔ پراگندہ خاطر ہونا ۔ گھبرانا +

طبیعت آنا ۔ ا۔ ف ل ۔ عاشق یا فریفتہ ہونا ۔ جی یا دل آنا + **شوق** ؎

جب طبیعت کسی پہ آئے گی
سارے حکمت یہ بھول جائیگی

طبیعت بگڑنا۔ا۔ف ل۔ (۱) جی متلانا یا گھبرانا۔ جی اُتھل پتھل ہونا + (۲) برداشتہ خاطر ہونا۔ جی اُکتا جانا + (۳) ناراض یا خفا ہو جانا +

طبیعت بھر جانا۔ا۔ف ل۔ جی بھر جانا سیر ہو جانا +

طبیعت دار۔ا۔صفت۔ ہوشیار۔ ذہین زود فہم +

طبیعت لڑانا۔ا۔ف م۔ زبردستی کسی کام میں طبیعت کو مائل کرنا۔ طبیعت پر زور ڈالنا +

طبیعت لڑنا۔ا۔ف ل۔ (۱) کسی باریک بات کے حل کرنے میں طبیعت کا پہنچ جانا (۲) مائل یا راغب ہونا + **ذوق** ؎

واہ کیا کیا طبیعت اپنی بھی
عشق میں ابتدا سے لڑتی ہے

طبیعت لگنا۔ا۔ف ل۔ دل کا مشغول ہونا۔ جی لگنا +

طبیعت ہونا۔ا۔ف ل۔ دل آنا۔ جی چاہنا۔ رغبت ہونا + **شوق** ؎

ستیاناس جائے غارت ہو
اور پر جسکی کچھ طبیعت ہو

طرارے بھرنا۔ا۔ف ل۔ (۱) سرپٹ دوڑنا + (۲) بے تکان پڑھنا۔ فر فر پڑھنا +

طرح اُڑانا۔ا۔ف م۔ کسی کی وضع سیکھ لینا۔ انداز کا حاصل کرنا +

طرح دار۔ا۔ف۔ صفت۔ خوبصورت وضع دار۔ چھیلا۔ رنگیلا +

طرح دینا۔ا۔ف م۔ (۱) بے پروائی کرنا۔ چشم پوشی کرنا + (۲) ٹال دینا۔ اعراض کرنا۔ روگردانی کرنا +

طرح ڈالنا۔ا۔ف م۔ بنیاد یا نیو ڈالنا۔ تدبیر کرنا +

طرز اُڑانا۔ا۔ف م۔ دوسرے کی طرز و روش اختیار کر لینا۔ ڈھنگ سیکھ لینا + **ناسخ** ؎

ہر نالے میں سو ٹکڑے جگر ہوتا ہے بلبل کا
آسان نہیں طرز اُڑانی مرے دل کی

طرحدار ہونا۔ا۔ف ل۔ معشوق صفت ہونا۔ معشوقوں کی سی بات پائی جانا۔ وضعدار ہونا + **صفدر** ؎

ایک ہولا کھ جوانوں میں طرحدار بھی ہو
رشک یوسف بھی ہو عاشق بھی ہو زردار بھی ہو

طرفۃ العین میں۔ا۔ف م۔ دم کے دم میں۔ ذرا سی دیر میں +

طرفہ معجون۔ا۔صفت۔ انوکھا۔ عجیب۔ نادر +

طرف ہونا۔ **طرفداری کرنا**۔ **طرفدار ہونا**۔ ا۔ ف م۔ کسی کی سی کہنا۔ پاس کرنا۔ پہلو یا حمایت پر ہونا + **نثار** ؎

سُنے گا کون بھلا حشر میں مری فریاد
وہاں بھی تیری طرف ہونگے سب یہانکی طرح

طُرفہ یہہ ہے۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ تعجب یہہ ہے! انوکھی بات ہے!

طشت از بام ہونا۔ ا۔ ف ل۔ مشہور ہو جانا۔ شہرت پا جانا۔ کھل جانا +

طشت چوکی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کا امیری پخانہ۔ باٹ (انگریز) صحت خانہ

طعن توڑنا۔ ا۔ ف م۔ آوازہ کشی کرنا۔ اوازہ توازہ پھینکنا۔ بولی مارنا +

طفلِ مکتب۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) بچہ طالب علم + (۲) ناتجربہ کار۔ ناآزمودہ کار۔ لونڈا +

طُفیلیا۔ ا۔ اسم مذکر۔ خوشامدی۔ برگی پیچھ لگو +

طلب بجھانا۔ یا۔ مِٹانا۔ ا۔ ف م۔ خواہش کو رفع کرنا۔ اچھا پوری کرنا +

طلب بانٹنا۔ ا۔ ف م۔ تنخواہ تقسیم کرنا

طِلسم باندھنا۔ ا۔ ف م۔ ایک عجیب و غریب چیز بنانا۔ انوکھی بات کرنا +

طنطنہ دکھانا۔ یا۔ کرنا۔ ا۔ ف م۔ گھمنڈ کرنا اِترانا +

طور بے طور ہونا۔ ا۔ ف ل۔ حال بگڑ جانا۔ قریب المرگ ہونا۔ غیر حالت ہونا +

طُوطی بُلوانا۔ ا۔ ف م۔ نام پانا یا حاصل کرنا۔ شہرت حاصل کرنا + **نظیر** ؎

بولے جو سُوم بھڑوا مار اُسکے سر پے جوتی
دو دن تو دوستوں میں بُلوالے اپنی طُوطی

طُوطی بولنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) رعب ہونا کہنا چلنا + (۲) شہرت ہونا۔ کسی کے جمال یا کمال کلام میں شہرہ ہونا + (۳) زمانہ کا نہایت موافق ہونا۔ معقول آمدنی ہونا +

طُوفان اُٹھانا۔ یا۔ مچانا۔ ا۔ ف م۔ بہت ساغل وشور مچانا۔ حشر برپا کرنا +

طُوفان اُٹھنا۔ ا۔ ف ل۔ بہتان یا الزام لگنا + ؎

روتا ہوں جو میں کرتے ہو بہتان ہزاروں
دو آنسوؤں پر اُٹھتے ہیں طوفان ہزاروں

طُوفان آنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) نہایت تیز ہوا کا چلنا۔ آندھی آنا + (۲) پانی کا ملغیانی پر آنا۔ رَو آنا۔ چڑھاؤ آنا +

طوفان کھڑا کرنا۔ اٹھانا۔ لگانا۔ باندھنا۔ یا جوڑنا۔ ا۔ ف م۔ الزام لگانا۔ تہمت دھرنا + (۱) مومن ؎ میں تو بولا ہی نہیں کسنے کیا ہے شکوہ جھوٹ طوفاں نہ اٹھا۔ خیر ہے برہم مت ہو (۲) نہا دھو کے بڑی روٹی میں اس ضد سے اٹھا (بواقف) خدا کا قہر ہے! طوفان۔ لو! ہندی پے باندھا ہے (۳) رشتہ بہنا پے کا توڑ دیگے وہ جوڑیں طوفاں (بارش) خوب ثابت ہوا اب جوڑ ہے مجھ پر چلت۔

طول پکڑنا۔ یا۔ کھینچنا۔ ا۔ ف ل۔ بات کا بڑھ جانا۔ کسی مرض کا بڑھ جانا +

طومار باندھنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) بڑی طول طویل کہانی لکھنا یا بیان کرنا + (۲) جھوٹ کے پل باندھنا +

طویلہ کی بلا بندر کے سر پڑنا۔ ا۔ ف ل۔ ایک کی آفت یا مصیبت دوسرے کے ذمہ پڑنا +

طہارت کرنا۔ ا۔ ف م۔ آبدست لینا۔ سونچنا۔ ہاتھ دھونا +

طے کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) لپیٹنا + (۲) کاٹنا قطع منزل کرنا + (۳) فیصلہ کرنا۔ چکانا۔ بیباق کرنا +

طیش میں آنا۔ ا۔ ف ل۔ خفا ہونا غیظ و غضب میں آنا۔ خشمگیں ہونا جھلانا +

ظ

ظاہر پرست۔ ف۔ صفت۔ ظاہری حالت پر نظر کرنیوالا۔ دنیادار + دنیا ظاہر پرست ہے۔

ظاہر داری برتنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) دکھاوے کی باتیں کرنا۔ نمود کرنا دنیا دکھاوا کرنا + (۲) تکلف سے پیش آنا +

ظلم دوست۔ ظلم پیشہ۔ ف۔ صفت۔ ظلم کو دوست رکھنے والا۔ ظلم پسند۔ ظالم۔ انیائی +

ع

عارض ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) ہونا۔ پیدا ہونا۔ لاحق ہونا + (۲) مانع آنا۔ روک ہونا۔ حائل ہونا +

عارضی ہے۔ ا۔ محاورہ۔ چند روزہ ہے

فانی ہے + احسن ؎
یہی مضموں خط ہے احسن اللہ
کہ حسن خوبرویاں عارضی ہے

عاری ہوجانا یا آجانا ۔ا۔ف ل۔ تنگ آجانا۔ تھک جانا۔ مجبور ہونا +

عاشق مزاج ۔ا۔صفت ۔ زندہ دل۔ خوش طبع ۔ رنگیلا +

عاشق معشوق ۔ا۔اسم مذکر۔ (۱) پیا پیتم + (۲) فاعل ومفعول + (۳) پیٹی کے بزمادین +

عافیت تنگ کرنا ۔ا۔ف م۔ آرام میں خلل ڈالنا۔ عیش منغص کرنا +

عاقبت اندیش ۔ا۔صفت ۔ دُور اندیش انجام کار سوچنے والا +

عاقبت بگاڑنا یا گندی کرنا ۔ ا۔ف م۔ اپنے حق میں کانٹے بونا نیکوں کے ساتھ بُرائی کرکے اپنے گردن پر عذاب لینا ۔گناہگار بننا +

عاقبت کا توشہ ۔ا۔ اسم مذکر (اسلام) (۱) نیک کام ۔عمدہ اعمال۔ (۲) جب کسی کا معصوم بچہ مرجاتا ہے تو اُسکے دلاسے اور دلجوئی کے واسطے یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں کیونکہ انکا خیال ہے کہ ایسے بچے آخرت میں اپنے والدین کی شفاعت کریں گے +

عاقبت کے بوریئے سمیٹنا ۔ا۔ف ل (۱) بہت ہی بڈھا ہوکر مرنا + (۲) مصیبت اُٹھانا ۔ دُکھ بھگتنا + **جانصاحب** بی! عاقبت کے کون سمیٹیگا بوریئے ۔ جو آج آئے کل گئے اس جا یو نہیں ہے +

عالم پھرنا ۔ا۔ف م۔ ایک جہان کا ناراض ہوجانا ۔ خلقت کا برگشتہ ہوجانا

عالمگیری عہد ۔ا۔ محاورہ (چونکہ عالمگیر بادشاہ حکمت عملی اور فریب کا اُستاد تھا) اسی سبب سے مکر وفریب کا زمانہ۔ دغابازی کا وقت +

عالی ظرف ۔ا۔ اسم مذکر۔ قابل ولائق آدمی ۔ سمائی والا +

عام میں ۔ا۔م ف ۔سب کے سامنے علانیہ +

عبور دریائے شور کرنا ۔ا۔ف م کالے پانی بھیجنا ۔ سمندر پار اُتار دینا +

عتاب وخطاب ۔ع ع۔ اسم مذکر ۔ خفگی کے کلمے ۔عتاب آمیز کلام +

عجب حال ہونا ۔ا۔ف ل کیفیت دگرگوں ہونا ۔ بُرا حال ہونا + **میر** ؎

قامت خمیدہ و رنگ شکستہ بدن نزار
تیرا تو میر غم میں عجب حال ہو گیا

عدالت کے کتے ۔ ا۔ اسم مذکر۔ کچہری کے رشوت خوار ملازم +

عدت میں بیٹھنا ۔ ا۔ ف ل۔ (اسلمان) بیوہ عورتکا اپنے رشتہ داروں کے سامنے ساڑھے چار مہینے تک نہ نکلنا +

عذاب مول لینا ۔ ا۔ ف م۔ اپنے سر تکلیف لینا ۔ جان بوجھ کر دقت میں پڑنا

عذاب میں پھنسنا ۔ ا۔ ف ل۔ دقت یا مصیبت میں پھنسنا ۔ مصیبت میں مبتلا ہونا +

عرش پر جھولنا ۔ ا۔ ف ل۔ (لکھنو) عالی مرتبہ ہونا ۔ بڑا درجہ ہونا +
اُنکی شکوہ عرش پر جھولتی ہے

عرش پر چڑھانا ۔ ا۔ ف م۔ نہایت قدر و منزلت کرنا ۔ دیکھو (آسمان پر چڑھانا)

عرش پر دماغ ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ نہایت مغرور و خود بیں ہونا ۔ دیکھو (آسمان پر دماغ ہونا)

عرش سے لے تا بفرش ۔ ا۔ م ف زمین سے لیکر آسمان تک ۔ اُوپر سے نیچے تک +

عرش سے تارے توڑنا ۔ ا۔ ف م۔ کوئی بڑا کام کرنا ۔ بڑھ کے ہاتھ مارنا +
آبلے پاؤں کے کیا تو نے ہمارے توڑے
خار صحرا سے جنوں عرش کے تارے توڑے

عرصہ تنگ ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) وقت کم ہونا + (۲) خیال کا میدان چھوٹا ہونا + خیال کو وسعت نہونا + (۳) وقت یا مصیبت میں پھنسنا +

عرضی پُرزہ کرنا ۔ عرضی ٹھوکنا ۔ ا۔ ف م۔ استغاثہ کرنا ۔ دعوٰی کرنا ۔ نالش کرنا ۔ مقدمہ لڑانا +

عرق آجانا ۔ ا۔ ف ل ۔ شرم یا خوف کے سبب آب آب ہو جانا ۔ پانی پانی ہو جانا +

عرق ریزی کرنا ۔ ا۔ ف م۔ بڑی جانفشانی کرنا ۔ سخت محنت اُٹھانا ۔ جان مارنا +

عرق عرق ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ دیکھو۔ (آب آب ہونا)

عرق گیر ۔ ع ف ۔ اسم مذکر۔ زین کے نیچے کا کپڑا ۔ خوگیر۔ چھٹی +

عزت بگاڑنا ۔ کھونا یا لینا ۔ ا۔ ف م۔ دیکھو (آبرو بگاڑنا ۔ آبرو لینا) آبرو اُتارنا +

عزت بنانا ۔ا۔ ف م ۔ دیکھو (آبرو لینا)

عزت کا لاگو ہونا ۔ عزت کے پیچھے پڑنا ۔ا۔ ف ل ۔ دیکھو (آبرو کا لاگو ہونا)

عزل و نصب کرنا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) مقرر کرنا اور موقوف کرنا + (۲) تغیر و تبدل کرنا ۔ بڑھانا گھٹانا +

عزیز داری ۔ا۔ اسم مؤنث ۔ رشتہ داری یگانگت ۔ ناتہ +

عزیز رکھنا ۔ یا ۔ جاننا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) قدر یا عزت کرنا + (۲) جان کے برابر سمجھنا ۔ پیارا سمجھنا ۔ چاہنا +

عُشر عشیر ۔ا۔ صفت ۔ سواں حصہ ۔ تھوڑا ۔ جزوی ۔ قدرے ۔ قلیل +

عش عش کرنا ۔ا۔ ف م (غلط العام) دیکھو (اش اش کرنا)

عشق اللہ ۔ا۔ اسم مذکر ۔ سلام بندگی جو مسلمان فقیر آپسمیں کرتے ہیں +

سائیں عشق اللہ !

عشق ہے ۔ا۔ ندا و ندبہ ۔ واہ وا ! شاباش ! مرحبا ! رنگ ہے !

عطر کھینچنا ۔ یا نکالنا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) تیل نکالنا ۔ ست نکالنا + (۲) کسی کی طاقت یا کس نکال لینا + (۳) کسی چیز میں سے اُسکا عمدہ حصہ الگ کر لینا ۔ یا چھانٹ لینا +

عطر کی روئی ۔ عطر کا پھویا ۔ا۔ اسم مؤنث عطر آلودہ روئی یا روئی کا پھویا جسکو شوقین آدمی اکثر کان میں رکھتے ہیں + ؎

واہ کیا اے گل تر تیرے ملائم ہیں بدن
عطر کی روئی ہوئے عاشقوں کے کانوں میں

عطر و پان کی تواضع کرنا ۔ا۔ ف م ۔ عطر اور پان سے کسی کی مدارات کرنا ۔ مہمان کو عطر اور پان دینا +

عفت میں خلل ڈالنا ۔ا۔ ف م ۔ ست ڈگانا ۔ آبرو لینا ۔ زنا کرنا +

عُقدہ کُشائی کرنا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) گرہ کھولنا (۲) مشکل حل کرنا + (۳) افشائے راز کرنا +

پنجۂ شانہ کو دیتا ہے فلک کب ناخن ۔
جانتا ہے کہ یہی عقدہ کشائی کرتا ۔ (ذوق)

عُقدہ کھل جانا ۔ا۔ ف م ۔ دقیقہ یا معمہ کا حل ہو جانا ۔ بھید کھلنا ۔ افشائے راز ہونا +

عقل پر پردہ ۔ یا ۔ پٹکی پڑ جانا ۔ا۔ ف ل ۔ بیوقوف بن جانا ۔ ان سمجھ ہو جانا ۔ عقل کا خبط ہو جانا +

عقل پکڑنا ۔ا۔ ف ل ۔ ہوش میں آنا

ترتیب و شائستگی حاصل کرنا +

عقل جانا - ا۔ ف ل۔ ہوش جانا۔ حواس باختہ ہونا + **شوق ؎**

دیکھکر میری عقل جاتی ہے
جو مجھے کاٹ پھانس آتی ہے

عقل چرخ - یا۔ چکر میں آنا۔ عقل کے طوطے اُڑنا - ا۔ ف ل۔ پریشان ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ طبیعت اُلجھ جانا۔ حیران و ششدر رہجانا +

عقل چرنے جانا - ا۔ ف ل۔ مخبوط الحواس ہو جانا۔ ہوش و حواس ٹھکانے نہ رہنا +

عقل خرچ کرنا۔ یا۔ دوڑانا - ا۔ ف م رائے لڑانا۔ عقل آرائی کرنا۔ غور کرنا +

عقل دینا - ا۔ ف م۔ (۱) ترتیب کرنا تہذیب سکھانا۔ لکھانا پڑھانا + (۲) رائے دینا۔ سمجھانا +

عقل سٹھیانا - ا۔ ف ل۔ ساٹھ برس کے سے آدمیوں کی عقل ہو جانا۔ عقل کی تیزی جاتی رہنا +

عقل کا پُتلا - ا۔ اسم مذکر۔ نہایت عقیل آدمی۔ نہایت زکی و زود فہم +

عقل کا پورا۔ عقل کا دشمن - ا۔ اسم مذکر (طنزاً) بیوقوف۔ موڈھو۔ گاؤدی۔ احمق۔ مورکھ +

عقل کا چراغ گُل ہو جانا - ا۔ ف ل عقل میں زوال آنا۔ سمجھ میں فرق آنا۔ عقل کا جاتا رہنا +

عقل کام نہیں کرتی - ا۔ محاورہ۔ اس کام میں خیال نہیں دوڑتا۔ یہہ بات سمجھ میں نہیں آتی۔ عقل حیران ہے +

عقلِ کُل - ف۔ اسم مذکر۔ خاص صلاح کار۔ اول درجہ کا مشورہ کار +

عقل کے گھوڑے دوڑانا - ا۔ ف م - (۱) عقل آرائی کرنا۔ کسی کام میں نہایت خوض و فکر کرنا + (۲) باندھنا یا ندھنا۔ خیالی پلاؤ پکانا +

عقل کی مار - ا۔ اسم مؤنث۔ بیوقوفی بے عقلی +

عقل کے ناخن لو۔ عقل بنواؤ - ا۔ محاورہ۔ (جب گھوڑے کے ناخن بڑھ جاتے ہیں تو وہ ٹھوکریں کھانے لگتا ہے۔ اسیطرح تمہاری عقل کے گھوڑے کے ناخن بڑھ گئے ہیں اسکے ناخن لواؤ تو درست ہو جائے ہوش میں آؤ۔ سمجھ کے بات کرو +

عقل ماری جانا۔ یا۔ جاتی رہنا - ا۔ ف ل۔ عقل کا ٹھکانے سر نہ رہنا۔

بیوقوفی کا کام کرنا +

عقلمند کی دُم - ا - صفت - طنزاً - بڑا عقلمند - عقل کا پتلا - بیوقوف - احمق +

عقل میں آنا - ا - ف ل - سمجھ میں آنا - رائے یا خیال میں آنا - سمجھ جانا +

عکس اُتارنا - ا - ف م - عکسی یا فوٹو کی تصویر کھینچنا +

عِلّت اُبنا - ا - اسم مؤنث - بدیس - اغلام کرانیکی عادت +

عِلّت لگالینا - ا - ف ل - کسی چیز کا عادی ہو جانا +

عِلّت لگانا - ا - ف م - الزام لگانا - تہمت دھرنا +

علی الحساب دینا - ا - ف م - پیشگی کے طور پر دیدینا اور حساب کے وقت مجرا لینا - حساب میں دینا +

عُمر بھر کی روٹیاں سیدھی کرلینا - ا - ف م - اتنا روپیہ کمالینا کہ وہ زندگی بھر کام آئے - بہت سا روپیہ کمالینا -

عُمر پٹہ لکھوانا - ا - ف م - عمر کا ٹھیکہ لینا ہمیشہ جیتے رہنے کے سامان کرنا +

لائے تھے ہمتو عمر پٹہ یاں لکھا - ولے -
جب سیاہی پر سفیدی چڑھی تب خبر ہوئی (نظیر)

عُمر ٹیر کرنا - کاٹنا - یا - بسر کرنا - **عمر کے دن بھرنا** - یا - پورے کرنا - ا - ف ل - جوں توں کرکے دن کاٹنا - ایام گزاری کرنا - بُرے حالوں جینا + **نظیر**

مرتا ہوں تڑپتا ہوں پڑا ہجر میں اُس بن
دن عمر کے بھرتا ہوں شب و روز میں گن گن

عُمر دراز - ا - کلمہ دعائیہ - تمہاری عمر دراز ہو - جیتے رہو - خدا کرے تم بہت مدت تک جیو + (م عو)

عُمر رسیدہ - ف - صفت - زمانہ دیدہ بڈھا - بڑی عمر کا +

عمر کا پیمانہ بھر جانا - لبریز یا پُر ہو جانا - ا - ف ل - زندگی پوری ہو جانا - مرنے کے دن پاس آجانا +

عمرِ نوح - ا - اسم مؤنث - نوح کی سی بڑی عمر - بہت عرصہ - ایک زمانہ +

عمل بیٹھ جانا - **عملہ دخلہ ہو جانا** - ا - ف ل - قبض و تصرف میں آجانا سکہ بیٹھ جانا - حکومت ہو جانا +

کشورِ عشق میں جرأت سے عمل بیٹھ گیا -
اُٹھ گئے غیر جو میں بزم میں کل بیٹھ گیا (برفی)

عمل پڑھنا ا - ف م - اسم یا پڑھنت

پڑھنا۔ منتر مارنا۔ جادو کرنا +

عمل ہو جانا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) دخل یا قبضہ ہو جانا + (۲) نشہ ہو جانا +

عمامہ و فعلہ ۔ ا۔ اسم مذکر۔ نوکر چاکر۔ ملازم اہالی موالی +

عنایت کرنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) مہربانی یا احسان کرنا + (۲) تشریف لانا + (۳) کوئی چیز عطا کرنا۔ مرحمت کرنا۔ دینا +

عندیہ لینا ۔ یا معلوم کرنا ۔ ا۔ ف م۔ رائے لینا۔ مافی الضمیر یا منشا دریافت کرنا۔ بھید لینا +

عندیہ نہیں پایا جاتا ۔ ا۔ محاورہ۔ اصلی مطلب نہیں کھلتا۔ ارادۂ دلی نہیں معلوم ہوتا۔ بھید نہیں پایا جاتا +

عنقا ہونا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) کمیاب ہونا۔ نادر یا نایاب ہونا + آتش

سایہ کرتے ہیں بجائے پروں سے اپنے
تیرے رخسار سا دلچسپ ہو عنقا ہے وہ رخ

(۲) کم ہونا + آج کل پڑھے ہوؤں کی کثرت سے روزگار عنقا ہو گیا ہے

عہد کر لینا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) قول و قرار کرنا بچن ہارنا۔ وعدہ کر لینا + (۲) قسم کھا بیٹھنا۔ چھوڑ دینا۔ تیاگ دینا +

عیادت کرنا۔ عیادت کو جانا ۔ ا۔ ف م۔ مزاج پرسی کرنا۔ پیمار لینا۔ خبر پوچھنا +

عیال داری میں پھنسنا ۔ ا۔ ف ل بال بچوں کے بکھیڑے میں مبتلا ہونا۔ خانہ داری کے جھگڑوں میں گرفتار ہونا

عیب جوئی کرنا۔ عیب گیری کرنا ۔

عیب ڈھونڈنا ۔ ا۔ ف م۔ خردہ گیری کرنا۔ عیب نکالنا۔ برائی بتانا + عیب جویان سخن ڈھونڈتے ہیں عیب اسے (امیر) جو ہنرمند ہیں وہ داد ہنر دیتے ہیں

عیب لگانا ۔ ا۔ ف م (۱) الزام دھرنا بہتان لگانا۔ ملزم قرار دینا۔ داغ لگانا (۲) زناکاری وغیرہ کی علت سے منسوب کرنا۔ بدنام و رسوا کرنا +

عید کے چاند ہو جانا ۔ ا۔ ف ل۔ (عید کا چاند برسوں دن دکھائی دیتا ہے) اسی سبب سے بہت کم نظر آنا۔ گاہے ماہے ملنا +

عید منانا ۔ ا۔ ف ل۔ خوشی منانا۔ عید کرنا + داغ ؎

گر میکدہ میں عید منائی تو کیا ہوا۔
اب ہی شیخ تیرا دوگانہ قضا ہوا +

عید ہونا - ا - ف ل - خوشی ہونا - شادی ہونا - دل باغ باغ ہونا + **یار علی ؎**

ہوتی تھی مجھکو عید سمندر میں اُسکھڑی
ٹھیرا جہاز جب کوئی ٹاپو نظر پڑا -

عیش اُڑانا - ا - ف م - حظ نفسانی حاصل کرنا - خوشی و خوری میں زمانہ گزارنا - رنگ رلیاں کرنا +

عیش کے بندے - عیشی بندے ا اسم مذکر - وہ لوگ جو حظ نفسانی کے پابند ہوں - موجی جیوڑے - اندری بھوگی - نفس پرست +

عین غین - ا - اسم مذکر - (صرف نقطہ کا فرق) (۱) بھینگا - اینچا تانا + (۲) پھلّی دار +

عین مَیں - ا - م ف - (من و من کا بگاڑ ہے) بعینہ - وہی - ویسا ہی ہو بہو - ٹھیک ٹھیک +

غ

غارت غول ہونا - ا - ف ل (۱) تباہ یا برباد جانا - تلف یا ضایع ہوجانا (۲) نظر سے غائب یا ناپید ہونا + (۳) جاتا رہنا - گم ہونا - چوری جانا +

غارت گیا - ا - اسم مذکر (ع) تباہ شدہ مری لیا - اُجڑا + **شوق ؎**

چھوڑ - غارت گئے ! میرا پیچھا +

غازی مرد - ع - ف اسم مذکر - (۱) بہادر آدمی + (۲) گھوڑا +

غائب غُلّہ کر دینا - ا - ف م - اگل کر دینا - اُڑا دینا - اوپر ہی اوپر خرچ کر ڈالنا

غپ شپ - ا - اسم مؤنث - جھوٹی سچی یا اِدھر اُدھر کی باتیں +

غت ربود کرنا - ا - ف م (بلاغت ربود کا بگاڑ ہے) مِلا دینا - گڈمڈ کر ڈالنا خراب کر دینا +

غٹ پٹ ہو جانا - ا - ف ل - باہم جنگ و جدل ہوجانا - گتھ جانا - لڑ جانا

غدر مچانا - ا - ف م - (۱) بد انتظامی کر دینا + (۲) لُوٹ مچا دینا + (۳) غل غپاڑا کرنا - شور و شر مچانا +

غذائے لطیف - ا - اسم مؤنث - ہلکی خوراک یا غذا - زود ہضم کھانا -

غرض کا باؤلا - یا - دیوانہ ا - اسم مذکر

مطلب کا غلام +

غرض کا یار ۔ا۔ اسم مذکر۔ (۱) مطلب کا یار۔ خود مطلبیا۔ زمانہ ساز + (۲) چالاک عیار +

غرض کرنا ۔ا۔ ف م (دوکاندار) اپنی غرض نکال لینا۔ سستا یا ادنے پونے بیچ ڈالنا +

غرض نکالنا ۔ا۔ ف م۔ مطلب براری کرنا۔ خواہش یا آرزو پوری کرنا +

غرض یہ کہ ۔ا۔ م ف۔ قصہ مختصر بالقصہ

غُرفش لانا ۔ا۔ ف م۔ تکرار نکالنا غصہ آمیز باتیں کرنا۔ جھگڑا لانا۔ اینٹھنا +

غُرفہ کی بات چیت ۔ا۔ محاورہ۔ (بازاری) رمز کی باتیں۔ چھپواں باتیں

غرق ہونا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) ڈوبنا + (۲) کسی کام میں نہایت مصروف و مشغول ہونا +

غُرہ بتانا ۔یا۔ دینا۔ ا۔ ف م۔ یہہ کہدینا کہ پہلی تاریخ پر آنا۔ ٹال دینا۔ دیکھو (آج کل کرنا) ۵

قیس دن چاند کے وعدے پہ پھراتا ہے مجھے
چاند ہوتا ہے تو پھر غُرہ بتاتا ہے مجھے

غرہ کرنا ۔ا۔ ف م۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ فخر کرنا۔ اِترانا + **اَحسن** ۵

نازک بدن پہ اپنے کرتے ہو تم جو غرّہ۔
موسہی کمر نے تجھکو فرحولن سا بنایا +

غُرّہ کرنا ۔ا۔ ف م۔ (۱) فاقہ کرنا۔ کھانا نہ کھانا + (۲) ناغہ کرنا۔ کام نکرنا +

وہ ماہ آج جو آیا تو کل کیا غُرّہ۔
نشاط و عیش میں گزرا کبھی نہ سارا جانہ (بحر)

غریبانہ ۔ا۔ صفت۔ غریبوں کے لایق جیسا۔ روکھا سوکھا۔ ادنی درجہ کا +

غریب الوطن ۔۔ع۔ صفت۔ پردیسی دوسرے دیس کا +

غریب خانہ ۔ا۔ اسم مذکر متکلم بطور انکسار کے اپنے گھر کی نسبت کہا کرتا ہے۔ میرا گھر۔ میرا مکان۔ میرا جھونپڑا

کب تو سویا تھا میرے گھر آکر
جاگے طالع غریب خانے کے (میر)

غریبی آنا ۔ا۔ ف ل۔ محتاج ہوجانا۔ مفلس ہوجانا۔ کنگالی آجانا +

غزل کہنا ۔ا۔ ف م۔ غزل تصنیف کرنا۔ یا بنانا +

غُسل کی حاجت ہونا ۔ا۔ ف ل ناپاک ہوجانا۔ نہانے کی حاجت ہونا۔ احتلام ہوجانا +

عشق ہونا ۔ا۔ ف ل ۔ عاشق یا شیفتہ ہونا ۔ مرنا کسی کے خیال میں غلطاں و پیچاں رہنا +

(۱) یہہ بھی اُنپر عشق ہے +

(۲) بند جلوے سے تیرے چشم تمنائی ہو ۔ عشق کرے موسیٰ عمراں جو تماشائی ہو ۔ (برق)

غصہ پینا ۔یا ۔ مارنا ۔ا۔ ف ل ۔ جوش دل کو ضبط کرنا ۔ خفگی کو روکنا +

ہمتو پی جاتے لہو دشمن کا پر کچھ سوچکر ۔ (ظفر)
دل میں اپنے غصہ اپنا اے ستمگر! پی گئے

غصہ تھوک دینا ۔ا۔ ف م ۔ غصہ دور کرنا ۔ غصہ کو کم کرنا ۔ جانے دینا ۔ معاف کرنا

غصہ دلانا ۔ا۔ ف م ۔ افروختہ کرنا ۔ خفا کرنا ۔ ناراض کرنا ۔ بھڑکانا +

غصہ کے مارے بھوت ہو جانا

غصہ میں بھر جانا ۔ا۔ ف ل ۔ نہایت خفا ہونا ۔ از حد افروختہ ہونا

غصہ ناک پر ہونا ۔ا۔ ف ل ۔ بات بات میں خفا ہو جانا ۔ ذرا ذرا سی بات پر بگڑ بیٹھنا +

غضب آنا یا ۔ ٹوٹنا ۔ا۔ ف ل (۱) آفت یا بلا کا نازل ہونا +

غضب توڑنا یا ۔ ڈھانا ۔ا۔ ف م (۱) فساد برپا کرنا ۔ شور و شر مچانا + (۲) غصہ اُتارنا ۔ غصہ کرنا +

غضب کرنا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) طنزاً تعجب انگیز بات کرنا ۔ انوکھی بات کرنا ۔ کوئی عجیب کام کرنا + **ظفر** ؎

بولتے تم تو کیا غضب کرتے!
سو ستم کرتے ہو بتو! چپ چپ

(۲) ظلم و ستم کرنا ۔ اندھیر یا انیاؤ کرنا

غضب میں پڑنا ۔یا ۔ گرفتار ہونا ۔ا۔ ف ل ۔ بلا یا مصیبت میں مبتلا ہونا ۔ ضیق میں جان آنا ۔ ناک میں دم آجانا +

غضب ہونا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) خفا ہو جانا ۔ آگ ہو جانا + (۲) بُرا کام ہونا ۔ کام بگڑ جانا یا خراب ہو جانا +

غلام کرنا ۔یا ۔ بنانا ۔ا۔ ف م ۔ تابع کر لینا ۔ عاشق کر لینا ۔ شیفتہ یا مفتون کرنا + **ولی** ؎

ایک نگاہ میں غلام کرتے ہیں
خوبرو خوب کام کرتے ہیں

غلام مال ۔ا۔ محاورہ ۔ کوئی سستی اور کارآمد چیز جیسے کمل

غلام ہونا ۔ا۔ ف ل ۔ تابع ہونا ۔

فرمانبردار ہونا + یار علی ۵
کیوں لونڈی اُسکی ہوں نہ زلیخا کی طرح سے
یوسف غلام ہے مرا بے دام ہو گیا +

غُلامی اِختیار کرنا ۔ا۔ ف م ۔ غلاموں کی طرح خدمت کرنا ۔ نوکری کرنا ۔ ملازمت کرنا +

غُلامی کا خط لکھنا ۔ا۔ ف م کسی شخص کا غلام بن جانا یا غلام ہونیکا عہد و پیمان کرنا ۔ (اسکو شرط یا قسم کے موقع پر بولا کرتے ہیں) +
اگر تم سے یہہ کام ہو جائے تو میں غُلامی کا خط لکھتا ہوں ۔

غُلامی میں دیتا ہوں ۔ا۔ محاورہ (مسلمان) ۔ انکار کے طور پر بیٹے والا اپنے لڑکے کی نسبت بیٹی والی سے کہا کرتا ہے کہ اس لڑکے کا بیاہ آپکی لڑکی کے ساتھ نہیں کرتا ہوں بلکہ اُسکو آپکی خدمت کے لئے دیتا ہوں وہ اُسکے جواب میں کہتا ہے کہ بیٹے بیٹی نہیں بیاہی ہے آپکی خدمت کے لئے لونڈی دی ہے +

غلبۂ رائے ۔ا۔ اِسم مذکر ۔ زیادتی رائے ۔ کثرت رائے +

غلط بردار ۔ا۔ اِسم مذکر ۔ کھرچنے والا ۔ حکاک ۔ ریزر +

غلط ٹھیرانا ۔ا۔ ف م ۔ تردید کرنا ۔ کسیکی بات کو جھوٹا کرنا +

غلطی کھانا ۔ا۔ ف ل ۔ خطا کرنا ۔ بھول جانا ۔ چُوک جانا +

غُلک میں دھرنا ۔ا۔ ف م ۔ جمع کرنا ۔ چھپا کر رکھنا +

غلّہ ڈالنا ۔ا۔ ف م ۔ (ہندو) تھوڑا تھوڑا روز یا ماہوار کرکے دیبی یا دیوتا کے نام کا آنا ج یا نقد روپیہ جمع کرنا +

غم خوار ۔ا۔ اِسم مذکر ۔ دُکھ درد کا ساتھی رنج و راحت کا شریک +

غم خواری کرنا ۔ا۔ ف م ۔ ہمدردی کرنا ۔ دُکھ یا درد بٹانا +

غم خور ۔ا۔ صفت ۔ صابر ۔ متحمل ۔ سہارو والا +

غم خوری کرنا ۔ غم کھانا ۔ا۔ ف ل برداشت کرنا ۔ جھیلنا ۔ متحمل ہونا ۔ سہارنا +

غم غلط ۔ا۔ اِسم مؤنث ۔ شراب مے

غم غلط کرنا ۔ا۔ ف م ۔ دل کو بہلانا ۔ غم بھلانا +

غم کھانا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) رنج کرنا +

افسوس کرنا۔ تاسف کرنا + (۲) ہمدردی ظاہر کرنا۔ کسی کی خاطر کڑھنا (۳۔ دیہات) تامل کرنا۔ صبر کرنا۔ ٹھیرجانا

غمی ہوجانا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) موت ہوجانا۔ مرجانا +

غُنچہ دہن ۔ا۔ اسم مذکر۔ کلی کے برابر منہ والا۔ چھوٹے منہ والا معشوق

غُنچۂ ناشگفتہ ۔ا۔ اسم مذکر۔ بند کلی بمعنی

غنیمت جاننا ۔ا۔ ف ل۔ قدر پہچاننا۔ سار جاننا۔ عزت کرنا +

غنیمت ہے ۔ا۔ م ف۔ بہرحال شکر کا مقام ہے۔ جو کچھ ہوجائے سو بہتر ہے +

غنیمت ہے آپ آئے تو سہی

غوزیں لڑانا ۔ا۔ ف م۔ ڈنلیں ہانکنا۔ لغو یا بیہودہ باتیں کرنا +

غوط مارنا یا۔ **لگانا** ۔ا۔ ف م۔ (۱) غائب رہنا۔ نظروں کے سامنے نہ آنا + (۲) کسی معاملہ کو نہایت سوچنا۔ بہت فکر کرنا۔ غور کرنا +

غوط میں آنا ۔ا۔ ف ل۔ بیہوش ہوجانا۔ غش آنا۔ سکتے میں آجانا

غوطہ دینا ۔ا۔ ف م + (۱) اصطباح دینا۔ کرشمان کرنا + (۲) دھوکا یا فریب دینا۔ چال چلنا +

غوطہ کھانا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) راستہ بھولنا۔ بھٹکنا۔ گمراہ ہوجانا + (۲) فریب یا جل میں آنا + دھوکا کھانا

غوطہ مارنا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) ڈبکی لگانا (۲) نہایت غور کرنا۔ خوب سوچنا (۳) ناغہ کرنا۔ حاضر نہ ہونا +

غیرت سے مرجانا ۔ا۔ ف ل۔ نہایت شرم کرنا۔ خجل ہوجانا۔ منفعل ہونا۔ آب آب ہونا +

غیرت کھاکے ڈوب مرنا ۔ ف ل۔ شرم کے باعث ڈوب کر مرجانا۔ حیا سے جان دیدینا +

غیرت کھانا ۔ا۔ ف ل۔ شرم کرنا۔ منفعل ہونا۔ حیا کرنا +

غیرتِ گلزار ۔ف۔ اسم مذکر۔ (لطم) جسکے دیکھنے سے باغ کو غیرت آئے معشوق +

غیر حالت ہوجانا ۔ا۔ ف ل۔ جانکنی کی نوبت پہنچنا۔ مرنے کا وقت قریب آجانا۔

غیں پیں لانا ۔ا۔ ف م۔ جھگڑا یا تکرار کرنا

ف

فاتحہ پڑھنا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) مُردوں کی قبر پر قُل ہواللہ پڑھنا + (۲) کسی چیز کی توقع یا آس چھوڑ دینا۔ مایوس ہوجانا +

فاختہ اُڑانا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) مزے اُڑانا۔ عیش وعشرت کرنا +

فارسی بگھارنا ۔یا۔ بولنا ۔ا۔ ف ل ۔ ایسی زبان بولنا جو دوسروں کی سمجھ میں نہ آسے ۔ نافہمیدہ باتیں کرنا + کیا جانیئے کہ بولینگے کیا واں کی فارسی

جرأت گئے جو شعر تیرے اصفہان کو (جرأت)

فارسی کی ٹانگ توڑنا ۔ا۔ ف م ۔ کچی پکی فارسی بولنا۔ غلط فارسی بولنا +

فارغخطی لکھوانا ۔ا۔ ف م ۔ خوب مارنا یا پیٹنا + (یہ محاورہ ایک قصہ سے لیا گیا ہے جسمیں زبردستی کسی بنئے سے مار پیٹ کرکے کسی پٹھان نے فارغخطی لکھوائی تھی) +

فاش غلطی کرنا ۔ا۔ ف م ۔ نہایت بڑی غلطی کرنا +

فاضل باقی نکالنا ۔ا۔ ف م ۔ آئی رقم حساب میں جمع کرکے باقی نکالنا +

فاعل ومفعول ہونا ۔ا۔ ف ل (۱) کرپا کرم کی بحث ہونا ۔ کرنیوالا اور سہنے والا ہونا + **مضمون** ۵ میکدے میں گو سہ اسر فعل نا معقول ہے مدرسہ دیکھا تو واں بھی فاعل ومفعول ہے

(۲) سواری دینا اور لینا ۔ اغلام کرنا ۔ ادل بدل کھیلنا + (بازاری)

فاقوں کا مارا ۔ا۔ اِسم مذکر ۔ نہایت بھوکا ۔ فاقہ زدہ +

فاقہ مستی ۔ا۔ اِسم مؤنث ۔ لنگوٹی میں پھاگ ۔ مفلسی میں رنگ رلیاں + فاقہ مستی اسے کہتے ہیں کہ غارت ہوکر۔ (جابر) پھر اُسی رنگ میں ہیں پیر وجوان وہی

فانوسِ خیال ۔ا۔ اِسم مذکر ۔ ایک قسم کا کاغذی فانوس جسمیں ہاتھی گھوڑے ہوا کے ساتھ چکر کھاتے رہتے ہیں + آنے لگے بیٹھے بیٹھے چکر + (نسیم) فانوس خیال بن گیا گھر

فتح پیچ ۔ا۔ اسم مذکر ۔ (۱) دستار بندی کا ایک طریقہ ۔ پگڑی باندھنے کا ایک ڈھنگ + (۲) عورتوں کے بال گوندھنے کا

ایک طریقہ + **آتش ۵** مہندی سے تیری ہاتھوں کی گل ضرب دست کھائے چوٹی کے فتح پیچ سے سنبل شست کھائے (۳) ایک قسم کی حقہ کی نے + **فتح خاں** - ا- اسم مذکر- بہادر اور جوانمرد آدمی + مرے نہ چوہی اور نام فتح خاں مثل **فتنہ اٹھانا** - ا- ف م - شور و شر پیدا کرنا - ہنگامہ برپا کرنا - جھگڑا کھڑا کر دینا - فساد ڈالدینا + **فتنۂ عالم** - ف- اسم مذکر- نظم - معشوق آئی اُس فتنۂ عالم کی سواری آئی یا گلستاں کیطرف باد بہاری آئی (صفدر) **فتوی دینا** - ا- ف م - (۱) شرعی طور پر اجازت دینا - رائے دینا + (۲) جائز کر دینا + **ول ۵** عشق کے مفتی نے یوں فتوی دیا دیکھنا خوباں کا درس خوب ہے **فخر خاندان** - ا- صفت - وہ شخص جسکے باعث کنبے کی بزرگی گنی جائے + **فخر سمجھنا** - یا- جاننا - ا- ف ل - باعث بزرگی یا بہتری خیال کرنا + **فرائے لینا** - یا- بھرنا - ا- ف ل - (۱) جلد جلد یا بے تکان پڑھے چلے جانا + (۲) بے تحاشا یا نہایت تیزی کے ساتھ دوڑنا + **فراش خانہ** - ا- اسم مذکر - وہ مکان جسمیں خیمہ اور فرش فروش وغیرہ رکھا رہتا ہے + **فراغت جانا** - ا- ف ل - جائے ضرور جانا - پیخانہ پھرنے جانا + **فراغت لگنا** - ا- ف ل - پیخانہ کی حاجت معلوم ہونا + **فراغت ہونا** - ا- ف ل - کام سے نجات حاصل ہونا - فرصت ملنا + (۲) مرجانا - فوت ہونا + **فرد باطل** - ع - صفت - بیکار چیز - تقویم پارینہ - ردی + **فرزند خلف** - ف - اسم مذکر - آگیا کاری پتر - فرمانبردار یا خدمت گزار بیٹا **فرزند ناخلف** - ف - اسم مذکر - نالائق بیٹا - آگیا کاری پتر + **فرزیں بند** - ا- اسم مؤنث - شطرنج باز) وہ مات جو فرزیں کے ذریعہ سے دی جائے + **فرشتے خاں** - ا- اسم مذکر - زبردست یا ہیکڑ آدمی +

فرشتے دکھائی دینا ۔ا۔ف م ۔ قریب المرگ ہونا ۔ جم دکھائی دینا +

فرشتے کے پر جلنا ۔ا۔ف ل ۔ فرشتے کا دخل یا گزر نہونا ۔ ہوا نہ جا سکنا نہایت انتظام و بندوبست ہونا + جلتے ہیں اس گلی میں فرشتے کے پر فغاں! کیونکر پھرے وہاں سے تیرا نامہ بر فغاں!

فرش سے عرش تک ۔ا۔ محاورہ زمین سے آسمان تک +

فرش کر دینا ۔ا۔ف م ۔ مارتے مارتے بچھا دینا ۔ خوب مارنا +

فرشی حقہ ۔ا۔ اسم مذکر ۔ چوڑے پیندی کا حقہ +

فرشی سلام ۔ا۔ اسم مذکر ۔ نہایت تعظیمی سلام +

فرعون بے سامان ۔ا۔ صفت مغرور ۔ گھمنڈی ۔ شیطان ۔ مفسد +

فرمائشی کھانا ۔ا۔ف ل ۔ جوتوں سے پٹنا + راحت ؎ خانگی کسبی نہیں میں رتھ کا پردہ چھوڑ دو کھاؤ گے فرمائشی سر پلپلا ہو جائے گا ۔

فرمائشی لگانا ۔ا۔ف م ۔ جوتے لگانا ۔ خوب زدوکوب کرنا +

فرنٹ ہو جانا ۔ا۔ف ل ۔ (۱) سرکش ہو جانا ۔ باغی ہونا ۔ پھر جانا + (۲) خفا یا ناراض ہو جانا +

فروٹ اڑانا ۔ا۔ف م ۔ (انگریزی فورورڈ کا بگاڑ ہے) + (۱) گھوڑے کو خوب دوڑانا + (۲) خوب پیٹنا (۳ ۔ بازاری) جماع کرنا ۔ کھنیل بنانا +

فروکش ہونا ۔ا۔ف ل ۔ اترنا ۔ قیام کرنا ۔ ٹھیرنا + صفدر ؎ ہمنشیں جا کے فروکش ہوئے دالانوں میں مشورے نظم و نسق کے ہوئے دربانوں میں

فروگزاشت کرنا ۔ا۔ف م ۔ نظر انداز کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔ معاف کرنا +

فادکی جڑ ۔ا۔ صفت ۔ بانی فساد ۔ آگ لگاؤ ۔ جھگڑا کھڑا کر دینے والا +

فصلی بھڑوا ۔ا۔ اسم مذکر ۔ ہولی کا بھڑوا ۔ موسمی مسخرہ +

فصد کھلواؤ ۔ا۔ محاورہ ۔ خون لواؤ تاکہ تمہاری دیوانگی کم ہو اور ہوش آئے

فضیحتی کرنا ۔ا۔ف م ۔ ع ۔ مگا فضیحتی کرنا ۔ بدنام یا رسوا کرنا ۔ لڑائی جھگڑا کرنا

فطرت لڑانا ۔ا۔ف م ۔ فریب کرنا چال چلنا + دھوکا دینا +

فعل کرنا - ا - ف م - (۱) حرکت کرنا - کام کرنا + (۲) مجامعت کرنا - بدفعلی کرنا

فعل لانا - ا - ف م - (عوام) (۱) لڑنا - جھگڑنا - شر اُٹھانا - فساد پیدا کرنا - (۲) مچلنا - رسنڈنا - پھیلنا +

فق پڑ جانا - یا - ہو جانا - رنگ - یا - منہ فق ہو جانا - ا - ف ل - خوف کے مارے چہرے کا رنگ بدل جانا زرد پڑ جانا + ڈر جانا + میر حسن ؎

جو دیکھا تو صحرا ہے اک لق و دق
کہ رستم جسے دیکھ ہو جائے فق

فقروں میں آجانا - ا - ف ل - چکنی چپڑی باتوں سے دھوکا کھانا - فریب میں آجانا + **شوق** ؎

ہنس کے کہنے لگی وہ یہہ مغرور
ایسے فقروں میں آگئی میں ضرور

فقرہ بتانا - چلنا - یا - دینا - **فقرے کی چلنا** - ا - ف م - دم میں لانا - دھوکا یا فریب دینا +

فقرہ بنانا - یا - گھڑنا - ا - ف م - بہانہ کرنا - حیلہ سازی کرنا +

فقرے باز - ا - اسم مذکر - دم باز - فریبی - دھوکا دینے والا +

فقرے بازی کرنا - ا - ف م - چال چلنا - دھوکا دینا + ر **فریب عشق** کرنا ہے فقرے بازیاں کیا خوب - ہم سے اور جعلسازیاں کیا خوب -

فقیر کر دینا - ا - ف م - محتاج بنا دینا کنگال کر دینا +

فقیری لٹکا - ا - اسم مذکر - سہل اور آسان سا نسخہ - چھومنتر +

فلک پر چڑھانا - ا - ف م - عزت دینا - دیکھو (آسمان پر چڑھنا) اُس شوخ نے کل باتوں ہی باتوں میں فلک پر سو بار چڑھایا مجھے سو بار اُتارا

فلک سیر - ف - اسم مونث سبزی بھنگ + **شوق** ؎

بیخودی سے ہے کہ بیحیائی ہے
یا فلک سیر تو نے کھائی ہے

فنا فی اللہ ہونا - ا - ف ل - (۱) روح میں روح مل جانا - (۲) بالکل تحت ثحت ہو جانا - غارت ہونا مٹ جانا - برباد ہو جانا + **داغ** ؎

فنا فی اللہ ہو کر پاؤں عمر جاوداں ایسی
مسیح و خضر کی ہستی سے بڑھکر ہو مقام میرا

(۳) مرجانا - موت ہونا - ہلاک ہونا +

فوجداری سپرد کرنا - ا - ف م - مقدمے کو عدالت فوجداری کے حوالہ کرنا +

فوجداری کرنا - ا - ف م - مجرمانہ حرکت کرنا - لڑ بیٹھنا +

فی الجملہ - ع م ف - (۱) حاصل کلام قصہ مختصر - الغرض + (۲) تھوڑا سا - یونہیں سا

فیر اُڑانا - ا - ف م - (بازاری) مجامعت کرنا - حرکت کرنا +

فی سبیل اللہ کر دینا - ا - ف م - (۱) خدا کی راہ پر خیرات کر دینا + (۲) عام کر دینا

فیلسُوف - یونانی - اسم مذکر - (۱) فلسفی - حکیم + (۲) مکار آدمی - دغاباز - بہروپیا - فیلیا - پاکھنڈی + **شوق ہ** مکر کا بانی جھوٹ کا سرتاج سنتے تھے فیلسوف دیکھا آج

فیلی فیلیا - ا - صفت - مکار فیلسوف - یہ عاشق فیلیے ہوتے ہیں کیا صورت بنا تے ہیں ہینوں خط نہیں بنتا نہ کپڑے بدلے جاتے ہیں

فی نکالنا - ا - ف م - لفظ فی کی غلطی نکالنا - عیب یا نقص نکالنا - نکتہ چینی کرنا +

ق

قابُو پر چڑھنا - قابُو میں آنا - ا - ف ل - کسی کے بس یا اختیار میں ہو جانا + **ذوق ہ** عشق کے ڈھب پہ نہ کوئی بجز انسان چڑھا اسکے قابو پہ چڑھا تو یہی نادان چڑھا +

قارُورہ دیکھنے والا - ا - اسم مذکر - (طنزاً) حکیم - طبیب - بید - ڈاکٹر +

قارُورہ مِلنا - ا - ف ل - (بازاری) نہایت دوستی ہونا - دو شخصوں کا نہایت اتفاق ہونا +

قاضی الحاجات - ع - اسم مذکر - (۱) خدائے تعالیٰ + (۲) روپیہ پیسہ

قاضی قُدُوہ - ع - اسم مذکر - وہ شخص جسکے بال بچے کثرت سے ہوں - کثیر الاولاد - (طنزاً) سُوری - بارہ بچوں والی + آدھے قاضی قدوہ آدھے باوا آدم

قاضی کا پیادہ - ا - اسم مذکر - (۱) کوتوال کا سپاہی - کچہری کا سپاہی + (۲) پیخانے کی حاجت +

قاضی گلہ نہیں کریگا - ا - محاورہ -

(طنزاً)۔ اگر تم فلاں کام نہیں کرو گے تو قاضی اُسکی شکایت نہیں کریگا۔ کسیکو کیا پڑی کروگے اپنے واسطے نہ کروگے اپنے واسطے +

قافیہ بندی کرنا۔ قافیہ ملانا۔ ا۔ ف م۔ پُر مضمون شعر نہ لکھنا اور صرف قافیے ہی قافیے باندھ دینا۔ تک بندی کرنا۔ تک جوڑنا + (اسیکو قافیہ پیمائی کرنا کہتے ہین)

قافیہ تنگ کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) دوسرے کے لیئے کوئی قافیہ نہ چھوڑنا۔ اشعار میں ایسے قافیے لانا جسکے جواب میں دوسرا تنگ آجائے + (۲) حیران یا پریشان کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا مارنا + (۳) عاجز کردینا۔ چیں بلوا دینا۔ ناک چنے چبوانا +

شاہنامہ ۵

رہو تم میں جاتا ہوں اب بہر جنگ
کروں تیغ سے قافیہ اُسکا تنگ

قانون چھانٹنا۔ ا۔ ف م۔ بحث کرنا۔ دلیل کرنا۔ بیجا حجت کرنا +

قانون گو۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) ایک قسم کا صدر پٹواری جسکے پاس تمام علاقہ کی زمینوں کا حساب کتاب رہتا ہے + (۲) حجتی۔ تکراری۔ جھگڑالو + (۳) پالکی کے کہار۔ سنجاست کی ڈھیری برابر پیخانہ

قائزہ کرنا۔ ا۔ ف م۔ ملتے وقت گھوڑے کا منہ لگام سے باندھکر اُسکی دم میں اٹکا دینا تاکہ وہ سر اُونچا رکھے اور سائیس کو کاٹ نہ سکے +

قائل معقول کرنا۔ ا۔ ف م۔ لاجواب کرنا بند کردینا۔ جھوٹا ثابت کردینا +

قائم اُٹھنا۔ ا۔ ف ل (شطرنج) برابر کی بازی رہنا۔ کسی کو مات نہونا +

قائم مزاج۔ ا۔ صفت۔ پکا۔ مستقل +

قائم مقام۔ ع۔ اسم مذکر۔ مختار کار۔ سرانجام کار۔ ایجنٹ۔ عوضی +

قباحت نکلنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) برا نتیجہ پیدا ہونا۔ کسی کے حق میں بُرا ہونا + (۲) وقت پیدا ہونا۔ مصیبت آنا +

قبالے لے ڈالنا۔ یا۔ ڈھیلے کر ڈالنا ا۔ ف م۔ بازاری۔ (مکان کا قبالہ لے لینے سے وہ مکان قبضہ میں آجاتا ہے اور اُسپر قابض ہو جاتے ہیں) اسی سبب سے کسی پر قابو پالینا۔ لتاڑنا۔ بیعزتی کرنا۔ دیکھو (آڑے ہاتھ لینا نمبر ۳ ص ۵۰۴)

قبالے لے لینا۔ یا۔ لکھوا لینا۔ ا۔ ف م (بازاری) قابض ہو جانا۔ مالک بنجانا۔

ہتیا لر بیٹھ جانا +
میاں! تمنے تو حقے کے قبالے ہی لے لئے

قبر کھودنا۔ بنانا۔ یا۔ کھود دینا۔ ا۔ف م
(۱) دفن کرنے کے لئے گڑھا کھودنا +
(۲) نہایت زدوکوب کرنا۔ لوتھ ڈالدینا
۔مارتے مارتے ادمؤا کر دینا +

قبر کے مُردے اُکھاڑنا۔ یا۔ اُکھیڑنا۔
ا۔ف م۔ (۱) مُردوں کا ذکر کرنا + (۲)
فتنۂ خوابیدہ کو بیدار کرنا۔ پُرانے جھگڑوں
کو تازہ کرنا۔ گڑے کو سیلے اُکھاڑنا +

قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں۔
ا۔محاورہ۔ مسلمان۔ قریب المرگ ہیں
مرنے کو ہیں۔ (ہندو) جمنا کنارے
بیٹھے ہیں +

قبلۂ حاجات۔ ع۔ اسم مذکر۔ وہ شخص
جو کسی کی ضرورتوں کو رفع کرے +

قبلہ گاہ۔ ع ف۔ اسم مذکر۔ (۱) والد۔ پتا
پدر + (۲۔ بازاری) ابّا۔ ولی خنگر +

قحط پڑجانا۔ ا۔ف ل۔ کال پڑجانا +
دیکھو (اُوڑا پڑنا)

قدنکالنا۔ ا۔ف ل۔ بچہ کا بڑا ہونا +

قدرت رکھنا۔ ا۔ف ل۔ لائق ہونا۔
کسی کام کی قابلیت رکھنا +

قدری کرنا۔ ا۔ف م۔ (م ع)۔ زور چلانا۔
زور کرنا +

قدم اُٹھا کر چلنا۔ ا۔ف ل۔ جلدی جلدی
چلنا۔ تیز جانا +

قدم باز۔ ا۔صفت۔ خوش رفتار۔ تیز قدم

قدم بڑھانا۔ ا۔ف م یا ل۔ (۱) جلدی
جلدی چلنا۔ قدم اُٹھا کر چلنا۔ (۲) مداخلت
کرنا۔ اپنی حد سے بڑھنا۔ دخل دینا پیشقدمی
کرنا + (۳) قبضہ بڑھانا۔ دخل کرنا +

قدم بہ قدم چلنا۔ ف م۔ کسی کے قدم
کے نشانوں پر قدم رکھتے ہوئے چلنا۔
لکیر پر فقیر ہونا۔ ساتھ ساتھ چلنا +

قدم بوس ہونا۔ قدم چُومنا۔ یا لینا۔
قدم کو ہاتھ لگانا۔ ا۔ف ل۔ بزرگوں
کے پاؤں کو بوسہ دینا۔ بڑوں کے چرن
چھُونا۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ پیروں پڑنا۔
پابوسی کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا + **انشا**
(۱) قدم کو ہاتھ لگاتا ہوں اُٹھ کہیں گھر چل۔
خدا کے واسطے اتنے تو پاؤں مت پھیلا
(۲) خط اُنکا لیکے پڑھا پیچھے ہنسے سر نامہ
بڑھا کے ہاتھ قدم پہلے نامہ بر کے لئے

قدم بھاری ہونا۔ ا۔ف ل۔ منحوس
قدم ہونا + **آتش**

قدم بھاری ہمارا ہوگا ہمیر باغ عالم میں
وہ ٹہنی پھٹ پڑیگی جس پر اپنا آشیاں ہوگا

قدم دکھاؤ - ا - مذ و مذ - دیکھو (چال دکھاؤ) +

قدم رکھنا - ا - ف م - (۱) زمین پر پاؤں دھرنا + (۲) کسی کام میں دخل دینا - مداخلت کرنا + (۳) کسی کام کرنے کی شیخی مارنا +

قدم رنجہ فرمانا - یا کرنا - ا - ف م - کسی کے گھر جانا - تشریف ارزانی فرمانا - تکلیف کرنا یا اُٹھانا + (کسی برابر والے یا بزرگ کو اپنے گھر بلانیکے وقت تعظیماً اُس سے بولا کرتے ہیں) +

قدم قدم جانا - یا چلنا - ا - ف ل - آہستہ آہستہ جانا +

قدم گاڑنا - ا - ف م - دیکھو (پاؤں جمانا) +

قدم لگنا - ا - ف ل - (۱) قدموں کو بوسہ دینا - پاؤں چھونا + (۲) گھوڑیکو قدم قدم چلنا آجانا + (۳) کسی کی پناہ یا حفاظت میں آجانا +

قدم مارنا - ا - ف ل - تیز چلنا - پاؤں اُٹھاکر چلنا +

آتش ؎

جوشِ بیتاب سے خونِ زمیں ہے پاؤں کی
پیشِ عرفی میں مروت کی طرح تمہید قدم

قدم نکالنا - ا - ف م - گھوڑیکو چال سکھانا - قدم قدم چلنا سکھانا +

قرار آنا - ا - ف ل - آرام ملنا - چین پڑنا - اطمینان ہونا +

قرار پانا - ا - ف ل - (۱) ٹھیرنا - مقرر ہونا + (۲) تصفیہ یا فیصلہ ہونا +

قرارداد - ا - اسم مذکر - (۱) تصفیہ فیصلہ نبیڑا + (۲) اقرار - قول و قرار - عہد و پیمان +

قرار واقعی - ا - صفت - پوری پوری - ٹھیک - قطعی - کامل +

جب تک چوروں کو قرار واقعی سزا ندی جائیگی کبھی چوری بند نہیں ہوگی +

قرا قُرہونا - ا - ف ل - دیکھو (پیٹ بولنا) +

قُرآن اُٹھانا - سر پر قُرآن رکھنا

قُرآن پر ہاتھ رکھنا - ا - ف م - کلام اللہ یا قرآن کی قسم کھانا + رند ؎

جس بات کی چاہو قسم ایک مرتبہ لے لو
ہر بار تو قرآن اُٹھایا نہیں جاتا

قُرآن ٹھنڈا کرنا - ا - ف م - قرآن کو زمین پر گرا دینا +

قُرآن کا حامہ پھٹنا - ا - ف ل - مسلمان

قرآن کی قسمیں کھانے کے بجائے اُسکو لباس بنا لینا۔ ہمہ تن قرآن بن جانا۔ نہایت نیک و پارسا بننا۔ یقین دلانیکی بڑی بھاری تدبیر کرنا (۱) میر ؎

مت مانیو کہ ہوگا یہہ بیدرد اہل دیں
گر آئے شیخ پہن کے جامہ قرآن کا

(۲) ابتو تم قرآن کا جامہ پہن کر آؤ تو بھی مجھو یقین نہ آئے

قرآن کا دَور کرنا۔ ا۔ ف م۔ دوسرے شخص کو قرآن سنانا۔ قرآن کو پھیرنا +

قرآن ہدیہ کرنا۔ ا۔ ف م۔ قرآن کو بیچنا۔ یا فروخت کرنا +

قربان جانا۔ یا۔ **ہونا**۔ ا۔ ف ل۔ (۱) تصدّق یا نثار ہونا۔ واری واری جانا۔ (۲) کسی پر مرنا۔ کسی کے ساتھ نہایت محبت کرنا +

قُرحہ پڑ جانا۔ ا۔ ف ل۔ گھاؤ یا زخم ہو جانا ناسور پڑ جانا +

قرض اُتارنا۔ ا۔ ف م۔ کسیکا قرض چکانا۔ کسیکا آتا بیباق کرنا یا دینا +

قرض اُٹھانا۔ ا۔ ف م۔ کسی کو اجابت کے طور پر سودا دینا۔ اُدھار دینا یا لینا +

قرضِ حسنہ۔ ع۔ اسم مذکر۔ (مسلمان) وہ بلا سودی قرض جسکی ادائیگی اُدھار لینے والے کی مرضی پر منحصر ہو +

قُرقی بٹھانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) تحویل میں لائی ہوئی جائداد وغیرہ پر کوئی محافظ مقرر کرنا + (۲) کسی کے مکان پر قرق کرنیوالے کو بٹھانا۔ آمد و رفت بند کرنا +

قُرقی بھیجنا۔ ا۔ ف م۔ کسی کے مکان پر قرق کرنیوالے حاکم کو بھیجنا +

قزاقِ اجل۔ ع۔ اسم مذکر۔ ملک الموت موت کا فرشتہ + **نظیر** ؎

قزاقِ اجل کا لُوٹے ہے دن رات بجا کر نقّارہ

قسمت اُلٹ جانا۔ یا۔ **پھوٹ جانا** ا۔ ف ل (۱) بھاگ پھوٹنا۔ نحوست آنا۔ (۲) بُری جورو یا بُرا خاوند ملنا۔ (۳) بیوہ ہو جانا +

قسمت بازی۔ ا۔ اسم۔ مؤنث۔ تقدیر آزمائی۔ بھاگ پریکھا +

قسمت پھرنا۔ **جاگنا**۔ یا۔ **کھلنا**۔ ا۔ ف ل۔ بھاگ جاگنا۔ تقدیر کھلنا۔ طالع چمکنا۔ طالع مسعود کا دورہ ہونا۔ ایامونکا موافق آنا۔ روزگار کا مساعد ہونا +

قسمت کا پھیر۔ ا۔ اسم مؤنث گردش ایام ناموافقت روزگار۔ تقدیر کا بگاڑ +

قسمت کا دھنی۔ ا۔ صفت۔ صاحبِ اقبال۔ تقدیر والا۔ خوش نصیب +

قسمت کا لکھا - ا - اسم مذکر - نوشتہ تقدیر - قسمت کی خوبی - بھاگوں کا بدا ہوا کرم ریکھ + **ذوق** ؎

دیکھو قسمت کا لکھا اُس نے پڑھا خط سوبار
دھیان پر میرا مضموں کسی عنوان چڑھا

قسمت کا ہیٹا - ا - صفت - کرم ہین - بدنصیب - کمبخت +

قسمت کرنا - ا - ف م - حصہ کرنا - بانٹنا +

قسمت لڑنا - ا - ف ل - تقدیر کا موافق آنا - حسب مراد کسی کام کا ہونا +

قصائی کا پلا - ا - اسم مذکر - موٹا آدمی - فربہ جسیم +

قصائی کے کھونٹے سے باندھنا - ا - ف م - (۱) بیرحم - بدمزاج اور بدچلن آدمی کے ساتھ لڑکی کی شادی کر دینا + (۲) کسی کو خوفناک جگہ میں ڈال دینا +

قصائی کی نظر دیکھنا - ا - ف م - قہر کی نگاہ سے دیکھنا - تانسنا - ڈانٹنا +

قصہ پاک کرنا - ا - ف م - (۱) جھگڑا طے کرنا - راڑ چکانا + (۲) قرضہ بیباق کرنا + (۳) مار ڈالنا - قتل کرنا +

قصہ پاک ہونا - ا - ف ل - (۱) جھگڑا چکنا - مٹنا نبٹنا + **ذوق** ؎

یا تو پاسِ دوستی تجھکو بہت بے باک ہو
یا مجھی کو موت آجائے کہ قصہ پاک ہو

(۲) قرضہ ادا ہو جانا + (۳) مر جانا +

قصہ کرنا - ا - ف م - جھگڑا کرنا - تکرار کرنا

قصہ کوتاہ، قصہ مختصر - ا - م ف - القصہ - الغرض - بس +

قصہ کوتاہ کرنا - ا - ف م - قضیہ چکانا جھگڑا طے کرنا +

قصہ مختصر ہونا - ا - ف ل - (شاعر) خاتمہ ہونا - مر جانا - فوت ہونا +

قضا ادا کرنا - ا - ف م - مذہبی فرائض کی ادائیگی میں جو کچھ غلطی ہو گئی ہو اُسکو پورا کرنا +

قضا پڑھنا - ا - ف ل - چھوڑی ہوئی نماز کو ادا کرنا +

قضا کار - قضا عند اللہ - م - ف - اتفاق سے - سنجوگ سے +

قضا کرنا - ا - ف م - (۱) فرض مذہبی کا مقررہ وقت پر ادا نکرنا + (۲ - ف ل) فوت ہونا - مرنا +

قضا و قدر - ع - اسم مذکر - تقدیر کے فرشتے - مالک تقدیر +

قضائے الٰہی سے مرنا ۔ا۔ ف ل۔ اپنی موت سے مرنا ۔عمر طبعی کو پہنچکر مرنا

قضائے حاجت کرنا ۔ا۔ ف ل۔ پیخانہ پھرنے جانا ۔ حاجت رفع کرنا۔

قضیہ دلال ۔ا۔ اسم ۔مذکر ۔ وہ شخص جو جھگڑا اُٹھاتا ہے ۔شرّی ۔فسادی تکراری +

قضیہ مول لینا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) کسی کی بلا میں پڑنا + (۲) دوسرے کے جھگڑے میں دخل دینا +

قطرہ آنا ۔ا۔ ف ل ۔بے ارادے پیشاب کا قطرہ نکل جانا +

قطع تعلق کرنا ۔ا۔ ف م ۔ بالکل تیاگنا ۔دوستی چھوڑ دینا + **خالب ؎**

قطع کیجے نہ تعلق ہم سے
کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی

قطعۂ گز ۔ا۔ اسم مذکر ۔ درزیونکا گز جو سرکاری گز سے کم ہوتا ہے +

قُلّتیں کرنا ۔ا۔ ف م ۔ (مسلمان) ناپاک کرنا ۔ اَشدھ یا گندہ کرنا + سارا پانی قلّتیں کر دیا +

قلعئ کھل جانا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) قلعی جاتی رہنا یا اُڑ جانا اور برتن کی اصلی حالت دکھائی دینے لگنا + (۲) ظاہر یا عیاں ہو جانا + (۳) بھید کھل جانا ۔چھپی بات کا ظاہر ہو جانا + **آتش ؎**

ہوگا کبھی جو اُس رخ روشن کا سامنا
قلعی کھلیگی آئینۂ مہر و ماہ کی +

قلعئ کھولنا ۔ا۔ ف م ۔ ظاہر کر دینا ۔ دوسرے کے عیب و صواب سے سبکو آگاہ کر دینا +

قلق رہنا ۔ا۔ ف ل ۔ دلپر صدمہ یا رنج باقی رہنا +

قلم اُٹھا کر لکھنا ۔ قلم برداشتہ لکھنا ۔ا۔ ف ل ۔ جلد جلد لکھنا ۔ گھسیٹ دینا

قلم انداز کرنا ۔ا۔ ف م ۔ چھوڑ دینا ۔ ترک کر دینا +

قلم بنانا ۔ف م ۔ (۱) قلم کو چھیل چھالکر درست کرنا + (۲) کیٹی کے پاس کے بالوں کو اُسترے سے درست کرنا +

قلم بند کرنا ۔ا۔ ف م ۔ لکھ لینا ۔ ٹیپ لینا ۔ درج کر لینا +

قلم پھیرنا ۔ا۔ ف م ۔ کاٹ ڈالنا ۔ چھیک دینا +

قلم چلانا ۔ا۔ ف م ۔ لکھنا ۔ درج کرنا +

قلمدان دینا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) عہد

دینا + (۲) درجہ وزارت بخشنا۔ وزیر کردینا

قلم دوات ۔ا۔ اِسم مؤنث۔ اعضائے تناسل۔ ذکر اور فرج +

قلم قصائی ۔ا۔ اسم مذکر۔ حقارتاً محرر مل کا خطاب۔ ظالم محرر یا منشی +

قلم کار ۔ اسم مذکر۔ (۱) صاحب قلم۔ منشی بابو (۲) نقاش۔ مصور +

قلم کاری ۔ اسم مؤنث۔ نقاشی۔ مصوری +

قلم کرنا ۔ا۔ ف م (۱) کاٹ ڈالنا۔ تراشنا + ایک عجب میں دیکھی نار۔ اچھے کچھ سب اُسکے یار سر اُسکا سب قلم کریں۔ کالا منہ کر آگے دھر

(۲) مذاقاً خلع گھسیٹنا۔

قلم لگانا ۔ا۔ ف م۔ ایک پودے میں سے شاخ کاٹ کر دوسری جگہ جانا +

قلم مارنا ۔ا۔ ف م۔ کاٹ ڈالنا۔ چھیک دینا

قلم ہاتھ میں نہ اُٹھانا یا۔ نہ لینا ۔ا۔ فعل لکھنے کا ارادہ نکرنا۔ لکھنا موقوف رکھنا +

قلم یاری دینا ۔ا۔ ف م۔ تحریر پر گزارہ کرنا۔ لکھ پڑھکر پیٹ پالنا بمشیوں میں کرنا

قلمی آم ۔ا۔ اسم مذکر۔ بمبئی کا آم +

قلمی کرنا ۔ا۔ ف م۔ لکھنا۔ تحریر کرنا +

قلمیں چھوڑنا ۔ا۔ ف م۔ کنپٹی کے پاس کے بالوں کو نہ منڈوانا اور قلم کی شکل بنوانا +

قل ہو اللہ پڑھنا ۔ا۔ ف ل۔ پیٹ میں قراقر ہونا۔ نہایت بھوک لگنا +

قل ہو جانا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) خاتمہ ہونا۔ پھوٹکنا فاتحہ خیر ہونا + (۲) نہایت بیچینی و بیتابی ہونا۔ مرنے کو ہو جانا + (۳) مرجانا۔ فوت ہو جانا۔ وصل کے ایام میں وہ شور محفل ہو گیا۔ ناسخ ابتو ساقی کی جدائی میں مرا قل ہو گیا۔

قلیا تمام کرنا ۔ا۔ ف م۔ خاتمہ کرنا۔ مار ڈالنا کام تمام کرنا + برق

کیا فائدہ جو قلقل مینا کا دور ہے۔
اپنی فراق یار نے قلیا تمام کی۔

قہر توڑنا ۔ا۔ف م۔ بہت غصہ کرنا۔ خفگی کرنا +

قہقہہ اُڑانا۔ لگانا یا۔ مارنا ۔ا۔ ف م کھلی اُڑانا۔ مضحکہ کرنا +

قیامت اُٹھانا۔ برپا کرنا۔ یا۔ مچانا ۔ا۔ ف م۔ نہایت شور و غل مچانا +

قیامت آنا ۔ا۔ ف ل۔ آفت یا بلا آنا۔ مصیبت پڑنا + شوق

بچ والے کی شامت آئے گی
پہلے ہمپر قیامت آئے گی

قیامت توڑنا ۔ا۔ ف م (۱) ظلم کرنا۔ جور و جفا کرنا + (۲) از حد خفگی ظاہر کرنا۔ قہر توڑنا ہونا

قے آنا ۔ا۔ ف ل۔ کراہیت آنا۔ نفرت معلوم

قید لگا دینا - ا - ف م - شرط باندھنا - بیخ لگا دینا - مقید یا پابند کر دینا +

قینچی باندھنا - ا - ف م - (۱) پہلوان مخالف کو اسکی دونوں ٹانگوں میں اپنی دونوں ٹانگیں ڈالکر جھکوسکر دینا (۲) گھوڑیکو دونوں رانوں سے دبانا

قینچی سی زبان چلنا - ا - ف ل بے تکان بولنا - متواتر کہے جانا تڑاق پڑاق جواب دینا +

قینچی لگانا - ا - ف م - (۱) کاٹنا کترنا + (۲) چھانٹنا قلم کرنا (۳) ترچھی اڑان لگانا

ک

کانک کی کنیا - ہ - اسم مؤنث - جھلیائی عورت چھنال +

کاٹ پھانس آتی ہے - ہ - محاورہ - چالاکی جاننا ہے - عیاری برتتا ہے - ہوشیاری دکھاتا ہے + **شوق**

دیکھکر میری عقل جاتی ہے
جو تجھے کاٹ پھانس آتی ہے

کاٹ پھانس کرنا - ہ - ف م - (۱) کسی کی آمدنی میں سے کچھ رکھ لینا - غبن کرنا (۲) غیبت کرنا - برائی کرنا (۳) بھانجی مارنا

کاٹ چھانٹ کرنا - ہ - ف م - (۱) غبن کرنا - خیانت کرنا (۲) کسی کی جڑ کاٹنا (۳) وضع کرنا - مجرا لینا - کاٹ لینا

کاٹ کرنا - ہ - ف م (۱) پانی کا رستہ کر لینا (۲) کاٹ ڈالنا - زخمی کرنا (۳) زخم ڈالدینا گھاؤ کر دینا + (۴) توڑ کرنا - جواب دینا +

کاٹ کھانا - ہ - ف م (۱) ڈسنا - بُرکا بھرنا (۲) - ف ل) نقصان اُٹھانا - گھاٹا بھگتنا

کاٹ کھانے کو دوڑنا - ہ - ف م - کسی سے تُرشروئی کے ساتھ پیش آنا - تند مزاجی کے ساتھ کسی سے بولنا +

کاٹو تو خون - یا - **لہو نہیں** - محاورہ - نہایت صدمہ یا حیرت کی کیفیت بیان کرنیکے موقع پر بولا کرتے ہیں یعنے صدمہ کے مارے خون خشک ہوگیا

از حد صدمہ ہے +

کاٹھ چبانا - ہ - ف ل - رُوکھی سُوکھی کھاکر دن کاٹنا - بُری حالت میں جینا - مشکل سے بسر اوقات کرنا +

کاٹھ کا اُلو - ہ - اسم مذکر - (اول تو اُلو ہی بیوقوف ہوتا ہے کو کہتے ہیں اور پھر کاٹھ کا اور بھی زیادہ بیوقوف ہوا) نہایت بیوقوف - بڑا مُورکھ +

کاٹھ کا گھوڑا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ لکڑے آدمی کی لاٹھی ۔ بیساکھی + لکڑی کی چیزیں +

کاٹھ کباڑ ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (۱) ٹوٹی پھوٹی اور پرانی

کاٹھ کوڑا چلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کاٹھ میں ٹھونسنا اور کوڑے مارنے کا اختیار ہونا ۔ زور چلنا ۔ صاحب حکومت ہونا + میرا کیا کاٹھ کوڑا چلتا ہے جو اُسے پکڑ بلواؤں

کاٹھ کی بھمبو ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ (۱) کاٹھ کی پتلی + (۲) سٹلو ۔ احمق عورت +

کاٹھ کی گھوڑی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ارتھی ۔ جنازہ + (ہندو)

کاٹھ کی ہانڈی ایک دفعہ چڑھتی ہے

ا ۔ محاورہ ۔ (کاٹھ کی ہانڈی میں صرف ایک دفعہ پک سکتا ہے کیونکہ وہ پہلی ہی دفعہ جلجانے کے سبب دوبارہ پکانیکے کام کی نہیں رہتی ہے) پہلی ہی دفعہ کا جھوٹ یقین کا درجہ رکھ سکتا ہے ۔ ایک دفعہ کی دھوکے بازی چل سکتی ہے +

کاٹھ میں پاؤں ٹھوکنا ۔ یا ۔ دینا +

ہ ۔ ف م ۔ لال خاں لکڑے سے باندھنا ۔ حوالات کردینا +

کاٹھ ہوجانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) کاٹھ کی مانند بے حس و حرکت ہوجانا ۔ پتھرا جانا ۔ صُمٌ بکمٌ ہوجانا ۔ چُپ چاپ یا ساکت رہجانا (۲) سخت یا کڑا ہوجانا +

کاٹی اُنگلی پر نہیں مُوتتا ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ یہ لڑکا یا لڑکی ایسے شوخ ہوگئے ہیں کہ اگر اِنسے موتنے کو کہا جاتا ہے کہ جسمیں کچھ بھی محنت نہیں پڑتی وہ نک کرکے نہیں دیتے ۔ ذرا کام نہیں کرتا ۔ بڑا شریر ہوگیا ہے

کاٹے کٹے نہ مارے مرے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ ایسا سخت جان ہے کہ کسی طرح نہیں مرتا ۔ نہایت مضبوط ۔ بڑا مستقل اور پختہ + ؎

نہ کاٹے کٹے تو ہمارے مرے
وہ نازو ادا پر تمہارے مرے

کاٹے نہیں کٹنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دوبھر یا بھاری ہوجانا ۔ دشوار گزار ہونا +

دن عیش کے گھڑیوں گزر جاتے ہیں کیسے
ایام مصیبت کے تو کاٹے نہیں کٹتے

کاجل کی کوٹھری ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ (۱) وہ مقام جہاں کاجل پیدا کیا جاتا ہے اور اُس کا ہر حصہ کالا ہوتا ہے ۔ اسی سبب سے (۲) ایسی جگہ جہاں پر بیٹھنے یا جانے سے جلد اور قصور عیب لگجائے یا بدنام ہوجائے ۔ بدنامی کا گھر ۔ خراب صحبت + کاجل کی کوٹھری میں جائیگا تو

کالا ہوگا تو ٹیکا ضرور لگ جائیگا + مثل
کاجو بھوجو - ہ - صفت (کاغذ اور بھوج پتر جو بہت نازک چیزیں ہوتی ہیں اُنکا بنا ہوا) اسی سبب سے (۱) نازک - پوچ شیشہ یا سہ - ہلکا پھلکا - بیا ہو - بازارو + (۲) کمزور - دُربل - نازک مزاج - مرزا پھوپہ +
کاچھ کاچھنا - یا - کچھنا - ہ - ف ل - بانا پھنا - لباس یا پوشاک بدلنا - سوانگ بھرنا + (۱) جیسا کاچھ کاچھے ویسا ناچ ناچئے + مثل (۲) سب کا چھ کچھ سب ناچ نچے اُس رسیا چھیل رجھانے کو + **نظیر ہ**
کاچھ کھولنا - ہ - ف م - (کاچھ بھنی چھوٹا اور اونچا لہنگا - گھُنّا) اسی سبب سے - (۱) ننگا ہو جانا + (۲) بے شرم ہو جانا - بدلحاظی کرنا + (۳) عورت کو رکھنا - مُجامعت کرنا - اِزار بند کھولنا +
کارخانۂ الٰہی - ا - اسم مذکر - قدرتی معاملات اللہ کے معاملے + ایشور کی مایا +
کارخانہ پھیلانا - ا - ف م - تجارت وغیرہ شروع کرنا +
کارِخیر - ف - اسم مذکر - (۱) بھلائی یا صواب کا کام + (۲) لڑکی کی شادی کی امداد +
کارستانی کرنا - ا - ف م - (۱) چالاکی کرنا - اُستادی دکھانا + (۲) سر طرح کی تدبیر یا اُپائے کرنا +
کارے نہ مسئلے - ا - م ف - بلا سبب فضول - یونہیں +
کاغذسا - ا - صفت - نہایت ہلکا اور پتلا
کاغذ سیاہ کرنا - ا - ف م - کاغذ خراب کرنا - چیت مکوڑے کاڑھنا - نکمی باتیں لکھنا
کاغذ کا پٹا باز - کاغذی آدمی - ا - اسم مذکر - چست دُبلا پتلا اور چالاک آدمی
کاغذ کرنا - ا - ف م - (۱) تمسک وغیرہ لکھ دینا + (۲) حساب لکھنا منیمی کرنا + بہی کھاتا کرنا +
کاغذ کھولنا - ا - ف م - کسی کی پوشیدہ بات کو ظاہر کر دینا - عیب کھول دینا +
کاغذ کے گھوڑے دوڑانا - ا - ف م - جا بجا - خطوط بھیجکر کسی امر کی خبر کر دینا +
کاغذی ناؤ - ا - اسم مؤنث - بے ثبات اور ناپائیدار چیز - بودی اور کمزور شے + (۱) ہ مثل (۲) کاغذ کی ناؤ ہے آج ڈوبی کل ڈوبی + مثل
کافر کُرتی - ا - اسم مؤنث - (مسلمان) انگریزی وضع کا کُرتا - کوٹ - قمیص +

کافرِنعمت ۔ع۔ صفت ۔ ناشکرا۔ حق ناشناس۔ نعمت کھاکر انکار کرنیوالا۔ نااحسانمند + **ذوق** ؎

کھاکے زخم تیغ قاتل جو بجالائے نہ شکر
کوئی بھی اُس سے زیادہ کافرِنعمت نہیں

کافور ہوجانا ۔ف ل ۔ (چونکہ کافور آگ پر رکھتے ہی اُڑجاتا ہے) اسی سبب سے ۔(۱) بھاگ جانا۔ چل دینا۔ رفوچکر ہونا + **صفدر** ؎

صبر کافور ہوا ۔ ہوش ہوے سر سے ہوا

رفتہ رفتہ ہوے آثار حیوں کے پیدا

(۲) نظروں سے غائب ہوجانا۔ نگاہ سے اوجھل ہونا۔ ہٹ جانا۔ الگ ہوجانا + وہ بال کھولے ہوے چڑھ گئے جو کوٹھے پر فلک سے ہوگئی کافور شکنا ب گھٹا (بحر)

(۳) جاتا رہنا۔ باقی نہ رہنا۔ اُڑجانا۔ دُور ہونا۔ زائل ہونا + (۱) **ناسخ** ؎

رکھتے ہی پھاہا جو اُٹھا شعلہ میرے داغ کا
ہوگئی کافور سردی مرہم کافور کی

(۲) دیکھکر دونو عارض پُرنور **شوق**

رنگ چہرے کا ہوگیا کافور

کاگارول ۔ ۔ اسم مؤنث ۔ (کاگ کی سی رول یعنے کوّے کی سی پکار) اسی سبب سے ۔ شور وغل ۔ چخ چخ ۔ غل غپاڑا +

کالاآدمی ۔ اسم مذکر ۔ ہندوستانی آدمی۔ (یورپین حقارتاً ہندوستان کے باشندوں کو اس نام سے پکارتے اور باہم لکھتے پڑھتے ہیں)

کالابال ۔ ۔ اسم مذکر ۔ (۱) موئے زہار۔ جھانٹیں + (۲) بے حقیقت چیز ۔ ٹچھ ادنیٰ + **سودا** ؎

چورکب اُسکا دور مانے ہے
کالا بال اُسکو اپنا جانے ہے

کالاپانی ۔ ۔ اسم مذکر ۔ (۱) دریائے شور جسکا پانی رنگت میں کچھ کالا ہے اور جسمیں جزیرہ انڈمان جہان ہندوستان کے عمر قیدی بھیجے جاتے ہیں واقع ہے۔ اسی سبب سے ۔ عمر قید ۔ حبس دوام ترجمہ سے ہوا ہے جو وہ گیہوئے سیاہ ۔ تانپے جائینگے عشاق بھی کالا پانی (اسیر)

(۲) شراب ۔ آب سیاہ + (مسلمان)

کالاپہاڑ ۔ ۔ اسم مذکر ۔ (۱) کوہ سیاہ + (۲) ہاتھی + (۳) انسان کا سر + کالے پہاڑ پر ٹلوانا جی + پہیلی ۔ جواب ۔ جوں

کالاچور ۔ ۔ اسم مذکر ۔ (۱) دھاڑی چور ۔ دزدِ کامل + (۲) شخص نامعلوم الاسم

فرضی آدمی۔ کوئی آدمی +

کالا کوئیلا ۔ ہ۔ صفت۔ نہایت سیاہ۔ تیل توا +

کالا مُنہ کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ مُنہ کو سیاہی لگانا + (۲) بیعزتی کرنا۔ داغ لگانا۔ رسوا یا بدنام کرنا + (۳) نکال دینا۔ شہر بدر کرنا۔ دیس نکالا دینا + (۴) تمام تعلقات ترک کرنا۔ دنیوی جھگڑوں کو چھوڑ دینا + (۵) کسی کے ساتھ بدفعلی یا زنا کرنا۔ کسیکو خراب کرنا + باقی ہے شیخ کو ابھی حسرت گناہ کی
کالا کریگا مُنہ بھی جو ڈاڑھی سیاہ کی **فوق**

کالا مُنہ نیلے ہاتھ پاؤں! ہ۔ کلمہ بددعا۔ عو۔ تیرا مُنہ کالا ہو اور ہاتھ پاؤں نیلے۔ دُور ہو۔ دفعان ہو +

کالا مُنہ ہو ۔ ہ۔ کلمہ بددعا۔ (۱) کالا مُنہ کرکے نکالا جائے۔ بدنام و رسوا ہو + (۲) دفعان ہو۔ غارت ہو + **مومن**

چل اپنے سے ہٹ مجھے نہ دکھلا مُنہ
اے شب ہجر تیرا کالا مُنہ

کالا مُنہ ہونا ۔ ہ۔ ف ل (۱) مُنہ کالا کیا جانا + (۲) بدنام و رسوا ہونا۔ بیعزتی ہونا۔ داغ رسوائی عذار یار ہے لالا ہوا (بحر)
اُس زمان کے سامنے گلشن کا مُنہ کالا ہوا

کال جواری ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ بڑا جواری +

کال چھوڑی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ سانپ +

کال کر جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (ہندو) مر جانا گزر جانا۔ فوت ہو جانا + فلانے کی بہو کال کر گئی ہے جی! (نائی ہر برادری والے کے ہاں پکار کر یہ فقرہ کہا کرتا ہے)

کالک کاٹیکا لگنا ۔ ہ۔ ف ل۔ بدنامی آنا۔ رسوائی حاصل ہونا۔ ذلت نصیب ہونا +

کالک کے ہاتھ لگانا ۔ ہ۔ ف م۔ کسی کو بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا +

کال کوٹھڑی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) بہت تنگ و تاریک مکان + (۲) قید تنہائی۔ کانجی ہوز +

کال کے بس ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) وقت کے تابع ہونا۔ سمے کے آدھین ہونا۔ موقع کے موافق کرنا + (۲) موت کے پھندے میں پھنسنا +

کالی بلا ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ (۱) سخت مصیبت۔ از حد آفت + **ناسخ**

جو دن ہے سو ہے دیو سفید اپنی نظر میں
جو رات تیرے ہجر میں ہے کالی بلا ہے

(۲) نہایت بدصورت اور بڑھیا عورت جسکے دیکھنے سے ڈر لگے بھتنی +

کالی پیلی آنکھیں کرنا۔ ہ۔ف م۔ غصّے میں آنکھیں بدلنا۔ نہایت خفا ہونا بہت غُصّہ کرنا +

کالے تِل چابنا۔ ہ۔ف م۔ (۱) کالا دان کھانا۔ (۲) نہایت بُرے کام کرنا بُرے اعمالوں کی سزا پانا۔ اپنے کئے کو بھوگنا + جیسے بیٹا تیرے کالے تل چابے ہیں ویسے بہ کے دے رہی ہوں + (ہ عو)

کالی جُمعرات۔ ا۔ اسم مؤنث۔ ایک فرضی دن +

کالی دیبی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (افیمی) افیم۔ افیون +

کالے سرکا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ انسان۔ آدمی مُنش + کالے سرکے سے سب نے پناہ مانگی ہے

کالے سر کا ایک نہ چھوڑنا۔ ہ۔ف م (فاحشہ اور چھنال عورت کی تعریف میں کہا کرتے ہیں) سب سے بدفعلی کرانا +

کالے کوس۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) بڑے بڑے کوس لمبے لمبے میل + رباعی

دیکھی نہ کسی نے مری عُربت افسوس
کانٹے کرتے ہیں ہر قدم پہ پاپوس
اس روزِ سیاہ پر یہ اے بختِ سیاہ
چلنے پڑے کالی رات میں کالی کوس

(۲) نہایت دور۔ فاصلہ دور دراز۔ لمبا سفر + رنگین ؎

دیکھئے کب خدا ملائے گا
اب کے رنگیں گئے ہیں کالی کوس

کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا۔ ا۔ محاورہ۔ کالے سانپ کے من کے سامنے چراغ کی روشنی پھیکی معلوم ہوا کرتی ہے۔ بڑے آدمی کے سامنے چھوٹے آدمی کی کچھ قدر و منزلت نہیں سمجھی جاتی ہے +

سچ کہا ہے آگے کالے کے نہیں چلتا چراغ (ذوق)
چھپ گیا مہ رُخ پہ تیری زلفِ شبگوں دیکھ کر

کالے منہ اندھیرے۔ ہ۔م ف۔ بہت ہی سویرے۔ علی الصباح میں۔

کالی ماندی سر پر دھرنا۔ ہ۔ف ل بدنام یا رسوا ہونا۔ بدنامی لینا +

کام آنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) برتاو یا استعمال میں آنا۔ خدمت گزاری کرنا۔ کام دینا + بے بصر ہوتے ہیں محتاج نہیں عینک کے
کام اپنے کہیں آتی ہیں پارسائی آنکھیں

(۲) صرف ہو جانا۔ اُٹھ جانا۔ خرچ ہو جانا (۳) کام کا ہونا۔ مفید ہونا + (۴) لڑائی میں مارا جانا۔ فوت ہونا ؎

دل ہمارا بھی اُسی جا ہے خُدا خیر کرے
کُوئے قاتل میں یہ سُنتے ہیں کہ کُچھ کام آیا

کام بڑھانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) محنت زیادہ کرنا + (۲) کام ختم کرنا ۔ کام کو اُٹھا کر رکھنا +

کام بگاڑنا ۔ ہ ۔ فم ۔ (۱) کوئی چیز خراب کر دینا (۲) مطلب میں خلل ڈالدینا + (۳) کسی کی ساکھ یا پت کھو دینا ۔ بے عزتی کرنا +

کام بگڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) نوکری چھوٹ جانا + (۲) بات میں فرق آجانا ۔ دِوالہ نکل جانا +

کام بنانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کام پورا کرنا ۔ مطلب نکالنا + (۲) بازاری ۔ مجامعت کرنا + بدفعلی کرنا +

کام پڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ تعلق یا واسطہ ہونا سروکار ہونا + **مثل** آدمی کو آدمی سے سو دفعہ کام پڑتا ہے +

کام پے لگانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسی شخص کو کسی کام پر مقرر کرنا ۔ کام دینا ۔ نوکر کرا دینا ۔ کسیکو دھندے سر کر دینا +

کام تمام ۔ یا ۔ آخر ہونا ۔ ا ۔ ف ل ۔ مرنے کو ہو جانا ۔ ہو چکنا ۔ ٹھنڈا ہو جانا + (۱) اب دعا و دوش ہے بے ہنگام اسکا تو ہو چکا ہے کام تمام (شوق)

(۲) ہو گئے وصل کا ہم سنتے ہی پیغام تمام ۔ کام دل کچھ نہ بر آیا کہ ہوا کام تمام (جرأت)

کام تمام کرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) کام ختم یا پورا کرنا + (۲) مار ڈالنا ۔ قتل کرنا + **میر** اُنی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ دوا نے کام کیا ۔ دیکھا اِس بیماری دل نے آخر کام تمام کیا

کام چڑھانا ۔ یا ۔ لگانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کام شروع کرنا +

کام چلانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) بندوبست کرنا انتظام کرنا + (۲) کارِ براری کرنا ۔ کار روائی کرنا + (۳) جوں توں کر کے کام نکالنا ۔ پورا ڈالنا +

کام چمکنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کام کی ترقی ہونا پیشہ وروں کا دھندا یا مزدوری ترقی پر ہونا

کام دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کام سپرد کرنا ۔ نوکری یا خدمت دینا ۔ کام سر لگا دینا + (۲) مدد دینا ۔ معاونت کرنا ۔ سہائتا کرنا ۔ (۳) مطلب براری کرنا ۔ کام نکالنا + (۴) کسیکی خدمت یا ملازمت کرنا +

کام دیو ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ خواہش نفسانی ۔ قوت باہ ۔ خواہش جماع ۔ شیطان +

کام سے جاتا رہنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) مطلب کا نہ رہنا ۔ بگڑ جانا ۔ خراب ہو جانا ۔

نکما یا بیکار ہو جانا + (۲) موقوف یا برطرف ہونا۔ اُتر جانا + (۳) نامرد ہو جانا۔ ڈھیلا پڑ جانا +

کام سے کام ۔ یا۔ اپنے کام سے کام رکھو ۔ ہ۔ محاورہ۔ اپنے مطلب کا خیال رکھو۔ تمہیں پرائے جھگڑوں سے کیا پڑی۔ اپنا مطلب نہ جانے دو +

کام کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) شغل پیشہ یا دھندا کرنا + (۲) کارنمایاں کرنا۔ بڑا کام کرنا

کام پیں میں مرا تمام کیا
غرض اُس شوخ نے بھی کام کیا — **میر تقی**

(۳) اثر کرنا + **میر**

نالوں سے میرے رات کے غافل نہ اٹھ کہ
اک روز یہی دل میں تیرے کام کریں گے

(۴) عورت کے ساتھ رہنا۔ بولنا +
(۵) مار ڈالنا +

کام کھینچنا ۔ ہ۔ ف ل۔ مرجانا۔ فوت ہونا
شاید کہ کام صبح تک اپنا کھینچے گا میر
احوال آج شام سے درہم بہت ہیں یاں (میر)

کام میں کام نکالنا ۔ ہ۔ ف م۔ ایک کام کے ساتھ دوسرا کام بتا دینا یا پورا کرنا۔ ایک پنتھ دو کاج کرنا

کام میں لانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) استعمال میں لانا۔ برتنا + (۲) خرچ کرنا۔ اُٹھانا +

کام نکالنا ۔ یا۔ لینا ۔ ہ۔ ف م۔ مطلب براری کرنا۔ کارروائی کرنا +

کام ہو جانا ۔ ف ل۔ مطلب حاصل ہو جانا مراد بر آنا + (۲) ضرورت نکل آنا۔ کسی ضرورت کے پورا کرنے میں لگ جانا + **یار علی**

سرکار میں تجھے تو اور ہی کام ہو گیا
پاپوش سے تیری جو میرا کام ہو گیا

(۳) برسر روزگار ہو جانا۔ روزگار لگ جانا +
(۴) بُرا حال ہو جانا۔ کام تمام ہو جانا + (۵) جاں بحق ہونا۔ فوت ہونا۔ مر جانا + **ع**

آخر کیا اس آپ کی تاخیر نے ہمیں
کس کام میں رہے کہ یہاں کام ہو گیا

کان اُڑے جانا ۔ پھٹے جانا ۔ یا۔ پھوٹے جانا ۔ ہ ف ل ۔ (۱) شور و غل کے باعث کانوں پر نہایت صدمہ پہنچنا + (۲) لمبی داستان سنتے سنتے جی گھبرا جانا +

کان امیٹھنا ۔ اُکھاڑنا کھینچنا ۔ یا۔ مروڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ گوشمالی یا سزا دینا۔ دھمکانا کمہار پر بس نہیں چلا گدھیا کے کان اینٹھے + مثل

کان بال ہونا ۔ ہ۔ ف ل ۔ کان چھدانے اور بال منڈائے جانے کی رسم ادا کی جانا

کان بجنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کان میں

ہر وقت آواز آنا + (۲) خواہ مخواہ یہ خیال کرنا کہ ہمسے فلاں شخص کچھ کہتا ہے +

کان بھرنا - یا - بھر دینا - ہ - ف م - کسی شخص کی کسی کے روبرو بدگوئی کرنا غیبت کرنا - در پردہ بُرا کہنا + **ذوق**

کوئی غماز نہیں میری طرف سے اے **ذوق**
کان اُسکے میری فریاد ہی بھر دیتی ہے

کان پر جوں نہیں چلتی - یا نہیں رینگتی ہ - محاورہ (جب کان پر جوں چلتی ہے تو فوراً اسکی خبر ہو جاتی ہے) - اسی سبب سے اثر نہیں ہوتا - خبر نہیں ہوتی - ایک نہیں سُنتی - ذرا کہنا نہیں مانتا - ذرا توجہ نہیں کرتا + **اسیر**

فریاد و فغاں کتنی ہے اے سار بان ضعیف
بوں رینگتی نہیں کبھی لیلیٰ کے کان پر

کان پڑنا - ہ - ف ل - سُن لینا - سنائی دینا

کان پڑی آواز نہیں سُنائی دیتی - ہ - ف ل - اسقدر شور و غل ہوتا ہے کہ کچھ سنائی نہیں دیتا +

کان پکڑ کے اُٹھا دینا - ہ - ف م - کسی کو زبردستی اُٹھا دینا یا نکال دینا

کان پکڑنا - ہ - ف ل - (۱) اپنے دونو کانوں کو اپنے ہاتھوں سے کھینچنا - ایک قسم کی سزا پانا + (۲) توبہ کرنا عہد کرنا + **یار علی**

کان پکڑ بیگانہ تیرے نکتوڑوں سے
دیگی خفت تجھے یہ تیری ہمفا میرے بعد

(۳) کسی کے کمال یا خوبی کا قائل ہونا بڑا ماننا + **رشک**

پھول آگے ترے پکڑتے ہیں کان
نرگس آنکھیں اگر چُراتی ہے

کان پکڑی باندی - یا چھیلی ہے - ہ - محاورہ - زر خرید غلام ہے - تابع ہے - داسی ہے +

کان پھوٹ جانا - ہ - ف ل - شور و غل کی کثرت سے کچھ نہ سنائی دینا یا بہرا ہو جانا +

کان تلے کی چھوڑنا - ہ - ف م - (۱) افشائے راز کرنا - بھید کی بات کہنا (۲) ایسی بات کہنا جو دوسرے کو ناگوار گزرے

کانٹا سا کھٹکنا - ہ - ف ل - کسی شے کا ناگوار معلوم ہونا - خار دکھائی دینا - بُرا لگنا + **ذوق**

دفعت سے تیری تار نفس سینہ میں میرے
کانٹا سا کھٹکتا ہے نکل جائے تو اچھا

کانٹا سا نکل جانا - ہ - ف ل - آسانی کے ساتھ کسی تکلیف سے نجات پانا +

کانٹا لگنا - ہ - ف ل - (۱) کانٹا چبھ جانا (۲) جانور دنگا لاغر ہو جانا + ۵

کانٹا لگا ہے گلچیں کس مرغ کو چمن میں
پھولے نہیں سماتے گل اپنے پیرہن میں

(۲) شراب کا خوب نشہ ہونا + بحر ؎
ساقی ارہی بہار نہ گلزار رہگیا + کانٹا لگا نہ پھول کا یہ خار رہگیا

کانٹا مارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (مرغبازی) لڑائی میں ایک مرغ کا دوسرے مرغ کے پاؤں کی ہڈی مارنا +

کانٹا نکالنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسی شخص کو مصیبت سے رہائی دینا ۔ تکلیف سے بچانا

کانٹا نکلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) غم دور ہونا ۔ رنج کا جاتا رہنا + **یار علی** ؎
مر گئی سوت مگر غم نہیں بھولا مجھکو
جانصاحب یہ کبھی دل سے یہ کانٹا نکلا

(۲) مرغوں میں ایک مرض پیدا ہونا ۔

یارب اُس گل کی محبت میں دم اپنا نکلے
جان بھولے سے جو بچ جائے تو کانٹا نکلے

کانٹا ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دُبلا اور لاغر ہو جانا

میں تول لیا کرتی ہوں نظروں میں ہر ایک کو
کانٹا سی ہوں آنکھیں ہیں ترازو سے زیادہ

کانٹوں پر لوٹنا ۔ ف ل ۔ تکلیف و مصیبت اُٹھانا ۔ دُکھ بھوگنا + **آتش** ؎
بے یار فرش گل مری آنکھوں میں خار تھا
سونا کیا میں کانٹوں کے اُوپر تمام رات

کانٹوں میں کھینچنا ۔ یا ۔ گھسیٹنا ۔ ف م ۔ (۱) گنہگار ٹھہرانا + (۲) تکلیف دینا ۔ آزار پہنچانا +

کانٹے بونا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسی کے ساتھ بدی کرنا ۔ اپنے یا اوروں کے حق میں بُرائی کرنا + **آتش** ؎
شیفتہ سبزۂ خط کا نہوا اے دل ابھر گنہ
بے شعور اپنے لئے آپ نہ بو تُو کانٹے

کانٹے پڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ نہایت تشنگی کے باعث زبان پر خشکی ہو جانا ۔ پیاس کے مارے زبان سوکھی جانا ۔ پھیپھڑی بندھنا + **جرأت** ؎
(۱) پڑ گئے منہ میں جو مجھ سوختہ تن کے کانٹے
تھے یہ بوئے ہوئے اُس غنچہ دہن کے کانٹے

(۲) آگ بھبھوکا شعلہ سے ہوں پلا دے پھول
اے مہ وش اپڑ گئے کانٹے زبان میں

کانٹی کھانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (جواری) ۔ قید بھگتنا ۔ (۲) اغنی ہونا ۔ بڑا گھر دیکھنا +

کانچ نکالدینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (بازاری) ۔ خوب زدوکوب کرنا ۔ مارتے مارتے بُرا حال کر دینا +

کانچ نکل جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (بازاری) برداشت کی طاقت نہ رہنا ۔ نہایت صدمہ اُٹھانا ۔ نقصان پہنچنا +

کان دبا کر چلے جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔

چُپ چاپ چلے جانا۔ چُوں نکرنا +

کان دبالینا۔ ہ۔ ف ل۔ کانوں کے کھڑا کرنے سے جو شرارت کا اظہار ہوتا تھا اُسکی جگہ کانوں کو دبالینا۔ غریب بن جانا۔ مِنّو بلائی بن جانا +

کاندھی دے جانا۔ ہ۔ ف ل م۔ پہلوتہی کرنا۔ بہانہ کرنا + (از گلشن فیض)

کان دِکھانا۔ ہ۔ ف م۔ کان کا میل صاف کرانا +

کان دھرنا۔ کان دیکر یا۔ رکھکر سُننا۔ ہ۔ ف ل۔ توجہ کرنا۔ خیال سے سُننا۔ گوش دل سے کسی کی بات کو سُننا +

داغ ؎

کیوں نہ کرتے ہجر میں ہم دل سے باتیں صبح تک
کان رکھکر کوئی سُنتا یہ وہ افسانہ نہ تھا

کانس میں تیرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دھوکے میں آنا۔ سراب میں پڑنا + (۲) خیالات میں غلطاں و پیچاں رہنا۔ سوچ میں رہنا +

کان کاٹنا۔ ہ۔ ف م۔ سبقت لیجانا۔ نہایت چالاکی دکھانا۔ بڑھ جانا +

تو نے بے غیرتوں سے کاٹے کان
سو نصیحت کروں نہیں کچھ دھیان (شوق)

کان کا کچا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو اور دنکی بات کا جھٹ یقین لے آئے ضعیف الاعتقاد +

کان کھانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) شور کرنا۔ غُل مچانا۔ ایک بات کو کہے جانا + (۲) دِق کرنا۔ ستانا۔ تکلیف دینا +

کان کھڑے کرنا۔ ہ۔ ف م۔ چوکنا بنا۔ کنوتیاں بدلنا۔ ہوشیار ہوجانا +

کان کھڑے ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ متوحش ہونا۔ اندیشہ ناک ہونا۔ ڈر جانا +

کان کھولدینا۔ ہ۔ ف م۔ (جب کان کا میل نکل جاتا ہے تو خوب سُنائی دینے لگتا ہے) اسی سبب سے (۱) جتا دینا۔ واقف کردینا سمجھا دینا + (۲) ہوشیار کردینا۔ متنبہ کرنا پہلے سے خبردار کردینا +

سودا ؎

جب اپنے بند قبا تنے جان کھول دئے
صبا نے باغ میں جا گل کے کان کھولدئے

کان گُنگ ہوجانا۔ ہ۔ ف ل۔ کانوں میں بھن بھن ہونے لگنا۔ کسیقدر بہرا ہوجانا +

کان لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پیچھے کیطرف سے کانو ںکا پک جانا + (۲) متوجہ ہونا۔ مائل ہونا +

کان میں پڑا رہنا ۔ ف ل ۔ معلوم رہنا ۔ کسی بات کا علم یا آگاہی رہنا +

کان میں پھونکنا ۔ ف م ۔ اغوا کے طور پر کسی کے کان میں کچھ کہنا جسکے باعث وہ متکبر و مغرور ہو جائے + **ذوق**

الٰہی! کان میں کیا اُس صنم کے پھونک دیا
کہ ہاتھ رکھتے ہیں کانوں پہ سب اذاں کے لئے

کان میں ٹھینٹیاں ہونا ۔ ف ل (۱) کانوں میں بہت سارا میل ہونا + (۲) بہرا ہونا

کان میں ڈالدینا ۔ ف م ۔ سنا دینا جتا دینا ۔ ہوشیار کر دینا + **داغ**

بتائیں لفظ تمنا کے تمکو معنی کیا
تمہارے کان میں اک حرف ہنوز ڈالا نہیں

کان میں رُوئی دیکے یا تیل ڈالکے بیٹھنا ۔ ف ل (چونکہ کانوں میں تیل ڈال لینے سے سُننے میں فرق آجاتا ہے) اسی سبب سے ۔ (۱) کسی کی بات نہ سُننا بہرا بن جانا + **؎**

بلبل کا ایک نالۂ سوزاں نہیں سُنا
کیا اِن گلوں نے ڈال لیا تیل کان میں

(۲) بے فکر ہو جانا +

کان میں کوبکالنا ۔ ف م ۔ کہدینا کان میں ڈالدینا ۔ سُنا دینا +

کانوں اکر دینا ۔ ف م ۔ دِق کرنا ناک میں دم کر دینا ۔ ستانا ۔ مارنا +

کان میں کھٹکنا ۔ ف ل ۔ کان کو بُرا معلوم ہونا ۔ ناگوار معلوم ہونا +

کان میں کہنا ۔ ف م ۔ چپکے سے کہدینا +

کان نہ کھڑکھڑانا ۔ ف ل ۔ چُوں نکرنا ۔

کان نہ ہلانا ۔ ف ل ۔ (۱) خاموش ہو جانا ۔ چُپی سادھنا + (۲) بِل جانا ۔ سدھ جانا ۔ مانوس ہو جانا +

کانوں پر ہاتھ دھرنا ۔ یا ۔ رکھنا ۔ ف م ۔ (۱) کانکی طرف اشارہ کرنا ۔ کہ انکے ذریعہ سے ہمنے بالکل نہیں سُنا + (۲) انکار کر جانا ۔ مُکرنا یا بیخبری بیان کرنا + **غالب**

گو ایک بادشاہ کے سچے خانہ زاد ہیں
دربار دار لوگ بہم آشنا نہیں
کانوں پہ ہاتھ دھرتے ہیں کرتے ہو سلام
اس سے ہے یہ مراد کہ ہم آشنا نہیں

میر

غم میں دل صبر ہوش ہای پیارے!
ہاتھ کانوں پہ رکھ گئے سارے

کانوں کان نہ جاننا یا ۔ خبر نہ ہونا ۔ ف ل ۔ کسیکو بھی خبر نہ ہونا ۔ بالکل آگاہی نہ ہونا + **؎**

میری اگر سنو تو کبھی شور و شر نہو
اُلفت کی کانوں کان کسیکو خبر نہو

کانوں میں اُنگلیاں دینا - ہ - ف م - کان بند کر لینا - نہ سُننا - توجہ نکرنا + آتش
اُنگلیاں کانو نہیں دیتا ہے دم رفتار یاں
ہر قدم پر آتی ہے آواز شیون زیر پا

کانوں میں بول مارنا - ف ل - آواز سنکر جواب نہ دینا - جانکر نہ سُننا - مگر اپن کرنا - توجہ نکرنا +

کانوں میں رس پڑنا - ہ - ف ل - رسیلی باتوں کے سُننے سے حظ حاصل ہونا - مزہ حاصل ہونا +

کان ہونا - ہ - ف ل - (۱) اِطلاع ہونا - نصیحت ہونا - دھیان یا خیال ہونا + میر
گوش دیوار تک تو جانا ہے
اس میں گل کو بھی کان ہوتے ہیں

(۲) تجربہ ہونا + کچھ کھوکے کان ہوتے ہیں +
(۳) چوکھونٹی چیز کے کسی گوشہ کا بڑھ جانا +

کاوے دینا - ہ - ف م - حلقہ باندھکر گھوڑے کو چکر دینا +

کایا پلٹ ہوجانا - ہ - ف ل - (۱) تناسخ قبول کرنا - ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا + (۲) بالکل رنگ و روپ بدل جانا - کچھ سے کچھ ہو جانا +

کائی سی پھٹ جانا - ہ - ف ل - بھیڑ یا اجتماع کا منتشر ہو جانا +

کائیں کائیں کرنا - ہ - ف م - شور مچانا - غل کرنا +

کائیاں پن کرنا - ہ - ف م - (۱) مارواڑیوں کا سا چلن چلنا + (۲) بخل یا کنجوسی کرنا + (۳) چالاکی کرنا - ہوشیاری یا عیاری دکھانا +

کباب کرنا - ا - ف م - تکلیف پہنچانا - بھوننا - جلانا - دُکھ دینا +

کباب ہونا - ا - ف ل - حسد یا غصے کے مارے جل جانا - بھنّا +

کبڈی کھیلتے پھرنا - ہ - ف ل - دیکھو (جوتیاں چٹخاتے پھرنا)

کبوتر خانہ - ف اسم مذکر - وہ جگہ جہاں بہت ایک آئے اور ایک جائے - مسافر خانہ - سرائے +

کبھی کا - کبھی کی - ہ م ف - بہت عرصہ سے - دیر ہوئی +

کبھی نہ کبھی - ہ م ف - (۱) کسی وقت تو - آگے یا پیچھے + (۲) بہت کم - شاذ و نادر

کُپّا کرنا ۔ ف ل ۔ کسی بادشاہ یا امیر آدمی کا مرنا + (قلعہ معلی دہلی)

کپال کریا کرنا ۔ ف م ۔ (ہندو) (۱) مردے کی ادھ جلی کھوپری بانس سے توڑنا + (۲) سر پھوڑ ڈالنا +

کُپّا ہو جانا ۔ پھول کے کُپّا ہو جانا ف ل ۔ (۱) خفا ہو کر منہ پھلا لینا ۔ دیکھو (پھول بیٹھنا) + (۲) نہایت موٹا ہو جانا ۔ فربہ اندام ہو جانا +

کپڑوٹی کرنا ف م ۔ (۱) خاموش ۔ منہ بند کرنا + (۲) کپڑا چھن کرنا ۔ کپڑے میں چھاننا +

کپڑوں سے ہونا ۔ کپڑے آنا ف ل ۔ حیض آنا ۔ دیکھو (ایام سے ہونا)

کپڑے اُتارنا ف م ۔ (۱) کپڑے بدلنا + (۲) کپڑے چھین لینا ۔ لوٹ لینا خوب سر سونڈنا +

کپڑے رنگنا ف ل ۔ فقیر ہونا جوگی بننا

کتاب کا کیڑا اسم مذکر ۔ (۱) وہ کیڑا جو کتاب کو چاٹ جائے ۔ بھینگر ۔ (۲) وہ شخص جو ہر وقت کتابوں کا مطالعہ کرتا رہے +

کتابی ۔ یا ۔ **کتاب رُو چہرہ** ۔ اسم مذکر ۔ آدمی کا لمبا چہرہ +

کتر بیونت کرنا ف م ۔ (درزی) (۱) کاٹنا چھانٹنا ۔ قطع و برید کرنا + (۲) سود سے سلف میں سے رکھ لینا ۔ کچھ بچا لینا ۔ خرید و فروخت میں کم پیش بتانا غبن کرنا +

کترنی چلنا ف ل ۔ جلد جلد باتیں کرنا ۔ بے تکان بولے جانا ۔ قینچی سی زبان چلنا + (عو)

کُتیا کا پالا اسم مذکر ۔ نطفۂ بے تحقیق والد الزنا + (بازاری)

کُتیا کے چھنالے میں پھنسنا ۔ یا ۔ پکڑا جانا ف ل ۔ دوسرے کے جرم میں گرفتار ہونا ۔ اور کی بلا میں آپ پھنس جانا + (بازاری)

کُتّے خصی اسم مؤنث ۔ (کتے کی خصلت کا بگاڑ معلوم ہوتا ہے) کتے کی طرح سے دوڑ پھرنا + ادنیٰ ملازمت ۔ ذلیل نوکری +

کُتّے کا بھیجا کھانا ف ل ۔ کتے کی طرح برا بولے یا بھونکے جانا ۔ بیہودہ گوئی کرنا ۔ جھک مارنا +

کُتّے کا کفن اسم مذکر ۔ عو ۔ نہایت سستا اور خراب کپڑا + (حقارتاً)

کُتّے کی دُم ۔ا۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو بہت سمجھانے سے بھی نہ سمجھے۔ کج فہم + ہیں کجی میں مردم کج طبع بھی کُتّے کی دُم (ناسخ) راست انکو کیجئے سو بار ہوں سو بار کج

کُتّے کی موت مرنا ۔ا۔ ف ل۔ نہایت خراب حالت یا بیعزتی کے ساتھ مرنا۔ حرام موت مرنا۔ بغیر جوانمردی دکھائے جھٹ مرجانا +

کٹا چھنی ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ از حد دشمنی ہونا۔ بیر اکھیری ہونا +

کُٹ بدّیا کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ خوب پٹنا۔ ٹھکنا

کُٹنی کہنا ۔ ہ۔ ف م۔ بُرائی کرنا۔ کسی کے خلاف میں کہنا +

کُٹ متا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (پُرانا محاورہ) طاقت و ہوش زور۔ جوان۔ **میر** ؎ پیری میں بھی جواں رکھا ہے دخترِ رز کی صحبت نے لیتے پی پی کے انگوری میر ہوئے کٹ متے ہو

کٹورا بجنا۔ یا۔ کھنکنا ۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت آبادی ہونا۔ رول چول ہونا۔ گرم بازاری ہونا

کٹورا چلانا ۔ ہ۔ ف م۔ کٹورے کو منتر کے زور سے چکر دیکر چور کو دریافت کرنا +

کٹھالی کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (سُنار) (۱) سونے چاندی کو کٹھالی میں رکھکر گلانا + (۲) بازاری بخوب گھڑنا۔ ایسا مارنا کہ بھرکس نکال دینا۔ سر پھوڑ ڈالنا + (۳) مردے کو جلانا +

کٹھ پُتلی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) ایک قسم کا کاٹھ کا کھلونا + (۲) بے بس آدمی۔ بے اختیار شخص + (۳) دُبلی پتلی عورت +

کٹے لگنا ۔ ہ۔ ف ل۔ م عو۔ صرف ہوجانا۔ خرچ میں آجانا + بہت دنوں سے میرے گنّے پر تمہارا دانت تھا اب تو تمہارے کٹے لگ گیا

کج کُلاہ ۔ ف۔ اسم مذکر۔ (نظم) چھیل چھبیلا۔ معشوق + بانکا +

کچّا پکّا کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) تھوڑا بھوننا۔ ادھ بُھنا رکھنا + سوئف کو کچّی پکّی کرو۔ (۲) معاملہ پکانا۔ یا ٹھیرانا +

کچّا جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ ادھورا بچہ پیدا ہو پڑنا۔ اِسقاط حمل ہوجانا + (ہ عو)

کچّا جن ۔ ا۔ اسم مذکر۔ کسی بات کے پیچھے لپٹنے والا آدمی +

کچّا ساتھ۔ کچّا کُنبہ ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ چھوٹے چھوٹے بال بچے +

کچّا کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دل توڑنا پست ہمت کرنا + (۲) ذلیل کرنا۔ شرم دلانا +

کچّا ہونا۔ کچیا جانا ۔ ہ۔ ف ل (۱) ہمت ہارنا۔ ارادہ توڑنا + (۲) شرمندہ ہونا۔

کچائی نکالنا - ہ - ف م - (۱) خامی دور کرنا۔ کمی کو پورا کرنا + (۲) مارتے مارتے پتلا حال کر دینا +

کچ بچ - کچر بچر - کچر کھان - ہ - اسم مؤنث بال بچے - لڑکے بالے - بہت سے چھوٹے بچے

کچ پیندیا - اسم مذکر - (۱) بات کا کچا - اقرار کا جھوٹا - وہ شخص جو ذرا سی دیر میں اپنی بات سے پھر جانا - متلون مزاج + (۲) کمزور نکما

کچ دلا - ل - اسم مذکر - بزدلا - وہ شخص جو ذرا سے صدمہ میں رو دیوے +

کچریاں بیچنا - یا - پکانا - کچ کچ کرنا - ہ - ہ - ف م - نہایت شور و غل کرنا - اودھم مچانا - گھر کو سر پر اٹھا لینا +

میاں! کیوں کچریاں بیچ رکھی ہیں؟

کچوری سے گال - ہ - اسم مذکر - موٹے موٹے پھولے ہوئے گال +

کچومر کر ڈالنا - یا - نکالنا - ہ - ف م - بچھو (رائتا بنانا نمبر ۲)

کچھ اور - ہ - م ف - کوئی چیز یا بات اور +

کچھ ایک - ہ - م ف - تھوڑا سا - کسیقدر +

کچھ بات بھی - ہ - مذاو ندیہ - کوئی وجہ بھی کیوں - کسواسطے +

کچھ تو - ہ - م ف - کسیقدر - تھوڑا بہت کوئی وجہ تو +

مصرع

کچھ تو ہے جسکی پردہ داری ہے

کچھ تو دال میں کالا کالا ہے - ہ - محاورہ - کوئی سبب ہے - کچھ نہ کچھ وجہ ہے (ظرافت) بال ہیں بکھرے - بند ہیں ٹوٹے - ٹوٹا کان کا بالا ہی ہمنے تو یہاں تاڑ لیا - کچھ دال میں کالا کالا ہے

کچہری چڑھنا - ہ - ف ل - کسی معاملہ کو عدالت تک پہنچانا - عدالت میں ناشی ہونا +

کچہری کے کتے - ہ - اسم مذکر - عدالت کے رشوت خوار ملازم +

کچہری لگانا - ہ - ف م - (۱) بھیڑ لگانا - ازدحام کرنا + (۲) شور کرنا - غل مچانا +

کچھ کا کچھ کہنا - ہ - ف ل - خلاف کہنا - خلاف واقعہ بیان کرنا +

کچھ کا کچھ - یا - کچھ سے کچھ ہو جانا - ہ - ف ل - حالت دگرگوں ہو جانا - رنگ پلٹ جانا +

میر

ہووے زمانہ کچھ سے کچھ چھوٹے ہے دل لگا مرا
شوخ! کسی بھی آن سے تجھ سے تو میں جدا نہیں

کچھ کچھ - ہ - م ف - تھوڑا سا - قریب قریب کسیقدر +

کچھ کر دینا - ہ - ف م - جادو یا ٹونا کر دینا +

کچھ کھالینا ۔ ف ل ۔ زہر کھالینا ۔ افیم کھانا ۔ **۲ سحر**

بھجوا دُکھر میں سحر کے اے جان حاضری
بھو کا تمہاری وہ یہ کا کچھ کھا کے مرگیا +

کچھ کہ بیٹھنا ۔ ف ل ۔ کوئی خلاف مرضی یا ناگوار بات کہدینا ۔ گالی سے بیٹھنا +

کچھ کھوکے سیکھنا ۔ ف ل ۔ گھاٹے یا نقصان کے بعد ہوشیار ہونا ۔ نقصان کرکے عبرت پکڑنا ۔ ٹھوکریں کھاکر سیدھا ہونا ۔

کچھ نہ پوچھو ۔ یا ۔ **نہ پوچھئے** ۔ کچھ حال نہ دریافت کیجئے ۔ بس خاموش رہو کہتے ہوئے شرم آتی ہے ۔ کہنے کی بات نہیں ہے +

کچھ نہ کچھ ۔ م ف ۔ تھوڑا بہت ۔ کسیقدر ۔ ذرا سا +

کچھ نہیں ۔ م ف ۔ ذرا بھی نہیں ۔ کوئی بات نہیں +

کچھ نہیں کیا ۔ محاورہ ۔ (۱) کوئی کام کی بات نہیں کی ۔ (۲) بڑا بُرا کام کیا ۔ ایسا کرنا واجب نہ تھا +

کچھ ہو جانا ۔ ف م ۔ بھوت پریت کا اثر ہو جانا ۔ کسی بلا کے سایہ میں آجانا +

کچھ ہو رہنا ۔ ف ل ۔ (۱) کچھ حال دلیا ہو جانا + کچھ فیصلہ ہو جانا + (۲) کسیقدر قابلیت پیدا کرنا +

کچی آسامی ۔ اسم مذکر ۔ (۱) عارضی جگہ چند روز کی نوکری + (۲) غیر موروثی جوتا ۔ پاہی آسامی +

کچے پکے دن ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ حمل کے چوتھے پانچویں مہینے تک کا عرصہ +

کچی پیشی ۔ اسم مؤنث ۔ عدالتیں مقدمہ کی پہلی پیشی

کچی ٹوٹنا ۔ ف ل ۔ ازالۂ بکر ہونا +

کچی کلی ۔ ف اسم مؤنث ۔ باکرہ ۔ نابالغہ ۔ یا نی ۔ بچہ +

کچی کلی ٹوٹنا ۔ ف ل ۔ عمر طبعی سے پہلے مرجانا ۔ بچہ سا مرجانا +

کچی کلی توڑنا ۔ ف م ۔ نابالغہ کے ساتھ حرکت کرنا ۔ ازالہ کرنا + (بازاری)

کچی گولیاں کھیلنا ۔ ف ل ۔ (لاکھ کی بجائے) مٹی کا گولیوں سے کھیلنا جو جلد ٹوٹ جاتی ہیں ۔ (مجتمل کرنا کھیلنا) اسی سبب سے ناتجربہ کار ہونا ۔ کچا کام

اور وہ ہوتیاں ہیں ابیلی
میں نہیں کچی گولیاں کھیلی

کچے گھڑے پانی بھرنا ۔ ف ل ۔ (۱) ناممکن بات کرنا جیسے کاموت لاکر موجود کردینا + (۲) غلامی کرنا ۔ فرمانبرداری کرنا ۔ تکلیفیں اُٹھانا + **جرأت**

اشک بھر لاؤ نہ دل دیکھے میاں جرأت! تم
ابھی بھرنے میں تمہیں کچے گھڑے پانی کے

کچے گھڑیکی چڑھنا - ہ۔ف ل۔ جوب نشہ ہو جانا +

کدال بجنا - ہ۔ف ل۔ مکان کا ڈھایا جانا +

کرارے دم - ا۔م۔ف۔ (۱) مضبوطی کے ساتھ ثابت قدمی سے + (۲) تروتازہ

کراؤ کرنا - ہ۔ف م۔ (۱) رانڈ کے ساتھ بیاہ کر لینا۔ رانڈ کو گھر میں ڈال لینا یا اوڑھنا اوڑھانا + (۲) رانڈ کا کسی مرد کو کر لینا کسی کے گھر میں پڑ جانا +

کرائے پر چلانا - ا۔ف م۔ (بازاری) کسی عورت کی خرچی کھانا +

کرائے دار اترنا - ا۔ف ل۔ (بازاری) حاملہ ہونا + اُس رنڈی کے ہاں کرایہ دار اترا ہوا ہے

کربلا ہے - ا۔ محاورہ۔ کربلا جہاں حضرت حسین کو پانی نہیں ملا تھا اُسکی سی حالت ہے۔ قحط ہے۔ کال ہے۔

کر بیٹھنا - ہ۔ف ل۔ کسی کام پر ہاتھ ڈال دینا۔ کسی بات کو اختیار کر لینا +

کر دیکھنا - ہ۔ف م۔ کسی کام کو کر کے اُسکی بُرائی بھلائی سے واقفیت پیدا کرنا + تجربہ حاصل کرنا۔ آزمانا +

کُرسی دینا - ا۔ف م۔ (۱) کسی مکان کو بلندی دینا + (۲) کسی کو بیٹھنے کے لئے چوکی دینا + (۳) تعظم و تکریم کرنا +

کرسی کا اُچکّہ - ا۔ف م۔ (۱) (کرسی ایک مقام کا نام ہے جہاں کے باشندے بڑے بڑے چور مشہور ہیں) اسی سبب سے۔ نہایت بیوقوف اجہل +

کرسی نشین ہونا - ا۔ف ل۔ (۱) منطوری کے درجہ کو پہنچنا۔ بار میں کرسی پانا۔ (۲) ٹھیک بیٹھ جانا۔ درست ہو جانا +

کرکرا کر دینا - ہ۔ف م۔ خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا۔ رنگ بھنگ کر دینا +

کرکری اُٹھنا - ہ۔ف ل۔ (۱) پیٹ میں درد ہونا۔ باؤ گولا اُٹھنا + (۲) شامت آنا

کرکری خانہ - اسم مذکر۔ (کرکری ایک قسم کا بادلا بازرتار ہوتا ہے) وہ مکان جسمیں امیر و نکما پڑا اسباب پڑا رہتا ہے +

کرگزرنا - ا۔ف ل۔ کسی کام کو کر کے چھوڑنا ضد سے نہ ٹلنا۔ اپنی ہٹ سے باز نہ آنا اپنی بلا سے گھر میں رہے یا کہ گھر نا۔ جس بات پر اڑ گیا اُسے کر گزرنا۔ **نظیر**

کرم پھوٹنا - ہ۔ف ل۔ دیکھو (قسمت اُلٹ جانا)

کرم پھوڑ - ہ۔ صفت۔ بدبھاگی۔ کرم ہین۔ بد اقبال +

کرم ٹھوکنا - ہ۔ف ل۔ اپنے مقسوم کو

بُرا کہنا۔ اپنی قسمت کو رونا +

کرم سینک ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) نذاقاً۔ حقہ + (۲) ہندو۔ کم گھی کے پکتے ہوئے سخت پر انٹھے +

کرم کابلیا ۔ ہ۔ صفت۔ (طنزاً) صاحب نصیب۔ بھاگوان۔ خوش قسمت +

کرم کابلیا پکائی کھیر اور ہو گیا دلیا + مثل

کرم کرنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) بخشش کرنا۔ نہال کر دینا۔ دیدینا۔ عنایت کرنا + (۲) قدم رنجہ فرمانا۔ تشریف لانا + ؎

کرم کیا ہے جو اے برق ادھر تو پورا کر
مجھے بھی پھونکتی جا میری آشیاں کی طرح

کروٹ بدلنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) ایک پہلو سے دوسرے پہلو لیٹنا + (۲) انقلاب ڈالنا۔ تغیر و تبدل کرنا + ؎

یار ہمسے نہ کبھی اکسے ہوا ہم بستر
کروٹ ایسی نہ زمانے کو بدلتے دیکھا

(۳) مخالف کی طرف جا ملنا۔ فریق ثانی سے گٹھ جانا +

کریا بگاڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ بے عزتی کرنا۔ ذلیل و رسوا کرنا + (ہندو)

کریا کرم کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ مُردے کے کفنانے اور جنازہ وغیرہ کی رسمیں ادا کرنا + (ہندو)

کریال میں آنا۔ کریال کرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پرندوں کا خوش ہو کر پروں کو پھڑپھڑانا اور صاف کرنا + (۲) اُمنگ میں آنا۔ خوش ہونا +

کریال میں ٹھلہ لگنا ۔ ہ۔ ف ل۔ رنگ میں بھنگ ہونا۔ عیش میں کھنڈت پڑنا +

کریز کرنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) پرندوں کا اپنے پرانے پروں کو جھاڑنا اور نئے پروں کو نکالنا + (۲) جانوروں کا جفتی کھانا +

کڑا سما ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ تنگدستی کا زمانہ۔ بُرا زمانہ +

کڑا کا بیتنا۔ یا۔ گزرنا ۔ ا۔ ف ل۔ فاقہ ہونا

کڑا کرنا ۔ ف م۔ (۱) سخت کر دینا۔ اینٹھا دینا + (۲) کس دینا۔ کھینچ دینا + (۳) قیمت زیادہ کر دینا۔ نرخ بڑھا دینا + (۴) ہمت بندھانا یا بڑھانا +

کڑا کے کا۔ یا کڑکڑاتا جاڑا ۔ ہ۔ اسم مذکر نہایت شدت کی سردی +

کڑا لگانا ۔ ہ۔ ف م۔ لداؤ کا مکان بنانا۔ لداؤ ڈالنا +

کڑاہی باندھنا ۔ ہ۔ ف م۔ جادو سے زور سے کڑاہی کو آنچ نہ لگنے دینا۔ بکھانا نہ پکنے دینا +

کڑاہی چڑھنا ۔ ف ل ۔ کھانا پکنا شروع ہونا شادی کی تیاریاں ہونا +

کڑاہی کرنا ۔ ف م ۔ کسی دیوتا کی بھیٹ پر حلوا وغیرہ پکا کر منت ادا کرنا ۔ نیاز کرنا +

کڑاہی مڑوڑنا ۔ ف م ۔ (حلوائی) کڑاہی سر کانا

کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا ۔ ف ل ۔ دیکھو (تیل میں ہاتھ ڈالنا)

کڑبڑی ڈاڑھی ۔ اسم مؤنث ۔ ایسی ڈاڑھی جسمیں سفید اور کالے بال دونوں ہوں

کڑک بانکا ۔ صفت ۔ چھیل چھبیلا +

کڑک بولنا ۔ ف ل ۔ ناغہ ہونا ۔ خالی جانا

کڑک دوڑنا ۔ ف ل ۔ دُلکی چلنا ۔ نہایت تیز رفتاری سے ساتھ چلنا +

کڑوا دل کرنا ۔ ف ل ۔ سخت دل کر لینا ۔ سختی جھیلنا +

کڑوا لگنا ۔ ف ل ۔ بُرا معلوم ہونا ۔ ناگوار گزرنا +

کڑوا ہونا ۔ ف ل ۔ (۱) ناراض یا رنجیدہ ہونا ۔ (۲) سخت یا کڑا ہونا + وزیر ؎

دانۂ خرمن گلے پر رہ گیا چلکہ مرے
مُنہ ہوا خنجر کا میٹھا جب وہ کڑوا ہو گیا

کڑے کسیلے دن ۔ اسم مذکر ۔ ع ۔ (۱) ایام نحوست ۔ مصیبت کا زمانہ + (۲) عمل کا آٹھواں مہینہ + **جانصاحب** ؎

دن تو یہ کڑوے کسیلے آپکے گذر ہی گئیں

جانصاحب ایسا بیٹھا ہے تمہارا کیا مجھے

کڑوی کچھڑی ۔ یا ۔ روٹی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ہندو ۔ جس روز کوئی مر جائے اُس روز کا کھانا ۔ حاضری +

کڑی اُٹھانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ سختی یا تکلیف کی برداشت کرنا ۔ مصیبت جھیلنا +

کڑی آنکھ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ قہر و غضب کی نگاہ ۔ غصہ و غضب ۔ خفگی + **ناسخ** ؎

سودا جو تیری زلف کا ایجاد ہو تجھکو
ہر حلقۂ زنجیر کی پڑتی ہے کڑی آنکھ

کڑی کہ بیٹھنا سُنانا ۔ یا ۔ کہنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ سخت و سست کہنا ۔ گالی گلوچ کرنا ۔ سخت جواب دینا ۔ ترشروئی سے کلام کرنا + **نظیر** ؎

کوئی گھڑی اگر وہ ملائم ہوا تو کیا
کہ بیٹھیں گے پھر ایک کڑی دو گھڑی کے بیچ

کڑیل جوان ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ تنومند زور اور طاقت والا ۔ گراں ڈیل +

کسر کھاتا ۔ ف ل ۔ نقصان اٹھانا گھاٹا بھگتنا +

کس شمار قطار ۔ یا ۔ گنتی میں ہے ۔

۱۔ محاورہ۔ کون پوچھتا ہے۔ اُسکی کچھ قدر و منزلت نہیں ہے۔

کسک آنا۔ ہ۔ ف ل۔ خفیف سا صدمہ پہنچنا + **سجر ے**

مزاج پوچھا کسیکا تو اُنکا منہ دُکھا
کسک سی ہاتھ میں آئی اگر سلام کیا

کسک مٹانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) درد یا تکلیف دور کرنا۔ (۲) کسی عورت کی خواہش نفسانی پوری کرنا +

کس کھیت کی مولی ہو۔ کس کھیت کے بتھوے ہو۔ ہ۔ محاورہ تمھیں کوئی مولی یا بتھوے کے درجہ کے برابر بھی نہیں سمجھتا تمھیں پوچھتا کون ہے۔ تمھیں کوئی کچھ نہیں گنتا +

کس مرض کی دوا ہو۔ ا۔ محاورہ یعنے تمہاری ملاقات اور دوستانے سے کیا فائدہ ہے۔ تمہارے ملنے جلنے سے کیا حاصل ہے +

کُسم کا آزار ہونا۔ ا۔ ف ل۔ متواتر حیض آنا۔ پیر جاری رہنا + (م عو)

کسوٹی پر چڑھانا۔ یا۔ لگانا۔ ہ ف م۔ (۱) ایک قسم کے پتھر پر گھسکر سونے کا کھرا کھوٹا پن دیکھنا + (۲) آزمانا۔ امتحان کرنا +

کس و ناکس۔ ا۔ اسم مذکر۔ ہر خاص و عام ادنیٰ و اعلیٰ۔ ہر آدمی +

کسی کی آگ میں گرنا۔ یا۔ پڑنا۔ ہ۔ ف م کسی کی مصیبت میں ہمدردی کرنا۔ مصیبت میں کسی کا ساتھ دینا +

کسی کے حق میں کانٹے بونا۔ ا۔ ف م کسی کے واسطے بُرائی کرنا۔ کسی کے لئے کنواں کھودنا + **داغ ے**

عدوے نیش زن کی آپ سُنتے ہیں وہ کہتا ہی
کہ جب آیا اُسے کانٹے ہمارے حق میں بو جانا

کسی کے گھی گھڑے کسی کے پتھر پڑے۔ ہ۔ محاورہ۔ کسی نے اچھا پھل پایا کسی نے بُرا۔ کسی کو گیہوں میسر ہیں کسیکو جو بھی نہیں ملتے +

کسی کے ہاتھوں سے تنگ آنا۔ ا۔ ف ل۔ کسی کے سبب سے عاجز آجانا مجبور ہو جانا۔ ناک میں دم آجانا + (گفتگو کے وقت اس محاورے میں کسی کے بجائے صیغہ غائب یا مخاطب لگا کر بولا کرتے ہیں) +

کسی کے ہو رہنا۔ ہ ف ل۔ کسی شخص کا پابند ہو جانا +

کشش اُٹھانا۔ ا۔ ف ل۔ مصیبت یا

تکلیف جھیلنا +

کشیدہ خاطر رہنا ۔ا۔ف ل ۔ آزردہ رہنا۔ کھنچا رہنا +

کشیدہ کاڑھنا ۔ا۔ف م ۔(۱) سوئی کا کام کرنا۔ باریک کام کرنا + (۲) مشکل کام کرنا

کفِ دست میدان ۔ا۔اسم مذکر۔ لق و دق میدان ۔ ویرانہ ۔ سنسان جنگل +

میر حسن ؎

نہ انسان ہے واں نہ حیوان ہے
فقط ایک کفِ دست میدان ہے

کُفران نعمت ۔ف۔اسم مؤنث ۔ ناشکری احسان فراموشی +

کُفر توڑنا ۔ا۔ف م ۔ ضد یا اڑ توڑنا کسیکو اُسکی ہٹ سے باز رکھنا + ؎

لائے اُس بُت کو التجا کرکے
کفر توڑا خدا خدا کرکے

کُفر کا کلمہ بولنا ۔یا۔مُنہ سے نکالنا۔ ا ف م ۔ خدا یا کسی بزرگ کی بے ادبی کرنا (۲) بیہودہ گوئی کرنا + (۳) شیخی کرنا ۔ ڈینگ مارنا

کُفر کچہری ۔ا۔اسم مؤنث ۔ خراب صحبت شہدے ۔ لچے گنڈے +

کفش خانہ ۔ا۔اسم مذکر۔ (لکھنؤ) غریب خانہ (متکلم انکسار کے طور پر اپنے مکان کو اس کلمہ سے تعبیر کیا کرتا ہے)

کف لے آنا ۔ا۔ف ل ۔ جلد غصہ ہو جانا بگڑ جانا + آگ ہو جانا +

آتش ؎

خفا دم چاہنے والوں سے ہونگے غوطے کھا کھا کر
بہت کف لائیگا وہ طفل خوش اسباب دریا میں

کفن پھاڑ کے بولنا (۱) ف ل ۔ نہایت شور کے ساتھ جواب دینا ۔ غل مچانا ۔ (۲) دفعتہً بول اُٹھنا + (اگر کوئی شخص سوتے سوتے بول اُٹھتا ہے تو عاقا اُسکی نسبت بولا کرتے ہیں)

کفن سر سے باندھنا ۔یا۔ **لپٹنا** ۔ا۔ ف ل ۔ اپنی زندگی کو خطرے میں ڈالنا سر کو ہتیلی پر رکھ لینا ۔ جان پر کھیلنا +

کفن کاٹھی کرنا ۔ا۔ف م ۔ مردے کو کفنانا تجہیز و تکفین کرنا + (ہندو)

کفے سپینا ۔ا۔محاورہ ۔ (چابک سوار) پانچ

کفے دینگا ۔ا۔محاورہ (چابک سوار) پچاس

کفے لانگ ۔ا۔محاورہ (چابک سوار) پانچسو۔

ککڑ خانہ ۔ا۔اسم مذکر۔ (۱) وہ جگہ جہاں نیچے عام لوگ بیٹھ کر حقہ پئیں + (۲) ناقص جگہ ۔ بھٹیار خانہ +

ککڑ والا ۔ا۔اسم مذکر۔ (ککڑا ایک قسم کا پینے کا تنباکو ہوتا ہے جو گیلا اور سوکھا ملا کر بناتے ہیں) (۱) وہ شخص جسکا پیشہ بازار کے لوگوں اور

راہ گیروں کو حقہ پلانا ہو + (۲) ذلیل آدمی +

ککڑی کا چور - ہ - اسم مذکر - ذرا سی چیز چرانے والا - چھوٹی چیز کا چور +

ککڑی کھیرا کرنا - ہ - ف م - (جس طرح ککڑی آسانی سے اور جلد ٹوٹ جاتی ہے اسی طرح آدمی کو ذرا سی بات میں کوسنا ڈالنا) بددعائیں دینا - بات بات میں کوسنا +

سن میاں ہمکو جو تو کرتا ہے ککڑی کھیرا
کوستا ہر گھڑی پھر آن کا ہوتا ہے بُرا — نظیر

ککڑی ہو جانا - ہ - ف ل - (بازاری) سکڑ کر یا اینٹھ کر ذرا سا ہو جانا +

کل اُچھال - ہ - صفت - (ا) ننگِ خاندان - بدنام کنندۂ خاندان - نام ڈبوا +

کل اُچھالنا - کل کو بٹا لگانا - ہ - ف م - اپنے خاندان کو بدنام کرنا +

کلام اللہ اُٹھانا - ا - ف م - قرآن شریف کی قسم کھانا +

کلائی کرنا - ہ - ف م - حریف کے ہاتھ کو اپنی کلائی کے اوپر سے اپنے اُسی ہاتھ کے زور سے ہٹا دینا - طاقت آزمائی کرنا - ایک قسم کی ورزش کرنا + بجر

پنجۂ دنداں تری کنگھی نے موڑا سانپ کا
کر کے گیسو نے کلائی ہاتھ توڑا سانپ کا

کل بگڑ جانا - ہ - ف ل - کسی اوزار کے پرزے وغیرہ کا خراب ہونا - کسی چلتی چیز یا کسی عضو کا بیکار ہو جانا +

کل بے کل ہونا - ہ - ف ل - نس پٹھا بھڑک جانا - بے چین ہو جانا +

کل پڑنا - یا - آنا - ہ - ف ل - آرام ملنا - راحت پہنچنا +

داغ

کوئی دم کوئی گھڑی کل نہیں آتی دل کو
میں بیاں کس سے کروں آٹھ پہر کی صورت

کل چبھا - ہ - اسم مذکر - (کالی جیبھ والا) وہ شخص جسکی بددعا بہت جلد اثر کرے منحوس +

کلنگ کا پرچھاؤں ہے - ہ - محاورہ - کلنگ کا اثر ہے - بڑا بُرا زمانہ آگیا ہے

کل سرا - ہ - اسم مذکر - کالے سر والا - آدمی + اس کل سر سے سب نے پناہ مانگی ہے +

کل سے بیٹھنا - ہ - ف ل - چین یا آرام سے بیٹھنا - آرام ملنا +

کل کا پُتلا ہے - ہ - محاورہ - کلدار پُتلی ہے - کل کے ذریعہ سے حرکت کرنیوالی چیز ہے - غیر کے تابع ہے + فغاں

آدمی کہتے ہیں جسکو ایک پُتلا کل کا ہے
پھر کہاں کل اُسکو جب کل ہو ذرا بگڑی ہوئی

کل کا لڑکا ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ ہمارے سامنے کا بچہ ہے ۔ وہ شخص جو اپنے دیکھتے دیکھتے ہوش سنبھال لے ۔ ناتجربہ کار

کل کی بات ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ تھوڑے دنوں کا ذکر ہے +

کلکلاں کو ۔ ہ ۔ مف ۔ (۱) آیندہ کو آگے کو + (۲) اتفاقاً ۔ قضا کار ۔ سنجوگ سے +

کل کل کرنا ۔ یا ۔ **مچانا** ۔ ہ ۔ ف م (۱) باہم جھگڑنا ۔ تکرار کرنا ۔ (۲) آج کل کرنا ۔ ٹالنا +

کل موڑنا ۔ **پھیرنا** ۔ یا ۔ **گھمانا** ۔ ہ ۔ ف م (۱) کل کو جاری کر دینا یا چلا دینا + (۲) کسی کے دل کو ایک طرف سے ہٹا کر دوسری طرف لگا دینا ۔ طبیعت کو پھیر دینا + (۳) درست یا ٹھیک کرنا +

کل ہاتھ میں ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسی پر اختیار ہونا + اُنکی کل تمھارے ہاتھ میں ہے +

کلی بھاننا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کسی کے بزرگوں کے حالات تعریف کے ساتھ بیان کرنا (۲) بھٹئی کرنا ۔ تعریف کرنا + (۳) برائی کے ساتھ کسی کے باپ دادا کا نام لینا کسی کے بڑوں کو گالیاں دینا +

کلمہ پڑھانا ۔ ا ۔ ف م ۔ کسی کو مسلمان کرنا

کلمہ پڑھنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) ایمان لانا مسلمان ہو جانا + (۲) اطاعت یا فرماں برداری کرنا + **ڈر جرأت سے**

کلمہ پڑھے تر انجھے دیکھے جو اک نظر
کا فر اثر ہے یہ تیری کافرنگاہ کا

(۳) کسی کے کمال یا ہنر کا مُقر ہونا ۔ تعریف کرنا + **یا رعلی سے**

سُنا ہے اسی (بانی) تُو نے باجا جب سے ارگن کا
لگی ہے تب سے کلمہ پڑھنے تو از حد فرنگن کا

کلمۂ کُفر ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ (۱) بے ادبی یا توہین مذہب کا کلمہ (۲) غرور کی بات ۔ سخت آمیز کلام +

کلمۂ کا شریک ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ (۱) ہم مذہب یا ہم مشرب آدمی + (۲) مسلمان بھائی +

کلمہ گو ۔ ف ۔ صفت ۔ (۱) معتقد + (۲) خیر خواہ ۔ دعا گو ۔ کلمہ بھرنیوالا +

کلمے کی اُنگلی ۔ ا ۔ اسم مؤنث ۔ انگشتِ شہادت ۔ سبابہ ۔ بت اُنگلی +

کلنک کا ٹیکا لگانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ رسوا کرنا ۔ داغ یا عیب لگانا ۔ الزام دھرنا

کلول ٹلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ عو ۔ (پرانا محاورہ) آفت یا بلا کا دور ہونا + **میر سے**

ہمیں غش آگیا تھا وہ بدن دیکھ
بڑی کلول ٹلی ہے جان پر سے

کلہ دراز ۔ا۔ صفت ۔ (۱) ہر وقت چیخ کر بات کرنیوالی + (۲) گالی گلوچ کرنیوالی ۔ زبان دراز

کلھیاسا ۔ ہ ۔ صفت ۔ بہت تنگ ۔ سکڑا ہوا ۔ بند + کیسے کلیات مکان میں رہتے ہو +

کلھیا میں گڑ پھوڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) پوشیدہ یا خفیہ کام ہونا + (۲) ناممکن کام ہونا +

کلھیا میں گڑ پھوڑنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) چھپا کر کوئی کام کرنا ۔ پوشیدہ یا خفیہ کام کرنا + (۲) ناممکن بات کرنا +

کلھیا میں گڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہے ۔ ہ ۔ محاورہ (یعنی گڑ کلھیا میں جو ایک پھوٹا سا برتن ہوتا ہے نہیں چھوٹ سکتا) اسی سبب سے خفیہ کام نہیں ہو سکتا ہے ۔ چوری یا پچھیواں کو نہیں ہو سکتا ہے +

کلھیاں بھرنا ۔ ف ل ۔ دودھ یا تبرت کی کلھیاں کسی کے سر پر چڑھانا +

کلیاں ہونا ۔ ف ل ۔ (۱) پھلنا پھولنا ۔ سرسبز ہونا + (۲) (ہندو) فنا فی اللہ ہونا ۔ مر جانا ۔ فوت ہونا +

کلے تلے دبا لینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ اپنی چیخم چاخ میں دوسرے کو بات نکرنے دینا دوسرے کو خوش مچا کر دبا لینا + (م ع) +

کلیجہ اچھلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) دھڑکن ہونا خوف یا دہشت کے باعث بے چین ہونا + (۲) مارے خوشی کے بیتاب ہونا

کلیجہ اڑا جانا ۔ ف ل ۔ طبیعت گھبرانا ۔ جی پریشان ہونا +

کلیجہ الٹ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دیکھو (جی الٹ جانا) + بحر ط

اقرار وصل کر کے پھرا انکار ظلم ہے!
تم کیا پلٹ گئے کہ کلیجہ الٹ گیا

کلیجہ بڑھ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دیکھو (جی بڑھنا)

کلیجہ بیٹھا جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دیکھو (جی بیٹھنا)

کلیجہ بیدھنا ۔ چھیدنا ۔ یا ۔ سالنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ عو ۔ (۱) دکھ دینا ۔ دلی صدمہ پہنچانا + (۲) طعنے چبھنے دینا ۔ بولی مارنا +

کلیجہ پر چوٹ ۔ یا ۔ گھونسا لگنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ اندرونی صدمہ پہنچنا +

کلیجہ پکنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ عو ۔ دیکھو (چھاتی پکنا) + جرات ط

دل اپنا یاں تلک اس عشق کے ہاتھوں سے پکا ہے
کہ تارِ اشک بھی جوں سلکِ گوہر آبلہ پا ہے

کلیجہ پھٹنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) دلوں میں فرق

آجانا۔ پہلی سی محبت نہ رہنا + دیکھو (دل پھٹنا) + (۲) باہم دشمنی و عداوت ہونا

کلیجہ تر ہونا۔ ا۔ ف ل۔ دیکھو (پوٹا تر ہونا)

کلیجہ تھام تھام کر رونا۔ ہ۔ ف ل عو۔ رونے کی کثرت کے مارے آخر سہارا لے لیکر رونا۔ روتے روتے بُرا حال ہو جانا +

کلیجہ تھام کر یا مسوس کر رہ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ رنج و الم اظہار نکر سکنا۔ صدمہ کو ضبط کرنا۔ پتھر کی چھاتی کر لینا +

کلیجہ ٹوٹا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ بھوک کے مارے بڑی بیچینی ہونا۔ خوب بھوک لگنا +

کلیجہ ٹوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ دلپر صدمہ پہنچنا۔ دلپر چوٹ لگنا + **میر** ؎

کبھی میر اس طرف آکر جو چھاتی کوٹ جاتا ہے
خدا شاہد ہے اپنا تو کلیجہ ٹوٹ جاتا ہے

کلیجہ ٹوک ٹوک ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ بردانست یا سہار کی طاقت نہ رہنا۔ نہایت بیچین ہونا

کلیجہ ٹھنڈا رہے۔ ہ۔ کلمہ دعائیہ۔ سکھ بسو سکھی رہو۔ اچھے رہو +

کلیجہ ٹھنڈا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ آرام پہنچانا۔ تسکین دینا۔ تسلی کرنا۔ خوش کرنا +

کلیجہ ٹھنڈا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) تسکین پہنچنا۔ تسلی و شفی ہونا۔ (۲) صبر آنا سنتوکھ ہونا + (۳) راحت یا آرام پانا۔ چین پڑنا۔ جی خوش ہونا + **بحر** ؎

(۱) تم گلے سے لگ گئے ٹھنڈا کلیجہ ہو گیا
میرے دل میں جو پھپھولا تھا وہ اولا ہو گیا

(۲) راکھ جلکر یہ ہوا تا میرا کلیجہ ٹھنڈا
دل سوزاں کو میرے تبیہ دوں کس انگیٹھ

کلیجہ جلانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) دیکھو (جی جلانا) (۲) حقہ پینے کے باعث دل کو صدمہ پہنچنا

کلیجہ چھلنی ہو جانا۔ یا۔ چھن جانا۔ ہ۔ ف ل۔ طعن تشنیع سنتے سنتے تنگ آجانا سننے کی سہار نہ رہنا + **مصرع** ؎

(۱) بولیوں سے سو طرح کی چھلنی کلیجہ ہو گیا
(۲) بس ناصحا بہ تیر ملامت کہاں تلک!
باتوں سے تیری آہ کلیجہ تو چھن گیا

کلیجہ دھڑکنا۔ کلیجہ دھک دھک۔ یا۔ دھڑکڑ دھڑکڑ کرنا۔ ف ل۔ (۱) کسی صدمہ کے باعث دل کا جلد جلد حرکت کرنا + (۲) مضطرب ہونا۔ پریشان ہونا + (۳) ڈرنا۔ خوف کرنا +

کلیجہ دھک سے رہ جانا۔ ہ۔ ف ل عو۔ کسی خوف یا صدمہ کے باعث جی بیٹھ جانا + **جانصاحب** ؎

ہو گیا دھک سے کلیجہ۔ اوہی! میں تو ڈر گئی
گھر میں بی مہتاب کے ٹوٹا جو تارا رات کو

کلیجہ سُلگانا۔ یا۔ جلانا۔ ہ۔ف م۔ رنج دینا۔ جی جلانا + **جرات** ؎

یہ کہہ کے شب وصل میں سُلگا نہ کلیجا
ہے ہے نہ لپٹ مجھسے کہ پنڈا ہو ترا گرم

کلیجہ کاڑھکے۔ یا۔ نکال کے دینا۔ ہ ف م۔ (۱) کسی شخص کو اپنی نہایت عزیز چیز دینا + (۲) اپنا روپیہ بلا گروی قرض دیدینا +

کلیجہ کاڑھ لینا۔ یا۔ نکال لینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ڈائن کی طرح جگر کھا جانا + (۲) کسی کا دل چھین لینا۔ موہ لینا + (۳) چوٹی کی یا اچھی سے اچھی چیز چھانٹ لینا + (۴) کسی کی جمع پونجی چرا لینا۔ کسی کی جیب میں سے روپیہ نکال لینا +

کلیجہ کانپنا۔ ہ۔ف ل۔ ڈر لگنا۔ خوف معلوم ہونا +

کلیجہ کٹنا۔ ہ۔ف ل (۱) خون کے دست آنا لہو موتنے لگنا۔ (۲) بیجا روپیہ خرچ ہونا (۳) جی کڑھنا۔ برا معلوم ہونا +

کلیجہ کھرچنا۔ ہ۔ف ل۔ بھوک یا کھد یا لگنا اشتہا معلوم ہونا +

کلیجہ کھلانا۔ ہ۔ف م۔ کسیکو خوب روپیہ کھلانا۔ کمال خاطر و مدارات کرنا + ؎

شاد ہو ہو کے کھلاتا ہوں کلیجہ اپنا
غم بھی کیا یاد کریگا کہ مدارات نہ کی

کلیجہ مُنہ کو آنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) جی اُتھل پتھل ہونا۔ نہایت جی گھبرانا۔ دم بولانا از بس بیتابی و قلق ہونا + **آتش**

(۱) فرقت یار میں بیتابی دل کیا کہیئے
کب کلیجہ نہیں مُنہ کو دم فریاد آیا

(۲) اگرچہ مُنہ سے بولوں ہوں مزا اُلفت کا جاتا ہے
اگر چپکا ہی رہتا ہوں کلیجہ مُنہ کو آتا ہے

(۲) نفرت کرنا۔ گھنیانا۔ کراہیت کرنا +

کلیجہ ملنا۔ ہ۔ ف م۔ دلکو مسوسنا۔ دلی صدمہ پہنچانا۔ رنج دینا + **بحر** ؎

رنج فرقت کو پہنچتی نہیں ایذا کوئی
دل میں بیٹھا ہوا ملتا ہے کلیجہ کوئی

کلیجے پر سانپ لوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ دیکھو (چھاتی پر سانپ لوٹنا)

کلیجے پر گھونسا سا لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ دل پر نہایت چوٹ لگنا + **جرأت** ؎

کہہ کے غصہ میں پھر آیا اور بھی چلتے ہوئے
ایک گھونسا سا کلیجے پر لگا جاتے ہو تم

کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا۔ ہ۔ف ل

اپنا سا حال دوسرے کا سمجھنا +

کلیجے یا جگر سے دھواں اُٹھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ دل سے آہ نکلنا۔ جرأت ؎

لگائی آگ کسنے میرے گھر کو
دھواں سا کچھ تو اُٹھتا ہے جگر سے

کلیجے سے لگا کے رکھنا ۔ ہ۔ ف م۔ نہایت عزیز کر کے رکھنا۔ چھپا کر رکھنا۔ پیارا جاننا۔ جان کے برابر عزیز سمجھنا +

کلیجے کا ٹکڑا۔ کلیجے کی کور۔ اسم مذکر۔ لخت جگر۔ نور چشم۔ آنکھ کی پتلی۔ نہایت پیارا اور لاڈلا +

کلیجے میں ہاتھ ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی کا کلیجہ نکال لینا۔ یا چھین لینا + (۲) کسی کے دلمیں جگہ کرنا + میر ؎

حنا سے یار کا پنجہ نہیں ہے گل کے رنگ
ہمارے اُسنے کلیجے میں ہاتھ ڈالا ہے

(۳) کسیکے دلکو دکھ دینا۔ کسی پر داؤ چلنا کسی کے مال پر نیت کرنا +

کلیجے والی کلیجے کھائی ۔ ہ۔ اسم مؤنث ڈائن۔ چڑیل +

کمال کرنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) اپنی کمال سی کسیکو دھوکا دینا۔ غالب آنا۔ چال یا عیاری کرنا + (۲) کوئی انوکھی یا عجیب بات کرنا +

کمالینا ۔ ہ۔ ف م۔ کمزور کر دینا۔ ست نچھوڑنا۔ چرلینا +

کمان آبرو۔ ف۔ اسم مذکر (نظم) کمان جیسی بھویں والا۔ معشوق +

کمان پر جانا۔ یا۔ ہونا ا۔ ف ل۔ فوجی خدمت پر جانا۔ لڑائی پر جانا +

کمان چڑھنا ۔ ا۔ ف ل۔ فتحیاب ہونا۔ جیتنا +

کمان دغنا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) حکم ہو جانا (۲) بندوق کا چھوٹنا +

کماؤ دھن ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) فرزند نرینہ بیٹا۔ پوت + (۲) بھاڑے کا ٹٹو۔ ٹھیکہ گاڑی وغیرہ + (۳۔ بازاری) لڑکی۔ کسبی رنڈی +

کمبختی آنا ۔ ہ۔ ف ل۔ مصیبت یا شامت آنا۔ بُرے دن آنا +

کمبختی کا مارا ۔ ا۔ صفت۔ بدنصیب مصیبت زدہ +

کمبختی کے دن ۔ ا۔ محاورہ۔ ایام مصیبت کڑوے کسیلے دن۔ بُرا وقت +

کمبختی نے گھیرا ہے۔ کمبختی نے تو نہیں گھیرا ۔ ا۔ محاورہ۔ شامت آئی

ہے۔ تقدیر نے دھکا دیا ہے + شوق

اب میں سمجھی جو قصد تیرا ہے
اے لو کنجیتوں نے گھیرا ہے

کمپا مارنا - ہ - ف م - (۱) ایک لاسے دار لکڑی کے ذریعہ سے جسکو کمپا کہتے ہیں پرندے پکڑنا - پرندوں کا شکار کرنا + نالہ جب پار گیا چرخ کے بولے یہ ملک
طائر سدرہ کو صیاد نے کمپا مارا **برق**
(۲) پھنسانا - جال میں لانا + (۳) مطلب براری کرنا - کام نکالنا - مقصد حاصل کرنا +

کمپو پڑنا - ا - ف ل - فوج کا قیام کرنا - لشکر کا اترنا +

کمپو کے بگڑے ہوئے - ا - اسم مذکر (۱) سرکش - باغی + (۲) شہدے عیاش - لچے گنڈے +

کم رُو - ا - صفت - (۱) بدصورت + (۲) بے حیثیت کم لیاقت + (۳) بزدل - نامرد

کم سُننا - ہ - ف ل - (۱) کچھ بہرہ ہونا - اونچا سُننا + (۲) عدم توجہ کرنا - بے پروائی کرنا - مطلق دھیان نہ دینا +
ایسی کم سنتے ہیں !

کم ظرف - ہ - صفت - اوچھا - وہ شخص جو ذرا سے اپنے احسان کو جھٹ جتانے لگے - کم حوصلہ - سفلہ + شوق

ایک ساغر میں ہوش اُڑ گئے واہ
کتنے کم ظرف ہو معاذ اللہ

کمر باندھنا - یا - کسنا - ا ف ل - (۱) مستعد و تیار ہونا - آمادہ ہونا + (۲) کسی کام کے سرانجام کا ارادہ کر لینا +

کمر پکڑ کے اُٹھنا - ا - ف ل - ایسا کمزور و ناتواں ہو جانا - کہ اٹھتے وقت کمر پہ ہاتھ رکھکر اُٹھنا - بڈھا ہو جانا +

کمر پکڑنا - یا - تھامنا - ا - ف م - (۱) سہارا دینا - مدد کرنا + (۲) سرپکڑنا

کمر ٹوٹا - ا - صفت - (۱) کُبڑا - کوزہ پشت (۲) نامرد - بینسک - ڈھیلا +

کمر ٹوٹنا - یا - ٹوٹ جانا - ا - ف ل - (۱) کمر کی طاقت کم ہو جانا - کمزور ہو جانا بڈھا ہو جانا + (۲) سہارا جاتا رہنا - ہمدرد لڑکے یا برابر کے بھائی کا مرنا - صدمہ جانکاہ پہنچنا + (۳) جی ٹوٹنا - ہمت ہارنا

نازک کمر جب اپنی تو نے سفر پہ باندھی
کیونکر کمر کسی کی اے نازنیں نہ ٹوٹے (جرات)

کمر توڑنا - ا - ف م - (۱) ضعیف کر دینا ناتواں بنا دینا - **ذوق**

توڑا کمر شاخ کو کثرت نے ثمر کی
دنیا میں گرانبار کی اولاد غضب ہے

(۲) ہمت ہرانا۔ پست ہمت کرنا + شوق ؎
کوئی بولا کمر تو توڑ چلے + یہ کہو ہمکو کس پہ چھوڑ چلے

کمر ٹھوکنا ۔ا۔ ف م ۔ شاباشی دینا تعریف کرنا

کمر جھکنا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) کبڑا ہو جانا ۔ کوزہ پشت ہو جانا ۔ (۲) بڈھا ہو جانا +

کمر رہجانا ۔ا۔ ف ل (۱) مفلوج ہو جانا سیت انگی ہونا ۔ کمر کا بیحس و حرکت ہو جانا ۔ (۲) تھک جانا +

کمر سیدھی کرنا ۔ا۔ ف ل ۔ لیٹنا ۔ آرام کرنا ۔ ذرا کے ذرا سونا ۔ قیلولہ کرنا +

کمر کا ڈھیلا ۔ا۔ صفت ۔ نامرد ۔ کمر ٹوٹا

کمر کا مضبوط ۔ا۔ صفت (۱) دیر تک ٹھیرنیوالا ۔ مرد صفت ۔ دیر میں انزال ہونیوالا + (۲) شہ زور ۔ طاقتور +

کمر کرنا ۔ا۔ ف ل ۔ (۱) (کبوتر باز) کبوتر کو آدھی قلا کرنا ۔ یا ایک قسم کا انار دکھانا

کیا ہی اے طفل تری تاب کمر کا ہے اثر
تری ٹکڑی کے کبوتر بھی کمر کرتے ہیں ناسخ

(۲) (چابکسوار) گھوڑے کا کمر پہ ٹپھوں کو اس طرح اچھالنا جس سے سوار کے گر پڑنے کا اندیشہ ہو ۔ گھوڑے میں یہ ایک قسم کا عیب + جو یہ گھوڑا کمر نہ کرتا تو بے عیب تھا +

کمر کمر ۔ ۔ م ف ۔ کمر تک ۔ کمر کے برابر +

کمر کوٹ ۔ا۔ کمر برابر فصیل ۔ سینہ پناہ اونچی دیوار +

کمر کھولنا یا کھول بیٹھنا ۔ا۔ ف ل (۱) پیٹی کھولڈالنا + (۲) آرام لینا ۔ تھکنت ہو جانا + (۳) سعی و کوشش کرنے سے دست بردار ہونا ۔ فارغ ہونا + ؎
کھولڈالی قتل کر کے ہمکو قاتل نے کمر
آج ترکش بھر گئی خالی تپنچا ہو گیا

کمر لگنا ۔ا۔ ف ل (۱) گھوڑے وغیرہ کی پیٹھ کا زخمی ہو جانا +

کمر مارنا ۔ا۔ ف م ۔ (۱) فوج کے بڑے حصہ پر حملہ کرنا ۔ پہلو کے رخ سے مارنا +

کمر ملانا ۔ا۔ ف م ۔ (بازاری) مجامعت کرنا ۔ جماع کرنا +

کملی کتھری کرنا ۔ ۔ ف ل ۔ (مغرب) خانگی اسباب اٹھانا ۔ بندھنا بوریا سنبھالنا +

کمہار کا آوا ۔ ۔ محاورہ ۔ ماکا پیٹ +
ماکا پیٹ کمہار کا آوا کوئی گورا کوئی کالا ۔ مثل

کمیلہ کرنا ۔ ۔ ف م ۔ ذبح کرنا ۔ چھری پھیرنا ۔ کاٹنا + (قائی)

کمی نہ کرنا۔ا۔ف م۔ اپنی چلتی میں کسر نکرنا۔ اپنے سے جو کچھ ہو سکے وہ سب کرنا۔ ستم ہی کرنا جفا ہی کرنا نگاہ اُلفت کبھی نہ کرنا (داغ) تمہیں قسم ہے ہمارے سر کی ہمارے حق میں کمی نہ کرنا

کنارہ کرنا۔ کنارہ کشی کرنا۔ کنارہ کش ہونا۔ا۔ف م۔ علیحدگی اختیار کرنا۔ باز آنا۔ بچنا۔ علیحدہ ہو جانا +

کنارے بیٹھا ہے۔ا۔محاورہ۔ مرنے کے قریب ہے۔ گور میں پاؤں لٹکا رکھے ہیں + جمنا کنارے بیٹھا ہے +

کنارے کنارے چلنا۔ا۔ف م بچکر چلنا +

کنارے لگانا۔ا۔ف م۔ (۱) دریا پار اُتار دینا + (۲) مدد یا سہائتا کرنا

کنارے لگنا۔ا۔ف ل۔ (۱) دریا پار ہونا + (۲) ختم ہونا۔ مرنا +

کنارے ہو جانا۔ف ل۔ ایک طرف ہو جانا۔ بچ جانا +

کن انکھیوں سے دیکھنا۔ہ۔ ف ل۔ گوشۂ چشم سے نگاہ کرنا۔ آنکھ کے کونے سے دیکھنا۔ پوشیدہ طور سے دیکھ لینا۔ نیچی نظروں سے دیکھنا +

کنائی کاٹنا۔ہ۔ف ل۔ ایک رستے کو کاٹکر دوسرا رستہ لینا + (از گلشن فیض)

کنٹاپ بنا کرنا۔ہ۔ف ل۔ نیچیلی یا کنجوسی کرنا۔ اوت بچا رنا +

کنٹھا اُٹھانا۔ہ۔ف ل۔ تسبیح کی قسم کھانا۔ گنگا جلی اُٹھانا + بحر

ہم سے نہو غبار یہ باد نہیں ہمیں
گو ننھے خاک پاک کا کنٹھا اُٹھا لیا

کنٹھ بیٹھنا۔ہ۔ف ل۔ گلا بیٹھنا یا پڑ جانا۔ آواز بھاری ہو جانا +

کنٹھ سوکھ جانا۔ہ۔ف ل۔ (۱) مارے پیاس کے حلق سوکھ جانا + (۲) دُبلا اور لاغر ہو جانا +

کنٹھ کرنا۔ہ۔ف ل۔ حفظ کرنا۔ نوک زبان کرنا۔ ازبر کرنا +

کنٹھ نکلنا۔ یا۔ پھوٹنا۔ہ۔ف ل۔ سن بلوغت کو پہنچنا۔ بالغ ہو جانا۔ جوانی کی علامت نمودار ہونا +

کنٹھی باندھنا۔ہ۔ف ل۔ (۱) کیکا شبش یا چیلا ہو جانا۔ مرید ہو جانا۔ بیعت ہو جانا + (۲) گوشت کھانے اور شراب پینے سے پرہیز کرنا۔ پارسا بن جانا +

کنٹھی دینا۔ یا۔ باندھنا۔ ہ۔ف م چیلا یا شش کرلینا۔ مرید کرنا +

کنجروں کی بولی ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) سانسیوں کی اصطلاح + (۲) فحش زبان۔ بازاری گفتگو +

کنجڑے قصائی۔ ا۔ اسم مذکر۔ نیچ یا گھٹیا قوم کے آدمی۔ عوام۔ ادنیٰ آدمی +

کنجڑے کا غلہ۔ ا۔ اسم مذکر (۱) وہ برتن جسمیں کنجڑا اپنی کل بکری کوڑیاں پیسے ریزگاری اور روپیہ وغیرہ ڈالتا جاتا ہے (۲) ملا جلا حساب + (۳) کھچڑی۔ گڈمڈ گول مال + (۴) ابتری۔ بے ترتیبی +

کنچن برسنا۔ ہ۔ف ل۔ چاروں طرف سے روپیہ کی آمد ہونا۔ جھڑا جھڑ روپیہ آنا۔ کثرت سے آمدنی ہونا +

کنچن نیر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ نہایت شفاف یا ستھرا پانی + دوہا ؎

دلی نگر سہاونا بر سے کنچن نیر
سب کے کنٹھ ٹھور کے لے گئے عالمگیر

کندن بن جانا۔ ہ۔ف ل۔ صاف اور ستھرا نکل آنا۔ خوب نکھر جانا +

کندھا دینا۔ ہ۔ف م۔ (۱) کندھے پر رکھکر لیجانا + (۲) سہارا لگانا + (۳) ارتھی کو کندھے پر رکھکر لیجانا +

کندھا ڈالدینا۔ ہ۔ف م۔ (۱) بیل کا اپنے کندھے پر سے جوئے کو گرادینا (۲) ہمت ہارنا۔ دل توڑنا +

کندھا لگنا۔ ہ۔ف ل۔ کندھے کا زخمی ہوجانا +

کندۂ ناتراش۔ ف۔ اسم مذکر۔ احمق۔ بچھیا کا باوا +

کندھے لگالینا۔ ہ۔ف م۔ بچے کو تھپک کر سلانا +

کندے باندھ جوڑ۔ یا۔ تول کر آجانا ہ۔ف ل۔ گدیسی آپڑنا۔ بلا تامل آکر شریک ہوجانا +

کندی کرنا۔ ہ۔ف م۔ (۱) کندی یعنے موگری سے پیٹکر دھلے ہوئے کپڑوں کی سلوٹیں نکالنا + (۲) زدوکوب کرنا۔ گمت بنانا۔ خوب سا ٹھوکنا +

کن سوئیاں۔ یا۔ کن سوے لینا۔ ہ۔ف ل۔ دوسرے کی بات کو چھپ کر سننا۔ چپکے سے کان لگاکر کسی کی بات سننا۔ خفیہ بھید بھاؤ لینا +

کنکر پتھر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) (حقارتاً) جواہرات ہیرا اور الماس وغیرہ + (۲) الا بلا۔ واہیات

چیزیں +

کنکرسا ۔ ہ صفت ۔ بہت ٹھنڈا ۔ خنک ۔ نہایت سرد + کنکرسا پانی ہے

کن کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کھڑی اوپکی کھیتی میں اناج کا اندازہ کرنا ۔ ناج گوتنا +

کنگھی چوٹی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ بناؤ سنگار ۔ آرایش + مؤلف گلشن فیض ؎

وائے اندھیر کٹ گئی شب وصل
کنگھی چوٹی میں مستی کاجل میں

کن ماثر ۔ ہ ۔ م ف ۔ نہایت قلیل ۔ بہت تھوڑا سا +

کنواں ٹوٹنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کنوئیں کا پانی کم ہو جانا + ناسخ ؎

سفلہ ہو جاتا ہے وقت استحاں بآبرد
ہے دلیل اس امر کی یہ پر ٹوٹ جانا چاہ کا

کنواں جوتنا ۔ یا ۔ چلانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کنوئیں سے پانی کھینچنا ۔ آبپاشی کرنا +

کنواں چھوڑ دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کنوئیں سے پانی کھینچنا موقوف کر دینا +

کنوتیاں بدلنا ۔ یا ۔ کھڑی کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ گھوڑے کا کان کھڑے کر لینا چوکنا ہو جانا +

کنونڈا کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) شرمندہ کرنا ۔ لجانا + (۲) آبرو ریزی کرنا ۔ بیعزتی کرنا + (۳) ممنون کرنا ۔ احسان سے دبانا ۔ شکرگزار بنانا +

کنوں سے اُکھڑ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) کنکوے کا کنوں کے پاس سے ٹوٹ جانا + (۲) ذرا سی ناراضگی سے بالکل قطع تعلق کر لینا +

کنووں میں بانس ڈالنا ۔ ہ ۔ ف م کسی چیز کو کنوؤں میں بانسوں سے ٹٹولنا ۔ بہت ڈھونڈ بھال کرنا +

کنوئیں جھانکنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ نہایت جستجو کرنا ۔ تلاش کرنا + سجر ؎

یہ جگہ وہ ہے فرشتوں نے کنوئیں جھانکے ہیں
پاک آلایش دنیا سے بشر کیا ہوگا

کنوئیں جھکانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) سات کنوئیں دکھانا ۔ جوتشی کے کاٹے کا ایک ٹوٹکا ہے + (۲) ناچ نچانا ۔ ناک میں دم کرنا ۔ تنگ کر مارنا + میر حسن ؎

ذرا چاہ کا دیکھ اپنی مزا
جھکاتی ہوں کیسے کنوئیں میں بھلا

کنوئیں میں بولنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) نہایت ہلکی زور دبی آواز سے بولنا + (۲) قریب المرگ ہو جانا +

کُنہ نکالنا ۔ و۔ ف م ۔ (ف کینہ کا بگاڑ ہے) حسد کرنا ۔ بغض نکالنا +

کُنی دینا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) چھپنا ۔ کنیانا ۔ لحاظ کرنا + (۲) کچھ خوف کرنا ۔ ذرا ڈرنا + (۳) چیں ماننا ۔ مغلوب ہونا +

کُنی کھانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) کنکوے کا ایک طرف کو جھکنا + (۲) آنکھیں سامنے نہ کر سکنا ۔ شرمانا ۔ چھپنا + (بازاری)

کُوا رپت اُتارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ ازالۂ بکر کرنا

کُوا رپن اُتارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ غریبا سو بیاہ کر دینا +

کُوا ڑ توڑ توڑ کر کھانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بہت مصیبت کے ساتھ دن کاٹنا عمر ٹیر کرنا +

کوبا کاری کرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ خوب پیٹنا ۔ مار کے پلیتھن نکال دینا ۔ زدوکوب کرنا +

کوبانس کو بانس پھرنا ۔ ہ ۔ ف ل بم عو ۔ ہرزہ گردی کرنا ۔ واہی تباہی یا مارا مارا پھرنا +

کوتاہ کرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) بیان کو مختصر کرنا + (۲) پیباق کرنا ۔ چکانا +

کوتھلا بھرنا ۔ ہ ۔ ف م (حقارتاً) پیٹ بھرنا +

کوٹھا پکڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) معدہ غلیظ ہو جانا ۔ ہاضمہ میں فرق آجانا (۲) رحم یا بچے دان میں خرابی آجانا +

کوٹھی مٹھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ گھاٹا آجانا ۔ دیوالہ نکلنا ۔ ٹاٹ اُلٹ جانا +

کوٹھے پر بیٹھنا ۔ کوٹھا لیکے بیٹھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسب کرنا ۔ زنا کاری کرنا ۔ ؎

تجھ کو نہیں لحاظ تو کب مجھکو شرم ہے
بیٹھوں گی کوٹھا لیکے میں بھنڈی بنوں گی (الخ)

کوٹھے والیاں ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ کسبیاں رنڈیاں +

کوچا کریلا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ داغ وغیلا لڑکا ۔ سیتلا کا کھا جانا (بازاری)

کُوچ کرنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) روانہ ہونا ۔ سدھارنا ۔ (۲) رحلت کرنا ۔ مرجانا + حالی ؎

کوچ سب کر گئے دلی سے تیرے قدرشناس
قدر یاں رہ کے اب اپنی نہ گنوانا ہرگز

کُوچہ گردی کرنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ واہی تباہی پھرنا +

کوچے دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ عو ۔ گودنا ۔ جلانا ۔ طعنے دینا +

کوچے یا کوچیں کاٹنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسی کے دونوں پاؤں ایڑی اور ٹخنے کے

بیچ میں سے کاٹ ڈالنا۔ لنگڑا کردینا + ناسخ
تو نے جس روز سے قاتل مرے کوچے کاٹے
چڑا ہوس نے ترے کوچے کا گزچھوڑدیا
کوچہ گردی سے کسی صورت قدم رکتے نہیں
بحر
کاٹ ڈالوں اپنے کوچے ہے یہی تعزیر پا

کودوں دلانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کودوں جو ایک سخت ناج ہوتا ہے اُسکو دلوانا + چاہے کودوں دلالے۔ چاہے منڈوا پسالے + مثل (۲) کٹھن کام کرانا۔ محنت شاقہ لینا +

کودوں دیکے پڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ کودوں جو پورب میں ایک بہت سستا ناج ہے اُستاد کو دیکر تعلیم پانا۔ نہایت قلیل محنتانہ دیکر پڑھنا۔ مفت میں علم سیکھنا۔ یا تربیت پانا +
کودوں ہی دیکے پڑھے ہو کچھ گرہ سے بھی دیا ہے + فقرہ

کودوں کا بھات۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) ادنیٰ درجہ کا کھانا + کودوں کا بھات کن بھاتن ہیں ممیاں ساس کن ساسن ہیں + مثل
(۲) بے حقیقت یا کم قیمت سے +

کوراپچنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی صدمہ یا آفت سے صاف بچ جانا۔ بال بیکا نہونا +

کورا برتن۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) نیا یا سن +
(۲) دوشیزہ۔ اچھوتی یا کواری عورت +

کوراپنڈا۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (م عو) دوشیزہ باکرہ۔ کواری +
ہوا! اس کورے پنڈے کو کیوں عیب لگاتی ہو؟

کورا رکھنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کچھ نہ بتانا۔ کچھ نہ سکھانا + (۲) کچھ نہ دینا۔ اقرار پورا نکرنا + (۳) کسی کی آرزو پوری نکرنا۔ خالی رکھنا

کورا رہجانا۔ ہ۔ ف ل۔ محروم رہنا۔ کچھ حاصل نہونا +

کوراسر۔ کورے بال۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ سر یا بال جنکو ابھی اُسترا نہ لگا ہو۔ بچے کے بال +

کوپچھوا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (پورب) سب سے پچھلا بچہ۔ پیٹ پوچھن +

کوردبنا۔ ہ۔ ف ل۔ دیکھو (کنّی دبنا)

کورکسر نکالنا۔ ا۔ ف م۔ عیب یا نقص دُور کرنا۔ بالکل درست یا ٹھیک کردینا +

کورگراس نکرنا۔ ہ۔ ف م۔ (ہندو) ایک نوالہ تک نہ کھانا۔ کچھ نہ کھانا۔ بھوکا رہنا +

کورے اُسترے سے سر مونڈنا۔ ا۔ ف م۔ نہایت تیز اُسترے سے حجامت بنانا۔ سر پر ایک بال نہ چھوڑنا۔ خوب

ٹوٹنا۔ تھکنا۔ کپڑے اُتار لینا +

کوڑا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) گھوڑے کے تازیانہ لگانا یا کوڑا مارنا + صبا ؎

تو سن طبع کو کرتا ہوں میں کوڑا کیا کیا!
ایک اک گام پہ پلٹتا ہے یہ گھوڑا کیا کیا!

(۲) گھوڑے کو ڈپٹانا یا دوڑانا +

گھوڑے کو جو کوڑا کرتا ہوں تو جا پڑا بیگنوں کے کھیت میں + (بھانڈ) (۳) مارنا۔ پیٹنا +

جوں ہی کوڑا نیکقدم پہ کرینگے وہ + اپنا تو پاؤں بیچ سے گنیاں نکلگے

کوڑمغز۔ ا۔ اسم مذکر۔ (س कूट کوٹ بمعنی مورکھ) بیوقوف کے سے دماغ والا۔ نہایت بیوقوف آدمی۔ بڑا مورکھ۔ جہل +

کوڑھ میں کھاج۔ ہ۔ محاورہ۔ ایک تو کوڑھ کی تکلیف اُسپر کھجلی یعنی مصیبت پر مصیبت ہو

کوڑیا غلام۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ شخص جو ناک اور ہاتھوں میں کوڑیاں جو غلامی کی علامت ہیں پہنے رہے یا وہ شخص جسکو ایک کوڑی کو مول لیا ہو۔ حلقہ بگوش۔ (۲) نہایت تابع۔ مطیع فرمانبردار +

کوڑی بھر۔ ہ۔ ف م۔ قدر قلیل۔ ذرا سا +

کوڑی پھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (لشکری) کسی کام کے لئے چند آدمیونکا متفرق ہوجانا (از گلشن فیض)

کوڑی کا ہوجانا۔ ہ۔ ف ل۔ کوڑی کی قیمت کا ہوجانا۔ بیقدر ہوجانا۔ کام کا نہ رہنا۔ نکما ہوجانا۔ آتش ؎

ہے جب سے اوسکے ہاتھ میں ساغر شراب کا
کوڑی کا ہوگیا ہے کٹورا گلاب کا

کوڑے کرنا یا۔ **کرڈالنا**۔ ہ۔ ف م۔ (کسی چیز کو کوڑیوں کے عوض بیچ ڈالنا) اسی سبب سے سستا بیچنا۔ اونے پونے بیچ ڈالنا۔ دام کھڑے کرلینا +

کوڑی کوڑی۔ ہ۔ م۔ ف۔ جبہ جبہ۔ بالکل ذرا ذرا +

کوڑی کوڑی جوڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) نہایت مشکل سے روپیہ اکھٹا کرنا + (۲) نہایت کفایت شعاری کرنا۔ کنجوسی یا بخیلی کرنا +

کوڑی کوڑی مایا جوڑی کرباتیں چھل کی
بھاری بوجھ دھرا سر اُوپر کس بدھ ہوئی ہلکی

کوڑی کوڑی کو تنگ۔ یا۔ **حیران ہونا**

کوڑی پاس نہونا۔ ا۔ ف ل۔ نہایت غریب اور محتاج ہونا۔ مفلس یا کنگال ہوجانا +

کوڑی کوس دوڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (کوس بھر دوڑکر اُسکی عوض میں ایک کوڑی پانا) اسی سبب سے سخت محنت کرنا۔ بڑی دقت

اٹھانا + کوڑی کوس دوڑتا ہے جب ٹکا پاتا ہے (مثل)

کوڑی کو نہ پوچھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کسی چیز کی قیمت ایک کوڑی بھی نہ لگانا ۔ کسی چیز کی ذرا قدر نہ کرنا + (۲) بہت حقیر و ادنی جاننا +

کوڑی کے تین تیں بکنا ۔ یا ۔ ہو جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) نہایت ارزاں یا سستا ہونا (۲) کمال بیقدری ہونا ۔ بہت بے وقعتی ہونا

کوڑی کے سب جہان میں نقش و نگین ہیں
کوڑی نہو تو کوڑی کے پھر تین تین ہیں **نظیر**

کوڑی کے کام کا نہیں ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ (کوڑی کے برابر بھی کام نہیں دیتا) اسی سبب سے محض نکما اور ناکارہ ۔ بالکل بیکار +

کوڑیوں کا جھاڑ ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (بازاری) (۱) بچوں کا ایک کھلونا جسمیں کوڑیاں لگی ہوئی ہوتی ہیں (۲) عضو تناسل +

کوڑیوں کے مول ۔ ہ ۔ صفت ۔ کوڑیاں جسکی قیمت ہوں ۔ نہایت ارزاں ۔ بہت سستا

کوڑیوں کے مول بکنا ۔ یا ۔ ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ ارزاں یا سستا بکنا ۔ نہایت بیقدری ہونا + **آتش**

محبت کوڑیوں کے ہو اگر مول
بنی آدم نہ لے یہ دردسر مول

کوزے میں دریا کو بند کرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ دیکھو (دریا کو کوزے میں بند کرنا)

ضبط گریہ نے تماشا طلب تر دکھلا دیا
چشم کے کوزے میں دریا بند کر دکھلا دیا **ذوق**

کوسوں بھاگنا ۔ یا ۔ دور رہنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ نہایت نفرت کرنا ۔ دور رہنا ۔ بچنا +

کوکر پسیر اکرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (کتے کی طرح جھٹ جاگ اٹھنا) اسی سبب سے ۔ ذرا کی ذرا دم لینا ۔ بہت کم ٹھیرنا +

کوکھ بند ۔ کوکھ جلی ۔ ا ۔ صفت ۔ (عو) بانجھ ۔ عقیمہ +

کوکھ شاستر ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (عو) ۔ علم غیب میں کوکھ شاستر نہیں پڑھی ہوں

کوکھ ماری جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (عو) بانجھ ہو جانا

کوکھ کی آنچ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ مادری الفت ممتا

کوکھ مانگ سے بھری پڑی رہے ہ ۔ کلمہ دعائیہ ۔ تیری اولاد اور خاوند دونو جیتے رہیں ۔ تو اولاد اور خاوند دونو کا سکھ دیکھے +

کوکھیں لگجانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کوکھوں کا اندر کو دھس جانا ۔ بھوک کی علامت کا ظاہر ہونا ۔ بھوکا ہونا +

کولا کاٹنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ بوٹیاں نوچنا ۔ کھال اُپاڑنا ۔ کسی طرح کا صدمہ پہنچانا +

جو تم نہ دو گی تو میں کیا تمہارا کولا کاٹوں گا + (طنزاً بولتے ہیں)

کولھو کا بیل ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (کولھو کا بیل ہر وقت اُسمیں چلتا ہی رہتا ہے) اسی سبب سے نہایت محنتی ۔ دیکھو (تیلی کا بیل)

کولھو کاٹ موگرا بنانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (کولھو جو ایک بہت بڑی لکڑی اور قیمت کا ہوتا ہے اور اُسکو کاٹ کر اُسمیں سے موگری جو چھوٹی اور کم داموں کی چیز ہوتی ہے بناتا) اسی سبب سے (۱) چھوٹی چیز کے بنانے میں بہت سا روپیہ یا کوئی قیمتی چیز لگا دینا + (۲) بیوقوفی کا کام کرنا ۔ حماقت کرنا +

کولھو کے بیل کی طرح پلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ نہایت محنت اور مشقت کرنا +

کولھو میں پلوانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کولھو میں پلوا کر مروا ڈالنا + (۲) نہایت سخت اور بیرحمی کی سزا دینا +

کولی بھرنا ۔ کولی میں لے لینا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) ہم آغوش ہونا ۔ بغلگیر ہونا ۔ لے لوں اُسے کولی میں اگر میں تو سمجھ لیتا ۔ جرأت
یہ مرہم بھی زخم مرے دل کا بھر آئے

(۲) حرص یا طمع کرنا +

کون آنے اِکلا ۔ (دلال) ایک روپیہ نو آنے

کونڈا کرنا ۔ ہ ف م ۔ م عو ۔ کھانا پکا کر اُسپر فاتحہ دلوانا ۔ نذر و نیاز کرنا ۔ (ہ عو)

کونڈا کرنا + جانصاحب ہ
کڑاہی کرنا +
ہمسائی! میرے سر کی قسم اُمڈ ضرور!
کونڈا کرونگی تجھے کو سید جلال کا

کونڈی سونٹا بجنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ خوب بھنگ گھٹنا اور پی جانا +

کوہ قاف ۔ ف اسم مذکر ۔ (۱) کاکس کا پہاڑ + (۲) تاریک اور ناقابل گزر مقام

کوّے اُڑانی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ (۱) وہ عورت جسکی خدمت کوّے اُڑانے ہوں نہایت ادنی درجہ کی نوکر + (۲) عورت کے لئے ایک بیعزتی کا خطاب +

کوئی دن تک یاد کروگے ۔ ہ ۔ محاورہ گو اب ہماری قدر نہیں کرتے ہو مگر مرنے کے بعد ہمیں بھی مدت تک یاد کروگے +

کوئی کسی کی قبر میں نہیں جائیگا ۔ یا ۔ نہیں سوئیگا ۔ ز محاورہ ۔ کوئی کسی کے بدلے نہیں مریگا ۔ کوئی کسی کا صدمہ یا رنج نہیں برداشت کریگا ۔

کوئی نہیں پوچھتا کہ تیرے منہ میں کے دانت ہیں ۔ ہ محاورہ ۔ بڑا اس چین اور آزادی کا زمانہ ہے

کھاتا پیتا ۔ ہ ۔ صفت ۔ آسودہ ۔ خوشحال +

* (ہندوستان کے زمانۂ جہالت کی یہہ بھی ایک سزا ہے جو سابق میں دی جاتی تھی)

کھاتے پیتے لاتیں مارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ آسودہ ہوکر خدا کی شکایت کرنا ۔ ناشکری کرنا

دیکھو (بھری تھالی میں لات مارنا)

کھاٹ پڑنا ۔ یا ۔ سیدنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دیکھو (چارپائی پر پڑنا)

کھاٹ سے اُتار لینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (بیمار کو مرنیکے وقت کھاٹ سے زمین پر اُتار لیا کرتے ہیں) اسی سبب سے مرنے کو ہو جانا

کھاٹ سے لگ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دیکھو (چارپائی سے لگ جانا)

کھاٹ کٹ جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دیکھو (چارپائی کٹ جانا)

کھاٹ کھٹولا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ دیکھو (اختر سنجتر)

کھاری کنواں ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ بے فیض آدمی

کھاری کنوئیں پر ڈول ڈال دینگے ۔ محاورہ ۔ غریب آدمی اپنی بیٹی کے بیاہ کی نسبت کہا کرتا ہے کہ مجکو دینے لینے چھوڑ پانی پلانے تک کا مقدور نہیں ہے ۔ نہایت غریب ہوں

کھاری کنوئیں میں ڈال دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ ضایع کرنا ۔ کھونا ۔ فائدہ سے ہاتھ اُٹھا لینا ۔ سجر ۵

قتاد اگر سنے تیرے شیریں دہن کے وصف
کھاری کنوئیں میں قند کے کوزوں کو ڈال دے

کہا سُنا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ گلہ شکوہ ۔ سخت کلامی شکایت آمیز باتیں ۔ ہمارا کہا سُنا معاف کرنا ۔

کہا سُنی ۔ یا ۔ **کہن سُنن ہو جانا** ۔ یا ۔ ہو پڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ باہم تکرار یا جھگڑا ہو جانا ۔ شکر رنجی یا ان بن ہو جانا ۔

کھال اُپاڑنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کسی کے جسم پر سے کھال اُکھاڑنا ۔ (۲) جان مارنا ۔ جان لینا ۔ (۳) کچھ نہ لے سکنا ۔

کھال اُڑانا ۔ یا ۔ **اُدھیڑنا** ۔ ہ ۔ ف م ۔ دیکھو (چمڑی اُدھیڑنا)

کھال بگڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کھال درست کرانے کو جی چاہنا ۔ شامت آنا ۔ پٹنے کو جی چاہنا ۔

کھال کھینچنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (زندہ آدمی کی کھال اُسکے جسم پر سے اُتارنا) اسی سبب سے کسی کو جان سے مار ڈالنا ۔ جان لینا ۔ موت کی سزا دینا ۔ **آتش** ۵

(۱) شانہ کبھی جو اُسکی زلفوں کے بال کھینچے
مشاطہ کی وہ بیشک غصے میں کھال کھینچے

(۲) رسم قلم رو عشق مت پوچھ تو کہ تجھ
ایکوں کی کھال کھینچی ایکوں کو دار کھینچے

نوٹ (سند وستان کے زمانہ جہالت میں یہ بھی ایک سزا تھی)

کھال میں مست ہونا ۔ا۔ ف ل۔ دیکھو (اپنی کھال میں مست ہونا)

کھانا دینا ۔ہ۔ فم۔ دعوت یا ضیافت کرنا +

کھانڈے ۔یا۔ **تلوار کی دھار پر چلنا** ۔ہ۔ ف ل۔ (۱) خطرناک جگہ میں سفر کرنا + (۲) بے طرفدار اور بے غرض ہونا۔ نہایت عادل و منصف ہونا

کہاں کا کہاں ۔ہ۔م۔ف۔ بہت دور۔ بے ٹھکانے +

کہاں کا آنا کہاں کا جانا ۔ہ۔ محاورہ۔ کیسا ملنا کیسا بھیٹنا۔ ملاقات کسے کہتے ہیں +

کہاں کا آنا کہاں کا جانا وہ جانتے ہی نہیں یہ رسمیں وہاں ہے وعدے کی بھی یہ صورت کبھی تو کرنا کبھی نہ کرنا

کھانے کمانے ۔یا۔ **روزی کا ٹھیکرا** ۔ا۔ محاورہ۔ (بازاری) وہ لڑکی جسکو اس غرض سے پالا ہو کہ اُسکی کمائی کھائیں۔ نرچی

کھاؤ اُڑاؤ ۔ہ۔ صفت۔ فضول خرچ۔ لکھٹ

کھایا پیا نکالنا ۔ہ۔ فم۔ کسیکو اتنا مارنا کہ اُسے قے ہو جائے۔ دیکھو (رائتا بنانا)

کھپر بھرنا ۔ہ۔ فم۔ (ہندو) (۱) خون چڑھانا (۲) مہادیو جی کے نام پر کسی جوگی کو خیرات دینا

کہتے ہی۔ کہتے کے ساتھ ہی ۔ہ۔م۔ف۔ (۱) فوراً۔ تُرت۔ اُسی وقت + (۲) آسانی سے۔ بلا دقت۔ بلا تکرار +

کھٹا چوک ۔ہ۔ صفت۔ چوک سا کھٹا۔ بہت ہی کھٹا

کھٹا پٹی ہونا ۔ہ۔ ف ل۔ (۱) خوب تلوار بن چلنا اور اُسمیں کھٹ پٹ کی آواز نکلنا۔ خوب لڑائی ہونا + (۲) باہم شکر رنجی یا ان بن ہونا +

کھٹا کھانا ۔ہ۔ ف ل۔ (۱) چھبتی ہوئی یا سخت سست باتیں سُننا۔ گالیاں کھانا +

مجھسے بولے تو کھٹا کھاؤ گے

(۲) ناراض یا خفا ہونا +

تمنے کسبات پر کھٹا کھایا ہے

کھٹا میٹھا ہونا ۔ہ۔ ف ل۔ (۱) مُنہ میں پانی بھر آنا۔ جی للچانا یا چاہنا + **نظیر**

جب نظر آئی مجھے شوخ کے سینہ کی بہار
کھٹا میٹھا سا لگا ہونے مرا دل اک بار

(۲) شکر رنجی ہونا۔ ان بن ہونا۔ رنجش ہونا

کھٹا ہو جانا ۔ہ۔ ف ل۔ (۱) ترش ہو جانا + (۲) اچار کا تیار ہو جانا۔ اُٹھ آنا + (۳) بیزار ہو جانا۔ افسردہ خاطر ہونا + (اس معنی میں زیادہ نرچی یا دل کھٹا ہو جانا آتا ہے)

کھٹائی کھانا ۔ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ شخص جسکو بہت کھٹائی کھانے کی عادت ہو (۲) چونکہ زیادہ کھٹائی کھانے سے باہ میں فرق آجاتا ہے) اسی سبب سے نامرد۔ ہیجڑا۔ ڈھیلا + (۳) کُٹنّی۔ بھڑوا + (۴)

بیحیا۔ بے شرم +

کھٹائی میں پڑنا ۔ف ل۔ (۱) اُجالنے کے لئے زیور کا کھٹائی میں ڈالا جانا + (۲) کسی چیز کے وصول ہونے میں نہایت دیر لگنا۔ تعویق۔ بکھیڑے یا جھگڑے میں پڑ جانا +

(میر درد) لبِ نیم جان آئی ہے تمہاری ترش روئی سے
کھٹائی میں پڑے رہتے ہیں جیتے ہیں نہ مرتے ہیں

(یاس) بجلی گرے ابھی مہاجن کی جان پر
کیا پڑ گئیں کھٹائی میں کانونگی بالیاں

کھٹائی میں ڈالنا۔ یا۔ ڈال دینا ۔ف م۔ (چونکہ سُنار سونے چاندی کے زیور کو بنا کر اُجالنے کے لئے کھٹائی میں ڈال دیا کرتے ہیں اور جس وقت بن بنے زیور کو بھی کھٹائی میں پڑا ہوا بیان کر دیا کرتے ہیں) اسی سبب سے۔ (۱) بکھیڑے یا جھگڑے میں پھنسا دینا۔ تعویق میں ڈالدینا دیر لگانا۔ (۲) آج کل آج کل کرنا۔ بہانہ کرنا

جواب صاف دید و فائدہ کیا ترشروئی سے
ہمیں کیوں ڈال رکھا ہے ابھی تم نے کھٹائی میں

کھڑاگ لانا ۔ف م۔ دیکھو (جھنجٹ لانا)

کھڑاگ میں پڑ جانا ۔ف ل۔ کسی ایسے کام میں مصروف ہو جانا جس سے کچھ فائدہ حاصل نہو۔ فضول یا تو نمیں مشغول ہونا +

(ناسخ) پڑے ہیں عشق کے کھڑاگ میں ہم اے طرب کس خیال سے دُھر پد ترانے ٹروٹ کا

کھڑکا لگا رہنا ۔ف ل۔ فکر و تشویش رہنا۔ خطرے میں جان رہنا +

کھسکتے رہنا ۔ف م۔ الگ رہنا۔ بچے رہنا۔ کنارہ کرنا +

کھٹیا سینا ۔ف ل۔ ہمیشہ مریض یا بیمار رہنا۔ چارپائی سے نہ اُٹھنا +

کھٹیا ہونا ۔ف ل۔ (دیہات) گزارہ ہونا گزر ہونا۔ میل جول ہونا +

کھٹی چھاچ سے بھی جانا ۔ف ل۔ (کھٹی چھاچ اکثر محلے والوں کو بانٹ دیا کرتے ہیں) اسی سبب سے تھوڑے سے فائدہ سے بھی جانا رہنا +

کھٹی میٹھی باتیں سُننا ۔ف ل۔ بُری بھلی باتیں سہنا۔ سخت و سست سُننا +

کھٹے میٹھے دن ۔محاورہ۔ (۱) بُرے دن۔ خراب موسم + (۲) ایام حمل +

کھجلی اُٹھنا ۔ف ل۔ (۱) چل اُٹھنا + (۲) پٹنے کو جی چاہنا + (۳) بازاری۔ خواہش نفسانی کا زور کرنا +

کھچڑی آنا ۔ف ل۔ بیریوں میں پھول آنا

کھچڑی پکانا ۔ف م۔ پوشیدہ صلاح و مشورہ کرنا۔ سازش یا گٹھوت کرنا +

کھچڑی پکنا ۔ف ل۔ جس طرح کھچڑی کے

پکنے میں کھدبد ہوتی ہے اسی طرح بہت سے آدمیوں کی بات چیت کرنے میں گھسر پھسر کی آواز آتی ہے) اسی سبب سے۔ بہت سے آدمیوں میں آہستہ آہستہ کسی امر کا تذکرہ یا چرچا ہونا۔ پوشیدہ مشورہ ہونا۔ پک رہی ہے جو یہ کھچڑی سی سو نہیں جس تک ابتلک اُسکی گلی دال نہ چاول اُسکا

کھچڑی کھانا۔ ف م (بچے) کھیل کے وقت لڑکوں کا چانٹے اُڑانا۔

کھچڑی ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بالوں کا سفید سا ہو جانا۔ (۲) گڈمڈ ہو جانا۔ مل جل جانا۔ (۳) خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا۔

کھرا پن بگھارنا یا چھونکنا۔ ہ۔ ف م (طنزاً) اپنا خوش معاملہ ہونا ظاہر کرنا۔ اپنے تئیں معاملے کا کھرا ہونا بیان کرنا۔

کھرپا جالی سنبھالنا۔ ہ۔ ف ل۔ گھاس کھودنا سائیسی اختیار کرنا۔

کھرتل کہنا۔ ف ل۔ صاف صاف بیان کرنا لاگ لپیٹ نہ رکھنا۔

کھرد یوا کی دُم۔ اِ۔ صفت۔ (دوکاندار طنزاً) خوش معاملہ آدمی کی دُم۔ بڑا خوش معاملہ دینے میں بڑا کھرا۔

کھرسا پڑنا (دیہات) **کھرسا بگنا**۔ ہ۔ ف ل۔ موسم گرما کے آخر میں زمین پر چاروں طرف خشکی ہی خشکی ہو جانا اور گھاس کا بالکل جل جانا اور مینہ کی ایک بوند نہ پڑنا۔

کھرل کرنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی دوا کو کھرل میں حل کرنا۔ پیس کر سرمہ کر دینا۔ نہایت باریک کرنا۔

کھریا میں کوئیلا۔ ہ۔ خواص [illegible] دونوں [illegible] دو ضد چیزیں۔

کھری سُنانا۔ ہ۔ ف م۔ صاف صاف کہنا۔ گلی لپٹی نہ رکھنا۔

کھری کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (دوکاندار۔ طنزاً) اپنی خوش معاملگی پر صاد یا تصدیق کرانا۔ خوش معاملہ بننا۔

کھرے کھرے۔ ہ۔ صفت۔ بغیر بٹے اور دستوری کے بخرچے۔

کھرکھوج کھونا یا مٹانا۔ (م ع) کسی چیز کا ناس کر دینا۔ کوئی چیز خراب کر دینا۔

کھری یا کھڑی بولی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ خالص زبان ٹھیٹ بولی۔

دلی اور آگرہ کی کھڑی بولی ہے۔

کھڑا پانی نہ پیئوں۔ ہ۔ محاورہ۔ (اتنی دیر بھی ٹھیرنا گوارا نکروں کہ جتنی دیر پانی پینے میں لگتی ہے) اسی سبب سے مجھے اُس سے نہایت نفرت

ہے۔ میں اُس سے سخت ناراض ہوں

کھڑا پچھاڑیں کھانا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی آدمی یا چیز کے رنج میں کھڑا ہو ہو کر گر گر پڑنا نہایت درجہ سوگ کرنا۔ از حد ماتم کرنا۔

کھڑا پڑا پیٹنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کھڑے اور پڑے دونوں صورتوں میں اپنے بدن میں دُہتھڑ مارنا۔ بہت ہی ماتم کرنا۔ بہت ہی بلاپ کرنا +

کھڑا ترسنا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی چیز کے حاصل ہونیکی بہت خواہش کرنا + احسن ؎

ترس تجھکو نہیں اے شوخ اتنی کیا ہے ترسائی
تیرے دیدار کو میں دیدۂ ترسوں کھڑا ترسوں

کھڑا داؤں ۔ ہ۔ محاورہ۔ (جواری) چلتے چلتے جو کچھ داؤں پر اڑا دیا جائے۔ آخری داؤں +

کھڑا رہنا ۔ ہ۔ ف ل۔ انتظار کرنا۔ ٹھیرنا۔ راہ تکنا +

کھڑا کر کے دکھانا ۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری) (انگوٹھا کھڑا کر کے دکھانا اور یہہ کہنا کہ روپیہ کے بجائے یہہ لو) اسی سبب سے قرضہ چکاتے وقت صاف انکار کر جانا۔ بالکل مکر جانا +

کھڑا کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ٹھیرانا۔ روکنا۔ (۲) کھولنا۔ شروع کرنا +

اُسنے روئی کا کارخانہ کھڑا کیا ہے

(۳) پیچھے لگا دینا۔ چمٹا دینا +

کہاں کا جھگڑا کھڑا کر دیا ہے

(۴) کچی سلائی کرنا +

کھڑ کھڑا ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ دیکھو (آڑے ہاتھ لینا نمبر ۳۔ ۴۔ ۵)

کھڑی چوٹ ۔ ہ۔ م ف۔ فوراً۔ اسی وقت تُرت +

کھڑے گھاٹ دُھلوانا ۔ ہ۔ ف م۔ دریا پر جا کر کپڑوں کو بغیر بھٹی چڑھوائے صابون سے صاف کرانا +

کھڑ پیچ نکالنا ۔ ہ۔ ف م۔ (کسی کیل یا کانٹے میں اگر جو کپڑا پھٹ جاتا ہے اُسے کھڑ پیچ کہتے ہیں اور اُس سے کپڑے میں ایک عیب معلوم ہونے لگتا ہے) اسی سبب سے۔ (۱) کسی کا عیب یا نقص ظاہر کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ (۲) بیجا تکرار کرنا۔ خواہ مخواہ چھیڑ یا حجت نکالنا +

کھسر پھسر کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ چپکے چپکے باتیں کرنا کانا پھوسی کرنا۔ سرگوشی کرنا +

کھکیڑ اُٹھانا ۔ ہ۔ ف ل۔ سخت محنت یا رنج و مصیبت سہنا۔ سختی جھیلنا +

آوارگی سے کوئے محبت کے ہاتھ اُٹھا ذوق
اے ذوق! یہہ اُٹھا نہ سکیگا کھکیڑ تو

کھل بیٹھنا۔ کھل جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) فاصلے فاصلے سے بیٹھنا۔ اچھی طرح یا آرام سے بیٹھنا + **مصحفی** ؎

مکاں مصحفی اسکو تو سمجھو آپ کا گھر ہے
تکلف کچھ نہیں کھل بیٹھیے یاں بیحجابی سے

(۲) دل کی کدورت ظاہر کر دینا۔ دل کی بات ظاہر بیان کر دینا +

کھل کھیلنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی ایسے فعل یا کام کو علانیہ کرنے لگنا جسکو پوشیدہ طور پر کرتے تھے شرم و لحاظ کو بالائے طاق رکھ دینا۔ پر پُرزے نکالنا + **جرأت** ؎

گالیاں دینے لگے نام مرا لیلے تم
کچھ مری چاہ کے کھل جاتے ہی کھل کھیلے تم

کھل کے۔ ہ م ف۔ (۱) خلاصہ۔ اچھی طرح سے آرام سے + (۲) حسب الخواہ + **میر تقی** ؎

چوں صبح اس چمن میں نہ ہم کھلکے ہنس لئے
فرصت رہی سو میر یہی اک نفس رہی

کھلی اڑانا۔ کھیلوں میں اڑانا۔ ہ ف م۔ بیوقوف اور احمق بنانا + **ناسخ** ؎

باغیں اُس گل کو لیجا کر ہنسایا چاہیے
کھیلوں میں عندلیبوں کو اڑایا چاہیے

کھلے بندوں۔ یا۔ بند۔ کھلے خزانے یا۔ بازار۔ ا م ف۔ علانیہ۔ کھلم کھلا۔ ظاہرا سب کے سامنے + **آرزو** ؎

کھولکر بند قبا کو ملکِ دل غارت کیا
کیا حصارِ قلب دلبر نے کھلے بندوں لیا

کھل سورٹھ کہنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) سورٹھ راگ کو صاف یا زور سے گانا + (۲) سب کے روبرو بیان کرنا۔ علانیہ کہنا +

کھلی کرنا۔ کھلیوں میں لینا۔ ہ۔ ف م۔ مذاق کرنا۔ ہنسی کرنا۔ پھبتی اڑانا + **بحر** ؎

شرم غنچہ کو رہی تیرے دہن سے ورنہ
کھلیوں میں اُسے اک اک گلِ خنداں لیتا

کہنا ڈالدینا۔ ہ۔ ف م۔ کسیکا حکم نہ ماننا +

کہنا سُننا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) اختیار۔ اد ھکار چلتی۔ زور + (۲) رسائی۔ دخل۔ پہنچ + آجکل انکا سرکار میں بڑا کہنا سُننا ہے

کہنا نہیں کرتا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) حکم کی تعمیل نکرنا بات نہ سُننا + (۲) قابو میں نہونا۔ نہ چلنا۔ بیکار ہو جانا +

سردی کے مارے ہاتھ پاؤں کہنا نہیں کرتے

کھنڈت پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دودھ یا نیم کا ٹوٹ جانا + (۲) کسی کام میں خلل پڑنا +

کھنڈے یا کھونٹے اُسترے سے سر مونڈنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بن دھار کے اُسترے سے حجامت بنانا + (۲) ستانا۔ تکلیف دینا

دق کرنا +

کھنگر لگ جانا - ہ - ف ل - دیکھو (سوکھا لگنا) ہڈی پسلی دکھائی دینے لگنا +

کہنے کو - ہ - م ف - نام کو - ذکر کو +

کہنے کی باتیں ہیں - ہ - محاورہ - یہہ باتیں صرف کہنے کے لئے ہیں کرنیکے لئے نہیں ہیں - خالی باتیں ہی باتیں ہیں +

کہنے میں آجانا - ہ - ف ل - (۱) جس طرح کوئی کہے اُسی طرح اُسپر یقین لے آنا + (۲) بہکائے یا دھوکے میں آجانا +

کھوپری چٹکنا - ہ - ف ل - سر پھٹا جانا - سر گھومنا - چکرانا + سجر ؎

شرابِ عشق کی حدت مسہاریئے کیونکر
یہ حال نشہ کا ہے کھوپری چٹکتی ہے

کھوپری - یا کھوپرا کھا جانا - ہ - ف م - دیکھو (بھیجا کھانا) (۱) دق کرنا - ستانا مارنا + (۲) دوسرے کے مال پر گل چھرّے اڑانا - غیر کی دولت پر فضول خرچی کرنا +

کھوٹا پیسہ - یا کھوٹا پیٹا وقت پر کام آتا ہے ہ - محاورہ - اپنی ہی نکمّی اور ناکارہ شے ضرورت کے وقت کام آتی ہے + ناسخ

سچ مثل ہے کبھی کام آتا ہے کھوٹا پیسا
ستم دیدہ ہوئے طالبِ ایماں ہم سے

کھوٹ ہونا - ہ - ف ل - (۱) نقص یا عیب ہونا (۲) بدی یا بُرائی ہونا - بغض یا عداوت ہونا + سجر ؎

یک رنگ آشنا نہیں ہنسنے پر کھ لیا
منہ پر کھرے ہیں آپ مگر دل میں کھوٹ ہے

کھوٹی کرنا - یا - کہنا - ہ - ف م - بُرائی یا بدی کرنا - گریں کہوں کہ ہمسے تو کی کھوٹی تمنے - جان ! (جرأت) تو کس ادا سے بولے ہے ہاں ہم میں کھوٹ ہے

کھوجڑا جائے - بد دُعا - (م عو) - غارت ہو - تُو اُجڑ جائے - ستیاناس جائے +

کھوجڑے پیٹی - کھوجڑے پیٹا - ہ - اسم مونث - ہ - اسم مذکر - (جسکا شان بٹ گیا ہے) کمبخت - نِرا بھاگن - بدنصیب - ابھاگا - نِرا بھاگی +

کھوج - یا کھوجڑا کھونا - ہ - ف م - (۱) پتہ ونشان مٹانا - کوسنے دینا + (۲) برباد یا تباہ کرنا - ستیاناس کھونا + (عو)

کھود کر پُوچھنا - کھود کھود کے پُوچھنا - ہ - ف م - خوب تحقیقات کرنا - نہایت چھان بین کرنا -

کھور ولانا - ہ - ف م - (ہندی کھر بمعنی سُم - چوپائے اپنی خواہش کا اظہار زمین پر کھر یا سُم مارنے سے کیا کرتے ہیں) اسی سبب سے - (۱) پاؤں

پٹینا۔ قدم مارنا + (۲) فل وشور مچانا + (۳) حجت وتکرار کرنا۔ دلیلیں چھانٹنا +

کھوکر سیکھنا ۔ ہ۔ ف م۔ نقصان اُٹھا کر تجربہ حاصل کرنا +

کھونٹا سا بیٹھ جانا۔ یا گر جانا ۔ ہ۔ ف ل (۱) بڑی مضبوطی کے ساتھ کسی جگہ قیام کرنا (۲) نہایت درست آنا۔ نہایت ٹھیک بیٹھنا

کھونٹے پر مارنا ۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری) دیکھو (پاپوش پر مارنا)

کھونٹے سے بندھ جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ نکاح یا شادی ہو جانا +

کھونٹے کے بل کودنا ۔ ہ۔ ف م۔ کسی کی حمایت پر پھولنا۔ کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا + بچھڑا کھونٹے کے بل کودتا ہے۔ مثل

کھونٹی نہ چھوڑنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ایسی صفائی سے حجامت بنانا کہ سر پر بال کی ایک کھونٹی باقی نہ رہے + (۲) خوب سر مونڈنا۔ خوب گھگنا یا لوٹنا +

کھوئے جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) حیران ہو جانا سٹی گم ہونا۔ حواس باختہ ہو جانا + (۲) جواب نہ بن آنا۔ بند ہو جانا +

کھوے سے کھوا چھلتا تھا ۔ ہ۔ محاورہ (فلاں جگہ اسقدر آدمیوں کی کثرت تھی کہ ایک آدمی کے شانے سے دوسرے آدمی کا شانہ رگڑ کھاتا تھا) اسی سبب سے۔ بڑی بھیڑ تھی۔ دیکھو (تھالی پھرتی تھی)

کھیت پڑنا ۔ ہ۔ ف ل۔ لڑائی کے میدان میں بہت سے آدمیوں کا مارا جانا یا کام آنا۔

گھمسان ہونا + بحر ؎

کبھی تو سبزۂ شمشیر! امتحاں دیکھیں
کبھی تو کھیت پڑے کشت دل ہری ہو جائے

کھیت چھوڑ جانا ۔ ہ۔ ف م۔ لڑائی کا میدان چھوڑ کر بھاگ جانا +

کھیت رہنا ۔ ہ۔ ف ل۔ لڑائی کے میدان میں کام آنا۔ جنگ یا لڑائی میں شہید ہونا یا مارا جانا + ناسخ ؎

مانند دانہ خاک میں ہم خال پر ملے
نکلا جو اُسکا سبزۂ خط کھیت اب رہے

کھیت کا لکھا پڑھا ۔ ہ۔ محاورہ۔ (مذاقاً) گنوار آدمی۔ کسان +

کھیت کرنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) یونا جوتنا + (۲) کھیت نگوانا + (۳) نکلنا۔ طلوع ہونا۔ اگنا + چاند نے کھیت کیا ہے +

کھیر کا دلیا ہو جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) انقلاب یا تغیر تبدل ہو جانا۔ قسمت اُلٹ جانا + (۲) کچھ سے کچھ ہو جانا۔ کسی آرزو

یا ارادے کا خاک میں ملجانا + **نظیر** ؎

نظیر یار کی ہمنے جو کل ضیافت کی
پکایا قرض منگا کر پلاؤ اور قلیا
سو یار آپ نہ آیا رقیب کو بھیجا
ہزار حیف! ہم ایسے نصیب کو لیعا!
اِدھر تو قرض ہوا اور اُدھر نہ آیا یار
پکائی کھیر تھی قسمت سے ہوگیا دلیا

کھیڑے کی دُوب - ہ - محاورہ - (گاؤں کی دُوب بڑی روئدن میں رہتی ہے) - اسی سبب سے - نہایت غریب یا سفلس آدمی

کھے کھانا - ہ - ف ل - جھوٹ بولنا جھک مارنا

کھیلا کھایا - ہ - صفت - تجربہ کار - زمانہ دیدہ +

کھیل بگاڑنا - کھیل بھنڈیا - بھنگ کرنا ہ - ف م - کسی کام میں رخنہ اندازی کرنا - بنا بنایا کام خراب کرنا +

کھیل بنانا - ہ - ف م - (بازاری) مجامعت کرنا +

کھیل سمجھنا - ہ - ف ل - کسی کام کو سہل یا آسان خیال کرنا + **شوق** ؎

سبکو دیدہ دلیل سمجھا ہے
کیا ملاقات کھیل سمجھا ہے

کھیل کرنا - یا کھیلنا - ہ - ف ل - تماشا کرنا - کسی کے کام کو ہنسی میں ڈالدینا +

کھیل کھلانا - ہ - ف م - ناچ نچانا - دِق کرنا ستانا مارنا +

کھیل کھیل ہوجانا - ہ - ف ل - ٹوٹ کر یا پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا - ریزہ ریزہ ہوجانا +

کھیل ہے - ہ - محاورہ - تماشا ہے - آسان کام ہے - ادنی بات ہے **شوق**

نقرہ دینا تو کھیل ہے تیرا
خوب دیدہ دلیل ہے تیرا

کہیں کا نہ رہنا - ہ - ف ل - نہ دین کا نہ دنیا کا رہنا - کسی کام کا نہ رہنا - بیکار ہوجانا +

کیا اُنہیں کے سر ٹیکا - یا - سہرا ہے ہ - محاورہ - اس کام یا چیز کا دار و مدار کچھ اُنہیں پر نہیں ہے +

کیا بات ہے - کیا کہنے ہیں - کیا کہنا ہے - ہ - نداو ندیہ - بہت خوب - شاباش آفریں - واہ واہ - کیا خوب + **مرزا غالب**

واعظ! نہ تم پیو نہ کسیکو پلا سکو
کیا بات ہے تمہاری شراب طہور کی

کیا پروا ہے - ا - نداو ندیہ کچھ پروا نہیں کچھ مضایقہ نہیں

کیا جاتا - ہ - محاورہ - کیا نقصان ہوتا - تمہارا کچھ بھی نہیں جاتا + **جانصاحب**

میں بات کرتی جو آپنوں میں تمسے اے صاحب
ذلیل ہو گئی وہ بیٹھی تمہارا کیا جاتا

کیا جان ہے۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ کیا مجال ہے کیا طاقت ہے + **ذوق** ؎

تن سے کیا جان کہ جان اپنی نکلنے پاوے
ہو بشرطے ترے آنیکا بھروسا ہمکو

کیا جانے۔ کیا جانئے۔ ہ۔ م ف۔ خدا جانے۔ معلوم نہیں + ؎

(۱) ہمارے قتل میں کیا جانے کیا ہوا پس و پیش
کھنچے وہ تیغ کی صورت رُکے سپر کی طرح
(۲) کیا جانے چپ ہے کیوں تیری صورتکو دیکھکر
(داغ) آئینہ میں نہیں ہوں کہ حیراں ہو گیا

کیا چیز ہے۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ اُسکی کچھ اصل نہیں ہے۔ وہ کچھ بھی نہیں ہے +

کیا خبر۔ ہ۔ م ف۔ کچھ خبر نہیں۔ معلوم نہیں + کسی کو کیا خبر کیوں خیر و شر پیدا کئے تو نے
(داغ) کہ جو کچھ ہے خدائی میں وہ ہے بے ریب شک تیرا

کیا خوب۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ (۱) واہ وا۔ کیا کہنے ہیں + (۲) بڑی اچرج یا اچنبے کی بات ہے تعجب ہے +

کیا درزی کا کوچ اور کیا مقام۔ ا۔ محاورہ (چونکہ درزی کے اوزار صرف سوئی تاگا اور ایک قینچی ہیں جنکے اُٹھانے اور دھرنے میں کچھ دقت نہیں پڑتی) اسی سبب سے۔ غریب آدمی کا سفر اور قیام یکساں ہے +

کیا دھرا کر رکھا ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ کیا حال کر رکھا ہے۔ کس درجہ کو پہنچایا ہے۔ کیسا بُرا حال کر دیا ہے +

کیا کچھ۔ ہ۔ م ف۔ سب کچھ۔ کسقدر۔ ات گت نہایت ہی + **میر** ؎

منہ کر بھی میری جانب سو یا نہیں کبھی وہ
کیا جانوں اُسکے جی میں ہے اس طرف سے کیا کچھ

کیا کیا۔ ہ۔ م ف۔ (۱) بہت کچھ۔ بہت سارا۔ کسقدر + (۲) کون کونسی چیز + **داغ** ؎

بعد اُستاد **ذوق** کے کیا کیا
شہرت افزا کلام داغ ہوا

کیا کیا نکیا۔ ہ۔ محاورہ۔ کونسی بات باقی رکھی۔ سب کچھ تو کیا + **مضمون** ؎

ہمنے کیا کیا تیرے عشق میں محبوب! کیا
صبر ایوب کیا۔ گریۂ یعقوب کیا

کیا مال ہے۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ کچھ بھی قدر و منزلت نہیں رکھتا۔ کم قدر و حقیر ہے + **ناسخ**

اُجرت میں مال تو ہے کیا مال!
ہر جان فدائے قاصدِ یار

کیا مُنہ ہے۔ ہ۔ ندا و ندبہ۔ کچھ بھی عزت و آبرو نہیں ہے۔ کیا حوصلہ ہے + **مومن**

سنگ اسود نہیں ہے چشم بتاں
بوسہ **مومن** طلب کرے کیا منہ

کیا نہ چاہیئے۔ ہ۔ محاورہ۔ (۱) کونسی چیز ہے جسکی ضرورت نہیں۔ ہر ایک چیز کی ضرورت ہے۔ سب کچھ چاہیئے + (۲) کسی چیز کی خواہش نہیں۔ سب کچھ موجود ہے +

کیا واسطہ۔ ا۔ م ف۔ (۱) کیا وجہ۔ کیوں۔ کس لئے + ظفر ؎

کیا سبب۔ کیا واسطہ۔ کیا کام تھا بتلائیے
گھر سے جو نکلے نہ اپنے تم ظفر دو دن تلک

(۲) کچھ تعلق یا سروکار نہیں +

کیا ہوتا۔ ہ۔ م ف۔ کچھ بھی نہ ہوتا۔ ذرا اثر نہ کرنا +

کیا ہوتا جو سمجھاتے۔ اُسے جا کے مرے دوست
دشمن کا سخن ذہن نشیں ہو ہی چکا تھا

کیا ہی! ہ۔ ندا و ندبہ۔ بہت ہی اچھی۔ نہایت ہی عمدہ +

کیڑا دبانا۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری) کسی کی خواہش نفسانی یا میل مٹانا +

کیڑا کلبلانا یا۔ اُچھلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (بازاری) علت ابنا کا زور کرنا +

کیڑا لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ کیڑا کھا جانا۔ خراب یا ناس ہو جانا

آتش

روے گل پر دیکھکر شبنم کو کہتا ہے وہ گل۔
کیا ہی پھبتی ہے کہ کیڑا لگ گیا بانات میں

کیڑیاں لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (م عو) جونکیں لگانا +

کیل کا یا کیلی کا کھٹکا نہیں۔ ہ۔ محاورہ۔ ذرا اندیشہ نہیں + بحر ؎

در دہن کے لئے خاموشی مناسب ہے
یہی ہے قفل نہیں جسمیں کیل کا کھٹکا

کیل نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ خوب ٹھیک کرنا۔ سزا دینا +

کیل کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (کشتی) حریف پر ایک پیچ کرنا +

کینچلی بدلنا۔ ا۔ ف م۔ (طنزاً) پوشاک بدلنا۔ نئے یا اُجلے کپڑے پہننا +

کینڈا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ اندازہ کرنا۔ تخمینہ پھیلانا +

کیوں نہو کیوں نہیں۔ ہ۔ ندا و ندبہ۔ (۱) بیشک۔ ضرور۔ (۲) کلمۂ تحسین و آفریں + ناسخ ؎

کون سی طرز سخن ہے جو اُسے آتی نہیں
کیوں نہو شاگرد ہے ناسخ ہر اک اُستاد کا

گ

گات اُگنا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہندی نظم) چھاتیاں اُبھر آنا۔ عورت کے بالغ ہونیکی علامت ظاہر ہونا۔

گات سے ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہ عو) حاملہ ہونا

گاجر مولی۔ ہ۔ اسم مؤنث کوئی کم قیمت چیز +

گارا گانا۔ ہ۔ ف م۔ بڑی لمبی کہانی کہنا +

گاڑہ پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (پورب) مصیبت آنا +

گاڑھے بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہندی گڑھا یعنی غار)

گھات میں بیٹھنا + (ٹھگ)

گاڑھی چھننا - ہ - ف ل - (۱) بھنگ کا غلیظ چھانا جانا + (۲) خوب نشہ ہونا + (۳) باہم گالی گلوچ یا تکرار ہونا +

گاڑی جوتنا - یا - **چلانا** - ہ - ف م - کرائے پر گاڑی چلانا +

گال بجانا - ہ - ف م (۱) منہ سے بم بم کی آواز نکالنا + جیسے ہرگن گائے تیسے گال بجائے + مثل (۲) بیہودہ باتیں بکنا + (۳) شیخی کرنا - ڈینگ مارنا

گال پچک جانا - ہ - ف ل - دُبلا ہو جانا +

گال پر گال چڑھنا - ہ - ف ل - بہت موٹا ہو جانا

گال توڑنا - کاٹنا - ہ - ف م - (۱) گال پر چٹکی لے لینا + (۲) زور سے بوسہ لینا +

گال سُجھانا - ہ - ف ل - چیں بہ جبیں ہونا + (اب زیادہ تر منہ سُجھانا بولتے ہیں)

گالو میں چانول بھرنا - ہ - ف ل - منہ میں گھنگنیاں بھرنا - ٹھار ٹھار کے باتیں کرنا + وہ ایک دن تھا کہ میرے آگے فرشتوں کی بھی نہ دال گلتی تھی (حالی) بھوے ہیں گالو نمیں اب تو چانول کریں وہ باتیں چبا چبا کے

گالیوں کا جھاڑ باندھنا - ہ - ف م - برابر یا لگاتار گالیاں دیے جانا - بہت سارے گالیاں دینا

نہ جھاڑ اغیر کو تو نے کہو کر جھاڑ لپٹا تھا
مجھے پر گالیوں کا جھاڑ تو نے - بدزباں باندھا

ذوق

گانٹھ باندھنا - ہ - ف م - دیکھو (آنچل میں بات باندھنا) - یاد رکھنا +

گانٹھ پڑنا - ہ - ف ل - (۱) گرہ لگ جانا + (۲) نفاق یا ان بن ہو جانا + (۳) کسی ملائم کھانے کا پکتے پکتے بستہ ہو جانا + دیکھنا دلیے میں گانٹھیں نہ پڑ جائیں)

گانٹھ جوڑنا - یا - **باندھنا** - ہ - ف م - (پھیرے کے وقت دوطاڑ نہ کے دوپٹوں کے کونوں کو باہم باندھ یا کرتے ہیں) اسی سبب سے - بیاہ کرنا - عقد باندھنا +

گانٹھ کا پورا - **گانٹھ بھرا** - ہ - اسم مذکر - مالدار آدمی مثل آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا +

گانٹھ کا پیسا - ہ - اسم مذکر - خاص اپنی ذات کا روپیہ +

گانٹھ کاٹنا - ہ - ف م - (۱) راستے میں کسی کی گٹھڑی کتر لینا - رہزنی کرنا + (۲) چیز کی زیادہ قیمت لینا - جھگنا - لوٹنا + (۳) موہنا - فریفتہ کرنا + آبرو ؎

گانٹھ کاٹی ہے مرے دل کی تری انکھاں نے
دوپلک نہیں یہ کترتی ہے گرچوروں کی

گانٹھ کا کھونا - ہ - ف ل - اپنی گرہ کا روپیہ ضائع کرنا + نقصان اُٹھانا +

گانٹھ کٹنا - ہ - ف ل - (۱) جیب کتری جانا +

(۲) ٹھگا جانا۔ سر منڈنا۔ زیادہ قیمت دی جانا +

گانٹھ کرنا۔ ہ۔ فم۔ (۱) اپنی جیب میں رکھنا (۲) جمع کرنا۔ جوڑنا + (۳) غبن کرنا۔ روپیہ الگ کرنا +

گانٹھ کھولنا۔ ہ۔ فم۔ (۱) گرہ دُور کرنا + (۲) تھیلی کھولدینا۔ خوب خرچ کرنا + (۳) شکر رنجی دُور کرنا۔ ملاپ کرنا +

گانڈو کا حمائیتی بھی مارا ہے۔ ا۔ محاورہ۔ (بازاری) کم حوصلہ آدمی کا طرفدار بھی شرمندگی اُٹھاتا ہے۔ نامرد کا ساتھی بھی زک پاتا ہے

گانڑ پھاڑنا۔ ہ۔ فم۔ (بازاری) ناک میں دم کردینا۔ دِق کرمارنا +

جی چاہے بیراگ کو اور کُنبا پھاڑے گانڈ، مثل

گانڑ پھٹنا۔ گانڑ پھٹکر حوض ہوجانا۔ ہ۔ ف ل۔ (بازاری) (۱) کسی سے نہایت ڈرنا + (۲) زیادہ خرچ کے باعث دوالہ نکل جانا +

گانڑ جوڑ بخیہ۔ ا۔ محاورہ۔ (بازاری) گہری دوستی +

گانڑ چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (بازاری) دیکھو (پیٹ جاری ہونا)

گانڑ چلے من بختوں کو! مثل

گانڑ رگڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (بازاری) سخت محنت کرنا۔ نہایت کوشش کرنا +

گانڑ سے گھوڑا کھولنا یا گل کترنا۔ ا۔ ف م۔ کسی چیز کے حاصل کرنے میں بے فائدہ کوشش کرنا۔ دیکھو (پیچ مرنا)

گانڑ غلامی کرنا۔ گانڑ چاٹنا۔ یا۔ دھونا۔ ا۔ فم۔ (بازاری)۔ نہایت اطاعت کرنا + (۲) نہایت خوشامد کرنا۔ چھیے سہلانا +

گانڑ کاٹنا۔ ہ۔ ف م۔ (م عو) ختنہ کرنا۔ سنتیں کرنا

گانڑ کی خبر نہ رہنا۔ گانڑ اُلاڑ کر پڑنا۔ ا۔ ف ل۔ (بازاری) نہایت غافل ہوکر سونا۔ مطلق خبر نہ رہنا +

گانڑ گردن ایک ہوجانا۔ ا۔ ف ل (بازاری) (۱) نہایت محنت و مشقت کے باعث تھک کر چُور ہوجانا + (۲) نہایت موٹا ہوجانا +

گانڑ گلے میں آجانا۔ ہ۔ ف ل۔ (بازاری) (۱) اپنے ہاتھوں آپ بلا میں پھنس جانا + (۲) تنگ آجانا۔ عاجز آجانا +

گانڑ میں اُنگلی کرنا۔ ہ۔ فم۔ (بازاری) دِق کرنا۔ ستامارنا +

گانڑ میں گھسا جانا۔ ہ۔ فم۔ (بازاری) خوشامد کرنا۔ لَلّو پتّو کرنا +

گانڑ میں لنگوٹی تنگ نہ ہونا۔ ہ۔ ف ل

(بازاری) نہایت غریب ہونا۔ مفلس و قلاش ہونا +

گاؤ خُرد ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (گائے کا چرلینا)۔ اسی سبب سے۔ تباہ یا برباد ہونا۔ تحت نحس ہونا + وہ دفتر ہی گاؤ خُرد ہوا +

گاؤ زوری کرنا۔ ا۔ ف م۔ گائے کی سی طاقت دکھانا۔ بہت زور کرنا +

گاؤ گھپ کرنا۔ ہ۔ ف م۔ غبن یا تغلّب کرنا

گاہی پٹنا۔ ا۔ ف ل۔ سودا بنجانا۔ معاملہ ہوجانا

گائے کا بچھیا تلے اور بچھیا کا گائے تلے کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (گائے کے دودھ کو جو بہت سارا ہوتا ہے بچھیا کا دودھ ظاہر کرنا اور کبھی بچھیا کے دودھ کو جو تھوڑا سا ہوتا ہے گائے کا دودھ بیان کرنا) اسی سبب سے۔ حکمت عملی یا تدبیر کے ساتھ کوئی کام چلانا + (بچھیا کی جگہ بھینس بھی بولتے ہیں)

گپّا کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ (بازاری) کیسی سے جماع کرالینا +

گپ گپ کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ جلدی جلدی کھانا۔ اندھا دھند کھانا +

گت بنانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی باجے کے سُروں کو گانے بجانے کے بولوں کے موافق کرلینا + بحر ۵ کبھی جو باجے کی لہرائی تو ہوش اُڑائے وہ شے بجائی فسوں کے بولو نے گت بنائی بھلا واہ نکر ستار آیا

(۲) خوب پیٹنا۔ بُرا حال کرنا + (۳) وضع یا صورت بنانا +

دکھا کر ناچ اپنا خود ہی دیوانہ کیا ہمکو
ہمیں سے پوچھتے ہو پھر کہ یہ کیا گت بنائی ہے

گت بھرنا۔ یا۔ ناچنا۔ ہ۔ ف ل۔ راگ کے اصول کے موافق ناچنا +

گت گا۔ گت کی۔ ہ۔ صفت۔ (عو) کسی عمدہ وضع کا شُستھ ا۔ اچھا + گت کا کپڑا بنایا کرو +

گت کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کام میں لانا + (۲) آونے پونے بیچ ڈالنا + (۳) مُردے کی رسمیں ادا کرنا۔ کریا کرم کرنا + (۴) دیکھو گت بنانا نمبر ۱

گت ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کام یا صرف میں آجانا (۲) بک جانا۔ کوڑے ہوجانا + (۳) اچھی طرح سے کریا کرم ہوجانا + (۴) ٹھکتی ہونا۔ ٹھکانے کو پہنچنا +

گتھی یا گلجھٹی پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سوت کا اُلجھ جانا + (۲) معاملہ کا پیچ در پیچ ہوجانا + (۳) دل میں گرہ پڑجانا +

گِٹ پٹ۔ اسم مؤنث (چونکہ انگریز ہند وستانی لفظوں میں ت کی بجائے ٹ تلفظ کرتے ہیں اسی سبب سے ہندوستانیوں نے انگریزی کا نام گٹ پٹ رکھدیا ہے)۔ انگریزی زبان +

گٹ پٹ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دو چیزوں کا

بخوبی وصل ہوجانا + (۲) ہمبستر ہونا + (۳) دیکھو (غٹ پٹ ہونا)

گٹکری لینا۔ ہ۔ ف ل۔ گانے میں آواز کو جھلا کر گلے سے نکالنا۔ گلا ہلانا +

گٹھڑی کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) اکھٹا یا جمع کرنا۔ روپیہ جوڑنا + (۲) اپنے حریف کو کشتی میں دوہرا کر دینا +

گٹھڑی مارنا۔ ہ۔ ف م۔ لوٹنا۔ ٹھگنا۔ مال مارنا + کسی کی گٹھڑی مارو +

گٹھوٹ گانٹھنا۔ ہ۔ ف م۔ سازش کرنا۔ گشتی کرنا

گجر دم۔ ا۔ م ف۔ علی الصباح۔ بہت سویرے +

گجھا دبا بیٹھنا۔ یا۔ مارنا۔ ہ۔ ف م۔ فریب سے کسی کی دولت حاصل کرنا۔ مال مارنا +

گدگدی دل میں ہونا۔ ا۔ ف ل۔ خود بخود ہنسی آنا۔ شوخی جی میں آنا + صبا ؎

شرگیں آنکھوں کے بوسے لے گستاخی سے
گدگدی دل میں ہوئی انکی حیا سے پیدا

گدگدی کرنا۔ ہ۔ ف م۔ ہنسانا + مومن ؎

کسکے ہنسنے کا تصور ہے شب و روز کہ یوں
گدگدی دل میں کوئی آٹھ پہر کرتا ہے

گدھاپن۔ ہ۔ اسم مذکر۔ بیوقوفی۔ مورکھ پن +

گدھوں یا۔ بھٹیوں بخار چڑھنا۔ ہ۔ ف ل نہایت زور کا بخار چڑھنا + (ھو)

گدھے پر چڑھانا۔ یا۔ سوار کرنا۔ ا۔ ف م۔ (چونکہ سابق میں مجرم کو کالا منہ کر گدھے پر اُلٹا سوار کرکے سارے شہر میں پھرایا کرتے تھے) اسی سبب سے رسوا یا بدنام کرنا۔ بیعزتی کرنا +

گدھے کو حلوا کھلا کر لاتیں کھانا۔ ا۔ ف م بدوں کے ساتھ نیکی کرکے بُرائی حاصل کرنا

گدھے کے ہل چلوانا۔ ہ۔ ف م۔ کسی آباد جگہ کو خوب مسمار کرانا +

گدی بھاننا۔ ا۔ ف م۔ (بازاری) کسی کی گدی پر چانٹے لگانا +

گدی سے زبان کھینچنا۔ یا۔ نکالنا۔ ا۔ ف م ایک قسم کی بیرحمی کی سزا دینا۔ سخت سزا دینا

گدا بنانا۔ ہ۔ ف م۔ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا +

گڈامی بولی۔ ا۔ اسم مؤنث (چونکہ انگریز لوگ گوڈڈیم یو جسکا گڈامی بگاڑ ہے ہندوستانیوں کے حق میں اکثر بولتے ہیں) اسی سبب سے انگریزی زبان +

گڈامی جوتی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ انگریزی جوتی بوٹ +

گراں گزرنا۔ یا معلوم ہونا۔ **گراں خاطر ہونا** ا۔ ف ل۔ بھاری یا دوبھر معلوم ہونا۔ ناگوار گزرنا +

گربار۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (پنڈت) پنجشنبہ۔ جمعرات

برسپت +

گرجا ہوا موتی ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ گوہر شکستہ بمولا ہوا موتی +

گرد بیٹھنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) خاک کا جم جانا ۔ خاک آلود ہو جانا + (۲) خاک کا اتر جانا یا کم ہو جانا

مجھ تا تواں کی خاک جو اسمیں ہوئی شریک
اٹھ اٹھ کے بیٹھ بیٹھ گئی گرد راہ کی

گردش میں آنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ تباہی یا مصیبت میں پھنس جانا +

گرد کو نہ پہنچنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ برابر نہ ہو سکنا ۔ مقابلہ نکر سکنا + سودا ؎

غرض وہ گرم عناں ہو کے جب چمکتا ہے
نہیں پہنچتی ہے برق اسکی گرد کو زنہار

گردنا دینا ۔ یا ۔ سُنانا ۔ **گردنے کی آنا** ۔ ا ۔ ف م ۔ گدی پر ایک چانٹا لگانا ۔ چٹیانا +

گردن پر بوجھ ہونا ۔ ا ۔ ف ل ۔ کسیکا اپنے اُوپر بار احسان ہونا ۔ احسانمند ہونا +

گردن پر خون ہونا ۔ ا ۔ ف ل ۔ کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ ہونا +

گردن پر سوار ہونا ۔ ا ۔ ف ل ۔ دھمکانا ۔ سر ہو جانا ۔ مجبور کرنا +

گردن پھنسانا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) اپنے تئیں جوکھوں یا خطرے میں ڈالنا + (۲) جواب دہ بنا ۔ ذمہ لینا +

گردن پھیرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ نافرمانی کرنا ۔ حکم نہ ماننا +

گردن جھکانا ۔ ا ۔ ف م ۔ اطاعت کرنا ۔ فرمانبرداری اُٹھانا +

گردن کا ڈورا ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ ناچتے وقت گردن کی ایک انداز کے ساتھ جنبش +

گردنکا منکا ڈھلنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ قریب المرگ ہونا

گردن کٹنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) مارا جانا ۔ قتل ہونا + (۲) جان نکلنا ۔ نہایت ڈر لگنا + (۳) تباہ یا برباد ہونا +

گردن مارنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) قتل کرنا ۔ جان سے مار ڈالنا + میر ؎

صورت اُسکی مرے کھینچی تھی گلے لگتی ہوئی
سو جفا کار نے نقاش کو گردن ماری

(۲) نقصان یا تکلیف پہنچانا +

گردن مروڑنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) کسی جانور کو بغیر کلمہ پڑھے ذبح کرنا + (۲) ستانا ۔ تکلیف دینا

گردن میں ہاتھ دینا ۔ گردنی دینا ۔ ا ۔ ف م ۔ گردن پکڑ کے نکالدینا +

گردن ناپنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (بازاری) ۔ (۱) گردن پکڑ کے نکالدینا + (۲) مار ڈالنا ۔ قتل کرنا +

گردن ہلانا۔ا۔ف م۔ انکار کر دینا +
چور چرا دے اور گردن ہلاوے + مثل

گرد ہو جانا۔ا۔ف ل۔ گم ہو جانا۔ پتہ نہ لگنا دب جانا + ؎

مجنون دشت گرد تھا مانند گرد باد
جب خاک اُڑائی ہمنے تو وہ گرد ہو گیا

گرد ہے۔ بے وقر ہے۔ بے حقیقت ہے نکما ہے + **نظیر** ؎

اپنے عالم میں یہ آٹا دال بھی کیا فرد ہے
حُسن کی آن و ادا سب اُسکے آگے گرد ہے

گرفت کرنا۔ا۔ف م۔ عیب پکڑنا نکتہ چینی کرنا۔ قصور یا کھوٹ نکالنا +

گرگٹ کے سے یا کی طرح رنگ بدلنا
ا۔ف ل۔ (۱) گرگٹ کی طرح کبھی کالا کبھی لال ہو جانا + (۲) غصے کے مارے کبھی لال کبھی پیلا ہونا + (۳) تغیر و تبدل قبول کرنا۔ کچھ سے کچھ ہو جانا +

یا رعلی ؎

خورشید! کیا کہوں انہیں آنکھوں کے سامنے
گرگٹ کیطرح رنگ زمانہ بدل گیا

گرما گرم۔ف۔ صفت۔ (۱) ابھی کڑاہی میں سے نکلی ہوئی۔ نہایت گرم جلتا ہوا + (۲) تازہ۔ تُرت کا + (۳) شوخ و شنگ +

تو وہ گرما گرم ہے بہزاد اگر کھینچے شبیہ
سایہ بنجائے دھواں روغن جلے تصویر کا

(۴) فی البدیہہ۔ برجستہ۔ تڑاق پڑاق۔ برملا +

کچھ دکھائی تھی کچھ ہنسی کچھ شرم
تازے فقرے لطیفے گرما گرم

گرما گرمی سے۔ا۔م ف۔ تیزی اور جوش کے ساتھ۔ بڑی گرمی سے +

گرم بازاری۔ا۔اِسم مؤنث (۱) بازار میں گاہکوں کی کثرت۔ کسی چیز کی کثرت سے مانگ۔ بکری کی زیادتی + (۲) افراط یا کثرت۔ ریل پیل۔ بہتات +

گرم بولنا۔ا۔ف م۔ خفگی کے ساتھ جواب دینا یا بات کرنا +

گرم خبر۔ا۔اِسم مؤنث۔ سب سے پچھلی خبر۔ تازی خبر۔ عام خبر۔ افواہ +

گرم سرد اُٹھانا۔ا۔ف ل۔ (۱) اچھا بُرا وقت دیکھنا۔ نیک و بد زمانہ آزمانا + (۲) تجربہ کار ہونا۔ واقف کار ہونا +

گرم کپڑے۔ا۔اِسم مذکر۔ جاڑے کا لباس جڑاول +

گرم کرنا۔ا۔ف م۔ (۱) حرارت پہنچانا + (۲) بھڑکانا۔ غصہ دلانا + (۳) تیز کرنا مہمیز لگانا۔ ایڑ مارنا +

گرم ملنا - ا۔ ف م - (۱) روادروی کی ملاقات کرنا - چلتے چلتے ملنا + **تاباں** ؎

عاشق سے گرم ملنا پھر بات بھی نہ کہنا
کیا بے مروتی ہے کیا بیوفائیاں ہیں

(۲) بڑے تپاک اور محبت سے ملنا +

گرم ہونا - ا۔ ف ل - خفا یا غصہ ہونا - تیز ہونا - بگڑنا + **مصرع میر** ؎

وہ ضم ہوتا ہے مجھ پر دنیں سو سو بار گرم

گرمیاں کرنا - ا۔ ف م - محبت جتانا - اختلاط کرنا + **فریب عشق** ؎

مجھے اب گھر کو جانے دیجے آپ
گرمیاں اور سے یہ کیجے آپ

گرمی کرنا - ا۔ ف م - (۱) بدن میں حرارت بڑھا دینا - دل پر گرمی زیادہ کر دینا +

(۲) شرارت یا شوخی کرنا + رشک ؎

مجھے گرمی بھی وہ کرتا ہے تو دوھری گرمی
خود جلانا مجھے - خود آگ ہو لا ہونا

گرمی نکالنا - ا۔ ف م - خواہش جماع کو مٹانا

گرمی ہو جانا - ا۔ ف ل - (۱) حرارت بڑھ جانا (۲) آتشک ہو جانا +

گرو گھنٹال - ہ۔ اسم مذکر - بڑی جناب - بڑے حضرت - اُستاد - پیر +

گرہ آنا - ہ ف ل - کسی منحوس ستارے کا ہونا - نحوست آنا +

گرہ باندھنا - گرہ میں باندھنا - ا۔ ف م دیکھو (پلے باندھنا نمبر ۱ - ۴)

(۲) اسقدر ہے اہل دنیا میں دنائت کا رواج
بس ہو تو مثل صدف باندھیں گرہ میں آب کو

گرہ پڑ جانا - ف ل - بغض و عداوت ہو جانا دل میں بل پڑ جانا + ؎

نہ کھل پڑ گئی تھی یار کے دل میں جو گرہ
سعی ہر چند مرے ناخن تدبیر نے کی

گرہ کا کھلنا - ا۔ ف ل - گانٹھ کا جانا - ذاتی نقصان ہونا +

گرہ لگانا - ا۔ ف م - (۱) گانٹھ باندھنا + (۲) معاملہ بنانا - سودا رچانا +

گرہ میں پیسہ ہونا - ا۔ ف ل - مالدار ہونا

گریبان پکڑنا - گریبان میں ہاتھ ڈالنا ا۔ ف م - گردن پکڑ لینا - سخت تقاضا کرنا

گریبان پھاڑنا - یا - چاک کرنا - گریبان چاک چاک کرنا - ا۔ ف ل - کپڑے پھاڑ ڈالنا - دیوانہ یا سودائی ہو جانا + **ناسخ**

(۱) پھر بہار آئی نکلیے گھر سے دامن جھاڑ کر
سوئے صحرا چلیے جنوں گریباں پھاڑ کر

(۲) کیونکر نہ چاک چاک گریبانِ دل کروں
دیکھوں جو میری زلف کو میں مست شانہ میں

گریبان میں مُنہ ڈالنا یا چھپانا ۔ا۔ف ل (۱) اپنا آپا نہارنا ۔ اپنا عیب وصواب دیکھنا ۔ رباعی میر درد ؎

مونہ آنکھ سے اک تئیں دن ٹالیے گا
خفلت کے تئیں بغل میں یوں پالیے گا
اے درد مراقبہ تو کرتے ہووے
تک اپنے گریبان میں مُنہ ڈالیے گا

(۲) مراقبے میں جانا ۔ غور کرنا ۔ تامل کرنا ۔ نظیری ؎

جب اپنے گریبان میں مُنہ ڈالکے دیکھا
دل سے نہ زیادہ کوئی دشمن نظر آیا

(۳) منفعل یا شرمندہ ہونا ۔ سرنگوں ہونا ۔ میر سوز ؎

گریباں میں ذرا مُنہ ڈال دیکھو
کہ تمنے اُس وفا پر ہم سے کیا کی

گڑبڑ جھالا ۔ اسم مذکر ۔ (۱) مینہ بوندی ۔ ابر وباد (۲) بدنظمی ۔ ابتری +

گڑبڑ کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ گھال میل کرنا ۔ گڈمڈ کردینا +

گڑنگ مارنا یا ہانکنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ ڈینگ یا شیخی مارنا +

گڑھا آٹنٹا یا بھرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ گڑھے کو مٹی سے بھرنا + (۲) کمی کو پورا کرنا ۔ پورا ڈالنا (۳) شکم پُری کرنا ۔ رُکھا سُوکھا جو کچھ ملجائے اُس سے پیٹ بھرلینا +

گڑھ فتح کرنا یا جیتنا ۔ا۔ف م ۔ (۱) قلعہ فتح کرنا ۔ دشمن پر غالب آنا + (۲) سخت مصیبت یا تکلیف سے رہائی پانا + (۳) کوارپت کی علامت دُور کرنا ۔ ازالۂ بکارت کرنا ۔ سہاگ رات آباد کرنا +

گڑیا سنوارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ غریبا مئو بیاہ کردینا ہاتھ پیلے کردینا + یار علی ؎

گڑیا سنوار دونگی اری بھیک مانگ کے
مشاطہ کہ اُدھر تو سرانجام ہوگیا

گڑیاں کھیلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) لڑکیوں کا کھیل کھیلنا + (۲) بچہ یا ناتجربہ کار ہونا ۔

گڑے کوئلے اُکھاڑنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ پُرانے جھگڑوں کو تازہ کرنا ۔ دبی آگ کریدنا +

سودا کے ہوتے دامن وجنون کا ذکر کیا!
(سودا) عالم عبث اُکھاڑے ہے مُردے گڑے گڑے

گڑیوں کا بیاہ ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ غریبانہ یا شرعی نکاح +

گڑیوں کا کھیل ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ آسان و سہل کام ۔ منہ کا نوالہ +

گزر جانا ۔ا۔ف ل ۔ (۱) ہوچکنا ۔ تمام ہوجانا + (۲) مرجانا ۔ انتقال کرنا + میر

تیری ہی رہگزر میں یہ جی جارہا ہے ۔ شوخ!
مُنہ کو کہ میر آج ہی کل میں گزر گیا

گزی گاڑھا پہننا۔ ہ۔ ف ل۔ موٹا جھوٹا کپڑا پہنکر گزارہ کرنا۔ غریبانہ گزر کرنا +

گگن کھیلنا۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت اونچا اچھلنا نالہ گگن کھیلتا چلا جاتا ہے

گگن ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت بلند ہونا۔ تارا ہو جانا + چیل گگن ہو گئی +

گلا اٹھانا۔ یا کرنا۔ ا۔ ف م۔ گلے کا کاگ یا کوا بوگرمی یا سردی کی زیادتی سے حلق مین نیچے کو لٹک آتا ہے اُسے کالی مرچین وغیرہ لگاکر انگوٹھے سے درست کر دینا +

گلا آنا۔ ا۔ ف ل۔ گلا پھول جانا۔ گلے میں ورم ہو جانا یا چھالے پڑجانا + نازنین ؎

گلا آجائیگا بچنے کا میرے
چُسا تے روز خالی چُسنیاں ہو!

گلا بیٹھ جانا۔ پڑجانا۔ یا۔ پھٹ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ آواز بھاری ہو جانا + ؎

نہ فریاد بلبل گلوں نے سُنی
گلا چیختے چیختے پڑ گیا

گلاب کی پتی۔ ا۔ صفت۔ (نظم)۔ پتلے اور نازک (ہونٹ)۔ +

گلا بندھانا۔ یا۔ بندھوانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) اپنے تئیں مقید کرنا + (۲) اپنے تئیں جوابدہ یا ذمہ وار بنانا + (۳) اپنے تئیں قرضدار کرنا + (۴) شادی کر لینا۔ نکاح پڑھا لینا +

گلا بندھنا۔ ہ۔ ف ل قرضدار ہو جانا دیکھو (گلا بندھانا) +

گلابی جاڑا۔ ا۔ اسم مذکر۔ خفیف سا جاڑا +

گلا پکڑنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) گلے کے ذریعہ سے کسی کی گرفت کرنا۔ (۲) کچی کھٹی یا سیلی چیزوں کے کھانے پینے سے حلق کا چٹکنے لگنا۔ حلق میں سوزش پیدا کر دینا

گلا پھاڑنا۔ گلا پھاڑ کے بولنا۔ ہ۔ ف ل چیخنا۔ دیکھو (کفن پھاڑ کے بولنا)

گلا پھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ گاتے وقت آواز کی کمی بیشی کا بخوبی ادا کیا جانا۔ گانے میں آواز کے اتار چڑھاؤ کا بخوبی ادا کیا جانا

گلا دبانا۔ گھونٹنا۔ ٹیپنا۔ یا۔ مسوسنا۔ ف م۔ (۱) گلا بھینچنا۔ زور سے گلا پکڑنا + ؎ عشق مے یہ ہے کہ دم میرا خفا ہوتا ہے گھونٹتا ہے جو کوئی مست گلا مینا کا (۲) بولنے سے کسیکو روکنا۔ بولنے نہ دینا سو اسے صبر کیا چارہ جو وہ بیداد کرتے ہیں گلا غیرت دباتی ہے اگر فریاد کرتے ہیں (۳) ظلم کرنا۔ ستانا +

گلا کاٹنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ذبح کرنا۔ (۲)

ظلم کرنا۔ ستانا + (۳) حق تلفی کرنا +

کیوں غریب کا گلا کاٹتے ہو؟

گلا ہلانا ۔ ہ۔ ف م۔ دیکھو (گلا کری لینا)

گل بندھ جانا ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) اچھی طرح روشنی قبول کر لینا۔ خوب سُلگ جانا + (۲) کچھ جمع پتلے ہو جانا +

گل بئیاں ڈالنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی کے گلے میں اپنے دونوں باہیں ڈالنا + (۲) محبت یا پیار کرنا۔ لاڈ یا ناز کرنا +

گل پھولنا ۔ ا۔ ف ل۔ کوئی نئی بات پیدا ہونا۔ اُشغلہ اُٹھنا + جانصاحب ؎

باجی! دن رات کا پھیرو ہی بکھیڑا نکلا
کوئی گل پھولے گا پھر سوت کا چرچا نکلا

گل پیرہن ۔ گلعذار ۔ گل اندام ۔ گل رو ۔ گل رُخ ۔ اسم مذکر۔ (نظم) معشوق، ولی ؎

ہوا ہے سیر کا مشتاق پیتا بی سُنوں سن میرا
چمن میں آج آیا ہے گل گل پیرہن ہو سیرا

گل تنگ ہونا ۔ ہ۔ ل ف۔ سر پر آ کھڑے ہونے تک کی خبر نہ ہونا۔ نہایت غافل ہونا +

گل چلا ۔ ا۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو ٹھیک نشانہ لگائے۔ قادر انداز + آتش

خالِ مشکیں سے شکار اہلِ قلم کو کیجئے
گل چلے شیر سے کرتے ہیں نیستاں خالی

گلچھرّے اُڑانا ۔ ا۔ ف ل۔ (گلوں یعنے پھولوں کے چھرّے شے ہے چھرّے بنانا) اسی سبب سے عیش و عشرت کرنا۔ دیکھو (اللّے تللّے کرنا) + اسیر ؎

پائی دولت۔ مال مارا۔ قتل کیا مجھکو کیا
خوب گلچھرّے اُڑاتا ہے تپنچا یار کا

گل حکمت کرنا ۔ ا۔ ف م۔ مٹی سے کسی برتن اور ڈھکنے کے کناروں کو بند کرنا مُنہ خامنا۔ کیپر وٹی کرنا +

گل دینا ۔ ا۔ ف م۔ داغ دینا +

گل دینا یا لگانا ۔ ہ۔ ف م۔ پھانسی دینا +

گلے لگیئے بُت فرنگی سے
واجب القتل ہیں تو گل دیجئے

(مرزا غالب)

گل ڈب کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری) غصب یا غبن کرنا۔ مال مارنا +

گلزار ہے۔ گلزار بنا ہوا ہے ۔ ا۔ محاورہ نہایت آباد جگہ ہے۔ اُس جگہ بڑی رول چول یا چہل پہل ہے +

گل کاٹنا تراشنا کترنا یا لینا ۔ ا۔ ف م۔ بتّی یا شمع کا جلا ہوا حصّہ قینچی یا گلگیر سے الگ کرنا +

گل کاری کرنا ۔ ا۔ ف م۔ (۱) پھول بوٹے بنانا۔ (۲) کاریگری یا صنعت کرنا +

گل کترنا - ا. ف م - (۱) کاغذ کے پھول بنانا + (۲) عجوبہ یا انوکھا کام کرنا + ذوق ؎

(۱) سوٹکڑے ہیں ایڑی کے برنگِ گلِ صد برگ
کیا دشت نوردی میں کترتا ہے جنوں گل

(۲) چھوڑا گلزار سے دُور اور پر بلبل کترے
ہائے صیادِ جفا پیشہ نے کیا گل کترے!

گل کرنا - ا. ف م - چراغ کو بجھا دینا - دیئے کو ہاتھ دیدینا +

گل کھانا - ا. ف ل - معشوق کے چھلّوں یا کسی اور زیور سے اپنے ہاتھ چھاتی یا پیشانی پر داغ دینا اور اُسکو ایک عشق کی علامت سمجھنا +

(۱) (تانیث) جانتی ہیں شاخ گل مجھ ناتواں کو بلبلیں
کیا ہی خوش اسلوب ہیں نے اپنے تن پر کھائے گل

(۲) (تذکیر) گل کھائے ہیں معشوق کے چھلوں کے یہانتک
ہاتھوں پے لگا ہے میرے طاؤس کے پر کا

گل کھلانا - یا - **پھلانا** - ا. ف م - (۱) فساد کا بیج بونا + (۲) دیکھو اپنے پیچھے گند چھوڑنا) + (۳) اُشعلہ اُٹھانا - عجیب بات نکالنا + بحر ؎

شاخیں نکالی جاتی ہیں اب بات باتمیں
دو چار دن میں دیکھئے کیا گل پھلائے رنج

گل کھلنا - ا. ف ل - دیکھو (شگوفہ کھلنا)

(برق) پھوٹے تا قیامت گل کھلے طرفہ تماشا ہو
لہو سے تیغِ قاتل پر چمن پھولے جوہر کا

گل گل چوتھ کرکے کھانا - گل گل چوتھ منانا - ہ. ف م - (ہ عو) - ترحلوے - یا ترمال کھانا - مزے کرنا +

گلہ گزاری کرنا - ا. ف م - کسی کی شکایت کرنا - اُلاہنا دینا - غیبت کرنا +

گلی بندھنا - ہ. ف ل - (۱) شہد کا جمع ہونا + (۲) جوانی پر آجانا - کمر میں زور آجانا + (۳) روپیہ پیسہ پاس ہو جانا +

گلیاں چھانا - ہ. ف ل - ہر اک کوچہ و بازار میں پھرنا - واہی تباہی پھرنا - ہرزہ گردی کرنا +

گلیاں گھڑنا - ہ. ف م - (گلیوں کے بنانے کی مزدوری بہت ہی کم ہوتی ہے) اسی سبب سے (۱) بے فائدہ کام کرنا - بیہودہ باتیں بنانا + (۲) تضیع اوقات کرنا - وقت گنوانا +

گلے پر چھری پھیرنا - یا - **چلانا** - ہ. ف م - دیکھو (گلا کاٹنا)

گلے پڑنا - ہ. ف ل - (۱) بے مرضی کوئی چیز ہاتھ آنا + دیکھو (سر پڑنا) +

ہنسلی گلے میں نوشہ کے ہرگز نجان تو
یہ معنقی کا طوق ہے جو رو گلے پڑی

(۲) سر ہو جانا - پیچھے لگ جانا - پٹ جانا +

(نظیر) کچھ ایسی گلے پڑ گئی ابرو کی محبت
تلوار کا ڈورا رگِ گردن نظر آیا

گلی ڈنڈا کھیلنا ۔ ہ۔ ف م ۔ وقت ضایع کرنا

گلے سے اُترنا ۔ ہ۔ ف ل ۔ نگلا جانا +

گلے کا ڈھولنا ۔ ا۔ اسم مذکر ۔ (۱) تعویذ + (۲) ایک بوجھ ۔ عذاب ۔ کوئی ناگوار شے +

گلے کا ہار ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (وہ ہار جو ہر وقت گلے میں پڑا رہتا ہے) اسی سبب سے ۔ (۱) وہ بچہ جو ہر وقت مالک کی گود میں سوار رہے + (۲) ٹھنگنی یا پستہ قد عورت جو قد آور مرد کے ساتھ بیاہی جائے + (۳) دیکھو (گلے کا ڈھولنا نمبر ۲)

گلے یا گل کا ہار ہونا ۔ ہ۔ ف ل ۔ سر ہونا ۔ لپٹ جانا ۔ پیچھے پڑ جانا ۔ کسی چیز کی خوب خواہش ظاہر کرنا + **بحر ط**

(۱) میں نام پھول کا لیکر گنا ہگار ہوا
شراب جان کے قاضی گلے کا ہار ہوا

(۲) بول چال سے میں نا بر جوں ۔ گل کا ہار نہ ہو ۔ بلما!
چھل بتیاں یار ۔ نہ کر بلما!

(۳) ملایم ہو گئیں دلپر یرہ کی سا عتیں کڑیاں
یہ انکھیاں کیوں میرے بھی گلے کی ہار ہو پڑیاں

گلے لگانا ۔ ہ۔ ف م ۔ بچھاتی سے لگانا ۔ آغوش میں لینا ۔ پیار کرنا + **گیت ط** (۱)

ندی کنارے سارس بولے میں جانو پیا سورے!
اہیرو! گلے لگالوں ۔ جگ میں جینا تھوڑا رے!

(۲) ایک روز کہا یار کو میں پا کے اکیلا ۔
"مرتا ہوں ۔ مری جان! گلے مجکو لگا لے"
منہ پھیر کے شرما کے لگا کہنے کہ "اچھا ۔
کہنا نہ کسی سے ۔ یہ قسم پہلے تو کھا لے"

گلے لگنا ۔ گلے سے لگنا ۔ یا ۔ ملنا ۔ ہ۔ ف ل (۱) ہم آغوش یا بغلگیر ہونا ۔ ملنا ۔ مدت کے بعد ملاقات ہونا + (۲) ملاپ کر لینا ۔ ملجانا

بس اب تو جانے دو رنجش گلے سے لگ جاؤ
تڑپ رہا ہے یہ دل مرغ بسمل کی طرح

گلے منڈھنا ۔ ڈالنا ۔ لگانا ۔ باندھنا ۔ یا ۔ چپکانا ۔ ہ۔ ف م ۔ دیکھو (سر چپکانا) ۔ (۱) کسی شخص کو کوئی چیز زبردستی دینا + (۲) نکاح کر دینا ۔ ہاتھ پیلے کر دینا +

جلتی کی جائی غریب کے گلے لگائی مثل

گلے میں اٹکنا ۔ ہ۔ ف ل ۔ (طنزاً) بدمزہ اور خراب معلوم ہونا ۔ سُننے میں نہ چلنا +

جو کی روٹی کیا گلے میں اٹکتی ہے؟

گلے میں زنجیر پڑنا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) مقید یا پابند ہونا ۔ بے بس ہونا + (۲) بیاہ یا شادی ہو جانا +

گمان بھرا ۔ گمان بھری ۔ ا۔ صفت ۔ مغرور ۔ خود نما + **ٹھمری ط**

نینا تمہارے گمان بھرے ۔ گوری!
پولیت کا ہے نا ہیں رے!

گمر کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا + (عوام)

گنبد کی آواز یا صدا ہے۔ ا۔ محاورہ۔ جیسا کہو گے ویسا سنو گے +

گنتی گنوانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) خانہ پُری کرنا جھوٹا نقشہ بھرنا + (۲) آنسے کا نام کرنا۔ برائے نام آنا +

گنج ڈالنا۔ یا۔ لگانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) کسی چیز کا ڈھیر لگانا۔ انبار لگانا +

بحر ے

عدم کی راہ میں اک گنج ڈالتے اسے بحر
ہمارے پاس نہ قارون کا خزانہ ہوا

گنج شہیداں۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) مُردوں کا ڈھیر۔ قبرستان کیونکہ پڑتی ہے ترے پاؤں نسیم سحری
اُسکے کوچے میں ہے صد گنج شہیداں بیجا

(۲) بہت سی ملی جُلی چیزوں کا انبار +

گنج قارُوں۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) قارون کا خزانہ کویر کا کوش + (۲) از حد دولت۔ بہت سا روپیہ پیسہ۔ دولت کے کوئیں کے کوئیں

گنجے کو خدا ناخن نہ دے۔ ا۔ محاورہ۔ کمینے کو خدا تعالیٰ جاہ و ثروت نہ دے (ورنہ غریبوں کو بہت ستاتا ہے) +

گند کٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی مصیبت یا جھگڑے سے بریت حاصل ہونا +

گندہ سُہانا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کی بُو باس یا صحبت سے بھاگنا۔ کسی سے نفرت کرنا +

گندہ پانی۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) میلا یا غلیظ پانی + (۲) منی + (۳) پیشاب + (۴) مسلمان شراب۔ مے +

جانصاحب ے

کیا کہوں میں کہ کیا کام کیا!
گندے پانی سے آکے دھار دیا

(۵) (ہ ع)۔ آنسو +

گندی گندی باتیں کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) گندی یا غلیظ چیزوں کا نام لینا + (۲) فحش کلمے زبان سے نکالنا۔ مغلظات گالیاں دینا +

گنڈے دار۔ ا۔ صفت۔ (۱) دغدار۔ بیچ میں سے سفیدی چھوٹا ہوا + (۲) بے قاعدہ جن لڑکوں کی حاضری گنڈے دار ہوتی ہے وہ امتحان میں اکثر بُرے رہتے ہیں +

گنگا جلی اُٹھانا۔ گنگا کی مائیں پینڈھ بھرنا۔ ہ۔ ف م۔ (ہندو) گنگا جی کی قسم کھانا +

گنگا جمنی۔ ہ۔ صفت۔ (دوکاندار) (۱) ملواں جُلواں + (۲) سونے چاندی کا۔ پیتل تانبے کا +

گنگا لابھ یا نصیب ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ گنگا جی کے کنارے دیہ چھوڑنا۔ گنگا جی پر مرنا۔ بیکنٹھ کو جانا +

گنگا نہانا ۔ ہ۔ف م۔ (۱) گنگا جی میں اشنان کرنا ۔ (۲) کسی فرض کی ادائیگی سے بریت حاصل کرنا ۔ ایک بیٹی کا بیاہ کرنا تھا سو اس سے بھی گنگا نہائے ۔

گن گن کے قدم رکھنا ۔ ا۔ف م۔ (۱) نہایت ہوشیاری اور خبرداری سے چلنا ۔ آہستہ آہستہ چلنا ۔ (۲) عاقبت اندیشی کے ساتھ کوئی کام کرنا ۔

گُن ماننا ۔ ہ۔ف ل۔ احسانمند یا ممنون ہونا ۔ بڑائی کرنا ۔

گنوار کا لٹھ ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ناشائستہ اور اکھڑ آدمی ۔ کج خلق ۔

گنی بوٹی اور نپا شوروا ۔ ا۔ محاورہ۔ (مسلمان) صرف گزارے کے قابل آمدنی ۔ تھوڑی سی تنخواہ ۔

گوا چھالنا ۔ ہ۔ف م۔ (عوام) بیعزتی یا رسوائی کرنا ۔

گوبرگینش ۔ ہ۔ صفت۔ سست کاہل ۔

گود بھری ۔ ہ۔ صفت۔ عو۔ صاحب اولاد۔ اولاد والی ۔

گود پسار کے کوسنا ۔ ہ۔ف م۔ عو۔ ہاتھ پھیلا پھیلا کے بد دعائیں دینا ۔ بُری طرح سے کوسنا ۔

گود یا۔ گودی پھیلا پھیلا کے دعائیں دینا عو۔ بہت ساری دعائیں دینا ۔ جی سے اسیس دینا ۔

گود پھیلانا یا۔ پسارنا ۔ ہ۔ف ل۔ کسی چیز کے لینے کے لئے پلّہ پھیلانا ۔ اسی سبب سے مانگنا ۔ سوال کرنا ۔

گود دینا ۔ ہ۔ف م۔ اپنے لڑکے کو کسی شخص کا متبنّیٰ یا لے پالک بنانا ۔

گودڑ گانٹھنا ۔ ہ۔ف م۔ پھٹے پُرانے کپڑوں میں پیوند لگانا ۔ پھٹا پُرانا سینا ۔ پیوند پارہ کرنا ۔

گودڑ میں گندوڑا یا۔ گودڑ کا لعل ۔ ہ۔ محاورہ۔ (بڑھیا عورتیں اکثر گندوڑوں یا گہنوں کو گودڑ میں بلیدھ کر ڈال رکھا کرتی ہیں) اسی سبب سے وہ شخص جسکی ظاہری حالت سے اُسکا عالی خاندان۔ عالم یا صاحب کمال ہونا نہ معلوم ہو ۔ چھپا رستم ۔ آتش ؎

روا رکھ کلفتِ ایام میں بھی قدر نیکوں کی
چھٹے کپڑوں میں بھی انکو سمجھ لے لعل گودڑ کا

گودکا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ دودھ پیتا بچہ۔ شیر خوار ۔ گودکا ڈال کے پیٹ کی آس ۔ مثل

گور بنانا ۔ ا۔ف م۔ دیکھو (قبر کھودنا)

گور کا مُنہ جھانک کر پھیرنا۔ گور میں لات مار کر کھڑا ہونا ۔ ا۔ف ل۔ مرمر کر بچنا ۔ سخت

بیماری کے بعد شفا پانا +

گورک دھندا ا۔ مذکر۔ (۱) لوہے کے چند حلقے ایک دوسرے کے اندر پڑے ہوئے جسکے کھولنے موندنے میں ذرا عقل خرچ ہوتی ہے قفل وسواس + (۲) عقدہ پیچیدہ ایسی چیز جو آدمی کو دقت میں ڈالے + (۳) بکھیڑا جھگڑا +

گورکفن یا گور گڑھا ہونا ا۔ف م۔ مردے کی رسمونکا ادا ہونا تجہیز وتکفین ہونا + میر ؎

سُنا ہے مال ترے کشتگاں بچارونگا
ہوا نہ گور گڑھا اُن ستم کے مارونکا

گور کنارے جا لگنا یا آن لگنا ا۔ف ل مرنے کے قریب پہنچ جانا + میر ؎

ظلم ہوے ہیں کیا کیا ہم پر صبر کیا ہے کیا کیا ہم
آن لگے ہیں گور کنارے اِسکی گلی میں جا جا ہم

جرات یقین ہے تو کنارہ کرے وہ شوخ
گر غمزے اُسکے گور کنارے میں جا لگوں

گور کے مُردے اُکھیڑنا ا۔ف م۔ دیکھو (قبر کے مُردے اُکھیڑنا) + ؎

کہتے ہیں ذکر لیلیٰ ومجنوں جو چھیڑیے
چپ رہیئے بس نہ گور کے مُردے اُکھیڑیے

گور گڑھا یا گور کفن کرنا ا۔ف م۔ کسی کا کفنانا دفنانا۔ تجہیز وتکفین کرنا +

گوڑے پڑنا یا لگنا ہ۔ف م۔ع۔ دیکھو (پاؤں پڑنا نمبر ۱۔ ۲۔ ۳)

گوڑے پسار دینا ہ۔ف ل۔ (۱) دیکھو (پاؤں پسارنا نمبر ۱۔ ۲) (۲) شستی کرنا۔ کاہل بن جانا + (۳) ہمت ہار دینا +

گوڑے ٹوٹنا ا۔ف ل۔ (۱) اُٹھانگوں کا تھک جانا۔ چلنے کی طاقت نہ رہنا + (۲) ہمت ہار جانا + (۳) مایوس یا نا امید ہو جانا +

گوڑے توڑنا ہ۔ف م۔ (۱) پھرانا۔ تھکانا + (۲) دیکھو۔ (پاؤں توڑنا۔ نمبر ۳۔ ۴)

گوڑی جمانا ہ۔ف م۔ دیکھو (ٹیٹس جمانا)

گوڑی کرنا ہ۔ف م۔ (سس ؎ گرہ بمعنی لینا۔ حاصل کرنا) (۱) کمانا۔ کھٹنا۔ بٹنا + (۲) فائدہ اُٹھانا۔ جیب کرنا۔ ڈب کرنا +

گوڑی ہاتھ سے جانا ہ۔ف ل۔ شکار نکل جانا۔ موقع جاتا رہنا +

گوز شتر سمجھنا ا۔ف ل۔ کسی آدمی یا بات کو کچھ خیال میں نہ لانا۔ بے وقعت سمجھنا ذرا توجہ نہ دینا +

گوسے گھناؤنا کر دینا ہ۔ف م۔ (عوام) کسی کو نہایت ہی ذلیل وحقیر بنا دینا +

گوشت سے ناخن جُدا کرنا ا۔ف م۔ دو قریبی رشتہ داروں میں تفرقہ ڈالنے کا

ارادہ کرنا +

گوشت سے ناخن جُدا ہونا۔ا۔ف ل۔ (۱) دو قریبی رشتہ داروں میں مشکل سے فرق پڑنا + (۲) کسی بات کا محال ہو جانا + ۔ دل سے مٹنا تری انگشتِ حنائی کا خیال ہو گیا گوشت سے ناخن کا جُدا ہو جانا

گوشت کا لوتھڑا۔ا۔اسم مذکر۔ (۱) مضغۂ گوشت ماس کا ٹکڑا + (۲) بہت موٹا آدمی + (۳)۔ عموماً مرد آدمی کا عضو تناسل چھیچھڑا +

گوش گزار کرنا۔ا۔ف م۔ مطلع کرنا۔ کہدینا کان میں کو نکالدینا +

گوش مالی دینا۔ا۔ف م۔ دیکھو (کان امیٹھنا)

گوکرنا۔ہ۔ف م۔ (عوام) کسی کپڑے کو بہت میلا کچیلا کر دینا +

گوکھانا۔ہ۔ف م۔ (عوام) (۱) اغلام کرنا بُرا کام کرنا + (۲) جھوٹ بولنا +

گولا اُٹھانا۔ہ۔ف ل۔ (لوہے کے گولے کو آگ میں خوب گرم کر کے کسی معاملہ میں اپنی صداقت ظاہر کرنے کو ہاتھ میں اُٹھالینا) دیکھو (تیل میں ہاتھ ڈالنا)

گولا دن بنا ہوا ہے۔ہ۔محاورہ۔ خوب ذرہ یا توپ کے گولے کی طرح چاروں طرف سے گول ہو رہا ہے کہیں گوشت کی کمی نہیں ہے۔ خوب موٹا تازہ ہو رہا ہے

گولا دھار برسنا۔ہ۔ف ل۔ موسلا دھار برسنا۔ کثرت سے بارش ہونا +

گول بات۔ہ۔اسم مؤنث۔ بیہم بات۔ پیچیدہ یا بے ٹھکانے بات +

گولر کا پیٹ پھڑوانا۔ہ۔ف م۔ع۔ (چونکہ گولر کے اندر کیڑے ہوتے ہیں) اسی سبب سے (۱) بھید کھولنا + (۲) گلہ شکوہ سُننا۔ بُرائیاں یا رنجشیں ظاہر کرنا +

کیوں گولر کا پیٹ پھڑوائے ہے

گولر کا پھول۔ہ۔اسم مذکر۔ (چونکہ گولر میں پھول نہیں آتا ہے) اسی سبب سے۔ نایاب چیز عنقا صفت شے + **بجر ہ**

تیرے مریض لب کی دوا جب تلاش کی
گولر کا پھول باغ میں عناب ہو گیا

گولر پکنا۔ہ۔ف ل۔ (۱) چبا چبا کر باتیں کرنا (۲) مری سی آواز سے بولنا۔ مُنہ میں گھنگنیاں بھر لینا +

گول گول کہنا۔ہ۔ف ل۔ بیہم طور سے باتیں کرنا۔ صاف صاف بیان نکرنا +

گول مال کرنا۔ہ۔ف م۔ (پوروب) (۱) گڈمڈ کرنا۔ ملا جُلا دینا + (۲) غبن کرنا۔ اٹ سٹ کرنا +

گول مول۔ ہ۔ صفت۔ (۱) بہت ہی گول + (۲) فربہ اور کوتاہ قد + (۳) موٹا بیوقوف +

گول ہو رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ خاموش ہو رہنا چپ سادھنا۔ جواب نہ دینا +

گولی بچا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ چالاکی کے ساتھ کسی آفت یا مشکل کام سے بچ جانا + بحر ؎

کیا کیا فریب کر کے مزے لوٹتے ہیں ہم
گولی بچا گئے کبھی گو لا اٹھا لیا

گولی پلانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بندوق میں گولی بھرنا + (۲) گولی مارنا +

گولی مارو۔ ہ۔ مذاوندیہ۔ بھاڑ میں جانے دو غارت ہونے دو۔ کچھ پروا نہ کرو +

گومُوت کرنا۔ ہ۔ ف م۔ عو۔ دایہ گری یا دھائے پنا کرنا۔ بچہ سا پالنا +

گونداد کھانا۔ ہ۔ ف م۔ (پرند بازپرندوں کی لڑائی اس طرح کروایا کرتے ہیں کہ ایک پرند کو گوندا دکھا کر دوسرے پرند کو دیا کرتے ہیں) اسی سبب سے (۱) چڑانا۔ چھیڑنا۔ ڈھکانا + (۲) شے دینا۔ بھڑکانا۔ اکسانا۔ لڑوانا +

گوں کا یار۔ ا۔ اسم مذکر۔ خود غرض آدمی۔ اپنے مطلب کا یار +

گوں گانٹھنا یا نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ مطلب براری کرنا۔ مل جل کر کام بنا لینا +

گونگے کا خواب۔ یا **سپنا**۔ ا۔ اسم مذکر۔ (چونکہ گونگا آدمی جو نقص گویائی کے باعث اپنا خواب بخوبی سمجھا نہیں سکتا) اسی سبب سے مبہم اور پوشیدہ بات + امیر ؎

پوشیدہ دل کا حال ہے کیا سوچئے مآل
تعبیر کیا کہے کوئی گونگے کے خواب کی

گونگے کا گڑ کھانا۔ ف ل۔ (چونکہ گونگا گڑ کی برائی بھلائی کچھ نہیں کہہ سکتا ہے) اسی سبب سے چپ سادھنا۔ خاموش رہنا +

گو مار لڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہندی گو یا یعنی مفسدوں کا گروہ) اسی سبب سے۔ (۱) ایک آدمی کا بہت سے آدمیوں سے مقابلہ کرنا۔ (۲) ایک آدمی کا بہت سے آدمیوں کے مذاق کا جواب دینا۔ چاروں طرف کو جوابوں کی بوچھاڑ کرنا +

گھات چلانا۔ ہ۔ ف م۔ جادو کرنا۔ مُوٹھ چلانا

گھات میں رہنا۔ یا **ہونا**۔ **گھات میں بیٹھنا**۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کے مارنے کے فکر میں ہونا۔ کمیں گاہ میں بیٹھکر موقع تاکنا +

اسکے بغل میں کٹی۔ تیغ اُسکے ہاتھ میں ہے
یہہ اُسکی فکر میں ہے وہ اسکی گھات میں ہے

گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مختلف مقاموں کا سفر کرنا۔ ساری

دنیا میں پھرنا۔ (۲) جہاندیدہ و کارآزمودہ ہونا +

گھاس کاٹنا یا کھودنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) بے سوچے سمجھے جلدی جلدی پڑھنا + (۲) چھوٹ پنے سے کوئی کام کرنا +

گھاس کھاؤ۔ ہ۔ مذاو مذبہ۔ (دوکاندار سبزی والے گاہک سے کہا کرتا ہے) تم اس چیز کی قدر کیا جانو تم تو بطور جانور کے ہو اسواسطے اسکی جگہ گھاس کھاؤ جو بہت سستی چیز ہے +

گھال میل رکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ میل جول یا ربط و ضبط رکھنا +

گھال میل کر دینا۔ ف م۔ (۱) دو چیزوں کو بخوبی ملا دینا + (۲) بے ترتیب یا گڈمڈ کر دینا +

گھامڑ ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ (جس گائے کو گھام یعنے گرمی مار جاتی ہے وہ ہر وقت ہانپتی رہتی ہے اور جو اس ہو جاتی ہے اور اسکا دودھ بھی بگڑ جاتا ہے چنانچہ اسکو گھامڑ کہتے ہیں) اسی سبب سے۔ (۱) بدحواس بیہوش یا احمق آدمی + (۲) سست۔ پھوہڑ۔ بدسلیقہ +

گھاؤ بھر جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) زخم کا اچھا ہونا + (۲) نقصان کا پورا ہونا +

گھائی بتانا۔ ہ۔ ف م۔ دھوکا دینا۔ ٹھگنا +

گھائیں مائیں کر دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی چیز کو ادھر اُدھر کر دینا۔ الگ کر دینا۔ اُڑا دینا + (۲) ٹالدینا۔ دیکھو (آج کل کرنا) +

گھٹا اُٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ ابر چھانا۔ بادلوں کا گھر آنا +

گھٹا کھلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) شگاف یا بڑا سا سوراخ ہو جانا + (۲) سر پھوٹ جانا + (۳) تجارت میں بڑا بھاری نقصان ہونا

گھٹتی کا پہرا۔ ہ۔ محاورہ۔ تنزل کا زمانہ +

گھٹنوں میں سر دے لینا۔ ہ۔ ف ل۔ شرمانا۔ لاج کرنا۔ سرنگوں ہونا +

گھٹنوں میں سر دیکے بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ سوچ یا فکر کرنا۔ غمگین بیٹھنا +

گھٹنے یا ڈھونگے سے لگی بیٹھی رہتی ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ عو۔ (۱) پاس سے نہیں سرکتی ہے۔ کچھ کام نہیں کرتی + (۲) بڑی کاہل اور سست ہو گئی ہے +

گھٹنیوں چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بچوں کیطرح گھٹنوں کے بل چلنا۔ رُک رُک کر چلنا۔ گھسٹکر چلنا + (۲) رُک رُک کر کسی کام کو کرنا + (۳) ترقی نکرنا۔ زور نہ دکھانا +

گھٹی میں پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی چیز کے استعمال کا بچپن ہی سے عادی ہونا +

سرشت میں داخل ہونا۔ طبیعت بن جانا
۔ عادت ہو جانا +

گھر آباد کرنا۔ ف م۔ شادی کرنا۔ بیاہ کرنا

گھر اجڑنا۔ یا۔ لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ قریب المرگ ہونا۔ جانکنی کی نوبت پہنچنا + رشک

آنکھیں تری بر آئیں تو بیمار چشم کو
مرنے کے انتظار میں گھر لگا رہا

گھر بار۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) مکان۔ حویلی +
گھر بار تھا اسے کوٹھی کٹھیا کو ہاتھ نہ لگانا + مثل
(۲) کنبہ۔ قبیلہ۔ جورو بچے + (۳) گھر کا اسباب۔ انگڑ کھنگڑ۔ اثاث البیت۔
متاع خانہ + میر ؎

بوئیں پہ ہے ہر لحظہ آہ شہر یار جلا ہی پڑا ہے جلا تو گھر ا

گھر بار کی ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ عو۔ (۱) بیاہ یا شادی ہو جانا۔ (۲) گھر کی مالک ہو جانا۔ بال بچوں کا بوجھ سر پر آ پڑنا +

گھر باری۔ ہ۔ صفت۔ کنبے والا۔ بال بچہ دار

گھر بسنا۔ ہ۔ ف ل۔ شادی یا بیاہ ہو جانا + ہنستے ہی گھر بستے ہیں + مثل

گھر بگاڑنا۔ ف م۔ تباہ کرنا +

گھر بگڑنا۔ ف ل۔ (۱) میاں بیوی میں تکرار یا ان بن ہونا + (۲) بیوی کا مر جانا۔ خانہ برباد ہونا + راحت ؎

حمائی جان! ضد میں مفت میرا گھر بگڑتا ہے
نہ تم رخصت کرو بجکو نہ دو دن مردوا تھیرے

گھر بنانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مکان تعمیر کرنا + ناسخ

گھر بناؤں خاک اس وحشت کدے میں۔ ناصحا!
آ سے بے مزد ور مجکو گور کن یاد آ گیا

(۲) گھر کا انتظام کرنا۔ یا بند و بست کرنا + (۳) ہاتھ رنگنا۔ غبن کرنا۔ اپنا گھر بھرنا + کارندے اپنا گھر بناتے ہیں +

گھر بولنا۔ ہ۔ ف ل۔ دستاں سرائی کرنا پہچہانا + بحر ؎

آتش گلزار جب بھڑکی تھی لازم تہا ہی
خانۂ صیاد میں قفس کا ہم گھر ہوتے

گھر بھر۔ گھر کا گھر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ سارا کنبا + گھر بھر کو بنا رہے ہے +

گھر بھرنا۔ ہ۔ ف م۔ دیکھو (گھر بنانا نمبر ۳)

گھر بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مکان کا گر پڑنا + (۲) خانہ نشین ہونا + (۳) نوکری چھوڑنا

گھر بیٹھے۔ ہ م ف۔ (۱) گھر میں بیٹھے + (۲) بے خواری کے ساتھ۔ بلا تردد +

گھر پھٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (بازاری) (۱) بچہ پیدا ہونا + (۲) ناگوار معلوم ہونا۔ بھاری یا دو بھر ہونا +

گھر پھوڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) نقب زنی کرنا +

کو نبھل کرنا + (۲) چوری کرنا +

گھر پھونک تماشا دیکھنا - ا۔ ف ل۔ (۱) گھر کے روپیہ سے آتش بازی خرید کر اُسکے جلنے کی سیر دیکھنا۔ آتش بازی چھوڑنا + (۲) عیش و عشرت کرنا۔ گلچھرّے اُڑانا۔ خوب روپیہ لٹانا + (۳) برباد و تباہ ہو جانا + اسیر ؎

دل جلا کر رخ محبوب کا جلوہ دیکھا
بھنے گھر پھونک کے کیا خوب تماشا دیکھا

گھر تک پہنچانا - ہ۔ ف م۔ بالکل قائل کرنا + جھوٹے کو گھر تک پہنچا دینا چاہیئے +

گھر تک پہنچنا - ہ۔ ف ل۔ کسی کے کہنے کے لوگوں کو گالی دینا +

گھر جانا - ہ۔ ف ل۔ کسی بلا یا آفت میں پھنس جانا

گھر جلے کسیکا تاپے کوئی - ہ۔ محاورہ کسی کو نقصان پہنچے اور کوئی اُس سے فائدہ اُٹھاے + ؎

آنکھیں سینکے باغباں دل میں لگے بلبل کے آگ
گھر کسیکا باغ عالم میں جلے تاپے کوئی

گھر چڑھکر لڑنا - ہ۔ ف م۔ کسی کے گھر پر جا کر اُس سے لڑنا۔ خواہ نخواہ کسی کے سر ہونا + ذوق ؎

مرے خیال پہ وہ چشم فتنہ گر چڑھکر
یہ خانہ جنگ ہے آئی ہے لڑنے گھر چڑھکر

گھر جلانا - ہ۔ ف م۔ گھر کا سلگھڑاپے کے ساتھ بندوبست کرنا۔ خانہ داری کا خوب انتظام کرنا +

گھر دیکھ لینا - ہ۔ ف م۔ (۱) کسی شخص کے ہاں ذرا دراسی ضرورت کے واسطے بار بار جانا + (۲) ہل جانا۔ مانوس ہو جانا + (۳) واقف ہو جانا۔ جان جانا + (مثل)

ملک الموت نے گھر دیکھ لیا

گھر سر پر اُٹھانا - ہ۔ ف م۔ (۱) دیکھو (گھر چلانا) + (۲) گھر کو نچاے نچائے پھرنا۔ غل و شور کے مارے ناک میں دم کر دینا۔ ایک چیخم دھاڑ مچانا +

گھر سے دینا - ہ۔ ف م۔ اپنی جیب یا گرہ سے دینا + میں کیا گھر سے دیدونگا جب وہ دیگا آجائیگا

گھر سے کھونا - ہ۔ ف م۔ اپنی ذات خاص کا روپیہ برباد کرنا۔ گرہ کا خرچ کرنا +

گھر سینا - ہ۔ ف ل۔ (۱) گھر میں پڑے رہنا گھر سے باہر قدم نہ رکھنا + (۲) خانہ نشیں ہو جانا۔ بیکار بیٹھے رہنا + (۳) سست و کاہل بن جانا +

گھر کا - ہ۔ صفت۔ (۱) گھر کے متعلق۔ خانگی (۲) ذات خاص کا۔ اپنا۔ ذاتی +

گھر کا آدمی - ا۔ اسم مذکر۔ (۱) رشتہ دار

(۲) واقف کار۔ جاں پہچان +

گھر کا آنگن یا گھروا ہو جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (مکان کا میدان بن جانا) (۱) اسی سبب سے کسی شخص کا بالکل برباد ہو جانا۔ مفلس یا تباہ ہو جانا +

گھر کرنا۔ ہ۔ فم۔ (۱) مکان بنانا + (۲) گنجایش کر لینا۔ اپنے لئے جگہ بنا لینا +

یوں میرے دل میں چبھتی ہے دنداں کی اُسکے تاب
ہیرے کی جوں کنی کوئی گوہر میں گھر کرے

(۳) کفایت شعاری سے خانگی امورات کا انتظام کرنا + (۴) بیاہ کرنا۔ عورت کو گھر میں ڈالنا + (۱) دوہا ۔ ۵

آمو را گھر کریں آیو ساون ماس
بھیجن لاگی پنکھڑی چھیجن لاگو ماس

(۲) گھر کر گھر کر ستر بلا سر دھر +

گھر کا بھولا۔ ہ۔ صفت۔ (طنزاً) سیدھا سادہ + ایسا ہی تو گھر کا بھولا ہے جو دم میں آجا یگا +

گھر کاٹ کھانیکو دوڑتا ہے۔ ہ۔ محاورہ (جب کوئی مکان خالی ہوتا ہے تو اُسکی نسبت کہا کرتے ہیں) یہ مکان نہایت ہی بھیانک معلوم ہوتا ہے۔ اس مکان میں جی نہیں لگتا +

گھر کا بھیدی۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو اپنے یا پرائے گھر کی خفیہ باتیں جانتا ہو۔ محرم راز۔ رازدار +

گھر کا بھیدی لنکا ڈھاوے + مثل

گھر کا رستہ لو۔ ا۔ ندا و تذبہ۔ اپنے گھر کو چل دو۔ رخصت دو۔ لمبے بنو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ +

گھر کا مرد۔ ا۔ صفت۔ وہ شخص جو اپنے گھر ہی میں بہادری دکھائے اور باہر ڈر جائے۔ اپنی گلی میں شیر۔ کم ہمت آدمی +

گھر کا نام ڈبونا یا اُچھالنا۔ ہ۔ فم اپنے خاندان کی کسرشان کرنا۔ اپنے کُنبے کی اپنے ہاتھوں رُسوائی کرنا +

گھر کتی کا۔ ہ۔ صفت۔ (۱)۔ گھر میں کتے ہوئے سوت کا بُنا ہوا۔ خانہ ساز +

گھر کتی کا کپڑا ہے

(۲) بن داموں کا۔ مفت کا +

گھر کی بات۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) آپسداری کا معاملہ + (۲) آسان یا سہل کام +

گھر کی طرح بیٹھنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) پھیل کر یا بہت جگہ روک کر بیٹھنا + (۲) آرام یا فراغت کے ساتھ بیٹھنا +

گھر کی طرح رہنا۔ ا۔ ف ل۔ تکلف نکرنا شرم نکرنا۔ بے تکلفی سے رہنا + رشک اِدھر اُدھر پڑے پھرتے ہو کیا نظر کیطرح جو آئے ہو تو رہو میرے گھر میں گھر کیطرح

گھر کی کھیتی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ اپنی چیز۔ موروثی مال + ؎ سر مینو شی اسے زیبا اگر ہے ریش کو منڈوا نکل آئیگی پھر ڈاڑھی کہ یہ تو گھر کی کھیتی ہے

گھر کے گھر بند ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ طوفان یا وبا کے باعث بہت سارے آدمیوں کا ضائع ہو جانا +

گھر کے گھر رہنا۔ ہ ف ل۔ نقصان نہ ہونا۔ برابر سرابر چھوٹنا +

گھر کے لوگ۔ یا آدمی۔ گھر میں سے۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) کنبا۔ جورو بچے + (۲) بیوی جورو + (سلمان)

گھر کی مُرغی دال برابر۔ ا۔ محاورہ۔ جو چیز گھر میں ہوتی ہے خواہ وہ قیمتی ہی کیوں نہو مگر مُفت برابر خیال کیجاتی ہے +

گھر گھالنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) تباہ کرنا۔ اُجاڑنا برباد کرنا۔ ستیاناس کرنا +

(۱) ایک تو گھر گھالوں آپنا دوسرے تمہں پاس + مثل

(۲) ابھی تو تمنے پردہ ہی میں اک عالم کا گھر گھالا مجھے یہ فکر ہے صورت دکھاؤ گے تو کیا ہوگا! (جرأت)

(۳) لمبا گھونگھٹ مدھری چال یہ آئیں کسکا گھر گھال

(۲) موہنا۔ فریفتہ کرنا۔ عاشق بنالینا +

پیٹ سے پاؤں اگر ایسے نکالوں میں بھی ایک کیا! دیکھنا! گھر سینکڑوں گھالونگی بھی

گھر گھر۔ گھر بہ گھر۔ ہ۔ م ف۔ ہر ایک گھر میں ہر کس و ناکس کے ہاں +

گھر گھر شادی گھر گھر چین + مثل

گھر گھر عید۔ ا۔ اسم مؤنث۔ عام خوشی +

گھر گھر مانگتے پھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) گداگری یا ٹکر گدائی کرنا + (۲) ہر ایک سے کوئی چیز مستعار لینا +

گھر گھسا۔ گھر گھسنا۔ گھر گھسڑو۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو ہر وقت عورتوں ہی میں بیٹھا رہے

گھر گھوڑا نخاس مول۔ ا۔ محاورہ۔ چیز تو گھر میں دھری ہوئی ہے اور بازار میں اسکو بیچتے پھرتے ہیں بغیر دکھائے کسی چیز کا بھاؤ تاؤ کرتے پھرتے ہیں +

گھر گئی۔ گھر بسی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ خانہ برانداز۔ گھر اُجاڑو۔ رانڈ + (ع) +

گھر میں آنا۔ ہ۔ ف ل۔ حاصل ہونا۔ ملنا + میرے کیا گھر میں آجائیگا! فقرہ

گھر میں ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی عورت کو بغیر

بیاہ کئے جورو بنالینا + بحر ؎

فاحشہ خانہ براندازہے ہرجائی ہے
گھر میں دنیا کو جو ڈالو تو گھر کیا ہو گا

گھر والا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (۱) خاوند ۔ پرکھ ۔ میاں (۲) صاحب خانہ دھنی +

گھر والی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ (۱) جورو ۔ استری (۲) گھر کی مالک ۔ مالکنی +

گہری بات ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ مشکل اور دقیق کلام ۔ باریک خیال +

گہرے چلو ۔ ہ ۔ اصطلاح (ٹھگ) ۔ راہگیر کو مار ڈالنا

گہری چھننا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) گاڑھی بھنگ چھانی جانا + (۲) نہایت پکا یارانہ ہو جانا + (۳) بڑی بھاری لڑائی ہونا ۔ خوب ٹکا فضیحتی ہونا +

گہری گھٹنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) بہت ساری بھنگ پسنا + (۲) خوب نشہ پیا جانا + بھنگ پینے میں نہ دیکھے ہونگے ہم سے لہری
سبزہ رنگوں سے گھٹا کرتی ہے اکثر گہری

گہری نیند سونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ غافل یا بیخبر ہو کر سونا +

گہرے ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بہت سارا فائدہ ہونا

گھڑیاں گننا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسی کا انتظار کرنا +

وعدے پے کوئی تیرے لیئے شام سے تحریک
آدیں بھرا کیا ہے گھڑیاں گنا کیا ہے

گھڑی بھر میں ۔ ہ ۔ م ف ۔ آناً فاناً میں ۔ ذرا سی دیر میں +

گھڑی ساعت کا ہونا ۔ گھڑی ساعت کا نقشہ ہونا ۔ ا ۔ ف ل ۔ کوئی دم کا مہمان ہونا ۔ جاں بلب ہونا + حضور نواب کلب علیخانصاحب والی رامپور تخلص بہ نواب ؎

ترے کوچے میں مدت سے ہے ہمدم نزع کا عالم
گھڑی ساعت کا نقشہ ہنسے دیکھا ہے یہیں برسوں

گھڑی گھڑی ۔ ہ ۔ م ف ۔ پے در پے +

گھڑی میں گھڑیال ۔ یا ۔ گھڑیا ول ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (ہندوؤں میں جب کوئی بڈھا بیمار ہوتا ہے اور وہ مرجاتا ہے تو اسکو جلانے کے لئے مورچھل کرتے اور گھڑیال بجاتے لیجایا کرتے ہیں ۔ پس گھڑیال کی آواز سے بیمار جانے والوں کو ذرا سی دیر میں اسکے مرنے کی اطلاع ہو جاتی ہے) اسی سبب سے ۔ حال دگرگوں ہونا ۔ ذرا سی دیر میں کچھ سے کچھ ہو جانا + بحر ؎ رباعی

ہر وقت دگرگوں ہے زمانے کا حال
دن سے ہو مہینا تو مہینے سے ہے سال
امید ترقی کی تنزل میں رہی
اے کشتۂ یاس ہے گھڑی میں گھڑیال

گھس پٹے دینا۔یا۔کرنا۔ہ۔ف ل۔(گھسنا اور پٹنا)۔(۱) خوب رگیدنا + (۲) خوب مارنا

گھس پس کر اُترنا۔ہ۔ف ل۔عو۔کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بدن سے جدا ہونا (بے تمیز کی نسبت کہا کرتی ہیں) +

گھسٹے گھسٹے پھرنا۔ہ۔ف ل۔ایک جگہ سے دوسری جگہ مارا مارا پھرنا +

گھسکھدا۔ہ۔اسم مذکر۔(۱) گھاس کھودنے والا۔گھسیارا + (۲) کوئی ادنیٰ یا ذلیل آدمی + (۳) نادان احمق +

گھس گھس کر چلنا۔ہ۔ف ل۔دیر پا ہونا۔بڑا مضبوط ہونا +

گھس لگانے کو نہ ملنا۔یا۔نہ ہونا۔ہ۔ف ل۔(کسی چیز کا اتنی مقدار میں بھی نہ میسر آنا جسے صرف گھس کر کسی زخم پر لگا دیں) اسی سبب سے کسی چیز کا نہایت عنقا یا نایاب ہونا +

گھس مُس کرنا۔ہ۔ف م۔گھسر پھسر یا کانا پھوسی کرنا +

گہک کر بولنا۔ہ۔ف ل۔خوشی کے ساتھ چمک کر یا تیز ہو کر بولنا +

گھگی بندھ جانا۔ہ۔ف ل۔کسی اچانک خوف کے مارے مُنہ سے گھی گھی جیسی آواز نکلنے لگنا۔ڈر کے مارے نہ بول سکنا نہ رو سکنا +

گھل مل کر رہنا۔ہ۔ف ل۔آپس میں بڑا پیار اور پریت رکھنا +

گھمسان کا رن پڑنا۔گھمسان کی لڑائی ہونا۔ہ۔ف ل۔بہت سارے آدمیوں میں ایسی لڑائی کا ہونا جسمیں اپنے پرائے کی مطلق تمیز نہ رہے۔جنگ عام یا مغلوبہ ہونا

گھنٹہ ہلانا۔ہ۔ف م۔(چونکہ مندروں میں پجاریوں کو گھنٹہ ہلانے کے سوا کچھ کام نہیں اور اسی سبب سے۔خالی بیٹھے بغلیں بجانا۔نکما بیٹھا رہنا +

گھنٹے مو پر چھل سے اُٹھانا۔ہ۔ف م۔(ہندو)۔گھنٹے بجاتے اور مو چھل کرتے اور روپیہ پیسے وغیرہ کسی بڈھے مُردے پر سے بکھیرتے ہوئے اُسکو جلانے کے لئے لیجانا۔دھوم دھام کے ساتھ بڈھے مردے کی نکاسی کرنا +

گھن چکر۔ہ۔اسم مذکر۔(۱) آتش بازی کا چکر + (۲) وہ شخص جسکی عقل چکر میں ہو بیوقوف + آدمی ہے گھن چکر +

گھنکرو بولنا۔ہ۔ف ل۔دیکھو (گھمرا چلنا)

گھنگھور گھٹا ۔ ہ۔ اسم مؤنث ۔ ابر غلیظ یا تیرہ و تار ۔ کالی پیلی اور گہری گھٹا + ناسخ

آگ برسے تو نہیں جائے عجب فرقت میں
ہے یہ دود دلِ سوزاں نہیں گھنگھور گھٹا

گھن لگ جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی غم یا مہلک بیماری کا پیچھے لگ جانا + راحت ؎

بھلی چنگی تھی میں گھن لگ گیا ہے جوانیں
نگوڑے چیرے والے! نوچ! کھاؤ تمیں دو ہی

گھنے رکھنا ۔ ہ۔ ف م۔ کسی چیز کو گرو کرنا۔

گھنی سادھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ جانکر خاموش ہونا۔ جانکر جواب نہ دینا ۔ مکاری کرنا +

گھوڑا اٹھانا ۔ یا۔ پھینکنا ۔ ہ۔ ف م۔ گھوڑا ڈپٹانا بھگانا یا دوڑانا + آتش ؎

خدمت سے کام لیجئے ہنگام فکر شعر
میدانِ کارزار میں گھوڑا اٹھائیے

گھوڑا ابھر گیا ۔ ہ۔ محاورہ ۔ گھوڑا پسینے پسینے ہو کر جکڑ گیا + (چابکسوار)

گھوڑا چڑھانا ۔ ہ۔ ف م۔ بندوق کی چانپ کو پٹاخے پر چھوڑنے کے لئے ڈالنا +

گھوڑا ڈالنا ۔ ہ۔ ف ل۔ گھوڑے کو اسکی مرضی پر چھوڑ دینا +

گھوڑا مارنا ۔ ف م۔ گھوڑے کے مہمیز لگانا یا ایڑ کرنا +

گھوڑے بیچکر سونا ۔ یا۔ نیند آنا ۔ ہ۔ ف ل (گھوڑوں کے نہ بکنے کی حالت میں آئندے سوداگر کو مارے فکر کے نیند نہیں آیا کرتی ہے) اسی سبب سے بیفکری کے ساتھ آرام کرنا فارغ ہو کر سونا + بحر ؎

جب تھکی اسکی سواری دوڑ کر یوں سو گئے ہم
جیسے سوداگر کو گھوڑے بیچکر آتی ہو نیند

گھوڑی چڑھانا ۔ ہ۔ ف م۔ (مسلمان)۔ (۱) حجام کا بچوں کی پہنو کو ایک لکڑی کے اوزار سے پکڑ کر ختنہ کرنا + (۲) ختنے کی رسم کو دھوم دھام سے ادا کرنا + (۳) برات چڑھانا +

گھوڑے کی شادی کرنا ۔ ا۔ ف م۔ (چابکسوار) گھوڑے کو بیچنا +

گھول پیا ۔ ہ۔ محاورہ ۔ ع۔ (شربت یا مصری سمجھکر مجکو پی گئی) اسی سبب سے میرے کہنے کو وہ ذرا نہیں سنتی۔ مجکو وہ کچھ نہیں سمجھتی +

گھولو اگھولنا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسی چیز کو گھولکر لیسی سی بنا دینا + (۲) افیم کو بیٹھے آہستہ آہستہ گھولے جانا + (۳) کسی معاملہ میں دیر لگانا۔ تعویق کرنا۔ ڈھیل ڈالنا +

گھولے میں پڑنا۔ ف ل۔ بکھیڑے میں پڑجانا + (از گلشن فیض)

گھولے میں ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کام کو لیت ولعل میں ڈالنا + (از گلشن فیض)

گھونٹ لینا۔ پینا۔ یا۔ لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) حقہ کا دم لگانا۔ ٹھیرو بھئی! دو گھونٹ ہم بھی لگالیں! (۲) چسکی لگانا۔ پیجانا +

گھونسا پلانا۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری) گھونسا مارنا

گھونس۔ یا گھونس پیچر دینا۔ ہ۔ ف م۔ رشوت دینا +

گھونگٹ کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ فوج کا لڑائی کے میداں سے بھاگنے کے ارادے پر منہ پھیرنا۔ روگش ہونا + جرات ؎

(۱) جوں نقاب اپنا اُلٹ اُسنے لڑائی ہمسے آنکھ
فوج صبر و تاب و طاقت دو میں گھونگٹ کھا گئی

(۲) غصّے سے جو بل زلف سیہ فام نے کھایا
سو مرتبہ گھونگٹ سپۂ شام نے کھایا (برق)

گھونگٹ کی دیوار۔ ا۔ اسم مؤنث۔ پردے کی دیوار +

گھونگرو بندھائی۔ ا محاورہ۔ نچنیے۔ رنڈی۔ بھانڈ +

گھونی نسمی۔ ہ۔ صفت۔ (م عو)۔ غریب حرامزادی۔ گریہ مسکیں +

گھی سا۔ ہ۔ صفت۔ گھی کی مانند۔ نرم اور چکنا +

گھی کا کُپّا لُنڈھنا۔ یا۔ لُڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی بڑے آدمی یا بادشاہ کا مرجانا + (قلعہ معلیٰ دہلی)

گھی کا ڈورا۔ ہ۔ محاورہ۔ (باورچی) وہ گھی جو کسی کھانے میں دھار باندھکر ڈالا جائے

گھی کھچڑی ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) گھی کی طرح کھچڑی ہیں ملجانا۔ دو شخصوں میں نہایت میل ملاپ ہونا۔ گہری دوستی ہونا +

اوچھے سنگ نہ بیٹھئے اوچھا بُری بلا
بل ماں ہو گھی کھچڑی پل ماں بسیر ڈھال دوہا

(۲) ایک جگر ہونا۔ رل مل جانا۔ آمیز یا مخلوط ہوجانا +

گھی کے چراغ جلانا۔ ہ۔ ف م۔ خوب خوشی منانا + آتش ؎

آنکھیں مری کرے جو منور جمال یار
گھی کے چراغ طور کے اوپر جلا دئیں

گھی کے جلنا۔ گھی کے چراغ جلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (مراد پوری ہوجانے پر گھی کے چراغ کسی مزار پر یا مندر میں جلایا کرتے ہیں) اسی سبب سے حسب دلخواہ مراد برآنا +

گھی کے سے گھونٹ آتے ہیں۔ محاورہ۔ اس چیز میں بہت ہی گھی پڑا ہوا ہے۔ یہ چیز بہت ہی خوشگوار ہے

گھی کے کپّے سے جا لگنا - ہ - ف ل - کسی مالدار آدمی سے ملاقات ہو جانا +

گیا بھ - یا - گا بھ ڈالنا - ہ - ف م - (۱) موشیونکا اسقاط حمل کرنا + (۲) کسیکا نہایت رعب یا ڈر ماننا + اسکے آگے گیا بھی گابھ ڈالتی ہے -

گیا گزرا - ا - صفت - (۱) نکمّا - ناکارہ - بیکار خراب - بُرا + **میر** ؎

کوچۂ یار سے غبار نہ نکلے
کیسے ہی ہو نکے ہم گئے گزرے

(۲) کم ہمت - نامرد - بزدل + **میر سوز**

سوز کے قتل پر کمر ہمت باندھ
ایسا جانا ہے کیا گیا گزرا

گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا - ا - محاورہ موقع بار بار ہاتھ نہیں لگتا + ؎

(۱) گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں - مثل
جہاں ہو کے بلا لو مجھے چاہو جسوقت -
میں گیا وقت نہیں ہوں کہ پھر آ بھی نسکوں

گیدڑ بھبکی - اسم مؤنث - گیدڑ کی سی خالی حملہ آوری - ڈراوا - دھمکی + **ناسخ**

تا کجا اعدا کی گیدڑ بھبکیاں
الغیاث! اے شیر یزداں! الغیاث

گئو پتر ہ - اسم مذکر - گائے کا بچہ - بیل - بچھیا کا باوا - بیوقوف +

گئے درجہ - ا - م ف - (۱) آخر کار (۲) کم سے کم +

گئی کرنا - ہ - ف م - (۱) درگزر کرنا - پہلو تہی کرنا - جانکر چھوڑ دینا + (۲) چوکنا کمی کرنا - غفلت کرنا + **رشک** ؎

(۱) عشق کیا صبر و تحمل کی اگر بات گئی
ظلم میں تو بھی نکر اوبت بدذات گئی
(۲) اُنکے ستم کی چاہیئے فریاد کچھ نہ کچھ
روز جزا ہے آج تو اے دل گئی نکر

گئے گزرے ہونا - ا - ف ل - (۱) بیکار رہو ہو جانا + (۲) ڈوب جانا - وصول نہ ہونا - نہ پنپنا +

ل

لات جانا - ہ - ف ل - (گائے کے جب دودھ کم ہو جاتا ہے تو وہ دودھ نکالنے والے آدمی کو لاتیں مارنے لگتی ہے) اسی سبب سے - دودھ دینے سے ہٹ جانا +

لات مارنا - ہ - ف م - ٹھکرانا - اظہار تنفر کرنا - بیزاری ظاہر کرنا + **جرات** ؎

مُوا ہوں جسکے لئے میں ہزار جیف اوہ شوخ
کبھی نہ لات بھی آکر مزار پر ماری

لاتوں کا دیو باتوں سے نہیں مانتا ا۔ محاورہ۔ سرکش آدمی۔ پٹے بغیر ٹھیک نہیں ہوسکتا +

لاٹھی پونگا کرنا ۔ ہ۔ ف م۔ جوتی پیزار کرنا۔ سر پھٹول لڑنا +

لاٹھی مارے پانی جدا نہیں ہوتا ا۔ محاورہ۔ کسی کے بھگائے سکائے سے دو قریبی رشتہ داروں میں ہمیشہ کو فرق نہیں پڑ سکتا +

لاجواب کردینا ۔ ا۔ ف م۔ دیکھو۔ (بند کرنا نمبر ۶)

لاجوں مرنا ۔ **لاج آنا** ۔ **لگنا** ۔ یا۔ **کھانا** ہ۔ ف ل۔ شرم آنا۔ لحاظ معلوم ہونا +

لاحول بھیجنا ۔ یا۔ **پڑھنا** ۔ ا۔ ف ل۔ (۱) شیطان سے بچانے کی خدا سے دعا مانگنا + (۲) لعنت کرنا۔ خیال نکرنا پروا نکرنا +

لاڈ لڑانا ۔ ہ۔ ف م۔ چاؤ چوچلے سے پالنا ناز و نعم میں پرورش کرنا +

لارا لیری لگانا ۔ ہ۔ ف م۔ (اسکی اصل ہے لارے لے رے)۔ آج کل کرنا +

لاسا لگانا ۔ ہ۔ ف م۔ کسی کے پیچھے کوئی بلا یا جھگڑا لگا دینا +

لاسے پر لگانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ہلا لینا + (۲) جال میں پھنسا لینا۔ موہ لینا + فریفتہ کر لینا +

لاش پڑنا ۔ ا۔ ف ل۔ مارا جانا۔ خون ہونا۔

لاش ڈالنا ۔ ا۔ ف م۔ قتل کرنا۔ مار ڈالنا

لاف و گزاف ۔ یا۔ **لاف مارنا** ۔ **لاف زنی کرنا** ۔ ا۔ ف م۔ شیخی کرنا۔ ڈینگ مارنا تعلّی کی لینا +

لاکھا جمانا ۔ یا۔ **لگانا** ۔ ہ۔ ف م۔ عورتوں کا ہونٹوں کو پان کی سرخی یا لاکھ سے رنگنا +

لاکھ جی سے ۔ ہ۔ م ف۔ بدل و جان۔ ہزار جان سے۔ بڑے شوق سے +

لاکھ سر کا ہو جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ضد یا ہٹ کرنا۔ اڑنا۔ ڈھیٹھ ہو جانا + (۲) ایک نہ ماننا۔ ایک نہ سننا +

لاکھ کا گھر خاک کر دینا ۔ ا۔ ف م۔ سارا مال و متاع تباہ یا برباد کر دینا +

لاکھ کا گھر خاک ہو جانا ۔ ا۔ ف ل۔ بگڑ جانا تباہ یا برباد ہو جانا۔ مفلس یا کنگال بن جانا

لاکھ من کا ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بہت وزنی یا بھاری ہونا + (۲) بھاری بھرکم ہونا۔ بات میں وزن ہونا + (۳) صاحب عزت ہونا۔ قدر و منزلت والا ہونا +

بیٹی اپنے گھر میں لاکھ سن کی ہے + مثل
لاکھوں میں ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) سب کے سامنے
ظاہرا۔ علانیہ + (۲) ضرور۔ بیشک۔
ہاں + وہ لاکھوں میں آئیگا +
لاگ ڈانٹ ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ بیر اکھیری
ان بن۔ شکر رنجی +
لاگ دار ۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) رشتہ دار عزیز
ناتہ دار + (۲) بہنوئی + (۳) یار۔ آشنا
لاگ رکھنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) تعلق یا رشتہ
داری رکھنا۔ نسبت رکھنا + (۲) چشمک
شکر رنجی۔ یا۔ ان بن رکھنا +
لاگ کھلانا ۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کوئی جادو کی
ہوئی چیز کھلا دینا + (۲) جادو یا ٹونا کرنا
لاگ لپیٹ ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) طرف داری
پیچ۔ حمایت + (۲) دغا۔ فریب۔ چھل بٹا +
لاگ لگنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) لگن لگنا۔ پریت
یا محبت جڑنا + **میر**

جسکے دل کو تری زلفوں سے میاں لاگ لگے
اُسکی آنکھوں میں جو رستی بھی ہو تو ناگ لگے

(۲) کوئی نئی لیکھ بندھنا۔ کوئی نیا ٹیکس
مقرر ہونا +
پیسا دینے کا تو ڈر نہیں مگر یہ لاگ لگتی ہے
لاگو ہونا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پٹنا۔ چمٹنا۔ (۲)
اگر اب میں لاگو ہوں اُسکے کبھی
تو پھر چھونک دیکھو مجھے تم تب ہی
میر حسن
(۳) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا + (۳) محبت کرنا۔
دوستی رکھنا +
لال انگارا ۔ ہ۔ صفت۔ (۱) انگارا سا لال۔ نہایت سُرخ + (۲) غضبناک
تند + **نظیر**

اُسکے سنتے ہی غضب ہو کے وہ لال انگارا
لاٹھی یا ٹھی جو پائی تو پھر جھنجھلا
کھینچ مارا میرے سینہ پہ اُٹھا کر تو جو
لال بجھکڑ ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ آدمی جو حقیقت میں
بیوقوف ہو اور اپنے تئیں بڑا عقلمند جانے
بیوقوف عقلمند + **دوہا**

لال بجھکڑ بوجھیاں اور نہ بوجھا کوئے
پیرن جا کے باندھکے کہیں ہرنا نہ کودا ہوئے
(لال بجھکڑ صاحب نے ہاتھی کے پاؤں کے
نشان پر یہہ اپنی رائے دی ہے)
لال پانی ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) آب سرخ + (۲)
حیض کا خون + (۳) شراب +
لال پری ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ شراب۔ مے

روز شیشہ میں اُترتی ہے یہاں لال پری
ساقیِ انجمنِ عیش بھی عامل ٹھیرا
لال پڑ جانا ۔ یا۔ ہو جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱)

سرخ ہوجانا۔ چہرہ سرخ ہو جانا + (۲) لال پیلا ہو جانا۔ غضبناک ہونا + ؎ سینہ کے کھلنے کی علامت ہے شفق کا پھولنا لال وہ مجھ پہ ہوے رونا بھی کم ہو جائیگا (۳) پختگی پر آنا۔ پک جانا +

لال پیلی آنکھیں کرنا۔ یا نکالنا۔ ف۔ل کالی پیلی آنکھیں کرنا۔ لال پیلا ہونا غضبناک ہونا۔ خفا ہونا +

لال خاں لکڑے سے باندھدینا۔ ف۔م۔ (پہلے کچہریوں یا تھانوں میں ایک رنگین اور چہریدار لکڑا رکھا رہتا تھا اُس سے مجرم کو باندھکر مارا کرتے تھے۔) اسی سبب سے۔ خوب کوڑے لگانا۔ سزا دینا +

لال سوداگر۔ ا۔ اسم مذکر۔ وہ سوداگر جو اِدھر کوئی چیز خریدے اور اُدھر جھٹ بیچ ڈالے

لال کتاب۔ ا۔ اسم مؤنث (مذاقاً) وہ کتاب یا آدمی جس سے کسی مشکل کے حل کرنے کی ترکیب پوچھی جائے +

لال لنگوٹ والا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (مذاقاً) بندر۔ بوزنہ +

لالوں کا لال۔ صفت۔ نہایت پیارا ہر دل عزیز +

لالہ بھائی۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) عموماً ہر ہندو اور خصوصاً ہر ایک بنیش + (۲) ذی عزت شریف آدمی۔ بھلا مانس + (۳) طنزاً) کفایت شعار۔ چلن والا + (۴) حقارتاً) کمزور۔ بودا +

لالہ بھائی۔ یا۔ لالہ بھیا کرنا۔ ہ۔ف۔م۔ پیار یا محبت سے بات چیت کرنا +

لالہ جی۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) ہندوؤں کا عزت آبرو کا لقب + (۲) باپ سسرا + (ہندو)

لالے پڑنا۔ ہ۔ف۔ل۔ (۱) مایوسی یا ناامیدی ہونا۔ نراس ہو جانا + میر ؎ کسے قیدِ قفس میں یاد گل کی پڑے ہیں اب تو جینے ہی کے لالے (۲) آفت میں مبتلا ہونا یا بلا میں پھنسنا۔ آتش کچھ اور لب یار کی تعریف کروں کیا وہ لعل کہ دیکھے سے پڑیں جانکے لالے (۳) کمی و قلت ہونا۔ دوبھر ہو جانا + آج کل تو روپیوں کے بھی لالے پڑ گئے (۴) نہایت مشکل یا بھاری ہو جانا۔ دشوار ہو جانا + میر ؎ اس اسیر یکے نہ کوئی اے صبا پالی پڑے اک نظر گل دیکھنے کے بھی ہمیں لالی پڑے

لالی رہجانا۔ ہ۔ف۔ل۔ عزت بچ جانا۔ بات بنی رہنا +

لب بند ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) خاموش ہونا۔ (۲) مٹھاس کی کثرت سے ہونٹوں کا چپک جانا۔ مومن ؎

کیونکہ پوچھے حال تجھی عاشق دلگیر سے
ہو گئے ہیں بند لب شیریٔ تقریر سے

لبڑ چٹائی کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) زٹل ہانکنا۔ بہت سی باتیں بنانا۔ (۲) خوشامد درآمد کرنا

لبڑ دھوں دھوں۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) شور و غل۔ (۲) جھنجھٹ۔ تکرار۔ (۳) بے ایمانی۔ رونٹ۔

لب گور ہونا۔ ا۔ ف ل۔ مرنے کے قریب ہونا

لب لگانا۔ ا۔ ف م۔ لعابِ دہن ملنا۔ ٹھوک لگانا۔

لبِ معشوق ہونا۔ ا۔ ف ل۔ تیر کا سوفار تک پہنچنا۔

لب و لہجہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) تلفظ۔ اُچارن (۲) طرز گفتگو۔ انداز کلام۔

لبوں پر جان۔ دم۔ یا۔ معاملہ ہونا۔ ا۔ ف ل۔ مرنے کے قریب ہونا۔

لوگ کہتے تھے ہے لبوں پر جان کمر کے صدقے جھوٹ کے قربان

لبیں لینا۔ ا۔ ف م۔ ہونٹوں کے کناروں پر سے مونچھوں کے بال مونڈنا۔

لپ جھپ۔ ہ۔ ف م۔ جلد جلد جھٹ پٹ الٹا پلٹا پنے سے۔

لپڑ لپڑیا۔ لپ لپ کرنا۔ ہ۔ ف م۔ بیہودہ بکنا۔ بکواس کرنا۔

لپکا پڑ جانا۔ یا۔ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی بُرے کام کی عادت ہو جانا۔ چسکا پڑ جانا۔ عادی ہونا۔

(۱) اُسکو جھوٹ کا لپکا پڑ گیا ہے۔

(۲) چشم لیلیٰ کو یہ لپکا تھا نظر بازی کا
دشت میں قیس کو دیکھ آتی تھی آہو کو

لپکی بھرنا۔ یا۔ مارنا۔ ہ۔ ف م۔ کچی سلائی کرنا۔

لپ لپ کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری) خوف کے مارے کانپنے لگنا۔

لپ لپ کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ کچھ چبانا۔ اور کچھ نہ چبانا۔ یونہی نگلجانا۔ جلد جلد کھانا۔

لپیٹواں بات کہنا۔ ہ۔ ف م۔ گول گول یا پیچیدہ بات کہنا۔

لت پت۔ یا لتھڑ پتھڑ ہونا۔ ہ۔ ف ل سن جانا۔ بھر جانا۔

لت ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دو چیز و نکا بخوبی ملجانا۔ گڈمڈ ہو جانا۔ رشک ؎

انگشتِ آرزو سے دوا آج لت ہوئی
بارے مریضِ چشم میں اتنی سکت تو ہے

(۲) کسی چیز کے کرنیکی عادت یا خو ہونا۔
دھت ہونا + میر ؎

عدم میں ہمکو یہ غم رہیگا کہ اوروں پے اب ستم ہیگا
نہیں تو لت ہے ستانے ہی کی کسو پر آخر جفا کرینگے

لتّے لینا۔ ہ۔ ف م۔ (۵۔ لتّا = کپڑا)۔ (۱) دھجیاں اُڑانا۔ پُرزے کرنا + آتش

آفریں صد آفریں دستِ جنوں!
خوب ہی لتّے لئے پوشاک کے

(۲) دیکھو (آڑے ہاتھ لینا نمبر ۵۴)
لٹ دبنا۔ ہ۔ ف ل۔ قابو یا بس میں ہونا +
لٹّس بیا۔ لُوٹ مچانا۔ ہ۔ ف م۔ چھینا جھپٹی کرنے لگنا۔ غدر مچا دینا +
لٹک کر چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ معشوقانہ انداز سے چلنا + میر ؎

سرو و تذرو دونوں پھر آپ میں نہ آئے
گلزار میں چلا تھا وہ شوخ ٹھک لٹک کر

لٹورے اُپاڑنا۔ یا۔ لینا۔ ہ۔ ف م۔ عو۔ دیکھو (چونڈا نوچنا)
لٹوریوں والی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ ڈائن چڑیل +
لٹو ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ عاشق یا فریفتہ ہونا۔ مرنا +

جوہیں اُسنے وہ بچہ آہ یارو! اک نظر دیکھا
وہیں لٹو ہو کر بولا۔ یہی لونگا یہی لونگا"

لٹھ مار دینا۔ لٹھ مارمات کہنا۔ ہ۔ ف م۔ سخت یا ٹیڑھی گفتگو کرنا۔ گنواروں کی طرح بات چیت کرنا +
لٹیا ڈبونا۔ ہ ف م۔ (کوئیں میں لوٹا گرا دینا پانی پینے کا ذریعہ تلف کر دینا) اسی سبب سے (۱) نقصان کر دینا۔ گھاٹا اُٹھانا۔ دوالہ نکالدینا + (۲) ہمت ہار دینا +
لٹیا ڈوبنا۔ ہ۔ ف ل۔ تباہ یا برباد ہو جانا۔ گھاٹا آجانا۔ بگڑ جانا + لٹیا ڈوبی رے ہر داس! گھوڑی دانہ کھائے نہ گھاس + مثل
لٹے پٹے دن کاٹنا۔ ف ل۔ مشکل کے ساتھ گزران کرنا + گرد دھر کنڈلی ؎

لٹے پٹے دن کاٹیے رہیے گھام میں سوئے
واکے تلے نہ بیٹھیے جا پیڑ پات نہ ہوئے

لچ بہادر۔ ا۔ اسم مذکر۔ نہایت شہدا۔ بڑا شورہ پشت +
لچھمی نل راین کرنا۔ ہ۔ ف م (ہندو) کھانا کھانا شروع کرنا۔ بسم اللہ کرنا۔ سِدھ داتا گنیش کرنا + (زیادہ تر یہ محاورہ کھانے کے موقع پر کایستھ صاحبوں میں بولا جاتا ہے)
لچھن جھڑ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) وحشیوں کی سی صورت ہو جانا۔ چہرے پر رونق نہ رہنا۔ بدصورت ہو جانا + آتش ؎

روزِ وصال آنکھوں کو اپنی دکھائے گا
روزِ شبِ فراق کے لچھن جھڑے ہوے

(۲) ابتر ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا +
لچھے دار باتیں ۔ا۔ اسم مؤنث مسلسل اور
لپیٹ دار باتیں۔ پیچ در پیچ اور مزیدار باتیں
لختِ جگر۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) جگر کا ٹکڑا۔
کلیجے کی کور۔ بیٹا + (۲۔ نظم) آنسو۔ شعر و اشعار

بوئے کباب سوختہ آتی ہے خاک سے
لفاں دامن سے کیا گرا کوئی لختِ جگر فغاں

لحاظ اٹھا دینا۔ا۔ ف م۔ بے شرم بن جانا +
لڈو کھلانا۔ ہ۔ فم۔ (۱) دعوت یا ضیافت
کرنا + (۲) رشوت دینا +

سررشتہ دار صاحب کو لڈو کھلاؤ جب کام بنیگا +
لڈو ملنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی طرح کا فائدہ ہونا +

ہمارے نقصان میں تمہیں کیا لڈو ملینگے +
لڑائی باندھنا۔ ہ۔ فم۔ بیر باندھنا۔
دشمنی کرنا +
لڑائی تلنا۔ ہ۔ ف ل۔ لڑائی کا سر پر آجانا
۔ یا قریب الوقوع ہونا + **انشا**

جب تلگئی لڑائی ترازو کی تول پر
باٹوں سے باٹ پھوٹے دھڑوں سے دھڑ سلامے

لڑائی کا گھر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) لڑائی کی جڑ۔
بنائے فساد + (۲) لڑائی کرانے والا۔
آگ لگاؤ۔ بجلی بسنت +
لڑائی مارنا۔ ہ۔ فم۔ (۱) شکست دینا۔
بیری کو مار کر بھگا دینا + **رباعی میر**

حیرت کی جگہ یہ معرکہ ہے پیارے
کیا پوچھتے ہو مرتے ہیں عاشق سارے
مشہور ہے عشق نے لڑائی ماری
اس پر کہ گئے لوگ سب اُسکے مارے

(۲)۔ عو۔ جھگڑا کرنا۔ ٹکر لو کرنا +
سویرے سویرے مجھسے لڑائی مت مار + (عو)
لڑائی مول لینا۔ یا۔ **باندھنا**۔ ہ۔ فم۔
خواہ مخواہ کسی سے تکرار کر بیٹھنا۔ اپنے
تئیں جھگڑے میں پھنسانا + **آتش**

(۱) ہوا صف بندیِ مژگاں سے ظاہر
لڑائی لیں وہ آنکھیں ڈھونڈ کر یوں

(۲) اُدھار دینا اور لڑائی مول لینا + مثل +
لڑکا بالا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ کوئی بچہ۔ لڑکا یا لڑکی +
لڑکوں کا بابا۔ یا۔ باوا ہے۔ا۔ محاورہ۔
لڑکوں سے بھی زیادہ شریر ہے۔ بڑا ہی
حرامزادہ ہے + **ناجی**

جہاں دل بند ہو نامہ وہاں آوے خلل کرنے
رقیب نادان ناجی گویا لڑکوں کا بابا ہے

لڑکوں کا کھیل۔ ہ۔ محاورہ۔ دیکھو۔
(بچوں کا کھیل)

لڑ لگانا۔ ہ۔ ف م۔ وسیلہ ڈھونڈنا۔ پیش جانا +

لڑ مرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) باہم تکرار یا جھگڑا بڑھنا (۲) آپسمیں لڑ کر مرجانا + ناجی ؎

انگوٹھی لعل کی کرتی قیامت آج گرہوتی
جنہوں کی آن بیچی لڑ موئے وہ ایک چھلے پر

لڑ ملنا۔ ہ۔ ف ل۔ دوستی یا اٹ سٹ ہوجانا

لڑ میں رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کے کہنے میں چلنا۔ کسی کا طرفدار بنا رہنا +

لڑے فوج نام سردار کا۔ ا۔ محاورہ چھوٹے کام کیا کرتے ہیں اور بڑے نام پاتے ہیں + (حق تلفی کے موقع پر کہا کرتے ہیں) + اسیر ؎

قتل کرتی ہے مژہ شہرہ ہے چشم یار کا
جنگ کرتا ہے سپاہی نام ہے سردار کا

لش پش۔ یا لشی پشی ہونا۔ ا۔ ف ل۔ کام یا سفر کرتے کرتے تھک جانا۔ چور ہو جانا +

لشٹم پشٹم۔ ا۔ م ف۔ بہر طور جسطرح ہو سکا

لشکر کی۔ یا۔ لشکری بولی۔ ا۔ اسم مؤنث (۱) ست بھیجڑی یا ملی دیسوں کی ریلواں ملواں زبان + (۲) اردو زبان +

لشکر والا۔ ا۔ اسم مذکر (م عو) بادشاہ مدبر

لطف یہہ ہے۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ مزہ یا طرہ یہہ ہے +

لطیفہ چھوڑنا۔ ا۔ ف م۔ دیکھو (چٹکلا چھوڑنا)

لعل اگلنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱۔ طنزاً) سونے کی چڑیا ہونا + ایسے ہی وہ لعل اگلتے ہیں جو انکی خوشامد کروں + (۲) گالی گلوچ کرنا۔ دشنام دینا + بس! اب زیادہ لعل اگلے

لعل توڑ لینگے۔ ا۔ محاورہ۔ (۱) طنزاً) ہم کیا اسکے لعلوں کو چھڑا لینگے یا اکھاڑ لینگے + (۲) نقصان نہیں پہنچا سکینگے۔ شان نہیں گھٹا دینگے +

لعل لگ جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) قیمتی اور انمول ہو جانا + (۲) معزز و ممتاز ہو جانا۔ عالی مرتبہ ہو جانا۔ اوج کو پہنچ جانا +

بوسے کے مانگتے ہی پھیر نے چترن کو گئے
ایسے کیا لعل لب غیرت گلشن کو گئے

لعل لگے ہوئے ہیں۔ ا۔ محاورہ۔ (طنزاً) اسمیں کیا لعل جڑے ہوئے ہیں جسکو ہم توڑ لینگے۔ یہہ ایسی ہی قیمتی شے ہے +

ہم اب سے لینگے بوسۂ گل تیرے سامنے
کیا یہ لعل ہے ترے لب میں لگا ہوا

لعنت بھیجنا یا کرنا۔ا۔ف م۔(۱) بُرا کہنا۔ بددُعا دینا + (۲) پرہیز کرنا۔ کسی چیز سے نفرت کرنا۔ جانے دینا +

لعنت کا مارا۔ا۔ صفت۔ ملعون۔ مردود خلائق +

لعنت ملامت کرنا۔ا۔ف م۔ بُرا بھلا کہنا +

لعنت تر اشنا یا گھڑنا۔ا۔ف م۔ نئے نئے لفظ جی سے پیدا کرنا +

لعنت جھاڑنا۔ا۔ف م۔(۱) مشکل الفاظ یا گوجھ شبد بولنا + (۲) اپنی علمیت یا پنڈتائی جتانا

لفافہ بنا رکھنا۔ا۔ف م۔(۱) ظاہری ٹیپ ٹاپ بنا لینا + (۲) دھوکا دینا +

لفافہ کرنا۔ا۔ف م۔(۱) کسی خط کو لفافے میں بند کر دینا + (۲) ہلکا سا ملمع کر دینا +

لفافہ کھل جانا۔ا۔ف ل۔ پوشیدہ عیب کا ظاہر ہو جانا۔ دیکھو (قلعی کھل جانا نمبر ۲-۳) + وزیر ؎

حسن عارضی عارضی تھا کھل گیا
خط کے آنے سے لفافہ کھل گیا

لُقمان کو حکمت سکھانا۔ا۔ف م۔ کسی عقلمند آدمی کے سامنے کوئی عقل و تدبیر کی بات بیان کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا +

لُقمہ دینا۔ا۔ف م۔(۱) کسی کے مُنہ میں نوالہ دینا + (۲) توپ میں گولہ بارود کی ٹھیلی ڈالنا۔ بھاڑ یا تندور بھوکنا + (۳) بیچ میں بولنا۔ دخل در معقولات کرنا + (۴) کُنتی کہنا۔ خارج ہونا + (۵) رشوت دینا گھونس پچر دینا +

لُقمہ کر جانا۔ا۔ف ل۔ نگل جانا۔ کھا جانا +

لقوہ مار جانا۔ا۔ف ل۔ فالج کے گرنے سے مُنہ کا ٹیڑھا ہو جانا +

لکڑیاں دینا۔ہ۔ف م۔ ہندو۔(۱) چتا بناتے وقت موجودہ آدمیوں کا ایک ایک لکڑی اُٹھا کر چتا میں رکھنا۔ (۲) مُردے کا کریا کرم کرنا +

لکڑیاں کھانا۔ہ۔ف م۔ خوب پٹنا +

لکڑی ؎ جہاں اُس خو کی گرمی تھی نہ تھی وہاں آگ کو عزت
ہاں اُسکے ہو جاتی تو آتش لکڑیاں کھاتی

لکڑی پھینکنا۔ہ۔ف ل۔ چوب بازی کرنا پڑا کھیلنا +

لکھا پُورا کرنا۔ف م۔(۱) تقدیر کے لکھے کو پُورا کرنا۔ مشکل سے دن کاٹنا + (۲) کام خراب کر دینا +

لکھا پُورا ہونا۔ہ۔ف ل۔ کام بگڑ جانا۔ کام خراب ہو جانا +

لکھ پیڑا۔ہ۔اسم مذکر۔ عموماً وہ باغ جسمیں بہت سے درخت ہوں اور خصوصاً آموں کا باغ

لکھت پڑھت ہو جانا۔ہ۔ف ل۔ تحریری

عہد و پیمان ہو جانا +

لکھوٹ ۔ ہ ۔ صفت ۔ فضول خرچ ۔ کھاؤ اڑاؤ +

لکھے موسیٰ پڑھے خدا ۔ ا ۔ محاورہ (۱) ایسا باریک بد خط لکھا ہوا جسکو لکھنے والا ہی پڑھ سکے + (طنزاً) + (۲) راز کی بات ۔ پوشیدہ امر +

رباعی ناسخ

تصویرِ صنم میں کرے کلک ازل
پنہاں ہے نگہ سے یا نگہ کاہے خلل
جز عالمِ غیب کون جانے یہ راز
لکھے موسیٰ پڑھے خدا سچ ہے یہ مثل

لکیر پر فقیر ہونا ۔ لکیر کا فقیر ہونا ۔ ا ۔ ف ل (۱) پرانی رسموں کو ماننا اور اپنی عقل کو کام میں نہ لانا + (۲) عاشق ہونا ۔ مرنا +

(۱) سب تو شکن میں زلفِ صنم کے اسیر ہیں
ہم مانگ کی لکیر کے لے دل فقیر ہیں

زنک (۲) کیا خطِ مستقیم ہے ناک اُس شریر کی
نوشبوئیاں فقیر ہوئیں اس لکیر کی

لکیر پیٹنا ۔ لکیر پر چلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ فرسودہ راستے پر چلنا ۔ رسمِ قدیم کا پابند رہنا +

لکیر کھینچنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) خط کھینچنا + (۲) حد بندی کرنا + (۳) قلم پھیرنا ۔ کاٹنا ۔ (۴) توبہ کرنا ۔ چھوڑ دینا +

لگاتار ۔ ہ ۔ م ۔ ف ۔ متواتر ۔ پے در پے ۔ برابر +

لگا رکھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ سینت کر رکھنا ۔ رکھ چھوڑنا +

لگا رہنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) چپٹا یا لپٹا رہنا ۔ (۲) سرگرم رہنا ۔ جاری رکھنا + (۳) مصروف یا مشغول رہنا + (۴) گھات میں رہنا +

لگا کھانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دیکھو (ٹکر کھانا نمبر ۲)

لگا لانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ یار بنا کر ساتھ لے آنا ۔ کسیکو پھسلا کر یا دم دلاسا دیکر لے آنا +

جرأت

وحشی وہ ہیں کہ ہم کو لگا لائی بوئے گل
پوچھی بہار میں نہ کسی سے چمن کی راہ

لگا لگانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) شروع کرنا ۔ آغاز کرنا + (۲) دوستی یا یارانہ پیدا کرنا +

جرأت

کیونکہ جرأت لگائیں ہم لگا
کو فرشتے کا وہاں لگاؤ نہیں

لگا لینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) اپنی طرف مائل کر لینا +

جرأت

ہے لگا لینے کو وہ فتنۂ دوراں تو بلا
پر طبیعت بھی غضب ہے مری لگ جانیکو

(۲) مجرا کر لینا ۔ محسوب کر لینا + (۳) گن لینا ۔ گنتی میں شامل کر لینا +

لگا مارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ عو ۔ کلنک لگانا ۔ الزام یا بہتان لگانا +

لگام دینا ۔ یا چڑھانا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) گھوڑے کو دھانہ چڑھانا + (۲) روکنا ۔ ڈانٹنا +

زبان کو لگام دو +

لگام لئے پھرنا - ا۔ ف ل (شریر گھوڑے کے پیچھے جب وہ بھاگ جاتا ہے تو اُسکے پکڑنیکو لگام لئے پھرا کرتے ہیں) اسی سبب سے ڈھونڈتے پھرنا۔ تلاش کرتے پھرنا۔ مفاد ہ جستجو کرنا +

لگانا بجھانا۔ لگائی بجھائی کرنا - ہ۔ ف م (۱) کسیکے ساتھ نکرار کروا کر ملاپ کرا دینا۔ لگا آتش جگر او سوز الفت اب رُلاتا ہے نہ لگانا (سکو کہتے ہیں بجھانا اسکو کہتے ہیں (۲) غیبت یا بدگوئی کرنا + (۳) جھگڑا یا فساد کرا دینا +

لگاوٹ کرنا - ہ۔ ف م۔ محبت ظاہر کرنا پیار کرنا۔ چاہنا +

لگائی کرنا - ہ۔ ف م۔ عورت کو گھر میں ڈال لینا۔ اکیلے سے دُکیلا ہو جانا +

لگ بھگ - ہ۔ م ف۔ (۱) عنقریب۔ قریب قریب + (۲) پاس۔ نزدیک +

لگ چلنا - ہ۔ ف ل۔ (۱) پھڑکریا اڑکر چلنا۔ چھو کر چلنا + **میر**

(۱) خطر کو تو لگ چل اے صبا اُس زلف سے اتنا
بلا آہنگی تیرے سر جو اُسکا ایک ٹوٹا

(۲) صبا کی طرح ہر ایک غیرت گل سے ہیں لگ چلتے
کہ نخوت ہے سرشت اپنی ہمیں یارا نہ آتا ہے

(۲) محبت ظاہر کرنا۔ یارانہ جتانا + اختلاط کرنا +

کل لگ چلے جو ہمدم ہم یار سے زیادہ
بہشتام دیکھے جھڑکا ہر بار سے زیادہ (نظیر)

لگی بجھنا - ہ۔ ف ل۔ شوق و آرزو کا کم ہونا

سوز فراق یار کہوں کس کفیل سے
میری لگی بجھے گی نہ ہرگز خلیل سے (بحر)

لگی کو بجھانا - ہ۔ ف م۔ کسی کی خواہش یا آرزو پوری کرنا + **جرات**

غرض یہ آتش دل اور بھی بھڑکے ہے نالہ سے
لگی کو گرچہ اشک چشم کتنا ہی بجھاتے ہیں

لگی لپٹی رکھنا - ہ۔ ف ل۔ طرف داری کرنا۔ لگے لگے - ہ۔ م ف۔ پہلو بہ پہلو۔ پاس پاس +

لگی نہ رکھنا - ہ۔ ف م۔ ذرا سا تعلق نہ رکھنا۔ صاف صاف کہدینا + **ح**

ہے تیری کان زلف عنبر لگی ہوئی
رکھے گی یہ نہ بال برابر لگی ہوئی

لگے ہاتھ لگتے ہاتھ - ہ۔ م ف۔ ساتھ کے ساتھ۔ اسیوقت +

للو پتو کرنا - ہ۔ ف م۔ خوشامد کرنا +

للو نہ رہنا - ہ۔ ف ل۔ چپکا نہ رہ سکنا۔ بولے جانا

لمبا بننا - یا ہونا - ہ۔ ف ل۔ چل دینا۔ رخصت ہونا۔ بھاگ جانا + **رشک** ح

قیامت شہرہ ہے بالائے موزوں کی بلندی کا
سُنے طوبیٰ جو اُسکو گلشن جنت سے لمبا ہو

لمبا سفر کرنا۔ا۔ف ل۔ بڑی مسافت طے کرنا۔ جانا

لمبا کرنا۔ہ۔ف م۔ رخصت کرنا۔ وداع کرنا

لمبر کھینچ جانا۔ا۔ف ل۔ مقدمہ کا طول کھینچنا۔ کسی امر میں دیر لگنا +

لمبیاں کرنا۔ہ۔ف ل۔ پرندوں یا گھوڑوں کا اتنا اونچا اُڑنا یا دُور دوڑنا کہ نظروں سے غائب ہو جائیں +

لمبی تانا۔ہ۔ف ل۔ (۱) بیخبر سو جانا + (۲) مر جانا۔ فوت ہونا +

لمبی چوڑی ہانکنا۔ہ۔ف ل۔ شیخی بگھارنا ڈینگ مارنا۔ باتیں بنانا۔ تعلّی کی لینا +

لمبے سانس بھرنا۔ہ۔ف ل۔ (۱) بڑے بڑے سانس لینا + (۲) دم سرد کھینچنا۔ افسوس و تاسف کرنا + (۳) مرنے کو ہونا

لم لگانا۔ا۔ف م۔ الزام یا تہمت لگانا +

لنگر اُٹھانا۔ا۔ف م۔ (کشتی وغیرہ میں جو ایک رسّی باندھ کر اُسکے سرے میں کوئی وزنی چیز باندھ دیتے ہیں تو اُسکو لنگر کہتے ہیں چنانچہ جہاں کہیں پانی میں کشتی کو ٹھیرانا منظور ہوتا ہے تو اُسکو پانی میں لٹکا دیتے ہیں اور جب آگے چلنا منظور ہوتا ہے تو اُسے اُٹھا لیتے ہیں) اسی سبب سے۔ (۱) کشتی کو آگے چلانا (۲) روانہ ہو جانا +

لنگر جاری کرنا۔ا۔ف م۔ سدا برت بانٹنا۔ خیرات تقسیم کرنا +

لنگر ڈالنا۔ا۔ف م۔ (۱) کشتی وغیرہ کو ٹھیرانا + (۲) قیام کرنا + (۳) ہیچ لڑانا

لنگر لنگوٹا دینا۔ا۔ف ل۔ (پہلوان) شاگرد ہو جانا +

لنگوٹ کھولنا۔ہ۔ف م۔ مجامعت کرنا + (بازاری)

لنگوٹیا یار۔ہ۔اسم مذکر۔ بچپن کا یار۔ پکا دوست

لنگوٹی بندھوا دینا۔ہ۔ف م مفلس کر دینا +

لنگوٹے کا ڈھیلا۔ہ۔اسم مذکر۔ عیاش زانی

لنگوٹے کا سچّا۔ہ۔صفت۔ برہم چاری متقی۔ پارسا +

لنگوٹی کھلنا۔ہ۔ف ل۔ پردے کی دیوار کا گر پڑنا +

لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا۔ہ۔ف ل۔ مفلسی میں مزے اُڑانا +

لنگی کرنا۔ہ۔ف ل۔ ہ عو۔ (س ج ۳۱ لِنگ بمعنی عضو تناسل) پیشاب کرنا۔ مُوتنا +

لوٹا اُٹھانا۔ ہ۔ ف ل۔ ادنیٰ درجہ کی خدمت کرنا +

لوٹا لوٹا پھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی تکلیف کے صدمے سے تڑپنا +

لُوٹ پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) لٹنا لُوٹ ہونا + (۲) اندھیر یا ظلم ہونا +

لوٹ پوٹ ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی پر عاشق یا فریفتہ ہونا۔ عشق کے مارے بیقرار ہونا + **جرات** ؎

ایک چاند کی جھلک سے جو یہ پٹ کی اوٹ ہے
کیونکر اُدھر نہ دیکھوں کہ دل لوٹ پوٹ ہے

(۲) دفعتہً مر جانا +

لوٹ لگانا۔ ہ۔ ف ل۔ اینڈنا۔ لیٹنا +

لوٹے میں نمک۔ یا۔ **نون ڈالنا**۔ یا۔ **گلانا**۔ ا۔ ف م۔ (ہندو)۔ (جب کسی معاملہ میں لوگ اتفاق کیا کرتے ہیں تو پانی کے بھرے لوٹے میں ایک ایک کنکری نمک یہہ کہکر ڈالا کرتے ہیں کہ اگر میں اس عہد کو توڑوں تو نون کی اس کنکری کی طرح گھل جاؤں)۔ اسی سبب سے قسمیہ عہد کرنا پختہ اتفاق کرنا +

لوچ دینا۔ ہ۔ ف م۔ آٹے کو گوندھنے کے بعد پانی دے دے کے مکیاں لگانا +

لوری دینا۔ ہ۔ ف م۔ بچے کو گیت گا کر یا کوئی کہانی کہکر سُلانا +

لوکا لگانا۔ یا۔ **دینا**۔ ہ۔ ف م۔ ع۔ (۱) آگ جلانا + (۲) خراب کرنا۔ ناس کرنا +

لُو لگ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ گرم ہوا کا مارنا +

لو لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) محبت کرنا۔ پریت جوڑنا (۲) ایشور کی طرف دھیان لگانا۔ لو لینا +

لو لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ رٹنا لگنا۔ دھیان جمنا +

لو لگی تھی مجھے اسے شمع تیرے نام کی آ
خامشی میں بھی تو یہ ذکر فراموش نہ تھا

لُو لُوبنانا۔ یا۔ **کر دینا**۔ ا۔ ف م۔ احمق یا پاگل بنا دینا +

لو لین ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی خیال میں محو ہونا +

لونڈھیا کا رخانہ ہے۔ ؎ محاورہ ہے۔ کا کھیل ہے۔ ایک تماشا کر رکھا ہے۔ ابتر

لونڈے بازی کرنا۔ ا۔ ف م۔ اغلام کرنا۔ لوطی پن کرنا +

لوہا بجانا۔ ہ۔ ف م۔ تلواروں سے لڑنا

لوہا برسنا۔ ف ل۔ تیغ بازی یا کشت خون ہونا۔ **بحر** ؎

بھویں بالوں سے ہیں شمشیر ابرو کی
کہیں عشاق میں لوہا نہ برسے

لوہا تیز ہونا۔ ا۔ ف م ل۔ (۱) تلوار کا جلد چلنا۔ (۲) بہت جلد کسیکے مارنے تیار ہو جانا۔ بہت جلد خفا ہو جانا۔

بگڑ جانا۔ میان سے نکال لینا +

تمہارا لوہا بھی غضب پر ہی تیز ہوتا ہے

لوہا لاٹھ ہو جانا ۔ ہ۔ ف ل ۔ نہایت سخت مضبوط ہو جانا +

لوہا لوٹنا ۔ ہ۔ ف ل ۔ (تلوار کا مڑ جانا) اسی سبب سے ۔ (۱) وقت پر تلوار یا کسی ہتیار کا کام نہ دینا۔ نشانہ ٹھیک نہ بیٹھنا۔ ہاتھ وار نہ پڑنا + (۲) قسمت اُلٹ جانا +

لوہا کرنا ۔ ہ۔ ف م ۔ (۱) ڈھلے یا سِلے ہوئے کپڑوں پر لوہے کے ایک آلہ کو جسے استری کہتے ہیں پھیر کر انکی سلوٹیں نکالنا یا ٹانکے بٹھانا۔ استری پھیرنا + (۲) تلوار سے کاٹنا ۔ قتل کرنا +

لوہا ماننا ۔ ہ۔ ف م ۔ (۱) کسی کی تلوار کو خوب کاٹ کرنیوالی یا اُسکے قبضۂ اختیار ماننا۔ کسی کی شجاعت یا بہادری کا قائل ہونا +

رہے سینہ سپر ہر دم یہ جوہر ہے محبت کا
کبھی لوہا نمانا یار کی تیغ عداوت کا

(۲) کسیکو اپنے سے بڑا قبول کرنا +

وحشت دل کیوں نہ چھوموں ہاتھ میں حداد کے
ہاتھ ہے قیس بھی لوہا مری زنجیر کا

لوہے کے چنے چبانا ۔ ہ۔ ف م ۔ نہایت ہی سخت اور دشوار کام کرنا + **آتش ؎**

(۱) یاس و حرماں ہوں جو لوہے کے چنے بھی تو چبا ؤں
نعمت عشق کے قابل لب و دندان ما نگو

(۲) علم کا پڑھنا لوہے کے چنے چبانا ہے + **مثل**

لوہے کی چھاتی اور پتھر کا جگر کر لینا ۔ ا۔ ف م ۔ دیکھو (پتھر کی چھاتی کر لینا)

لوہے لگنا ۔ ہ۔ ف ل ۔ کسی بات کا یقین آنا +

لہار خانے میں سوئیاں بیچنا ۔ ا۔ ف م ۔ جو چیز جہاں بنتی یا پیدا ہوتی ہے اُسکو وہیں لیجا کر بیچنا ۔ بیفائدہ کام کرنا ۔ اُلٹے بانس بریلی کو بھیجنا +

لہرا اُڑانا ۔ یا بجانا ۔ ہ۔ ف م ۔ (۱) سُریلی آواز سے گانا + (۲) جوتیاں مارنا ۔ خوب پیٹنا (مدبازی)

لہر اُٹھنا ۔ یا آنا ۔ ہ۔ ف ل ۔ (۱) موجیں پیدا ہونا

وہ بحر حُسن جب فرقت کی شب میں یاد آتا ہے
یہی لہر آتی ہے دل میں کہ چلکر ڈوب دریا میں

(۲) اُمنگ اُٹھنا ۔ جوش آنا +

لہر بہر ہونا ۔ ہ۔ ف ل ۔ کسی چیز کی کمی نہونا ۔ موج آنا +

لہر چڑھنا ۔ ہ۔ ف ل ۔ سانپ کا زہر چڑھنا۔ شخص مار گزیدہ کا ہاتھ پاؤں پیٹنا ۔ دورہ ہونا

لہر چھوٹنا ۔ ہ۔ ف ل ۔ اُمنگ اُٹھنا ۔ جوش جوانی پیدا ہونا + کوئی دے گیا یا زہر بوٹنی ۔ مری آدھی رات

لہر چھوٹی + **گیت** ۔ ہ۔ عو۔

لہریں گننا ۔ ہ۔ ف م ۔ تضیع اوقات کرنا ۔ بیفائدہ کام کرنا

آجائے اُسکو لہر ادھر آنے کی کہیں
لہریں گنا کروں میں کہانتک کنار گنگ

لہریں لینا ۔ف ل۔ (۱) دریا کا موجیں مارنا یا لہریں لینا + (۲) مجازاً جی میں مزے لینا،

لہک لہک کر بولنا ۔ف ل۔ نہایت خوش ہو کر بولنا بیباکی کے ساتھ گفتگو کرنا +

لہنگا پہننا ۔ف ل۔ عورتوں کا جامہ پہننا۔ چوڑیاں پہننا۔ عورت بن جانا + (طعنہ اُن مردوں کے شرم دلانے کو کہا کرتے ہیں) + کمایا نہیں جاتا تو لہنگا پہن لو +

لہو آنا۔ بیٹھنا۔ یا بکھنا ۔ف ل۔ خون کے دست آنا +

لہو بگڑ جانا ۔ف ل۔ دیکھو (خون بگڑنا)

لہو پانی ایک کرنا۔ لہو کو پانی کرنا ۔ف م (سخت محنت کرنے سے جو بدن میں بہت گرمی پہنچتی ہے تو لہو پانی سا پتلا ہو جاتا ہے) اسی سبب سے (۱) سخت محنت اُٹھانا۔ محنتِ شاقہ کرنا۔ چوٹی کا پسینا ایڑی تک لانا + (۲) غضبناک کرنا۔ غصہ دلانا + (۳) بہت ستانا۔ تکلیف دینا۔ سخت رنج پہنچانا + **آتش** ؎

رُلاتا ہے وصال یار کا شوق
فراق اپنا لہو کرتا ہے پانی

لہو پینا ۔ف م۔ دق کرنا۔ دیکھو (جان کھانا) + **میر** ؎

اب وہ جگر پیش سے تڑپا ہے تشنہ لب
مدت تلک جو میرے کا لہو پیا کیا

لہو تھوکنا۔ یا۔ ڈالنا ۔ف م۔ منہ سے تھوک کے بجائے لہو گرنا۔ لہو کی قے کرنا + **آتش** ؎

عشق کہتے ہیں اسے نیمچۂ ابرو کا
صورت زخم لہوتا دمِ آخر تھوکا

لہو ٹپکنا ۔ف ل۔ جلدی بیماری کے باعث بدن سے خون ٹپکنے لگنا۔ کوڑھ ہو جانا +

لہو خشک ہو جانا۔ یا سوکھ جانا ۔ف ل۔ رنج و صدمہ پہنچنا۔ دیکھو (خون خشک ہو جانا) **ناسخ** ؎

خشک ہو جاتا ہے حاسد کا لہو شے کو ساتھ
کوئی ناسخ کا جو مجکو شعر ترا آتا ہے یاد

لہو رونا ۔ف ل۔ اسقدر رونا کہ آنسوؤں کے بجائے خون نکلنے لگنا۔ نہایت رونا +

لہو سفید ہو جانا ۔ف ل۔ دیکھو (خون سفید ہونا) **ناسخ** ؎

کیوں ہو نہ جائے اہل جہاں کا لہو سفید
الفت کا کر گیا ہے جہاں سے فرار رنگ

لہو کا پیاسا ۔اسم مذکر۔ تشنہ خون۔ دیکھو (خون کا پیاسا) + **ظفر** ؎

جو پینے دیگا نہ مے محتسب تو یہ خونخوار
پیاسے اُسکے لہو کے پیاسے کچھ ہی ہونگے

لہو کا جوش ۔اسم مذکر۔ ولولۂ محبت۔ ماتا کی پھڑک + **برق** ؎

دم نکل جاتا ہے میرا دیکھ کر ایذا سے غیر
آدمی سب ایک ہیں یہ بھی لہو کا جوش ہے

لہو کرنا۔ ہ۔ فم۔ (۱) صدمہ پہنچانا۔ تکلیف دینا دیکھو (خون کرنا) + (۲) بدمزہ کرنا عیش منغص کرنا۔ رنگ بھنگ کرنا + **جانصاب**

لال پیلی مجھے غصے کی دکھا کر آنکھیں
کھا نہ پینا میرا کیوں آپ لہو کرتے ہیں

لہو کے سے گھونٹ پینا۔ ہ۔ ف ل تکلیفیں برداشت کرنا۔ جھیلنا + **نظیر**

تھے جیسے جوانی میں پیئے جام سبو کے
ویسے ہی بڑھاپے میں پیئے گھونٹ لہو کے

لہو لگا کے شہیدوں میں ملنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) کسی کام میں ذرا سا دخل دیکر پورا حق دار بنجانا۔ کسی معاملہ میں تھوڑی سی پتی ملا کر برابر کا ساجھی ہو جانا + **میر**

ناخن سے بوالہوس کا گلا یوں ہیں چھلگیا
وہ بھی لہو لگا کے شہیدوں میں ملگیا

(۲) کسی صحبت میں ملجانا۔ دوسرے کی وضع اختیار کرلینا +

لہو لہان۔ ہ۔ صفت۔ خون آلودہ۔ لہو میں لتھڑا + **مومن**

آغوش گور ہو گئی آخر لہو لہان
آساں نہیں ہے آپکے بسمل کا ٹھکانا

لہو لینا۔ ہ۔ فم۔ فصد کی راہ خون نکالنا +

لہو موتنا۔ ہ۔ ف ل۔ پیشاب کی راہ خون آنا۔ مرنے کے قریب ہو جانا +

لہو میں ہاتھ رنگنا۔ ہ۔ ف م۔ کسیکو مار ڈالنا۔ خون کرنا +

لہو ہلکا ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ عو۔ صدمے کی برداشت نہیں کرسکتا ہے + **بحر**

اُس سرخ دوپٹے کی طرف دیکھ نہ اے دل
ناحق کو سبکی ہوگی لہو تیرا ہے ہلکا

لے اُڑنا۔ ہ۔ فم۔ (۱) بھڑکا دینا۔ (۲) کسی چیز کا مزا یا لطف دوچند یا دوبالا کردینا۔ رونق بڑھا دینا +

لیا گیا۔ ہ۔ محاورہ۔ خجل و شرمندہ ہوا مجوب ہوا +

لیا ہی نہیں پڑتا۔ ہ۔ محاورہ۔ مزاج کی صدہی نہیں ملتی۔ حال ہی نہیں کھلتا۔ بڑا ہی معرور ہے

لیا ہی نہیں جاتا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی طرح قابو میں نہیں آتا۔ کسی طرح دھوکے یا دھکی میں نہیں آتا + اتنے اتنے لئے نہیں جاتے + (عورتیں اپنے بیوقوف بچے سے کہا کرتی ہیں کہ تیری عمر کے اور لڑکے کسی کے کسی طرح دم جھانسے میں نہیں آتے ہیں اور تو ایسا موڈھوا ٹھا ہے کہ تجھے ہر کوئی بہلا لیتا ہے) +

لے بڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی چیز کی عادت پڑجانا +

لے بھاگنا ۔ ہ۔ف م ۔ (۱) عورت وغیرہ کو بھگا کر لیجانا + (۲) بن سکھائے پڑھائے کسی بات کو حاصل کرلینا۔ کسی کام کی باریکیوں سے واقف نہونا +

لے بھاگو ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جو بغیر کسیکی تعلیم کے کچھ حاصل کرلے۔ عطائی۔ بن استاد

لے بھئی ۔ ہ۔ ندا و مذبہ۔ (۱) میں کہتا ہوں سنو یار۔ ائے۔ (گنواری) مکو + (۲) بڑا اچرج ہے۔ تعجب ہے۔

لے بیٹھنا ۔ ہ۔ف م۔ (۱) کسیکو اپنے ہمراہ لیکر پانی کی تہ میں جا بیٹھنا۔ لے ڈوبنا + (۲) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی کسی طرح کا نقصان پہنچانا +

لینے کا نہ پوتنے کا ۔ ہ۔ محاورہ۔ نہ لینے ہی کے مطلب کا ہے اور نہ پوتنے کے کام۔ کسی کام کا نہیں۔ محض بیکار اور نکما +

لیپے میں آنا ۔ ہ۔ف ل۔ (لیپی ہوئی جگہ پر پاؤں پھسلنے کی وجہ سے چلنا دشوار ہوتا ہے) اسی سے (۱) مصیبت یا دقت میں مبتلا ہونا (۲) دم میں آجانا +

لیتا بھولے نہ دیتا بھولے ۔ ہ۔ محاورہ۔ فقہ بکری کی تعریف میں بولا کرتے ہیں کیونکہ اُدھار لینے دینے کے طرفین سے کوئی بھول ہی جایا کرتا ہے +

لیت ولعل کرنا ۔ ا۔ف م۔ دیکھو آجکل کرنا

لیٹ جانا لیٹے جانا ۔ ہ۔ف ل۔ پسر جانا۔ آگے چلنے کی طاقت نہ رہنا۔ کم ہمت ہو جانا۔ ہمت ہار دینا +

لے دوڑنا ۔ ہ۔ف م۔ (۱) بیان کرنے لگنا ذکر چھیڑ دینا + (۲) کسیکی نسبت خیال کرلینا

لے دے کرنا ۔ ہ۔ف م۔ (۱) تنبیہ کرنا۔ ڈانٹنا سرزنش کرنا + (۲) کوشش کرنا۔ تن دہی کرنا

لے دیکے ۔ ہ۔م ف۔ (۱) لینا لیکر اور دینا دیکر تمام قرضہ وغیرہ چکا کر + (۲) بمشکل تمام بہزار دقت + (۳) ہمگی۔ تمام۔ سارا۔ کلہم + لے دیکے چون کٹھوتی میں + مثل

لے ڈالنا ۔ ہ۔ف م۔ (۱) دیکھو (آڑے ہاتھ لینا نمبر ۳۔ ۴۔ ۵) + (۲) عاجز کرنا بڑا حال کردینا +

چار ہی دن کے بخار نے لے ڈالا

لے ڈوبنا ۔ ہ۔ف م۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا + لا اعلم ہ

خدا آنکھوں سے سمجھے دل کو بھی ساتھ اپنے لے ڈوبیں
نہیں تو پار تھا بیڑا غریق بحر الفت کا

لیر لیر کرنا ۔ ہ۔ف م۔ دھجیاں کر ڈالنا۔ پھاڑ ڈالنا + (لھیر لھیر کرنا بھی بولتے ہیں)

لے رہنا۔ لے نکلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کما لینا۔ حاصل کر لینا۔ (۲) سیکھ جانا۔ پڑھ جانا

لیس یا طیس ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ مستعد و تیار ہونا۔

لیک پیٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مقرری راستے پر چلنا۔ لکیر پر فقیر رہنا۔ (۲) ترقی نکرنا۔ نیا راستہ نہ دریافت کرنا۔ (۳) ایک بات پر بار بار کوشش کئے جانا یا مضمون لکھنا۔

لیک سے لیک ملنا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ راستے کو [illegible] راستے چلنا۔ قدیم رسم و رواج [illegible] کرنا۔ مرجا دباہر چلنا۔

لیک لیک چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ راستے سے جانا۔ مرجا دپر چلنا۔

دوہا

لیک لیک گاڑی چلے اور لیک چلے کپوت
لیک لیک تینوں ہی چلیں کوی سنگھ سپوت

لیکھا [illegible] پر کرنا [illegible] ف م (ایک طرف [illegible] دوسری طرف باقی یا [illegible] خرچ برابر کرنا) اسی سبب سے حساب صاف کر دینا۔ فیصلہ کر دینا۔ حساب صاف کر دینا۔ چکا دینا۔

لیے لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ دیکھو (رٹنا لگنا)

لے لوٹ۔ نالوٹ۔ ہ۔ صفت لیکر لوٹ جانے والا۔ اُدھار لیکر دینے کی صورت

نکرنے والا۔ لیچڑ۔

لے لینا۔ ہ۔ ف ل۔ گانا شروع کرنا۔ الاپنا

دوہا

گھنے بجاؤ نے کو جب ہاتھ بیچ نے لی
بھنون ہو گئے سب یہ اسطرحی لے لی

لے مرنا۔ لیے مرنا۔ ہ۔ ف م۔ تہمت و بہتان لگانا۔ الزام دھرنا۔

بحر

کیا تہمت ہے جو ہمکو کفن بھی ہوا نصیب!
وہ لے مرے کہ میرا ڈوپٹا اُٹھا لیا

لینا ایک نہ دینا دو۔ ہ۔ محاورہ۔ (نہ کسی سے ایک لینا ہے نہ کسی کے دو دینے ہیں) اسی سبب سے کچھ تعلق نہیں ہے۔ سب سب باتیں برتھا ہیں۔

نظیر

کوئی پھول کے بیٹھے مسند پر کوئی رو دے اپنی دولت کو
جو اپنا ہو سو مجھ سے لے اور میرا ہو سو مجھکو دے
کوئی لڑتا ہے کوئی مرتا ہے۔ کوئی جھگڑے حق پر ناحق کو
جو دیکھا خوب تو آخر کو کچھ لینا ایک نہ دینا دو

لین ڈوری۔ پیش خیمہ۔ ا۔ اسم مؤنث (۱) وہ خیمہ جو اُمرا یا فوج کے لئے آگے جا کر کھڑا کیا جاتا ہے۔ سامان آمد۔ فوج کا وہ سامان جو کوچ سے آگے بھیجا جاتا ہے۔ (۲) کسی بات کے ہونے کی علامت کسی کام کے ظہور کی نشانی۔ آمد شروع۔ آغاز۔ آد۔

لینڈی جڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (کتے کتیا کی اکثر لینڈی جڑ جایا کرتی ہے) اسی سبب سے گہری دوستی ہونا۔ استغبال لڑانا + (بازاری) +

لینڈی ستر ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (بازاری) غرور یا گھمنڈ بڑھنا۔ دماغ چلنا +

لینے آنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) استقبال کے واسطے آنا۔ اگوانی کرنا + (۲) کسی چیز یا آدمی کے لیجانے کے لئے آنا +

لینے کے دینے پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (لینے کے عوض میں دینا پڑنا)۔ اسی سبب سے۔

(۱) بجائے اچھا ہونیکے مرنے کے آثار دکھائی دینے لگنا۔ جان کے لالے پڑنا۔ آس جاتی رہنا + (۲) دقت میں پڑنا +

لینگ تھینگ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ لڑائی جھگڑا یا دنگا فساد ہونا +

لیو چڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دیوار پر گوبری کی تہ جمنا۔ (۲) موٹا تازہ ہونا +

لیہی جیہی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ مال و متاع۔ روپیہ پیسا۔ سرمایہ۔ پونجی +

م

ماں بہن کرنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کی ماں کو اور بہن کو گالیاں دینا۔ مادر خواہی کرنا +

مات کرنا۔ یا۔ دینا۔ ف م۔ (۱) شطرنج میں بازی جیتنا۔ شکست دینا + (۲) کسی گن یا ہنر میں سبقت لیجانا۔ پیچھے ہٹھانا۔ (۳) طنزاً) کسی برائی میں بڑھ جانا۔ گیا گزرا ہونا +

ماتھا بھڑکنا یا پھوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (دیہات) سر میں درد ہونا +

ماتھا پٹکن کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (طنزاً) سلام کرنا (۲) معذرتی کرنا۔ سر مارنا۔ بیفائدہ سمجھانا +

ماتھا ٹھنکنا۔ ماتھے گولی لگنا۔ (گنوار)۔ ہ۔ ف ل۔ کسی بات کے ہونے سے پہلے اُسکی بُری علامتیں دکھائی دیجانا۔ قبل از وقوع کسی امر کے بُرے آثار نظر آجانا یا طبیعت میں خطور کر جانا + (اس محاورے میں مسلمان ٹھنکنا کو بالفتح اور ہندو بالکسر اول بولتے ہیں) +

ماتھا رگڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) سجدہ کرنا + (۲) منت وسماجت کرنا۔ ناک رگڑنا + (۳) خوشامد کرنا

ماتھا مارنا۔ ہ۔ ف م۔ دیکھو (سر مارنا)

ماتھے جانا۔ ہ۔ ف ل۔ الزام عائد ہونا۔ سر لگنا یا پڑنا +

ماتھے رولی چانول چڑھنا۔ ہ ف ل۔ (ہ عو) بیاہ شادی ہونا۔ سہرا پر موڑ دھرا جانا +

ماتھے مارنا۔ ہ۔ ف م۔ دیکھو (سر سے مارنا)

مائی میں رُلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) جسم کا خاک میں ملجانا۔ فنا ہو جانا + **میر** ؎

ہر ذرّہ خاک تیری گلی کی ہے بیقرار
یاں کون ستم زدہ مائی میں رُل گیا؟

(۲) خراب یا تباہ ہونا۔ بگڑ جانا +

ماچھی آسہر۔ اصطلاح۔ (قصاب) اٹھارہ روپے

ماچھی مینا۔ اصطلاح (قصاب)۔ بیس روپے

ماچاتوڑ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ شخص جو پلنگ پر پڑا رہے اور اُسپر سے اُٹھنے کو کبھی جی نچاہے + (۲) احدی۔ کاہل۔ سُست + (۳) راجپوت سپاہی +

مادر بہ خطا۔ (عوام) **مادر بخطا**۔ ف۔ اسم مذکر۔ نطفۂ حرام۔ کمُوت۔ ایک قسم کی گالی +

مادر خواہی کرنا۔ ا۔ ف م۔ کسیکو ماکی گالی دینا۔ گالی گلوچ کرنا +

مارا پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ قتل کیا جانا۔ مارا جانا +

مارا پڑا میں جنبشِ ابرو کے یار سے
رتبہ شہید کا تیری شمشیر سے ہوا

مارا تارنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مار ڈالنا + (۲) مرنے کے قریب کر دینا + (۳) تباہ یا برباد کرنا ستیاناس کر دینا + (۴) فریفتہ کر لینا عاشق بنا لینا۔ موہ لینا +

مارا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) قتل ہونا + (۲) برباد یا تباہ ہونا۔ لُٹ جانا + (۳) روپیہ پیسہ غیرہ کا وصول نہونا۔ ڈوب جانا + (۴) گم ہونا۔ کھویا جانا + (۵) چُل دینا۔ غارت ہو جانا +

ہمارے نوکر کہاں مارے گئے؟

مارا مار۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) کشاکش۔ دھکا پیل + **رشک** ؎

کوچۂ گیسو میں کیوں جاؤں میں سودائی نہیں
بیچ میں اندھیر ہیں خوفناک مارا مار ہے

(۲) جلدی۔ تیزی۔ تقاضا + سال ختم پر ہے تو آجکل دفتروں میں کام کی مارا مار ہو رہی ہے

مارا مارا پھرنا۔ مارے مارے پھرنا۔ ہ۔ ف ل (۱) واہی تباہی پھرنا۔ ہرزہ گردی کرنا + (۲) ٹھوکریں کھاتے یا خراب و خستہ پھرنا +

جو مر رہے ہیں اُسپر اُنکا نہیں ٹھکانا
کیا جانیے کہاں وہ پھرتے ہیں مارے مارے

مارا مار کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) نہایت جانفشانی کرنا۔ نہایت محنت یا کوشش کرنا + (۲) جلدی کرنا۔ تقاضا کرنا + (۳) دوڑ دھوپ کرنا

مار پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) زدوکوب ہونا۔ پٹنا + (۲) قہر نازل ہونا۔ کوپ ہونا +

مارتے خاں۔ (اسم مذکر) مارتی تیغ۔ رستم۔ ظالم + مارتے خاں سے سب ڈرتے ہیں + مثل

مارتے مارتے بھورکر دینا۔ ہ۔ ف م۔ (اتنا مارنا کہ صبح ہو جائے) اسی سبب سے۔ خوب زدوکوب کرنا۔ بہت ہی مارنا +

مارتے مارتے گھٹھڑی کر دینا۔ ہ۔ ف م۔ بہت سا مارنا۔

مار رکھنا یا۔ لینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) ناجایز طور سے کسی کے مال کو دبا لینا۔ دبا بیٹھنا۔ اینٹھ لینا (۲) فریفتہ کرنا۔ موہ لینا + میر ؎

عالم کو مار رکھا ہے تیں یا قد دوتا
زاہد! یہ کاٹ ہے تیری تیغ دو نیم کا

مار کھا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ دھوکے یا فریب میں آجانا

مار کھانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پٹنا +

لڑکے تو کیوں مار کھانے کی باتیں کرتا ہے؟ عو

(۲) ٹھگ بد یا فریب سے کماتا +

مارکے۔ م ف۔ از حد۔ بہت۔ بالکل +

اتنا گھسیٹا اتنا گھسیٹا کہ مار کے ستیاناس کر دیا +

مار مرنا۔ ہ۔ ف ل۔ اپنے تئیں مار کر مرجانا + خودکشی۔ یا۔ آتم گھات کرنا + لااعلم ؎

میں نے کہا۔ "تنگ ہوں۔ مار مروں کیا کروں" ہنسکے لگے کہنے۔ "ہاں کچھ تو کیا چاہیئے"

مار میں جانا۔ ہ۔ ف ل۔ روپیہ کا وصول نہ ہونا ڈوب جانا۔ مارا جانا +

ماس نوچنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کو دق کر کے اُس سے اپنے صرف کے لئے لینا۔ اُپاڑ کر کھا جانا۔ کھانے کو مانگنا +

ماش ماش مارنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی پر اڑد پڑھ پڑھ کے پھینکنا۔ جادو کرنا + یار علی ؎

ملگئی گر کوئی بنگالے کی اوباش تمہیں
بھیڑ بنجاؤ گے ماریگی جود و ماش تمہیں

ماشہ تولہ ہونا۔ (ف ل۔ ایک حالت پر نہ رہنا۔ بدلتا رہنا۔ بہت نازک ہونا + مصرع

ماشہ گھڑی میں تولہ ہے زردار کا مزاج +

ماکا دودھ۔ ہ۔ محاورہ۔ کوئی حلال شے کوئی جایز چیز۔ شیر مادر +

ماکھو دورنا۔ ہ۔ ف ل۔ (س مُکھ بمعنی مُنہ) اسی سبب سے۔ پھیل جانا۔ ایک مُنہ سے دوسرے مُنہ میں بہت جلد پڑ جانا۔ کسی بات کا بہت جلد مشہور ہو جانا

ماکے پیٹ سے لیکر کوئی نہیں آتا۔ ہ۔ محاورہ۔ (بے ہنر کی تشفی اور ترغیب کے لئے کہا کرتے ہیں) کوئی شخص کسی قسم کا کوئی ہنر یا فن ساتھ لیکر پیدا نہیں ہوتا ہے بلکہ سب دنیا ہی میں آکر سیکھا کرتے ہیں +

مال اُڑانا ۔یا۔مارنا۔ا۔ف م ۔(۱) عمدہ عمدہ غذائیں کھانا۔دعوت اُڑانا + (۲) کسیکے مال کو فریب یا دھوکے سے قبضے میں لانا خیانت کرنا + (۳) مزے اُڑانا چین کرنا سامنے آنکھوں کے پہروں ہی بٹھایا یار کو مال مارا ہمنے۔ لوٹا دولت دیدار کو

مالا مال کر دینا۔ا۔ف م ۔(۱) نہال کر دینا امیر یا مالدار بنا دینا + (۲) خوب زرخیز آباد یا قابل پیداوار کر دینا +

مال تال۔مال ٹال۔ا۔اسم مذکر۔مال و متاع ۔روپیہ پیسا + **مرزا برق** ؎

راہِ عدم میں کوئی کسیکا نہیں معین
خالی ہیں مال تال سے ہر ہمسفر کے ساتھ

مال چکھنا۔ا۔ف م۔کھانے پینے میں خوب روپیہ صرف کرنا ۔سارا مال اُڑا دینا۔ یا کھا ڈالنا + **لالا اعلم** ؎

باقی ہے نہ دلکا کوئی ٹکڑا نہ جگر کا
چکھا غم دلدار نے سب مال ہمارا

مال چیرنا۔ا۔ف م ۔مال مارنا۔ مال غصب کرنا ۔غبن کرنا + (بازاری)

مال زادہ۔ا۔اسم مذکر۔(۱) رنڈی کا جنا۔ حرامزادہ۔ ایک قسم کی گالی + (۲) قرم ساق ۔بھڑوا +

مال زادی۔ا۔اسم مؤنث ۔(۱) کسبی۔ دلالہ (۲) زن بازاری۔ رنڈی + **راحت** ؎

تم مال مست ہو گئے میرے جہیز سے
کھانیکو مال زادیوں کی گالیاں چلے

مالش کرنا۔ا۔ف م۔(۱) ملنا + (۲) جلا یا صیقل کرنا + (۳) متلانا۔قی کی طرف رغبت کرنا + آج تو جی مالش کرتا ہے +

مال کٹنا۔ا۔ف ل۔(۱) چوری جانا۔لٹنا + (۲) مال کا کثرت سے بکنا کھپنا یا خرچ ہونا (دوکاندار) + اب دلی کی منڈی میں بھی بڑا مال کٹنے لگا ہے +

مال مست۔ا۔اسم مذکر۔ مال و دولت کے سبب بے فکر۔بے فکرا +

مامابختر یاں کھانا۔ا۔ف ل۔(۱) ترتبتر روٹیاں جو مائیں امیروں کے ہاں سے اپنے بچوں کے واسطے بھیجتی ہیں) اسی سبب سے ۔مفت کے مال چٹ کرنا۔ بن بھاؤ کی کھانا +

مامی بینا۔ہ۔ف م۔خوشامد طرفداری کرنا۔اوڑھنا

مان ڈھیلنا۔ہ۔ف ل۔گھمنڈ نکل جانا۔غرور جاتا رہنا +

مان رکھنا۔ہ۔ف م۔(۱) عزت یا پت قایم رکھنا + (۲) کسیکا کام اُسکے کہنے کے

بموجب کر دینا۔ کہنا کرنا +

مان مرجانا۔ ہ ف ل۔ باعث فخر کا جاتا رہنا یا مرجانا۔ عاجز ہو جانا +

بیٹے کے مرنے سے اُسکے سارے مان مر گئے

مانگ اُجڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ عو۔ رانڈ یا بیوہ ہو جانا

مانگ بھرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) سیند وریا موتی مانگ میں بھرنا جو اکثر شادی کے موقع پر ہوا کرتا ہے + (۲) شادی کرنا۔ بیاہ دینا +

مانگ بھری۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ عو۔ سہاگن خاوند والی +

مانگ پٹی میں لگا رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ اپنے تئیں بناؤ سنگار میں مصروف رکھنا +

مانگ تانگ کر کام چلانا۔ ہ۔ ف م۔ اِدھر اُدھر سے لے دیا کر گزارہ کرنا یا کام نکالنا

مانگ جلی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ عو۔ رانڈ بیوہ +

دل جلی۔ مانگ جلی۔ کو کھ جلی ہوں۔ بتو! کیا ہوا مُنہ سے نکلتا جو دھواں رہتا ہے

مانگ چیرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (رنڈی)۔ ازالۂ بکر نا ہونا

مانگ کھلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) منگیتر لڑکی یا لڑکے کا مر جانا + (۲) بیاہی ہوئی عورت کا مر جانا +

مانگ نکالنا۔ سنوارنا۔ چیرنا۔ یا۔ بنانا۔ ہ۔ ف م۔ (سر) ماؤگ یعنی سیدھا راستہ چاتا پر کے بالوں کو بیچوں بیچ میں سے سیدھا جا کرنا۔ عورتوں یا عورت صفت مردوں کا ایک قسم کا سنگار کرنا +

مانمت مچانا۔ ا۔ ف ل۔ م عو۔ فل و شور مچانا فضیحتی کرنا + (پورب)

شوق

دیکھنا گھر اگر نہ جاؤنگی
کیسی پھر مانمت مچاؤنگی

مانیئوں بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہندی مانجھا بمعنی پیڑھی)۔ (۱) دولھا دولہن کا اپنے اپنے گھروں میں زرد پوشاک پہنکر بیٹھنا اور شادی کی رسموں میں مصروف ہونا + (۲) گھر سے باہر نہ نکلنا +

مائی کا لال۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) اپنی ماکا پیارا بیٹا + (۲) شور ما آدمی + (۳) ایشور کا بھگت خدا کا پیارا +

مبارک سلامت ہونا۔ ا۔ ف ل۔ مبارکباد یا بدھائیاں دی جانا +

مت ماری جانا۔ ہ۔ ف ل۔ عقل کا خبط ہو جانا۔ یا جاتا رہنا +

نظیر

پنکھٹ کو ہماری اگر اسواری گئی ہے
تو واں بھی لگل ساتھ ہی خواری گئی ہے
سنتے ہیں کہ کتنی ہوئی پنہاری گئی ہے
لو دیکھو! بڑھاپے میں یہ مت ماری گئی ہے

مٹر پکانا۔ ہ۔ ف ل۔ (پورب)۔ پریشانی

دقت میں پڑ جانا +

مٹر گشت کرنا۔ ا۔ ف م۔ بیفائدہ گشت کرتے پھرنا۔ یونہیں پھرنا +

مٹر مٹر دیکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ بچے کا بھولپن کے ساتھ خاموش بیٹھے دیکھے جانا +

مٹھ بھیڑ۔ مُنڈ بھیڑ۔ یا۔ مٹھ بھیڑ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہندی مُونڈ بمعنے سر۔ یعنے دو سروں کا بھڑنا یا ملنا)۔ اسی سبب سے ملاقات ہونا۔ چار آنکھیں ہونا + **نظیر**

بیچین ہوا دل سینے میں گر دیکھنے میں کچھ دیر ہوئی
گھبرا کے نکلی بے بس ہوا در شوق کی گھبرا گھبر ہوئی
بازار گلی اور کوچوں میں ہر ساعت ہیرا پھیر ہوئی
تھی چاہ نظر پھر دیکھنے کی جس جاگہ پر مُٹھ بھیڑ ہوئی
مُکھ دیکھ لیا۔ دل شاد کیا۔ خوشوقت ہوئے اور چل نکلے

مٹھ مارا جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (مٹھ یا منڈھ کا گرجانا) اسی سبب سے بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا +

مٹھ مار دینا۔ ہ۔ ف م۔ خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا

مٹھیاں بھرنا۔ ہ۔ ف م۔ پاچپی کرنا۔ پیر یا پاؤں دبانا +

مٹھی گرم کرنا۔ ا۔ ف م۔ (کسی کی مٹھی میں کچھ دینا)۔ اسی سبب سے۔ رشوت دینا +

مٹھی میں ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ قبضے یا اختیار میں ہے +

مٹیا پھونس۔ ہ۔ صفت۔ کمزور۔ لاغر۔ ناتواں +

مٹیا ٹھس۔ ہ۔ صفت۔ کاہل۔ سُست۔ جی ہار

مٹی پر لڑنا۔ ہ۔ ف م۔ زمین پر جھگڑا کرنا +

مٹی پکڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ جگہہ پکڑ لینا۔ جم جانا + فنا ہو کر بھی کوئے یار سے اُٹھنا نہ تھا لازم
ہمیں مٹی پکڑ کر پشتۂ دیوار ہونا تھا

مٹی پلید۔ خراب۔ خوار۔ یا عزیز ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) تجہیز و تکفین کی رسمیں اچھی طرح ادا نکی جانا۔ کریا کرم بخوبی ہونا + (۲) تباہی و بربادی ہونا۔ خراب ہونا + (۳) کشمکش میں پڑنا۔ دقت میں پھنسنا۔ ناک میں دم آنا + **نظیر**

دل اِدھر سینے میں تڑپے جی اُدھر بیزار ہے
کیا کہیں! ابتو بہت مٹی ہماری خوار ہے

(۴) خوب پٹنا۔ ٹھیک بننا + (۵) بے عزتی یا بیوقری ہونا +

مٹی ٹھکانے لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دفن ہونا + (۲) حسبِ قاعدہ تجہیز و تکفین یا کریا کرم ہونا + (۳) مرنا۔ فوت ہونا +

مٹی خراب کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) مردے کو حسبِ دستور دفن نکرنا یا نہ جلانا + (۲) کسی چیز کو خراب کرنا یا بگاڑنا + (۳) دِق کرنا۔ ستانا۔ ناک میں دم کرنا +

مٹی دینا۔ ہ۔ ف م (مسلمان) دفن کرتے وقت ہر موجود آدمی کا مردے پر مٹی ڈالنا۔ (ہندو) لکڑیاں دینا۔ دفنانا + **ناسخ**

کل نہ دیگا کوئی مٹی بھی اُنہیں
آج زر جو کہ دیا کرتے ہیں

مٹی ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ دیکھو (**خاک ڈالنا**)

مٹی ڈلوانا۔ ف م۔ مال مسروقہ حاصل کرنے کے واسطے ایک مقرری جگہ پر شخاص مشتبہ وغیرہ مشتبہ سے مٹی ڈلوانا۔ (اس تدبیر سے بعض اوقات کچا چور مال مسروقہ کو مٹی میں ملا کر ڈال جایا کرتا ہے)

مٹی عزیز کرنا۔ ف م۔ (۱) اپنے ہاتھوں گوڑ گڑھا کرنا۔ دفنانا + **آتش**

قبول خاطرِ مردم ہو تُو تیا کی طرح
عزیز تیری کریں شیخ و برہمن مٹی

(۲) کسی چیز کو بگاڑنا یا خراب کرنا + (۳) حیران کرنا۔ دِق کرنا +

مٹی کا بیجر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ دیکھو (**خاک کا پتلا**)

مٹی کا مادھو۔ ہ۔ محاورہ۔ مورکھ آدمی + دیکھو (**مٹی کی مُورت نمبر ۲**)

مٹی کر دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مٹی کے رنگ بنا دینا۔ بہت میلا کر دینا + (۲) خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا + (۳) فضول خرچی کرنا بیجا روپیہ اُٹھا دینا +

مٹی کی مُورت۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) کالبدِ انسانی۔ جسم۔ کایا۔ بدن + **ذوق**

سیرت کے ہم غلام ہیں صورت ہوئی تو کیا
سرخ و سفید مٹی کی مورت ہوئی تو کیا

(۲) بیوقوف آدمی۔ مٹی کا مادھو۔ دیکھئے کا آدمی +

مٹی کے مول بیچ ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ نہایت ارزاں یا سستا دے ڈالنا +

مٹی میں ملجانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) جسم کا خاک بن جانا + (۲) خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا +

مٹی میں مٹی۔ یا۔ مٹی میں مائی ملنا۔ ف ل جسم کا خاک ہو جانا۔ فنا ہو جانا + **دوہا**

مائی میں مائی ملی جی پون میں پون
میں تو ہے بوجھوں اے سکھی! دونو نمیں ہوا کون

مٹی ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی چیز کا مٹی بن جانا + (۲) کسی چیز کا بیکار و بوسیدہ ہو جانا۔ خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا + **آتش**

خدا کے واسطے۔ اے آسماں! حوالے کر
دھرے دھرے نہ کہیں ہو مرا کفن مٹی

(۳) بیکار و نکما بن جانا۔ وقعت نہ رکھنا۔ (۴) رکھے رکھے کسی کھانے کا ٹھنڈا اور بدمزہ ہو جانا + (۵) مردہ دل ہو جانا۔ طبیعت

کامرجانا +

مجذوب کی بڑ۔ا۔اسم مؤنث۔بیہودہ یا بےمعنی باتیں +

مجرا کرنا۔ا۔ف م۔(۱) سلام یا بندگی کرنا (۲) ناچنا۔رقص کرنا + (۳) دام وضع کر لینا +

مجلس جیراں۔ا۔اسم مؤنث۔(لکھنو)۔ایک قسم کی مستی +

مجھ میں آیا۔ا۔محاورہ۔میں اس چیز یا روپے کا ذمہ وار یا دین دار ہوں میں اسکا ضامن ہوں +

مچکا پڑنا۔یا۔کھا جانا۔ہ۔ف ل۔(دوکاندار) بازار کا مندا پڑ جانا۔چیز کا کسی قدر سستا ہو جانا +

مچھر کی جھول۔ہ۔اسم مؤنث۔بہت ادنی اور کم قیمت شے +

مچھلیاں پڑنا۔ہ۔ف ل۔ڈنڈونیپر مٹاپے کے سبب گوشت کی مچھلیاں سی دکھائی دینے لگنا۔نہایت فربہ ہو جانا +

مچھیاں لینا۔ہ۔ف م۔(ف مارچ بمعنی بوسہ) بوسے لینا۔پیار کرنا + (لکھنو)

محاورہ پڑنا۔ا۔ف ل۔(۱) عادت ہو جانا۔زبان پڑ جانا + (۲) روزمرہ ہو جانا +

محرم کی پیدائش۔ا۔اسم مذکر۔وہ شخص جو ہر وقت رنجیدہ نظر آئے +

محل خاص۔ا۔اسم مذکر۔سب بیگموں میں سردار۔پٹ رانی +

مخمل سا۔ا۔صفت۔بہت نرم اور ملائم +

مخمصے میں پڑنا۔یا۔ہونا۔ا۔ف ل۔دقت میں پھنس جانا۔جھگڑے میں پڑ جانا +

عجب مخمصے میں ہوں جو فلک سے۔
حوادث کے تیروں کا سینہ نشاں ہے

مد پر آنا۔ہ۔ف ل۔(پک جانا۔بالغ ہو جانا (اسکی پرکھ جب مد پر آوے لاکھوں ناری سنگ لیٹاوے جب وہ ناری مد پر آوے تب وہ ناری نر کہلاوے)

مد بانٹنا۔ا۔ف م۔راج مزدوروں کو انکی روزانہ اجرت خواہ روز یا آٹھویں دن تقسیم کرنا +

مدرسہ کی اینٹ۔ا۔اسم مؤنث۔(مذاقاً) وہ غبی اور کند ذہن لڑکا جو مدت تک ایک جماعت میں پڑا رہے +

مرچیں لگنا۔مرچیں سی لگ جانا۔ہ۔ف ل۔ناگوار گزرنا۔برا معلوم ہونا۔

لگتی مرچیں سی کہا بوں کو ہیں کیا کیا سنکر
دل بریاں سے مرے سوز محبت کے مزے

مرد امردی۔ا۔ف م۔زبردستی دنگا فساد جنگی +

مرد کی صورت نہ دیکھنا۔ا۔ف ل۔عورت کا مجرد یا جتی رہنا +

مردِ معقول۔مردِ آدمی۔ا۔اسم مذکر شریف آدمی۔بھلا مانس +

مُردنی چھانا۔یا۔پھر جانا۔ا۔ف ل۔زرد پڑ جانا۔مرنے کی سی حالت ہو جانا +

بزم میں سے اب تو چل اے رشکِ صبح۔
شمع کے مُنہ پر پھری ہے مردنی

مُردنی میں جانا۔ا۔ف ل۔مُردے کے اُٹھانے یا لیجانے میں شریک ہونا +

مُردوں کی ہڈیاں اُکھیڑنا۔ا۔ف م۔(۱) گذشتہ اُستادوں کے مضامین باندھنا + (۲) مردوں کو برائی کے ساتھ یاد کرنا +

مُردہ شو لیجائیں۔ا۔محاورہ۔م عو۔غارت ہو۔جاتا رہے۔اُڑ جائے + **میر**ؔ کام اُس کے لب کے بن مجھے بنت العنب سے کیا۔
ہے اب زندگی بھی تو یہ جائے مردہ شو +

مُردہ کر دینا۔ا۔ف م۔مردہ سا بنا دینا۔کمزور کر دینا +

مُردے کا مال۔ا۔اسم مذکر۔(۱) لاوارث مال + (۲) سستا یا ارزاں مال +

مر رہنا۔ہ۔ف ل۔(خفگی کی حالت میں نوکر وغیرہ سے کہا کرتے ہیں)۔(۱) سو جانا +

ہمیشہ شام سے ہمسائے مرے ہے۔آنش
ہمارا نالۂ دل گوش کو فسانہ ہوا

(۲) بیٹھ رہنا۔کسی کام میں دیر لگا دینا۔

مرزا بے پروا۔ا۔محاورہ۔نہایت بے پروا آدمی +

مرزا پھویا۔یا۔پھوما۔ا۔محاورہ۔نازک اندام آدمی۔چھوئی موئی +

مرزا مزاج۔ا۔صفت۔شہزادوں کے سے مزاج والا۔بڑا نازک طبع +

مُرغی کا۔مُرغی والا۔ا۔اسم مذکر۔مرغی کا جنا۔ایک قسم کی گالی +

مُرغی کا گو۔ا۔محاورہ۔(بازاری)۔(۱) نکمی و ناکارہ چیز + (۲) بے فیض۔نکما آدمی

مُرمُروں کا تھیلا۔ہ۔محاورہ۔بڑا موٹا پھپس آدمی +

مُرگ مارنا۔ہ۔ف م۔لڑکا پیدا ہونے کے چھٹے روز لڑکے کے باپ کا زچہ کی چارپائی پر کھڑے ہو کر چھت میں تیر مارنے کی رسم ادا کرنا + (انگلش فیض)

مرمّت کرنا۔ا۔ف م۔(بازاری) ٹھیک بنانا۔گت کرنا۔خوب پیٹنا +

مرمٹنا۔ہ۔ف ل۔(۱) کسی پر اپنی جان کھونا۔

عاشق ہونا + (۲) سخت محنت اُٹھانا۔ (۳) تباہ یا برباد ہو جانا +

مرنے کی فُرصت نہیں ہوتی ۔ا۔ محاورہ کام میں نہایت مصروف رہتا ہوں یا رہتی ہوں۔ ذرا چھٹکارا نہیں ہوتا +

مری باجی! یہ نہ ملنے کے گلے سچ ہیں لیکن مرنے کی بھی فرصت نہیں ہوتی مجھے گھر سے

مرہٹی گھس گھس ۔ہ۔ محاورہ۔ (مرہٹوں کا راج جس میں امیدوار پڑا سڑا کرتا ہے) اسی سبب سے۔ بُرا راج۔ بد انتظامی۔ ابتری +

مری پڑنا ۔ہ۔ ف ل۔ (۱) وبا کا پھیلنا + (۲) گاہک پر گاہک گرنا۔ خوب بکری ہونا۔ بازار چمکنا +

مری جُول ۔ہ۔ محاورہ۔ کاہل اور سُست آدمی۔ مُردہ +

مُرّی کُھل جانا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) سوت کے تار کا بل نکل جانا + (۲) جی کا بل نکل جانا۔ صفائی ہو جانا + **بجر** ؎

ہم بھی کم ملتے تھے جبتک جی میں بل رکھتے تھے
اب وہ مُرّی کُھل گئی الفت کا ڈورا بڑھ گیا

مزاج پُوچھنا۔ مزاج پُرسی کرنا ۔ا۔ف م کسیکی خیر و عافیت دریافت کرنا +

مزاج شریف! مزاج مُبارک ۔ا۔ محاورہ (مزاج پُرسی کا ایک شریفانہ محاورہ ہے) آپکی مزاج اچھے ہیں! آپ اچھی طرح سے ہیں! +

مزاج کرنا ۔ا۔ ف ل۔ نخوت یا اغماض کرنا۔ اِترانا + **شرر لکھنوی** ؎

اُٹھائیں جاکے گلستاں میں ناز کس کس کا
مزاج کرتا ہے گلچیں بھی باغباں کی طرح

مزاج کے مارے ۔ا۔ م ف۔ غرور و نخوت کے باعث +

مزاج میں آنا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) جی چاہنا سمجھ میں آنا + مزاج میں آئے تو مزاج میں آئے نہ تو + (۲) گھمنڈ یا غرور کرنا +

مُزمے لینا ۔ا۔ ف م۔ دیکھو (آڑے ہاتھ لینا نمبر ۳۔ ۴۔ ۵)

مزہ اُٹھانا یا پانا ۔ا۔ ف ل۔ بُرے کام کی جزا پانا۔ افعال بد کا نتیجہ حاصل کرنا

مزہ پڑنا ۔ا۔ ف ل۔ (۱) کسی چیز کا عادی ہونا + (۲) لت پڑ جانا یا لگ جانا +

مزہ چکھانا۔ یا۔ دِکھانا ۔ا۔ ف م۔ (۱) بدلا لینا + **یار علی** ؎

کر کے یار انکو چکھا دُوں رنڈی بازی کا مزا
لیکن اے خیرن! نہیں آتا بڑھانا شر مجھے

(۲) لطف چکھانا۔ مزے کرانا + **داغ** ؎

جو دل دکھا رہا ہے مزہ ہم گھڑی مجھے۔
آنکھوں سے سو برس بھی دکھایا نجائیگا +

مزے اُڈانا۔ یا۔ لُوٹنا۔ ا۔ ف ل۔ عیش و عشرت کرنا۔ چین اُڑانا یا کرنا + **ناسخ** ؎

خواب میں سارے مزے وصل کے ہم لوٹتے ہیں
بند آنکھیں ہیں مگر بند کوئی کام نہیں

مزے میں آنا۔ ا۔ ف ل۔ نہایت خوش ہونا۔ چاؤ میں آنا + **شوق** ؎

اچھے! آتے ہی اختلاط بڑھائے
خوب! نام خدا مزے میں آئے

مساکر کے۔ ہ۔ م ف۔ مشکل سے۔ بدقت +

مسجد میں اینٹ اُلٹکر رکھنا۔ یا۔ چُونا لگانا۔ ا۔ ف م۔ (مسلمان عورتوں کا اعتقاد ہے کہ اگر کوئی جھوٹا آدمی مسجد میں اینٹ اُلٹکر رکھدیتا ہے تو وہ برباد ہو جاتا ہے اور جو چونا لگا دیتا ہے تو وہ اندھا ہو جاتا ہے) اسی سبب سے اپنے تئیں بے قصور ثابت کرنیکے لئے قسم کھانا +

مسند کا گدھا۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) کاٹھ کی پتلی + (۲) بیوقوف امیر +

مسئلہ بگھارنا۔ ا۔ ف م۔ (طنزاً) وعظ کرنا +

مسیحائی کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) حضرت مسیح کا معجزہ دکھانا۔ مُردے کو زندہ کر دینا + (۲) نہایت بیمار آدمی کو تندرست کر دینا +

مسّی کاجل کرنا۔ ا۔ ف ل۔ سنگار کرنا +

مسّی کرنا۔ ا۔ ف م۔ (رنڈی) نوچی کے سر ڈھکے جانے یعنے سُہاگن ہونیکی خوشی میں برادری کو دعوت دینا اور ناچ رنگ کرنا

مسیں بھیگنا۔ ا۔ ف ل۔ موچھوں کے بالوں کا نکلنا شروع ہونا۔ آغاز جوانی ہونا

مستی ہونا۔ ا۔ ف ل (چونکہ عورتیں بیاہے جانیکے بعد مستی ملتی ہیں اسی سبب سے رنڈیاں سرفراز ہونے کو مستی ہونا بولتے ہیں)۔ کسی چھوکری کے سرفراز کئے جانیکی خوشی میں برادری کی دعوت ہونا۔ رنڈی کا سہاگن ہو جانا + **لا اعلم** ؎

ہمکو عاشق لب و دنداں کا سمجھکر اُسنے
رقعہ بھیجا ہے کہ ہے آج ہمارے مستی

مُشٹ مارے جانا۔ ہ۔ ف ل۔ اپنی دُھن میں چُپ چاپ چلے جانا +

مشعل کے نیچے سے نکلا ہوا ہے

ا۔ محاورہ۔ (بازاری) مذنانوں کے ساتھ ناچا ہوا ہے۔ نچنیا ہے +

مشعل لیکر ڈھونڈنا۔ دیکھو (چراغ

لیکر ڈھونڈنا)

مُشکیں باندھنا یا کسنا۔ ا۔ ف م۔ دونو ہاتھوں کو اُلٹا کرکے کمر کے ساتھ باندھ دینا۔ گرفتار کر لینا۔ پکڑ لینا + **ذوق** ؎

خطا تو دل کی تھی قابل بہت سی رکھا نیکے
تری زلفوں نے مُشکیں باندھکر مارا تو کیا مارا

مصری کھلانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) خنجر مارنا۔ قتل کرنا + (۲) نسبت کرنا۔ سنگنی کرنا۔ شربت پلانا + (مسلمان)

مطلب کی گھات چلنا۔ ا۔ ف ل۔ اپنے فائدہ کی طرف نگاہ کرنا۔ اپنا نفع تکنا +

آج ذگانہ جان! میں مطلب کی گھات چلتی ہوں
کھلائے پان تو انگیا کروں رفو تیری

مطلب ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) غرض کا حاصل ہو جانا + (۲) بُرا یا پتلا حال ہو جانا۔ کام تمام ہو جانا + بھوک کے مارے ہمارا تو مطلب ہو گیا

مطلع صاف ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) نیلا آسمان نکل آنا۔ بادلوں کا نام ونشان نہ رہنا + (۲) کسی جگہہ کا مدعی اور حریفوں سے صاف ہو جانا + ؎

رات کو ہر ہما وشِ محفل میں گرم لاف تھا
صبح ہوئی رشید رو نکلا تو مطلع صاف تھا

معرکے کا آدمی۔ ا۔ اسم مذکر۔ بہادر آدمی۔ بڑا آدمی +

معمول کے دن۔ ا۔ اسم مذکر۔ ایام حیض ہر مہینے میں کراستے۔ تجھے مجھے پھول کے دن

ہمارے ایکے تو مرے ٹل گئے معمول کے دن

مغز پھونکانا۔ پھرانا۔ خالی کرنا یا مارنا۔ ا۔ ف م۔ کسی کو بہت دیر تک ایک بات سمجھاے جانا۔ دیکھو (سر مارنا نمبر ۳)

مغز چلنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) پاگل ہو جانا + (۲) اترا جانا +

مغز سے اُتارنا۔ یا نکالنا۔ ا۔ ف م۔ جی سے گھڑکر کوئی نئی بات بیان کرنا +

مغز کو چڑھ جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) نشہ ہو جانا + (۲) پاگل ہو جانا + (۳) نخوت ہو جانا

مغز کھا جانا یا چاٹ جانا۔ ا۔ ف م بہت سی باتیں بنا کر کسی کو پریشان کرنا۔ ناک میں دم کر دینا۔ دق کرنا +

مغز کے کیڑے جھڑنا۔ مغز کی کیل نکلنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سزا پانا + (۲) ٹھیک ہو جانا۔ درست ہو جانا +

مغز کی نکل جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) جوش جوانی کم ہو جانا + (۲) کمزور یا کم طاقت ہو جانا۔

مُغل بچھاں لڑنا۔ ا۔ ف ل۔ (م عو)

پکتی ہنڈیا میں کھدبد رہونا +

مغلظات بکنا۔ یا سُنانا۔ ا۔ ف م۔ کھلی کھلی یا فحش گالیاں دینا +

مُغلی بیماری۔ ا۔ اسم مؤنث۔ مسان کا روگ یا خلل۔ بچوں کی بیماری۔ کمیڑے +

مقام دینا۔ ا۔ ف م۔ (ہندو) کسی جگہ کسی کی ماتم پرسی کے لئے جانا +

مُقدر چمکنا۔ ا۔ ف ل۔ اچھے دن آنا۔ تقدیر جاگنا + **صفدر رامپوری** ؎

در پہ اک دھوم ہوئی بخت کا اختر چمکا
دن پھرے عاشق شیدا کا مقدر چمکا

مقطع کا بند۔ ا۔ مذکر۔ (۱) ہر بند کا آخری شعر جو سب میں یکساں ہوتا ہے + (۲) تکیہ کلام۔ آخری سخن جو ہر قسم کی گفتگو کے بعد یکساں ہو +

مکر چاندنی۔ ا۔ اسم مؤنث پچھلی رات کی دھندلی سی چاندنی جو صبح ہونیکا دھوکا دیتی ہے + **ذوق** ؎

ریش سفید سے ہے عیاں ظلمت قریب
اس مکر چاندنی میں نکرنا گمان صبح

مکھیاں اُڑانا۔ جھلنا۔ یا۔ مارنا۔ ہ۔ فم (دوکاندار) (۱) مکھیوں کو سودے سلف کے اوپر سے ہٹانا + (۲) کچھ نہ بیچنا۔ سرد بازاری ہونا + (۳) خالی بیٹھا رہنا + (۴) بھونڈا یا بدوضع ہونا

مکھی چوس۔ ہ۔ صفت۔ (وہ شخص جو کسی چیز میں بھری ہوئی مکھی سے اُس چیز کو چوس کر جدا کر لیوے اسی سبب سے) بخیل۔ ممسک۔ کنجوس +

مکھی مار۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ شخص جو بیٹھا ہوا مکھیوں کو جان سے مارا کرتا ہے + مکھی مار بڑا جمار + مثل + (۲) وہ شخص جو سیاہی کے دھبے تک کی نقل کر دے ان سمجھ کاتب + اکثر کاتب مکھی مار ہوتے ہیں مثل

مگھم رہنا۔ ہ۔ ف ل۔ (جواری) ہار جیت کچھ نہ ہونا۔ گھر کے گھر رہنا +

مگھم میں کہنا۔ ا۔ ف م۔ (لفظ مگھم مرکب مبہم کا بگاڑ معلوم ہوتا ہے)۔ اشارۃ یا کنایۃ کسی بات کو بیان کرنا +

مُلاحظہ کا آدمی۔ مُلاحظہ والا۔ ا۔ محاورہ خوش اخلاق اور بامروت آدمی +

ملاحی گالی دینا۔ ا۔ ف م۔ بغیر نام لئے

کسیکو گالی دینا + (اسکو بازاری گالی بھی کہتے ہیں)

ملائیاں اُڑانا - یا - کھانا - ہ - ف م - عمدہ غذائیں نوش کرنا - تر مال چٹ کرنا یا اُڑانا

ملک ملک کر چلنا - ہ - ف ل - خوشی کے ساتھ کھوے مٹکاتے یا اِتراتے چلنا +

ملولے آنا - یا - اُٹھنا - ا - ف ل - (عوام) افسوس آنا پچھتانا - رنج پیدا ہونا - ملاہٹ آنا +

ملی بھگت ہے - ہ - محاورہ - سازش ہے جنگ زرگری ہے +

ملے پنیچ - ہ - اصطلاح - (چابکسوار) آٹھ برس سے زیادہ عمر کا گھوڑا +

من اُلٹنا - یا - اُلجھنا - ہ - ف ل - کسی سے پریت یا محبت ہو جانا - آنکھ لگ جانا +

من بھاری - بُرا - یا - میلا کرنا - ہ - ف ل - اُداس ہونا - کڑھنا +

من بھاون - ہ - (ا - صفت) دلپسند - مرغوب - خوشگوار + (۲ - اسم) پیارا ساجن - دلدار +

من پھٹ جانا - ہ - ف ل - دل میں فرق آجانا - ان بن ہو جانا +

منت بڑھانا - ا - ف م - (م عو) گنڈے تعویذ وغیرہ کا کچھ عرصہ مقررہ کے بعد بچے کے گلے سے اُتار ڈالنا +

کیا دن تھے یار واہ وہ بھی تھے جبکہ بھولے بھالے پھرتی تھی دائی لیکر - پھرتی کبھی دوالے

منت چوٹی کوئی رکھالے - بدھی کوئی پہنالے ہنسلی گلے میں ڈالے - منت کوئی بڑھالے موٹے ہوں یا کہ دُبلے گورے ہوں یا کہ کالے کیا عیش لوٹتے ہیں معصوم بھولے بھالے

منتر دینا - گرمنتر دینا - ہ - ف م - (ہندو) - چیلا بنانا - بیعت کرنا +

منجھ دھار میں پڑا ہونا - ہ - ف ل - دریا یا سمندر کے بیچ میں پھنس جانا - مصیبت یا بلا میں مبتلا ہونا +

منجھیلا ڈالنا - منجھیلے میں ڈالنا - ہ - ف م - کسی کام میں ڈھیل ڈالنا یا دیر لگانا +

من جیتنا - ہ - ف ل - اپنے جی کو اپنے بس میں کرنا - خواہش نفسانی پر غالب آنا +

من چلا - ہ - صفت - دلیر - ہمت والا - بہادر + **نوٹ** جرأت اُس بُت خونخوار سے سچ ہے لگا جاتا ہے وہی دم عشق کا مارے جو ایسا منچلا ہووے

منچلی ہونا - ہ - ف ل - دلونمیں رنج ہو جانا - شکر رنجی ہو جانا +

مُنڈ چراپن کرنا - ہ - ف ل - مونڈیا سر چیر کر کوئی چیز لینا - زبردستی لینا +

مُنڈ کری مارنا - ہ - ف ل - گھٹنوں میں سر

دیکر لڑھکجانا یا سو رہنا + **میر حسن** ؎

گئی سُنڈکری مار آخر کو لیٹ۔
چھپر کھٹ کے کونے میں سر مُنہ لپیٹ

منزل دینا۔ ا۔ ف م۔ (مسلمان)۔ جنازے کو قبر کے راستے میں تھوڑی دیر کے لئے آرام دینا۔ (ہندو) بسرام دینا + (حقیقت میں یہہ جنازے یا ارتھی اُٹھانیوالوں کا آرام لینا ہے)

منزل ہونا۔ ا۔ ف ل۔ جماع کے وقت منی کا خارج ہونا۔ جھڑنا +

منسائی کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (ہندی مانس بمعنی آدمی)۔ آدمی کو مارنا یا آدمی پر چوٹ کرنا

بُوڑھا سیر کھرس کا کھایا نا کرے منسائی
کچھ دے تو تو نے مارا نہیں مر گیا اپنی آئی

(بھاٹ ایک جاٹ کی تعریف میں کہتا ہے جسکے ہاتھ سے اتفاقیہ ایک مریل سا شیر مر گیا تھا)

منسیا ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ جانور کا آدم خور بن جانا۔ آدمی کا خون مُنہ لگ جانا +

منظورِ نظر۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ شے جو آنکھ کو بھلی معلوم ہو۔ مرغوب شے + (۲) معشوق۔ دلارام + (۳) حمایت کی گھوڑی

منکا ڈھلنا۔ یا۔ **ڈھلکنا**۔ ہ۔ ف ل۔ گردن کا ایک طرف کو جھکنا جو نزع کے وقت ہو جاتا ہے۔ قریب المرگ پہنچنا + **اسیر** ؎

(۱) اسیر! امید اب باقی نہیں ہے اُسکے آنیکی
اُدھر ڈھلنے لگا دن اور اِدھر ڈھلنے لگا منکا

(۲) گئی کب یاد اُسکی نزع میں بھی میر کے دل سے
اُسیکے نام کی سُمرن تھی جب منکا ڈھلکتا تھا

من کامیلا یا کھوٹا۔ ا۔ اسم مذکر۔ کپٹی۔ فریبی +

من کچا کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ ہمت ہارنا۔ دل توڑنا

من کھٹا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ طبیعت بیزار ہو جانا۔ جی ہٹ جانا +

من۔ یا۔ جی کھرا کھوٹا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ عو۔ ایام حمل میں ہر ایک چیز کے کھانے کو جی چاہنا +

من کے چیتے ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ دل کی خواہش کے موافق کسی کام کا ہو جانا +

من کے لڈو پھوڑنا۔ یا۔ **لڈو کھانا**۔ ہ۔ ف ل۔ دیکھو (خیالی پلاؤ پکانا)

من کی من میں رہنا۔ ف ل۔ دیکھو (جی کی جی میں رہنا)

منگل مکھی۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (جسکے مُنہ دیکھنے سے منگل یعنے خوشی حاصل ہوتی ہے) اسی سبب سے۔ ارباب نشاط۔ بھانڈ۔ بھاٹ

رنڈیاں۔ ڈوم ڈھاڑی +

منگنی دینا۔ ہ۔ف م۔(پورب)۔ مانگے یا مستعار دینا +

من لینا۔ ہ۔ف م۔(۱) سوہ لینا۔ خاشق کر لینا + (۲) آزمانا۔ پریکٹس کرنا +

من مارنا۔ من مار کے بیٹھ رہنا۔ ہ۔ف ل۔ دیکھو (جی کو مارنا) + **نظیر**

زردار ہے تو ہرگز مت مار اپنے من کو
تن زیب تنگھوں سے ترسانہ اپنے تن کو

من من کرنا۔ ہ۔ف م۔ بڑی سستی سے کام کرنا +

مُنہ اُتر جانا۔ یا نکل آنا۔ ہ۔ف ل۔ دُبلا یا لاغر ہو جانا + **صبا**

تیرے شب چہار دہم کے بناوسے
دو دن میں ماہتاب کا کچھ مُنہ اُتر گیا

مُنہ اُٹھا کر۔ مُنہ اُٹھائے۔ ہ۔م ف۔ سر اُونچا کر کے بلا تحاشی۔ اندھا دھند +

(۱) مُنہ اُٹھا کر نہ چلو اُونٹ کی چال اسے تبو!
کھاتی اندھوں کی طرح راہ میں ٹھوکر کیوں ہو

(۲) جائے عبرت ہے خاکدانِ جہاں
تو کہاں مُنہ اُٹھائے جاتا ہے

مُنہ اُٹھانا۔ ہ۔ف ل۔ کسی طرف کو روانہ ہونا + **آتش**

جوشِ جنوں میں دیکھیے پیچھے نہ مُڑ کے پھر
مُنہ جس طرف کو صورتِ دریا اُٹھائے

مُنہ اُٹھے۔ ہ۔م ف۔ بچھونوں سے اُٹھتے ہی۔ صبح ہی صبح + **کال کا گیت**

پہر رات کو سودا کیا تین روپئے من کر دینا
ایک ناج کی کیا ٹھہرائی سب ہی جنس پر تیجی چھائی
پندرہ سیر شام کو لینا۔ بارہ سیر کا مُنہ اُٹھ دینا

مُنہ اُجلا ہو جانا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) چہرے کا رنگ صاف ہو جانا۔ چہرے پر سے بدنامی کی سیاہی جاتی رہنا + (۲) عزت رہ جانا۔ سرخ رو ہو جانا +

مُنہا مُنہ۔ ہ۔م ف۔ (۱) لبالب۔ کناروں تک + **ناسخ**

بھر جائے اگر بادہ مُنہا مُنہ نکروں بس
پیخواری میں ہے ظرف مرا خم سے زیادہ

(۲) روبرو۔ سامنے۔ علانیہ +

مُنہا مُنہ مارنا۔ ہ۔ف م۔(۱) کسی کے مُنہ ہی مُنہ پہ تھپیڑیں مارنا + (۲) کسی کو اُسکے مُنہ پر بُرا بھلا کہنا۔ لعنت ملامت کرنا + (۳) کسی پر ڈالکر کہنا۔ کنایتہً بُرا بھلا کہنا +

مُنہ آنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) مُنہ میں چھالے پڑ جانا جوشِ دہن ہو جانا + **میر**

بھری تھی آگ تیرے درد دل میں۔ میر! ایسی کچھ
کہ کہتے روبرو اس شوخ کے قاصد کا مُنہ آیا

(۲) طنز آمیز باتیں کہنا۔ آوازکسنا۔ طنز کرنا +
کیوں صاحب! لگے ہمپر بھی مُنہ آنے!

مُنہ اندھیرے ۔ ہ۔ م ف۔ دیکھو (کالے منہ اندھیرے) +

مُنہ بادینا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) منہ کھول دینا (۲) خجالت دُور کرنیکو دانت پھاڑ دینا یا ہنس پڑنا + (۳) مرجانا۔ چل بسنا +

مُنہ باندھ کے بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ خاموشی اختیار کرلینا +

مُنہ بگاڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مُنہ ٹیڑھا کرکے ہنسنا۔ مُنہ چڑانا + (۲) مُنہ کا ذائقہ خراب کردینا + (۳) سزا دینا۔ مارنا۔ پیٹنا +

مُنہ بگڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) منہ کا ذائقہ خراب ہوجانا + (۲) چہرے کا رنگ متغیر ہوجانا پریشانی چھا جانا + اسیر ؎

غنچہ کا رو برو سے دہن مُنہ بگڑ گیا
دیکھا وہ قد تو خاک میں شمشاد گڑ گیا

(۳) ناراض ہوجانا۔ منہ بنالینا + میر

بوسہ لبونکا مانگتے ہی مُنہ بگڑ گیا۔
کیا اتنی میری بات کا تم کو بُرا لگا

مُنہ بنانا۔ یا۔ **بنالینا**۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ہونٹ نکالنا۔ چہرے کی لینا۔ ناک بھوں چڑھانا + میر ؎

اُسے جب نہ تب ہم نے بگڑا ہی پایا
یہی اچھے مُنہ کو بنا جانتا ہے

(۲) ترش رو ہونا۔ بگڑنا۔ ناراض ہونا +
سو باریوں تو غیروں سے کرتے ہو ہنسی بات
کچھ مُنہ بنا رہے ہو ہمارے ہی بار کو

مُنہ بند کرلینا۔ ہ۔ ف ل۔ خاموش یا چپکا ہوجانا +

مُنہ بند کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) خاموش یا چپکا کرنا + (۲) رشوت دینا۔ گھونس بچہ دینا +

مُنہ بند کلی۔ ا۔ اسم مونث (۱) غنچہ ناشگفتہ (۲) دوشیزہ۔ کنیا +

مُنہ بند ہوجانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) خاموش ہوجانا۔ بات نکر سکنا۔ رُک جانا۔ ناسخ

تیر سے نالے نکلتے ہیں پیاپے ہجر میں
مُنہ مرا ہوتا نہیں مثل لب مصراب بند

(۲) زخم کا بھر جانا۔ اندمال زخم ہونا + (۳) رشوت پہنچ جانا +

مُنہ بنوانا۔ ہ۔ ف م۔ اپنے مُنہ کو کسی چیز کے کھانے یا کسی سے کلام کرنے کے لائق بنانا۔ اپنے تئیں کسی کام کے قابل بنانا قابلیت پیدا کرنا + آتش ؎

(۱) [illegible]
گلوں نے [illegible]

(۲) اک ذرا ہٹ کے بیٹھو مُنہ نہ واؤ
کچے چونی بھی مجھاؤ گھی سے کھاؤ شوق

مُنہ بولا۔ مُنہ بولی ۔ ہ۔ صفت۔ حقیقی کے خلاف۔ فرضی۔ خواندہ۔ پکارا ہوا +

مُنہ بولتی مُورت ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) ایسی عمدہ تصویر بنی ہوئی ہے کہ گویا مُنہ سے بول اُٹھیگی + (۲) انسان منش +

مُنہ بھر آنا۔ ہ۔ ف ل ۔ بادی کے سبب مُنہ میں رطوبت یا پانی کا اکٹھا ہو جانا۔ متلی یا مالش ہونا +

مُنہ بھرائی۔ (پورب) **مُنہ ٹوپا**۔ ہ۔ اسم مؤنث مُنہ بھر دینے والی چیز۔ رشوت۔ گھونس پیچ۔ زبان کیلئے کا نقش مُنہ بھرائی ہے
دہانِ غنچہ کو رکھتا ہے مشت زر خاموش

مُنہ بھر دینا۔ مُنہ بھرائی دینا۔ ہ۔ ف م۔ چُپ کر دینا۔ رشوت دینا +

مُنہ بھر کے۔ ہ م ف۔ بالکل۔ سراسر۔ بہت۔ از حد۔ تڑاتڑ + تہوار کے دن میرے بچے کو مُنہ بھر کے کوسا ہے خدا خیر کرے (م ع)

مُنہ بھر کے گالیاں دینا۔ ہ۔ ف م۔ بڑی بڑی یا فحش گالیاں دینا +

مُنہ بانا۔ ہ۔ ف م۔ کسیکو مہربان اور شفیق معلوم کرنا۔ موقع دیکھنا +

مُنہ پر۔ ہ۔ م ف۔ سامنے۔ روبرو۔ بالمواجہہ

مُنہ پر بسنت کھلنا۔ ہ۔ ف ل۔ چہرہ زرد ہو جانا یا پیلا پڑ جانا۔ رنگ فق ہو جانا +

مُنہ پر تھوک دینا۔ ہ۔ ف م۔ (بازاری)۔ بیعزتی کرنا۔ ذلیل کرنا +

مُنہ پر جانا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کا ملاحظہ یا لحاظ کرنا + میں آپکے مُنہ پر جاتا ہوں ورنہ انکی کیا اصل تھی جو زباں ہلاتے +

مُنہ پر چڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ مقابلہ کرنا۔ لڑنیکو مستعد ہونا + آتش ؎
تمہاری تیغ کے زخموں کے ماسوا کوئی
بہادروں کے جو مُنہ پر چڑھے جان نہیں

مُنہ پر دانہ نہ رکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ ایک دانہ تک نہ کھانا۔ بالکل نہ کھانا + (عو)

مُنہ پر رکھنا۔ ہ۔ ف م۔ کسیکی بات کو اُسی کے روبرو یا بالمواجہہ کہنا۔ گلہ کرنا۔ شکایت کرنا
خدمت رکھو کہ اسمیں بہت ہیں قباحتیں۔
رکھیں تمہارے مُنہ پہ تو تمکو بُرا لگے

مُنہ پر شفق پھولنا۔ ہ۔ ف ل۔ (نظم)۔ نہایت خوش و خرم نظر آنا +

مُنہ پر لانا۔ ہ۔ ف ل۔ کہنا۔ ذکر کرنا +
ایسی اوچھی بات مُنہ پر لاتے ہو!

مُنہ پر مُہر یا قفل لگانا۔ مُنہ سی دینا۔

ف م۔ خاموش کر دینا۔ بولنے نہ دینا +
آ کے آواز اپنی جب در پر سنا جاتے ہو تم
منہ پر میرے مہر خاموشی لگا جاتے ہو تم

منہ پر مہر یا قفل لگ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ دیکھو (منہ بند ہو جانا نمبر ۱) + **ذوق**
بیٹھے بھرے ہوئے ہیں خم مے کی طرح ہم
پر کیا کریں کہ مہر ہے منہ پر لگی ہوئی

منہ پر ناک نہ ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ بے شرم یا نلجا ہونا

منہ پر ہوائیاں یا۔ **فاختہ اڑنا**۔ **منہ پر ہوائی چھٹنا** یا **چھوٹنا**۔ ہ۔ ف ل۔ چہرے کا رنگ اڑ جانا۔ بھچک رہ جانا۔ پریشانی برسنے لگنا + **بحر** ؎

(۱) آہ سوزاں دل پُر داغ سے کھینچوں نہیں اگلو
اک ہوائی ابھی مہتاب کے منہ پر چھوٹے

(۲) غم نے کی دل سے کج ادائی سی
منہ پہ چھٹنے لگی ہوائی سی

منہ پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) منہ میں جانا۔ کھایا جانا + ہری کھیتی کیا بھن گائے منہ پڑے جب جانی جائے۔ مثل + (۲) کام آجانا۔ صرف میں آنا + اچھا ہے جو کسی غریب غربا کے منہ پڑ جائے + (۳) زبان زد ہونا مشہور ہونا + منہ پڑی اور ہوئی پرائی بات۔ مثل

منہ پسارنا یا **پھیلانا**۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ہکا بکا یا حیران رہ جانا + (۲) لو بھ طمع یا لالچ کرنا +

منہ پکڑنا۔ ہ۔ ف م۔ منہ بند کرنا۔ روکنا۔ بولنے نہ دینا۔ مارنے کے ہاتھ پکڑے جاتے ہیں کہنے کا منہ نہیں پکڑا جاتا + مثل

منہ پھٹ۔ منہ زور۔ منہ چھٹ۔ ہ۔ صفت۔ (۱) وہ شخص جو بغیر سوچے سمجھے جو منہ میں آوے سو کہہ دیوے۔ بدتہذیب۔ بدلگام + (۲) بیباک۔ نڈر + (۳) بڑا بولنے والا

منہ پھر جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) زیادہ کھانے کی خواہش نہ رہنا۔ کھانے سے جی اکتا جانا یا سیر ہو جانا + مٹھائی سے جلد منہ پھر جاتا ہے۔ (۲) ہٹ جانا۔ شکست کھانا۔ بھاگ جانا +

ق پھرتا ہے سیل حوادث سے کوئی لہروں کا
شیر سیدھا نہیں ہوتا ہے وقت رفتن آب میں

منہ پھلانا۔ ہ۔ ف ل۔ منہ سجا لینا۔ ناراض ہو جانا +

منہ پھوڑ کر۔ ہ۔ م ف۔ مہر خاموشی توڑ کر جرأت یا دلیری کر کے + **ذوق** ؎
تو نے گل کو سر پہ رکھا جب چمن میں توڑ کر
میں بھی حاضر ہوں کہا غنچے نے یہ منہ پھوڑ کر

منہ پھیر لینا یا **موڑنا**۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) منہ کو سامنے سے پھیر لینا۔ کنارہ کرنا۔

آنکھیں چُرانا۔ بیمروتی یا بے اعتنائی کرنا +

(۱) اب آکے بڑھاپے نے کیا ہائے! یہ اندھیر
جو دوڑ کے ملتے تھے سو اب لیتے ہیں مُنہ پھیر

(۲) نہ ہم پھریں گے ہزار آپ ہمسے مُنہ پھیریں
تمہیں ہے سہل ہمیں ہو فائی مشکل ہے

(۳) نفرت کرنا۔ گھن کھانا۔ بچنا +

مُنہ پھیلانا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) دیکھو (مُنہ پسارنا) + (۲) زیادہ قیمت مانگنا۔ دام چڑھا دینا +

مُنہ تکنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) حیران ہو کر دیکھنا حسرت کی نگاہ سے دیکھنا + **شوق**

کوئی پٹی پر سر پٹکنے لگا
کوئی حسرت سے مُنہ کو تکنے لگا

(۲) حیران و ششدر رہنا۔ بھُچک رہجانا +

(۳) جواب نہ بن آنا +

مُنہ تو دیکھو۔ اپنا مُنہ تو دیکھو۔ ہ۔ محاورہ

(۱) اپنا مُنہ دیکھکر آپ اپنے جی میں سوچو کہ ہمارا مُنہ اس چیز کے کھانے یا بات کے کہنے کے قابل ہے یا نہیں۔ اپنی قابلیت کو آپ جانچو۔ اپنے جی میں آپ قائل ہو

(۲) اس قابل تو ہو جاؤ۔ استعداد یا قابلیت تو حاصل کرو +

مُنہ توڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسیکا مُنہ مل ڈالنا دانت جھاڑ دینا + (۲) قائل یا شرمندہ کرنا

مُنہ ٹھتھانا۔ پھلانا۔ سُجانا۔ ہ۔ ف ل۔ تیوری میں بل ڈالکر ہونٹ لٹکا دینا۔ خفا یا ناراض ہونا۔ چیں بجبیں ہو جانا + **رنگین**

شبکو آئے جو میرے گھر رنگیں
مُنہ ٹھتھا کر میں بولی اس ڈھب سے
خیر سے جاؤ یاں سے گھر اپنے
دشمنوں[1] کو بخار ہے شب سے

مُنہ جوڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ عو۔ (۱) چپکے چپکے مشورت کرنا۔ باہم کھسر پھسر کرنا + (۲) کسیکا گلہ شکوہ کرنا +

مُنہ جھٹالنا۔ ہ۔ ف ل۔ مُنہ کو صرف جھوٹا کرلینا۔ کھانا کھانے کا نام کرنا۔ تھوڑا سا کھانا ناشتہ کرنا۔ کلیو کرنا + (جھا جانے دو بھوک نہیں ہے تو مُنہ تو جھٹال لو +

[1] قلعہ معلے دہلی کا محاورہ ہے کہ امیر اپنی نسبت اور نوکر اپنے آقا کی نسبت کسی بیماری کا ذکر کرتے وقت ضمیر فاعل کے بجائے لفظ دشمن بولتے ہیں اسی سبب سے یہاں "دشمنوں کو" کے معنی مجھکو کے ہیں اسی طرح سے آج حضور کے دشمنوں کی طبیعت علیل ہے۔ آج حضور کے دشمنوں یعنی خود حضور کی طبیعت علیل ہے (نوکر اپنے آقا کا حالی بیان کرتا ہے)

مُنہ جھٹک جانا۔ ہ۔ف ل۔ دیکھو (مُنہ اُتر جانا) + **آتش ؎**

کسی کے سر میں ہوا ور د میرا مُنہ جھٹکا
کسی کے پاؤں میں موچ آئی میں نے پٹکا

مُنہ جُھلسنا۔ ہ۔ف م۔ (۱) کسیکے مُنہ کو تھوڑا سا جلا دینا + **ذوق ؎**

یا نیک عدو زمانہ ہے مردِ دلیر کا
جُھلسیں ہیں مُنہ شکار کے پر بھی شیر کا

(۲) لعنت بھیجنا۔ تنبر اکرنا۔ خاک ندینا + میں اور میرا منش تیسرے کا مُنہ جُھلس + مثل (۳) رشوت دینا + (۴) قرضہ ادا کرنا +

مُنہ چاٹنا۔ ہ۔ف م۔ (۱) کسیکا مُنہ اپنی زبان سے صاف کرنا + (۲) پیار کرنا + (۳) بڑا یا اعلیٰ سمجھنا + (۴) خوشامد کرنا +

مُنہ چڑانا۔ ہ۔ف م۔ نقلیں کرنا۔ مُنہ بنانا

مُنہ چھپانا + (۱) **شوق ؎**

گھر میں اِک کا مُنہ چڑاتی ہے
ہنسے دیتی ہے لوٹی جاتی ہے

(۲) پری سے چہرے کے اوپر نہیں ہیں لہراتے
یہ مُنہ چُراتے ہیں گیسوے یار گھونگٹ کا

مُنہ چڑھا۔ ہ۔صفت۔ گستاخ۔ بے ادب + سر چڑھا +

مُنہ چڑھنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) بے ادب و گستاخ ہونا۔ شوخ چشم ہونا + (۲) مقابلہ یا سامنا کرنا + **صبا ؎**

میری طرح سے بھی ملا دے نہ خاک میں
آئینہ اُس صنم کے بہت مُنہ چڑھے نہیں

مُنہ چلانا۔ ہ۔ف م۔ (۱) کھانا چبانیکے لئے مُنہ کو حرکت دینا۔ کھانا کھانا + (۲) گھوڑے کا کاٹ کھانا۔ مُنہ مارنا +

مُنہ چلنا۔ مُنہ چلتا رہنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) کھانا چبانے کے لئے مُنہ کا حرکت کرنا۔ کھانا کھانا۔ چرتا رہنا۔ کھاتا رہنا + (۱) مُنہ چلے سترہ بلائے، مثل (۲) بکری کا سا مُنہ چلتا ہی رہتا ہے، مثل۔ (۳) بک بک کئے جانا۔ چپکا نہ بیٹھنا۔ کہے جانا

مُنہ چور۔ ہ۔صفت۔ (چور کی طرح سے بولنے یا مُنہ دکھانے سے رُکتا ہے)۔ اسی سبب سے (۱) شرمالو۔ لجالو۔ شرم والا + (۲) کم گو۔ کم سخن + (۳) ملنے کا چور۔ کم ملنے والا۔ گھر سے باہر نہ نکلنے والا +

مُنہ چومتے ہی گال کاٹا۔ ہ۔محاورہ۔ پہلے ہی معاملے میں نقصان پہنچایا + **شوق**

کُھل گیا جھپ ترا سارا حال
پہلے مُنہ چومتے ہی کاٹا گال

مُنہ چوم کے چھوڑ دینا۔ ہ۔ف م۔ کسیکو

ملہ یعنی آدمی۔ نوٹ ۲

ادنی یا حقیر سمجھنا۔ کچھ اصل نہ گِننا + داغ

چُوس لیتے ہیں مرے زخم زبان پیکاں
چھوڑ دیتے ہیں یہ مُنہ چوم کے سو فاروں کا

مُنہ چھپانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مُنہ پر نقاب ڈالنا رُوپوش ہونا۔ پردہ کرنا + **میر** ؎

کوئی نا امید انہ کرتے نگاہ
سو تم ہمسے مُنہ ہی چھپا کر چلے

(۲) نظر بچانا۔ آنکھ چُرانا + (۳) شرمانا لجانا +

مُنہ چھٹ۔ ہ۔ صفت۔ (کوئی چیز اسقدر کہ جسمیں مُنہ کو کھانے کی طرف سے چھٹی رہے) اسی سبب سے بہت سا رال۔ الغاروں۔ منوں بکثرت + والے شکرانے میں مُنہ چھٹ گھی بوا دیئے

مُنہ چھونا۔ ہ۔ ف م۔ کسی شخص سے کسی کام کے لئے جسکے پورا کرنے کی اُس سے اُمید نہیں ہے ظاہری طور پر کہدینا۔ ٹولا مار دینا کسیکو بظاہر کسی تقریب میں شریک ہونیکا بلا وا دیدینا۔ بظاہر کوئی چیز مانگنا +

بھلا! وہ! اور دیتا بوسۂ لب!
فقط چھونا تھا ہمکو یار کا مُنہ

مُنہ خشک ہونا۔ لـ۔ ف ل۔ (۱) پیاس یا کسی چیز کے بار بار کہنے سے مُنہ کا سوکھا جانا + (۲) خوف یا دہشت کے باعث سٹپٹا جانا + **مومن** ؎

شعر تر وہ ہیں مرے مومن کہ ہنگام جواب
خوف سے مُنہ اور زبان ہر سخن خشک ہو

مُنہ در مُنہ کہنا۔ ہ۔ ف ل۔ دو بدو یا بالمواجہ کہنا

مُنہ دِکھانا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کے سامنے آنا۔ روبرو ہونا۔ مِلنا + **میر** ؎

وصل میں رنگ اُڑ گیا میرا
کیا جدائی کو مُنہ دکھاؤں گا

مُنہ دِکھائی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ وہ نقدی یا زیور جو دُلہن کو اول ہی اول اپنی سُسرال میں آنے پر دُولھا کے رشتہ دار مُنہ دیکھنے کے عوض میں دیا کرتے ہیں۔ رونمائی +

مُنہ دھو رکھو۔ ندا و ندبہ۔ (چونکہ اکثر مُنہ دھوکر کھانا کھایا کرتے ہیں)۔ اسی سبب سے (طنزاً) کسی چیز کے کھانے یا لینے کو تیار یا آمادہ ہو جاؤ۔ توقع نہ رکھو + (۱) **جرأت** ؎

کوئی دل مانگے تھا تو کہتے تھے ہم مُنہ دھو رکھو
سو یہ کہتے تھے اب اشکوں سے مُنہ دھونا پڑا

(۲) اب رہو گے اسی تمنا میں
دھو رکھو اپنا مُنہ گڑھیا میں **شوق**

مُنہ دھونا۔ ہ۔ ف ل۔ صبح کو اُٹھکر آنکھوں کی ڈھیریں یا میل کچیل وغیرہ پانی کے ذریعہ سے چھڑانا۔ ہاتھ مُنہ دھونا + داغ

فلک نے خوب خدمت لی ہمارے دیدۂ تر سے
کہ ہر آنسو نے مُنہ دھویا شبِ مہتاب ہجراں کا

مُنہ دیکھتے۔ یا۔ دیکھے رہجانا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) کسی کا مُنہ اس امید میں تکتے رہجانا کہ یہہ ہمیں کچھ دیگا یا ہمسے کچھ کہے گا۔ (۲) ہک دھک رہجانا۔ حیران و ششدر رہجانا۔ (۳) مایوس یا نا امید ہو جانا + **جرأت** ؎

اپنے پہلو سے وہ جب اُٹھ کے چلا اے جرأت
کیسے مُنہ دیکھ کے بس رہگئے مجبور سے ہم

مُنہ دیکھکر اُٹھنا۔ ہ۔ف ل۔ صبح ہی کسیکے چہرے پر نظر پڑنا (دن بھر خوش رہنے کی حالت میں وہ آدمی جسکو اُٹھتے ہی دیکھا تھا سیدھا۔ منحوس سمجھا جاتا ہے) +

(۱) **نظیر** اللہ نے جمال دکھایا حبیب کا
مُنہ دیکھکر اٹھے تھے کسی خوش نصیب کا

(۲) **ذوق** جس جگہ بیٹھے ہیں بار دیدہ نم اُٹھے ہیں
آج کس شخص کا مُنہ دیکھکے ہم اُٹھے ہیں

مُنہ دیکھنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) آئینہ میں اپنے چہرے کو دیکھنا + **آئینہ کی پہلی** کیا جانوں وہ کیسا ہے! جیسا دیکھو ویسا ہے ارتھ تو اُسکا بوجھیگا۔ مُنہ تو دیکھو سو جھے گا + (۲) حیرت کے ساتھ دیکھنا۔ مُنہ تکنا حسرت کی نگاہ ڈالنا + (۳) منتظر یا متوقع ہونا۔ **نقیول** کوئی عرض گنہگار کی نہیں مُنہ دیکھتی ہیں تیری دعائیں نجیب کا۔ **بحر**

(۴) آدھین یا تابع ہونا +
میاں! سب اُسکے مُنہ دیکھا ہیں!

مُنہ دیکھی۔ یا۔ مُنہ دیکھکر کہنا۔ مُنہ دیکھے کی سی کہنا۔ ہ۔ف ل۔ کسی کے مُنہ پر اُسکی طرفداری کے ساتھ کوئی بات کہنا۔ کسی کے رو برو اُسکی رعایت برتنا۔ ایک قسم کی خوشامد کرنا۔ طرفداری کی لینا + **میر** ؎

آرسی آرسی ہے وہ ہے نہ ہی!
یہہ نہ مُنہ دیکھے کی سی میں نے کہی

مُنہ دیکھے کی پریت۔ اُلفت۔ محبت۔ یا۔ چاہ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ ظاہری محبت۔ جھوٹی اُلفت + (۱) **لا اعلم** ؎

یوں تو مُنہ دیکھے کی ہوتی ہے محبت سبکو
پیچھے جو یاد کرے اُسکو وفا کہتے ہیں

(۲) **نظیر** دیکھو ہوں آرسی گریبار کو تجھسے محبت ہے
بھروسا کچھ نہیں اُسکا یہ مُنہ دیکھے کی اُلفت ہے

مُنہ دینا۔ ہ۔ف م۔ (۱) کسی کھانے یا پینے کے برتن میں کتے بلے یا کوّے وغیرہ کا مُنہ ڈالنا۔ ناپاک کر دینا + (۲) کھانا۔ چرنا۔ اس چری میں گائے مُنہ تو دیتی ہی نہیں +
(۳) توجہ یا دھیان دینا + (۴) مدد کرنا +

مُنہ ڈالنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) کھانا چرنا۔ (جانوروں کی نسبت بولتے ہیں) (۲) مرغبان۔ لڑنا +

مُنہ ڈھانکنا۔ ہ۔ ف ل۔ م عو۔ نوحہ کرنا۔ دیکھو (پلّا لینا) + بحر ؎

نہ کہتا تھا میں اُسپر جان بھی دو گے تو کیا ہوگا
ہوا غم کس کو میرا کون رویا کسنے مُنہ ڈھانکا

مُنہ زبانی۔ ا۔ م ف۔ بغیر کتاب کے دیکھے حفظ + (انیڈھ)

مُنہ زرد یا فق ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ ڈر یا خوف کے مارے چہرے کا رنگ تغیر ہو جانا۔ مُنہ پیلا پڑ جانا۔ اُداسی چھا جانا سینے میں ہوا لہوس کے بھی تھا آبلہ مگر
فق نشتر کا نام سُنتے ہی مُنہ زرد ہو گیا

مُنہ زور۔ ا۔ صفت۔ (۱) دیکھو (مُنہ پھٹ) + (۲) زور شور کی گھنگھور
زبردست + ناسخ ؎

دم بخود صورِ قیامت ہو جو نالاں ہوں میں
پر یہ چپ رہتی نہیں ہے بڑی مُنہ زور گھٹا

(۳) ڈھیٹ۔ سرکش۔ بد لگام۔ تیز رفتار
بچ میں رُکتا نہیں زنہار رجز ملکِ عدم
تو سنِ عمرِ رواں بھی کسقدر مُنہ زور ہے

مُنہ زوری کرنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) سرکشی کرنا۔ مُنہ مارنا + (۲) نا ملائم باتیں کہنا زبردستی کسیکو گالیاں دینا +

مُنہ سُرخ ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ غصہ وغضب کے باعث مُنہ کا لال ہو جانا نہایت غضبناک ہو جانا +

تمہارا تو ذرا سی دیر میں مُنہ سرخ ہو جاتا ہے

مُنہ سُجانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دیکھو (مُنہ پھلانا) + (۲) اُداس یا غمگین ہونا +

کیوں مُنہ سُجائے بیٹھے ہو ؟

مُنہ سکیڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چڑاندوں کی سی شکل بنانا + (۲) ناراض ہونا +

مُنہ سنبھالنا۔ ہ۔ ف م۔ زبان کو روکنا۔ سوچ سمجھکر بات کرنا +

مُنہ سوکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دیکھو (مُنہ خشک ہونا) + (۲) دُبلا یا لاغر ہونا +

مُنہ سے بات لپکنا یا لینا۔ مُنہ کی بات چھین لینا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کے جی کی سی بات یا اُسکا منشا اُسکے اظہار کرنے سے پہلے بیان کر دینا + شوق ؎

یہی بتلانے کو تھا میں بھی گھات
چھین لی گویا میرے مُنہ کی بات

مُنہ سے بات نکلنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی امر کا ذکر کیا جانا۔ ہونٹوں سے نکلنا۔ کہا جانا +

آتش یہ صدا آتی ہے خوشی سے
مُنہ سے نکلی ہو کبھی پرائی بات

مُنہ سے بات نہ نکلنا۔ ہ۔ ف ل۔ خوف سے

مارے بات نکل سکنا۔ دہشت کے مارے بول نہ سکنا +

مُنہ سے بس کرنا۔ ہ۔ ف م۔ کافی ہے کہنا۔ انکار کرنا + **ذوق** ؎

مُنہ سے بس کرتے نہ ہرگز یہ خدا کے بندے
گر حریصوں کو خدا ساری خدائی دیتا

مُنہ سے بولنا۔ یا پھوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔۔ (طنزاً) بات کہنا۔ جواب دینا۔ بولنا +

کھلتی نہیں گل کی بد مزا جی
غنچے نہیں مُنہ سے پھوٹتے ہیں

مُنہ سے پھول جھڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نہایت فصاحت کے ساتھ باتیں کرنا۔ شیریں کلام ہونا +

؎ پھول جھڑتے ہیں تیرے مُنہ سے جو ہنستی ہیں کلیاں
؎ نکہت چمن آیا تری محفل میں گلچیں ہو گیا

(۲) طنزاً۔ گالی گلوچ کرنا +

مُنہ سی دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) تھیلے یا گون کے مُنہ کو ٹانکے لگانا + (۲) خاموش یا چپ کر دینا + (۳) رشوت دینا۔ مُنہ بھر دینا +

مُنہ سے دُودھ ٹپکنا۔ ہ۔ ف ل۔ نہایت بچہ ہونا۔ بے سمجھ ہونا +

مُنہ سی لینا۔ ہ۔ ف ل۔ منہ بند کر لینا۔ خاموشی اختیار کر لینا + جہاں دو آدمی ہوتے ہیں وہاں بولا ہی جاتا ہے۔ ہائے رام! میں کیسے مُنہ سی لوں + (ہ حو)

مُنہ سے مُنہ لگانا۔ یا ملانا۔ ف م۔ باہم بوسہ و کنار کرنا۔ پیار کرنا +

مُنہ کا پھوڑا۔ ہ۔ صفت۔ بدلگام۔ بدزبان۔ مُنہ پھٹ +

مُنہ کا کچا۔ ہ۔ صفت۔ (۱) وہ گھوڑا جو لگام کے جھٹکے کو نہ سہار سکے + (۲۔ مرغباز) اصیل (مرغ) + (۳) مثلاً ان مزاج جسکی بات کو قیام نہو +

مُنہ کالا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ دیکھو (کالا مُنہ کرنا) +

مُنہ کالا ہو۔ نا۔ او ندبہ۔ درگور ہو۔ دُور ہو! باجی ہو ایسی چوٹی ماما کا کالا مُنہ
ف لجائے روٹیاں جو چرا کر لاوے میں

مُنہ کالا ہونا۔ ف ل دیکھو (کالا مُنہ ہونا)

مُنہ کا مُنہ میں ہاتھ کا ہاتھ میں۔ محاورہ۔ جب کھانا کھاتے میں کوئی پریشان آواز یا خبر سُننے میں آتی ہے تو اُسوقت کی پریشانی کا اظہار اس محاورے کے ذریعہ سے کیا کرتے ہیں۔ یعنے اُس خبر کے سنتے ہی یہہ صورت ہوئی کہ مُنہ کا نوالہ مُنہ میں رہا اور ہاتھ کا نوالہ ہاتھ میں رہا۔ ایک سکتے کا سا عالم ہو گیا +

مُنہ کا میٹھا مُنہ کی میٹھی ۔ ہ ۔ صفت زبان ۔ جو ظاہر میں چکنی چپڑی باتیں بنائے اور باطن میں کینہ رکھے ۔ سیاہ باطن ۔ مُنہ کا میٹھا پیٹ کا کھوٹا + مثل

مُنہ کا نوالہ ۔ ا ۔ م ف ۔ آسان ۔ سہل ۔ کیا مُنہ کا نوالہ سمجھا ہے ہے !

مُنہ کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) مُنہ سامنے کرنا ۔ مُنہ دِکھانا + میر ؎

اُن نے پہچان کر ہمیں مارا ۔
مُنہ نکرنا ادھر تجاہل تھا +

(۲) لحاظ ملاحظہ یا خاطر کرنا + تمہارا منہ کرتا ہوں نہیں اسے ایسا مارتا کہ یہہ بھی یاد کرتا (۳) لالچ یا لوبھ کرنا ۔ صرفہ کرنا + ٹہلے میں پیسے کا مُنہ نہیں کرنا چاہئے ! (۴) مقابلہ یا برابری کرنا + (ج) (ح)

پُھنسی یا پھوڑے کا پک کر رسنے کو ہو جانا (۶) سوراخ یا چھید کرنا + ریل والے سوداگری تھیلوں میں مُنہ کر کے مال نکال لیتے ہیں !

مُنہ کو زہر لگ جانا ۔ ا ۔ ف ل ۔ زہر کھانے کی عادت یا چاٹ پڑ جانا + ؎ ع ؎

لیتا ہوں بوسہ سانپ کے خط سبز کے مزے
ہے زہر ان دنوں مرے مُنہ کو لگا ہوا

مُنہ کو لہو لگنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) کسی آدمی یا جانور کو شکار مار کر کھانیکا چسکا پڑ جانا یا چاٹ لگ جانا + (۲) کسیکو مُفت کی آمدنی ۔ حرام کی کمائی یا رشوت کھانیکا مزہ پڑ جانا +

مُنہ طُحل جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بدزبان یا بدلگام ہو جانا ۔ گستاخ ہو جانا +

مُنہ کھُلوانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کسیکو بولنے کے واسطے مجبور کرنا + (۲) سخت سُست کہلوانا ۔ گالیاں دِلوانا + جرأت ؎

دیکھا اِدھر کو میں نے کہا تھا غیروں کو تم آنے دو
چپکے ہو مُنہ کھلوا لو نہ میرا جانے دو بس جانے دو

مُنہ کھولنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) مُنہ دِکھانا + (۲) بولنا ۔ بات کرنا + (۳) زبان درازی کرنا ۔ گالیاں دینا + مومن ؎

بات پوری بھی مُنہ سے نکلی نہیں
آپنے گالیوں پہ مُنہ کھولا

مُنہ کی کھانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) گوشمالی پانا ۔ پٹنا ۔ سزا پانا + شوق ؎

یوں ہر ایک سے جو پھانس لاؤ گے
اک نہ ایک روز مُنہ کی کھاؤ گے

(۲) اپنے مُنہ سے آپ قائل ہونا + (۳) خفت اُٹھانا ۔ ملامت حاصل کرنا +

برق ؎

نہ گیا دل سے شوق بوسۂ لب
زہر کا اس نے مُنہ کی کھائی ہے

(۴) رسوا یا بے وقر ہونا۔ شوق ؎

عزت اللہ نے بچائی آج
ہم تو سمجھے تھے منہ کی کھائی آج

مُنہ کیلنا ۔ہ۔ف م۔(۱) کسی چیز کے مُنہ کو کیل سے بند کر دینا + آموں کا منہ کیل کر اچار ڈال دو (۲) جادو کے زور سے کسی کی زبان بند کر دینا ۔سانپ میں سے زہر کا اثر دور کر دینا +

اِس سپیرے نے اِس سانپ کا مُنہ کیل رکھا ہے جبھی اِسے کھلا رہا ہے! (۳) خاموش یا چُپ کر دینا۔ (۴) رشوت دینا +

اِس مقدمہ کی بنیاد اچھی ڈالنی چاہتے ہو تو تھانہ دار کا مُنہ کیلدو +

مُنہ کی لوئی اُتر جانا۔ مُنہ کے لچھن جھڑ جانا۔ہ۔ف ل۔(۱) مُنہ کی رونق چہرے کا روپ یا مُکھ کی کانتی جاتی رہنا + (۲) ناشائستہ ہو جانا۔ عادت یا چال چلن بگڑ جانا + (۳) بے شرم یا بیحیا بن جانا۔ لاج جاتی رہنا +

مُنہ لال کرنا۔ہ۔ف م۔(۱) پان۔ یا۔ کسی اور چیز سے مُنہ سرخ کرنا + (۲) مُنہ پر تھپڑ لگانا۔ مارنا۔ پیٹنا +

مُنہ لال ہو جانا۔ہ۔ف ل۔(۱) مُنہ کا پان یا کسی اور چیز سے سرخ ہو جانا + (۲) غصے کے باعث چہرے کا تمتما جانا + (۳) نیک نامی حاصل ہونا۔ سرخ رو ہو جانا +

مُنہ لپیٹ کر پڑ رہنا۔ہ۔ف ل۔اُداس یا غمگین ہو کر لیٹ رہنا +

مُنہ لٹکانا۔ہ۔ف م۔(۱) کوئی دوا مُنہ میں ملکر طوبت ٹپکنے کے لئے مُنہ کو زمین کی طرف جھکانا۔ (۲) دیکھو (مُنہ بنانا)

مُنہ لگانا۔ہ۔ف م۔(۱) کسی کھانے پینے کے برتن کو ہونٹ لگا دینا یا چھوا دینا + مُنہ لگا کے پی لو + (۲) کسی پر التفات کرنا۔ توجہ کرنا۔ دھیان دینا +

قطعہ سودا ؎

(۱) عجب احوال کو سودا ستم سے تیرے پہنچا ہے
کوئی معشوق بھی عاشق ہے یہ بیداد کرتا ہے
بسان نے تیرے ہاتھوں سے نالاں اُسکو پاتا ہوں
کوئی ٹک مُنہ لگاتا ہے تو وہ فریاد کرتا ہے

(۲) سبو شیشہ وخُم کسکی کی نہ پا بوسی
کسی نے منہ نہ لگایا مجھے سوائے قدح

آتش

(۳) مامی پینا۔ دیکھو (سر پر چڑھانا)+

(۱) لڑکے کو مُنہ لگاؤ تو داڑھی کھسوٹے۔ کتے کو مُنہ لگاؤ تو مُنہ چاٹے + مثل + (۲) مُنہ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال +

مُنہ لگنا۔ہ۔ف ل۔(۱)۔ دیکھو (سر پر چڑھنا نمبر ۱) + (۲) کسی چیز کا عادی ہو جانا۔ موافق آنا + (۳۔ف م) سخت کلامی یا تکرار کرنا۔

برابری کرانا + (۱) بچے کے کیوں مُنہ لگتے ہو جو۔ (۲) چل! میرے مُنہ نہ لگ! (۶)

مُنہ مارنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) جلد جلد کھانا۔ چرنا۔ دانہ زدی کرنا + گھوڑا دو مُنہ مارے تو صاحب ابھی چلتا ہوں + (۲) کاٹنا۔ چکتا بھر لینا۔ چکت مارنا۔ چونچ مارنا۔ ٹھونگنی مارنا۔ ڈنک مارنا۔ کاٹ کھانا + دیکھنا! صاحب! میں پھایا بناتا ہوں کہیں مکھی نہ مُنہ مار جائے + (جراح زخمی مریض سے کہتا ہے) + (۳) مکھی کا مُنہ میں جا کر اُلٹا پھر جانا + آج مکھی نے مُنہ مارا ہے خدا خیر کرے! (جواب) خیر کی کیا بات ہے مٹھائی کھاؤ گے! (۴) حملہ وار یا چوٹ کرنا + (۵) چبھتی ہوئی کہنا۔ طنز کرنا۔ کیوں صاحب! لگے ہمپر بھی مُنہ مارنے + (۶۔ دو کاندار) کسی تھیلے یا بوری کا مُنہ سی دینا + (۷) مُنہ بھرائی یا رشوت دینا + خود صاحب کا مُنہ مارو جو مقدمہ سرسبز ہو + (۸) مُنہ بند کر دینا۔ محروم رکھنا +

خوان نعمت سے کبھی حظ نہ اُٹھائینگے بخیل
مال کھا سکتے ہیں اتقدیر نے منہ مارے ہیں

(۹۔ کاریگر) کسی نوکدار چیز کی نوک توڑ دینا + میاں! ذرا اس کیل کا بھی مُنہ مارنا (کھاتی سے کہتے ہیں) (۱۰) مُنہ کیل دینا۔ زہر کا اثر دور کرنا (۱۱) جواب نہ آنے دینا۔ بند کر دینا +

مُنہ سکوڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ ناک بھوں چڑھانا

مُنہ پھیر لینا۔ ناراض ہونا +

مُنہ موڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) روگردانی کرنا۔ رخ پھیر لینا۔ توجہ نکرنا + صبا ؎

مُنہ موڑنا بتانِ حسین سے حرام ہے
موقوف یہ نماز نہیں ہے سلام پر

(۲) سرکشی کرنا۔ بغاوت کرنا + (۳) پرہیز کرنا۔ اجتناب کرنا۔ بچنا +

مُنہ میٹھا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مٹھائی یا شیرینی کھلانا + آتش ؎

حسرت ہی بوسۂ لبِ شیریں کی رہگئی
میٹھا نہ مُنہ کو تیرے نمکخوار نے کیا

(۲) کسیکو کچھ دینا۔ بخشنا۔ عنایت کرنا +

(۳) سبھی انعام نہ پاتے ہیں اسے شیریں دہن تجھسے
کبھی تو ایک بوسے سے ہمارا مُنہ بھی میٹھا کر

(۳) کسیکو کچھ کھلانا۔ شکریہ کے طور پر کچھ دینا + بابو صاحب! ہمارا یہ مقدمہ جتوا دو گے تو ہم تمہارا مُنہ میٹھا کرینگے (موکل اپنے وکیل سے کہتا ہے) + (۴) نذرانہ دینا۔ مُنہ بھرائی دینا۔ رشوت دینا + منشی صاحب کا مُنہ میٹھا کرو جو جلدی سے تمہارا کاغذ رجسٹری ہو جائے + (چپراسی نئے رجسٹری کرانیوالے سے کہا کرتا ہے)

مُنہ میں پان پھیکا ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱)

پان کا ذائقہ جاتا رہنا + (۲) صبح یا تڑکا ہونا پوچھٹنا +

مُنہ میں پانی بھر آنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (اکثر کسیکو کھٹی چیز کھاتے ہوئے دیکھکر منہ میں پانی بھر آیا کرتا ہے اور اُسکے کھانیکو خود بخود جی چاہنے لگتا ہے) اسی سبب سے کسی چیز کی نہایت خواہش ہونا + دیکھو (رال ٹپکی پڑنا نمبر ۲)

(آتش) بھر آئے دیکھ کے منہ مین نہ کسطرح پانی
تمھاری ناف سا چشمہ ذقن سا چاہ نہیں

مُنہ مین پانی چوانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسی مریض کے مُنہ میں بوند بوند پانی ٹپکانا کسی کی اُسکے مرتے وقت خدمت کرنا + (۱) تو تو ہمارے مُنہ میں پانی بھی نہیں چوانیگا (باپ اپنے ناخلف بیٹے سے کہتا ہے) (۲) **ذوق**
مُنہ میں گر پانی چوا دے یار اپنے ہاتھ سے ۔
مرگ کی تلخی سے شیریں تر کوئی شربت نہیں

مُنہ میں ۔ یا ۔ مُنہ ہی مُنہ میں پڑھنا ۔ یا ۔ گنگنانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ ہونٹوں میں پڑھنا ۔ بہت ہی چپکے چپکے پڑھنا +

مُنہ میں تنکا لینا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دیکھو (خاک چاٹنا) اور (تنکا دانتوں یا مُنہ میں لینا)

مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ (نہ منہ میں دانت ہیں جنسے کھانا چبایا جاتا ہے نہ پیٹ میں آنتیں ہیں جو کھانے کو پچاتی ہیں) ۔ اسی سبب سے ۔ نہایت ہی بڈھا پھونس ہے ۔ پیر فرتوت ہے +

مُنہ میں زبان نہونا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (مُنہ میں زبان کا ہونا باعث گویائی ہے) اسی سبب سے (۱) کم سخن ہونا ۔ بات نہ کہہ سکنا ۔ طاقت گویائی نہونا + **آتش**

تجھسا کوئی زمانے میں معجز بیان نہیں
آگے ترے مسیح کے منہ میں زبان نہیں

(۲) بہت غریب اور بھولا بھالا ہونا ۔ سات پانچ نہ جاننا ۔ بولے بول نہ آنا +

مُنہ میں گھنگنیاں بھر جانا ۔ یا ۔ بھری ہونا ۔ (پورب) مُنہ میں دھان لاوے ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (جب مُنہ میں کوئی چیز بھری ہوئی ہوتی ہے تو بولنا دشوار ہو جاتا ہے) اسی سبب سے کچھ نہ کہہ سکنا ۔ خاموش رہنا ۔ سکوت ورزی کرنا ۔ (انگریزی محاورہ) منہ میں آلو بھرے ہوے ہونا + **ذوق**

نہ ڈال آبلے اے گرمی فغاں مُنہ میں
کر چکا بیٹھ رہوں بھر کے گھنگنیاں مُنہ میں

مُنہ نہ پڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) شرم یا موقع مناسب کے باعث کچھ نہ کہہ سکنا + **شریر**

شکوہ کرنے گئے تھے گو اُن سے
دیکھ کر مُنہ پڑا نہ مُنہ اپنا

(۲) کہنے کا حوصلہ نہ ہونا۔ کہنے کی جُرات نہ ہونا + میرا تو اُن سے کہنے کو مُنہ نہیں پڑتا

مُنہ پپوڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) جواب نہ بن پڑنا۔ دیکھتے رہجانا۔ بغلیں جھانکنا۔ دانت بانا + (۲) مُسکرانا۔ ہنسنا۔ تبسم کرنا +

جانپوتے! مجھے دیکھ کے کیا مُنہ پپوڑ رہے ہے

مُنہ نکل آنا۔ ہ۔ ف ل۔ (ذرا سا مُنہ نکل آنے کا اختصار ہے) گال پچک جانا۔ چہرے کا رنگ اُتر جانا۔ دُبلا ہو جانا +

چار ہی دن کے بخار میں مُنہ نکل آیا

مُنہ ہی مُنہ میں کہنا۔ ہ۔ ف ل۔ آہستہ آہستہ بولنا۔ اسطرح بولنا کہ سمجھ میں نہ آئے۔ بُدبُدر کرنا + **جرأت** ؎

مُنہ ہی مُنہ میں کہتے ہیں ہم وہ دہانِ تنگ دیکھ
ہائے لب سے لب ملا کیونکر مزا پیجائے

(افسوس! کہ یہ اشعار خلاف تہذیب نہیں سمجھے جاتے اور ہمارے شرفا بڑے شوق سے پڑھتے پڑھاتے ہیں اور انکے بغیر ان محاوروں کو بے سند سمجھتے ہیں)

مُنہ یا بولنا۔ ہ۔ ف ل۔ اچھا شگون ہونا بھلا سون آگے آنا +

مُوپر آنا۔ ہ۔ ف ل۔ پکنا۔ پکا وُیا پختگی پر آنا +

موت آنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) کال یا قضا آنا + (۲) کسی فعل کا کرنا۔ ناگوار معلوم ہونا +

اسکو تو کام کرتے موت آتی ہے

موت کا پسینہ آنا۔ یا۔ ہونا۔ ا۔ ف ل۔ مرنیکے وقت ٹھنڈے پسینے کا آدمی کے ماتھے وغیرہ پر آنا۔ مرنے کی علامت ظاہر ہونا + **شوق** ؎

ہچکی آتی ہے سر و سینہ ہے
ماتھے پر موت کا پسینہ ہے

مُوت کا چُلّو ہاتھ میں دینا۔ ہ۔ ف م۔ (چونکہ چھوٹے بچے جنکو بہت کھلاتے پلاتے اور پیار کیا کرتے ہیں اُسی چاؤ چلے میں اپنے کھلانے والوں پر موت دیا کرتے ہیں) اسی سبب سے بھلائی کے بدلے بُرائی کرنا۔ نیکی کے عوض بدی کرنا۔ کسی کی ساری خدمت کو خاک میں ملا دینا اور اُلٹا اُسے ملزم گردانتا +

مُوت نکلتا ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ (چونکہ آدمی کا خوف یا رعب کے مارے بعض وقت پیشاب نکل جاتا ہے) اسی سبب سے۔ نہایت ڈرتا ہے۔ بہت خوف کرتا ہے۔

موتی پرونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) موتیوں کو تاگے

میں پرونا + (۲) فقروں یا جملوں میں عمدگی سے لفظوں کی بندش کرنا + (۳) فصاحت کے ساتھ گفتگو کرنا۔ مُنہ سے پھول جھڑنا۔ دل آویز باتیں کرنا + **غالب** ؎

واں خود آرائی کو تھا موتی پرونے کا خیال
یاں ہجوم اشک میں تارِ نگہ نایاب تھا

(۴) آنسوؤں کا تار باندھ دینا۔ خوب رونا۔

موتی ٹھنڈے ہوے ۔ ہ۔ محاورہ۔ (۱) موتی ٹوٹ یا مول گئے + (۲) تارے چھپنے لگے۔ پو پھٹی۔ بھور ہو گئی +

موتی چور۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) ایک قسم کی مٹھائی جسمیں موتی کے برابر نقطیاں اُبھری ہوئی دکھائی دیتی ہیں + (۲) چمکیلی اور خوشنما آنکھیں۔ آنکھیں کیا ہیں موتی چور ہیں (۳) کابلی کبوتروں کی ایک قسم کی آنکھ +

موتی چھیدنا۔ یا۔ بیندھنا۔ (۱) گوہر نا سفتہ میں سوراخ کرنا + (۲) بکر توڑنا۔ علامت دوشیزگی دُور کرنا +

موتی رولنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) موتیوں کو جمع کرنا + (۲) طنزاً۔ روپے پر کھتا۔ مال و متاع حاصل کرنا فائدہ اُٹھانا +

موتی کوٹ کوٹ کے بھرے ہیں ہ۔ محاورہ۔ آنکھیں کیسی موتی سی چمکدار اور خوشنما ہیں +

موتی کی سی آب جانا۔ ا۔ ف ل۔ بے توقیر ہونا۔ آبرو جاتی رہنا + **میر تقی** ؎

گر کر اُسکی گلی کی خاک میں مُفت
اشک کی موتی کی سی آب گئی

موتی کی لڑی ہیں۔ ہ۔ محاورہ۔ دانت کیسے موتی کی لڑی کی طرح مسلسل اور خوشنما ہیں +

موتیوں سے مُنہ بھرنا۔ ہ۔ ف ل۔ بخشش کرنا۔ نہال کر دینا + (۱) سودا

ثنا میں کسکی غنچوں نے دہن کھولا تھا۔ اے شبنم!
گلوں کا موتیوں سے مُنہ ترے قطرے جو بھرتے ہیں۔

(۱) جسکی دریا دلی ایسی کہ ثنا خوانوں کے
موتیوں سے بھرے جاتے ہیں صد دامانِ نیاز

موتیوں کا نوالہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ نہایت قیمتی اور عمدہ غذا۔ نرمال + **بحر** ؎

عشقِ دنداں میں دلِ زار تو انا نہ ہوا
موتیوں کا بھی نوالا نہ مرے منہ لگا

موٹا جھوٹا پہننا۔ ہ۔ ف ل۔ گزی گاڑھا پہننا۔ غریبوں کی طرح گزارہ کرنا۔ دن کاٹنا +

موٹا دکھائی دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) آنکھ کی

ایسی حالت ہو جانا کہ صرف موٹی چیز نظر آئے اور باریک نہ دکھائی دے۔ دھندلا نظر آنا + (۲) مذاقاً۔ موٹی چیز دیکھنے کی طرف زیادہ رغبت ہونا +

موٹا قلم۔ ا۔ اسم مذکر (۱) پرکار نیزہ۔ یا قلم + (۲) موٹا یا جلی لکھنے کا قلم + (۳) موٹا یا جلی خط +

مُوٹھ چلانا یا پھینکنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی پر جادو کر دینا +

مُوٹھ چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱۔ جواری) داؤں پڑنا یا لگانا + (۲) جادو کا اثر ہونا + نہ پہنچا کبھی یار تک دست وہم
یہاں مُوٹھ ساحر کی چلتی نہیں — برق

مُوٹھ کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ بٹیروں کو موٹھ میں رہنے اور آجانے کی عادت ڈالنا۔ لڑائی کے لئے بٹیروں کو سدھانا +

مُوٹھ مارنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) مُٹھی بھر لینا (۲) چالاکی کے ساتھ مٹھی بھر کر چلا دینا اُچکا پن کرنا + (۳) ہاتھ کے ذریعے سے کبوتر پکڑنا + (۴) جادو کر دینا + سودا
دل پہ یوں زخم نہاں تیغ نگہ نے مارا
موٹھ جیسے کہ کسی پر کوی دشمن مارے

موٹی آسامی۔ ا۔ اسم مونث۔ مالدار دولتمند

دھنا ڈ۔ سونے کی [illegible]

موٹی بات ہے۔ [illegible] باریک بات نہیں ہے جسکے سمجھنے میں دقت پڑتی ہے۔ ظاہر اور عیاں بات ہے

موج مارنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) لہریں لینا۔ زور سے لہرانا۔ بہنا + آرزو ے
دریا ے اشک اپنا جب سر پہ اوج مارے
طوفان نوح بیٹھا گوشہ میں موج ماری
(۲) دیکھو (موجیں کرنا)

موجودات لینا۔ ا۔ ف م۔ (۱) فوج وغیرہ کی حاضری لینا + (۲) پرتالنا۔ جانچنا +

موجیں کرنا۔ یا۔ مارنا۔ ہ۔ ف ل۔ مزے اُڑانا۔ آرام یا عیش سے گزارنا۔ بیفکری کے ساتھ دن کاٹنا + (۱) حاتم ے
مثال بحر موجیں مارتا ہے
کیا ہے جس نے اس جگ سے کنارہ
(۲) جورو نے پروانہ بھیجا "لڑکے بھوکے مرتے ہیں"
"لڑکے گئے پدر کے چرخے۔ ہمتو موجیں کرتے ہیں"
(میسو کا گیت بیفکروں کے حال میں)

مُوچھ کا بال۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (چونکہ موچھ کا بال منہ پر اور سامنے رہتا ہے) اسی سبب سے سچا اور صادق آدمی + منہ پر کہے سو مُوچھ کا بال + مثل +

مُوچھوں پر تاؤ دینا۔ یا۔ ہاتھ پھیرنا۔ ہ۔ف م۔ (۱) مونچھوں کو بل دیکر کھڑا کرنا (۲) شیخی یا غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ اترانا + تاؤ مونچھ نیچا کرتے ہیں راہ کے حضور (بحر) تری دست ہے جو رکھتے ہیں گنجگار گھمنڈ

مُوچھوں سے چنگاریاں نکلنا۔ ہ۔ف (م عو) نہایت غصہ یا غضبناک ہونا۔ اولی بی اس مردوے کی مونچھوں سے تو ہر وقت چنگاریاں نکلتی رہتی ہیں +

مُوچھوں کا کونڈا کرنا۔ ہ۔ف م۔ (م عو) مونچھوں کے نکلنے یعنی جوان ہونیکی خوشی میں تقریب منانا +

موچی کا سکہ موچی پیٹے۔ ہ۔ محاورہ۔ جوتی۔ پنیٔ۔ موچری +

مُوذی پنا۔ یا۔ مُونجی پنا کرنا۔ ا۔ف ل کنجوسی یا بخیلی کرنا + (بخیل کو موذی کا خطاب اسواسطے دیا گیا ہے کہ وہ روپیہ کو جوڑ کر بیکار رکھنے سے عام کو ایک قسم کی ایذا پہنچاتا ہے)

مورچہ مارنا۔ ا۔ف م۔ (۱) دشمن کا مورچہ چھین لینا۔ شکست دینا۔ جیتنا + (۲) حجت و تکرار کرنا۔ ردوبدل کرنا۔ لڑنا جھگڑنا +

موری پر جانا۔ ہ۔ف ل۔ (ہ عو) پیشاب کرنے جانا۔ موتنا +

موری چھوٹنا۔ ہ۔ف ل۔ دیکھو (پیٹ جاری ہونا)

موری کا کیڑا۔ ہ۔ محاورہ۔ وہ بچہ جو پیدا ہوتے ہی فوراً مرجائے +

موزوں کرنا۔ ا۔ف م۔ (۱) طبیعت میں شعر و اشعار کے بحر درست کرنے کی قوت پیدا کرنا۔ (۲) شعر کو بحر سے درست کرنا

مُوس کے کھا جانا۔ ہ۔ف م۔ کسی کا مال دغا و فریب کرکے کھا جانا۔ ٹھگ لینا +

مُوسلا دھار برسنا۔ ہ۔ف ل۔ (مینہ کا موسل کے برابر موٹی دھاروں میں برسنا) اسی سبب سے نہایت شدت کی بارش ہونا +

مُوسلوں ڈھول بجانا۔ ہ۔ف م۔ (ڈنکے کے بدلے ڈھول کو موسلوں سے بجانا تاکہ خوب زور کی آواز نکلے) اسی سبب سے نہایت شہرت دینا۔ عام میں خبر کردینا۔ ڈھنڈورا یا ڈونڈی پیٹنا +

موقع کو نہ جانے دینا۔ موقع کو

ہاتھ سے ندینا ۔ا۔ف م۔ موقع کو کھو ندینا۔ موقع کے موافق کرنا +

مولا دولا ہے ۔ا۔ محاورہ ۔ بڑا فیاض ہے ۔ نہایت سخی ہے ۔ بڑا بے پروا ہے

مول لگانا ۔ مول تول ٹھیرانا ۔ ہ ۔ف م ۔ چکانا ۔ بھاؤ تاؤ کرنا ۔ سودا کرنا

مول لیکے چھوڑ دینا ۔ا۔ف م۔(۱) کسی آدمی کو خرید کر اُسے آزاد کر دینا + (۲) مثنزاً ۔ غلامی میں بھی نہ رکھنا ۔ غلامی کے قابل بھی نہ سمجھنا ۔ نہایت ہی ادنی جاننا + تم سا رکے تو وہ مول لیکے چھوڑ دیتا ہی

موم دِل ۔ا۔صفت ۔ سنگ دل کی ضد رحم دل جسکو جلد ترس آجائے +

موم کرنا ۔ا۔ف م۔(۱) پگلانا ۔ سختی دور کرنا (۲) تابع کر لینا ۔ نرم یا ملائم کر دینا +

موم کی مریم ۔ا۔ محاورہ ۔ مثنزاً ۔ بڑی نازک عورت ۔ چھوئی موئی +

موم کی ناک ۔ا۔ محاورہ ۔ وہ شخص جو اپنے قول پر قایم نرہے اور اوروں کے کہنے پر عمل کرے ۔ متلون مزاج +

موم کے ہو جو پگل جاؤ گے ۔ا۔ محاورہ (طنزاً اُس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو اپنے تئیں نازک بدن ظاہر کیا کرتا ہے) یعنے کچھ تم موم کے بنے ہوے نہیں ہو جو دھوپ میں چلنے سے بہنے لگو گے +

موم کے ہو گئے ہیں! محاورہ ۔ (طنزاً) نہایت مُلائم اور بہت نازک بن گئے ہیں ۔

موم ہو جانا ۔ا۔ف ل۔ ملائم یا نرم ہو جانا +

داغ موم ہو جاتا ہے میں وہ ہوں آتش قاہر جس سے پگلتے ہیں پہاڑ جو آتا ہے پتھر زیر پا

مومیایی نکالنا ۔ ہ ۔ف م ۔ (کہتے ہیں کہ جب نہایت گرمی پڑتی ہے تو پہاڑوں میں سے ایک موم سا مادہ نکلتا ہے) اسی سبب سے مارتے مارتے پلیتھن نکالدینا ۔ خوب مارنا +

مُونڈ مارنا ۔ ہ ۔ف م ۔ دیکھو (سر مارنا) +

مُونڈ مُنڈانا ۔ ہ ۔ف م ۔(۱) سر کے بال اُسترے سے صاف کرانا + (۲) اپنے تئیں فقیر یا چیلا بنانا +

کبیر

مُونڈ مُنڈالے ۔ جٹا رکھائے ۔ نگن پھرے جوں بھینسا
کھلڑی اوپر راکھ لگائی من بیسے کا تیسا

مونڈھے والی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ کسبی ۔ رنڈی

مُونڈی کاٹا ۔ کلمہ بددعا ۔ (دیہات میں تیرا مونڈ یا سر کٹ جائے ۔ تو مونڈی یا سر کاٹنے کے قابل ہے ۔ مری لیا ۔ ایک قسم کا کوسنا +

مون سادھنا ۔ ہ ۔ف ل ۔ خاموشی اختیار کرنا چُپ رہنا +

مُونگ کی پھلیاں۔ ہ۔ محاورہ۔ (تشبیہ) نازک اور دُبلی پتلی اُنگلیاں +

مُونگ کی دال کھانیوالا۔ ہ۔ محاورہ۔ دیکھو (پتلی دال کا کھانیوالا) وہ آدمی جسکی غذا مونگ کی دال ہو +

موٹیا سا پیٹ۔ ہ۔ محاورہ۔ (جو) ملائم اور نرم پیٹ +

مُوئے پر سو دُرّے۔ ا۔ محاورہ۔ (رجانے کے بعد مردہ کو کوڑے مارنا) اسی سبب سے مصیبت پر مصیبت +

مُوئے جیتے اُکھاڑنا۔ ہ۔ ف م۔ (م ع) کسیکے مرے ہوؤں اور جیتوں کے عیب صواب ظاہر کرنا۔ مُردوں اور زندوں کو بُرا بھلا کہنا + **شوق** ؎

موئے جیتے اُکھاڑ ڈالوں گی
کباڑی کی طرح جھاڑ ڈالوں گی

مُوئی مٹی کی نشانی۔ ا۔ محاورہ۔ مرے ہوئے آدمی کی نشانی۔ مردے کی اولاد

مہابرہمن۔ ہ۔ محاورہ۔ ہندوؤں کے مردوں کی داہ کریا کرنیوالا۔ بُرا باہن اچارج +

مہاپُرش (مسلمان) **مہاپُرس**۔ ہ۔ محاورہ۔ بڑا چالاک اور بدمعاش آدمی +

مہاپُورا ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ سب گنوں میں کامل ہے۔ بڑے حضرت ہیں۔ بڑے جناب ہیں۔ بڑا چلتا پرزہ ہے +

مہاجنی پرچہ یا چٹھی۔ ا۔ محاورہ۔ ہنڈوی چک +

مہاماننس بیچنا۔ ہ۔ ف م۔ (ا) غلاموں کی تجارت کرنا۔ (۲) روپیہ لیکر بیٹی کی شادی کرنا +

مہامائی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ دیبی جی کا خطاب دیبی ماتا +

مہتاب کا کھیت کرنا۔ ا۔ ف ل۔ چاند کا نکلنا یا اُگنا + **برق** ؎

یوں ترے رخ سے عیاں ہے تری تن میں مہتاب
کھیت جس طرح سے کرتے ہے چمن میں مہتاب

مُہرا آنا۔ ا۔ ف ل۔ دیکھو (آوازہ پھینکنا) + **اسیر** ؎

شست رہوں کہ ہے مُہر دہن کیسی خموشی
مُہرا بھی کبھی وہ مہ انور نہیں آتا

مُہرا کرنا۔ ا۔ ف م۔ جلا کرنا۔ گھوٹنا +

مُہرا نہ دینا۔ ا۔ ف م کسی کاغذ پر مُہر یا گواہی کرانے کا عوض دینا۔ اُجرت دیکر گواہی کرانا +

مُہرے پر رکھنا۔ ہ۔ ف م۔ (ا) زد یا

نشانے پر رکھنا۔ خطرے میں ڈالدینا +

مہمانسے بولنا۔ ہ۔ ف ل۔ بڑی نرمی اور مہربانی کے ساتھ بات چیت کرنا +

مہندی کی ٹٹی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ ہ وہ قطعہ جسمیں مہندی کے بہت سے درخت ہوں

ابر کرم کے فیض نے اب کیا ہے سبز
مہندی کی ٹٹی ہو گئی دیوار باغ کی

مہنگ مولا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ گراں فروش +

مہورت کرنا۔ ہ۔ ف م۔ کسی کام کا اچھی ساعت میں آغاز کرنا۔ آرمبھ کرنا +

مہینا چڑھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی کے ذمہ ایک مہینے کی اجرت ہونا۔ مہینے کی تنخواہ نہ ملنا۔ (۲) حیض کے ایاموں کا گزر جانا + (عو)

مہین گنڈا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ثقہ بدمعاش +

مہینے سے ہونا۔ مہینا نہانا۔ ہ۔ ف ل عو۔ (دیکھو کپڑوں سے ہونا)

میاں آدمی۔ ا۔ محاورہ۔ بڑا نیک اور شریف آدمی +

میاں بھائی۔ ا۔ محاورہ۔ ہ وہ دو آدمی جو ایک عورت سے رہیں + (بازاری)

میاں جی۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) پڑھانیوالا۔ معلم + (۲) بچولیا۔ گھٹنا +

میان سے باہر ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) تلوار کا میان سے باہر نکل آنا۔ تلوار کھچ جانا + (۲) غصے کے مارے آپے سے باہر ہونا +

میان سے کھینچنا۔ نکال لینا۔ یا۔ لینا۔ ا۔ ف م۔ تلوار کو میان سے نکال لینا۔ کسیکے قتل کا ارادہ کر دینا + **میر ۵**

دیکھیں اک دم میں کیونکر تیغ ہو اسکی بلند
گو پئے خونریزی اسنے میان سے لی ہے ابھی

میاں مٹھو۔ ا۔ محاورہ۔ (۱) توتے کا خطاب (۲) بھولا بھالا آدمی +

میان میں کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) تلوار کو غلاف کے اندر کرنا + (۲) لڑائی یا قتل کے ارادے سے باز آنا +

مے پرست۔ ف۔ اسم مذکر۔ شرابی۔ میخوار +

میٹھا برس۔ ہ۔ محاورہ (م ع)۔ اٹھارواں برس + (۱) **مصرع بحر ۵**

بڑھاپا میٹھا برس سے سن تو سچ مچ بے حلاوت ہے

(۲) لگا میٹھا برس جب سے یہ صورت زہر لگتی ہے

کہیں۔ مشاطہ اکر پیغام ابر **مصری** کی نسبت کا

میٹھا بولنا۔ ہ۔ ف ل۔ نرمی کے ساتھ بات چیت کرنا +

میٹھا پوئیا۔ میٹھی پوئی۔ ہ۔ محاورہ (چاکسو) گھوڑے کی ہلکی رفتار + **وزیر ۵**

کس مزے سے جاتی ہے یا لب شیریں میں جان
میٹھی بولی چل رہا ہے تو سن خوش کام رہیے

میٹھا ٹھگ ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ (۱) وہ آدمی جو سیدھے کو میٹھا تیلیا کھلا کر اسکا اسباب چھین لیتا ہے (۲) میٹھی باتیں بنا کر ٹھگنے والا ۔ بڑا دغاباز ۔

میٹھا منہ کرانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کسیکو مٹھائی کھلانا ۔ شکرانہ دینا ۔ (۲) منہ بھرائی یا رشوت دینا +

میٹھا میٹھا ۔ ہ م ف ۔ تھوڑا تھوڑا ۔ خفیف ۔ طبیب اس لب شیریں کی جو مجکو تمنا ہے
جرأت تو ملیں کیا کہوں کہ میٹھا میٹھا درد ہوتا ہے

میٹھا ہونا ۔ ہ ۔ ف ۔ (۱) خفیف یا کم ہونا ۔ اس کھانے میں نمک میٹھا ہے (۲) بے فائدہ ہونا +

حرف تلخ اس لب شیریں سے ہر یک بات پر آہ
ناصحا سنتے ہیں ہم کچھ تو ہے میٹھا ہمکو

میٹھی بولی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ملائم اور شیریں زبان + برج کی میٹھی بولی ہے +

میٹھی چھری ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ وہ آدمی جو ظاہر میں میٹھا اور باطن میں زہریلا ہو ۔ دشمن دوست نما +

میٹھی مار دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کسیکو اس طرح ٹھوکنا کہ ظاہر میں چوٹ کم معلوم ہو مگر باطن میں اسکا اثر زیادہ ہو ۔ گپت یا گجھی مار مارنا + (۲) کسیکے ساتھ دغا کرنا +

میٹھے منہ پر ہونا ۔ میٹھی باڑ پر ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ تلوار یا چھری کا تیز ہونا + بحر

تلخی مرگ ہمیں گر مجھے اندیشہ نہیں
میٹھے منہ پر ہے مرے یار کی تلوار ہنوز

میٹھی نظروں سے دیکھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ عاشقانہ نگاہ سے دیکھنا ۔ محبت کی نگاہوں سے گھورنا

ناسخ میٹھی نظروں سے وہ کیا دیکھے مجھے
اس پری کی آنکھیں ہیں بادام تلخ

میٹھی نیند ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ (۱) بیفکری اور آرام کی نیند ۔ سکھ نیند ۔ (۲) جوانی کی نیند +

میخ مارنا ۔ ا ۔ ف م ۔ دیکھو (بھانجی مارنا)

میدان جانا ۔ ا ۔ ف ل ۔ میدان میں پہنچنا ۔ بھاگ جانا ۔ پھاندنے جانا +

میدان چھوڑنا ۔ ا ۔ ف م ۔ لڑائی کا میدان چھوڑ کر بھاگ جانا +

میدان دینا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) جگہ دینا ۔ راستہ دینا + (۲) دور دور ہٹ جانا ۔ سرک کر بیٹھنا +

میدان کرنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) مکانات کو توڑ کر میدان بنا دینا + (۲) لڑنا جھگڑنا

میدان مارنا ۔ ا ۔ ف م ۔ لڑائی جیتنا +

میدان میں آنا۔ ا۔ ف ل۔ لڑنیکے لئے سامنے آنا +

میدہ سا۔ ا۔ صفت میدہ کی مانند۔ نہایت باریک۔ بہت مہین +

میدہ کی لوئی۔ ا۔ محاورہ۔ (تشبیہ) ملائم اور صاف پیٹ +

میدہ و شہاب۔ ا۔ صفت۔ (۱) سرخ و سفید + (۲) نہایت حسین +

میر آتش۔ ف۔ اسم مذکر۔ داروغۂ سلح خانہ

میرا حلوا کھائے۔ میری بھتی کھائے مجھے پٹے۔ یا۔ روئے۔ ا۔ محاورہ۔ یہ فقرہ مسلمان عورتیں قسم دلانے کی جگہ استعمال کیا کرتی ہیں۔ یعنے اگر تو میرا کام نکرے تو گویا مجھے مار کر میرے بعد فاتحہ کا حلوا یا بھتی کھائے +

میر آخور۔ ہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ داروغۂ اصطبل

میرا لہو پیئے۔ ہ۔ محاورہ۔ یہ محاورہ قسم دلانے کے بجائے بولا کرتے ہیں یعنے اگر تم ایسا نکرو تو گویا مجھے مار کر میرا خون پیو۔ تمہیں میرے خون کی قسم ضرور ایسا کرنا + (۱) ذوق

کہے ہے خنجر قاتل سے یہ گلو میرا
کمی جو مجھ سے کرے تو پیئے لہو میرا

(۲) فصادخوں فساد پہ ہے مجھسے اندنوں
میر نشتر نہ تو لگائے تو میرا لہو پیئے

میر فرش۔ ا۔ اسم مذکر۔ (۱) وہ وزن جو فرش کے گوشوں پر انکو اڑنے یا سکڑنے سے بچانے کے لئے رکھدیتے ہیں + (۲) مذاقاً۔ میر مجلس +

میری آنکھوں سے دیکھو۔ ہ۔ محاورہ (طنزاً) یہ فقرہ اُس وقت بولتے ہیں جب کسیکو سامنے رکھی ہوئی چیز دکھائی نہ دے یعنے اگر تیری آنکھیں بند ہیں تو میری آنکھوں سے دیکھ وہ سامنے رکھی ہوئی ہے +

میزان پٹنا۔ ا۔ ف ل۔ موافقت آنا۔ معاملہ

میکا بسانا۔ ہ م۔ عورت سسرال کو چھوڑ کر باپ کے گھر میں رہنا اختیار کر لینا +

میگھ یا۔ نیگ ڈمبر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (اسس میگھ یعنی بادل)۔ (۱) بہت بڑا اور اونچا خیمہ + (۲) ایک قسم کی پالکی جو اکثر ہاتھی پر کسی جاتی ہے +

میلا جُڑنا یا۔ لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ بہت سے آدمیوں کا ایک جگہ پر اکٹھا ہونا +

میلا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) گندہ یا خلیط کر دینا خراب کرنا + (۲) پیچا نہ پھر دینا + (حالانکہ

میلا کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) سیر و تماشے کو جانا ۔ لطف اُڑانا + (۲) مذہبی رسم ادا کرنیکے لئے مذہبوں کا جمع ہونا +

مَیل خورا ۔ ل ۔ اسم مذکر ۔ (۱) نیچے پہننے کا کپڑا ۔ کرتہ ۔ (۲) کوئی پُرانا یا اُترا ہوا کپڑا اُترن پُشتن +

میل کا بیل بنانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ دیکھو ۔ (بال کا کنبل بنانا)

میل لانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ غمگین اور اُداس ہونا ۔ میں نے اُسے سینکڑوں باتیں کہیں مگر وہ ذرا میل نہیں لایا +

میل میل ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ ہاتھی کے چنگھاڑنے کی ایک آواز +

میلے سر سے ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ عو ۔ (ایام حیض کا آنا ۔ کپڑوں سے ہونا + راحت ہوں میلے سر سے سر مجھے دھونا ضرور ہے صحنک میں شامل ۔ اے ہوا ! ہونا ضرور ہے

مینا کاری چھانٹنا ۔ ا ۔ ف م ۔ ہر ایک چیز کی بھلائی اور برائی کو نہایت غور سے دیکھنا ۔ ادنیٰ ادنیٰ فرق پر نظر کرنا ہر ایک بات میں نقص نکالنا +

مینڈکی کو بھی زکام ہوا ۔ ا ۔ محاورہ ۔ (چونکہ مینڈکی پانی کا جانور ہے اسکو پانی میں رہنے سے زکام نہیں ہو سکتا اور زکام کا ہونا ایک تعجبات میں سے سمجھا جاتا ہے) اسی سبب سے طنزاً اُس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو اپنی حد سے بڑھکر کوئی بات کرتا ہے ۔ لوانکے بھی دماغ چلے +

شوق ۵

اور باتوں کا اب پیام ہوا
مینڈکی کو بھی لو زکام ہوا

مینڈھا اُچھلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (ملاح) ۔ دریا میں کھیت کی مینڈ کے برابر معمولی لہر کا اُونچا اُٹھنا + بحر ۵

بحر غم نے کھائی ٹکر ایسی موج اشک کی
ہر بھنور جلد اگیا مینڈھا اُچھلکر رہگیا

مینڈھا اڑانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (بازاری) شراکت یا ساجھا کرنا +

مینڈھے لڑانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) دو مینڈھوں میں لڑائی کرا کر سیر دیکھنا + (۲) دو آدمیوں کو لڑوا دینا ۔ فساد ڈلوا دینا +

مین میکھ (میخ) نکالنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) میں اور میکھ جو دو رسیوں میں اُنکو ہر کام کے لئے بچارنا ۔ وہم ڈالدینا + (۲) ہر ایک کام میں نکتہ چینی کرنا +

مَیں مَیں ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ انکار ۔ غرور ۔ گھمنڈ +

ن

ناآشنا ۔ف ۔اسم مذکر۔ ناواقف ۔انجان ۔ روکھا پھیکا + حاتم ؎

میروت! بیوفا! اے دید! اے ناآشنا
آشنا اوں سے نکر میر جمی و بیگانگی

ناکار ۔ہ ۔صفت ۔(ف) کسی کام کا نہیں ۔خراب ۔نکما ۔(کبھی تم کی ہلکی سی گالی ہے جو انسان کو دیتے ہیں) + (۲) ہیجا ۔بُرا + کیسی ناکار حرکت کی ہے ۔

نابلد ۔ف ۔صفت ۔ناواقف ۔گنوار ۔اُجڈ +

ناچاقی ہوجانا ۔ا ۔ف ل ۔بگاڑ ان بن (تکرار ہوجانا) +

ناچ نچا لوں آنگن ٹیڑھا ۔ہ ۔محاورہ ۔طنزاً اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کسی امر میں قابلیت تو نہ رکھے اور پھر اُسکے جاننے کا دعویٰ کرے ۔یعنی ناچنا تو خود نہیں آتا مگر ناچنے کی جگہ پر الزام رکھکر بریت حاصل کرتا ہے +

ناچ نچانا ۔ہ ۔ف م ۔حیران و پریشان کرنا ۔ستانا + دوہا ؎

بھوک منگاوے بھیک کو بھوک ہی سیس نوائے
بھوک کہاوے چور پر بھوک ہی ناچ نچائے

ناخلف اُٹھنا یا پیدا ہونا ۔ا ۔ف ل اولاد کا ناشائستہ ہونا ۔کپوت پیدا ہونا +

ناخن لینا ۔ا ۔ف م ۔(۱) ناخن تراشنا ۔نوہ کاٹنا + (۲) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا + (چابکسی)

ناخن میں پڑے ہیں ۔ا ۔محاورہ ۔(چونکہ ناخن میں اکثر میل رہتا ہے جو کسی کام کا نہیں ہوتا اسی سبب سے میں تمہاری یا اُسکی کچھ بھی حقیقت نہیں سمجھتا ہوں ۔تم جیسے سیکڑوں میری جیب میں پڑے ہیں +

تم جیسے تو میرے ناخنوں میں پڑے ہیں +

ناداری آنا ۔ا ۔ف ل ۔غریب یا کنگال ہوجانا +

نادرشاہی ہے ۔ا ۔محاورہ ۔(نادر شاہ بادشاہ کا دور ہے جسمیں آدمی بے پوچھے تلوار سے مارا جاتا تھا) ۔اسی سبب سے (۱) ہلاکو کا زمانہ اندھیر ہے ۔ظلم ہے + (۲) زبردستی کا زمانہ ہے

نادری چڑھانا ۔ہ ۔ف م ۔گنجفے میں ایک قسم کی مات دینا جسمیں مذاقاً ہارنے والے سے اُسکے کو برابر میانی کترنیکو کہا کرتے ہیں +

ناڑا چھوٹ کرنا ۔ہ ۔ف ل ۔(مارواڑی عو) موتنا ۔پیشاب کرنا +

ناڑا کھولنا ۔ہ ۔ف م ۔کسیکے ساتھ جماع کرنا ۔(جاہل آدمی اس فقرے کو اپنی نسبت قسم کے

طور پر بھی بولا کرتے ہیں یعنے میں جو تم سے پھروں تو اپنی بیٹی کا ناڑا کھولوں)

ناڑ نیچی کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ دیکھو (سر جھکانا)

ناڑ نبض چھوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نبض کا جاتا رہنا۔ مر جانا + (۲) کسی صدمہ کے سبب سُست پڑ جانا + (۳) طنزاً۔ دم نکل جانا۔ سکتے کی سی حالت ہو جانا +

ناڑی نہ بولنا۔ ہ۔ ف ل۔ نبض کا حرکت نکرنا۔ مر جانا +

ناز اُٹھانا۔ ا ف ل۔ کسی کے ناز و نخرے کی برداشت کرنا۔ ناز برداری کرنا +

ناز کرنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) فخر کرنا۔ نازاں ہونا (۲) اترانا۔ گھمنڈ یا شیخی کرنا +

نازک مزاج۔ یا دماغ۔ ا صفت۔ (۱) جو ذرا سے اثر کو جھٹ قبول کر لے + (۲) جو ذرا سے صدمے کی بھی برداشت نکر سکے چھوئی موئی + (۳) مغرور۔ دماغدار +

نازک معاملہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ ایسی بات جسمیں عقل حیران رہے۔ ٹیڑھی بات +

نازک وقت۔ ا۔ اسم مذکر۔ جوکھوں یا خطرے کا وقت۔ آزمائش یا معرکہ کا وقت +

ناسازگار ہونا۔ ا۔ ف ل۔ موافق یا راس نہ آنا۔ منحوس ہونا +

ناسا ز ہونا۔ ا۔ ف ل۔ بہتر یا اچھا نہ ہونا۔ علیل ہونا +

ناس کر دینا۔ کھو دینا۔ ملا دینا۔ ہ۔ ف م۔ بگاڑ دینا۔ [illegible] کر ڈالنا +

ناس لینا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی چیز کو سونگھنا (۲) بُلا س سونگھنا +

ناشدنی۔ ف۔ ہ (صفت)۔ (۱) ناممکن (۲) نالائق۔ خراب۔ کمبخت +

ناک آنا۔ یا۔ بہنا۔ ہ۔ ف ل۔ ناک سے ریزش یا آلائش کا گرنا +

ناک بھوں چڑھانا۔ یا۔ سکیڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ ناراض یا آزردہ خاطر ہونا۔ جس سے بیزار ہو نفرت کرنا + (۱) ناسخ [illegible] میں گیا جب اُسکے گھر ایسی چڑھائی ناک بھوں ہو نہ ممسک کی یہ صورت رہ سکے [illegible] (۲) عاشق سے ناک بھوں نہ چڑھاؤ کتاب رو! ہم درس عشق میں یہ الف سے پڑھی نہیں

ناک پر اُنگلی رکھکر بات کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (مسلمان عورتوں کا دستور ہے کہ بات کرتے وقت ناک پر اُنگلی رکھ لیتی ہیں) اسی سبب سے۔ زنانوں یا عورتوں کیطرح باتیں کرنا۔ بیجڑا ہونا +

ناک پر پہیا پھر گیا ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ چیچنی ناک والے کے حق میں بطور پھبتی بولتے

ہیں +

ناک پر ٹکا رکھدینا۔ ہ۔ فم۔ قیمت یا اُجرت وغیرہ اسیوقت دیدینا + راحت پیچھے کچھ لیتی ہوں رکھ دیتی ہوں پہلے ناک پر ہی اکسی بھروسے کا بندی پر ٹکا آتا نہیں

ناک پر غصہ۔ یا۔ مزاج ہونا۔ ل۔ ف ل۔ بہت جلد خفا ہو جانا +

ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا۔ ہ۔ ف م۔ (چونکہ ناک ایک بڑی عزت کی چیز سمجھی جاتی ہے اسلئے کہ ناک پیچھے عزت پر کھی کے برابر بھی کسیکے احسان کا بوجھ نہونے دینا) اسی سبب سے کسیکا ذرا سا بھی احسان نہ اُٹھانا +

ناک چڑھانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) تیوری میں بل ڈالنا + (۲) غصہ یا رنجیدہ ہونا + (۳) کراہیت یا تنفر کرنا۔ گھن کھانا۔ ناک مارنا +

ناک چنے چبوانا۔ ہ۔ ف م۔ (ناک سے سو گھنے کے بجائے چنے چبوانا جو نا ممکن کام ہے) اسی سبب سے۔ نہایت دق کرنا۔ ستانا۔ عاجز کر دینا۔ کچے گھڑے پانی بھروانا +

ناک چوٹی گرفتار ہونا۔ بنا۔ یا۔ رہنا۔ ل۔ ف ل۔ (ناک اور چوٹی جو عورت کے واسطے عزت اور زینت کی چیزیں ہیں اُنکے بچانے میں مصروف رہنا) اسی سبب سے (۱) اپنی عزت و حرمت کو تھامنا۔ اپنی عزت کے مخمصے میں گرفتار رہنا۔ ہر وقت عزت کا خیال رکھنا + (۲) اپنے ہی بکھیڑوں سے فرصت نہونا۔ اپنے ہی مخمصوں میں رہنا + میں آپ ہی ناک چوٹی گرفتار ہوں مجھ سے پرائے بکھیڑے نہیں ہو سکتے + (۳) بڑی عزت والے ہونا۔ دیادار ہونا + (۴) مغرور ہونا۔ نازک مزاج یا دماغ دار ہونا۔ پیارا تم ہمارے ہاں کبھی نہیں آتیں بڑی ناک چوٹی گرفتار رہو +

ناک رکھ لینا۔ ہ۔ ف م۔ عزت بچا لینا۔ آبرو رکھ لینا +

ناک رکھنا۔ ناک ساکھ رکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ صاحب عزت ہونا +

ناک رگڑنا سا۔ گھسنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) نہایت منت و سماجت کرنا۔ بہت سا عجز و انکسار کرنا + (۲) خوشامد کرنا +

ناک سنکنا۔ (پورب) ناک چھنکنا۔ ہ۔ ف ل۔ ناک صاف یا پاک کرنا۔ ناک بجانا۔

ناک کا بال۔ ہ۔ محاورہ۔ وہ شخص جو کسیکا نہایت مقرب ہو۔ کسیکے مزاج میں بہت دخل رکھنے والا آدمی +

ناک کاٹ چوتڑوں تلے رکھنا ۔ ہ۔ف ل (بازاری) ۔ (ناک جو عزت کی چیز ہے اُسکو کاٹ کر چھپا لینا) اسی سبب سے ۔ بے شرم یا بے حیا ہو جانا +

ناک کاٹنا ۔ ہ۔ف م ۔ عو ۔ آبرو ریزی کرنا ۔ بے عزتی کرنا +

ناک کٹنا ۔ ہ۔ف ل ۔ عو ۔ آبرو جانا ۔ بے عزتی ہونا + **آتش** ؎

بیٹی یار سے دعویٰ ہے گل رنبق کو
بیحیائی سے مگر ناک نہیں کٹتی ہے

ناک میں بولنا ۔ ہ۔ف ل ۔ بہت آہستہ غنغنا کر بات کرنا +

ناک میں دم کرنا یا لانا ۔ ا۔ف م ۔ دق کرنا ستانا +

ناک یا نتھنوں میں تیر ڈالنا ۔ ا۔ف م ۔ از حد تنگ کرنا +

ناک یا نتھنوں میں دم ہونا یا آنا ۔ ا۔ف ل ۔ تنگ و عاجز آجانا ۔ دکھی ہو جانا ہے گہت ریحاں کا دماغ اب کسی تجھ بن
ذوق آتا ہے میرا ناک میں دم اور زیادہ

ناکند بچھیرا ۔ ا۔ اسم مذکر ۔ (۱) وہ بچھیرا جسپر ابھی سواری نکی گئی ہو + (۲) ناتجربہ کار ۔ بھولا بھالا ۔ البچھیرا +

ناک نہ دیجانا ۔ ہ۔ف ل ۔ بدبو کے سبب کسی مکان میں پاؤں نہ رکھا جانا ۔ کسی جگہ کا متعفن ہونا +

ناک والا ۔ ناک والی ۔ ہ۔صفت ۔ صاحب عزت ۔ صاحب غیرت +

ناکوں ناک بھر دینا ۔ ہ۔ف م ۔ کسی برتن کو اوپر تک پُر کر دینا ۔ خوب مُنبّب کر دینا +

ناکوں ناک پیٹ بھر لینا ۔ ہ۔ف ل ۔ اتنا کھانا کہ حلق تک کھانا آجائے ۔ خوب چھک کر یا سیر ہو کر کھانا +

ناکے میں کو نکالنا ۔ ہ۔ف م ۔ (۱) سوئی کے ناکے میں سے تاگا نکالنا + (۲) تنگ یا دق کرنا +

ناگ ۔ یا ۔ کالا ناگ کھلانا ۔ ہ۔ف م ۔ (۱) اپنے تئیں خطرے میں ڈالنا ۔ کوئی جوکھوں کا کام کرنا + (۲) کسی سخت حاکم کی نوکری کرنا ۔ (۳) دھات وغیرہ کا پھٹکنا ۔ کوئی نازک کام کرنا +

نال کاٹا ہے ۔ تو نے ہی نال کاٹا ہے ۔ ہ۔ محاورہ ۔ عو ۔ (۱) تو نے ہی مجھے جنایا تھا ۔ تو ہی میری دائی ہے + (۲) طنزاً ۔ تو ہی میرا بڑا ہے +

نال گڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ جائے پیدایش ہونا ۔ مورو ثیت کا دعویٰ ہونا + (۱) تمہارا کیا یہاں نال گڑا ہے + (۲) میرا یاں کچھ نال تھوڑا ہی گڑا ہے

نام اُٹھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسی کی مہر کا نقش اچھی طرح سے کسی چیز پر آجانا ۔ نام اُپڑا آنا

برق میں ہوں وہ سوختہ اُفتادہ کہ جب مہر ہوئی داغ کا غذ کو لگا نام نہ میرا اُٹھا

نام اُچھالنا ۔ یا ۔ روشن کرنا ۔ ا ۔ ف م (طنزاً) بدنام کرنا ۔ رُسوا کرنا +

نام اُچھلنا ۔ یا ۔ روشن ہونا ۔ ا ۔ ف ل (طنزاً) رُسوا ہونا ۔ بُرائی کے ساتھ مشہور ہونا +

نام بدہونا ۔ ا ۔ ف ل ۔ نام بدنام ہونا ۔ بُرائی کے ساتھ کسی کا نام مشہور ہونا +

یار علی میرا کیا نام بدہوگا وہ خود بدکار ہے روشن دیا ہے رنج مجھکو جب گلہ کرتی ہوں راحت کا

نام پانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ نیکنامی حاصل کرنا +

نام پر جان دیتا ہے ۔ ا ۔ محاورہ شہرت حاصل کرنیکی خاطر اپنی جان تک کو ہلاک کر ڈالتا ہے ۔ نیکنامی کے لئے از حد کوشش کرتا +

نام چارکو ۔ نام کو ۔ ہ ۔ م ف (۱) برائے نام یوں ہی ۔ صرف نام گنانیکو + (۲) بمقدار قلیل ۔ بہت ہی تھوڑا +

نام چلنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسیکا نام باقی رہنا نیکی کے ساتھ کسیکا نام مشہور ہونا +

نام خدا ۔ ا ۔ خداوند ۔ (۱) اس کلمہ کو برکت اور نظر بد کے آسیب سے محفوظ رکھنے کے لئے بولا کرتے ہیں ۔ خدا نظر بد سے محفوظ رکھے ۔ خدا کرے کسیکی نظر نہ لگے +

جرات ٹک مُنہ ادھر کو کیجو قربان جاؤں ہائے کیا ہی بہار نام خدا آپ پر ہے آج

(۲) بخدا خدا کی قسم + ع

نام خدا بہار ہے جوبن پہ یار کے

(۳) طنزاً ۔ کیا کہنے ہیں ! آفریں ہے +

شوق اچھے آتے ہی اختلاط بڑھائے خوب نام خدا مزے میں آئے

نام دھرتا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ نام رکھنے والا ۔ (مراد) باپ +

نام دھرنا ۔ یا ۔ رکھنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) موسوم کرنا ۔ بچہ کا کوئی نام مقرر کرنا + (۲) بُرا بھلا کہنا ۔ گالیاں دینا + (۳) الزام لگانا ۔ بدنام کرنا + (۱) **ہولی موج** ساس لرویا نند یا جرو بھاوجیں پار پروس بھی نام دھرو + دیورانی جٹھانی دونو موئے مارو یا دو گا ہری ۔ جو ہو سو ہو + میں کھیلوں گی ہوری

بنواری سے۔ جو ہو سو ہو + (۲) **جرات** گرنگ سے اور نام سے گزر یگانہ **جرات** تو فرقۂ عشاق میں سب نام رکھیں گے (۴) خُردہ گیری کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ عیب نکالنا + **میر** ؎

جو ترے لب سے کام رکھتے ہیں۔
یمنی کو وہ نام رکھتے ہیں

(۵) قیمت لگانا۔ مول کہنا + کچھ نام رکھو؟

نام ڈبونا۔ ہ۔ف م۔ بدنام یا رسوا کرنا +

(۱) **بحر** خدا کے فضل سے اُسکو بھی آج روبیٹھے رہی تھی نام ڈبونے کو آبرو باقی

(۲) **جلال** بہانہ ڈھونڈتی تھی چشم تر جدائی کا اِسے تو نام ڈبونا تھا آشنائی کا

نام روشن ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) مشہور ہونا۔ شہرت پانا + **یار علی** ؎

جانصاحبِ تو رہے جم جم سلامت سچ تو ہے
نام روشن ہو گیا میرا تیرے اقبال سے

(۲) طنزاً۔ بدنام ہونا +

نام زد کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) کسی نام سے مشہور کرنا + (۲) مقرر کرنا + (۳) نسبت کر دینا + (۴) کسیکے نام نہاد کر دینا

نام کرنا۔ نام روشن کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) نیک نامی حاصل کرنا + (۲) طنزاً۔ بدنامی حاصل کرنا +

نام لگ جانا۔ ف ل۔ متہم یا ملزم ہو جانا

نام لیکر مانگ کھانا۔ ہ۔ ف م۔ کسی بزرگ یا نامی آدمی کے نام سے روٹی کمانا

نام لینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) تسبیح پھیرنا۔ مالا جپنا۔ بھجن کرنا + بیٹا سویرے اٹھتے ہی پہلے اُسکا نام لیا کرو + (۲) ذکر کرنا۔ تذکرہ کرنا چاہت کی چاکری کیجے ان چاہت کا نام نہ لیجے + مثل۔ (۳) الزام لگانا۔ متہم کرنا + (۴) تعریف کرنا۔ گن گانا۔ گنا باد کرنا + جوں جوں لیا تیرا گاؤں وں وں مارا سارا گاؤں + مثل +

نام لیوا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ بیٹا۔ وارث۔ فرزند نرینہ + نام لیوا نہ پانی دیوا + مثل + **میر** ؎

عنقا کی طرح اپنا غزلت سے نام نکلا

نام نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ بُرائی کے ساتھ مشہور کرنا یا شہرت دینا + **داغ** ؎

اس پردہ نے تمہارا نام اور بھی نکالا
یہ بھی کوئی حیا ہے جو نام ہو حیا کا

نام نکل جانا۔ ہ۔ ف ل۔ بُرائی یا بھلائی کے ساتھ مشہور ہو جانا +

نام نہ گو یا۔ ا۔ محاورہ (ہ ع) نہ میرا نام ہے نہ میرا ذکر ہے۔ وہ کس قطار و شمار میں ہے۔ (ضمیر متکلم مخاطب اور غائب حاصل کرنا +

سلیمہ مثل نام نکل جانا کی بھی چاہیئے +

تینوں کے ساتھ یہہ محاورہ اپنے اپنے موقع پر بولا جاتا ہے)

نام ہونا۔ ف ل۔ شہرت ہونا۔ مشہور ہونا

شیفتہ ہم طالب شہرت ہیں ہمیں ننگ سے کیا کام
بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہ ہوگا

نانٹھ پر بیٹھنا۔ ف ل۔ لاوارثی مال پر قابض ہونا +

نانکر کرنا۔ ف ل۔ نہیں کرنا + (۱) انکار کرنا۔ راضی نہونا +

نانی یاد آنا۔ ف ل (سخت محنت کے کام میں عاجز ہوکر یا چھوڑ ماں کی ماکو مدد کے لئے یاد کرنا)۔ اِسی سبب سے۔ سخت مدد کا خواستگار ہونا + (۲) حواس باختہ ہو جانا۔ ہوش جاتے رہنا۔ گھبرا جانا +

ناؤ خشکی میں نہیں چلتی۔ ا۔ محاورہ بغیر داد و دہش نام نہیں حاصل ہوتا +

برق ضروری ہے دریا دلی بہر نام
کبھی ناؤ خشکی میں چلتی نہیں

ناؤ کنے ڈبوئی خضر نے۔ ا۔ محاورہ رہبر یا اگوائی کے سبب یہہ خرابی یا تباہی آئی ہے + **ذوق**

وہ مثل ہے ناؤ یہ کنے ڈبوئی خضر نے
لیگیا خطِ ذقن دل کو سوئے گرداب کھینچ

ناؤ میں خاک اُڑانا۔ ف م۔ (چونکہ ناؤ میں خاک نہیں ہوتی اور پھر کسیکو خاک اُڑانے سے منع کرنا) اِسی سبب سے۔ بیجا الزام لگانا۔ تہمت دھرنا۔ نہایت جھوٹ بولنا۔

نبضیں چھوٹ جانا۔ یا۔ **چھٹ جانا**۔ ا۔ ف ل۔ (۱) نبضیں جاتی رہنا۔ جانکنی کی حالت ہو جانا۔ مرجانا۔ **بحر**

جوڑا کچھ اس ادا سے کھلا ہم تو مر گئے
نبضیں چھٹیں جو بال کسیکے بکھر گئے

(۲) گھبرا جانا۔ پریشان ہو جانا + **جرأت**

احوال کچھ نہ پوچھو کہ کل نبض پر مری
رکھتے ہی ہاتھ چھٹ گئیں نبضیں طبیب کی

نِت نیا۔ ف صفت۔ ہر روز نیا یا انوکھا۔ عجیب و غریب + **جرأت**

قیس و فرہاد کو اُسنے دکھائے دشت و کوہ
عشق ہمکو نت نیا اک کام فرماتا رہا

نتھنوں میں تیر دینا۔ ا۔ ف م۔ نہایت دق کرنا۔ ضیق میں جان کرنا۔ ناک چنے چبوانا +

نتھنوں میں دم کرنا۔ ا۔ ف م۔ دیکھو (ناک میں دم کرنا)

نتھنی یا نتھلی اُترنا۔ ف ل۔ کسی رنڈ کا ازالۂ بکر ہونا۔ سر ڈھکا جانا۔ (گرہستنیں

سہاگ کے دن نتھ پہنتی ہیں اور رنڈیاں اُنکے برخلاف نتھ اُتارتی ہیں) +

نتھنے پھلانا - ہ - ف ل - خفا یا لال پیلا ہونا - غضبناک ہونا +

نٹ کھٹ - ہ - صفت - عیار - شوخ - شریر - دغاباز + **میر** ؎

کیا لڑکے دلی کے ہیں عیار اور نٹ کھٹ
دل لیں ہیں یوں کہ ہرگز ہوتی نہیں ہے آہٹ

نٹ کھٹی کرنا - ہ - ف م - (۱) شوخی یا شرارت کرنا + (۲) ہٹ دھرمی یا بدمعاملگی کرنا - دغابازی کرنا +

نچا مارنا - ہ - ف م - دق کر دینا - ستا مارنا

نخاس پر بھیجنا - ا - ف م - بازار دکھانا - فروخت کے لئے چوک پر بھیجنا +

نخاس کی گھوڑی - ا - محاورہ - (بازاری) زن فاحشہ - چھنال عورت +

نخاس والیاں - ا - اسم مؤنث - رنڈیاں - طوائفین + **یار علی** ؎

منہ زور سب ہیں جتنی ہیں نخاس والیاں
اُنکا بدی میں نام ہی - جنیاں اگل گیا

نخرہ بگھارنا - نخرہ تلا کرنا - ا - ف ل - بہانہ کرنا - حیلہ گری کرنا - اِترانا +

شوق ؎

چلتے رہیئے کہ اسیں مزے آپ
نخرہ تلا ذرا نکرسئے آپ

نذر دینا - گزارنا - یا کرنا - ا - ف م - (۱) کوئی چیز یا روپیہ وغیرہ پیشکش کرنا - چڑھاوا بھیٹ دینا - پوجنا + (۲) رشوت دینا +

نزغے میں آجانا - ا - ف ل - کسی بلا یا مصیبت میں پھنس جانا - گھر جانا +

نرم گرم اُٹھانا - ا - ف ل - (۱) سخت سست یا بُری بھلی بات سہنا + (۲) تجربہ کار ہونا +

نزدیک جانا - ا - ف ل - (۱) پاس یا قریب جانا + (۲) واقف ہونا - جاننا (۳) ساتھ سونا - مباشرت کرنا +

جانصاحب اُسکے نزدیک ہوں بہت ہے دُور

نسبت ہو جانا - ا - ف ل - سگائی یا منگنی ہو جانا +

نسبتی بھائی - ا - اسم مذکر - (مسلمان) (۱) دودھ بھائی - بہنوئی + (۲) سالا - جورو کا بھائی +

نس بھڑک جانا - ہ - ف ل - (۱) کسی نس یا رگ میں صدمہ پہنچنا - مدہوش یا دیوانہ ہو جانا

نسخہ باندھنا - ا - ف م - (عطار) نسخہ کی دواؤں کو پڑیوں میں باندھکر دینا

نس کٹا - ہ - محاورہ - مخنث - خواجہ سرا - خوجہ +

نشا پانی کرانا ۔ا۔ف م۔ (۱) کسی نشے باز کو اُسکے نشے کی چیز دینا۔ عمل پانی کرانا۔ (۲) رشوت دینا +

نشا پانی کرنا یا جمانا ۔ا۔ف ل۔ (۱) دیکھو (**امل پانی کرنا**) + (۲) رشوت لینا +

نشا کِرکِرا ہونا ۔ا۔ف ل۔ عیش وعشرت میں خلل پڑنا۔ رنگ بھنگ ہونا +

نشانہ بنانا یا کرنا ۔ا۔ف م۔ کسیکو گولی یا تیر کی زد بنانا۔ مارنا + **ذوق** پہلے نشانہ کرتا وہ بندوق کا مجھے پر تھا میرے نصیب سے تو اُچھا ہوا

نشانہ ہونا ۔ا۔ف ل۔ گولی یا تیر سے کسی کا مارا جانا۔ شکار ہونا +

نشا ہرن ہوجانا ۔ا۔ف ل۔ کسی مسکر کے سبب نشے کا ہرن کی طرح چوکڑی بھر جانا۔ نشے کا اُتر جانا۔ ہوش میں آجانا **(بحر)** چشم جاناں وہ بلا ہے جو شرابی دیکھے نشا ہوجائے ہرن آنکھ خماری ہوجائے

نشے کے ڈورے ۔ا۔محاورہ۔ آنکھ کی وہ سرخی جو شراب کے نشے سے ہوجاتی ہے + ناسخ ؎ نشے کے ہیں نہیں یہ لال ڈورے ۔ ہیں طائر دل کو جال آنکھیں

نشیلی آنکھیں ۔ہ۔اسم مؤنث چشم مست لال لال آنکھیں + ناسخ ؎ آگئیں یاد جو رونے میں نشیلی آنکھیں اشک ٹپکے مری آنکھوں سے سیہ لال سفید

نشے میں چُور ہونا ۔ا۔ف ل۔ گہگڈ نشا ہونا۔ از حد نشا ہونا +

نصیب پھوٹ جانا ۔ا۔ف ل۔ دیکھو (**بھاگ پھوٹنا**)

نصیب لڑ جانا ۔ا۔ف ل۔ دیکھو (**قسمت لڑنا**)

نصیبہ پھرنا۔ جاگنا۔ یا۔ کھُل جانا۔ ا۔ف ل۔ دیکھو (**قسمت پھرنا**)

(۱) **یارعلی** بی بی باندی بنگئی اور باندی بی بی بنگئی پیٹ رہنے سے زناخی! کیا نصیبہ پھر گیا

(۲) **داغ** مکیں سے ہر مکاں کی زیب ہے گو قید خانہ ہو نصیبہ کھل گیا تھا حضرت یوسف سے زندانکا

نظارہ کرنا۔ یا۔ مارنا۔ ا۔ف ل۔ ایسے پن سے دیکھنا۔ ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔

نظر اُتارنا۔ ا۔ف م۔ نظر بد کا دفعیہ کرنا۔ صدقہ دینا +

نظر انداز کرنا۔ ا۔ف م۔ نامنظور و ناپسند کرنا +

نظر باز۔ ا۔صفت۔ (۱) کسی چیز یا آدمی

کے پہچاننے میں کامل مہارت رکھنے والا۔ بڑا تاڑنے والا + (۳) بڑا تاکنے والا

نظر بچانا۔ ا۔ ف م۔ دیکھو (آنکھ بچانا)

نظر بند رکھنا۔ یا۔ کرنا۔ ا۔ ف م۔ کسی امیر یا رئیس کو قید میں رکھنا +

نظر بھر کر دیکھنا۔ ا۔ ف ل۔ دیکھو (آنکھ بھر کر دیکھنا) +

نظر پر چڑھنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) کسی کی نظروں میں معزز و ممتاز ہونا (۲) جچنا۔ اندازہ کیا جانا +

نظر پڑ جانا۔ ا۔ ف ل۔ دکھائی دے جانا۔ ملاقات ہو جانا +

نظر۔ یا۔ نگاہ پھسلنا۔ ا۔ ف ل۔ نگاہ نہ ٹھیرنا۔ کسی چیز کا نہایت صاف و شفاف ہونا + **آتش** ؎

صفا آئینہ کی وہ چہرہ شفاف رکھتا ہے
پھسلتی ہیں نگاہیں یار کے رخسار پر کیا کیا

نظر پھینکنا۔ ا۔ ف ل۔ چاروں طرف دیکھنا۔ اِدھر اُدھر نگاہ کرنا +

نظر جلانا۔ ا۔ ف م۔ توے کی سیاہی سے کپڑے کو کالا کر کے آنکھوں کے مریض کے روبرو جلانا تاکہ چشم بد کا اثر دُور ہو جائے۔ چھوت جھاڑنا +

نظر جمنا۔ ا۔ ف ل۔ نگاہ ٹھیرنا +

نظر جھاڑنا۔ ا۔ ف م۔ دیکھو (نظر جلانا)

نظر۔ یا۔ نظریں چرانا۔ ا۔ ف ل۔ آنکھ چُرانا۔ بچنا +

نظر چڑھنا۔ نظر پر۔ یا۔ میں چڑھنا ا۔ ف ل۔ (۱) پسند آنا۔ نگاہ میں جچنا (۲) وقعت ہونا۔ رتبہ پانا۔ وزن رکھنا +

نظر ڈالنا۔ ا۔ ف م۔ دیکھنا۔ سرسری طور سے دیکھنا +

نظر رکھنا۔ ا۔ ف م ل۔ (۱) کسی کو محبت کی نگاہ سے دیکھنا۔ چاہنا۔ عاشقانہ نظر سے دیکھنا + **میر حسن** ؎

ہمارا گئی بھول خوف و خطر
لگی رکھنے ان پر تو نظر

(۲) ارادہ رکھنا۔ کسی پر نیت کرنا +

نظر۔ یا۔ نظروں سے اُترنا۔ یا۔ گرنا۔ ا۔ ف ل۔ کسی کی نظروں میں ذلیل یا حقیر ہونا۔ جی سے اُتر جانا۔ بے وقعت ہو جانا + (۱) **ناسخ** ؎

نہیں چڑھتا ہوں کسی کی بھی نظر پر ناسخ
یار کی نظروں سے افسوس میں اب اُترا (۲) کوٹھے کا گرا سنبھلتا ہے نظر سے گرا نہیں

سنبھلتا + شل

(۳) **داغ** آسماں گر گیا نظر سے مری
عرش پر جب ترا دماغ ہوا

نظروں سے گرانا - ا - ف م - کسیکو ذلیل یا خفیف کرنا - اعتبار کے درجہ سے گرا دینا

(۱) **لااعلم** مدتوں ضبط نے اشک آنکھ سے ڈھلنے نہ دیا
پھر جو نظروں سے گرایا تو سنبھلنے نہ دیا

(۲) **ذوق** روش اشک گرا دینگے نظر سے اک دن
ہے آنکھوں سے یہی مجھکو سُبکدائی دیتا

نظر سے نظر دو چار ہونا - ا - ف ل آنکھ سے آنکھ لڑنا یا ملنا + **شوق**

جب نظر سے نظر دو چار ہوئی
ایک برچھی جگر کے پار ہوئی

نظر سے نکلجانا - ا - ف ل - آنکھوں کے سامنے سے گزر جانا - معائنہ ہونا - دیکھنا + **داغ** ؎

عالم میں ایک تو نظر آیا نظر فریب
عالم تمام اپنی نظر سے نکل گیا

نظر کھا جانا - یا لگنا - ا - ف ل - چشم بد کا اثر ہو جانا - کسی کی ٹوک سے نقصان پہنچنا + (۱) **نظیر** ؎

مجھے یہ ڈر ہے کسی کی نظر نہ کھا جاوے
پھر و دہ تم کھلے بالوں سے - جان اکوٹھے پر

(۲) کہیں نظر نہ لگے اُنکے دست و بازو کو
یہ لوگ کیوں مرے زخم جگر کو دیکھتے ہیں **غالب**

نظر میں جچنا - ا - ف ل - دیکھو (آنکھو ںمیں جچنا) + **میر** ؎

تیری پلکیں جھبتی نظر میں بھی ہیں
یہہ کانٹے کھٹکتے جگر میں بھی ہیں

نظر - یا نظروں میں سمانا - ا - ف ل (۱) دیکھو (آنکھو ںمیں سمانا)

جب رخ یار نہ دیکھا نظر آیا پھر کیا!
وہ نہ نظروں میں سمایا تو سمایا پھر کیا!

(۲) وقعت رکھنا - جچنا - پسند آنا +

شوق کب نظر میں کوئی سماتی ہے
میری تو تجھ پہ جان جاتی ہے

نظر و نمیں رکھنا - ا - ف ل - دیکھو (آنکھوں میں رکھنا)

نظر ہو جانا - ا - ف ل - نظر بد کا اثر ہو جانا - جھپٹے میں آ جانا - بیمار پڑ جانا +

نعمت کے ماکا کلیجہ کہنا - ا - ف ل کوئی نئی یا انوکھی بات بیان کرنا +

نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے - ا - محاورہ - (چونکہ بھیڑ بھاڑ یا غل و شور میں ہلکی آواز نہیں سنائی دیتی ہے) - اسی سبب سے

بڑی مجلس یا ہنگاموں میں غریب آدمی کی کون سنتا ہے +

نقارہ اُلٹنا۔ا۔ف ل۔ دیکھو (ٹاٹ اُلٹ جانا) + (۲)

نقارہ بجاتے پھرنا۔ا۔ف ل۔ شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ ڈونڈی پھیرنا یا پیٹنا +

نقارے کی چوٹ۔ا۔م ف۔ علانیہ۔ بالکل ظاہر کھلم کھلا +

نقارہ ہو جانا۔ا۔ف ل۔ پھول کر نقارہ سا ہو جانا۔ پیٹ کا ابھر جانا +

نقش بٹھانا۔ا۔ف م۔ دیکھو (سکہ بٹھانا) +

نقش بیٹھنا۔یا۔ہو جانا۔ا۔ف ل۔ کسی چیز کا کسی کے دل پر اثر ہونا + **غالب**

اُسکی بزم آرائیاں سُنکر دلِ رنجوریاں
مثل نقشِ مدعائے غیر بیٹھا جائے ہے

نقش دیوار بنجانا۔یا۔ہو جانا۔ا۔ف ل (۱) بیحس و حرکت ہو جانا۔ سکتے کے عالم میں رہجانا + (۲) بھچک یا حیران و ششدر رہ جانا +

نقشِ کالحجر ہو جانا۔ا۔ف ل۔ پتھر کی لکیر بن جانا۔ خوب گہرا نقش پڑ جانا۔ خوب اثر پذیر ہو جانا +

نقشہ کھینچنا۔یا جمانا۔ا۔ف م۔ کسی چیز کا ڈھیر ڈالنا۔ بنیاد ڈالنا +

نقلِ مکان کرنا۔ا۔ف ل۔ (۱) مکان بدلنا (۲) دنیا کو چھوڑ کر دوسرے جہان میں جانا۔ مرجانا +

نکتوڑے توڑنا۔یا کرنا۔ **ناک نک کرنا**۔ ہ۔ ف ل۔ سخرہ کرنا۔ ناک مارنا۔ ناک بھوں چڑھانا +

نکسیر بھی نہیں پھوٹی۔یا چلی۔ ہ۔ محاورہ ناک سے خود بخود خون نہیں نکلا۔ ذرا بھی صدمہ نہیں پہنچا +

نکل پڑنا۔ہ۔ف ل۔ (۱) گر جانا + (۲) پیدا ہو جانا۔ باہر آجانا + لکھکر چھپنی سر پر دھری۔ نکل پڑا یا نکل پڑی + (م عو۔ ٹوٹکا) (۳) خفا ہو جانا۔ بگڑ جانا +

نکل جانا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) کہیں چلا جانا۔ بھاگ جانا۔ (۲) پھٹ جانا۔ ٹوٹ جانا + بازاری جوتیوں کے کتنے بڑی جلدی نکل جاتے ہیں + (۳) گزر جانا۔ ہو چکنا + عیدکے دن نکل گئے

نکل چلنا۔ ہ۔ف ل۔ اپنی حد سے تجاوز کرنا۔ گستاخ ہو جانا۔ پر پرزے نکالنا + (۱)

مری طرف سے صبا کہیو میرے یوسف سے
نکل چلی ہے بہت پیرہن سے بو تیری

(۲) اب تو ذرا تم بھی نکل چلے ہو!

نکلے ہوئے دانت پھر نہیں بیٹھتے ۰ محاورہ۔ ظاہر ہوئی وی بات پھر نہیں چھپ سکتی +

نکّو بنانا۔ یا کرنا۔ ۰ ف م۔ (بڑی ناک۔ یا۔ عزت والا قرار دینا) + اسی سبب سے۔ (طنزاً) بدنام یا رسوا کرنا +

نکھ سے سکھ تک۔ ا م ف۔ سر سے پاؤں تک۔ ایڑی سے چوٹی تک + سراپا از سر تا پا +

نکھنڈ کی رات ہے۔ ۰ محاورہ۔ ٹھیک آدھی رات کے بارہ بجے ہیں۔ بھیکر آدھی رات ہے +

نکیل ہاتھ میں ہے۔ ۰ محاورہ۔ وہ اُسکے اختیار میں ہے۔ وہ اُسپر قابض ہے

نگاہ اُٹھا کر نہ دیکھنا۔ ا۔ ف ل۔ دیکھو (آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا)

نگاہ پھرنا۔ ا۔ ف ل۔ بے رخ و بے دید ہونا

نگاہ کرنا۔ ا۔ ف م۔ آنکھ ڈالنا۔ تخمینہ یا اندازہ کرنا +

نگاہ لڑانا۔ ا۔ ف م۔ محبت آمیز نظروں سے دیکھنا۔ عاشقانہ طور سے دیکھنا

نگاہ ملانا۔ ف م۔ چار آنکھیں کرنا +

نگاہ میں رکھنا۔ ا۔ ف م۔ دیکھو (آنکھوں میں رکھنا) +

نگوڑا نا ٹھا۔ ۰ اسم مذکر۔ عو۔ (۱) وہ شخص جسکے نہ کوئی رشتہ ناتے کا ہو اور نہ کوئی بال بچہ ہو۔ تن تنہا۔ دم نقد + (۲) بے پروا۔ آزاد۔ بیفکرا + (۳) لُچّا۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ خراب +

نلے ٹل جانا۔ یا۔ اڑنگ بڑنگ ہو جانا ۰ ف ل۔ عورت کے نلوں کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا +

نمازی کاٹکا۔ ا۔ محاورہ۔ وہ چیز جو ملے بغیر نہ رہے۔ پاداش۔ عوض۔ فعل بد کی سزا + (کہتے ہیں کہ کسی شریر لڑکے نے ایک نمازی کی نماز پڑھتے میں ٹانگ گمسیٹ لی یہ شخص اپنی نیک بختی اور دور اندیشی کے سبب غصّے کو پی گیا اور ایک ٹکا جیب سے نکال کر اُس لڑکے کو دیدیا یہ بیموقع اور

ا نکھ بفتح نون بمعنی ناخن۔ سکھ بکسر سین ہندی لفظ سکھر بکسر سین کا مخفف بمعنی سر ہے، اس محاورے کو اعراب بالا کے بموجب سند دیتے ہیں اور صاحب گلشن فیض بھی اسی طرح اپنے لغت میں لکھتا ہے مگر دہلی کے بعض مسلمان نکھ کو بالکسر سکھ کو بالضم بولتے ہیں

ناعاقبت اندیش لڑکا لالچ میں آکر اُسیطرح سے کسی پٹھان کے ساتھ پیش آیا اُسنے میاں کو خوب ٹھیک بنایا۔)

نمد ابند ھجانا۔ ا۔ ف ل۔ دیوالہ نکل جانا۔ غریب ہو جانا +

نمد ابند ھوا دینا۔ ا۔ ف م۔ غریب بنا دینا مفلس کر دینا +

نمد ابھیجو۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ (۱) لعنت بھیجو۔ جانے دو۔ ذکر نکرو۔ نام نہ لو۔ (۲) بچو۔ پناہ مانگو +

نمک چشی کرنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) کھانے کا آب و نمک دیکھنا۔ نون چکھنا + (۲) پہلے ہی پہل چھ سات مہینے کے بچے کو کوئی نمکین چیز کھلانیکی رسم ادا کرنا + (۳ مسلمان) منگنی کے بعد شیرینی کے خوان طرفین میں بھیجنا + (۴۔ بازاری) چانٹے اُڑانا +

نمک حلالی کرنا۔ ا۔ ف م۔ اپنے مالک کے نمک کو حلال کر کے کھانا۔ خیر خواہی کرنا +

نمک مرچ لگانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) مزیدار کرنا ذائقہ بڑھانا + (۲) اپنی طرف سے کسی بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ حاشیہ چڑھانا (۳) مبالغہ کرنا + (۴) اگ نا۔ اُبھارنا +

نمو ہی۔ یا نمو ہا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کم گو ہونا + (۲) غریب یا نرگ۔ بخت ہونا (دو ہی رسّی ڈسے اُنکے دونو ہاتھوں کو نمو ہی جان کے وہ مجھکو مار لیتے ہیں

ننا جالفتا

ننا کاتنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بہت کمینہ سوت کاتنا۔ (۲) بہت کنجوس یا اوت کرنا + ایسا بھی تناہوں کاتنے ہیں (۳) بیکجھی یا بخیلی کرنا +

ننانوے کے پھیر میں

روپیہ جمع کرنیکے فکر میں پڑنا۔ کنجوسی یا بخیلی پر کمر باندھنا + (کسی کا ایک غریب جورو خصم پیسے روز کی مزدوری کر کے بڑی خوشی سے گزارہ کرتے تھے اُنکی مالدار بھاوج اُنکی قناعت کو دیکھ سکی اور ننانوے روپئے کی ایک تھیلی اُنکے گھر میں ڈالدی۔ جب اُنہوں نے اُس تھیلی کو گنا تو سو روپیہ پورے کرنیکے فکر میں پڑ گئے۔ اور اسی طرح سے اپنی خوشی کو غارت کر دیے روپیہ جوڑنے لگے) +

ننگا لچا۔ ننگی لچی۔ ہ۔ صفت۔ (۱) جو کپڑے اور گہنا کچھ نہ پہنے ہوے ہو + (۲) نہایت غریب و مفلس۔ (۳) شہدا +

ننگی تلوار۔ یا شمشیر۔ ا۔ اسم مذکر۔ بیباک

اور نڈر آدمی۔ شمشیر برہنہ۔ بڑا بولنے اور کہنے والا۔ ذرا لگا لپٹی نہ رکھنے والا۔ مجمعۂ عام میں صاف صاف گفتگو کرنیوالا +

ننّی کا۔ ہ۔ صفت۔ (ننّی کا یعنی کم عمر اور ناتجربہ کار کا جنا)۔ طنزاً۔ نادان۔ بیوقوف ایسا ہی ننّی کا ہے!

نوابی کرنا۔ ا۔ ف ل۔ اپنی حد سے بڑھکر چلنا۔ بیجا روپیہ صرف کرنا۔ امیرانہ طور سے رہنا۔ عیش اُڑانا۔ مزے کرنا +

نواڑا کھیلنا۔ ہ۔ ف ل۔ ناؤ پر سوار ہوکر دریا کی سیر کرنا +

نوبت بجنا۔ یا۔ **جھڑنا**۔ ا۔ ف ل۔ (۱) ایک قسم کا باجا بجنا + (۲) شادی ہونا خوشی منائی جانا +

نوشنی ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (ہندو) نئے دولھا دلہن کی رشتہ داروں کی طرف سے دعوت کی جانا +

نوتیرہ بائیس بتا دینا۔ ہ۔ ف م۔ (بائیس جو اصلی رقم ہے اُسکا حساب اس طرح بتانا کہ نو فلاں کو دیئے اور تیرہ فلاں کو اب کچھ باقی نہیں رہا) اسی سبب سے۔ ٹال دینا۔ حیلہ وحوالہ کرنا +

نودولت۔ ا۔ صفت۔ نیا مالدار۔ نیا نواب آج کا بنا ہوا +

نُور کی باتیں۔ ا۔ محاورہ۔ (م عو)۔ عجیب وانوکھی باتیں + **مصرعہ جائصیا** ہم سے کب ہوں یہ نور کی باتیں!

نُور کے تڑکے۔ نُور ظہور کے تڑکے۔ ا۔ م ف۔ صبح ہی صبح۔ علی الصباح۔ بہت ہی سویرے +

نوش فرمانا۔ نوش جاں کرنا۔ ا۔ ف ل۔ (شریفانہ گفتگو) کھانا۔ پینا +

نوک پان ملاحظہ کیجیے۔ ا۔ محاورہ۔ یہ فقرہ جوتیاں بیچنے والے دوکاندار اپنی جوتیوں کی تعریف میں گاہک سے کہا کرتے ہیں یعنے پنجے سے ایڑی تک دیکھ لیجے کہیں بھی کسی طرح کا عیب ہے

نوک پلک۔ یا۔ پنجے سے دُرست۔ ا۔ محاورہ۔ (زیر تا پا درست۔ بناسنوارا راستہ وپیراستہ۔ ٹھیکم ٹھیک۔ موزوں

نوک جھوک۔ یا۔ نوکا جھوکی ہونا۔ ہ۔ محاورہ۔ باہم طنز آمیز باتیں ہونا۔ آوازہ کشی ہونا +

نوک جھوک۔ یا۔ نوک چونک کرنا۔ ہ۔ ف م۔ طنز آمیز باتیں کرنا۔ آوازہ کسنا +

نوک چوک ۔ ا۔ اسم مؤنث ۔ شوخی ۔ شرارت ۔ چلبلاہٹ + **شوق** ؎

نوک چوک ایک جمال سے پیدا
بانکپن چال ڈھال سے پیدا

نوک دُم بھاگنا ۔ ا۔ ف ل ۔ بے تحاشا بھاگنا ۔

نوک زبان کرنا ۔ ا۔ ف ل ۔ حفظ یاد کرلینا ۔ کنٹھ کرنا +

نوک کی لینا ۔ ا۔ ف ل ۔ پاس وضع کرنا ۔ اترانا ۔ تمکنت کرنا + **اسیر** ؎

کبھی جو سامنے میرے کسی نے نوک کی لی
کھٹک گیا مجھے کانٹے کا ٹوٹنے کا احتمال ہوا

نولکھا ہار پہنا دیگا ۔ ہ۔ محاورہ ۔ عو۔ (طنزاً) نہال یا مالا مال کر دیگا ۔ بہت بڑا عوض دیگا ۔

نو نِدھ بارہ سِدھ ہو جانا ۔ ہ۔ ف ل ۔ (نو نِدھ = کوبیر کے نو خزانے ۔ بارہ سدھ = بارہ آسمانی قوتیں یعنی نو خزانوں کا حاصل ہونا اور بارہ دیوتاؤں کا موافق آنا) اسی سبب سے گھر میں ہر طرح سے لہر بہر ہو جانا ۔ کسی بات کی کمی نہ رہنا ۔ مُراد یا مطلب کا بخوبی حاصل ہو جانا +

نہانا ۔ یا ۔ **نہانا دینا** ۔ ہ۔ ف (۱) گائے کی پچھلی ٹانگیں دودھ دوہتے وقت باندھ دینا تاکہ دودھ آسانی سے نکل آئے + (۲) قبضے میں لانا +

نہال کرنا ۔ ا۔ ف م ۔ امیر بنا دینا + (۲) مسرور کرنا ۔ خوش کرنا + **ناسخ** ؎

ہے وہ گل چمنستانِ دہر میں شاداب
دکھا کے سبز ساقامت کیا نہال مجھے

نہال ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ (۱) امیر بن جانا ۔ آسودہ حال ہو جانا + جوت کرال جو ہو سکے نہال + مثل + (۲) فلاح کو پہنچنا +

پڑیگا صبر غنال کا باغباں پہ قہر و غضب
درخت چھانٹنے کے خام نہال کیا ہوگا

نہانے کی حاجت ہونا ۔ ا۔ ف ل ۔ احتلام ہونا ۔ بدخوابی ہونا +

نہانی ہونا ۔ ہ۔ ف ل ۔ عو ۔ (۱) عورت کو احتلام ہونا ۔ عورت کا خواب میں ناپاک ہو جانا + (۲) کپڑوں سے ہونا ۔ ایام آنا +

نہنگ لاڈلا ۔ ہ۔ صفت ۔ ابتر ۔ ناشائستہ ۔ بڑا بے حیا +

نہ نگلے بنتی ہے نہ اُگلے ۔ ہ۔ محاورہ ۔ ہر طرح سے خرابی ہے ۔ نہ راہ رفتن نہ روئے ماندن

نہورا ماننا ۔ ہ۔ ف ل ۔ احسانمند ہونا ۔ ممنون ہونا +

نیا پُرانا ہونا ۔ ہ۔ ف ل ۔ (۱) نیا پن یا انوکھا پن جاتا رہنا + (۲) کسی آدمی کو باہر سے آئے ہوئے عرصہ ہو جانا + (۳) نئے پن کی لذت

جاتی رہنا +

نیارا جہ۔ یا۔ نیا نواب بنا۔ ا۔ ف ل۔ مفت کی ہاتھ لگی ہوئی دولت کو خوب اڑانا

نیار پھونس کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (دیہات)۔ جانوروں کے لئے چارہ تیار کرنا۔ کٹی وغیرہ کاٹنا +

نیار یا پن کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) خاک مٹی سے چاندی سونا نکالنا + (۲) نہایت ہوشیاری و دانائی دکھانا + (۳) کائیاں پن کرنا۔ کفایت شعاری کرنا +

نیاز حاصل کرنا۔ ا۔ ف م۔ (شریفانہ گفتگو)۔ کسی بڑے یا نئے آدمی سے ملاقات حاصل کرنا

نیا کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پہلے پہل کسی نئی ترکاری یا نئے میوے کو چکھنا + (۲)۔ عو۔ جلا دینا۔ ٹھنڈا کر دینا + آج ہی آنگن کھا پہنا تھا ذرا سی دیر میں نیا کر کے رکھ دیا + (عو)

نیبو نچوڑ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (اپنا ذرا سا نیبو نچوڑ کر کسی کے کھانے میں شامل ہونیوالا)۔ اسی سبب سے۔ بن بلایا مہمان۔ زبردستی کا مہمان۔ طفیلیا پن +

نیچا اونچا دیکھنا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی چیز کو اوپر سے نیچے تک دیکھنا یا بغور دیکھنا +

نیچا پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) پیٹ کے ابھار کا جو زیادہ کھانے سے ہو جاتا ہے کھانا ہضم ہونے پر کم ہونا۔ کھانے کا ہضم ہو جانا + (۲) مغلوب یا عاجز ہو جانا۔ قابو میں آنا +

نیچا دکھانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) غرور ڈھانا + (۲) بیعزتی کرنا۔ آبرو ریزی کرنا +

نیزوں پانی چڑھ جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) کثرت سے پانی بڑھ جانا۔ پانی کی بہت طغیانی ہونا + (۲) لڑائی بڑھ جانا۔ خوب لڑائی ہونے لگنا +

نیلا پیلا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ لال پیلا ہونا۔ غصے ہونا۔ غیظ و غضب میں آنا + **جرات**

کل تلک جو گھر تھا اپنا گھر سو اُسکے در پہ آج
نیلا پیلا دیکھ کر کیا کیا ہمیں دربان ہوا

نیل بگڑنا۔ نیل کا مانٹ بگڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) (چونکہ نیل کے حوض بگڑ جانے پر نیل والے ٹوٹکے کے طور پر بے پر کے اڑایا کرتے ہیں) اسی سبب سے۔ از حد جھوٹ بولنا۔ جھوٹی باتیں بنانا + **اسیر**

باندھی ہے سب نے زیر فلک جھوٹ پر کمر
شاید بگڑ گیا ہے کہیں نیل ماٹ کا

(۲) بڑا بھاری نقصان اٹھانا + (۳) شامت یا بدبختی آنا + (۴) پاگل یا سودائی ہو جانا + (۵) بچہ کا شور کرنا یا غل مچانا +

(آیاؤں کا محاورہ)

نیل ڈھلنا۔ لفظ نیل کی اصل نیلو یعنی پانی ہے بقاعدہ علم زبان ر کو ل ہوگیا ہے)۔ (۱) نزع کے وقت آنسو ؤں کا آنکھوں سے نکلنا نزع کا عالم ہونا + **مومن** ؎

کیا رؤوں خیرہ چشمیٔ بخت سیاہ کو
واں شغل سرمہ ہے ابھی یاں نیل ڈھل گیا

(۲) بے شرم ہو جانا۔ آنکھوں کا پانی ڈھلنا

نیل کی سلائیاں یا۔ **سلائیاں آنکھوں میں پھیرنا** یا۔ **پھرنا**۔ ہ۔ فعل۔ اندھا کرنا یا اندھا ہونا + **میر** ؎

شہاں کہ کحل جواہر تھی خاکِ پا جنکی
اُنہیں کی آنکھوں میں پھرتی سلائیاں دیکھیں

نیل گھوٹنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) نیل کو ستھنا + (۲) لڑائی جھگڑا مچانا +

نیم ٹر نیم مُلّا۔ ا۔ اسم مذکر۔ کچا۔ خام۔ ناپختہ آدھا پنڈت یا مولوی + نیم حکیم خطرۂ جان نیم مُلّا خطرۂ ایمان + مثل

نیم کی ٹہنی ہلانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) زخم پر سے نیم کی شاخ کے ذریعہ سے مکھیاں اُڑانا (۲) آتشک کے مرض میں مبتلا ہونا +

نیند اُچٹ جانا یا۔ **اُڑ جانا**۔ ہ۔ ف ل۔ کسی باعث سے نیند کا جاتا رہنا +

سوتے سوتے جب پگار اُٹھتا ہوں اپنے یار کو
مرقدوں کے سونے والوں کی اُچٹ جاتی ہے نیند

نیند بھر کے سونا۔ ہ۔ ف ل۔ بیفکری کے ساتھ سونا۔ سکھ نیند سونا + **سجر** ؎

پھونکا کریں گے صور جو نالے سے اسطرح
سوئے گا نیند بھر کے نہ عالم تمام رات

نیند حرام کرنا۔ ا۔ ف م۔ خواہ مخواہ سوتے سے کسیکو جگا دینا۔ کسیکی نیند حیراں کرنا

نیند کا ماتا۔ نیند کا ڈکھیا۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جسکو ہر وقت نیند آتی رہے۔ ندرالو + **حیرت**

رات دن اُسکی جو بیخوابی کا مجکو ہے خیال
تو یہ حالت ہے کہ گویا نیند کا ماتا ہوں میں

نیین گنوانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) اندھا ہو جانا + (اپنے نین گنوا لے کے در در مانگے بھیک + مثل (۲) محتاج یا دست نگر ہونا +

نیوا ناس کھونا۔ ہ۔ ف م۔ کسیکی نیو تک اُکھاڑ کے پھینک دینا۔ کسیکو بنیاد سے تباہ و برباد کرنا +

نیو جمانا۔ دھرنا۔ ڈالنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) کسی مکان کی بنیاد رکھنا + (۲) کوئی کام شروع کرنا۔ آرمبھ کرنا + (۳) کسی بات کی تمہید اُٹھانا +

نیولے کی پھالسی۔ ہ۔ اسم مونث (عوام مذاقاً۔ مقام نہانی (اُن کنجریوں سے پوچھا کرتے ہیں جو چھینکے رسیاں بھی پھاندا کرتی ہیں) +

نئے پنچ۔ا۔محاورہ۔(چابکسوار) وہ گھوڑا جسکو پانچواں برس شروع ہوا ہو + نئے سر۔یا۔سرے سے۔ہ۔م ف۔از سرِ نو۔شروع سے۔پھر سے۔پھر کے سے +

دیکھ اُس گل کو جو شعلہ سا جگر سے چمکا
کیا مراد اغ کہن پھر نئے سر سے چمکا جرأت

نئے سر سے جنم لیا ہے۔ہ۔محاورہ۔بہلک بیماری سے شفا پائی ہے۔مرکر بچا ہے +

و

واجبی سا۔ا۔صفت۔تھوڑا سا۔جزوی

واحد شاہد بھی نہیں (ناخواندہ) واد شاد بھی نہیں۔ا۔محاورہ۔واقف نہیں۔بالکل نہیں جانتا +

واحد شاہد ہے۔ا۔محاورہ۔خدا میرا گواہ ہے

وار اور دار آنا۔یا۔ہونا۔ا۔ف ل۔جیتنا۔غالب آنا۔میدان پٹنا +

وار کرنا۔ہ۔ف م۔(۱) حملہ یا چوٹ کرنا + (۲) ضرب لگانا + (۳۔دیہات) ڈھیل کرنا۔دیر لگانا + مت کر دار جو بھگتے کار۔مثل

وار لگانا۔ا۔ف م۔ضرب لگانا۔ہاتھ مارنا اور بھی وار لگاتے اُسے کیا لگتا ہے جو کہ زخموں پہ نہ مرہم بھی لگانے دے مجھے جرأت

وارنٹ جاری کرانا۔ا۔ف م کسی کی گرفتاری کا پروانہ جاری کرانا +

واری جانا۔ا۔ف ل۔(م عو۔) نثار یا قربان ہونا +

وارے نیارے ہونا۔ا۔ف ل۔خوب سا کمانا۔بہت سا فائدہ ہونا +

واہ رے میں!۔ا۔ندا و ندبہ۔(فخراً) میری کیا بات ہے! ہم بھی کیا اچھے آدمی ہیں + دیکھکر آئینہ کہنا ہے "واہ رے میں"!

واہ واہ ہونا۔ا۔ف ل۔تعریف یا تحسین و آفریں ہونا۔سراہا جانا +

واہی تباہی پھرنا۔ا۔ف ل۔مارے مارے یا ڈانواں ڈول پھرنا +

وبال ہو جانا۔ا۔ف ل۔بھاری یا دوبھر پڑ جانا۔ناگوار ہو جانا +

وجود پانا۔یا۔پکڑنا۔ا۔ف ل۔ہستی میں آنا۔وقوع میں آنا +

وردی بجانا۔ا۔ف م۔صبح و شام بادشاہوں کے دروازے پر طنبورا اور تاشہ وغیرہ بجانا۔لشکر یا چھاؤنی میں صبح و شام باجا بجانا +

وزدی بولنا۔ ا۔ ف م۔ کسی واقعہ کی خبر لاکر دینا + (شکر)

ورق بکھر جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) تباہ یا برباد ہو جانا۔ خراب حال ہو جانا۔ چھکے چھوٹ جانا۔ تیلیاں بکھر جانا + (۲) بڑی نا اتفاقی ہو جانا +

ورق گردانی کرنا۔ ا۔ ف م۔ بیٹھے ہوئے کتاب کے ورقوں کو اُلٹنا اور کچھ نہ پڑھنا۔ بیفائدہ کام کرنا +

ور ہونا۔ یا۔ رہنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) غالب ہونا یا رہنا۔ جیتنا + (۲) سبقت لیجانا +

کبھی دیکھے جو رنگِ بدن تو ہر ایک گل ہو داغِ چمن
وہ خدا نے دی ہے اُسکو پھبن کبھی حور خلد رہے

وضع حمل ہونا ا۔ ف ل۔ بچہ پیدا ہونا +

وضو توڑنا۔ ا۔ ف م۔ (۱) وضو ناپاک کرنا + ناسخ ؎

دیکھ لینا کہ تاہم بھی وضو توڑیں گے
محتسب تو نے اگر شیشہ ہمارا توڑا

(۲) ناجائز فعل کرنا۔ بُرا کام کرنا +

وضو ٹوٹنا۔ ا۔ ف ل۔ ناپاک ہونا۔ بُرا فعل سرزد ہونا + شوق ؎

خوب بھر کر لگا دے مُنہ سے سبو
خیر ٹوٹے جو ٹوٹتا ہے وضو

وضو ٹھنڈے یا ڈھیلے ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ ارادہ سست ہونا + (از گلشن فیض)

وضیع و شریف ؎ محاورہ۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔ چھوٹا بڑا۔ بزرگ و خُرد +

وعدہ۔ یا۔ وقت برابر ہونا۔ آجانا۔ یا۔ آپہنچنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) کسی میعاد کا پورا ہو جانا + (۲) مدت زندگانی تمام ہو جانا۔ مرنے کے دن قریب آجانا +

وقت جب اپنا برابر ہو سدھارو اُسوقت
عرض کرتے ہیں یہ بادیدۂ نرنم سے ہم

جرأت

وقت پانا۔ ا۔ ف ل۔ موقع حاصل کرنا۔ موقع دیکھنا + صفدر ؎

وقت پاکر یہ کہا اُس سے کہ اے جانِ جہاں
ہی دن ہیں سن میں جوانی کے نکالو ہاں

وقت کاٹنا۔ ا۔ ف ل۔ رفع الوقتی کرنا۔ وقت گزاری کرنا۔ دن پورے کرنا +

وقت نکل جانا۔ ا۔ ف ل۔ موقع ہاتھ سے جلتا رہنا +

ولایت پانا۔ ا۔ ف ل۔ ولی ہو جانا۔ ولی کے مرتبہ کو پہنچنا +

ولی خنگر (کھنگر)۔ ا۔ اسم مذکر۔ (ملنسار)۔ باپ۔ ابا + سرپرست۔ سرو ھرا۔ مربی +

ہ

ہاتھا پائی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ (ہاتھ اور پاؤں دونو کے ذریعہ سے لڑائی) اسی سبب سے لڑائی ۔ دھول دھپا ۔ مار پیٹ ۔ زد و کوب

ہاتھ اُتر جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ ہاتھ کے جوڑوں کا جگہ سے بے جگہ ہو جانا +

ہاتھ اُٹھا کے دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ اپنی خوشی سے کوئی چیز کسیکو دینا +

ہاتھ اُٹھا کے کوسنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ بُری طرح کوسنا ۔ بہت بد دعائیں دینا + **مخیر** ؎

ہاتھ اُٹھا کر وہ کوسنے جو لگے
واہ رے! ہم اُسے دُعا سمجھے

ہاتھ اُٹھانا ۔ ف ل ۔ (۱) ہاتھ اُونچا کرنا + (۲) دُعائیں مانگنا + **ذوق** ؎

قاتل کبھی نہ تو نے اُٹھائے ۔ ہزار حیف!
اگر مزارِ کشتۂ تیغ نظر پہ ہاتھ

(۳) سلام یا بندگی کرنا + میاں! کبھی تو کسیکو ہاتھ اُٹھایا کرو ایسی بھی کیا آزادی ہے ۔ (۴) کسیکے مارنے کو ہاتھ اُٹھانا + واہ میاں! مرد ہو کر عورت پر ہاتھ اُٹھاتے ہو؟ (۵) دست بردار ہونا ۔ چھوڑنا ۔ ترک کرنا + **بحر** ؎

راز پوشی سے کبھی ہاتھ اُٹھایا نہ گیا
بخض دکھلا کے مرض اپنا بتایا نہ گیا

(۶) اُمید چھوڑ دینا ۔ مایوس ہو جانا +

ہاتھا چھانٹی کرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) لیکر دینا بدمعاملگی کرنا ۔ مار رکھنا + (۲) غبن کرنا تغلب کرنا ۔ چُرا لینا +

ہاتھ آنا ۔ یا ۔ لگنا ۔ ہاتھ میں آنا ۔ ہ ۔ ف ل (۱) قبضے یا قابو میں آنا + ایک دفعہ ہاتھ لگ جانا شرط ہے + (۲) حاصل ہونا ۔ ملنا + ساکھ گئی پھر ہاتھ نہیں آتی + مثل

ہاتھ اُونچا ہونا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دینے کے قابل ہونا ۔ آسودہ حال ہونا +

ہاتھ باندھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ ہاتھ جوڑنا ۔ دست بستہ ہونا +

ہاتھ باندھے کھڑے رہنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ منتظر رہنا ۔ حاضر و موجود رہنا +

ہاتھ بڑھانا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) کسی چیز کے لینے یا دینے کے لئے ہاتھ لمبا کرنا + (۲) دخل دینا ۔ اپنی حد سے تجاوز کرنا ۔

ہاتھ پکانا ۔ یا ۔ بکنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) کسی کے ہاتھ فروخت ہونا کسی کا غلام بننا ۔ (۲)

تابع ہونا۔ مطیع و فرماں بردار ہونا۔ نوکر ہونا

ہاتھ بند یا تنگ ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (روپے کی کمی کے سبب ہاتھ کا بار بار دینے کے لئے نہ اُٹھنا) اسی سبب سے۔ غریب ہونا۔ مفلس یا کنگال ہونا +

ہاتھ بھر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ بیچ کی اُنگلی سے کوہنی تک ایک ہاتھ کے برابر لمبا۔ آدھ گز +

ہاتھ بھر جانا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ہاتھوں کا تھک جانا + (۲) ہاتھ میں خون کا اُتر آنا۔ ہاتھ بھاری یا سُن ہو جانا + (۳) ہاتھ کا کسی چیز سے پُر ہو جانا۔ یا سُن جانا +

ہاتھ بھر کا دل ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ خوشی کے باعث دل کا بڑھ جانا۔ ہمت بڑھ جانا

ہاتھ بھر کی زبان ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ (عو) زبان دراز ہو جانا +

ہاتھ بیٹھنا۔ یا جمنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) مشاق ہو جانا۔ عادت یا محاورہ ہو جانا + (۲) لگنا۔ کارگر ہونا۔ اثر پذیر ہونا +

ہاتھ پانی لینا۔ ہ۔ ف ل۔ عو۔ دیکھو۔ (آبدست کرنا) +

ہاتھ پاؤں بچانا۔ ہ۔ ف ل۔ اپنے ہاتھ اور پاؤں کو کسی صدمے سے بچانا۔ اپنے تئیں بچانا +

ہاتھ پاؤں یا دست و پا پھول جانا۔ ہ۔ ف ل۔ خوشی یا خوف کے باعث ہاتھ پاؤں کا اپنے فرائض منصبی کو نہ ادا کر سکنا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ گھبرا جانا

سٹپٹا جانا + (۱) جرأت ؎

ابھی باتیں ہی ہیں اور دست و پا پھولے مرے یارو
یہ دھڑکا ہے جب اُس گلرو کو لاؤ گے تو کیا ہو گا

(۲) تم بھی صاحب نصیب بیشک ہو۔ خود وہ آتے ہیں لو مبارک ہو
لگے یہ ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ رنج ذقت تمام بھول گئے

ہاتھ پاؤں توڑنا۔ ہ۔ فم۔ (۱) لولا یا لنگڑا کر دینا۔ بیکار کر دینا + (۲) خوب کسرت کرنا۔ بہت سے ڈنڈاور بیٹھکیاں وغیرہ لگانا +

ہاتھ پاؤں ٹوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ اعضا شکنی ہونا جوڑ و نمیں درد ہونا + ناسخ ؎

محتسب نے میکدے میں کیا کوئی توڑا ہے خم
ٹوٹتے ہیں آج ساقی! کچھ ہمارے ہاتھ پاؤں

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جانا۔ ہ۔ ف ل۔ مرنے کے قریب ہو جانا +

ہاتھ پاؤں چلنا۔ ہ۔ ف ل۔ کام کاج کرنے کے قابل ہونا۔ ہاتھ پاؤں میں بل ہونا

نہ گریباں چھٹے نہ دامن دشت
جب تلک ہاتھ پاؤں چلتے ہیں — عرش

ہاتھ پاؤں سے چھوٹنا۔ ہ۔ ف ل۔ (عو)

جتنے کے صدموں سے بخیریت نجات پانا۔ تندرستی کے ساتھ جنا +

ہاتھ پاؤں مارنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ہاتھ اور پاؤں چلانا۔ تیرنے میں ہاتھ پاؤں کو خوب حرکت دینا + (۲) بیقرار و مضطرب ہونا۔ تڑپنا + ناسخ ؎

دیکھ پائے گور سے گورے جو تمہارے ہاتھ پاؤں
زیست بھر مانند بسمل کیوں نہ مارے ہاتھ پاؤں

(۳) سعی و کوشش یا جد و جہد کرنا + ناسخ

کشتیٔ مے نے لگایا پار بیڑا یا قیا!
مدتوں دریائے غم میں ہم نے مارے ہاتھ پاؤں

ہاتھ پاؤں نکالنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ہاتھ اور پاؤں کا موٹا تازہ ہونا + (۲) بڑھ چلنا۔ پر پرزے نکالنا +

ہاتھ پاؤں ہارنا ۔ ہ۔ ف ل۔ ہمت ہارنا دل توڑنا +

ہاتھ پاؤں ہلانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ہاتھ اور پاؤں کو حرکت دینا + (۲) سعی و کوشش کرنا + آتش ؎

پہنچے تڑپ تڑپ کے بھی جلاد تک نہ ہم
طاقت سے ہاتھ پاؤں زیادہ ہلا چکے

(۳) محنت و مزدوری کرنا۔ دھندا کرنا + بے ہاتھ پاؤں ہلائے کچھ نہیں ملتا +

ہاتھ پر قرآن۔ یا۔ گنگا جلی رکھنا ۔ ا۔ ف م۔ کسی کے ہاتھ پر قرآن یا گنگا جلی رکھکر اُنکی قسم دلوانا۔ قسم دلوانا +

ہاتھ پر ناگ کھلانا ۔ ہ۔ ف ل۔ اپنی جان کو خطرے میں ڈالنا۔ جوکھوں کا کام کرنا

ہاتھ پر ہاتھ رکھے۔ یا۔ دھرے بیٹھے رہنا ۔ ہ۔ ف ل۔ بے شغل یا بیکار رہنا۔ کچھ کام نکرنا۔ خالی بیٹھے رہنا +

ہاتھ پر ہاتھ مارنا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بچین ہارنا۔ قول دینا۔ وعدہ یا اقرار کرنا + (۱) تب مار کر اُسکے ہاتھ پر ہاتھ بولا کہ ہے قول جان کے ساتھ نسیم لکھنوی

(۲) وعدۂ وصل کی شادی سے فنا دم ہوگا قتل کر ہاتھ پر اپنے نہ صنم مار کے ہاتھ آتش

(۲) شرط لگانا۔ بازی یا ہوڑ بدنا + ہاتھ پر ہاتھ مار و جو تم ہارے تو کیا دو گے +

ہاتھ پڑ جانا ۔ ہ۔ ف ل۔ کسی چیز کا لٹ جانا لٹس ہو جانا۔ تاخت و تاراج ہونا + چونتیسا (تمت ۱۹ کا قطعہ) میں بہت جگہ ہاتھ پڑ گیا تھا +

ہاتھ پسارنا۔ یا۔ پھیلانا ۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ہاتھ پھیلانا + (۲) بھیک مانگنا۔ گداگری کرنا۔ سوال کرنا +

ہاتھ پسارے جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دنیا سے خالی ہاتھ جانا + مال جنہوں نے جمع کیا وہ ہاتھ پسارے جاتے ہیں + بھجن

ہاتھ پکڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) کسیکے ہاتھ کو اپنے ہاتھوں سے تھامنا + (۲) دستگیری مدد یا معاونت کرنا ۔ سہائتا کرنا ۔ آڑے آنا + آتش ؎

عجب نا آشنا ہیں آشنا اس بحر ہستی کے
ڈبو دیتے ہیں اُسکو ہاتھ یہ جسکا پکڑتے ہیں

ہاتھ پھیرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) چمکارنا ۔ پیار کرنا ۔ (۲) ٹھگنا ۔ لوٹنا ۔ مہر مونڈنا +

ہاتھ پھینکنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) پٹا بازی کرنا ۔ تلوار یا پٹا کے ہاتھ ہلانا + (۲) کسیکا مال مارنا یا غصب کرنا + (۳) جلد جلد کھانا کھانا ۔ بڑے بڑے نوالے اُتار جانا +

ہاتھ پیلے کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (ہندو) غریبانہ طور پر بیاہ کر دینا ۔ نکاح کرنا +

ہاتھ تکنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دست نگر ہونا ۔ ہاتھ دیکھنا ۔ مُنہ دیکھنا ۔ پر آدھین ہونا +

ہاتھ تلنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کسیکے ہاتھ کو گرم تیل میں بھوننا یعنی سزائے مجرمانہ دینا ۔ ایک قسم کی سزا دینا + رشک ؎

کوئے قاتل میں یہ پکوان ہے یہ کھانا ہے
بھونتے دیکھے جگر ہاتھوں کو تلتے دیکھا

ہاتھ تلے ۔ ہ م ف ۔ (۱) ماتحت ۔ نیچے قبضے میں + (۲) پاس ۔ دھنورے ۔ نزدیک +

ہاتھ تھرکانا ۔ یا نچانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ زنانوں کی طرح سے ہاتھوں کو نچانا عشوہ سازی کرنا +

ہاتھ جوڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) منت وسماجت کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔ گڑگڑانا + کبیر ؎

کر گجران گریبی سے ابھمان کس پر کرتا ہے
جوگی ہو کے جٹا رکھائے ننگے پاؤں پھرتا ہے
اُونچی بھاکر ہاتھ جوڑنا جو کیا ایشور اندھا ہے
کہے کبیر سنو بھئی سادھو یہ سب جھوٹا دھندا ہے

(۲) دست بستہ التماس کرنا ۔ عرض کرنا ۔ التجا کرنا + رشک ؎

پاؤں اُنہیں تو اتنا کہوں ہاتھ جوڑ کر
کیا لگ گیا تمہیں دل عشاق توڑ کر

(۳) توبہ کرنا ۔ معافی چاہنا ۔ پناہ مانگنا +

بس باباہیں تو اُسے ہاتھ جوڑتا ہوں !

ہاتھ جھاڑ کے کھڑا ہو جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ سارا روپیہ خرچ کر ڈالنا ۔ کچھ باقی نہ رکھنا

ہاتھ جھاڑنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ تھپڑ لگانا ۔ مارنا پیٹنا +

ہاتھ جھٹکنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ خفگی کے ساتھ

کسی چیز پر سے کسی کے ہاتھ کو ہٹا دینا +
ہاتھ جُھلائی - ہ - محاورہ - وہ روپیہ پیسا جو حاکم اور زمینداروں کے نوکر چاکر رستے میں مسافروں سے لے لیتے ہیں + (از گلشن فیض)
ہاتھ جھوٹا کرنا - ہ - ف ل - اُلش کرنا - کسی قدر رکھانا - مُنہ جُھٹا لینا +
ہاتھ جھوٹا ہو جانا - ہ - ف ل - کسی صدمے کے سبب ہاتھ کا اپنے کام سے جاتا رہنا - ہاتھ کا بیکار ہو جانا + بحر ؎
نیچہ کی جھوک سے بیکل کلائی ہوگئی
میں نے کھایا زخم اُسکا ہاتھ جھوٹا ہوگیا
ہاتھ چالاک - ا صفت - چالاکی کے ساتھ کسیکی چیز چُرا لینے والا - عیار - بڑا اُستاد - ہتھ چلا +
ہاتھ چڑھنا - ہ - ف ل - ہاتھ کا خوب رواں ہونا - خوب مشق ہونا
ہاتھ چلانا - ہ - ف م - مارنے یا پیٹنے کے لئے ہاتھ اُٹھانا +
ہاتھ چلنا - ہ - ف ل - (۱) فراخ دستی ہونا - زمانہ کا موافق ہونا - خاطر خواہ آمدنی ہونا - آجکل تو اُنکا خوب ہاتھ چلتا ہے + (۲) بے دھڑک یا جلد مار پیٹ پر آمادہ ہو جانا + (۳) چیرنے پھاڑنے اور توڑنے پھوڑنے میں اُستاد ہونا + ذوق ؎
جنوں کے جیب دری پر ہیں خوب چلتے ہاتھ
سلوک سینہ سے بھی کچھ تو کر لے چلتے ہاتھ
ہاتھ چمکانا - ہ - ف ل - ہاتھوں کو اونچا کرکے اُنگلیوں کو میٹھا کرنا - ہاتھ نچانا +
کھولکر زلف کہا اثر دمِ موسیٰ کیا ہے!
ہاتھ چمکا کے وہ بولے یہ بیضا کیا ہے! رشک
ہاتھ چُومنا - ہ - ف م - (۱) ہاتھوں کو تعظیم یا پیار کے طور پر بوسہ دینا + (۲) داد دینا تعریف کرنا +
ہاتھ چھوڑنا - ہ - ف م - (۱) ضرب لگانا - تلوار لگانا - ہاتھ مارنا + برق ؎
رشکِ قتلِ غیر سے تن میں لہو کھاتا ہے جوش
ہاتھ مجھ پر بھی کوئی - اے مہرتاباں! چھوڑ دے
(۲) ہر کسی کو مار بیٹھنا +
ہاتھ خالی جانا - ا - ف ل - (۱) ضرب نہ لگنا - ہاتھ ٹھیک نہ پڑنا - نشانہ نہ بیٹھنا (۲) طاس یا گنجفہ بانٹتے وقت وار میں تصویر دار پتّے کا نہ آنا + (۳) دنیا سے کچھ ساتھ نہ لیجانا
ہاتھ دانتوں سے کاٹنا - ہ - ف ل - (کسی چیز کے ہاتھوں سے نکل جانے پر ہاتھوں کو کاٹنا) - اسی سبب سے -

افسوس یا تاسف کرنا۔ پچھتانا + آتش دامن چھڑا کے جب سے گیا ہے وہ بیوفا دانتوں سے کاٹتا ہوں میں بے اختیار ہاتھ

ہاتھ خالی نہونا ۔ ف ل۔ کسی کام میں ہاتھ کا مصروف ہونا۔ کام میں ہاتھ ہونا۔ فرصت نہونا +

ہاتھ دِکھانا ۔ ف م۔ (۱) نبض دکھانا + (۲) نجومی سے اپنے ہاتھ کے خطوں کو دکھا کر کچھ اپنا حال دریافت کرنا + جرأت نکالے ہاتھ وہ پردہ نشیں نبض دیکھے ہزار بنکے نجومی کہوں دکھاؤ ہاتھ

ہاتھ دَوڑانا ۔ ف م۔ کسی چیز کے پکڑنے یا چھیننے کا ارادہ کرنا +

ہاتھ دھرنا ۔ یا۔ رکھنا ۔ ف م۔ (۱) کسی چیز یا آدمی کے اوپر ہاتھ رکھدینا۔ تھامنا۔ روکنا۔ پکڑنا + ذوق ؎ اے ذوق وقت نالے کے رکھ لے جگر پہ ہاتھ ورنہ جگر کو روئے گا تو دھر کے سر پہ ہاتھ (۲) کسیکی حمایت یا مدد کرنا + (۳) کسی اپنی پیاری چیز کی قسم کھانا + (۴) کسی نذر یا شغنے پر صرف ہاتھ رکھکر قبولیت ظاہر کرنا۔ اور اور اُسکو واپس کر دینا + (۵) منع کرنا۔ خاموش کرنا + ذوق

خط دیکے دل میں تھا کہ زبانی بھی کچھ کہیے پر اُسنے رکھدیا دہنِ نامہ بر پہ ہاتھ

ہاتھ دھو کے پیچھے پڑنا ۔ ف م (۱) کسی کام کے سر ہو جانا۔ لپٹ جانا از حد کوشش کرنا + (۲) دیکھو (پیچھے پڑنا نمبر ۲۔ ۳) +

ہاتھ دھونا ۔ یا۔ دھو بیٹھنا ۔ ف ل۔ نراس ہو جانا۔ آس توڑ دینا۔ امید منقطع کرنا + (۱) جرأت ؎ اشکِ خونیں کا یہی جوش ہے۔ جرات! تو بس آہ ہاتھ دامن ہی سے دھو بیٹھینگے دھوتے دھوتے (۲) یہ دی ہے بیکلی تو نے کہ دل میں ہے یہی کل سے میں دھو کر زندگی سے ہاتھ پوچھوں تیرے آنچل سے

ہاتھ دیکھنا ۔ فعل (۱۔ لازم) کسیکا محتاج ہونا۔ دیکھو (ہاتھ تکنا) + (۲۔ متعدی) کسیکے ہاتھوں کی لکیروں سے اُسکا گذشتہ یا آیندہ حال بتانا + آتش ؎ کہتے ہیں ہاتھ دیکھ کے اُس بُت کا برہمن تم عاشقوں کو قتل کروگے حجاب سے

ہاتھ دینا ۔ ف م۔ (۱) کسی چیز میں ہاتھ دیکر اُسکو پھیلانا۔ اوپر نیچے کر دینا + دوکاندار (۲) چابکسوار) کپڑے کے اندر ہاتھ

دے کر خفیہ طور پر گھوڑ دیکا معاملہ کرنا + (۳) مکمل کرنا یا بجھانا + چراغ کو ذرا ہاتھ دیدینا + (۴) کچھ پڑھ کے کسیکے سر پر پھونکنا اور ہاتھ پھیر دینا تاکہ بھوت پریت کا اثر دور ہوجائے - جھاڑنا + (۵) ہاتھ مارنا - زبان دینا - قول کرنا + اچھا سچ کہتے ہو تو لاؤ ہاتھ دو + (۶) سیتلا کے دانوں کا مرجھانا + آج ماتا نی ہاتھ دے گئی + (ہ عو)

ہاتھ ڈالنا - ہ - ف م - (۱) ہاتھ لگانا - چھونا - کھانا شروع کرنا + خالا کی مہمانی ہاتھ ڈال پچھتائی + مثل + (۲) کسی عورت کو چھیڑنا - آبرو ریزی کرنا + (۳) لوٹنا - دست بردی کرنا + (۴) دخل دینا کسی کام کو شروع کرنا + (۵) علاج شروع کرنا

ہاتھ رنگنا - ہ - ف ل - رشوت کھانا +

ہاتھ روکنا - ہ - ف ل - (۱) باز رہنا - دست کش ہونا + (۲) جز رسی یا کفایت شعاری کرنا - کم خرچ کرنا +

ہاتھ ساڈھنا - یا - صاف کرنا - ہ - ف ل - ہاتھ صاف کرنا - مشق کرنا +

ہاتھ سر پر رکھنا - ہ - ف م - (۱) مربی بننا حمایت کرنا + (۲) کسیکے سر کی قسم کھانا

ہاتھ سے - ہ - م ف - معرفت - ذریعہ سے

ہاتھ سے جانا - ہ - ف ل - کسی چیز کا اختیار قبضے یا قابو سے نکل جانا + **یکرنگ**

گر خبر لینی ہے تو لے صبا دل!
ہاتھ سے یہ شکار جاتا ہے

ہاتھ سے دینا - ہ - ف م - (۱) بخشنا - بانٹنا (۲) چھوڑنا - کھونا - جانے دینا - خیال نکرنا + **نسیم**

آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجے
جاتا ہو تو اسکا غم نہ کیجے

ہاتھ - یا - ہاتھوں سے نکلنا - ہ - ف ل - (۱) کسی کام کا ہاتھ سے کیا جانا - کسی کام سے بخوبی واقف ہو جانا + (۲) قبضے یا اختیار سے جاتا رہنا +

ہاتھ صاف کرنا - ا - ف م - (۱) مارنا - پیٹنا - زدوکوب کرنا + (۲) قتل کرنا - مار ڈالنا + **ذوق**

چھوڑا نہ دل میں صبر نہ آرام نے شکیب
تیری نگہ نے صاف کیا گھر کے گھر پہ ہاتھ

(۳) لوٹنا - تاخت و تاراج کرنا + (۴) مشق کرنا - ہاتھ رواں کرنا +

ہاتھ کا جھوٹا - ہ - اسم مذکر - بد دیانت یا بے اعتبار +

ہاتھ کا سچا - ہ - اسم مذکر - دیانت دار یا

یا صاحب اعتبار آدمی۔ بھروسے کا آدمی +

ہاتھ کا میل۔ ہ۔ صفت۔ ادنیٰ چیز۔ بے اصل شے۔ تُچھ +

روپیہ پیسا ہاتھ کا میل ہے + مثل

ہاتھ کٹ جانا۔ ہ۔ ف ل۔ کسی کاغذ پر کسی کے دستخط ہو جانا۔ تحریری گواہی ہو جانا +

ہاتھ کھینچنا۔ ہ۔ ف ل۔ تیاگنا۔ دیکھو (ہاتھ اُٹھانا نمبر ۵) + ناسخ ؎

خاک میں ملجائے گا خارِ بیاباں کیطرح
ہاتھ اپنا کاوشوں سے اے غریب آزار! کھینچ

ہاتھ کی لکیریں۔ ہ۔ محاورہ۔ (۱) ہاتھوں کے خطوط + (۲) کرم لیکھ۔ تقدیر کا لکھا + (۳) امٹ چیز۔ لازوال شے۔ بندھی بات

ایک کا پیسا تو ہاتھ کی لکیریں ہیں + مثل

ہاتھ کے نیچے۔ یا۔ **تلے آجانا**۔ ہ۔ ف ل کسی کے بس یا قابو میں آجانا +

ہاتھ لانا۔ ہ۔ محاورہ۔ کسی چیز کی تحسین و تعریف کا اظہار کرنا۔ طرفین سے ہاتھ ملاکر خوشی ظاہر کرنا + صبا ؎

ہندی ملکہ ہے چوٹ مرجاں پر
ہاتھ لانا۔ نگار! کیا کہنا

ہاتھ لگانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) چھونا + ذوق

(۱) جو چھیڑے برق کے شعلہ کو تیرا سوختہ جاں
تو وہ کہے کہ لگا تو نہ جلتے جلتے ہاتھ

(۲) زبانِ شکوہ ہے ہندی کا ہزپات
کہ خوباں نے لگائے ہیں مجھے ہاتھ

(۲) شروع کرنا۔ آغاز کرنا + (۳) سہارا لگانا۔ اُٹھا دینا۔ مدد کرنا + (۴) مارنا پیٹنا +

میرے بچے کو ہاتھ لگایا تو تو ہی جانے!

(۵) ضرب تیغ لگانا۔ ہاتھ مارنا۔ سر اُڑا دینا + برق ؎

سر جائے تو جاتا رہے دردِ سرِ عاشق
صد۔ ل کے عوض ہاتھ لگایا نہیں جاتا

ہاتھ لگنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) چھوا جانا + (۲) ناپاک ہو جانا۔ اُتر جانا + (۳) دستیاب ہونا ملنا۔ پانا + شوق ؎

بولی باتیں بنا نہ میرے ساتھ
انتوں میں لگ گئی ہوں تیرے ہاتھ

(۴۔ حساب میں) حاصل ہونا +

بیس کا صفر ہاتھ لگے دو

ہاتھ لگے میلا ہو۔ ہ۔ محاورہ۔ اس درجے سفید ہے کہ صرف ہاتھ کے لگنے سے میلا ہو جاتا ہے۔ بہت ہی اُجلا اور سفید ہے

ہاتھ مارنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) چُرانا۔ غبن کرنا۔ خیانت کرنا + ذوق ؎

اے شمع ایک چور ہے بادِ نسیم صبح
مارے ہے کوئی دم میں ترے تاجِ زر پہ ہاتھ

(۲) دھڑا دھڑی سے رشوت کھانا + (۳) بڑے بڑے لقمے اُتار جانا۔ جلد جلد کھانا بہت سا کھانا + **ذوق** ؎

کھاتا ہے اس مزے سے غمِ عشق میرا دل
جیسے گرسنہ مارے ہے حلوا سے تر پہ ہاتھ

(۴) قبضہ کر لینا۔ قابض ہو جانا + (۵) دیکھو (**ہاتھ صاف کرنا نمبر ۳۰۲**) (۶) عاشق بنا لینا۔ موہ لینا + **ذوق** ؎

کھینچکر عشق جفا پیشے نے شمشیرِ جفا
پہلے ایک ہاتھ مجھی پر تھا ازل میں ہا

(۷) قول دینا۔ اقرار کرنا +

ہاتھ ملانا۔ ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔ ہ۔ف م۔ (۱) مصافحہ کرنا۔ ملاقات کرنا + (۲) کشتی سے پہلے ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔ لڑنے کا ارادہ کرنا + (۳) پنجہ کرنا + (۴۔ دوکاندار) نقد خریدنا۔ بوہنی کرانا + (۵) دینا۔ داں پُن کرنا۔ خیرات کرنا بخشنا + مہاراج! آج اکادشی کا بڑا پرب ہے ہاتھ سے ہاتھ ملاؤ + (برہمن کہتا ہے)

ہاتھ ملنا۔ ہ۔ف ل۔ افسوس یا تاسف کرنا۔ پچھتانا + **برہ** ؎

(۱) سینے میں سماتی آئے کہنہ سکی ایکیہات
سوت بھی رودت اُٹھی مل مل سرہنگی ہاتھ

(۲) پر کترنیکو جو صیاد نے چاہی مقراض
ہاتھ ملتی تھی مرے مال پہ کیا ہی مقراض **ذوق**

ہاتھ میں ٹھیکرا دینا۔ ہ۔ف م۔ (۱) بھیک منگوانا + (۲) مفلس یا کنگال بنا دینا +

ہاتھ میں ٹھیکرا لینا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) بھیک مانگنا + (۲) غریب یا مفلس ہو جانا +

ہاتھ میں دل رکھنا۔ ا۔ف م۔ کسی شخص کی ہر ایک آرزو کو پورا کرنا۔ کسیکو ہر طرح سے راضی رکھنا۔ دلداری یا ناز برداری کرنا +

ہاتھ مین لئے پھرنا۔ ہ۔ف ل مرد کی خواہش نفسانی کا نہایت زور کرنا + (بازاری)

ہاتھ میں ہاتھ دینا۔ ہ۔ف م۔ (۱) مصافحہ کرنا۔ ہاتھ ملانا + (۲) اظہار خوشی کرنا +

نزاکت گرہلوں میں کف افسوس تو ہنستا ہے وہ شوخ
ہاتھ میں ہاتھ کسی شخص کو دیکر اپنا

(۳) کسی شخص کو کسی کے سپرد کرنا + (۴) کسی کے ساتھ شادی کر دینا۔ بیاہ دینا

ہاتھ میں ہنر ہونا۔ ا۔ف ل۔ ہنرمند یا صاحب کمال ہونا +

ہاتھ نر کھنے دینا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) دیکھو۔ (**پٹھے پر ہاتھ نر کھنے دینا**) + (۲)

راضی نہونا۔ نہایت سخت ہونا۔ اور کڑا بن جانا۔

ہاتھ ہلاتے۔ یا۔ ہلاجھلاتے آنا۔ ہ۔ ف ل۔ خالی ہاتھ آنا۔ گھر میں کچھ نہ لانا۔

ہاتھ ہلائے جانا۔ ہ۔ ف ل۔ کھانیکا شغل کرتے رہنا۔ منہ چلائے جانا۔

ہاتھی کے دانت بٹھانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) نوجوان کو تعلیم دینا۔ (۲) مشکل یا اہم کام کرنا

ہاتھی کی راہ۔ ا۔ محاورہ۔ کہکشاں۔ آکاش گنگا۔

ہاتھی نکل گیا ہے دُم باقی رہگئی ہے۔ ا۔ محاورہ۔ بہت سارا کام ہو چکا ہے تھوڑا سا کام باقی رہگیا ہے۔

ہار ڈالنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کسیکو ہار پہنانا۔ (۲) کسیکو بر یا خاوند گردانناً یا قرار دینا۔

ہارے کے درجہ۔ ہارے درجے۔

ہارے جھک مارکے۔ ا۔ م ف۔ (۱) ناچار ہوکر۔ عاجز آکر۔ ناچاری کو۔ مجبوراً۔ (۲) آخرکار۔ انت کو۔

ہارے کے ہرنام۔ ہ۔ م ف۔ (سب طرف اور سب طرح سے تھک کر ہری کے نام پر بھروسا کرنا) اسی سبب سے۔ مجبوراً۔ آخر کو۔

ہانجی کا نوکر ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ آقا یا افسر کی مرضی کے تابع ہونا۔ اکثر ہندوستان کی کمیٹیوں کے ممبر ہانجی کے نوکر ہیں۔

ہانڈی اُبلنا۔ ہ۔ ف ل۔ اپنی حیثیت سے بڑھکر کوئی کام کرنا۔ غرور کرنا۔

ہانڈی پکنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) دال ترکاری وغیرہ پکنا۔ (۲) گپ شپ اُڑنا۔ (۳) صلاح و مشورہ ہونا۔

ہانڈی گرم کرانا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) فائدہ کرانا۔ (۲) رشوت دلوانا۔

ہانڈی چڑھنا۔ یا۔ گرم کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) روپیہ ہاتھ لگنا۔ (۲) رشوت ہاتھ آنا۔

ہانڈی وال۔ ہ۔ ہم مذکر۔ شریک۔ ساجھی پتی دار۔

ہاں میں ہاں ملانا۔ ہانجی ہانجی کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ سب کے شریک رہنا۔ اتفاق رائے کرنا۔ اونٹ بلّیا لیگئی تو ہانجی ہانجی کیجے۔ مثل

ہاہا یا۔ ہاڑے کھانا۔ ہ۔ ف م۔ نکموں کے خاک چاٹنا۔ خوشامد کرنا۔ گڑگڑانا۔ ہاہا کھائے بوڑھے نہیں بیاہے جاتے مثل

ہاہا ہی ہی کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ بیہودہ طور سے ہنسنا۔ قہقہے اُڑانا۔ ٹھٹھے مارنا۔

ہائے ہائے کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) آہیں بھرنا (۲) کسی کام میں بڑی محنت کرنا یا جان مارنا

ہپا دینا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کھانیکو دینا۔ (۲)

رشوت دینا +

ہپ کر جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) کھا جانا ۔ نگل جانا + (۲) کسی کا مال ہضم کر جانا +

ہتے ۔ یا ۔ ہتوں سے اکھڑ جانا ۔ ہ ۔ ف ل (۱) پتنگ کی ڈور کا ٹوٹ جانا + (۲) دوستی کا جاتا رہنا + (۳) قبضے سے نکل جانا +

ہتے مارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) پتنگ کی ڈور کو جلد جلد گھسیٹنا ۔ ہاتھ مارنا + (۲) موقع کو ہاتھ میں لانا ۔ کسی چیز کو قبضے میں لانا +

ہتھ اُدھار دینا ۔ ہ ۔ ف م ۔ بغیر کسی چیز کے گرو رکھے روپیہ صرف اعتبار پر دیدینا ۔ دستگرداں دینا +

ہتھا مارنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ زبردستی کسی چیز کو چھین لینا + **برق**

نقد دل لیکے بغلگیر کیا برق! مجھے ۔
ہاتھ ملتے ہی ستمگار نے ہتھا مارا

ہتھ پھیر ۔ یا ۔ ہتھ پھیری کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ (۱) دیکھو (ہاتھ پھیرنا) ۔ (۲) غبن کرنا ۔ مال مارنا + (۳) خوب کھانا ۔ بہت سارا کھانا کھانا ۔ ہاتھ مارنا +

ہتھ چھٹ ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ وہ شخص جسکی ضرب خالی نہ جائے یا جو بہت جلد ہر ایک کے مارنے کو تیار ہو جائے +

ہتھ رس ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ جلق زنی +

ہتھ کھنڈے ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ بازی گری شعبدہ بازی ۔ ہاتھ چالاکی ۔ عیاری انداز ۔ داؤں + **غالب**

خستگی کا تم سے کیا شکوہ کہ یہ
ہتھ کھنڈے ہیں چرخ نیلی فام کے

ہتھوں سے جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹ جانا + (۲) بالکل تعلق جاتا رہنا ۔ اُکھڑ جانا +

ہتھے چڑھنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ قابو بس یا پنجے میں آنا + **بحر**

قبضے پہ ہاتھ رکھتے ہیں وہ بات بات میں
کیا بنیجہ ہے یار کے ہتھے چڑھا ہوا

ہتیا پلے باندھنا ۔ یا ۔ مول لینا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ تکلیف دہ چیز کو لینا ۔ کسی بلا یا جھگڑے میں پھنس جانا +

ہتیلی بجانا ۔ یا ۔ پیٹنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ دیکھو (تالی بجانا نمبر ۱ ۔ ۴)

ہتیلی پر سرسوں جمانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ کسی کام کو نہایت پھرتی سے کرنا ۔ چالاکی یا عیاری دکھانا + **میر تقی**

نہ اے رشکِ بہار اُنکھیں اُٹھائے پشت پا سے تو
ہتیلی پر اگر سرسوں ترے آگے جماؤں میں

ہتیلی پر سر لئے پھرنا - ہ - ف ل - مرنیکے واسطے سر کف یا ہر وقت آمادہ رہنا +

ہتیلی پے لئے پھرنا - ہ - ف ل - (بازاری) عورت کا خواہش نفسانی سے نہایت مجبور ہونا - مستا جانا +

ہتیلی ٹیک - ہ - اسم مذکر - (بازاری) - عِلتی - زنانہ بویسیا - اوندھا - بیلا +

ہتیلی ٹیکنا - ہ - ف ل - (بازاری) - اغلام کرانا +

ہتیلی دینا - یا - لگانا - ہ - ف م - (بازاری) سہارا دینا - سر پکڑنا +

ہتیلی کا پھپولا - یا - چھالا - ہ - محاورہ - وہ چیز جو ذرا سی ٹھیس سے ٹوٹ جائے

(۱) آجکل جسنے ذرا چھیڑا مجھے میں رو دیا -
غم کے ہاتھوں دل ہتیلی کا پھپولا ہو گیا بحر

(۲) پھینک کر شیشۂ دل ہاتھ سے کہتا ہے وہ مست
کیا بنایا تھا ہتیلی کا پھپھولا ہمکو ذوق

ہتیلی کھجلانا - ہ - ف ل - (۱) ہتیلی میں کچھ سلسلاہٹ ہونا + (۲) روپیہ ہاتھ آنیکی علامت ظاہر ہونا +

ہٹا کٹا - ہ - صفت - توانا و تندرست - قوی ہیکل +

ہٹ دھرمی کرنا - ہ - ف ل - ضد کے ساتھ بے ایمانی یا سخن پروری کرنا +

ہٹ کر سٹ ہٹ کر لیں - کرو - ندا و نصیحت (بازاری) - بوست پھیلاؤ - دفع ہو - چلدو - لمبے ہو +

ہچکے کرنا - یا گھڑنا - ہ - ف ل - کسی معاملے میں خواہ مخواہ حجتیں نکالنا +

ہچر مچر کرنا - ہ - ف ل - (۱) پس و پیش کرنا - رُکنا + (۲) دیکھو (آج کل کرنا)

ہچکیاں بندھجانا - یا - لگنا - ہ - ف ل - (۱) کثرت سے ہچکیاں آنا + (۲) مرتے وقت یا کثرت گریہ کی حالت ہو جانا + (۳) رُک رُک کر سانس لینا یا بولنا -
بے یار بزم مے میں ٹپکتے ہیں اشکِ جام
ہچکی ہے بوتلوں کو برابر لگی ہوئی

ہدف مارنا - لـ - ف ل - (نظم) دیکھو (تیر چلانا) + لا اعلم ہ

تیر جو ایک اس طرف مارا
تمنے گویا بڑا ہدف مارا

ہڈیاں - یا - ہڈے گڈے توڑنا - ہ - ف م - بہت مارنا - بیکار کر دینا - نہایت سخت سزا دینا +

ہڈیاں نکل آنا - ہڈیوں کی مالا ہو جانا ہڈے موکھرے نکل آنا - ہ - ف ل -

دیکھو (سوکھکر پنجر ہو جانا) +

ہرا باغ دِکھانا - ا - ف م - دیکھو (باغ سبز دکھانا) +

ہرا ہو جانا - ہ - ف ل - (۱) سبز ہو جانا + (۲) پھر پک جانا + **بحر ۵**

پھر کسی کان کے سبزے سے لڑی آنکھ اپنی
پھر ہرا ہو گیا زخم جگر اچھا ہو کر

(۳) پٹ جانا - وصول ہو جانا +

ڈوبی ہوئی رقم ہری ہو گئی +

(۴) تازہ دم ہو جانا - تھکن وغیرہ اُتر جانا - فرحت حاصل ہو جانا + نہانے سے جی ہرا ہو جاتا ہے + (۵) خوش یا مگن ہو جانا - باغ باغ ہونا + ماں بیٹے کو دیکھکر ہری ہو جاتی ہے +

ہرائی جتائی - یا **ہرونی جتونی کرنا** - ہ - ف م - (۱) مغز کھانا - بکواس کرنا + (۲) دق کرنا - ستانا +

ہربلی ہونا - ا - ف ل - ہر ایک فن سے ماہر ہونا - ہر ایک کام میں اُستاد ہونا +

ہر پر نجا نا - ہ - ف ل - دو چیزوں میں فرق نکر سکنا - قوت ممیزہ کا نہ ہونا + (پورب)

ہُر ہو جانا - ہ - ف ل - (۱) اُڑ جانا + (۲) غائب ہو جانا - چلدینا + (۳) بالکل خرچ ہو جانا +

ہربونگ مچانا - ہ - ف م - (۱) غل وشور مچانا + (۲) نوٹ یا اندھیر مچانا - غدر کر دینا

ہر پھیر کرنا یا کے - ہ - م ف - اِدھر اُدھر پھر پھرا کر - ہار جھک مار کر - ناچار - آخر کار + نہ بولے یا اُٹھائے یا کرے پھیر مت اے جرأت
وہیں جا بیٹھنا ہر پھیر کے ہمکو وہ جہاں بیٹھے

ہر چہ باد ا باد - ف - محاورہ - جو کچھ ہو سو ہی کچھ پروا نہیں +

ہر دا کھلجانا - ہ - ف ل - کشف و کرامات حاصل ہو جانا + چشم باطن کا روشن ہو جانا +

ہرونی چھچہ - ا - محاورہ - (۱) لقمہ جو ٹکڑ خور - طفیلیا + (۲) خوشامدی آدمی - ہرجائی + (۳) لُچا - آوارد - بدکار + (۴) بیچ میں دخل دینے والا +

ہر دے کرنا - ہ - ف ل - کنٹھ کرنا - حفظ یاد کرنا +

ہر فن مولا - ا - صفت - ہر کام میں اُستاد - ہر بلی +

ہرن دھوپ میں کالے ہوئے جاتے ہیں - ہ - محاورہ - ایسی شدت کی دھوپ پڑتی ہے کہ ہرن جو ہر وقت جنگل میں رہتے ہیں وہ بھی کالے ہوئے جاتے ہیں - از حد گرمی پڑتی ہے +

ہرن ہو جانا - ہ - ف ل - (ہرن کی طرح چوکڑی بھر جانا) - اسی سبب سے - (۱) فرار ہو جانا - بھاگ جانا + (۲) جاتا رہنا - بالکل نہ رہنا + (۱) ناسخ ؎

پھر ہرن ہو گئی مری وحشت
پھر وہ رعنا غزال آ پہنچا

(۲) مار پڑتے ہی سارا نشا ہرن ہو گیا

ہری بلوانا - ہ - ف م - (کہتے ہیں کہ سابق میں بنگالی بہت ہی بڈھے اور قریب المرگ آدمی کو گنگا جی میں اتار کر اس سے ہری بلوا کر غوطہ دیدیتے تھے اسی سبب سے - زبردستی مار ڈالنا - زندہ درگور کرنا +

ہرے میں آنکھیں ہونا - ہ - ف ل - (جب جنگل میں خوب ہریالی ہوتی ہے تو جانور بیفکری کے ساتھ اسمیں سے بہت اچھا حصہ کھاتے اور باقی کو خراب کرتے ہیں) اسی سبب سے - فضول خرچ ہو جانا - ناعاقبت اندیش بنکر خوب اڑانا +

ہڑک اٹھنا - یا - لگنا - ہ - ف ل - (۱) باولے کتے کی طرح بھونکنے لگنا + (۲) بار بار لگنا - جی چاہنا

ہڑکائی کتیا - ہ - اسم مؤنث - مست عورت کا تک کی کتیا +

ہزار منہ ہزار باتیں - ا - محاورہ - ہر ایک شخص اپنی سمجھ کے موافق کہتا ہے جتنے منہ اتنی ہی باتیں +

ہزاروں میں - ا - م ف - دیکھو (لاکھوں میں)

ہزاری بزاری - ا - محاورہ - (م عو) (ہزاری رتبے والے اور بازار میں بیٹھنے والے) اسی سبب سے - (۱) سپاہی لوگ اور سوداگر (۲) ادنی اور اعلی - تمام قسم کے آدمی + (۳) عوام الناس - عام لوگ +

مُوا ہزاری بزاری ہے اسکی بات کا کیا اعتبار

ہزاری عمر ہو - ا - کلمہ دعائیہ - (م عو) تیری ہزار برس کی عمر ہو - عمر دراز!

ہشت مشت ہونا - ا - ف ل - لات گھونسا ہونا - لڑائی یا دنگا ہونا +

ہضم کرنا - ا - ف م - (۱) کھانا پچانا + (۲) کسی کا مال پچانا - مال مارنا - تغلب کرنا

ہفت زبان ہونا - ا - ف ل - سات زبانوں سے ماہر ہونا - بہت ساری زبانیں جاننا +

ہفت قلم ہونا - ا - ف ل - سات قسم کے عمدہ خط لکھنے جاننا - اعلے درجے کا خوش نویس ہونا +

ہفتے یا ہتے جڑنا - یا - گانٹھنا - ہ - ف م

(ہیضے کی اصل شے ہے۔ بقاعدۂ علم زبان ت کاف ہوگیا ہے)۔ (پہلوان) حریف کی دونوں بغلوں میں سے اپنے دونوں ہاتھوں کو نکالکر اُسکی گردن کو ہاتھوں سے جکڑ لینا حریف کو قبضے میں کر لینا +

ہکا بکا۔ ہ صفت۔ حیران۔ سرگردان۔ پریشان

ہکاسی بکاسی۔ ہ۔ ا۔ صفت۔ ڈرپوک۔ ٹھڑدلا + (بازاری)

ہگ دینا۔ بھرنا۔ یا۔ مارنا۔ ہ۔ ف ل خوف کے مارے پیخانہ نکل جانا۔ نہایت ڈرنا + (بازاری)

ہلاس ہوجانا۔ ہ۔ ف ل۔ ہلاس کی طرح چٹکی چٹکی کرکے اُٹھ جانا۔ جلد صرف میں آجانا۔ خرچ ہوجانا +

ہلچل پڑنا۔ ہلاچلی پڑنا۔ ہ۔ ف ل۔ بھگدی پڑجانا۔ کھلبلی پڑنا۔ ابتری واقع ہونا (رہی اگلی یکبار صفِ اعدا میں میر) ایک دو ہاتھ کے چلنے میں پڑی پھر پھل

ہلدی کی گرہ۔ یا۔ گانٹھ لیکے پنساری بن بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ (چونکہ ہلدی پنسار ہٹے کے سودے میں سے ایک جزو ہے صرف اُسی سے اپنے تئیں پنساری خیال کرنا) اسی سبب سے تھوڑے سرمایہ یا کمال پر نازاں ہونا + چوہے کے ہاتھ ہلدی کی گانٹھ لگی وہ پنساری بن بیٹھا + مثل +

ہلدی لگاکے بیٹھنا۔ ہ۔ ف ل۔ چوٹ لگنے کا بہانہ کرنا۔ حیلہ ڈھونڈنا +

ہلدی لگاکے بیٹھوگے۔ ہلدی لگائے پھروگے۔ ہ۔ محاورہ۔ (طنزاً) بس جانے دو نہیں کہیں چوٹ لگ جائے گی اور پھر ہلدی لگانی پڑیگی۔ جانے دو نہیں سیکتے پھروگے +

ہلدی لگی۔ یا۔ لگے نہ پھٹکری۔ ہ۔ محاورہ (نہ کچھ ہلدی میں صرف ہوا اور نہ پھٹکری میں خرچ ہوا مفت میں کپڑا رنگا گیا)۔ اسی سبب سے کچھ بھی صرف نہیں ہوا مفت میں کام بن گیا یا کفایت کے ساتھ کام ہوجائے (۱) ہلدی لگی نہ پھٹکری پاخ ہوآن پڑی + مثل (۲) ہلدی لگے نہ پھٹکری رنگ چوکھا آوے + مثل

ہلکا پھلکا۔ ہ۔ صفت۔ پھول سا ہلکا۔ نہایت ہلکا۔ بہت ہی سبک +

ہلکا کرنا۔ ہ۔ ف م۔ (۱) کچھ بوجھ کم کرنا + (۲) خفیف یا ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا +

بحر جنبش دامانِ مژگاں ہی میں اکثر اُڑ گیا کیا ہی بیچینوں میں مجکو عشق نے ہلکا کیا

ہلکا کھانا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ زود ہضم خوراک

سریع الہضم غذا +

ہلکا لہو۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (۱) پتلا خون + (۲) زود اثر خون +

ہلکا ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) بوجھ کم ہو جانا + (۲) بھاری پن نہ رہنا۔ تازہ دم ہو جانا کسل جاتا رہنا + نہائے سے بدن ہلکا ہو گیا + (۳) کم ہو جانا۔ تخفیف ہونا۔ گھٹ جانا + کہو اب تو بخار ہلکا ہوا ؟ (۴) ذمہ واری یا قرض وغیرہ کے بوجھ سے بیفکری ہو جانا + (۵) آزادی حاصل ہو جانا + (۶) آرام لے لینا۔ سستہ لینا۔ توقف کرنا + بہنی تم بھی ذرا ہلکے ہو لو تو چلیں + (۷) شرمندہ و خجل ہونا + تمہارے پیچھے ناحق اُنسے ہلکا ہونا پڑا + (۸) بازاری) جوش جوانی نکالنا۔ جماع کرنا +

ہلکورے۔ یا۔ ہلورے لینا۔ یا۔ مارنا ۔ ہ۔ ف ل۔ ندی کے پانی کا ہلنا۔ دریا کا موج زن ہونا +

ہل کے پانی نہ پینا۔ ہ۔ ف ل۔ (پانی پینے کے لئے بھی نہ اُٹھنا)۔ (اسی سبب سے) نہایت سست و کاہل ہو جانا + کیف ہ پیو گے ہل کے نہ پانی بھی۔ یار! پیری میں جو کیف! حال تمہارا بھی شباب میں ہے

ہلکی بات کہنا۔ ہ۔ ف ل۔ اپنی حیثیت سے کم درجے کی بات کہنا۔ ادنی بات منہ سے نکالنا +

ہلکے بھاری ہونا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) ناگوار سمجھنا۔ بوجھ یا تکلیف دہ خیال کرنا + چار روز کے واسطے کیوں ہلکے بھاری ہوتے ہو (۲) خفیف یا ذلیل ہونا + کہ سُنکے ہلکے بھاری پڑے ہو لو وہ کچھ دوا تو ہیں نہیں!

ہلکے ہلکے۔ ہ۔ ہم ف۔ ہولے ہولے۔ آہستہ آہستہ +

ہلا ہلا کرنا۔ ہ۔ ف ل۔ (۱) شور مچانا۔ غل کرنا + (۲) بہت سے آدمیوں کا جمع ہو کر دفعتہً چڑھائی کرنا۔ نہایت طاقت کے ساتھ حملہ کرنا + (۳) کوئی کام یا پیشہ کرنا کچھ دھندا کرنا + کر بلا جو بھرے پلا + مثل

ہل مل جانا۔ ہیل میل ہو جانا۔ ف ل میل جول یا موافقت ہو جانا۔ رل مل جانا ایک ہو جانا۔ باہم موافقت ہو جانا +

ہلہلا اُٹھانا۔ ہ۔ ف م۔ دیکھو (اُشغلا اُٹھانا) +

ہمارا حلوا کھائے۔ ا۔ محاورہ۔ (م عو) اگر ہمارا کہنا نکرے تو گویا ہمیں مار کر ہماری فاتحہ کا حلوا کھائے ہمیں پیٹے۔

(یہ محاورہ بطور قسم کے استعمال کیا جاتا ہے) +

ہماہمی کرنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) جو کچھ ہیں سو ہم ہی ہیں یہہ بات ظاہر کرنا۔ اپنے تئیں کچھ سمجھنا + (۲) غرور یا گھمنڈ کرنا۔ تعلی کی لینا۔ خودستائی کرنا + (۳) زبردستی کرنا۔ اپنا زور دکھانا +

ہم بستر یا ہمخواب ہونا۔ ا۔ ف ل۔ کسی عورت کے ساتھ سونا۔ بولنا۔ جماع کرنا

ہم پلہ ہونا۔ ا۔ ف ل۔ برابر کا ہونا۔ برابر کی ٹکر ہونا +

ہم پیالہ وہم نوالہ ہونا۔ ا۔ ف ل۔ کھانے پینے کا شریک ہونا۔ ہانڈی والا ہونا + (۲) گہرا دوستانہ ہونا +

ہُن برسنا۔ ہ۔ ف ل۔ (کہتے ہیں کہ ایک وقت دکن میں ہُن یعنی سونیکا ایک سکہ بہت سا تھا اسی سبب سے۔ (۱) روپے کی کثرت یا ریز ہونا۔ روپیہ برسنا + (۲) خوب آمدنی ہونا۔ گہرے ہونا +

ہنڈی کی چنڈی کرنا یا نکالنا۔ ہ۔ ف م۔ (ہندی جو بہت عام فہم اور آسان زبان ہے اُسکی بھی شرح کرنا)۔ اسی سبب سے۔ (۱) خوب چھانا بین کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ ہجے نکالنا + (۲) ٹھوک بلونا۔ بیفائدہ کام کرنا +

ہنڈا اکرنا۔ ہ۔ ف م۔ (ہندو)۔ (۱) مٹھائیوں کے ہنڈے کسی دیوتا پر چڑھانا + (۲) کسی جاترا سے واپس آکر برہم بھوج یا ضیافت کرنا

ہنڈیا پکنا۔ ہ۔ ف ل۔ دیکھو (**ہانڈی پکنا**) +

ہنڈیا چڑھنا یا گرم ہونا۔ ا۔ ف ل۔ دیکھو (**ہانڈی چڑھنا**)

ہنڈیا ڈوئی۔ ہنڈیا ڈلیا۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) پکانے کھانے کا سامان + (۲) گھر کا اسباب۔ انگڑ کھنگڑ۔ بدھنا بوریا +

ہنر کی پوٹ۔ ا۔ محاورہ۔ بڑا ہنرمند آدمی +

ہنستی ہیشانی۔ ا۔ صفت۔ خندہ رو۔ ہنس مکھ +

ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ گئے۔ ہ۔ محاورہ۔ اتنی ہنسی آئی کہ پیٹ دکھنے لگا۔ بہت ہنسی آئی +

ہنستے ہی گھر بستے ہیں۔ ہ۔ محاورہ۔ بعض وقت ہنستے ہی ہنستے مراد بھی حاصل ہو جاتی ہے۔ (طنزاً خندہ زنی کرنے والے سے کہا کرتے ہیں) +

ذوق ؎

سینہ و دل پہ مرے زخم جگر ہنستے ہیں
ہنسنے دو۔ چارہ گرو! ہنستے ہی گھر بستے ہیں

ہنسلی اُتر جانا یا جاتی رہنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ دودھ پیتے بچے کے ہنس کی ہڈی کا جگہ سے بیجگہ ہو جانا +

ہنسنا بولنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ خوش طبعی یا دل لگی کرنا مذاق کرنا +

ہنسی اُڑانا یا کرنا ۔ ہ ۔ ف م ۔ کھلی یا تمسخر کرنا ۔ تضحیک کرنا ۔ ذلیل کرنا +

داغ ہماری تربت پہ تم جو آنا تو چار آنسو گرا کو جانا
ذرا رہے پاس آبرو بھی کہیں ہماری ہنسی نکرنا

ہنسی خوشی سے ہنسی خوشی ۔ ا ۔ م ف ۔ برضا و رغبت ۔ خوش ہو کر +

ہنسی کے مارے پیٹ پھٹا جاتا ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ اتنی ہنسی آئی کہ پیٹ پھٹنے کی نوبت پہنچ گئی ۔ بہت ہی ہنسی آئی +

ہنسی میں کھنسی ہو جانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ مذاق کرتے کرتے لڑائی کی نوبت پہنچ جانا +

ہنسی میں لیجانا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ (۱) کسی بات کو مذاق سمجھنا + (۲) مذاق میں راضی ہو جانا + (بازاری)

ہنکارا بھرنا ۔ ہ ۔ ف ل ۔ ہاں کرنا ۔ اقرار کرنا +

ہوا اُڑانا یا چھوڑنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ گونہ لگانا ۔ باؤ سرنا +

ہوا اُڑ جانا ۔ ا ۔ ف ل ۔ بات کھل جانا ۔ بھرم ظاہر ہو جانا +

ہوا اُکھڑ جانا ۔ ا ۔ ف ل ۔ عزت یا نام میں فرق آجانا ۔ اعتبار جاتا رہنا ۔ برائی کے ساتھ مشہور ہو جانا +

ہوا باندھنا ۔ ا ۔ ف م ۔ (۱) شیخی و غرور کرنا + (۲) بندش باندھنا ۔ شعبدہ بازی کرنا ۔ جی سے بات بنانا + (۳) جھوٹ موٹ نام یا عزت قائم کرنا +

مومن ؎

کون کہتا ہے دم عشق عدو بھرتے ہیں
کہ ہوا باندھنے کو آہ کبھو بھرتے ہیں

ہوا بتانا ۔ ا ۔ ف م ۔ ٹال دینا ۔ دیکھو (آج کل کرنا) +

ہوا بدلتا ۔ پھرنا ۔ یا پلٹنا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) ہوا میں تغیر و تبدل ہو جانا + (۲) حالت پلٹ جانا +

ہوا بگڑ جانا ۔ ا ۔ ف ل ۔ (۱) ہوا میں فساد پیدا ہو جانا ۔ ہوا کا خراب یا متعفن ہو جانا ۔ ہوا کا صحت بخش نہ رہنا + (۲) ساکھ یا اعتبار جاتا رہنا + (۳) ناموافقت ہو جانا ۔ زمانہ کا پھر جانا +

(۱) واشگ کچھ آگے آہ سے ہوتی تھی دنگے تئیں
اقلیم عاشقی کی ہوا اب بگڑ گئی میر
(۲) صحبتِ گل ہے فقط بلبل سے کیا بگڑی ہوئی
آجکل سارے چمن کی ہے ہوا بگڑی ہوئی

ہوا باندھنا۔ یا۔ رُک جانا۔ ا۔ ف ل۔ ناموری یا شہرت حاصل ہو جانا + بجز
بندگی ہے ترے جہان کی ہوا دنیا میں
گل ترے آگے چراغِ مہ کنعاں ہوگا

ہوا بکھر جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) ہوا سے پھول جانا + (۲) مغرور یا خود نما ہو جانا

ہوا پھانک کر رہنا۔ ہوا پھانکنا۔ ا۔ ف ل۔ (طنزاً) کچھ نکھانا صرف ہوا ہی کے سہارے جینا۔ فاقہ کرنا۔ بھوکا مرنا +

ہوا پر آجانا۔ ا۔ ف ل۔ شیخی کرنا۔ غرور و نخوت کرنا + برق ؎
وہ بلا ہیں جو ہوا پر کبھی آجاتے ہیں
کوچۂ زلف کی بھی خاک اُڑا جاتے ہیں

ہوا پر سوار ہونا۔ ف ل۔ جلد باز ہونا۔ ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا +

ہوا پر گرہ لگانا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ہوا کو باندھنا۔ شعبدہ بازی کرنا۔ جالاکی یا عیاری دکھانا + (۲) ناممکن کام کرنا +

ہوا پر ہونا۔ ف ل۔ (۱) تتلی کی لینا۔ اپنے تئیں بڑا خیال کرنا۔ خود بیں ہونا

برق (۱) ہماری خاک کی مدنظر ہے بربادی
مزاجِ یار بہت اندنوں ہوا پر ہے
(۲) زمانہ یا قسمت کا موافق ہونا +

برق پھرے وہ ہم سے تو منہ پھر گیا زمانے کا
رجوعِ خلق خدا خلق میں ہوا پر ہے

ہوا پھر جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) ہوا کا رخ پلٹ جانا + (۲) حالت بدل جانا +

جرأت مزاج سیر چمن سے جو یار کا پھر جائے
گلوں کا اور ہی کچھ رنگ تا ہوا پھر جائے

ہوا خواہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ خیر خواہ۔ بہتری چاہنے والا۔ دوست +

ہوادار مکان۔ ا۔ اسم مذکر۔ ایسا کھلا ہوا مکان جس میں خوب ہوا آئے +

ہوا دینا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ہوا میں رکھنا کپڑوں کو ہوا دیتے رہا کرو نہیں کیڑا لگ جائیگا (۲) سُلگانا۔ جھبکنا + (۳) فساد کرانا +

ہوا زدگی ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ زکام ہو جانا۔ خوب چھینکیں آنا +

ہوا سا۔ ا۔ صفت بہت ہلکا یا سُبک +

ہوا سے باتیں کرنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) کسی مکان کا نہایت اونچا یا بلند ہونا۔ (۲) گھمنڈ یا غرور کرنا +

ہوا سے لڑتی ہے۔ ا۔ محاورہ۔ دیکھو (چلتی ہوا سے لڑتی ہے)

ذوق (۱) شعلہ بھڑکے ذکیونکہ محفل میں
شمع تجھ بن ہوا سے لڑتی ہے

شوق (۲) اور کچھ بولوں تو بگڑتی ہے
تو تو۔ ماما! ہوا سے لڑتی ہے

ہوا کا تھپیڑا۔ ا۔ محاورہ۔ ہوا کا زور سے جھونکا۔ بڑے زور کی ہوا +

ہوا کا رُخ بتاؤ۔ ا۔ نداء ندبہ۔ مُنہ مت لگاؤ اُٹھا کر پھینک دو +

ہوا کرنا۔ ا۔ ف م۔ پنکھا جھلنا +

ہوا کو گرہ میں باندھنا۔ ہوا میں گرہ دینا۔ ا۔ ف م۔ (۱) ناممکن بات کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا + (۲) نہایت مشکل و محال کام کرنا +

ہوا کھانا۔ ا۔ ف ل۔ چہل قدمی کرنا۔ ہوا خوری کرنا۔ پڑے پھرنا +

ہوا کھاؤ۔ ہوا کھا۔ نداء ندبہ۔ لمبے بنو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ دفع ہو۔ دور ہو +

شوق (۱) دیکھو دیکھو! بہت نہ اتراؤ
ٹھنڈے ٹھنڈے چلو ہوا کھاؤ

(۲) چل ہوا کھا یہاں سے تو ہو جائیگی درد سم
باغ دل ہم سے چلتے بلبلوں کا ہے گلشن ابر صبا

ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) نہایت شتاب زدگی کرنا۔ جلدی کرنا + آتش ؎

پیادہ پا جو چمن میں بہار کو دیکھا
ہوا کے گھوڑے کے اوپر خزاں سوار ہوئی

(۲) متکبر ہونا مغرور یا خود بیں ہونا +

ہوا لگنا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) ہوا کا بدن سے چھو جانا + (۲) ہوا کا بُرا اثر ہو جانا۔ چہرہ بھر جانا۔ جوڑوں میں درد ہو جانا۔ (۳) غرور ہو جانا۔ اڑنے لگنا۔ اترانا۔

ہوا ہو۔ ا۔ نداء ندبہ۔ رفع دفع ہو۔ غائب ہو + (۱) جرأت ؎

آہ۔ یہ بادِ خزاں۔ یارب! ہو دنیا سے ہوا
دم میں نقشہ اور ہی کچھ ہو گیا بُستان کا

(۲) آہوں میں دو دِل رہیں نکالوں تو دم کہے
اے تفتہ جاں! ہوا ہو یہاں سے دھواں کہے

ہوا ہونا۔ یا ہو جانا۔ ا۔ ف ل۔ (۱) ہوا کی سی حالت ہو جانا۔ دکھائی نہ دینا۔ غائب ہو جانا + (۲) چلدینا۔ رفو چکر ہونا۔

ہوائیاں اُڑنا۔ ہوائی چھوٹنا۔ اسم ث (۱) ایک قسم کی آتش بازی کا جلنا یا چھوٹنا (۲) چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔ ایک رنگ آنا اور ایک رنگ جانا۔ پریشانی

برسنا +

ہوائی دیدہ - ا۔ صفت - شوخ چشم - بے حیا - بد اطوار - دیدہ دلیل +

ہو بیٹھنا - ہ - ف ل - (۱) کسی جگہ بیٹھ جانا آلتی پالتی مار کر بیٹھ جانا + (۲) بن جانا - دعوی کرنا - نمود کرنا + چار کتابیں پڑھکر فاضل ہو بیٹھے + (۳) حیض سے ہونا - میلے سر سے ہونا +

ہوتا رہیگا - ہ - محاورہ - تو ہی ایسا ہوگا تجھیر ہی یہہ بات پڑیگی + **میر** ؎

تو یوں گالیاں غیر کو شوق سے دے
ہمیں کچھ کہے گا تو ہوتا رہے گا

ہوتی آئی ہے - ہ - محاورہ - پہلے سے یہ رسم چلی آتی ہے - ہمیشہ کا یہہ دستور ہے + **مصرع** ؎

ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کو برا کہتے ہیں

ہوتے سوتے - ہوتے سوتے - ہ - ف م - درصورت موجود گی - موجود ہونے پر + صورت سے ہم آئینہ کی ظاہر فقر نہیں کرتے ہوتے سوتے دولتی پانی اسنے منہ سے لگائی خاک

ہوتے سوتے - ہ - محاورہ - (عو) یگانے اور خویش - تمہارے اپنے - رشتے دار وغیرہ + (۱) **میر حسن** ؎

کہا ہوتے سوتوں سے اپنے کہو
فقیروں کو چھیڑو نہ - بیٹھے رہو

(۱) ہوتے سوتوں کو اپنے کیجو پیار
چل! اچنے ہوا تجھے خدا کی سنوار

شوق

ہو جانا - ہ - ف ل - (۱) آکر چلا جانا - مل جانا میاں ذرا کھڑے کھڑے میرے پاس بھی ہو جانا + (۲) پورا ہو جانا - بن جانا + بڑی بات یہ ہے کہ تمہارا کام ہوگیا + (۳) سیکھ لینا - حاصل کر لینا + کرے جائیگا تو کچھ ہو ہی جائے گا + (۴) نکل آنا - ظاہر ہو جانا - اگنا - طلوع ہونا + کہو میاں! چاند ہوگیا ؟ (۵) ختم یا تمام ہو جانا + مہینا تو ہوگیا جتنے تنخواہ کب ملیگی ؟ (۶) آسیب وغیرہ کا اثر ہو جانا + اری بی! تجھے تو کل سے کچھ ہوگیا ہے ! (۷) جھڑ جانا - منزل ہو جانا +

ہو چکنا - ہ - ف ل - (۱) ختم ہو جانا - اٹھ جانا (۲) فوت ہو جانا - مر جانا + (۳) خاتمہ ہو جانا باقی نہ رہنا + **رند** ؎

قرآن اٹھاتے ہیں ملح زر کے واسطے
دیندار گر یہی ہیں تو اسلام ہو چکا

ہو حق کرنا - ا۔ ف م - (۱) ہو حق یعنے وہی ہے سچا یہ کلمہ بہت زور سے کہنا - ایک قسم کی خوب پکار پکار کر عبادت کرنا +

(۲) غل وشور مچانا + آتش ؎

مدت العمر ہے اک چشم زدن کا وقفہ
کریں ہو حق یہ خرابات نشیں تھوڑی سی

(۳) طُمطراق یا کروفر کرنا + (ج)

ہو رہنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) طنزاً) چھاونی چھانا۔ گھر بنا لینا۔ چپک جانا + جہاں جاتے ہو وہیں کے ہو رہتے ہو + (۲) پھر ہو جانا۔ اور وقت پر رکھنا۔ التوا میں ڈالنا + (۳) بن جانا۔ سیکھ لینا۔ حاصل کر لینا + پڑھتا رہیگا تو کچھ ہو ہی رہے گا +

ہوڑا ہوڑی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) بحثا بحثی۔ ضِدّم ضدّا۔ تکرار + (۲) رقابت مقابلہ۔ برابری + دوہا ؎

نینا برسے سیج پر باہر برسے مینہ
ہوڑا ہوڑی جھڑ رہا ات بدرات نینہ

ہوڑ باندھنا۔ بدنا۔ یا۔ لگانا۔ (۱) شرط لگانا یا بدنا + (۲) دعوی کرنا +

ہوس پکانا۔ ا۔ف ل۔ کسی بات کی دل ہی دل میں خواہش کرنا +

ہو سکنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) ممکن ہونا۔ موقع بنا + ہو سکا تو ضرور آؤنگا + (۲) کر سکنا۔ امکان میں ہونا + تم سے سب کچھ ہو سکتا ہے

ہوس ہائی۔ ہوس ہایا۔ ا۔ صفت (۱) ہوکا کرنیوالا۔ حریص۔ خواہشمند (۲) نفس پرست۔ کامی +

ہوش اُڑنا۔ جاتے رہنا۔ یا۔ گم ہو جانا ہوش باختہ پراگندہ یا۔ دنگ ہونا۔ ا۔ف ل۔ (۱) عقل جاتی رہنا۔ بیحواس یا حواس باختہ ہو جانا۔ عقل چکر کھانا + (۲) گھبرا جانا۔ پریشان ہو جانا + ناسخ ؎

تیری محفل وہ چمن ہے جسمیں۔ اے رشک چمن!
عاشقوں کے ہوش اُڑتے ہیں جانے عندلیب

ہوش بجا ہونا۔ ا۔ف ل۔ ہوش یا حواس درست ہونا یا ٹھکانے ہونا +

ہوش پکڑنا۔ یا سنبھالنا۔ ا۔ف ل۔ (۱) ہوش میں آنا۔ چیتنا + (۲) سِنِ تمیز کو پہنچنا۔ بڑا یا سیانا ہونا۔ عقل آنا +

ہوش میں آؤ۔ ہوش پکڑو۔ ہوش کے ناخن لو۔ ہوش کی لو۔ ہوش کی بنواؤ۔ ا۔ ندا و ندبہ۔ (طنزاً)۔ ہوش یار ہو۔ چیتو۔ سنبھلو۔ آپے میں آؤ +

ہُو کا عالم۔ یا۔ مقام۔ ا۔ مجاورہ۔ ایسی جگہ جہاں ہُو یعنی اُس کے سوا کچھ نہ ہو۔ ویرانہ۔ لق و دق میدان۔ خوف ناک جگہ + اللہ رے شوق دل کو اس بُت کی جستجو کا
کیف کعبہ بھی دیکھ آئے تھا اک مقام ہُو کا

ہوکا کرنا۔ ہوکا کھائے جانا۔ ہ۔ف ل حرص کرنا۔ ڈڈھیا کرنا۔ ہوس کا لقمہ بن جانا۔ لوبھ یا طمع کرنا +

ہوکر رہنا۔ ہ۔ف ل۔ ضرور ہونا۔ ناگزیر ہونا۔ بیتنا گزرنا + جو ہونے والی بات ہوتی ہے وہ ہو کر رہتی ہے +

ہَول بیٹھ جانا۔ ہ۔ف ل۔ خوف کا جی میں اثر کر جانا +

ہَول جَول۔ ا۔ اسم مؤنث۔ تردد۔ اضطراب پریشانی +

ہَول دِلا۔ ا۔ اسم مذکر۔ ڈرپوک۔ بزدل +

ہولی کا بھڑوا بننا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) ہولی جو ہندوؤں کا ایک تہوار ہے اُسمیں اپنی اوپر رنگ وغیرہ ڈلوانا۔ اور دوسروں پر ڈالنا گالیاں کھانا + ورگالیاں دینا + (۲) رنگیلا یا مسخرہ بننا +

ہولینا۔ ہ۔ف ل۔ دیکھو (ہو چکنا۔ ہو رہنا نمبرا) +

ہونٹ چبانا۔ یا۔ کاٹنا۔ ہ۔ف ل۔ اُن ہونٹوں کو کاٹنا کہ جن سے کوئی خلاف بات نکلی ہے۔ افسوس یا تاسف کرنا پچھتانا + تو نے مُنہ پھیرا سوال ہو سے پر مجھسے جو یارا آتش ہونٹ اپنے اپنے دانتوں سے چبا کر رہگیا

ہونٹ چاٹنا۔ ہ۔ف ل۔ (۱) لذیذ و خوشگوار چیز کا ذائقہ یاد کرنا + برق دانتوں پہ اُسکے دانت ہے سارے جہان کا کہتے ہیں لوگ چاٹ کے ہونٹوں کو ہائے دانت (۲) سوال کی خوبی یا باریکی کے مزے لیتے رہنا اور جواب نہ دے سکنا۔ مُنہ دیکھتا رہجانا۔ جواب نہ بن پڑنا +

ہونٹ ہلانا۔ ہ۔ف ل۔ بولنا۔ بات کرنا ٹک ہونٹ ہلاؤں تو یہ کہتے ہے نزدیک ہے اور پاس جو بیٹھوں تو سناتا ہے کہ سرک ہے نظیر

ہونٹوں کا ہلنا۔ ہونٹ ہلنا۔ ہ۔ف ل ہونٹوں کو حرکت ہونا۔ آہستہ بات کرنا کیا طبع میں ہودت ہے چٹ دل کی اُڑا جانا ذوق ہونٹوں کا یہاں ہلنا وہاں بات کا پا جانا

ہُونس لگنا۔ ہ۔ف ل۔ نظر گزر ہو جانا۔ ٹوک لگجانا +

ہونہو۔ ہ۔م ف۔ ضرور غلط ہو یا صحیح ساوشر کرکے + ہونہو وہ ہی ہو +

ہیا ؤ۔ یا۔ ہیاؤ پڑنا۔ ہ۔ف ل۔ (ہندی ہیا بمعنی دل)۔ دل یا ہمت کا راہ دینا۔ ہمت پڑنا۔ جرأت ہونا +

ہیاؤ ہواؤ۔ یا ہیاؤ کھلنا۔ ہ۔ف ل۔ (سس ہردا = ہیا = ہیاؤ = ہواؤ = ہیاؤں دل کا ڈر خوف ہونا +

نڈر ہو جانا۔ جرأت یا دلیری ہو جانا +

ہیٹی کرنا۔ ف م۔ اپنے رتبہ سے کوئی کام کم کرنا۔ ذلت اُٹھانا +

ہیرا آدمی ہے۔ ا۔ محاورہ۔ معاملہ کا بہت کھرا ہے۔ بڑا بھلا مانس اور نیک آدمی ہے +

ہیرا۔ یا۔ ہیرے کی کنی کھا جانا۔ ف ل۔ (چونکہ ہیرے کی کنی کھا لینے سے آدمی فوراً مر جاتا ہے) ۔ اسی سبب سے مر جانا۔ جان دینا۔ خودکشی کرنا + ذوق

تاب دندان ندکھا بزم میں تو ہنس ہنس کر
کوئی کھا جائے جو ہیرے کی کنی خوب نہیں

ہیر پھیر کی باتیں کرنا۔ ف ل۔ دھوکے ڈھڑی یا کمر کی باتیں کرنا۔ فریب دینا +

ہیلا دینا۔ یا۔ مارنا۔ ف م۔ (۱) دھکا دینا (۲) پانی میں دھکیل دینا + (۳) پچکارنا ہانک مارنا +

ہینگ لگانا۔ ف م۔ (۱) چونا لگانا زک دینا + (۲۔ طنزاً) سنوارنا۔ درست کرنا۔ بنانا + وہ آکر جدا ہی ہینگ لگائیں گے

ہینگ کا پڑا ہینگ لگنا۔ ف ل۔ بازاری۔ (۱) بار بار ذرا ذرا سا پیخانہ آنا (۲) دائم المرض رہنا۔ نت روگی بنا رہنا چارپائی پر سوار رہنا +

ہیتے کی پھوٹنا۔ ف ل۔ کور باطن ہونا۔ بیوقوف ہو جانا۔ کچھ نہ کھای دینا ناعاقبت اندیش ہو جانا +

ہیتے ہیتے کرنا۔ ف م۔ رونا۔ پیٹنا۔ ماتم کرنا + شوق ؎

مجھکو پیٹے سواری گر منگوائے
ہمکو ہیتے ہیتے کرے جو گھر کو جائے

ہی ہی یا ٹھی ٹھی کرنا۔ ف ل۔ بیہودگی کے ساتھ ہنسنا۔ دانت نکالنا +

ی

یا اللہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ یا۔ مؤنث۔ (۱) صاحب سلامت۔ سلام بندگی + (فقرا) (۲) (۳) تقیت جان پہچان۔ ملاقات +

یادش بخیر! ف۔ نداو دبمعنی اللہ تعالیٰ اسکو ہر بلا سے محفوظ رکھے۔ (اہل اسلام میں دستور ہے کہ جب کسی عزیز کا اُسکی غیر حاضری میں ذکر کرتے ہیں تو پہلے اس کلمہ کو کہہ لیا کرتے ہیں)۔ نہیں معلوم کب مدت سے۔ قاصد اجال کچھ واں کا مزاج اچھا تو ہے یادش بخیر اُنس آفت جاں کا

یادِ فراموش ۔ا۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کی شہریلہ بازی ہے کہ جو دو دوست باہم برتتے ہیں یعنے ایک شخص دوسرے کو بغیر اُسکے "یاد است" کہے کوئی چیز دیدیتا ہے تو یہہ فراموش کہکر بازی لیجاتا ہے + جراءت

اس تری یاد فراموش نے بیہوش کیا
غیر سے یاد بدی ہمکو فراموش کیا

یادگار ۔ف۔ اسم مذکر۔ (۱) نشانی + (۲) کوئی بڑی عمارت۔ مقبرہ + (۳) بیٹا +

یاد گذرانا ۔ا۔ ف ل۔ کسی چیز یا آدمی کا بار بار یا رہ رہ کر خیال آنا +

یار باز ۔ا۔ صفت۔ فاحشہ۔ چھنال +

یار باش ۔ا۔ صفت۔ (۱) زندہ دل۔ دل لگی باز۔ یاروں کا یار۔ خوشطبع + (۲) بدچلن۔ بداطوار + جراُت ؎

کیونکہ سہیں یہ ظلم و جور کیونکہ ملاپ کا ہو ملور
غیرتِ عشق ہمکو ہے اور آپ ہیں یار باش سے

یار کرنا ۔ا۔ ف م۔ دوست بنانا۔ کسی کے ساتھ آنکھ لگانا + (بازاری) راحت ؎

نکل جاؤ لگی میں بھی یار کر کے دیکھنا اک دن
رہو گھر سوت کے اچھا! نہ جانا چھوڑ تم وانکا

یار مار ۔ا۔ صفت۔ دوست بناکر دغا دینے والا۔ مترادف ہی۔ اڑی مار +

یار ماری کرنا ۔ا۔ ف م۔ یار یا دوست بنکر دغا دینا +

یاروں کا یار ۔ا۔ صفت۔ یاروں کی ہر بات میں شریک ہونیوالا۔ بڑا یار باش شریک حال + ذوق ؎

محتسب گرچہ دل آزار ہے میخواروں کا
دیجے ایک جام تو ہے یار بھی یاروں کا

یاری دینا ۔ا۔ ف م۔ (۱) مدد کرنا۔ پشتی کرنا نصیبا یاری دے تو سب کچھ ہو۔
(۲) بچوں کا باہم کھانے پینے کی چیز و نمیں سے ایک دوسرے کو حصہ دینا +

یاری کٹ کرنا ۔ا۔ ف م۔ بچوں کا باہم ایک دوسرے سے دوستی قطع کرنا +

یافت کی آسامی ۔ا۔ اسم مؤنث۔ وہ عہدہ یا نوکری جسمیں بالائی آمدنی خوب ہو +

یقین کے بندہ ہو گے تو سچ مانو گے ۔ا۔ محاورہ۔ اگر یقین کے غلام یعنے سچے ہو گے تو ہمارے کہنے پر یقین لاؤ گے

یک۔یا۔ایک جان دو قالب ۔ا۔ محاورہ۔ نہایت پکا اور گہرا دوست

یوم الحساب ۔ع۔ اسم مذکر۔ روز جزا۔ روز محشر +

یوں توں کرنا ۔ہ۔ ف م۔ دشنام یا

گالی دینا۔ ایسی تیسی کرنا۔ کوسنا +

یوں ہی ۔ ہ۔ م ف۔ (۱) اسی طرح سے۔ اس صورت میں + (۲) آسانی سے + (۳) اتفاقاً + (۴) بلا وجہ۔ بے سبب + (۵) کہنے کی بات نہیں ہے + کیونکر آئے تھے یوں ہی +

یوں ہی سہی ۔ ہ۔ ندا۔ ندبہ۔ اسی طرح ٹھیک اور درست ہے + **ظفر** ؎

جو کہو گے تم کہیں گے ہم بھی ہاں یوں ہی سہی
یوں خوشی ہے آپکی تو۔ مہرباں! یوں ہی سہی

یوں ہی ہو ۔ ہ۔ محاورہ۔ کچھ ہو نہیں۔ بیکار ہو۔ نامرد ہو +

یہ کیا ہے ۔ ندا و ندبہ۔ آج یہ کیا نئی بات ہے۔ آج کیا دنیا جاتی دیکھی + **داغ** ؎

یہ کیا ہے! آج غیروں سے میری تعریف ہوتی ہے
یہ کیا ہے! خود بیاں ہوتا ہے اپنے جور پنہاں کا

یہاں کا یہیں ۔ ہ۔ م ف۔ دنیا کا دنیا ہی میں +

ضمیر ؎

چاہو جتنا گھوٹ لو لوگوں کا تم۔ صاحب! اگلا ہاتھ خالی جاؤ گے یاں کا یہیں رہجائے گا

تمت بالخیر

چرنجی لال۔ ۲۵۔ مئی ۱۸۸۶ع

بقلم حقیر سید عبداللطیف کاتب

ساکن سبزمنڈی بیرون شہر دہلی

صحت نامہ

صفحہ	کولم	سطر	غلط	صحیح
۲	۲	۷	تیرائے	تیرے
۸	۲	۷	اپنا	اپنی
۲۴	۱	۱۰	کاٹھتا	کاٹتا
۲۵	۱	۱۰	ہونا	نہونا
۲۷	۱	۱۴	ازرق چشم	ازرق چشم ۲
۲۹	۱	۲۰	کالکانا	فگانا
۳۰	۲	۱۳	سے	سبی
۳۱	۱	۲۰	جیسے	جیسی
۳۵	۲	۶	بچہ	جنین
۳۸	۲	۱۹	ماونا	مارنا
۴۱	۲	۵	اشتعارۃ	(استعارۃً)
۰	″	۷	آٹھانا	اُٹھانا
۴۳	۲	۲۰	(ہندُو)	(جینی)
۴۶	۲	۵	مرجانا	مُرجھاجانا
۴۷	۲	۸	بالینا	بالنا
۵۳	۱	۹	کاکر	گاکر
۵۴	۲	۱۰	رہتا	رہتا ہے
۵۶	۱	۹-۱۰	جگاؤ اور چھیں ہو	جاگتا جاگتا کر اسکے نام پر بیچھ دو۔
۶۰	۱	۶	بُری بھلی چیز	بُری بھلی چیز
۶۱	۱	۱۴	عہدی	اعدی
″	۲	۹	کولم ۲ میں الفاظ کا ڈھکا سے اصل چیز تک صفحہ ۶۰ میں ای الٰہی ہونے سے پہلے سمجھو	دور
۶۲	نوٹ ۱ میں		کوک	پیڑو
۶۴	۲	۷	ف ل دوا	ف۔ل۔دوا
″	۱	۱۷	ناجو	نازو
″	۲	۷	س پ	س ا ش
۶۹	۲	۱۹		۲ اجی

(اسکے بعد صفحہ ۳۲ کولم ۱ میں از خود رفت کے بعد)

صفحہ	کولم	سطر	غلط	صحیح
۷۱	۱	۱	لجیانا	لجانا
″	″	۴	بے پروا	بے پروائی
۷۲	۲	۸	ہندوؤں	دیہات کے دیہتوں
۷۵	۱	۲۲	کنبے	کنبے میں
″	۲	۱۹	آبرو	ابرو
۷۶	۱	۷	سمنکھ	سنگھ
″	۱	۲۱	کئی	کسی
۷۸	۱	۷	لجیانا	لجانا
۸۹	۱	۵	-یا چوہتا-	-یا- چوہتا
۹۳	۱	۱۰	جب	جب کچھ
۱۱۳	۲	۲۲	وفائے	وفا کئے
۱۱۸	۱	۱۳	دُکھیا	دُکھ
″	۱	۱۹	دھنا	دھرا
۱۲۳	۱	۱	-ف م-	-م ف-
۱۲۷	۲	۲	بازا آنا	بازآنا
۱۲۲	۱	۸	کھچڑی دھاؤ	کھچڑی دھاؤ
″	۲	۴	″	″
۱۲۳	۱	۶	پڑے	پڑی
″	″	۹	چلاوے	بجاوے
۱۲۶	۱	۵	کو	کا
″	۱	۶	کرکے - کرنا	ہوکر - ہونا
″	۱	۷	بجھایانی پلاؤ۔	پانی بجھ گیا ہو تو لاؤ
۱۲۹	۲	۲	بڑی آؤ بھگت کرتا ہے۔	وہ تو بجھا جاتا ہے
″	″	۲۰	بچھری	بچھیری م
۱۵۱	۱	۱۴	رستم کا سالا	رستم خاں
۱۶۱	۱	۱	ف	ف ح

(۱۹۱۷ء + ۱۹۱۸ء + ۱۹۱۹ء + ۱۹۲۰ء + ۱۹۲۱ء + ۱۹۲۲ء + ۱۹۲۳ء + ۱۹۲۴ء + ۱۹۲۵ء + ۱۹۲۶ء + ۱۹۲۷ء + ۱۹۲۸ء + ۱۹۲۹ء + ۱۹۳۰ء + ۱۹۳۱ء + ۱۹۳۲ء + ۱۹۳۳ء + ۱۹۳۴ء + ۱۹۳۵ء + ۱۹۳۶ء + ۱۹۳۷ء +

صفحہ	کولم	سطر	غلط	صحیح
۱۶۴	۱	۲۳	بڑا بڈیرا	بڈبڈیرا
۱۶۸	۱	۱۳	اخفش	اخفش نامی
۱۷۱	۱	۷	خوش	شام کو وقت خوش
۱۷۲	۲	۹	جھمیلا	جھمیلیا
۱۸۳	۱	۷	بہدا	بہدا
۱۸۶	۱	۲۳	خوش وخورم	خوش وخرم
//	۲	۲۳	نالڑ کام	نالڑلڑانا کام
۱۹۱	۱	۱۶	گھٹوت	گٹھوت
۱۹۲	۲	۸	اُٹھاء	اُٹھاؤ
۱۹۳	۲	۵	-نظم-	- (نظم)-
۱۹۶	۲	۱۷	یُو	بُو
۲۰۱	۱	۹	تھے	تھے پر
۲۰۲	۲	۴	چیزیں	حربہ میں
//	//	۲۰	س	س ۲۳
۲۰۶	۱	۱	بھرانا	بھرانا
۲۰۹	۱	۱۹	نہیں کھونا	کھونا
//	۲	۲۱	تجا	لجا
۲۱۱	۱	۹	لا	بھلا
//	۲	۱۵	معنی	یہہ معنی
۲۱۴	۱	۸	چن لینا	بچن دینا
۲۲۰	۱	۷	اولادنہا	اولادنرہنا
۲۲۲	۱	۶	بُوم	بُودم
۲۲۴	۱	۲	جتنے	اُتنے
۲۲۵	۱	۷	اَبنڈ	آبنڈ
//	//	۸	نغیر	بغیر
//	//	۲۲	بے لال	بے لاگ
//	//	۷	ناکوار	ناگوار
۲۲۵	۲	۱۸	جب	جبر
//	۱	۱۵	خُرد	خورد
//	۲	۱۸	میں سے	سے
//	۱	۱۲	اشک	رشک
//	۱	۵	نہونے	ہونے
//	//	۲۲	نہ	یہ
۲۵۴	۱	۵	پچھاڑیں	پچھاڑیں
//	//	۱۱	پچھنے	پچھنے
۲۶۲	۱	۱۰	پسپر چرانا	پسپر چرانا
۲۶۸	۱	۱۹	اپنے ٹکے	اپنی ٹکی
//	۲	۷	اپنے ٹکے	اپنی ٹکی
۲۷۳	۱	۱۷	پہاڑوں	پہاڑدن
۲۷۵	۱	۹	یہ	یہ
۲۷۹	۲	۵	مُنہ	مُنہ سے
۲۸۹	۲	۱۷	تنگ طرف	تنگ طرف
۲۹۰	۲	۱۸	پیٹ مسوسا	پیٹ کو مسوسا
۲۹۲	۲	۱۷	کڑکا	لڑکا
۲۹۸	۲	۵	بُرا ہا	بُرا
//	//	۱۵	نہیں	نہ تھا
۲۹۹	۱	۲۲	ایک بعد	ایک کے بعد
۳۰۳	۱	۱۲	پٹینا	پٹنا
//	۲	۲	جانا	آنا جانا
۳۰۷	۱	۸-۹	تھونا یا برتانا	یا کھونا۔ و۔ ف م
۰	۰	۰	۵- ف ل -	(اصل تحتِ نحس ہے)
۳۱۱	۲	۷	پھلے	پہلے
۳۱۵	۱	۱۸	ستلے کو	تلے لو
۳۲۰	۱	۱۱	گھٹنہ ں	گھٹنوں

صفحہ	کولم	سطر	غلط	صحیح
۳۲۲	۱	۱۰	نو	تو
۳۲۳	۱	۱۱	یارو ـ شکل	مارو ـ سکل
〃	۱	۱۲	پانچ	پانچوں
۳۲۴	۱	۲۲	توڑدو	چھوڑو
۳۲۵	۱	۲	ترتیا	تریتا
۳۳۱	۱	۹	تہ درد	تہ درز
۳۳۳	۱	۱۵-۱۶	کرنا ـ کرنا	ہونا ـ ہونا
۳۳۵	۱	۲۰	ف م	مرف
۳۳۸	۲	۱۹	ٹکے لگنا	ٹکی یا ٹکے لگنا
〃	۲	۱۰	منڈا	منڈا
۳۵۴	۱	۱۴	د (۱)	داماد
۳۶۱	۲	۲۲	مشوق	معشوق
〃	۲	۲۳	بہ	یہ
۳۸۹	۲	۸	جھگڑے پڑنا	جھگڑے پڑنا
۳۷۳	۲	۱	ہونا	ہو
〃	۲	۲۳	ایک کے	کسی
۳۷۵	۲	۲۰	کہ	کہہ
۳۷۶	۱	۸	جنیو دار	جنیو کا سا
〃	〃	۸	بدھی دار	باندھی کا سا
۳۹۴	۲	۷	تیرے منہ پر	تیرے منہ پہ
۳۹۸	۲	۲۰	کوڑی	کوڑے
۴۰۱	۲	۱۲	آیا	آیا تھا
۴۰۲	۱	۱۹	بامرادی	یا یادری
۴۰۳	۱	۱۲	سنڈنی	ٹنڈ نخی
〃	۲	۲۱	ردیل	رذیل
۴۰۵	۲	۶	جامع مسجد کے	دلی کے جیب
۰	۰	۰	شہر ہے ۔	کترے ۔

صفحہ	کولم	سطر	غلط	صحیح
۴۱۰	۱	۱۲	پھرآنا	پھرانا
۴۱۳	۲	۷	ہنس	بس
〃	〃	۹	نرکھنا	رکھنا
۴۱۸	۲	۵	دن دہارے	دن دہاڑے
〃	۲	۱۱	ہونا	نہونا
۴۲۶	۱	۳	چھرک	چھڑک
۴۲۷	۱	۱۵	بری	بڑی
۴۳۵	۲	۱۷	لاکھ بنانا	لاکھ کا بنانا
۴۳۶	۱	۱۵	۔ ضایع ۔	۔ضایع کرنا ۔
۴۴۰	۱	۱۰	دعوی	دعوائے
۴۴۵	۱	۲	سکہ جما	سکہ جمانا
۴۵۱	۲	۴	ذوق	ذوق! دیکھ!
۴۵۴	۱	۱۵	دست دیا	دست و پا
۴۵۸	۱	۱۰	الینا	لینا
〃	۱	۲۳	رہنا	نہ رہنا
۴۵۹	۱	۱۱	مرہون ست	مرہون منت
۴۶۰	۲	۱۳	رہے	رہی
۴۶۹	۱	۱۶-۱۷	تیری موت آئی ہے	تیرے دن آرہی ہے
〃	۲	۱۳	تراب	ترا اب
۴۷۰	۱	۱۵	سبب	سب
۴۷۵	۱	۱۸	دور کینچنا	دُور کھینچنا
〃	۲	۸	دُورا کی	دُور کی
۴۸۰	۲	۱۱	ستردر	صادر
۴۸۲	۱	۵	لفلیا	لُفیلیا
〃	۱	۲۲	دھنا دینا	دھنا۔یا۔دھرنا
۰	۰	۰	۰	دینا۔
۴۸۳	۱	۷	جب	جب تک

صفحہ	کولم	سطر	غلط	صحیح
۴۸۳	۱	۸	کھوپری	کھوپری۔یا کنٹوری۔
۔	۔	۔	۔	۔
۴۸۵	۱	۱۳	چھوٹی	جھوٹی
۴۸۷	۱	۲۱	بھول	بھول
״	۲	۱۶	(انگریزی)	(خانہ ماں)
۴۸۸	۲	۳	میں	مئے
۴۸۹	۲	۲	کھانے خبر	کھانے کی خبر
״	۲	۵	گھرلی	گھر کی
״	۲	۱۳	پنسیری جگہ	پلسیری کی جگہ
״	۲	۲۲	ڈنڈے مارنا	ڈنڈی مارنا
۴۹۵	۱	۲	شپا شپ	شبا شب
۴۹۸	۲	۵	نامرد	لڑکی کو نامرد
۵۰۰	۱	۶	روڑا مکانا	روڑا اٹکانا
۵۰۱	۲	۳	بلنے ہو!	لمبے ہو!
۵۰۳	۲	۱۴	بھی گو	بھی
۵۰۶	۱	۱۴	تت	تت یاست
״	۲	۱	اُٹھا سکتا	اُٹھانہ سکنا
۵۱۴	۲	۵	اور دشوار	اور قافیہ کا دشوار
۵۱۷	۲	۲۱	بسیرن	بصیرن
۵۲۱	۱	۲۲	جنش	جنبش
۵۲۲	۲	۱۸	(ہندو)	(پنجابی)
״	۲	۲۱	بُری بلا کی	بڑی بلا کے
۵۲۴	۱	۱۸	پیٹی ا	پیٹے ا
۵۲۵	۱	۹	یاور	باور
۵۲۹		۲۳	ماتے	مارتی
״	۲	۲	غالب فکر دنیا	غالب ؎ فکر دنیا میں
״	״	۹	لو	سکو

صفحہ	کولم	سطر	غلط	صحیح
۵۳۳	۲	۹	پھیر	بھیڑ
۵۳۴	۱	۱۲	مینہ نہ برسنا	مینہ برسنا
״	۲	۳	کاٹنا	کاٹنا
۵۳۷	۱	۱۳	ترتیب	تربیت
۵۳۸	۲	۲۳	پناہ ہلنا	پناہ ملنا
۵۳۹	۲	۲۳	چلتے	چیتے
۵۴۰	۲	۴	بوئے	جوئے
۵۴۱	۲	۶	ابھیاس	ابھیاس
۵۴۲	۱	۱۹	جل کے کہنے	کہنے ہے ہے
۵۴۶	۱	۱۵	جھوٹی	جھوٹ
۵۴۷	۲	۱	بنانا	۔ بتانا
״	״	۳	بناتے	بتاتے
۵۴۸	۱	۱۰	آرزو	میر
۵۵۰	۲	۵	فعل	فعل بنانا
״	۲	۱۵	ضد رکھنا	ضد رکھنا۔ا۔ف۔ل
״	״	۱۲	ضد کرنا	ضد کرنا
۵۵۱	۲	۲۲	سارے	ساری
۵۵۲	۲	۲۱	۔ف م۔	۔م ف۔
۵۵۷	۱	۱	آبرو لینا	آبرو بنانا
۵۵۸	۱	۱	ترتیب	تربیت
״	۱	۱۲	ترتیب کرنا	تربیت کرنا
۵۵۹	۱	۱۹	سارو	سارو پیہ
۵۶۶	۲	۳	کریا کرم	کرتا کرم
۵۶۷	۱	۳	شست	شکست
״	۲	۱۸	آگیا کاری	اناگیا کاری
۵۶۸	۲	۵	فورد رڈ	Forward
۔	۔	۔	۔	فوروڈ

صفحہ	کولم	سطر	غلط	صحیح
۵۶۸	۲	۱۸	فضد	فصد
۵۷۱	۱	۱۶	بجر	بہر
۵۷۳	۱	۲۳	پیشۂ	بیشۂ
۵۸۰	۱	۱۰	ناج	ناچ
۵۸۱	۲	۹	رور	زور
〃	〃	۲۱	جوں	اُسترا
۵۸۳	۲	۱۲	ھے الصباح میں	علی الصباح۔
۵۸۶	۲	۲	بفا	جفا
۵۹۴	۲	۱۳	ازالۂ کرنا	ازالۂ بکر کرنا
۵۵۶	۱	۲۲	کریا کرم	کریا کرم
۶۰۲	۱	۱۵	کوئی امر	کوئی بڑا کام
〃	〃	۱۷	دیبی پر	دیبی یا قبر پر
۶۰۶	۱	۸	ظائر	طائر
۶۰۷	۱	۲	ہکوکہ	ہکو
۶۱۱	۲	۱۲	تیرے	نیزے
۶۱۲	۱	۳	جوالہوس	ہوالہوس
〃	۱	۱۹	سے	شے
〃	۲	۱۲	(یورپ)	(یورپ)
۶۱۳	۲	۱۵	کر	کرکر
〃	۲	۱۶	ہو	ہوے
۶۲۳	۱	۵	گرجانا	گڑھ جانا
۶۲۷	۱	۱۲	گال شجھانا	گال سجانا
〃	۲	۲۰	کترتی	کترنی
۶۲۹	۱	۳	گاؤخرد	گاؤخورد
〃	〃	۶	گائے	بیل
〃	۲	۷	گت گا۔	گت کا۔
۶۳۴	۲	۱۲	کو ئلے	کوئلے۔ یا۔ مردے

صفحہ	کولم	سطر	غلط	صحیح
۶۳۵	۲	۱۵	ٹھپسنا	ٹپنا
۶۳۶	۱	۱۸	ل ف	ف ل
۶۳۷	۲	۹	چھانا	چھاتا
۶۴۶	۲	۱	گھر جلانا	گھر چلانا
۶۴۷	۲	۲۱	۔ف ل۔ (د)	ف ل۔ (د) ملتزم
〃	〃	۲۲	بیٹھنا	نہ بیٹھنا
۶۴۹	۱	۲۳	لئے	لے
۶۵۱	۲	۱۰	پکڑکر ختنہ کرتا	ختنہ کرنیکو پکڑنا
۶۵۳	۱	۱۱	ہمت	ست
〃	۲	۱۶	بیکار ہو	بیکار
〃	۲	۲۲	ماری	مارے
۶۵۵	۱	۱۳	چیز	یا مفرچیز
〃	۲	۱۵	ہرنانہ	ہرنا
۶۵۷	۲	۱	۔ف م۔	۔م ف۔
۶۶۵	۱	۸	کوٹ	بوٹ
〃	〃	〃	لفنا	لٹنا۔
۶۶۶	۱	۱۲	اختیار	اختیار میں
۶۷۷	۲	۱۳	لگنا	لگے
۶۷۹	۲	۱۶	کریا	کرنا۔
۶۷۰	۱	۱۴	کپوت	سپوت
〃	〃	۱۵	سپوت	کپوت
〃	۲	〃	ہے۔سب	ہے۔
۶۷۱	۱	۱۶	پرائے	پرے
۶۷۲	۲	۱۱	اندھیر ہیں	اندھیر ہے
۶۷۵	۱	۱۸	بکرنا	بکرکا
〃	〃	〃	جانا	چاند
۶۷۷	۱	۱۳	گورگڑھا	گورگڑھا

صفحہ	کولم	سطر	غلط	صحیح
۶۷۷	۱	۱۰	اپک	پک
〃	〃	۱۳	لون	دِن
۶۸۳	۱	۱۲	ہر بند کا	ترجیع بند کے
۰	۰	۰		ہر خانہ کا
۶۸۸	۱	۲۲	مُنہ بانا	مُنہ پانا
۶۸۹	۱	۱۶	پیر	پہ
〃	۲	۱۴	کا	کا مُنہ
۶۹۰	۱	۶	گھن گھانا	گھن کھانا
〃	۲	۲۱	آج حضور کے دشمنوں	آج خود
۰	۰	۰	یعنے خود	
۶۹۱	۱	۱۷	گھڑی	کھڑی
〃	〃	۲۰	مُنہ چُراتے	مُنہ چڑاتے
〃	نوٹ میں		نوکر	خاوند
۶۹۳	۱	۱۲	اور	ورنہ
۷۱۰	۱	۲۱	چورما	چورٹا
۷۱۳	۱	۱۰	نارک	ناک
〃	〃	۲۳	الیلیچھیرا	الیلیچھیرا
۷۱۴	۱	۲۱	کرتا	کرتا ہے
۷۲۴	۱	۲	مجمعُ	مجمعُ
۷۲۶	۲	۱۵	کسے	کی
۷۲۷	۱	۲	کو	کا
〃	۲	۲۲	مقام	اندام
۷۳۱	۱	۱	فرماں بردار	فرمانبردار
۷۳۲	۲	۲۲	پھیلانا	دراز کرنا
۷۳۶	۱	۲۰	صاف	درست
۷۴۲	۱	۲۰	نجاناّ	نجاناّ
〃	۲	۱۱	ہر ویعنی	ہر دیعنی
۷۴۳	۲	۳	ہزاوں	ہزاروں
۷۵۰	۱	۱۷	ف م	م ف

تمام شد

قطعہ تاریخ بابو ٹھاکر گلاب سنگھ صاحب متخلص بہ مشتاق

سب اوورسیر نہر جمن غربی ڈویژن دہلی ساکن شہر میرٹھ

لکھتے ہیں اس کتاب میں مشتاق
سینے بھی اِسکا بے سر اعداء

خوب اُردو محاوروں کے حال
نسخہ بے نظیر لکھا سال
۱۸۸۶

HINDUSTANI
MAKHZANUL MUHAWARAT

OR

A collection of about ten thousand Hindi and Urdu idioms with their origins. Illustrated by numerous examples from Hindustani Modern Literature, Proverbs etc and colloquial language.

By

MUNSHI CHIRANJI LAL, OF DELHI

Author of a History of Urdu Language and a Treatise on Hindustani Philology etc and

Assistant to the late Dr Fallon. author of a Hindustani English Dictionary and vice versa

MDCCCLXXXVI

Printed at the Muhib-i-Hind Press Delhi

All rights reserved.

M.A. Price Rs. 2-8-0 & 1-0-0 & 4-0-0

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائے گا۔

8 DEC 1966 ✓